UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222824

UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—787—13-6-75 —10,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵ ج۴۰۵ Accession No. U 1406

Author جاز

Title ۱۹۳۵ء سنہ جانز ہیلدس جلد دوم

This book should be returned on or before the date last marked below.

اردو کا ماہوار علمی، ادبی اور معاشرتی رسالہ

پہلا سال جلد دوم

جولائی سے دسمبر تک

ایڈیٹر

مُنشی کنھیالال، ایم۔ اے، ایل ایل۔ بی،

ایڈووکیٹ

"چاند" آفس چندر لوک

الہ آباد

پرنٹر و پبلشر سرآر سہگل فائن آرٹ پرنٹنگ کالج الہ آباد

چندہ سالانہ ۳ے / سنہ ۱۹۳۰ء / چندہ ششماہی ۱۵/

Chand
CHECKED 1965

فہرست مضامین

نثر

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
	۱- افسانے		
۱	الیاس	کاوشت ٹالستائے ترجمہ جناب عبدالعلیم صاحب نامی	۳۴۸
۲	ایک شاعر کا افسانۂ حیات	جناب نیاز فتحپوری	۸۱۷
۳	بوڑھا لکچرر	ک۔ل۔	۱۳۸
۴	بیدار بستی	یم۔اے وہاب صدیقی	۱۱۰
۵	بدنصیب کا خط	پروفیسر سید منظور حسن صاحب	۷۳۰
۶	بیوہ کا لڑکا	جناب عابد علی صاحب	۵۰۱
۷	بام اوج	ٹھاکر جگن سنگھ سیٹھی	۶۲۶
۸	پیارے صاحب کی کارستانی	خواجہ عبدالرؤف عشرت	۸۸۴
۹	پریم مندر	خواجہ عبدالکریم صاحب	۷۲۰
۱۰	تفرقہ اندازی	جناب سید اعظم حسین صاحب	۴۶۶
۱۱	چچا ڈالن کی شادی	جناب جگجیون لعل بھٹناگر	۳۲۶
۱۲	خوش نصیب	جناب فیاض حسین نسیم	۸۷۵
۱۳	خوشی	جناب واحدی صاحب	۸۱۳
۱۴	دنیا کی سب سے پہلی ایجاد	حکیم یوسف حسین صاحب	۸۲۶
۱۵	رام لیلا	مترجمہ جناب ظفر قریشی	۳۹۲
۱۶	رام کے باغ میں	جناب غلام احمد صاحب گل	۴۷۶
۱۷	رامناتھ کا خط	جناب لالہ کوڑے مل انند	۸۴۱
۱۸	زوجہ کی وفاداری	ڈاکٹر ٹیگور مترجمہ جناب ظفر قریشی	۱۴۷
۱۹	زود پشیماں	جناب نسیم انہونوی	۵۵۳
۲۰	ستی پدمنی	جناب محشر عابدی	۱۶۴
۲۱	سیر ماہتاب	جناب سیماب اکبر آبادی	۶۱۵
۲۲	سیر فلک	لالہ چمن لال صاحب	۶۵۲
۲۳	شانتا کا پریم	مولوی معراج الدین صاحب	۳۵۵
۲۴	شہید محبت	جناب عزیز حسن ایقانی	۶۰۲
۲۵	صبحہ	جناب منصور احمد صاحب	۸۳۴
۲۶	فریب عشق	جناب شاہد احمد صاحب	۷۱۰
۲۷	قربان معاشرت	محترمہ بلقیس جمال صاحبہ	۴۰۶
۲۸	قبرستان کی چاندنی	جناب خواجہ حسن نظامی	۸۰۸
۲۹	کفارہ	منشی گوری شنکر لال اختر	۹۰۹
۳۰	لکشمی	پروفیسر آسا رام کوشک	۲۱۰
۳۱	معتمد بن عباد اور رمیکہ خاتون	جناب سید احمد سہیل صاحب	۲۴۵
۳۲	ناکام تمنا	پروفیسر ضیاء احمد صاحب	۱۴
۳۳	نیک نفسی	خواجہ عبدالرؤف صاحب عشرت	۱۱۲
۳۴	ہیرا	جناب ایم۔اسلم صاحب	۳۷۱
	۲- بازیچہ اطفال		
۱	اٹلی کا وزیر اعظم	پنڈت رام چرن لعل صاحب دوبے	۱۱۸
۲	ایک یتیم لڑکا	شیو سہائے چترویدی	۴۰۰
۳	بدلا دہیا پک	جناب ظہور بخش صاحب	۱۱۹
۴	چین کا ایک غریب طالبعلم	پنڈت شیو سہائے چترویدی	۲۹۹

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
	۱- پند و نصائح		
۱	بکھرے ہوئے موتی	جناب بشیر علی صدیقی	۳۵۲
۲	جواہر ریزے	جناب حسن سبحانی صاحب	۳۵۲
۳	احسن و سیرت	مترجمہ جناب الیس۔ بی۔ انفتا	۳۵۱
۴	سدا بہار پھول	جناب دیوانند ستیارتھی	۳۵۲
	۴- پیغامات۔		
۱	پیغام	جناب خواجہ اسد اللہ صاحب اسد	
۲	پیغام	جناب ستیا نند صاحب ستہانا	
۳	پیغام	جناب سی۔ آئی۔ چنتامنی	
۴	پیغام	جناب عبدالمجید صاحب سالک	
۵	پیغام	جناب سید عبداللہ بریلوی	
۶	پیغام	جناب خان بہادر ناصر علی صاحب	
۷	چاند	انسر پیل جسٹس سر عبدالقادر	
۸	چاند	ڈاکٹر محمد اقبال	
۹	ہندوستانی بہنوں کے نام ایک مصری خاتون کا پیغام	مترجمہ نوٹیدہ علام	۴۶۲
	۵- تبصرے۔		
۱	متفرق کتب	ایڈیٹر	۹۴-۴۳۳
	۶- تواریخ کے کچھ صفحات		
۱	پانی پت کی تیسری لڑائی	پنڈت جگت موہن لال صاحب رواں	۱۶۸
	۷- تاریخی مضامین۔		
۱	آثار قدیمہ	جناب جگدیش لال صاحب بھٹناگر	۲۷۸
۲	انگلینڈ اور امریکہ میں عورتوں کے قانونی حقوق	کنہیا لال ایڈووکیٹ	۶۳۵
۳	انگریزی ڈرامہ نگاری کی تاریخ	جناب مشیر حاجی	۵۹۱
۴	اصناف ادب	پروفیسر محمد حسین صاحب	۶۵۵
۵	پانچ ہزار سال پیشتر کا تمدن	جناب محمد وحید کیلانی	۶۳-
۶	تارہ گڈھ	جناب بشیر احمد صاحب علوی	۶۲۴
۷	چندر بھان برہمن	جناب اشرف صبوحی	۴۸۳
۸	دو ہزار سال کے پرانے ہوائی جہاز	جناب رائے صاحب مولوی کھچرپتا	۲۶۵
۹	زوال بغداد	جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی	۱۵۰
۱۰	سلطان محمود اور خدائے سخن فردوسی	جناب خیر بہروی	۲۵۹
۱۱	شیخ ابوالفضل علامی	پروفیسر راہ خان صاحب ایم اے تاریخ حیدرآباد یونیورسٹی	۴۵
۱۲	عورت تاریخ کی روشنی میں	مسز سید سبط الحسن	۸۷
۱۳	کشمیر کی مشہور تاریخ راج ترنگنی اور اسکا مصنف	جناب احمد اللہ قادری	۶۱۹
۱۴	ماں کی پرستش	جناب ڈی۔ آر۔ مہادیشور	۵۴۴
۱۵	مغار ایلورا	جناب تلکین کاظمی	۳۳۵
۱۶	مصطفےٰ کمال پاشا	ڈاکٹر شفاعت احمد خاں	۵۴۸
۱۷	مورخ خافی خاں میر محمد ہاشم	حکیم سید شمس اللہ صاحب رضوی	۶۱۶
۱۸	ہم گور غریباں ہیں	جناب سید شمشاد حسین صاحب رضوی	۶۶۹
۱۹	یادرفتگان	مولانا سید ظفر مہدی صاحب گھر	۷۲۵
	۸- خانہ داری۔		
۱	بیماری پھیلانے والے کیڑے	جناب بابو رادھا کرشن گپتا	۵۵
۲	چھوٹے بچوں کی ابتدائی تعلیم	جناب پروفیسر عبدالشکور صاحب	۱۸۷
	۹- دوبے جی کی چٹھی		
۱	جولائی۔ اگست	پنڈت وجیانند دوبے جی	۴۱
۲	ستمبر	〃 〃	۲۸۳
۳	اکتوبر	〃 〃	۳۸۲
	۱۰- ڈرامے		
۱	لبشپ کا شمع دان	ک۔ ل۔	۳۰۸

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۲	مریم زنایہ	جناب کیفی	۷۱۷
۳	شکست کی آواز	جناب حنیف ہاشمی	۶۹۱
۴	لڑکے کا گھر واپس آنا	ک۔ل۔	۱۹۴
۵	مجبوری کی شادی	ڈاکٹر ظہور انوری	۶۴۶
	۱۱۔ گھریلو دوائیاں		
۱	متفرق دوائیاں	شہ پیتی اور آکماری بائی	۱۲۱
	۱۲۔ گلزار لطائف		
۱	اپنی اپنی سمجھ	ایڈیٹر ۱۰۰-۴۰-۴۴-۵۴-۲۰۶-۲۰۳-۳۰۴-۳۱۵	
۲	ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے	محترمہ خاور جہلپوری	۲۹۴
۳	ایڈیٹر گنج	گھر کا بھیدی	۵۱۴
۴	تاریخی چھیڑ	جناب شوکت تھانوی	۵۶۲
۵	تعلیم ایڈیٹری	جناب جی۔پی۔سریواستو	۶۴۰
۶	خط ایڈیٹر اودھ پنچ بنام ایڈیٹر چاند	جناب حکیم ممتاز حسین صاحب	۵۶۷
۷	شیو دیال مہراج	جناب باسط لبسوانی	۴۲۹
۸	لتخوری لال	منشی جی۔پی۔سریواستو ۱۰۵ و ۲۸۸ و	۴۲۲
۹	زالی اردو	مسٹر ایم۔اے مغنی	۳۰۰
۱۰	زالی اردو	مسٹر ایم۔اے مغنی	۵۷۶
	۱۳۔ مضامین		
۱	اپنے رسائل پر چند خیالات	مسٹر عابد مسیح صاحب	۲۴۳
۲	اردو شاعری کی نئی قسم	جناب محمد سراج الدین صاحب طالب	۷۰۰
۳	اکبر کا سنجیدہ کلام	جناب مرزا محمد بشیر صاحب	۲۵۴
۴	انقلاب روس	جناب محمد اسلم صاحب حیات	۳۶۱
۵	ایک برکھا کی رات	جناب مبارک علی خاں صاحب	۶۹
۶	ایگریکلچرل انسٹیٹیوٹ	مسز ایم۔ایچ۔بیچ	۳۵

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۷	اردو اخبارات کی ترقی اور توسیع	تھاکر جے۔آر۔رائے	۸۴۸
۸	ایک مصلح شاعر کے لباس میں	جناب رئیس احمد صاحب	۴۹۲
۹	افلاس میں امارت	منشی جے پرکاش رائے	۵۷۸
۱۰	ادب اردو	جناب مفضل الحسن صاحب	۶۳۰
۱۱	انقلاب	جناب سید احمد سعید خاں صاحب	۶۸۰
۱۲	انسانی اخلاق کا ارتقا	جناب محمد افضل حسین قادری	۷۰۸
۱۳	آپ بیتی	جناب محمد الدین صاحب	۷۴۳
۱۴	ایرانی عورتوں میں بیداری کی لہر	پروفیسر علاؤالدین صاحب	۵۴۴
۱۵	اردو	جناب وحید الدین احمد صاحب	۵۷۰
۱۶	اردو جنرل ازم	بابو شیو نرائن بھٹناگر	۵۷۵
۱۷	ایرانی اخبار و رسائل ہی اس مشکل کو حل کریں	جناب حکیم آشفتہ صاحب	۷۸۳
۱۸	بھارت ماتا کے دکھ اور اس کا علاج	جناب ابراہیم صاحب قادری	۵۸
۱۹	بالک گھر	جناب سجاد مرزا صاحب	۵۲۶
۲۰	بسمل الآبادی	جناب خاں صاحب محمود علی خاں صاحب	۵۰۸
۲۱	بیاہ کی عمر	جناب محمد احسن سخن	۵۲۴
۲۲	پولیٹیکل نقطہ نظر سے رامائن پر ایک نگاہ	جناب لالہ کشوری اندر	۷۶
۲۳	پرانی اور نئی تعلیم	جناب پنڈت منوہر لال زتشی	۷۷۴
۲۴	پس کجائی تو اے ستمار ملت	جناب مرتضیٰ احمد خاں ذئی	۵۰۵
۲۵	پھوٹ اور اختلاف	ڈاکٹر جگی لال صاحب	۲۵۷
۲۶	تحریک عدم تشدد	جناب لالہ لجپت رائے و دیارتھی	۶۸۴
۲۷	تحریر کی ماہیت	جناب محمد نعیم الرحمن صاحب	۸۶۵
۲۸	تخت طاؤس سے خطاب مرزا مظفر حسین سیفی		۶۵۹
۲۹	جاپان کی عورتیں	منشی بندیشوری پرشاد ایجنانی	۳۷۷
۳۰	جناب حافظ شیرازی کا ایک شعر	جناب حسن انصاری صاحب	۷۶۹

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۳۱	جواہر شرافت اور انتقام	جناب حسرت لکھنوی	۸۱۴
۳۲	چوزف میری جیکارڈ	جناب ابرار حسین صاحب قادری	۲۰۱
۳۳	چین کا نغمۂ آزادی	جناب اختر شیرانی	۸۰۶
۳۴	حیات جلیل اوداس کے مصنف	منشی سراج الحق صاحب	۶۲
۳۵	خیالات	جناب میاں بشیر احمد	۸۲۴
۳۶	خواجہ حسن نظامی	جناب سید ابن عربی صاحب	۶۶۶
۳۷	دل	جناب امین سلونوی	۸۱۵
۳۸	دنیا کے مرد عورت (ابیسینیا)	منشی گوپال گنگا دھر	۲۰۷
۳۹	دنیائے بے ثبات	جناب غلام محمد خاں صاحب	۲۴۱
۴۰	دول یورپ کی افواج قاہرہ	جناب محمد عثمان صاحب	۵۲۱
۴۱	رسم پردہ	جناب ڈاکٹر درگا سنگھ صاحب	۶۷
۴۲	رواں کی رباعیات پر ایک نظر	جناب کرشن سہائے وحشی	۳۶۵
۴۳	زندگی کا مقصد	لالہ رام لال صاحب ورما	۶۲۴
۴۴	زبان اردو کا مستقبل	جناب ظفر تاباں	۷۰۹
۴۵	زاویہ نگاہ آنریبل جسٹس سر عبدالقادر		۴۵۸
۴۵	سیوا سدن	مس۔ بی۔ اے۔ انجینیر	۴۴۵
۴۶	سدیشی	جناب رام رکھ سنگھ صاحب سہگل	۶۲۸
۴۷	سوراج ملنے کے بعد	ڈاکٹر سعید احمد صاحب	۷۷۱
۴۸	سوسائٹی کی ایک فرد کا فرض	جناب عظیم الکریم عباسی	۸۲۰
۴۹	سم سم سوسن	جناب طالب الہ آبادی	۴۴۹
۵۰	سہاردا ایکٹ	جناب محمد منظور عالم صاحب	۵۴۲
۵۱	شارا مارٹن	محمد عبداللہ قریشی	۵۵۹
۵۱	شہزادوں کا امتحان	ڈاکٹر اے صدیقی	۸۵۸
۵۲	شاعر کا دل	جناب نذر عباس صاحب تواب	۵۳۶
۵۳	شراب اور اردو ناول	جناب عبدالحق و صاحب سروری	۶۲۶
۵۴	شادی اور مغربی نقطۂ	جناب پروفیسر علی عباس صاحب حسینی	۲۷۴
۵۵	صحبت اردو عنوان شباب میں	جناب رحیم علی صاحب ہاشمی	۸۴۴
۵۶	صنعت و حرفت کی تعلیم	مسٹر سین وا پروفیسر انجینیرنگ کالج الہ آباد	۴۰۱
۵۷	صبہائے ہند کے چند جام	جناب ظہیر الدین احمد صاحب	۷۹۰
۵۸	صنف نازک کے اختیارات	منشی ہری شنکر صاحب	۲۲۸
۵۹	علامہ	جناب ابرار الفاری گنوری	۸۲
۶۰	عملی گئو رکشا	جناب مرزا عظیم بیگ صاحب چغتائی	۳۰۰
۶۱	عورت	جناب نور الحسن صاحب	۳۸۷
۶۲	عورتوں کے ساتھ ہمارا سلوک	سنیٹھ لچھمن پرشاد صاحب	۲۶۳
۶۳	عورتوں کا مستقبل	جناب عزیز الرحمن صاحب	۸۲۳
۶۴	عالم خیال	پروفیسر امرناتھ جھا	۵۳۶
۶۵	عزیز امان	جناب بشیر احمد صاحب	۷۴۱
۶۶	عزت دولت میں نہیں قابلیت میں ہے	جناب بدیع الزماں	۷۴۱
۶۷	فن تحریر	ڈاکٹر دھرم دیو صاحب	۲۱۸
۶۸	قربانی	مہاتما گاندھی	۴۶۰
۶۹	قمار بازی	ملک محمد اکرام خاں مرحوم	۷۳۴
۷۰	گئو رکشا	جناب برجموہن لال صاحب	۱۹
۷۱	گانا سننے والے جانور	جناب صوفی لچھمن پرشاد صاحب	۷۸۹
۷۲	لطافت تخیل	جناب ٹھاکر جے۔ آر۔ راے	۱۵۷
۷۳	محبوب سے	جناب تیر بھوی	۲۴۶
۷۴	مذہب اور ہم	جناب منشی بنارسی داس قمر	۲۴۲
۷۵	مسلمانوں کی ہندی شاعری	جناب محمود ذکریا صاحب	۷۳
۷۶	ملا مسیح اور رامائن	جناب درد کاکوروی	۲۵۲

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۷۷	موجودہ عالم اسلامی	جناب متھرالال جی درما	۱۷۸
۷۸	مہاراجہ چندولال کی فارسی شاعری	جناب محمد سراج الدین صاحب طالب	۴۱۶
۷۹	موجودہ صحافت	جناب نظام الدین حسین نظامی	۶۷۸
۸۰	ماؤں کو آخری سلام	جناب ساغر نظامی	۴۸۶
۸۱	مسلمان کیوں تباہ ہو رہے ہیں	جناب سید علی دلاور صاحب	۷۸۸
۸۲	نیکی کا صلہ	جناب سید محمد جعفری صاحب	۴۹۰
۸۳	ہمیں انگریزوں کو کیا سیکھنا چاہئے	جناب پنڈت منوہر لال زتشی	۵
۸۴	ہندوستان کی قومی حالت	جناب ہری رام صاحب	۲۷۰
۸۵	ہندو مسلم شادیاں	مرزا عظیم بیگ صاحب چغتائی	۳۲۰
۸۶	ہمارے گم شدہ حواس	مولوی محبوب عالم صاحب	۶۰۱
۸۷	ہندو قوانین اور مسئلہ طلاق	جناب چودھری ہرلوک نگہ صاحب	۶۶۲

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۸۸	ہندی اور مغربی ناولوں کی امتیازی خصوصیات	ڈاکٹر برجموہن جگناتھ پرشاد	۶۷۵
۸۹	ہندوستانی سماج کی نئی اصولوں پر تقسیم	جناب فہیم الدین نوری	۵۱۹
۹۰	ہندوستان کے باہر اردو	جناب محمود احمد صاحب غزنوی	۴۶۱
۹۱	ہندوستان کی تحریک آزادی اور مسلمان	جناب معین الدین صاحب	۴۶۲
۹۲	ہندو مسلمان	جناب مولوی عبدالحق صاحب	۴۸۱
۹۳	یہ نہیں وہ	جناب حامد ندوی	۶۶۴
۹۴	رامائن	جناب نفشی دیانرائن نگم	

۱۴- ہمارے خیالات

۱	پریس آرڈیننس	ایڈیٹر	۱۲۶، ۳۰۶
۲	چاند ۱۹۳۳ء میں	ایڈیٹر	۴۵۶

۱۵- نکات و مسائل

	پریس آرڈیننس	ایڈیٹر	۱۲۶، ۳۰۶

نظم

۱- رباعیات

نمبر			
۱	چاند	جناب ک ب ل صاحب اوسر (سابق) زرخیز	۹۳
۲	چاند	مولانا حامد علی صاحب حامد	۴۴۸
۳	دور جدید	جناب بسمل الہ آبادی	۴۳۲
۴	رباعیات (الف)	جناب بسمل الہ آبادی چودھری جگت موہن لال صاحب دلاں جناب ہادی نرسیوی	۲۳۴
	(ب)	جناب ناہد علی صاحب اثر جناب جلیل لکھنوی	۲۳۵
	(ج)	جناب انگر، حضرت وحشی کانپوری	۲۳۶
۵	رباعیات	جناب مرزا یگانہ لکھنوی	۷۲۲
۶	زندگی	جناب سید احمد صاحب اعجاز	۱۲۰
۷	ساز ہستی	جناب جمیل بہاری محل صاحب	۱۲۰
۸	فلسفہ ہستی	حضرت بسمل الہ آبادی	۳۳۳

۲- غزلیات

نمبر			
۱	احساس محبت	جناب حافظ غازیپوری	۲۰۹
۲	افکار عالیہ	ہز ایکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر	۴۵۵
۳	افکار عزیز	جناب عزیز لکھنوی	۵۳۴
۴	اسرار محبت	جناب مقبول حسین صاحب وصل	۷۸۷
۵	احساس الکلام	پروفیسر احسن مارہروی	۲۳۳
۶	اذن عام	ڈاکٹر ہز انوری	۲۳۳
۷	اضطراب	جناب کوکب صاحب	۷۷۴
۸	پیام اعظم	ڈاکٹر اعظم کریوی	۶
۹	پیام فردوس	جناب مقبول احمد پورے	۷۴
۱۰	ترانہ عشق	جناب رگھوپتی سہائے فراق	۶

نمبر		صفحہ
۱۱	تصور مفتوں۔ جناب شنکر سروپ مفتوں	۳۵۰
۱۲	جذبات بسمل۔ حضرت بسمل الٰہ آبادی	۳۱۹
۱۳	چاندنی۔ جناب اچ جگناتھ پرشاد	۴۵۳
۱۴	چوبیس پیمانے۔ حضرت نوح ناروی	۴
۱۵	حسن کلام۔ جناب جعفر علی خاں صاحب اثر	۱۶۱
۱۶	ا خیال یار۔ حضرت بسمل الٰہ آبادی	۲۸۵
۱۶	ب " دل۔ حضرت نشتر جالندھری	۴۸۰
۱۷	زمانے میں کیا تھا زمانہ وطن کا۔ حضرت بسمل الٰہ آبادی	۲۳۷
۱۸	زندگی۔ جناب غلام ربانی عزیز	۳۸۶
۱۹	زمزمۂ تغزل۔ جناب لالہ امر چند قیس	۷۱۶
۲۰	شب فراق۔ جناب نواب احسان علی خاں بہادر	۳۸۱
۲۱	شرح غم جناب شکیل زیدی	۵۶۱
۲۲	کلام ناتمام۔ پروفیسر تاجور	۴۷۰
۲۳	مشرق۔ مسٹر ایم حسن لطیفی	۶۷۳
۲۴	منزل کا پتہ ملتا نہیں۔ جناب امرناتھ سیٹھا	۷۳۰
۲۵	ا مناظر فطرت جناب مرزا جمیل بیگ منظر	۶۲۹
۲۵	ب نشاط روح۔ جناب اصغر گونڈوی	۸۶۴
۲۶	ا غزل۔ جناب سید احمد حسین محفر	۶۳۴
۳۶	ب غزل۔ جناب اختر شیرانی	۴۵۶
۲۷	غزل۔ جناب اودھ کشور پرشاد صاحب کشتہ	۱۰
۲۸	غزل۔ جناب نواب احسان علی خاں بہادر	۱۱۱
	غزل۔ جناب حکیم برہم مرحوم	۷۸۹
	غزل۔ چودھری جگت موہن لال صاحب رواں	۳۹۱
	غزل۔ شہ یحییٰ جی ویدی حیا	۵۶۹

نمبر		صفحہ
۳۲	غزل۔ جناب رفیع اجمیری	۷۸۱
۳۳	غزل۔ جناب ریاض خیر آبادی	۳۷۰
۳۴	غزل۔ جناب سراج لکھنوی	۳۸۷
۳۵	غزل جناب نواب سراج الدین احمد خاں صاحب سائل	۷۹۵
۳۶	غزل۔ جناب ڈاکٹر سرم شنکر	۶۴۴
۳۷	غزل۔ جناب مرزا اشجاع صاحب	۷۵۸
۳۸	غزل۔ جناب شیام موہن لال صاحب جگر	۳۹۸
۳۹	غزل۔ جناب صفدر علی صاحب	۳۹۱
۴۰	غزل۔ جناب ظفر ہاشمی	۶۴۵
۴۱	غزل۔ جناب ظفر تاباں	۶۷۴
۴۲	غزل جناب فرخ بنارسی	۲۰۴
۴۳	غزل۔ جناب مرزا فدا علی صاحب خنجر لکھنوی	۳۹۸
۴۴	غزل۔ لالہ کرتار ناتھ صاحب شفق صہرائی	۲۰۴
۴۵	غزل۔ پنڈت لبھورام جوش	۶۸۳
۴۶	غزل۔ جناب لطف لکھنوی	۶۷۷
۴۷	غزل۔ منشی محمد صدیق حسن صدیق	۱۱۱
۴۸	غزل۔ جناب سید ماجد علی صاحب ماجد	۲۰۹
۴۹	غزل۔ جناب محمد عبدالسلام صاحب خیال	۴۴۴
۵۰	غزل۔ جناب محمد احسن صاحب وہبر	۶۲۹
۵۱	غزل۔ حضرت نوح ناروی	۵۷۴
۵۲	غزل۔ جناب قاضی محمد حبیب فضائی	۷۸۱

۳۔ قطعات

۱	قطعہ۔ جناب فراق گورکھپوری	۲۳۵
۲	محروم کا وطن۔ جناب منشی تلوک چند محروم	۷۶۴

نمبر		صفحہ
	۴۔ نظم مسلسل۔	
۱	آپ پہ مائل مائل ہے ۔ حضرت مائل لکھنوی ۔۔۔	۱۷۷
۲	اچھے دن اب آتے ہیں ۔ (ب) ۔۔۔۔۔	۴۵۴
۳	ارتقائے حقیقت ۔ جناب رگھوپتی سہائے فراق ۔	۱۴۱
۴	اعجاز تخیل ۔ جناب ہریشچندر ضیا ۔۔۔۔۔۔۔	۱۶۳
۵	ایک بچہ اور چاند ۔ جناب راز چاندپوری ۔۔۔۔	۲۰۶
۶	ایک ہندی اور صاحب بہادر ۔ پروفیسر احسن مارہروی	۷۶۱
۷	انتظار یار ۔ جناب سید جعفر حسین صاحب ۔۔۔۔	۷۹۳
۸	الکشن ۔ جناب ظریف لکھنوی ۔۔۔۔۔۔۔۔	۷۹۳
۹	آشوب روزگار ۔ جناب پروفیسر سید محمد افضل من علی صاحب	۸۷۴
۱۰	بیل کی سرگزشت ۔ حضرت ریاض خیرآبادی ۔۔۔۔	۷۰۷
۱۱	بیوہ سے خطاب محترمہ الزہرا بیگم حیا ۔۔۔۔۔	۷۸۱
۱۲	بہار زندگی ۔ جناب عشرت رحمانی ۔۔۔۔۔۔۔	۸۲۵
۱۳	پروانہ ۔ حضرت بسمل الہ آبادی ۔۔۔	۴۰۰
۱۴	پرستار حسن ۔ جناب اندرجیت شرما ۔۔۔۔۔۔۔	۳۷۵
۱۵	تابانیٔ امید ۔ جناب غلام ربانی صاحب مؤنس ۔	۳۲
۱۶	تابش جمال ۔ جناب جگیشور ناتھ ورما بیتاب ۔۔۔۔	۷۳۰
۱۷	تصورات ۔ محترمہ بلقیس جمال صاحبہ ۔۔۔۔۔	۱۴۶
۱۸	جلوۂ قدرت ۔ (ب) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	۳۰۴
۱۹	جمنا ۔ حضرت بسمل الہ آبادی ۔۔۔۔۔۔۔۔	۳۹
۲۰	جوش مستی ۔ اسد انصاری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	۸۱۲
۲۱	چاند کا نصف النہار ۔ مولانا حامد علی صاحب حامد ۔۔۔	۱
۲۲	چاند ۔ جناب ظہیر عباس فضل ۔۔۔۔۔۔۔۔	۸۱۶
۲۳	حسن خفی ۔ جناب ظفر ہاشمی ۔۔۔۔۔۔۔۔	۲۱۷
۲۴	حمد ۔ جناب عابد مسیح صاحب عابد ۔۔۔۔۔۔	۵۷
۲۵	حسن سیرت اور عشق صادق ۔ جناب سراج لکھنوی ۔۔۔	۷۸۵
۲۶	حسن کا پہلا تیر ۔ جناب منظر صدیقی ۔۔۔۔۔۔۔۔	۷۲۹
۲۷	خواتین ہند ۔ جناب تلوک چند صاحب مرحوم ۔۔۔۔	۳۰۵
۲۸	خطرے کی جوگن ۔ جناب سیماب اکبرآبادی ۔۔۔۔	۶۱۵
۲۹	دختر حزیں ۔ جناب اندرجیت صاحب شرما ۔۔۔۔۔	۳۳۴
۳۰	دل کی ویرانی ۔ جناب اختر شیرانی ۔۔۔۔۔۔۔۔	۶۷۲
۳۱	ریل سے کچلے ہوئے ایک مزدور کو دیکھکر پروفیسر ضیاء احمد صاحب	۷۴۳
۳۱	ب ۔ زبان ۔ جناب مولانا سید حامد علی صاحب حامد ۔۔۔	۵۷۳
۳۲	ساد ہوؤں کا ایک گیت ۔ جناب طفیل احمد صاحب ۔	۱۴۲
۳۳	سادھو کی دُھن ۔ جناب درد کاکوری ۔۔۔۔۔۔۔	۳۵۴
۳۴	سب ہیچ بلاتیرے ۔ جناب شمیم عسکری ۔۔۔۔۔۔	۱۴۹
۳۵	ستارۂ صبح جناب شی بلدیو سہائے محرائی ۔۔۔۔۔	۸۲۴
۳۶	ساقی وحدت سے خطاب ۔ لالہ کرتار نارتہ شفق ۔۔۔	۷۸۲
۳۷	سری کرشن ۔ مولانا حسرت موہانی ۔۔۔۔۔۔۔۔	۴۸۵
۳۸	سکوت شب ۔ جناب اختر موہانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔	۶۲۸
۳۹	سری کرشن ۔ جناب غلام احمد گل ۔۔۔۔۔۔۔۔	۳۰۷
۴۰	شوق آزادی ۔ حضرت بسمل الہ آبادی ۔۔۔۔۔۔۔	۴۵۷
۴۱	شب ماہتاب ۔ جناب عنایت اللہ شوق ۔۔۔۔	۷۳۶
۴۲	شہید وطن ۔ پروفیسر اکبر حیدری ۔۔۔۔۔۔۔۔	۸۲۵
۴۳	شعراب ۔ جناب مولانا صفی لکھنوی ۔۔۔۔۔۔۔	۹۲
۴۴	صبح ۔ جناب افگر جالندھری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔	۱
۴۵	عشق ۔ جناب مقبول صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	۱۴۱
۴۶	فطرت ۔ جناب خنجر لکھنوی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔	

اسپیشل ایڈیٹر نمبر

خدمت گزاری وجاں نثاری کا بلا تعصّب وکیل
اس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

پہلا سال جلد دویم	نومبر و دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	نمبر ۵ و ۶ تعداد جلد ۱۱ و ۱۲

افکار عالیہ

[ہز اکسلینسی یمین السلطنت مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر جی۔ سی۔ آئی۔ ای سرپرست و معاون متعدد رسالجات]

ہستی کو فنا کر دے ہستی میں فنا ہو جا ہونا ہے تو اس سے بھی کچھ اور سوا ہو جا
کچھ قدر نہ کی اُس نے گر تیرے وفاؤں کی تُو آس کے جفاؤں پر خوش ہو کے فدا ہو جا
اے مرگ خبر کر دے سب قافلہ والوں کو اے شورِ صفِ ماتم آہنگ درا ہو جا
نظارے تڑپتے ہیں دیدارِ تجلّا کو اے جلوۂ تازہ آ گیں تنویر نما ہو جا
ڈرہے نہ کبھی وحشت دے طعنۂ ہشیاری ہاں نشۂ مدہوشی پھر ہوش رُبا ہو جا
جلووں کی تلاطم میں گم ہوش و خرد کر دے موسیٰ کی نظر بن جا ایمن کی فضا ہو جا
احساسِ غم و راحت ہستی نے مٹا ڈالا بن زخمِ جگر مرہم اے درد دوا ہو جا
اٹھے ہیں وہ محفل سے اے فتنۂ دَوراں اُٹھ آتے ہیں وہ مقتل میں قدموں پہ فدا ہو جا
پستی و بلندی یہ دونوں ہیں سبب مہمل دونوں پہ ہو تو حاوی اور راہنما ہو جا
مذہب جو ترا پوچھے، کہدے کہ محبت ہے ایثار کر اپنے کو اور اس پہ فدا ہو جا

اے شادؔ نہ کر دعویٰ منصور تو۔ تو بن جا
وحدت کے تماشہ میں اک سازِ انا ہو جا

(خاص)

"چاند" سنہ ۱۹۳۰ء میں

"چاند" کا پہلا سال اس نمبر کے ساتھ ختم ہے اور یہ اپنے حیات کی دوسری منزل میں قدم رکھ رہا ہے خشک و تر زمانہ سے اس کو بجا بڑا اکام تھا لیکن تربیت کنندگان "چاند" نے اسکو تمام بلاؤں سے محفوظ رکھا۔ کارکنان "چاند" نے جن مقاصد کو پیش نظر رکھ کر اسکو جاری کیا ہے اس میں بہت کچھ کامیابی ہوئی۔ "چاند" کی یکسالہ علمی ادبی قومی اور ملکی خدمات ایسے نہیں ہیں کہ ناظرین واقف نہ ہوں۔ "چاند" نے اس تھوڑی سی مدت میں جو کامیابی حاصل کی ہے وہ اگر مجال نہ تھیں تو حیرتناک ضرور تھیں۔ چاند کے وجود کی اہمیت کو اس ایک سال کی مدت نے ظاہر کر دیا ہے۔ کیا وہ فوائد جو چاند سے حاصل ہو رہے ہیں ان کی ضرورت نہیں ہے؟ کوئی پروگرام ہو لیکن اسکو عملی جامہ پہنانے میں بڑی دقتوں کا سامنا ہوتا ہے۔ کارکنان "چاند" کو بھی رکاوٹوں پیش آئیں معاصرین کے ایک طبقہ نے خوش آمدید نہیں کہا کسی نے تجارتی اغراض کے حصول کا ذریعہ بتلایا تو کسی نے عصبیت اور کوئی ازم کا الزام دیا۔ کسی نے کہا کہ یہ ہندوؤں کا اخبار ہے اور کسی نے کہا کہ اسکو مسلمانوں سے خاص تعلق ہے غرضکہ "جتنے منہ اُتنی باتیں"! لیکن پھر بھی "چاند" کی خدمات کا اعتراف کیا گیا خیر مقدم ہوا اور اُس کی صحت کو لوگوں کے سامنے پیش کیا گیا۔ "چاند" کا مقصد اصلی "سوشل رفارم" ہے۔ اس امر پر زیادہ زور دینے کی ضرورت نہیں ہے کہ قومی اصلاح کی ضرورت کی اہمیت دور حاضرہ میں کس قدر ہے۔ کوئی ملک یا قوم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک کہ اپنی اصلاح کی جانب توجہ نہو۔ ہماری معاشرت اور رسوم میں اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ اسکی اصلاح کیجائے زمانہ انقلابات بدلے اور ماحول بھی بدل گیا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ہم کیے فقیر بنے رہیں؟ ضرورت ترقی کی ہلچل ترقی بھی ایسی جو ہلچل دوسری مہذب اور تعلیم یافتہ اقوام کے مقابلہ میں کھڑا کر دے یہ ضرور ہے کہ "چاند" ایسے زمانہ میں اپنے مقصد کو لے کر آیا جبکہ تمام ملک میں سیاسی تحریک جنگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں، صدائے انقلاب بلند ہو رہی ہے۔ ملک میں ایک عام بیچینی پھیلی ہوئی ہے۔ اور ایک ایک فرد نتیجے کے دیکھنے کے لیے مضطرب ہے۔ اور اہل دل کے جذبات لطیف کو جنگ و جدل کے نہایت سخت تجربہ نے بدل دیا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ملک میں اطمینان و سکون مفقود ہے۔ ایسی صورت میں سوشل رفارم کے علمبرداروں کی جو حالت ہو سکتی ہے وہ ظاہر ہے مگر نہیں! ملک کی بہبودی اور آزادی کا ذریعہ صرف قہر و غضب ہی نہیں ہے بلکہ اس کا بہترین ذریعہ قوم کی اصلاح ہے خدا نے آج تک اُس قوم کی حالت نہیں بدلی نہ جس کو خیال خود اپنی حالت کے بدلنے کا

"چاند" اسی لئے جاری کیا گیا کہ تمام لوگ اپنی شتہ کہ قوت سے مدد لیکر بہی سُدھار کی جانب متوجہ ہوں حقیقت تو یہ ہے کہ جب تک ہم اپنے کو مستعد سدھار کیلئے سدھار اگھ نہ کریگا لیکن اگر ہمارا گھر سدھر گیا تو پھر ملک کی سدھار میں کون سی دقت ہے۔ وہ خود بخود اپنی کمزوریوں کو محسوس کریگا جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ ہمارا ملک آزاد ہو جائیگا۔ افسوس ہے تو اس امر کا ہے کہ ہم اپنے مرض سے واقف تو ضرور ہیں لیکن علاج کی کوئی فکر نہیں!! کیا مریض یوں ہی سنبھلتا ہے گا، اور کوئی خبر نہ لیگا۔ ضرورت اسکی تھی کہ قومی امراض کا علاج کرنے والے ہمدرد اس جانب متوجہ ہو جاتے

"چاند" اسی نے نکلا اور اس نے اپنا پہلا قدم بڑھایا مگر یہ تن تنہا کیا کر سکتا ہے؟ فضا مخالف ہے، ملک میں تاریکی ہے اور تلاطم و طوفان کا جوش ہے ؎

شبے تاریک و بیم موج و گردابے چنیں حائل
کجا داند حال ما سبکسارانِ ساحلہا

چونکہ "چاند" کو مفید عام ہونا چاہئے اور ہر طبقہ سے اس کا تعلق ہے۔ اس لیے اس کی زبان بھی خالص اُردو ہے۔ یہ عربی اور فارسی کے بڑے بڑے الفاظ اور فارسی کی ترکیبوں و استعارات بعیدہ سے زبان کی فصاحت و شیرینی کو برباد کرنا نہیں چاہتا۔ اس لیے روزمرہ اور عام بول چال میں آنیوالے الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہے یہی وہ زبان ہے جو ملک کی متحدہ زبان ہے۔ اور ہر شخص سمجھ سکتا ہے۔ یہ سادہ روی بہترین چیز ہے مضامین کے لحاظ سے "چاند" نے ہر صنف ادب کو پیش کیا ہے۔ تاریخ، انکشافات جدید، فلسفہ افسانے اور نظمیں ہر ایک ناظرین کے سامنے پیش کرتا رہا ہے۔ اب ہمکو اس امر کی کوشش کی ہے کہ دوسرا سال اپنے انداز میں ایک نیا دور پیش کرے اور نقش ثانی پہلے نقش سے زیادہ محکم ہو۔ "چاند" نے اس کا بہت لحاظ رکھا ہے کہ کسی خاص گروہ اور جتھے کا ساتھی نہ ہے بلکہ ہر شخص کے ساتھ برادرانہ سلوک کرے۔ ہم نے یہ نہیں کیا کہ لکھنؤ اور دہلی کے اختلافات زبان کو پیش کریں یا دکن اور پنجاب کو اپنے سے الگ کریں، اور ان کو اپنا غیر بنا دیں۔ الہ آباد سے "چاند" طلوع ہوا صرف اس لیے کہ سب کو ایک مرکز پر جمع کرے کیونکہ الہ آبادی، پنجابی، لکھنوی یا دہلوی کی نسبت زبان کے لئے نہ ہے۔ اس کے معنی یہ نہیں کہ ہم مرکزیت کو مٹانا چاہتے ہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ وہ اختلافات جو اس کی وجہ سے پیدا ہو رہے ہیں ہم اسکو مٹا دیں اور سب کی "اردو" ایک ہو جو مشترکہ زبان بن سکے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے مضمون نگار کسی مخصوص گروہ یا مقام سے مخصوص نہیں ہیں۔ لکھنؤ، دہلی، حیدرآباد، پنجاب ان تمام مقامات کے مشہور ادبا اور مضمون نگار ہمارے معاون ہیں۔

ہمنے اس کو اور زیادہ کامیاب بنانے کے لیے ایک طریقہ اور اختیار کیا ہے جو ایڈیٹر نمبر کی صورت میں آپ کے سامنے موجود ہے۔ یہ نمبر کیسا ہے؟ اس کو ناظرین خود ملاحظہ فرما رہے ہیں۔ یہ "چاند" کا خصوصیات میں ایک گرانقدر اضافہ ہے کہ وہ اس نوعیت کا ایڈیٹر نمبر نکال رہا ہے جو اپنی آپ نظیر ہے۔ اردو صحافت کے میدان کے مضامین کا یکجا کرنا اگرچہ مشکل کام تھا لیکن یہ مشکل بھی آسان کی گئی ہر وہ مقام جہاں پر اُردو صحافت کا اثر ہے وہاں سے مضامین فراہم کئے گئے ہم اپنے اُن معاصرین اور معاونین کے بہت ہی شکر گزار ہیں جنھوں نے ہماری دعوت قبول کر کے اس نمبر کے کامیاب بنانے میں مدد دی۔ یہ کیف ایک راستہ تھا جس کو ہم طے کر رہے تھے بصعوبت سفر سے تھکے بھی۔ راہ میں کچھ گل و لالے بھی نظر آئے اور کچھ کانٹے بھی چبھے۔ مگر ہمت دلانے والوں کی آواز کان میں گونجتی رہی کہ "بڑھے چلو منزل قریب ہے"!!

ہمیں پوری اُمید ہے کہ ہمارے معاصرین، معاونین اور ناظرین ہماری اسی طرح مدد سال آیندہ میں بھی کرینگے کہ جیسا انھوں نے ابھی تک کیا ہے

ایڈیٹر "چاند" (اُردو)

شوقِ آزادی

[جناب منشی نکھدیو پرشاد سنہا بسمل سابق ایڈیٹر "طوفان" الہ آباد]

ازل سے شغل رہا شکرِ غم ادا کرنا علاوہ اس کے زمانے میں کام کیا کرنا
نہ جانتے تھے کبھی شکوہ جور کا کرنا ہمیں وہی ادب شیوۂ وفا کرنا
وفا شعار سے بھی اپنے بے وفائی کی
بدل گئی ہے نظر اس لئے خدائی کی

ہر ایک سانس پہ ہم آہ کرتے ہیں مگر کہاں وہ کرم کی نگاہ کرتے ہیں
بگڑ کر اور زیادہ تباہ کرتے ہیں نہ گھر نظر میں نہ دل ہی میں چاہ کرتے ہیں
فلک اُلٹنے کو فریاد لب تک آئی ہے
سبب یہی ہے جو الزام بے وفائی ہے

ہم اپنا حال کہیں کیا کہ کہہ نہیں سکتے وہ اپنے دل پہ ذرا جبر سہہ نہیں سکتے
سرشک آنکھوں سے بیکار بہہ نہیں سکتے بغیر رنگ کوئی لائے رہ نہیں سکتے
قرینہ کہتا ہے کون و مکاں کی خیر نہیں
زمیں کی خیر نہیں آسماں کی خیر نہیں

پیام عیش ہوائے بہار لائی ہے خزاں کے چہرے پہ پژمردگی سی چھائی ہے
طرح طرح کی کلیجے نے چوٹ کھائی ہے بہت دنوں میں مبارک یہ ساعت آئی ہے
قیامتیں اُٹھے جو سرگرم واں فغاں کیلئے
قفس نصیب تڑپتے ہیں آشیاں کیلئے

وفورِ غم سے بُرا حال ہے خدائی کا ہر ایک شخص کو رونا ہے بے وفائی کا
خیال جی میں نہ آئے کسی بُرائی کا ملے نصیب سے موقع اگر صفائی کا
بس اٹھتے بیٹھتے حسرت ہے اور کیا دل کی
وہ جلد پوری ہو جو آرزو ہو بسمل کی

(خاص)

اٹھائے ہاتھ جفاؤں سے بدگماں صیاد کبھی تو سُن لے اسیروں کی داستاں صیاد
دہن میں بند ابھی تک رہی زباں صیاد یہ کھلنے والی ہے پینے کو امتحاں صیاد
بنے گی بن کے وطن غیرت پری ڈالی
کچھ اور نکھریگی اک اک ہری بھری ڈالی

جو عہد کر چکے ہیں اسکو صاف کہنا ہے کہ ہر طریق سے آزاد ہو کے رہنا ہے
نجات کے لئے زنجیر و طوق گہنا ہے یہاں تو کھیل غرض ہر ستم کا سہنا ہے
بلا سے کچھ نہ ملے غم نہیں چمن مل جائے
وطن کے ہم ہیں ہمارا ہیں وطن مل جائے

ہوا ہے حکم نہ لے کوئی نام آزادی پہنچنے پائے نہ ہرگز پیام آزادی
رہیں غلام نہ ہوں شاد کام آزادی نہ آئے وہ رہیں بھولے سے جام آزادی
اسیر دام رہے ہم اسیر دام رہیں
اسی عذاب میں دن رات صبح و شام رہیں

چمن کے سارے خدائی چمن پہ مرتے ہیں ہزار جان سے تو قید ملک کرتے ہیں
کلیجہ کانپ اٹھے یوں آہ سرد بھرتے ہیں جو کام ضبط سے لیں تو کہیں کہ ڈرتے ہیں
قفس کو لے اڑیں قوت ہے ایسی بازو میں
کسی خیال سے لیکن ہیں اپنے قابو میں

زاویۂ نگاہ

از زیبل جسٹس سر عبدالقادر، جج ہائیکورٹ، لاہور، سرپرست "ادبی دنیا" سابق ایڈیٹر "مخزن" وغیرہ!

انگریزی زبان اور انگریزی طرزِ تحریر سے ہماری زبان نے بہت سے الفاظ اور بہت سی ترکیبیں لی ہیں۔ ان میں ایک دو پیچیدہ لفظی ترکیب ہے جسے "زاویۂ نگاہ" کہتے ہیں۔ پرانے ادیب بھی نگاہ سے کام لیتے تھے۔ مگر شاعرانہ۔ کہیں نگاہ کے تیروں کا ذکر تھا اور کہیں ترچھی نظروں کا۔ کسی پر دوست کی نگاہ لُطف ہوتی تھی اور کوئی اس کی نظروں سے گرا ہوتا تھا۔ مگر اُن کے زمانہ میں نگاہ پر اقلیدس کا حکیمانہ تسلط نہیں ہوا تھا۔ نہ کوئی نقطۂ نگاہ کو جانتا تھا نہ زاویۂ نگاہ کو۔ نئے زمانہ کی نئی باتیں۔ جب انگریزی زبان کا رواج ہمارے ملک میں ہوا تو انگریزی دانوں نے کہنا شروع کیا "میرا نقطۂ نگاہ اور ہے۔ آپ کا نقطۂ نگاہ اور"۔ یہ ایک انگریزی محاورے کا ترجمہ تھا جو کچھ دن کانوں کو بھلا نہ لگا۔ مگر رفتہ رفتہ رواج نے اسے مانوس بنا دیا۔ اور ٹھیٹھ اردو والے بھی سمجھنے لگے کہ نقطۂ نگاہ پر پڑ سکتا ہے اور ایک نقطہ سے دیکھیں تو کچھ نظر آتا ہے اور دوسرے نقطہ سے کچھ۔ اخبار والوں کو مقرروں کو اس محاورے کے زبان میں داخل ہوتے ہی سو دلیلوں کی ایک دلیل ہاتھ آگئی۔ جہاں دیکھا کہ بحث کمزور ہوئی جاتی ہے کہہ دیا "صاحب آپ مانیں یا نہ مانیں کم از کم میرے نقطۂ نگاہ سے یہ بات درست ہے"۔ اس سے سستا جواب اور کیا ہو سکتا تھا۔ مخاطب کو خواہ مخواہ خاموش ہونا پڑتا۔ نگاہ کے نقطے کا یہ دور برسوں رہا۔ اور اب بھی باقی ہے۔ مگر گزشتہ جنگ یورپ کے زمانے سے نقطے نے اتنے پاؤں پھیلائے کہ زاویہ بن گیا۔ عجب نہیں کہ زاویۂ نگاہ انگریزی زبان میں یا یورپ کی کسی اور زبان میں پہلے سے موجود تھا مگر مجھے یاد نہیں کہ جنگ عظیم کے زمانے سے پیشتر اس کا ذکر سننے میں آیا۔ اس جنگ نے جہاں بہت سے عجیب اثرات اور پیدا کئے ہیں وہیں نگاہ کا یہ تجزیہ ہے کہ کسی ایک نقطے پر قائم رہنے کے بجائے نگاہ کے دو حلقے ہو کر اور طول کھینچ کر زاویے بننے لگے۔ اب کیا تھا ہر شخص کا زاویۂ نگاہ مختلف ہے۔ ہر جماعت کا علیحدہ زاویہ ہے ہر ملک و قوم کی نگاہ جدا زاویے رکھتی ہے جو ایک کے نزدیک بُرا ہے وہ دوسرے کے نزدیک اچھا ہے۔ ایک قوم کی نیکی دوسری کی نگاہ میں بُرائی ہے۔ شاید کوئی ایک مسئلہ بھی ایسا نہیں جس پر انسان بہ حیثیت مجموعی متفق ہوں۔ ایک زمانہ تھا کہ اکثر قومیں اس رائے پر متفق تھیں کہ امن کی خاطر جنگ کے لئے تیار رہنا ہر قوم اور ملک کا فرض ہے جنگ عظیم کے بعد سے ایک گروہ کی تو یہ رائے ہو گئی ہے کہ جنگ نہایت مضر ہے اور انسانیت سے بعید ہے کہ انسان آپس میں لڑتے اور ایک دوسرے کا خون بہاتے رہیں۔ مگر ایک اور گروہ کہتا ہے کہ جنگ کبھی صفحۂ ہستی سے معدوم نہیں ہو سکتی۔ اور اپنے علم و دولت کا یہ استعمال کر رہا ہے کہ تباہی کے آلات روز بروز زیادہ مکمل، زیادہ مہلک ہوتے جاتے ہیں۔ کوئی اور مثال لے لیجئے۔ بنی نوع انسان کی کثرت مشرقی اور مغربی دنیا دونوں میں اس بات کی قائل تھی کہ مرد اور عورت کے نکاح کی رسم دنیا کی کل کے کامیابی سے چلنے کے لئے ضروری ہے۔ اب زاویۂ نگاہ پھیلتے پھیلتے پرانے نقطۂ نگاہ سے اتنا دور چلا گیا ہے کہ مغربی دنیا میں بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ نکاح کی قیود ناقابل برداشت ہے، اور شادی اور آزادی دو متضاد چیزیں ہیں۔ آزادی کی تکمیل یہی ہے کہ کوئی مرد اور کوئی عورت جب جی چاہے مل بیٹھیں۔ نہ ملا کو پوچھیں نہ پنڈت کو۔ اور پادری کے پاس جائیں جب تک بن آئے آرام سے ایک جگہ رہیں اور جب ان بن کے آثار پیدا ہوں چپکے سے الگ ہو جائیں۔ تو کون اور میں کون۔ جیسے کبھی آشنا ہی نہ تھے۔ اور یہ زاویۂ نگاہ مغرب تک محدود نہیں۔ مشرق میں بھی کئی آنکھیں اس زاویے کی مالک ہیں۔ دوسرا گروہ ان پرانے لوگوں کا ہے جو ایسے خیالات کو تہذیب و تمدن کے لئے زہر قاتل بتاتے ہیں اور ان کو سن کر کانوں پر ہاتھ دھرتے ہیں۔ زمانہ لباس کے متعلق جو زاویۂ نگاہ پچھلے چند سالوں میں مغرب میں پیدا ہوا ہے اسے مشرق کا کثیر حصہ اب تک کنکھیوں سے دیکھتا ہے۔ اور یہ خیال کرتا ہے کہ شوق نمود ممالک غرب میں حد سے گذرتا جاتا ہے۔ برعکس اس کے دلدادگانِ طرزِ جدید کہتے ہیں کہ مدت کے بعد یہ راز انسان پر کھلا ہے کہ فطرت کے جس قدر قریب تر چلے جائیں اسی میں آزادی ہے اور اسی

میں صحت۔ ان سب مثالوں کو جانے دیجئے اس سب سے اہم مسئلے پر یعنی دنیا کے ایک مالک اور خالق کے وجود کے بارے میں دنیا کے نگاہ کے اب دو مختلف زاویے ہیں۔ پہلے اقوام عالم کی اکثریت باوجود ہر قسم کے اختلافات کے یہ مانتی تھی کہ ان سب کو خدا نے پیدا کیا ہے اور وہی سب کی پرورش کرتا ہے۔ اب کچھ لوگ تو اس پرانے خیال پر قائم ہیں۔ مگر دوسرا گروہ جو خدا کے وجود سے منکر ہے روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ پہلے بھی جہاں خدا کے منکروں سے خالی نہیں رہا۔ یہ درست ہے مگر ایسے اب سے پہلے کبھی نہیں سنا تھا کہ ایسی مجلسیں قائم ہوں جو یہ پرچار کریں کہ خدا کو ماننے سے دنیا کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ اور دنیا آرام میں تب ہو گی جب اُسے خدا کے پنجے سے رہائی مل جائے یہاں تک تو زاویہ نگاہ رنگ لا چکا ہے۔ ابھی دیکھنا ہے۔ کہ اس کا پھیلاؤ اور کہاں تک پہنچتا ہے۔ قدرت نے پہلے ہی ہر شخص کو مختلف قوت نظر بخشی ہے کوئی ہے کہ دور تک دیکھنے سے قاصر ہے۔ اسے اگر دُور کی عینک نہ ملے تو اس کی نظر میں سو قدم پرے کے جلوے ناپیدا ہیں۔ کوئی ایسی آنکھیں لے کر آیا ہے جو ساخت میں ایک دوسرے سے مختلف ہو گئی ہیں۔ بھینگے کو ایک چیز کے دو دکھائی دیتے ہیں۔ اس پر نقطۂ نگاہ اور زاویۂ نگاہ نے اور اضافہ کر دیا ہے۔ اب جدھر دیکھو یک بینی مفقود۔ اور اختلاف زوروں پر ہے۔ پھر مصنوعی تغیرات بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ رنگین عینک سے سب بیرونی اشیاء اس رنگ میں رنگی ہوئی نظر آتی ہیں جو رنگ عینک بنانیوالے نے شیشے پر چڑھا دیا ہے۔ حالانکہ رنگین عینک اُتارتے ہی چیزیں اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہیں۔ یہاں علوم سائنس کے اُس رہے سہے لطف پر جو نظر میں باقی تھا ایک کاری ضرب لگاتے ہیں۔ سائنس والے کہتے ہیں کہ یہ سب رنگ جن ہم دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ کوئی اصلیت نہیں رکھتے۔ سورج کی سفید شعاعیں قوس قزح کے مختلف رنگوں کا مجموعہ ہیں۔ اور پہلودار شیشے سے ان کا تجزیہ صاف نظر آسکتا ہے۔ ایک روشنی میں جو رنگ سرخ یا سبز نظر آتا ہے۔ دوسری روشنی میں وہی کاوہی رنگ سیاہ دکھائی دیتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ حالات زمانہ اور سائنس سب مل کر اس فکر میں ہیں کہ انسان کو مجبور کر کے فلسفۂ ہنود کے اس مسئلہ کا قائل کر دیں جس کے رُو سے دنیا ایک دھوکا یا "مایا" ہے۔ کوئی اصلیت اور وجود نہیں رکھتی۔ خواہ ہم اس مسئلے کے قائل ہوں یا نہ ہوں۔ یہ سوچنا لازم ہے کہ دنیا کا تمدن نگاہ کے نقطوں اور زاویوں کی کثرت کے باوجود کس تدبیر سے قائم رہ سکتا ہے۔ میرے خیال میں اس کا ایک ہی حل ہے۔ اور وہ حل اگر ایک لفظ میں بیان کیا جائے تو "رواداری" ہے۔ انسانوں میں خیال کا اختلاف ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا۔ جو نئے اسباب شمال کے طور پر اور پریشان کئے گئے ہیں وہ اس اختلاف کو بڑھا رہے ہیں۔ پس دنیا کا شیرازہ اُسی صورت میں بکھرنے سے محفوظ رہ سکتا ہے کہ ہر شخص اپنے اپنے نقطۂ نگاہ اور زاویۂ نگاہ کو جتنا چاہے اچھا سمجھے مگر دوسرے کے زاویۂ نگاہ سے بھی آگاہ ہو اور اُسے حقارت سے نہ دیکھے اور سمجھے کہ جیسا کہ ایک نقطے سے یکسر کھینچیں تو بیشمار زاویے پیدا ہو سکتے ہیں اور کسی زاویہ کو حق نہیں کہ کہے کہ میں تو رہتا ہوں اور گم ہو جائیں۔ اسی طرح سب خیالات اور ان کے مختلف پہلوؤں کے لئے دنیا میں جگہ ہے۔ اور سب کو موجود رہنے کا حق ہے۔ تاکہ آنے والی نسلیں جس زاویے کو موزوں سمجھیں اور پسند کریں۔ اپنے لیے چن لیں۔ (خاص)

قربانی

[مہاتما گاندھی، ایڈیٹر "ینگ انڈیا" احمد آباد]

یگیہ لفظ کا استعمال ہم اکثر کرتے ہیں اور سنسکرت کا تتا ہمارے نقطۂ نظر سے مہایگ ہے۔ لہٰذا آج ہم لفظ یگ کے مختلف معنوں کے سمجھنے کی کوشش کرینگے۔

ہمارے ایسے افعال جن کا مقصد دوسروں کی بھلائی کرنا اور اُن کی بے غرضانہ خدمت کرنا ہے ۔ یگ کہلاتا ہے ۔ ایسے افعال خواہ دنیوی ہوں یا دینی ۔ اس جگہ افعال سے مراد یہ ہے کہ جس کے اندر خیال الفاظ طریقۂ عمل تینوں شامل ہوں دوسروں کے اندر تمام خلقت کا شمار کرنا چاہیے۔ ہماری خدمتیں صرف انسان ہی تک محدود نہ ہونا چاہیے لہٰذا یگیہ کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم کسی چھوٹے سے چھوٹے جاندار کو بھی ایذا پہنچانے سے پرہیز کریں۔

ویدوں کے اندر حیوانی قربانی کا جو ذکر کیا گیا ہے۔ اُس پر بحث کرنا ہمارے لیے یہاں پر مناسب ہے۔ اتنا اشارہ کر دینا کافی ہے کہ حقیقت اور صلح کے لیے ایسے رواج بے معنی اور غلط ہیں۔ ہم کو ایسے موقع پر غور نہیں کرنا چاہیے کہ مذہبی رسومات کے لیے کون طریقے صحیح اور جائز ہیں اور کون نہیں ہیں اور میں اپنے ویدوں کے سمجھنے کی ناقابلیت کو تسلیم کرتا ہوں۔ اگر فرض کیا جائے کہ جو ہندو ویدوں کی مدد سے یہ بات ثابت کر دیں کہ اُس زمانہ میں حیوانی قربانی جائز اور رائج تھی تو بھی ہمارے نزدیک ایسے حرکات و سوسائٹی اور پریم کے سماج سے گرے ہوئے ہیں۔

مہایگ ہمارے لحاظ سے ایسے افعال کو کہتے ہیں جن کے ذریعے سے وسیع ترین رقبہ کے اندر زیادہ سے زیادہ جانوں کی خدمت کیجا سکتی ہے۔ لہٰذا اپنے مطلب میں کامیاب ہونے کے لیے دوسروں کے حق میں بُرائی کرنا، یا صرف بُرائی کا خیال ہی کرنا یگ کی راہ سے منحرف ہونا ہے۔ گیتا کا قول ہے کہ ہمارے ایسے افعال جو یگ کے ذریعے میں نہیں شمار کیے جا سکتے ہیں وہ غلامی کے مستحق ہیں۔

دنیا کا وجود ایک لمحہ بھی بغیر یگ کے قائم نہیں رہ سکتا۔ اسی لئے گیتا میں گیان کے بعد یگ حاصل کرنے کے طریقے بتلائے گئے ہیں۔ یگ ہماری فطرت کا ایک جزو ہے۔ یہ جسم خاکی صرف اسی لیے بنایا گیا ہے کہ ہم اس سے دوسروں کی خدمت کر سکیں۔ لہٰذا گیتا میں لکھا ہے کہ وہ جو دوسروں کو بغیر کھلائے کھاتا ہے وہ چُرایا ہوا کھاتا ہے۔ یگ ہمارے وجود میں آنے کے ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے اور اسی لیے ہم تمام عمر اُس کے قرضدار رہتے ہیں۔ ہمارا فرض ہمیشہ دنیا کی خدمت کرنا ہے۔

جس طرح کہ غلام اپنے آقا کے گھر میں رہ کر اُس کی خدمتگاری کرتا ہے اور اپنی اس نوکری کے صلہ میں جسم کی پرورش کے لیے کھانا کپڑا وغیرہ پاتا ہے اُسی طرح سب اُس خالق کائنات کے غلام ہیں۔ یہ مزدوری کے طور پر جو نعمتیں ہم کو اُس کے یہاں سے عطا کی گئی ہیں۔ اُن کے اندر ہمارا کوئی ذاتی حق نہیں ہے۔ اگر ہم خدا کی ترتیب میں اپنی وقعت پہچان لیں تو ہمارا یہ راز بالکل کھل جائیگا۔ یہ جسم خاکی اُسی کا دیا ہوا ہے اُس کو اختیار ہے کہ یہ قائم رہے یا غارت ہو جائے۔ ہم کو شکایت کا موقع نہیں ہو سکتا بلکہ اس کے لیے ہم کو خوش ہونا چاہیے لیکن اس غایت درجہ کی روحانی مسرت سے لطف اندوز ہونے کے لیے ایمان کامل کی ضرورت ہوگی۔

اپنے لیے مست پریشان ہو۔ خدا پر بھروسہ رکھو ۔ ہر مذہب کا یہی فرمان ہے اس اُصول سے کسی کو ڈرنا نہیں چاہیے۔

وہ جو کہ دوسروں کی خدمت کرنے میں دل و جان سے مصروف رہتا ہے روز بروز اپنے ایمان میں پختہ ہوتا جائیگا۔ خدمت کا راستہ دشوار ہے۔ وہ جو نفس پرستی سے اپنا دامن نہیں چھڑا سکتا وہ کبھی بھی اس کا صادق راہرو نہیں بن سکتا کیونکہ اُس کے ہر ایک کام سے خود غرضی کی بو آئیگی۔ اور سچ ہے کہ اس طرح حق کے متلاشی بہت مشکل سے ملینگے۔ (ینگ انڈیا)

ಮೊದಲ ಪ್ರಯತ್ನದಲ್ಲಿ ಯಶಸ್ಸು ಪಡೆದ ಮೊದಲ ಚಿತ್ರ

کامریڈ لینن

روس میں لینن کا تازہ شان سے جھنڈا اٹھا ❁ پورا بالا ہوگیا دنیا میں بس مزدور کا

— مظفر حسین اظہر

اسلامی دنیا

ہندوستان سے باہر اردو زبان

[جناب محمود احمد صاحب عرفانی مدیر "اسلامی دنیا" قاہرہ مصر]

اردو زبان ایک ایسی زبان ہے جو دنیا کی زبانوں میں ایک جدید زبان ہے۔ مشرق میں عربی۔ عبرانی۔ سریانی سنسکرت فارسی وغیرہ زبانیں بہت پرانی زبانیں ہیں۔ مغرب میں انگلش۔ فرنچ۔ جرمن وغیرہ قدیم سے چلی آتی ہیں۔ اردو زبان مغلیہ بادشاہوں کے زمانے میں ہندوستان میں پیدا ہوئی۔ پس زبانوں کی پیدائش یا تکوین کے لحاظ سے اردو سب سے کم زبان ہے مگر باوجود اپنی کم عمری کے اور باوجود اس کے کہ سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد اسی زبان کی ترقی اور اسکے نشو و نما کے لئے کوئی مرکزی و سرپرست نہ رہا زبان ترقی کرتی رہی کسی زبان کا دوسرے ملکوں پر اسیوقت اثر پڑ سکتا ہے جبکہ وہ کسی آزاد ملک اور آزاد قوم کی زبان ہو۔ کوئی قوم جبکہ خود دوسروں کی محکوم ہو اور وہ مجبور ہو کہ دوسروں کی زبان سیکھے وہ اپنی زبان کا اثر دوسرے ملکوں پر نہیں ڈال سکتی اس لئے ایک طرف اردو کی حداثت اور دوسری طرف اردو کی یتیمی آجتک اس امر کی مانع رہی کہ اردو کا اثر دوسرے ملکوں پر پڑتا اور دوسرے ملکوں کے لوگ اسی زبان کو بحیثیت زبان کے سیکھتے۔ اس لحاظ سے اردو کا اثر غیر ملکوں پر نہ پڑ سکتا تھا اور نہ ہے

لیکن

باوجود اس کے آپ کسی ملک میں چلے جائیں وہاں اگر آپ چاہیں تو اردو آپ کے کان میں پڑ سکتی ہے اور اسکی دو وجوہات ہیں

اول

مشرق و مغرب کے تمام ملکوں میں ہندوستانی تاجر پھیل چکا ہے اور عام طور پر ہندوستانی تاجر نے اپنی وضع قطع کو تبدیل کرنے کی سعی نہیں کی۔

افریقہ اور حبشہ کی طرف نکل جائیں۔ مسوا جیبوتی اوسیس بابا۔ وغیرہ حبشہ میں۔ بورٹ سوڈان۔ خرطوم وغیرہ سوڈان میں مشرقی افریقہ۔ جنوبی افریقہ۔ مغربی افریقہ۔ افریقہ میں چین و جاپان میں۔ اور اسکے علاوہ دیگر بہت سے مشرقی ممالک ہیں۔

مغرب میں اٹلی۔ فرانس۔ جرمنی۔ روس۔ ٹرکی۔ انگلینڈ وغیرہ میں ہندوستانی تاجر اور پھیری کرنے والے پڑے ہیں۔ ان میں سے اکثر کی زبان اردو ہے۔

پس

غیر ممالک میں اردو کے وسیع نظارے قایم کرنے کا سہرا ہندوستانی تاجر کے سر ہے جس نے تقریباً ہر ملک میں۔ اپنی زبان کے اثرات کو چھوڑ دیا ہے۔

دوسرے

بڑی جنگ میں ہندوستان کے ہزاروں نہیں لاکھوں سپاہی دنیا کے ملکوں میں پھیل گئے۔ وہ جن جن ملکوں میں پھیلے ان ملکوں پر انھوں نے اردو کے گہرے اثرات چھوڑے۔

(بقیہ صفحہ ۴۶۲ پر دیکھئے)

اُمّہاتُ المُستقبل

ہندوستانی بہنوں کے نام
مصری خاتون کا پیغام

[سیدہ ھدیٰ شعراوی صدر انجمن اتحاد نسائی مصر]

معزز خواتین ہند! میں روزانہ تاروں میں تمہارے دلی کارنامے پڑھتی رہتی ہوں۔ تمہیں تم نے اپنی بہادری۔ دلیری اور جانبازی کو پورے طور سے واضح کر دیا ہے اور تم نے بتلایا ہے کہ ہندوستانی خاتون مرد سے کسی طرح کم نہیں ہے میری پیاری بہنو! میں خود چونکہ مصر میں ملکی جہاد میں حصہ لیتی اپنا فرض خیال کرتی ہوں۔ مگر میرا نقطۂ نگاہ اور ہے میرا خیال ہے کہ عورت کو دنیا کی ماں ہونے کی حیثیت سے اپنے بچوں کی اچھی تربیت کرنی چاہیے جس سے وہ بڑے ملک دین اور سوسائٹی کیلئے مفید بن سکیں اسلئے میں تم امیدواروں کو چھوڑ کر بچوں کی تربیت کا کام اپنے ہاتھ میں لیا ہے اور میں چاہتی ہوں کہ میں جگہ جگہ ہر فن گورنگاہ سے کو دیکھوں کہ آنیوالی نسلیں پوری بھلائی سے بہرہ اچھی ماؤں کی زیر نگرانی تیار ہو سکیں۔ اچھے تربیت یافتہ بچے ہی تربیت یافتہ مہاتما سے ہی پیدا ہو سکتے ہیں اور کسی ملک کی آزادی اور ترقی کسی نسل کے اعلیٰ ہونے سے ہی ہو سکتی ہے جو اچھی تربیت یافتہ ماؤں سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ اسلئے میں تم جانباز اور بہادر ملک پرست عورتوں کو یہ پیغام دینا چاہتی ہوں کہ قوم اپنی توجہ کو آیندہ نسلوں کی اصلاح میں صرف کرو۔ صرف ہندوستان ہی نہیں بلکہ تمام عالم مشرق کی بھلائی کا انحصار ہے۔ میں ہوں آپ کی مصری بہن۔ "تو فیدہ علام"

(خاص)

[صفحہ ۴۶۱ کا بقیہ]

چنانچہ عراق وغیرہ کے میدانوں میں آپ چلے جائیں تو آپ کو دیہات کے اندر اردو جاننے والے عرب ملیں گے۔

موٹروں کے موٹر ڈرائیور۔ دوکانوں کے دوکاندار بے تکلف اردو بول لیتے ہیں۔ اور بعض تو عمدہ آواز سے گا بھی لیتے ہیں۔ چنانچہ

جن جن ملکوں میں یہ فوجیں گئیں وہاں اردو کے گہرے نقوش کھود گئیں۔ اسکے علاوہ

ایک اور چیز نے بھی اردو زبان کو بعض دوسرے ملکوں میں پھیلایا ہے مگر یہ اثر بہت محدود ہے۔ اور وہ اسلام ہے۔

ناظرین تعجب کرینگے کہ میں نے یہ کیسے کہدیا مگر حقیقت یہ ہی ہے مسلمان بوجہ مسلمان ہونے کے اپنے بعض مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لئے حجاز میں جاتے ہیں۔ اور شیعہ عراق میں حجاز اور عراق کے مقدس مقامات کے باشندے بے تکلفی سے اردو زبان بولتے چلے جاتے ہیں۔

کیونکہ ہزارہا ہندوستانی مسلمان وہاں جاتے ہیں اس لئے وہاں کے ہر آدمی کو ان سے واسطہ پڑتا ہے اس لئے ان دو ملکوں پر اردو زبان کا اسقدر شدید اثر پڑا ہے کہ اکثر لوگ اردو جاننے لگ گئے ہیں۔

عدن ۔ میں کہہ چکا ہوں کہ اصل اثر تو کسی حاکم قوم کا پڑتا ہے۔ بدقسمتی سے اردو زبان کے مربی و سرپرست کسی ملک کے حکمران نہ تھے اسی لئے اسکا اثر بلحاظ وسعت کبھی نہیں پڑ سکا لیکن عدن چونکہ ایک عرصہ سے بمبئی کے ساتھ ملحق چلا آرہا ہے اس لئے عدن کو اردو نے اسقدر اثر ڈالا ہے کہ عدنی عربی میں اردو حروف مخلوط کرنے لگ گئے ہیں۔ ورنہ اور کوئی ملک بحیثیت ملک کے ایسا ملک نہیں جہاں اردو زبان نے ایسا شدید اثر ڈالا ہو۔

پس سب سے بڑا محرک اردو کو غیر ملکوں میں پھیلانے والا میرے نزدیک ۔ ہندوستانی تاجر ہے

جو تقریباً ڈیڑھ سو سال سے اپنی محبت اور کوشش سے اپنے اثرات غیر ملکوں پر ڈال رہا ہے۔ (خاص)

اجمل

ہندوستان کی تحریک آزادی اور مسلمان

[جناب معین الدین صاحب جارچ بی۔ اے (جامی) ایڈیٹر روزنامہ اجمل بمبئی]

(۱)

جس دن مہاتما گاندھی نے سابرمتی آشرم سے اپنے تاریخی کوچ کی ابتدا کی اُسی دن سے یہ بحث نہایت زور سے جاری ہوئی کہ آیا مسلمانوں کو اس تحریک میں شامل ہونا چاہیئے یا نہیں۔ گذشتہ ساڑھے بارہ ماہ کے عرصے میں تحریک وطنی پر۔ مسلمانوں کی شرکت کے حامی و مخالفین دونوں کی طرف سے اس مسئلے پر اتنا زیادہ لکھا جا چکا ہے کہ اب اسکی تائید یا مخالفت میں کچھ لکھنا تقریباً تحصیل حاصل ہوگا۔ اس پوری بحث کو سامنے رکھکر آئے کوئی شخص غیر جانبدارانہ حیثیت سے فیصلہ کرنا چاہے تو وہ ضرور اس نتیجے پر پہنچیگا کہ حامیان تحریک آزادی نے جو دلائل اپنے نقطۂ خیال کی حمایت میں پیش کی ہیں وہ محض جذبات حب الوطنی سے اپیل نہیں تھی بلکہ عقل و دانش اور خود مسلمانوں کی ضروریات بلکہ صحیح معنوں میں مسلم حقوق کا تحفظ" اس امر کا مقتضی تھا کہ مسلمانوں کو بھی دعوت دیجاتی اور یہ امر ہر مسلمان کے لئے باعث صد ہزار مسرت ہونا چاہیئے کہ باوجود ایک طریقے کی شدید مخالفت کے مسلمانوں نے اس تحریک میں ابتک اپنی شایان شان حصہ لیا ہے۔ مسلمانوں کو سمجھ لینا چاہیئے کہ جسطرح ہندوستان کو آزادی یا سوراج برطانیہ کے سامنے دست طلب دراز کرنے سے نہیں ملیگا بلکہ دنیا کی اس سب سے بڑی اور سب سے زیادہ محبوب شے کو اپنے زور بازو سے حاصل کرنا ہوگا اسیطرح مسلمان آپ اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں تو یہ مقصد اپنے برادران وطن کے مقابلے میں حکومت کا ساتھ دینے سے یا ہندوؤں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے حاصل نہ ہوگا بلکہ اسے بھی اپنے زور بازو سے حاصل کرنا ہوگا۔ ہندوستان بیشک اس غلط فہمی میں مبتلا تھا کہ عاجزانہ درخواستوں اور عرضداشتوں یا زیادہ سے زیادہ ہر روز احتجاجات سے آزادی حاصل ہوتی اسوقت تک ہندوستان کی جو حالت رہی اسکا پتہ ہماری گذشتہ نصف صدی کی قومی تاریخ دے رہی ہے اور جس دن سے ہم نے اس غلط راستے کو ترک کرکے صحیح راستہ اختیار کیا اور اپنے زور بازو پر بھروسہ کرکے منزل آزادی کی طرف قدم بڑھانا شروع کیا اُسی دن سے ہماری حالت میں جو انقلاب پیدا ہوا وہ آج ہماری نظروں سے پوشیدہ نہیں۔ لیکن قومی ذہنیت میں اس انقلاب عظیم کے باوجود یہ واقعہ ہے کہ اس نصف صدی کی سیاسی گداگری نے ایک ایسا طریقہ پیدا کردیا ہے جو ہر مایوسیوں کے بعد بھی اسی فرسودہ طریقے پر ایمان رکھتا ہے اور اب بھی اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ یہی گداگری اور منت وسماجت انھیں منزل مقصود تک پہنچا دیگی اس مثال کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ اگر مسلمانوں نے بھی من حیث القوم یہ فیصلہ کرلیا کہ انکے حقوق کا تحفظ بدیسی حکومت کا ساتھ دینے یا ہندوؤں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے ہوگا تو اس بات کا قوی احتمال ہے کہ انھیں بھی وہ روز بد دیکھنا نصیب ہوگا کہ قوم

میں سیاسی گداگرونکا جو طریقہ موجود ہے اُسکے ساتھ یہ مضبوط ہوں اور وہ آیندہ انھیں کسی کام کا نہ رکھے گا وہ ہر بات میں غیروں کے رحم وکرم کے محتاج بن جایا کریں۔ میری ناچیز رائے میں کسی اور وجہ سے نہیں تو صرف اسی ایک وجہ سے کہ مسلمان اس آنے والے خطرے سے اپنے آپ کو بچالیں انھیں اس تحریک میں پورے شد و مد سے شرکت کرنا چاہیئے۔

مگر اب تحریک وطنی میں مسلمانوں کو شرکت کرنی چاہیئے یا نہیں اس مسئلے کو خارج از بحث سمجھنا چاہیئے کیونکہ ڈاکٹر انصاری صدر مسلم متشنلسٹ کانفرنس نے حال ہی میں اخبارات کے نام ایک بیان میں بالکل صحیح فرمایا ہے کہ یہ کہنا کہ مسلمان کانگرس سے علیحدہ رہنا چاہتے ہیں یا موجودہ تحریک وطنی میں شریک نہیں ہیں انکو بدنام کرنا ہے۔ مسلمانوں کے مایۂ ناز صوبۂ سرحد کی نوے فیصدی مسلم آبادی نے آزادی دینے کی خاطر جو جانی قربانیاں پیش کیں صوبۂ پنجاب میں جب وطن کے جرم میں سرکاری جیلخانے آباد کرنے میں مسلمانوں نے ساٹھ فیصدی رضاکار دیکر اور سوائے دو ایک کے باقی تمام ممتاز مسلم رہنمایان صوبہ کو جیل بھیجکر اور اسیطرح صوبہ جات یوپی بہار وخاصکر شرقی بنگال میں اور بمبئی جیسے مقام پر بھی جو فرقہ بندی کے حامیوں کا مرکز کہا جاتا تھا اس تحریک میں نمایاں حصہ لیکر عام مسلمانوں نے ان بدنام کنندگان قوم کو مسکت جواب دیدیا ہے اور اب اسکے بعد کسی کو یہ جرات نہ کرنی چاہیئے کہ وہ مسلمانوں کو اس تحریک سے علیحدہ بتائے۔

عام مسلمانوں پر مخالفین تحریک آزادی کی دلائل میں سے جس دلیل کا سب سے زیادہ اثر ہوتا تھا اور جسے وہ بطور ایک کاری حربے کے استعمال کیا کرتے تھے وہ دلیل یہ تھی کہ اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ اس تحریک میں شرکت مسلمانوں کا مذہبی اور وطنی فریضہ ہے تب بھی انھیں ہر دست اسمیں شرکت سے اجتناب کرنا چاہیئے کیونکہ ابھی انمیں اسکی استطاعت نہیں ہے اور بلا استطاعت یا کامل تیاری کے میدان جنگ میں کود پڑنا قرین مصلحت نہیں اس سلسلے میں مسلمانوں کی تعلیمی، معاشرتی اور خاصکر اقتصادی کمزوریوں کو منقسم کرکے دکھایا جاتا تھا اور ہندوؤں کے مقابلے میں انمیں کم تعلیم یافتہ اور اقتصادی لحاظ سے بیحد کمزور بتاکر یہ نصیحت کی جاتی تھی کہ وہ پہلے اپنی تنظیم کرلیں اور پھر جنگ میں شریک ہوں۔

جہاں تک مسلمانوں کی تعلیمی و اقتصادی کمزوریوں کا تعلق ہے اُن سے کسی کو بھی انکار نہیں ہوسکتا اور نہ اُنکی تنظیم سے شریفانہ مقصد سے کسی مسلم یا غیر مسلم کو بھی اختلاف ہونا چاہیئے مگر معمولی سے غور و فکر سے معلوم ہوجائیگا کہ اس ضرورت "تنظیم" کو تحریک وطنی میں شرکت کے خلاف دلیل بنانا ایک صریح دھوکہ ہے لیکن اگر یہ فرض بھی کرلیا جائے گا واقعی مسلمانوں کی تنظیم اسیقدر ضروری ہے کہ آزادی کی جنگ میں شرکت سے قبل ہی اسے سدھار کرلینا چاہیئے تب بھی یہی لازم آتا ہے کہ مسلمان اس جنگ میں فوری شرکت کریں۔ بظاہر اس خیال میں تضاد نظر آتا ہے مگر موجودہ تحریک ہونے پر نظر ڈالتے ہی ہر منصف مزاج شخص کو یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ یہ تحریک جو ہندوستان کی سیاسی آزادی کے لئے شروع کی گئی ہے اس درجہ ہمہ گیر ہے کہ اسکے دامن میں ہر قوم و فرقے کے لئے بہترین تنظیمی پروگرام بھی موجود ہے۔

بادی النظر میں یہ تحریک محض سیاسی آزادی کی تحریک معلوم ہوتی ہے لیکن اسکے مختلف پہلوؤں پر غور کرتے ہی اس حقیقت کا انکشاف ہوتا ہے کہ جہاں اسمیں ہندوستان کو ڈیڑھ دو صدی کی سیاسی غلامی سے نجات دیدینے کی قوت موجود ہے وہیں اسکے

پیشانی سے معاشرتی امراض اور اقتصادی کمزوریوں کا علاج بھی اسمیں مضمر ہے علاوہ قانون شکنی یعنی کسی خاص قانون کی خلاف ورزی کے جسکا مقصد درحقیقت اس ایک قانون کو توڑنے سے زیادہ عوام میں ایک خاص ذہنیت پیدا کرنا ہوتا ہے اس تحریک کے باقی تمام پہلو پوری طرح تسلیم ہی نہیں اور سیاسی سے کہیں زیادہ معاشرتی اور اور اقتصادی طور پر ملک کی اصلاح کرنیوالے ہیں مثلاً سب سے زیادہ نمایاں پہلو بدیسی کے منافع اور سُدیشی کے ترویج کا ہے۔

کھدر کی تحریک نے گذشتہ دس سال کے عرصے میں ہندوستان کے ہر مفلس فاقہ کش کسانوں کو پیٹ بھر کر روٹی دلانے میں جو حصہ لیا ہے اسکا بخوبی اندازہ وہی لوگ کرسکتے ہیں جنھوں نے مہاتما جی اور آنکے رفقا کی خاموش کوششوں کا مطالعہ پابندی سے کیا ہو ان کوششوں سے گاندھی جی نے پوری طرح ثابت کردیا ہے کہ بحالت موجودہ ملک کی دیہاتی آبادی کو افلاس و فاقہ کشی کے پنجے سے نجات دلانیکا یا بالفاظ دیگر ملک کی ۸۰ فیصدی سے زائد آبادی کی اقتصادی حالت کی اصلاح کا کوئی موثر ذریعہ ہوسکتا ہے تو وہ کھدر کو عام رواج دینا یعنی بدیسی کپڑے کا مقابلہ کرکے اسکی جگہ کھدر کا استعمال کرنا ہے۔ کھدر کی ترویج سے کھدر پوش شخص کی ذہنیت میں جو تبدیلی ہوتی ہے اور اسکے بدیسی پر سدیشی کو ترجیح دینے کا عادی بن جانے سے خود بخود دوسری دیسی صنعتوں کو فروغ نصیب ہوتا ہے وہ ملک کی مزدور پیشہ آبادی کی اقتصادی حالت درست کرنیکا بہترین علاج ثابت ہو رہا ہے۔

معاشرتی اصلاح میں اس تحریک کا مظہر اتم اونچ نیچ اور چھوت چھات کے امتیاز کے ساتھ ساتھ رفتہ رفتہ ذات پات کی تفریق کا خود بخود مٹتے جانا اور مختلف اقوام ہندوستان کا اتحاد ہے شراب کی خرابیاں بیان کرنے کی نہ یہاں ضرورت ہے اور نہ اسکا موقع ہے۔ صرف انسداد سے نوشی میں موجودہ تحریک کو جو دخل ہے اسکی طرف اشارہ کردینا ہی کافی ہے اگر ان تمام کوششوں کو نظر انداز کردیا جائے جو گاندھی جی اور آنکے رفقا نے ۱۹۲۱ء سے لیکر اب تک اس سلسلے میں کی ہیں اور صرف گذشتہ چار ماہ کے کام کو پیش نظر رکھا جائے تو اسی سے ثابت ہوتا ہے کہ نہ صرف شہروں میں بلکہ دیہاتوں تک میں ایک حیرت انگیز انقلاب رونما ہوگیا ہے اور اس قبیح عادت کو لوگ اس تیزی سے ترک کرتے جارہے ہیں کہ اسکی توقع بھی شکل سے کی جاسکتی تھی۔

چھوت چھات کے انسداد اور اسکے بُرے نتیجے کے طور پر ذات پات کی تفریق مٹانے اور مختلف ہندوستانی قوموں کو قریب تر کرنے میں اس تحریک کا جو حصہ ہے اُسے بھی ہندوستان کی معاشرتی اصلاح کا کوئی حامی نظر انداز نہیں کرسکتا۔

غرض یہ تحریک جو مختلف تحریکوں کا ایک مجموعہ ہے بلاشبہ ہندوستان کی غیر قوم کے لئے اگر وہ اسمیں پوری طرح حصہ لیکر کام کرے تو اسکی معاشرتی و اقتصادی اصلاح کا بہترین ذریعہ ثابت ہوسکتی ہے اور لطف تو یہ ہے کہ اگر خدانخواستہ اسکی سیاسی غلطی یا کسی اور کمزوری کی وجہ سے یہ تحریک اپنے سیاسی مقصد میں کامیاب نہ بھی ہو تب بھی اس اصلاحی پروگرام کی کامیابی یقینی ہے۔ ہماری آنکھوں کے سامنے جن ممالک نے آزادی حاصل کی ہے اُنمیں اکثر ممالک مثلاً ایران، ترکی، روس، افغانستان وغیرہ حصول آزادی کے بعد فوراً ہی اپنی معاشرتی و اقتصادی اصلاح کی طرف متوجہ ہوئے چنانچہ ان ممالک سے جو خبریں ہم تک پہنچتی ہیں اُنسے جس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ کہیں تعلیم کو عام رواج دیا جارہا ہے تو کہیں قانونی سُدیشی کو فروغ دینے کی کوشش کی جارہی ہے

[بقیہ صفحہ ۴۶۹ پر دیکھئے]

ادب

تفرقہ اندازی

[جناب سید اعظم حسین ایڈیٹر رسالہ ادب لکھنؤ]

(۱)

ہندوستان کے مختلف شہروں میں ہندو مسلم مناقشات بہت بڑھے ہوئے تھے۔ مادر وطن کے فرزند پانڈوں اور کوروں کی طرح ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو رہے تھے لطف یہ تھا کہ جان دینے والے اس جنگ کی کوئی معقول وجہ نہ بتا سکتے تھے! ہندوستان بھی پرانا تھا، اُسکے باشندے ہندو مسلمان بھی پرانے تھے، دونوں ایک جگہ سے شیر و شکر ہو کر بسر کر رہے تھے۔ ابھی کچھ دن پہلے کوئی تفرقہ نہ تھا یہ دفعتہً فضا میں نہ معلوم کون سی سمیت پھیل گئی تھی، اور ہندوستانیوں کے طبیعتوں میں کیسا ہیجان پیدا ہو گیا تھا کہ اُنکے قتل و غارت نے "آرگونالس" کا وہ خونی منظر پیش نظر کر دیا تھا جسمیں زمین سے طلسمی انسانوں کا ایک گروہ خود بخود نکلا اور اسکے سارے افراد ایک دوسرے کے ساتھ بلا وجہ کشت و خون میں مشغول ہو گئے تا اینکہ اُنمیں کا کوئی بھی زندہ نہ بچا اور سب کے سب جس خاک سے اُٹھے تھے اُسی میں مل گئے!

اسی منحوس زمانے کا تذکرہ ہے کہ موضع شمس آباد میں دو زمیندار رہتے تھے، ایک ہندو، دوسرا مسلمان۔ ہندو ٹھاکر تھا، مسلمان "پٹھان"۔ دونوں کافی پڑھے لکھے اور مذہبی معلومات رکھنے والے تھے۔ آپس میں لڑکپن سے دوستی تھی۔ کمسنی میں ایک ساتھ کھیلے کودے تھے جوانی میں ایک ساتھ سیر و شکار کو گئے تھے اور اب انحطاط کے زمانے میں بھی علم کی چاشنی اور دلوں کی نرمی کی وجہ سے میل جول رکھتے ایک دوسرے کے ہاں گھنٹوں بیٹھتے اور تبادلۂ خیالات کرتے تھے۔

دونوں کے ہاں اخبارات بھی آتے تھے۔ خانصاحب جن پرچوں کا مطالعہ کرتے اُنکے اڈیٹر متعصب مسلمان تھے اور ٹھاکر صاحب جن کو دیکھتے اُنکے لکھنے والے تنگ نظر ہندو تھے۔

ملک کی بگڑی ہوئی فضا سے متاثر ہو کر یہ اخبار نویس اپنے فرقہ کی بیجا حمایت اور دوسرے کی نارواتذلیل میں اپنی ساری قابلیت صرف کرتے تھے ایسے ایسے اشتعال انگیز مقالے سپرد قلم کئے جاتے جنھیں پڑھکر ہیلک کے جذبات بُری طرح برانگیختہ ہوتے تھے۔ چنانچہ ٹھاکر صاحب اور خانصاحب بھی چند ہفتوں کے مسلسل مطالعہ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ روز بروز رنگ گہرا ہوتا گیا اور کچھ دنوں میں وہ سخت متعصب فرقہ پرست ہو گئے!

ایک روز ٹھاکر صاحب کے ہاں خانصاحب بیٹھے ہوئے تھے کہ ڈاکیئے نے لاکر ایک ہندی اخبار دیا۔ ٹھاکر صاحب نے بڑے شوق سے اُسے لیکر دیکھنا شروع کیا۔ پہلی ہی سرخی تھی۔

"ملکش مسلمانوں کا ہندو جائیدادوں پر اچانک حملہ۔ بے گناہ عورتیں اور بچے بے خبری کی حالت میں بُری طرح قتل کئے گئے!"

ٹھاکر کے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے اخبار کا ورق ٹھیک کیا

اور بہت غور سے اس خبر کو پڑھنے لگے۔ ایک صفحے کا طولانی مقالہ، جسکا ہر ہر فقرہ گویا زہر میں بجھا ہوا نیچہ تھا، اپنا کام اچھی طرح کر گیا!

ٹھاکر غصہ میں بت بنے ہوئے بیٹھے تھے کہ خانصاحب پوچھ بیٹھے "کیوں بھئی ٹھاکر، خیر تو ہے، وہ کون سی خبر ہے جسکے متعلق تم اس قدر غور کرنے لگے؟ ذرا میں بھی سنوں"۔

ٹھاکر کا پیمانۂ صبر لبریز ہو چکا تھا، انہوں نے بلند آواز میں جواب دیا۔ خبر کے متعلق تو غور نہیں کرتا، البتہ اسلام اور اسکے ماننے والوں کی حمیت و شرافت کے بارے میں سوچ رہا ہوں۔ وہ انتہائی از خود رفتگی کے عالم میں کہتے گئے۔ اور میں نہیں سمجھتا کہ ایسے مذہب کو دنیا میں باقی رہنے کی کیا ضرورت ہے جسکی گود کے پالے ہوئے انسان آدم خور رورندے ہو جاتے ہیں!"

وہ یہیں تک کہہ چکے تھے کہ خانصاحب کے دل میں دبی ہوئی آگ یک بیک بھڑک اٹھی۔ تڑپ کر بولے "ٹھاکر، تمھارا فیصلہ بالکل غلط ہے۔ تمھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ اس حیوانیت و درندگی کا مظاہرہ اول اول تمہارے ہی طرف سے کیا گیا ہے اور اسکی تمامتر ذمہ داری تم ہی لوگوں پر ہے۔ مساوات و حریت کا دلدادہ اسلام آدم خوری کی تلقین نہیں کرتا، البتہ چھوت اور چھوت کے فرق پر جانیں لینے والا ہندو دھرم ذلت، حقارت، نفرت اور ظلم کی تعلیم دیتا ہے۔ وہی انسان کو گھانس پات کھانیوالا جانور بنا کر اسکی "انسانیت" کا جوہر برباد کر دیتا ہے۔ ذرا دل پر ہاتھ رکھکر بتاؤ کہ جو مذہب ایسی مختلف جماعتوں کا مجموعہ ہو جسکے افراد ایک دوسرے کو بالکل ناپاک اور ناقابل موالات تصور کرتے ہوں اسمیں محبت، رحم اور انسانیت کہاں سے آئیگی۔؟"

ٹھاکر نے بات کاٹ کر کہا۔ "خان، دیکھو اس طرح کے جملوں کی تاب کوئی ہندو بچہ اور پھر راجپوت کبھی نہیں لا سکتا۔ اب آگے منھ سے کچھ اور نکالا تو گردن سے زبان کھینچ لونگا"۔

خانصاحب آگ بگولا ہو گئے۔ بولے "میں بھی پٹھان بچہ ہوں۔ ذرا زبان سنبھال کر باتیں کرو!"

دونوں تنکا ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہو گئے اور قریب تھا کہ بچپن کے دوست آپس میں دست و گریبان ہو جائیں کہ دوسرے عاقبت اندیش ساتھی یہ دیکھکر فوراً بیچ میں آ گئے۔ انمیں سے چندے خاں صاحب کو پکڑ لیا اور ٹھاکر صاحب کے ہاں سے ہٹا کر سمجھاتے بجھاتے ہوئے مکان تک پہنچا گئے۔

خاں صاحب نے اپنے بیٹھک میں پہنچکر دیکھا تو پلنگ پر اُن کا اُردو کا اخبار پڑا ہوا تھا۔ اُنھوں نے جھپٹ کر اسے اُٹھا لیا اور جلد جلد اُلٹ کر دیکھنے لگے۔ ایک جگہ لکھا تھا۔

"بنارس کے پنڈوؤں کی ایک بڑی جماعت نے مسلمان مسافروں کو گھیر کر سارا زر و مال چھین لیا اور بڑی بے دردی سے مارا!"

تفصیلات سے معلوم ہوا کہ یہ وہی خبر ہے جسے ہندو اخبار لیڈر نے اپنے رنگ میں رنگا تھا۔ اس اخبار میں سراسر ہندوؤں کی زیادتی اور مسلمانوں کی بے گناہی ثابت کی گئی تھی۔ خاں صاحب نے پڑھکر وہ اخبار ایک آدمی کو دیا اور کہا کہ "جا کے ٹھاکر کو دو اور اور کہو کہ آنکھ ہو تو اسے بھی دیکھیں"!

(۲)

اتنی ہی دیر میں سارے گانوں میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ دونوں رئیسوں میں نفاق ہو گیا۔ کوئی خوش ہوا کوئی رنجیدہ۔ آپس میں چہ می گوئیاں اور ہر جگہ اسی کے چرچے ہونے لگے۔

چند دنوں سے ایک سنیاسی نہ معلوم کہاں سے آکر موضع شمس آباد کی آبادی سے کچھ دور مقیم تھے۔ اُنھوں نے ایک چرواہے سے پوچھا "کیوں بچا گانوں میں سب کشل منگل ہے؟" اُس نے

جواب میں مفصل طور پر بتایا کہ دونوں زمینداروں میں آج اس بات پر چل گئی اور سارے گاؤں میں اس طرح ہلچل ہے۔

سنیاسی کھانا کھانے بیٹھے تھے۔ چھوڑ کر اُٹھ کھڑے ہوئے اور ہاتھ میں سونٹا لیکر گاؤں کی طرف چلے۔

ٹھاکر صاحب نے باباجی کو آتا دیکھا، اگرچہ سر پر غصہ کا بھوت سوار تھا لیکن اس رحمت کے فرشتے کو دیکھکر بیٹھ نہ سکے۔ دل میں کہا "ٹھاکر آج کیا ہے جوان چھوکروں نے اس جھونپڑے کو پوتر کیا" اور قدم لینے کے لئے بیساختہ آگے بڑھے۔ بڑے خلوص سے خیر مقدم کیا اور بڑے احترام سے بٹھایا۔ لیکن باباجی دلکی بات سمجھ گئے اور "پاؤں لگی" کے جواب میں "اُسیرباد" دیکر کہنے لگے۔ "ٹھاکر جی۔ مجھے یہ سنکر بڑا دکھ ہوا کہ آپ اپنے بچپن کے سنگی اور جوانی کے ساتھی سے آج ایک بے بات کی بات پر بگڑ گئے اور ساری عمر کا کیا دھرا مٹی میں ملا دیا! مجھے یہ معلوم کر کے اور رنج ہوا کہ اس جھگڑے کی وجہ "دھرم" بنایا گیا ہے۔ ہائے سنسار کی طرح تم نے بھی دیوتاؤں کے اس پوتر کام کو بدنام کیا اور دنگا فساد کا کارن" بنایا۔"

ٹھاکر نے بالکل اُس بیمار کی طرح جسکا زخم دبا دبا کر مواد نکالا جا رہا ہو تلملا کر کہا "باباجی میں اپنے دھرم کا دشمن نہیں ہوں۔ پر کیا کروں۔ یہ ملیچھ کسی طرح سکھ سے بیٹھنے نہیں دیتے۔ یہ لیجئے۔ اس خبر کو پڑھئے۔ ہمارا اسے دیکھکر کوئی اپنے ہوش میں رہ سکتا ہے؟"

سنیاسی نے اخبار لیکر پڑھا۔ پھر کہا۔ "اچھا باباجی، اب اُس اخبار کو دیکھو جسکا لکھنے والا مسلمان ہے۔ اُس کا بیان بھی سنو۔" ٹھاکر۔

ٹھاکر کے سامنے خاں صاحب کا ملازم چپکے سے اخبار رکھکر بھاگ گیا تھا اور وہ غصہ کی وجہ سے اس عالم میں تھے کہ اُسے ابتک مُڑکے بھی نہ دیکھا تھا۔ سنیاسی نے اُسے اُٹھا کر پڑھنا شروع کیا۔ بیان بالکل برعکس تھا! اُسے سنکر ٹھاکر کی پیشانی پر کئی شکنیں پڑ گئیں۔ دل نے کہا "واقعہ بالکل ایک دوسرے کے خلاف خبریں ہیں" وہ ابھی خاموش ہی تھے کہ سنیاسی نے زور دیکر کہا "باباجی اب کسکو سچ مانیں اور کسکو جھوٹ؟ مت اور دھرم کو بیچ میں لاکر دنیا والے یونہی بات کا بتنگڑ اور رائی کا پہاڑ بناتے ہیں۔ نہیں تو، باباجی، دھرم کبھی دنگا فساد، کاٹ مار نہیں سکھاتا، وہ تو پریم اور محبت کا۔ پرچار کرتا ہے۔ چار دن کی زندگی میل جول، ہنسی خوشی سے گزارنا سکھاتا ہے۔ دل توڑنا اور سر پھوڑنا نہیں بتاتا۔ برہما کا ہردے پربت کی طرح سخت نہیں، گنگا کی طرح نرم ہے! تم اُسی کی لہریں ہو، پھر ایسے پتھر کیسے ہو گئے؟ دیکھو اب مجھے زیادہ پریشان نہ کرو۔ آؤ اُٹھو، اور میرے ساتھ چلو۔"

باباجی کی دل سے نکلی ہوئی باتوں نے سننے والوں کے دلوں میں اسی طرح جگہ پائی جسطرح خود باباجی نے اُس مجلس میں اٹھکر محسوس کیا کہ اسوقت اُنکے بھدے اور بھونڈے فقرے کچھ کام نہ کرینگے۔ آخر انھوں نے باباجی کی مرضی اور لوگوں کے اصرار کے آگے سر تسلیم خم کر دیا اور چپکے سے سنیاسی جی کے ساتھ ہو لئے۔

آگے آگے باباجی، اُنکے پیچھے ٹھاکر صاحب اور اُنکے پیچھے گاؤں کے بہت سے برہمن چھتری اور پٹھان خاں صاحب کے مکان میں داخل ہوئے۔ خاں صاحب لیٹے ہوئے تھے سنیاسی جی کو آتا دیکھکر بیٹھ گئے۔ جب وہ اور قریب آئے کھڑے ہو گئے اور سلام کر کے مناسب جگہ پر بیٹھنے کی درخواست کرنے لگے۔

سنیاسی جی نے کہا۔ "باباجی میں ابھی نہیں بیٹھ سکتا۔ پہلے میری اچھا کرو پھر میں بیٹھونگا۔ ابھی تو مجھے بڑ کنٹ ہے!"

خاں صاحب نے گھبرا کر پوچھا "کس بات کی تکلیف ہے؟"

سنیاسی نے بات کاٹ کر کہا۔ "بابا سنو" میں ہندو دھرم کا ماننے والا ہوں پر میں نے "ہرمت" کی کتابیں دھیان لگا کر پڑھی ہیں۔ سچ مانو، سب کو ایک ہی طرح "سچا" پایا۔ بس سمجھ کے پھیر، اور "دنیا کے لالچ" نے لوگوں کو مذہب کی جگہ جانور بنا دیا ہے۔ "ہرمت" "آدمی کو آدمی" بناتا ہے پر مایہ کے جال میں اسکا ہر دے پھنسکر ڈانواڈول ہو جاتا ہے سنسار کی اسی ناسمجھی نے مجھے اتنا دکھ دیا کہ میں اپنا سارا کام کاج چھوڑ کر اسی کے پیچھے پڑ گیا۔ آج دیس دیس کی لئے مارا مارا پھرتا ہوں کہ جیسے بھی ہو آپس کا میل جول اور پریم پریت بڑھے۔ یہی سنگ تمہاری طرف بھی لائی ہے تم لوگوں کو یہاں مل جل کر رہتے سہتے دیکھکر خوش تھا۔ آج بری خبر سنی۔ کہ تم دونوں ایک جگہ کے قدیمی "دھرم" اور "مذہب" کے نام پر بچھڑ گئے! سمجھو! دھرم اور مذہب بچھڑوں کو ملاتا اور روٹھوں کو مناتا ہے۔ دھرم "چاہت" کی ایک روپ ہے مذہب "عشق" کی ایک قسم ہے۔ اس سے آتما بڑھکر پرماتما سے مل جاتی ہے۔ اسکے ماننے والے کبھی ایک دوسرے سے جدا ہو ہی نہیں سکتے۔ پیار دوا پریمیشور کی دیا ہے کہ تم دونوں دھرم اور مذہب کے ماننے والے ہو، پھر کیسی جدائی؟ ٹھاکر بڑھو۔ خان آگے آؤ، اور دونوں بھائی ملکر "پریمیشور" کے ماننے والوں کے جتھے کو مضبوط بناؤ!" یہ کہتے کہتے سنیاسی نے اپنے محبت کے ہاتھ بڑی نرمی سے ٹھاکر اور خان کے کاندھوں پر رکھکر دونوں کو گلے ملا دیا! سارا مجمع خاموش تھا صرف آنکھوں سے گرم گرم آنسو نکل رہے تھے! پھر بابا جی نے دونوں اخباروں کو منگایا اور انھیں ایک ساتھ آگ لگا دی۔ ایک ہی منٹ میں متعصب اخبار نویسوں کے دل کی طرح سیاہ کاغذ کے ٹکڑے ادھر ادھر اڑ رہے تھے اور ٹھاکر صاحب اور خاں صاحب انھیں اپنے اپنے جوتوں سے روندتے پھرتے تھے۔ (خاص)

بقیہ صفحہ ۴۶۵

اور کھیں۔ دوسری معاشرتی خرابیوں کو دور کیا جا رہا ہے۔ بدنصیب ہندوستان کی یہ خوش نصیبی کیا کم ہے کہ جو کام اور ممالک حصول آزادی کے بعد کر رہے ہیں وہ اسے حصول آزادی کی کوشش کے ساتھ ساتھ کرنے کا موقع ملا ہے بلکہ اسکے حالات ہی کچھ اس درجہ عجیب و غریب ہیں کہ وہ جس شدت سے اس پروگرام کی تکمیل کی کوشش کریگا۔ اسی نسبت سے اپنے مقصد سے قریب تر ہوگا۔

سب سے آخر میں اس تحریک کے ایک اور پہلو کی طرف اشارہ بھی ضروری ہے کیونکہ اس کا تعلق اس طریقے کے اصلاح سے ہے جسکی خدمت تجاذ کر رہا ہے میرا اشارہ طبقۂ نسواں کی طرف ہے۔ ہماری بہنوں میں موجودہ تحریک سے جو عدیم النظیر بیداری ہو چکی ہے وہ موجودہ تاریخ کا ایک قابل حیرت واقع شمار ہوگا۔ اور ممالک میں خواتین کو اپنے جو حقوق منوانے کیلئے بیحد جد و جہد کرنا پڑی ہے وہ حقوق ہندوستانی خواتین کو انکی موجودہ بیداری اور تحریک وطنی میں حصہ لینے سے خود بخود حاصل ہونگے۔ کیا ان قربانیوں کے بعد جو ملک

ہند سنز لمیٹڈ، مسز کملادیوی چٹوپادھیا، مسز منی، مسز بیرن کسٹن، مسز نعمانی (بدرالدین طیب جی مرحوم کی صاحبزادی) نے اور دوسری صدہا خواتین نے کی ہیں کہ ہندوستانی مرد کو یہ جرأت ہوگی کہ وہ آزاد ہندمیں ہندوستانی خواتین کے جائز حقوق تسلیم کرنے سے انکار کرے؟

غرض متذکرۂ بالا تصریحات سے اندازہ ہوگا کہ تحریک میں شرکت اپنے اندر کتنے فوائد مستمر رکھتی ہے! اب اس فیصلہ کا اختیار مسلمانوں کو ملیگا۔ اس بہتی گنگا میں ہاتھ دھولیں۔ اور اپنے ہمسایہ برادران وطن کی طرح سیاسی آزادی کے ساتھ ہماری معاشرتی اصلاحات سے بھی متمتع ہوں۔ یا اس سے علیحدہ رہ کر اب اگر ان سے مقابلتاً کچھ پیچھے ہیں تو آئندہ اور پیچھے پڑ جائیں۔ امید ہے کہ مسلمان جیسا کہ انکی طرز عمل سے ثابت ہو رہا ہے صحیح فیصلہ کرینگے۔ (خاص)

ادبی دنیا

کلام ناتمام

(پروفیسر تاجور، چیف ایڈیٹر رسالہ ادبی دنیا روزنامہ اتحاد ناہار پریم لاہور)

نہیں امتناعِ نظیر حق مگر ایک بات میں شک نہیں
کہ جہان حسن میں کوئی فرد ترا جواب نہ ہو سکا
یہ تجلیوں کا وفور تھا تری جلوہ گاہِ جمال میں
کہ نگاہِ شوق سے اس ہجوم میں انتخاب نہ ہو سکا
تری بزم عام میں دھوم ہے۔ ترے لطفِ عام کی اور میں
فقط ایک میں ہوں وہ بدنصیب کہ باریاب نہ ہو سکا
نہ فضائے دل میں سما سکیں تری طلعتیں اسے کیا کروں
کہ یہ آئینہ ہی حریفِ جلوۂ لاجواب نہ ہو سکا

(خاص)

سراغ رسانی کے افسانے

(جناب عابد علی صاحب عابد ایم اے ایم او ایل ایل بی جوائنٹ ایڈیٹر ہمایوں نیلا گنبد لاہور)

عصر حاضر کے نقاد تمام ناولوں اور افسانوں کو ایک ہی ادبی معیار سے جانچنے کے عادی ہو گئے ہیں۔ حالانکہ وہ مسلمہ ادبی معیار جس سے اکثر سراغ رسانی کے افسانوں کو جانچا جاتا ہے۔ صرف ان تخلیقات ادب کے لئے موزوں ہے جن کی اختراع کا مقصد یہ ہو کہ مصنف کو تجاذو دوام حاصل ہو جائے اور تصانیف کو بہترین تمثیلی تخلیقات کی صف میں جگہ مل جائے۔

ظاہر ہے کہ تمام ناولوں کی تحریر کا مقصد یہ نہیں ہوتا۔ اور اس کے ساتھ ہی یہ بات بھی ظاہر ہے کہ ایسے ناولوں کو ایسے معیار سے جانچنا جس سے مصنف نے قصداً تغافل برتا ہو ہرگز بھی جائز نہیں

وہ ناول جو صرف قاری کی دلچسپی کے لئے لکھے جاتے ہیں۔ ان ناولوں سے قطعاً مختلف ہوتے ہیں جن کا مقصد "ذہن" اور "جمالیات" سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس قسم کے ناول عارضی دلچسپی پیدا کرنے کی کوشش میں اکثر صنعت کے اصولوں سے بے پرواہ ہو جاتے ہیں۔

دلچسپ ناول اور "ادبی ناول" کی تحاریک اختراع اپنی نوعیت میں بالکل جداگانہ ہیں۔ ان کے مقاصد میں کوئی بات مشترک نہیں۔ پہلی قسم کا ناول علی الاعلان "سطحی" ہے دوسری قسم کا منطقانہ طور پر گہرا۔ وہ ذہنی اثرات جو ان سے مترتب ہوتے ہیں بالکل مختلف ہیں۔ اور ان میں کوئی نفسیاتی مشابہت نہیں۔ قصہ مختصر ان دونوں میں کوئی بھی پہلو مشترک نہیں۔ قاری کی نظر میں یہ ناول کبھی ایک طرح کے نہیں ہو سکتے۔

ان ناولوں کو ایک ہی معیار سے جانچنے کی کوشش کرنا اسی طرح ہے گویا کوئی امانت کی "اندر سبھا" اور شیکسپیر کے کنگ جان کو ایک ہی قسم کے اصولوں سے جانچنے کی کوشش کرے۔

فنون مناظر و مرایا میں یہی اصول کارفرما ہے۔ چغتائی اور راجہ روی ورما کی تصاویر کو ایک ہی نقطۂ نظر سے دیکھنا مقوم الذکر پر ظلم ہوگا "ہلکے" ناولوں کی چار قسمیں ہیں۔ (الف) رومانی

ناول۔ یعنی وہ افسانے جن کا مرکز تخیل محبت ہے۔ مرکزی کردار اور مرکزی جذبات اسی شعلۂ آرزو کے گرد رقص کرتے ہیں (ب) تھور کے ناول یعنی وہ افسانے جنمیں تھور اور شجاعت کے کارنامے مرکزی رنگ لئے ہوتے ہیں (ج) اسرار کے افسانے یعنی وہ تحریریں جن میں ایک راز مرکز کے طور پر ہوتا ہے اور کردار اس راز کے انکشاف میں ممد و معاون ہوتے ہیں۔ (د) سراغ رسانی کے ناول یہ چاروں قسم کی تحریریں اکثر ایک دوسرے میں مدغم ہو جاتی ہیں اور بعض اوقات تو ان کی جزئیات میں اس قسم کا اختلاط پیدا ہو جاتا ہے کہ یہ اندازہ قائم کرنے میں مشکل پیش آتی ہے کہ افسانے کو کونسی قسم قرار دیا جائے۔ مندرجہ بالا چار قسموں میں سے سراغ رسانی کے افسانے اپنی پیچیدگی۔ تشکیل۔ ارتقا ترتیب۔ اور پلاٹ کی دلچسپی کے اعتبار سے ممتاز ہیں حقیقت تو یہ ہے کہ اس قسم کے افسانے ناول کی ایک بالکل نئی قسم ہیں اور سوائے چند ترتیبی خصوصیات کے ان میں اور دوسرے ناولوں میں کوئی بات مشترک نہیں ہے۔

ان کی دلچسپی کا راز۔ موجودہ ادب میں سراغ رسانی کے افسانوں کو جو اہمیت حاصل ہے اس کے متعلق کسی صحیح نتیجے پر پہونچنے کے لئے ان افسانوں کی اثر آفرینی کا راز دریافت کرنا ضروری ہے۔ آخر ان میں وہ کیا شے ہے جو قاری کو متاثر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے قاری ان کے مطالعہ میں دنیا و مافیہا سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ وہ لوگ بھی جن کا ذہنی رتبہ بلند ہے جنکا تمدنی نقطۂ نظر قابل تعریف ہے جن کا ماحول تعلیم و تہذیب کے بہترین اثرات سے لبریز ہے۔ ان افسانوں کو پسند کرتے ہیں۔

اکثر کالج کے پروفیسر۔ مشہور سائنس داں۔ فلسفی اور وہ حضرات بھی جنکے دایرہ ہائے عمل حیات کے اہم اور پیچیدہ شاغل سے متعلق ہیں۔ تمام ادبی تحریروں کو پس پشت ڈالکر "تفریح" کے طور پر اسی قسم کے افسانوں پڑھنا پسند کرتے ہیں۔

اس کا جواب صرف یہ ہے کہ دراصل سراغ رسانی کا افسانہ ناول ہے ہی نہیں بلکہ اس کا لائق فن معما ہے ہے۔ یہ افسانہ ایک پیچیدہ اور وسیع معما ہے جس کو ناول کی شکل دی گئی ہے معمے میں اور اس افسانے میں یہ بات مشترک ہے کہ دونوں صورتوں میں ذہن کو ایک پیچیدہ بات حل کرنا پڑتی ہے اور حل ذہن کے عمل پر مبنی ہوتا ہے یعنی تحلیل و تجزیہ بظاہر غیر متعلق اور غیر موثر واقعات کی ترتیب اور ان کا مناسب جوڑ اجزائے ترکیبی کی واقفیت اور اندازہ دونوں صورتوں میں قاری کو "سراغ" دیا جاتا ہے۔ تاکہ وہ "انکشاف" کے راستے پر گامزن ہو سکے۔ جھوٹے جھوٹے واقعات حل کرنے کی راہ میں شمع فروزاں کی طرح روشنی کر دیتے ہیں۔ اور اس روشنی میں منزل کا دھندلا سا خاکہ نظر آنے لگتا ہے دونوں صورتوں میں مسئلے کے حل ہونے کے بعد تمام اجزائے ترکیبی ایک کل میں اس طرح مدغم ہو جاتے ہیں کہ انسان متحیر بھی ہو جاتا ہے اور مرعوب بھی۔

حقیقت یہ ہے کہ اس ورڈ معمول اور سراغ رسانی کے افسانوں میں مشابہت کے اتنے عناصر پائے جاتے ہیں کہ نقاد یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ سراغ رسانی کے افسانوں کے اجزاے ترکیبی مشین کے اجزائے ترکیبی کی طرح ہیں۔

دراصل سراغ رسانی کے اچھے افسانوں کا تخلیقی محرک "مشینیت" ہے اور اس بات کی تائید میں اس قسم کے افسانوں کے موجد کی ذہنیت کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے۔ آڈگر ایلن پو جو اس قسم کے افسانوں کا موجد ہے سائنٹیفک تجارب کا دلدادہ تھا۔ اس کی فطرت میں تحلیل و تجزیے کی قوتیں پنہاں تھیں ان کا ایک پرتو "میزل کی شطرنج کا کھلاڑی"

دستخطوں کا ایک باب "رموزِ تحریر" میں پایا جاتا ہے اس کے چار مشہور افسانے "ارما گو کے قتل" "میری راجٹ کا قتل" "گولڈ بگ" "گم شدہ خط" جو تحلیل و تجزیہ کے بہترین نمونے ہیں ان قیاسات کے منطقی نتائج ہیں جو وہ سائنس کے امکانات کے متعلق قائم کیا کرتا تھا۔

اعمالِ ذہنی سے زیادہ کوئی شے خیال آفریں نہیں عقلی معموں سے زیادہ کوئی شے دلچسپ اور اثر افزا نہیں۔ انسان سے ہمیشہ اس ذہنی کاوش سے مسرت حاصل کی ہے جو کسی معمے کو حل کرنے میں پیش آتی ہے۔ وہ دماغی ورزش جو معموں کو حل کرنے میں کرنی پڑتی ہے جسمانی ورزشوں سے کہیں زیادہ مسرت خیز اور پُر لطف ہے۔

تاریخ عالم کے اوراق اس قسم کے واقعات سے پُر ہیں۔ "چہار مقالہ" کا مصنف نظامی عروضی سمرقندی رقمطراز ہے کہ پچھلے زمانوں کے عظیم الشان بادشاہ اپنے معاصرین کی عظمت و شوکت کا اندازہ قائم کرنے کے لئے معمے نغز لطائف و ظرائف اور پیچیدہ سوال بھیجا کرتے تھے۔ جن بادشاہوں کے پاس یہ سوال ارسال کئے جاتے تھے وہ اپنے وزرا اور علما کو جمع کرتے تھے اور جب تک معموں کو حل نہ کر لیا جاتا تھا۔ اراکین دولت کو چین سے بیٹھنا نصیب نہ ہوتا تھا ہارون الرشید نے شارل مین کو ایک ایسی گھڑی تحفے میں ارسال کی تھی جس کے حیرت انگیز کارناموں کو جادو پر محمول کیا جاتا تھا۔

پھر اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہئے کہ اطمینان سے معمے کے حل کا انتظام کرنا اور شے ہے اور ان اجزا کو سمجھنے کی کوشش کرنا اور شے ہے جو "انکشاف" میں ممد و معاون ہوتے ہیں معمولی اسرار اور تہور کے افسانوں میں مصنف آخری باب میں راز کی گرہ کھول دیتا ہے۔ قاری اطمینان سے بیٹھا ہوا "انکشاف" کا انتظار کرتا رہتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ مصنف اپنے کمال فن سے تحیر۔ شک اور امید و بیم کی مختلف کیفیات پیدا کر کے پڑھنے والے کی دلچسپی کو قائم رکھتا ہے۔ لیکن پڑھنے والا واقعات کے ساتھ حرکت نہیں کرتا۔ وہ واقعات سے بے نیاز رہتا ہے۔ دوسری طرف سراغ رسانی کے افسانوں میں جذبات کا اتار چڑھاؤ ایک ثانوی اہمیت رکھتا ہے۔ پڑھنے والا واقعات کے ساتھ حرکت کرتا ہے اس کا ذہن معمے کو حل کرنے کی کوشش میں مصروف ہو جاتا ہے وہ سراغ لگاتا ہے۔ شبہ کرتا ہے۔ اپنے شبہات کی تردید کرتا ہے سوچتا ہے "انکشاف" کا راستہ ڈھونڈتا ہے۔ اور پھر خود ہی اپنی بنی بنائی عمارت کو گرا دیتا ہے۔ اس گری ہوئی عمارت پر وہ ایک نئی تعمیر کی بنیاد رکھتا ہے۔ الغرض آخری باب تک وہ تاش کے گھر بنا بنا کر لگاتار گراتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سراغ رسانی کے افسانے ترقی پذیر ہیں۔ دوسرے افسانے یا ناول پڑھے جائیں یا باقی رہیں۔ سراغ رسانی کے افسانے یقیناً باقی رہیں گے جب انسانی فطرت نہ بدلے گی ایسے افسانے لکھے جائیں گے۔

سراغ رسانی کے افسانوں کے اصول۔

سراغ رسانی کے افسانوں کے اصول باقی اصناف ادب سے مختلف ہیں اس قسم کے افسانوں کے مصنفین نے خود ہی چند اصول وضع کرتے ہیں قانون بنائے ہیں۔ اور انھیں اصولوں پر تمام افسانے لکھے جاتے ہیں۔ ایسے افسانوں کی صنعتی ترتیب اجزا کا اختلاط۔ اور پلاٹ کی پیچیدگی بہت جاذب توجہ ہوتی ہے۔ اپنے مراحل ارتقا میں یہ صنف ادب باقی اصناف سے پرے ہوتے ہوتے ایک نئی مملکت میں جا داخل ہوئی ہے جہاں کے رسوم و رواج پرانے اصناف ادب سے مختلف ہیں۔ یہاں تک کہا جا سکتا ہے کہ سراغ رسانی کے افسانوں کے اصول باقی تمام افسانوں کے اصولوں سے متضاد ہیں۔

سراغ رسانی کے ناول یا افسانے میں "واقعیت" ایک جزو لازمی ہے۔ کوشش کی گئی تھی کہ ایسے ناولوں یا افسانوں کو واقعی ماحول سے بلند کر کے تخیلی دنیا میں لے جایا جائے۔ لیکن یہ کوشش قطعاً ناکامیاب رہی۔ معمولی ناولوں میں ایک تخیلی یا غیر واقعی عنصر بھلا معلوم ہوتا ہے۔ پڑھنے والے مادی دنیا کی بندشوں اور یہاں کے معین قوانین سے آزاد ہو کر ایک تخیلی دنیا میں جا بستے ہیں جہاں آرزو محبت کے پھول کھلاتی ہے۔ لیکن سراغ رسانی کے افسانوں میں اس عنصر کا پایا جانا ایک مہلک بات ہے۔ پڑھنے والا ذہنی دوش سے کام لیتا ہے اور اس کی قوتوں کو بیدار کرنے کے لئے مصنف اپنے افسانے کو ایک واقعی اور فطرتی رنگ میں پیش کرتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو پڑھنے والا یہ سمجھے کہ اس کی تمام محنت اکارت گئی اس نے واقعی معمے کا حل نہیں کیا۔ دنیا کے عام واقعات اور سراغ رسانی کے افسانوں میں مشابہت اور مطابقت ہونی چاہئے۔

یہی وجہ ہے کہ اس ورڈ معموں میں تمام الفاظ واقعی با معنی الفاظ ہوتے ہیں۔ اور مل کر کسی اہم معاشرتی یا تمدنی مسئلے کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مسٹر اے ای ڈبلیو میسن ایک جگہ لکھتے ہیں کہ ڈوسراغ رسانی کے بہترین افسانے لکھ سکتا تھا۔ یہ کہنے سے ان کا منشا ڈوفو کی ان قوتوں کی طرف اشارہ کرنا تھا جس سے کام لے کر وہ اپنے ناول کے ماحول کو واقعی اور فطری بنا دیا کرتا تھا۔

ماحول کے اثرات معمولی افسانوں پر بہت گہرے ہوتے ہیں اکثر افسانہ نگار مناظر فطرت کی تصویر کشی کرتے ہیں اور اس سے افسانے میں دلکشی کا رنگ بھرنے کی کوشش کرتے ہیں اردو زبان کے بہترین ناول نویسوں کے اکثر ناول اس طرح شروع ہوتے ہیں "آسمان پر گھٹائیں چھائی ہوئی تھیں۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا آرہی تھی ہر شخص کے دل میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ یا پھر اس طرح۔

رات کے بارہ بجے کا عمل تھا۔ خاموشی چھائی ہوئی تھی" اس طرح کی تصویر کشی (بشرطیکہ وہ پلاٹ کے کسی جزو کی تکمیل میں نہ لکھی گئی ہو) سراغ رسانی کے افسانوں میں جائز نہیں اس طرح پڑھنے والے کا ذہن اصلی مدعا یعنی سعی انکشاف کی طرف سے ہٹ کر اسی چیزوں کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے جن کو پلاٹ سے یا واقعات کی ضروری ترتیب سے کوئی تعلق نہیں۔

پلاٹ ایسی خوبصورتی سے مرتب کیا جاتا ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا واقعات حقیقی واقعات معلوم ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر سراغ رسانی کے ناولوں میں نقشے اور خاکے دئے ہوتے ہیں۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو پڑھنے والا اجنبی حالات اور اجنبی عمارتوں سے گھبرا جائے اور "انکشاف" میں اُسے کوئی دلچسپی محسوس نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ایک ملک کے سراغ رسانی کے ناول دوسرے ملک میں دلچسپی سے نہیں پڑھے جاتے۔ انگریزی معاشرت۔ تمدن طریق بود و باش اور ہندوستانی رسوم و رواج میں فرق ہے۔ اگر انگریزی کے اچھے سراغ رسانی کے افسانے اردو میں ترجمہ کئے جائیں تو شاید ہندوستانی اتنی دلچسپی محسوس نہ کریں جتنی انگریز کرتے ہیں۔

کردار نگاری۔ سراغ رسانی کے افسانوں میں کردار نگاری کے اصول بھی معمولی ناولوں سے مختلف ہوتے ہیں۔ اس قسم کے افسانوں کے کردار بیجان تو نہیں ہوتے۔ لیکن ان میں وہ روح زندگی بھی موجود نہیں ہوتی جو کسی کردار کو میر حسن کی نجم النسا کی طرح زندہ جاوید کر دیں۔ سراغ رسانی کے افسانوں کے کردار صرف اس لئے تخلیق کئے جاتے ہیں کہ کہانی تمام تر مصنف کے

ایک پہلے ہی سوچے ہوئے پلاٹ کا نتیجہ نہ معلوم ہو۔ اور واقعات کے عمل اور کرداروں کے ردعمل سے نئے امکانات پیدا کئے جائیں۔ اگر کسی کردار کے جذبات و احساسات کا تجربہ کیا جا رہا ہو گا اور مصنف اس کی طبیعت کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرے گا تو افسانہ بے لطف ہو جائے گا اور دلچسپی جاتی رہے گی۔ آپ غور کیجئے آج تک آپ نے جتنے سراغ رسانی کے افسانے پڑھے ہونگے۔ ان کے کردار آپ کے ذہن میں کبھی محفوظ نہ ہوں گے (ماسوا سراغ رساں کے) انداز۔ سراغ رسانی کے افسانوں کا رنگ تحریر یعنی انداز صاف سادہ رواں ضمائر بدائع اور تشبیہات و استعارات سے خالی ہونا چاہئے۔ ضمائر و بدائع دور از کار استعارات ادبی شان تفصیلی تحلیل بقصور کشی۔ ایسے عناصر ہیں۔ جو قاری کے ذہن کو واقعات کی ترتیب سے ہٹا کر غیر متعلق جمالیاتی اثرات کی طرف متوجہ کر دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس طرح توجہ بٹ جانے سے افسانے کی رفتار عمل میں سستی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی قاری کی دلچسپی زائل ہو جاتی ہے۔ پھر "دلچسپی" اور لطف ان افسانوں کا مقصد اعلیٰ ہے۔ اگر وہی فوت ہو گیا تو باقی کیا رہا۔ میری مراد یہ ہیں کہ انداز خشک و اعظانہ یا خطیبانہ ہونا چاہئے۔ میرا مفہوم یہ ہے کہ انداز کو افسانے کے امتیازی عناصر کی مطابقت میں کام کرنا چاہئے۔

پھر یہ بات ضروری ہے کہ مصنف قصداً قاری کو کبھی دھوکا نہ دے۔ وہ اپنی ذہانت سے قاری کو غلط راستے پر گامزن رکھے۔ لیکن اس کی راہ میں غلط نشانات رکھ کر اسے فریب دینے کی کوشش نہ کرے بعض کم سوار مصنف قاری کو قصداً فریب دیتے ہیں۔ وہ اسے قصداً غلط راستہ دکھاتے ہیں۔ ان لوگوں کو اپنی ذہانت پر اعتماد نہیں ہوتا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ اگر انھوں نے قاری کو دھوکا نہ دیا تو وہ فوراً صحیح "حل" دریافت کر لیگا۔ "راز" اور "حقیقت" ہمیشہ الفاظ میں مستور ہونی چاہئے جب ساری کتاب ختم کرے اور وہ دوبارہ صفحات پر نظر دوڑائے تو اسے محسوس ہو کہ واقعی صداقت الفاظ میں مستور تھی اور اگر وہ دانا یا ذہین ہوتا تو فوراً دریافت کر لیتا۔

سراغ رساں۔ سراغ رساں سراغ رسانی کے ناولوں اور افسانوں کا مرکزی کردار ہے۔ وہ ایک ایسا عنصر ہے جس پر کہانی کا ارتقاء منحصر ہے۔ وہ ایک ہی وقت میں افسانے کی مرکزی شخصیت بھی ہے۔ اور مصنف کی ذہانت کی جیتی جاگتی تصویر بھی۔ وہ قاری کے لئے نشانات بھی مہیا کرتا ہے۔ اور خود بھی انکشاف کی طرف جاتا ہے۔ وہی افسانے کو پیچیدہ بناتا ہے اور وہی آخر کار اس گتھی کو سلجھاتا ہے عام طور پر اس کی شخصیت عام آدمیوں سے بلند اور ممتاز ہوتی ہے۔ بعض حضرات نے کوشش کی ہے کہ بچوں کو سراغ رساں بنا دیں۔ لیکن ان کی کوششیں بار آور ہونے کی بجائے سامان استہزا بن گئیں۔ مشہور مصنفین نے مندرجہ ذیل سراغ رساں تخلیق کئے ہیں۔

مصنف	ایڈگر ایلن پو	سراغ رساں	ڈوپن
〃	بلیانک	〃	لوپن
〃	کانٹن ڈائل	〃	شرلاک ہومز
〃	فری مین	〃	تھارن ڈائیک
〃	براما	〃	کیرو ڈاس
〃	مسین	〃	ہناڈ
〃	کرافٹ	〃	مختلف پولیس کے افسر
〃	بیلی	〃	فارچون
〃	بروک	〃	کرنل گور

مصنف	رچرڈ ٹن	سراغ رساں	فادر براؤن
〃	رچرڈ وہارش	〃	جوڈتھ لی۔
〃	ہربرٹ جنکس	〃	ملکم سیج
〃	پوسٹ	〃	انکل انبر

اتحاد۔ سراغ رسانی کے افسانوں کی سب سے بڑی خصوصیت "اتحاد" ہے خصوصیت سے اتحاد جذبات دوسرے ناولوں میں بھی یہ وصف پایا جاتا ہے۔ لیکن معمولی ناولوں میں جذبات مثلاً رحم۔ شفقت۔ محبت اس طرح ملے ہوئے ہوتے ہیں کہ دلچسپی ضائع کرنے کے بغیر ان کا بیان ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف سراغ رسانی کے افسانوں میں امتیازی عنصر تحلیل کا ہوتا ہے اور قاری کی تمام تر توجہ انکشاف کی طرف ہوتی ہے۔ ان حالتوں میں جذبات و احساسات کا بیان نہ صرف غیر متعلق ہوتا ہے۔ بلکہ اس سے ناول پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی سراغ رسانی کے افسانے میں محبت مرکزی خیال کے طور پر نہیں پائی جاتی۔ اگر جذبات کو نمایاں کیا جائے تو کردار نگاری کا رنگ گہرا کرنا پڑتا ہے اور کردار نگاری کے رنگ کو شوخ کرنے سے مرکزی شخصیت (یعنی سراغ رسانی) کا اثر کم ہوتا چلا جاتا ہے۔

انگریزی ادب کے دور حاضر میں سراغ رسانی کے افسانوں میں ایک نمایاں تبدیلی نظر آ رہی ہے۔ اور وہ یہ کہ منطقی۔ ذہین غیر معمولی طور پر دقیق النظر سراغ رساں کی بجائے محنتی اور معمولی سمجھ کا سراغ رساں زیادہ مقبول ہو رہا ہے۔ اس قسم کے سراغ رساں اپنی محنت کے ذریعے آثار و نشانات سے انکشاف کی راہ پر گامزن ہوتے ہیں۔ اور آہستہ آہستہ جزیات کا احاطہ کرتے کرتے "کل" تک پہونچ جاتے ہیں۔

اس قسم کا مسٹر ولکوکس نے اسی قسم کے سراغ رساں تخلیق کئے ہیں۔ اُن کے شاہکار "کاسک" "پالنس کین" "گروٹ پارک مرڈر" گنے جاتے ہیں۔

مسٹر چیسٹرٹن اپنے ایک مضمون کے دیباچہ میں ان باتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں جن سے ایک کامیاب افسانہ نویس احتراز کرتا ہے۔ وہ مسٹر ماسٹرمین کے شاہکار غلط خط کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

اس کتاب کا مصنف ان باتوں میں سے کسی بات کا ارتکاب نہیں کرتا جن کی وجہ سے سراغ رسانی کے افسانے ذلیل ہو رہے ہیں وہ کہانی میں کسی خفیہ انجمن کا ذکر نہیں کرتا۔ وہ بین الاقوامی جھگڑوں سے گریز کرتا ہے۔ وہ کہانی کے خاتمے پر کسی ایسے آدمی کو پیش نہیں کر دیتا جو ہیرو کا ہم شکل توام بھائی ہو۔ وہ آخر میں جرم کسی ایسے معمولی کردار کے سر میں تھوپ دیتا۔ جو آپ کو یاد بھی نہ ہو۔ کیا خوب کہا ہے۔ مسٹر چیسٹرٹن نے لیکن اپنی شاید خیال میں رہا کہ مسٹر ماسٹرمین نے وہ کچھ کر دکھایا ہے جو کوئی اچھا مصنف نہ کرتا یعنی آخر میں خود سراغ رساں قاتل ثابت ہوتا ہے۔

اردو میں سراغ رسانی کے افسانے۔ اردو میں سراغ رسانی کے افسانوں یا ناولوں کا وجود نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ اردو میں اچھے لکھنے والوں کی کمی ہے۔ بلکہ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ عہد "دور تراجم" ہے اور تصانیف بہت کم لکھی جا رہی ہیں۔ سراغ رسانی کے افسانے (جیسا کہ اشارہ کیا جا چکا ہے) غیر زبان سے ترجمہ ہو کر اکثر بے لطف ہو جاتے ہیں۔

(خاص)

ادیب

رام کے باغ میں

[جناب غلام احمد محل ایڈیٹر رسالہ "ادیب" پشاور]

(۱)

ماسٹر الطاف حسین کی منزل مقصود ایک متمول خاندان کا ایک بارونق گھر تھا۔ جہاں وہ ایک وکیل کے بچوں کو تعلیم دینے کے لئے ہر روز صبح دو گھنٹے کے لئے جایا کرتا تھا۔ آج بھی حسب معمول وہ اپنی منزل مقصود تک پہونچگیا۔ اس نے اپنے مخصوص کمرے میں جاکر اپنا ہیٹ میز پر رکھدیا، اور ملازم کو کہا کہ رام بہاری اور جودھا کو بھیج دو۔ ملازم انھیں بلانے کے لئے اندر چلاگیا۔

ماسٹر الطاف حسین "ٹائمز آف انڈیا" کا تازہ پرچہ اٹھاکر دیکھنے لگے، جوں ہی اُس نے چند صفحات بے ترتیبی کے ساتھ اُلٹے، اسے اپنے مرحوم استاد کی تصویر نظر آگئی۔ اُس کے ہاتھ میں اب بھی کمان تھا کمان میں اب بھی تیر تھا۔ اور تیر میں اب بھی وہی آواز پنہاں تھی۔ جو بیک لحہ دنیا و مافیہا کے سکون کو خلش سے لبریز کرسکتی تھی۔ ماسٹر الطاف کے دل سے ایک خاموش آہ نکلی۔ اس نے اخبار بغیر پڑھے میز پر رکھ دیا۔ اور دروازے کی طرف دیکھا، تو جودھا کھڑی سلام کر رہی تھی۔

جودھا سلام کرکے کرسی پر بیٹھ گئی۔ اس کی عمر ۱۵ سال سے کم نہ تھی۔ وہ نوجوانی کی خوبصورت منزل میں قدم رکھ چکی تھی۔

آج اس کے چہرہ پر خوبصورتی کچھ اس انداز سے کھیل رہی تھی، کہ اسکی کمسنی جوانی سے بدلی ہوئی نظر آتی تھی، وہ پوری عورت معلوم ہوتی تھی۔ گرد و پیش اس میں رعنائی، اور دلربائی کے تمام سامان نظر آتے تھے مگر پوشیدہ

ماسٹر الطاف نے اسکی طرف دیکھا اور دیکھتا ہی رہ گیا

جودھا منتظر تھی، کہ ماسٹر صاحب اس سے سبق سنینگے، مگر ماسٹر صاحب تھے کہاں جو سبق سنتے۔ اس کی نگاہیں جودھا میں خدا معلوم کیا نئی چیز دیکھ رہی تھیں۔ جودھا بھی خاموش بیٹھی رہی۔ آخر الطاف ہوش میں آیا۔ وہ دفعتاً چونک پڑا۔ اس نے ادھر اُدھر دیکھ کر پھر جودھا کو دیکھا، اس کی نگاہیں پہلے سے زیادہ ستاثر اور مجروح ہوئیں وہ بعجلت یعنی ایک لمحہ میں جودھا کی رعنائی کو اپنے اندر جذب کرلینا اور خود اس میں جذب ہوجانا چاہتا تھا۔

ماسٹر الطاف نے کمزور اور بھرائی ہوئی آواز میں پوچھا۔ رام بہاری کہاں ہے؟

جودھا:۔ وہ تو آج گانوں چلاگیا ہے، کل آئیگا۔"

الطاف:۔ تم کیوں نہیں گئیں؟"

جودھا:۔ آپ ناراض ہوجاتے، اور میرے سبق میں ہرج ہوتا۔"

الطاف:۔ تمھیں یونہی ناراضی کا خیال ہے۔"

جودھا:۔ کیوں نہیں؟"

الطاف:۔ وکیل صاحب کہاں ہیں؟"

جودھا: "وہ بھی گانوں گئے ہوئے ہیں۔"

الطاف: "گھر میں کون کون ہے؟"

جودھا: "میں ہوں اور تارا ہے، دادا میاں بھی بیمار پڑے ہیں۔" " " " " " "

الطاف: "تو گویا گھر میں تم اکیلی ہو۔"

جودھا: "جی ہاں۔"

الطاف پھر کسی خیال میں کھو گیا۔ وہ بار بار جودھا کو دیکھتا تھا۔ اور سوچتا تھا، کہ کیا یہ وہی لڑکی ہے، جسے میں ہمیشہ پڑھانے کے لئے آتا تھا۔ اُسے بار بار یقین ہوتا تھا، کہ یہ وہ لڑکی نہیں، یہ تو جنت سے اُتری ہوئی کوئی حُور ہے۔ وہ اپنے دل میں کہتا تھا، کہ جودھا بھی ضرور گانوں چلی گئی ہوگی۔ یہ تو میری ہلاکت کا سامان بنکر اور کوئی لڑکی میرے سامنے آگئی ہے۔ آخر کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد اُس نے پھر کہا۔

الطاف: "تم جودھا نہیں ہو؟"

جودھا خاموش ہوگئی۔

الطاف: "نہیں تم جودھا نہیں۔ جنت کی حُور ہو۔ حُسن کی دیوی ہو۔"

جودھا: "ماسٹر صاحب! آپ یہ آج کیسی باتیں کر رہے ہیں۔ سبق سُن لیجئے۔"

الطاف: "آہ جودھا! تمھیں کچھ معلوم نہیں، کہ اس وقت میں تم میں کیا چیز دیکھ رہا ہوں۔ تم ایک دن میں بالکل بدل گئی ہو۔"

جودھا: "میں تو جودھا ہوں۔ آپ مجھ میں کیا تبدیلی دیکھ رہے ہیں۔"

الطاف: "کچھ نہ پوچھو۔ میں جس جودھا کو روزانہ پڑھانے آتا تھا، وہ جودھا تم نہیں۔ تم مجھے پڑھانے آئی ہو، میری فطرت کا امتحان لینے آئی ہو۔"

جودھا: "ماسٹر صاحب! رات سے کچھ طبیعت خراب ہے، اس لئے میں کچھ اور نظر آرہی ہوں۔"

الطاف: "اُف! جودھا! جودھا!"

الطاف اپنی ناقابل جذباتی کیفیات کو برداشت نہ کرسکا۔ اس نے اپنے دونوں ہاتھ جودھا کی طرف بڑھائے اور کرسی سے جودھا کو اٹھا کر اپنے سینے سے لگالیا۔ اس نے ہم آغوشی میں ایسی قوت اور اتنے جوش سے کام لیا۔ کہ جودھا کی زبان سے بے اختیار "رے رام" نکل گیا۔ اور جونہی الطاف کی گرفت ڈھیلی پڑی، وہ بھاگ کر زنان خانہ میں چلی گئی، اور الطاف بھی اُٹھ کر چلا آیا۔

(۲)

الطاف اب اپنے فرض منصبی پر مامور نہیں۔ اُس نے خود ہی وکیل صاحب کے بچوں کو پڑھانا چھوڑ دیا ہے۔ وہ اب جودھا کی محبت کا دیوانہ ہے۔ محبت کے ساتھ دہشت بھی طاری ہے۔ اُسے یقین ہے، کہ اُس نے جس حالتِ اضطرار میں جودھا کو سینے سے لگایا تھا، اس کا علم جودھا کے والدین کو ہوگیا ہوگا۔ وہ لوگوں کی نگاہوں سے چھپتا پھرتا تھا۔ ایک ہفتہ کے بعد وکیل صاحب کا ایک خط اُسے ملا۔ جس میں لکھا تھا۔ کہ "آپ نے بچوں کو پڑھانا کیوں چھوڑ دیا ہے، اگر آپ پڑھانا نہیں چاہتے تو جواب دے دیجئے، تاکہ کوئی دوسرا انتظام کیا جائے۔"

اس خط نے ماسٹر صاحب کی دہشت کو دور کردیا، اور وہ جودھا کی شرافت اور راز داری پر دل ہی دل میں

تحسین کہنے لگا۔ مگر پھر بھی اُسے اندیشہ تھا کہ ممکن ہے وکیل صاحب نے انتقام لینے کے لئے مجھے اس حیلہ سے بُلایا ہو۔ " " " "

اس لئے اُس نے سردست طبیعت کی ناسازی کا بہانہ کر دیا۔ مگر دوسرے ہفتہ پھر وکیل صاحب کا خط طلبی کے لئے پہونچا۔ تو وہ بلا تامل اپنا فرض منصبی ادا کرنے کے لئے وکیل صاحب کے مکان کو روانہ ہوگیا۔

(۳)

رام بہاری اور اُس کی بڑی بہن جودھا تعلیم کے کمرہ میں آئیں۔ جب الطاف نے جودھا کو دیکھا تو اس میں وہی جاذبیت اور رعنائی موجود تھی جس نے اُسے آج سے پندرہ دن پہلے دیوانہ بنا دیا تھا۔ اس نے بچوں کو پڑھانا شروع کیا، مگر پڑھا نہ سکا۔

جودھا اپنی دلربائیوں کے ساتھ اس کی نگاہوں کے راستہ سے اس کے دل میں گھسی چلی جارہی تھی۔ الطاف نے رام بہاری کو کسی کام کے لئے باہر بھیجدیا۔ جب تنہائی ہوئی، تو اس نے جودھا کو کہا "پیاری جودھا! کیا تم میرا قصور معاف کروگی؟"

جودھا چونکی اور خاموش ہوگئی۔ الطاف نے پھر کہا "پیاری جودھا! کیا تم میرے پریم اور دیوانگی کے احساس سے واقف ہو۔ میرا حسرت بھرا دل تم پر بدستور تڑپا جارہا ہے۔ اور میں تمھیں پھر اپنی آغوش خالی کی زینت بنانا چاہتا ہوں"

جودھا: "ہرگز نہیں"

الطاف: "آہ تیری یہ سادگی! میں واقعی دیوانہ ہو جاؤنگا۔ پھر بتاؤ۔ میں آخر میں اپنی تمناؤں کے بیجان کو کیونکر برداشت کروں"

جودھا: "کیا کہہ رہے ہیں ماسٹر صاحب؟"

الطاف: "(دیوانوں کی طرح) کب۔ کس جگہ۔ کس وقت۔ کس طرح۔ کہاں"

جودھا: "ماسٹر صاحب، آپ کیا کر رہے ہیں؟"

الطاف: "آج شام کو سیر کے لئے کہاں جاؤگی؟"

جودھا: "رام کے باغ میں"

جودھا ایک حسین لڑکی تھی۔ مگر جذبات محبت سے بالکل ناآشنا تھی۔

الطاف: "تو رام کے باغ کسوقت جاؤگی؟"

جودھا: "شام کو پانچ بجے"

الطاف: "تمہارے ساتھ اور کون ہوگا؟"

جودھا: "کوئی نہیں"

الطاف: "اچھا میں بھی وقت مقررہ پر پہنچونگا"

رام بہاری آگیا۔ پڑھائی شروع ہوگئی۔ مگر بے ترتیبی سے، بے پروائی کے ساتھ جلد جلد وقت ختم کرنے کے بعد ماسٹر صاحب اُٹھ کھڑے ہوئے، اور چلتے چلتے جودھا سے کہہ گئے "یاد رکھنا"

(۴)

شام کے ۵ بجے الطاف "رام کے باغ" گیا۔ اور چپہ چپہ چھان مارا۔ مگر جودھا کا کہیں پتہ نہ تھا۔ رات کے دس بج گئے، مگر ابھی تک جودھا نہیں آئی۔

اب ۱۲ بج گئے ہیں۔ مگر الطاف دیوانوں کی طرح رام کے باغ میں گھوم رہا ہے۔ صبح ہوگئی، مگر جودھا کا

شیدائی اب بھی تلاش میں مصروف ہے۔ اور بآواز بلند پکار رہا ہے۔" ہائے وہ تو نہیں آئی۔ مجھے دھوکا دیا۔ آہ! اب میں کیا کروں۔" پرستار محبت الطاف رات کا جاگا ہوا ایک پتھر پر سر ٹیک کر بیٹھ گیا۔

نیند تو سولی پر بھی آجاتی ہے۔ چنانچہ نسیم سحری کے سرد و خوشگوار جھونکوں نے لطاف کو لوری دیکر سُلا دیا۔ وہ بے حواس تھا۔ کہ اسکی آنکھیں بند ہوگئیں۔ دل جاگ اٹھا تخیلات کی محفل آباد ہوگئی۔ جودھا اُسے خواب میں نظر آئی۔ وہ مُسکرا رہی تھی۔ لیکن اُس کی آنکھوں سے آنسو ٹپک رہے تھے۔ خوشی اور غم کی ملی جلی تصویر الطاف کے سامنے کھڑی تھی۔ الطاف ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا تم نہیں آئیں۔ مجھے دھوکہ دیا۔ آہ! کیسا تم مجھے دنیا سے کھو دینا چاہتی ہو۔ جودھا! میں مجبور تُجھ ہوں۔ تمھارا فدائی ہوں۔ تم نے رام کے باغ میں ملنے کا وعدہ کیا تھا۔ مگر افسوس تم بھول گئیں۔

جودھا! میں رام کے باغ میں تمھارا انتظار کر رہا ہوں تم جسلد آؤ۔"

الطاف کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے متحیر نگاہوں سے ادھر اُدھر دیکھا۔ اور جودھا جودھا کہتا ہوا اِدھر اُدھر ایک طرف دوڑا دیوار سے ٹکر کھائی۔ گرا، پھر اٹھا۔ اور دیوانہ وار اِدھر اُدھر جا گھسنے لگا۔ اس کے ہونٹ خشک اور آنکھیں سُرخ تھیں۔ چہرہ زرد پڑ گیا تھا۔ وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد اٹھا۔ "رام کا باغ۔ رام کا باغ" کہتا ہوا سیدھا وکیل صاحب کے گھر پہونچا۔

(۵)

الطاف نے جوں ہی وکیل صاحب کی کوٹھی کے احاطہ میں قدم رکھا، اُسے وہاں لوگوں کا ایک ہجوم نظر آیا۔ کوٹھی پر اُداسی طاری تھی۔ اندر سے ماتم اور رونے کی آوازیں آرہی تھیں۔ ماسٹر الطاف کو دیکھ کر نگشور (جودھا کا چھوٹا بھائی) اس سے لپٹ گیا۔ اور چلا چلا کر "ہائے بوا ہائے بوا" کرنے لگا۔ الطاف متحیر اور خاموش تھا۔ اس میں کسی قسم کے استفسار کی قوت نہ تھی۔ وکیل صاحب بھی الطاف کے پاس آگئے، اور رو کر کہنے لگے۔" ماسٹر صاحب! آپکی شاگرد جودھا تو سدھار گئی۔"

"سدھار گئی۔ سدھار گئی؟" وکیل صاحب نے کہا" ہاں! کل شام کو وہ نیا حوڑا بدلکر رام کے باغ جانے کا ارادہ کر رہی تھی۔ اس کی ماتاجی نے اسے منع کیا کہ تنہا نہ جاؤ، کسی لونڈی کو ساتھ کرلو۔ اس نے تنہا جانے کے لئے ضد کی۔ چھت پر کٹہرے سے لگی کھڑی تھی۔ کہ یکایک پاؤں پھسلا، اور کٹہرے کے نیچے گری، سر میں سخت چوٹ آئی۔ دائیں ٹانگ بھی ٹوٹ گئی۔ فوراً ڈاکٹر بلایا گیا۔ مگر آہ ماسٹر صاحب! آج چار بجے صبح اس نے پران تیاگ دیئے۔

یہ کہہ کر وکیل صاحب رونے لگے۔ اور الطاف "رام کا باغ" "رام کا باغ" کہتا ہوا وحشیوں کی طرح ایکطرف بھاگ گیا۔ دن کے گیارہ بجے مرگھٹ پر بیحد ہجوم تھا۔ جودھا کی لاش چتا میں رکھ دی گئی۔ ہر شخص کے چہرے پر اُداسی چھائی ہوئی تھی۔ اور سوگوار نظر آتا تھا چاروں طرف خوف اور دہشت طاری تھی۔ کوئی آنکھ ایسی نہ تھی

جو تر نہو۔ کوئی دامن ایسا نہ تھا۔ جو خشک نہو۔ آخر چتا میں آگ لگادی گئی۔ تھوڑی دیر میں شعلے بلند ہوئے۔ چتا سے ایک خوشبو نکلی، اور تمام مرگھٹ کو معطر کرگئی۔ بلند شعلوں کے لپٹوں میں جوانی کی رنگینیاں ناچ رہی تھیں جو دھا اپنے شباب کے ساتھ خاکستر محبت بنائی جارہی تھی۔

کہ یکایک ایک تباہ حال دیوانہ دریا کی طرف سے دوڑتا ہوا آیا۔ اور "رام کا باغ۔ رام کا باغ" کہتا ہوا چتا کے شعلوں میں غائب ہوگیا۔ چاروں طرف سے غل مچ گیا کہ دیکھنا! کون ہے۔ مگر کوئی نہ معلوم کرسکا، کہ یہ کون تھا۔ آہ! یہ بربادِ محبت ماسٹر الطاف تھا۔

(خاص)

دل

[جناب نشتر جالندھری ایڈیٹر رسالہ "ادیب" پشاور]

خونِ دل بند علی سرخیٔ افسانۂ دل — شورِ منصور ہے اک نغمۂ مستانۂ دل
نقشِ ہستی ہے غبارِ رہِ کاشانۂ دل — عرصۂ حشر ہے اک گوشۂ ویرانۂ دل
عشق کا بارِ گراں ہنس کے اٹھایا سر پر — اللہ اللہ یہ ہے ہمتِ مردانۂ دل
عقل گم کردہ رہ وادیٔ حیرت ہے ابھی — اور محبوب در آغوش ہے دیوانۂ دل
اس کا ہر ذرہ ہے آئینۂ اسرارِ حیات — لوحِ محفوظ ہے گویا مرا پیمانۂ دل
گرمیٔ عشق سے ہے تابشِ رخسارۂ حسن — شعلۂ طور ہے منت کشِ پروانۂ دل
آرزوؤں کا چمن زار ابھی کھل جائے — تپشِ برق اگائے جو کہیں دانۂ دل
نہ حرم ہے، نہ کلیسا ہے، نہ بت خانہ ہے — یار کی انجمنِ ناز ہے کاشانۂ دل
لاکھ ایمان ہیں اک کفرِ محبت پہ نثار — دیکھ صد کعبہ در آغوش ہے بت خانۂ دل

کیا کرامت مرے ساقی نے دکھائی نشتر
خطِ خورشید بنا ہے خطِ پیمانۂ دل

(خاص)

اردو

ہندو مسلمان

[جناب مولانا عبدالحق صاحب۔ بی۔ اے اڈیٹر اردو اورنگ آباد]

جب کبھی سفر کا اتفاق ہوتا ہے اور ایسا اتفاق مجھے اکثر ہوتا رہتا ہے تو ریل کے اسٹیشنوں پر ہر جگہ یہ عجیب و غریب اور دلدوز آوازیں سننے میں آتی ہیں "ہندو پانی" "مسلمان پانی" "ہندو چائے" "مسلمان چائے" ہر بار جب میں یہ آوازیں سنتا ہوں تو دل پر تیر کی طرح لگتی ہیں اور اپنے ہم وطنوں کی عقل پر افسوس ہوتا ہے۔ جس ملک میں پانی اور چائے تک ہندو مسلمان ہیں وہاں اتفاق و اتحاد کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔ خیر ہم تو آئے دن یہ آوازیں سنتے سنتے عادی ہو گئے ہیں۔ لیکن اگر کوئی غیر ملک والا یہ سنے تو کیا خیال کرے گا۔ مس میو کو برا کہنا آسان ہے لیکن ہم خود بھی تو کبھی اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں خیر پانی اور چائے میں تو چھوت چھات کی بحث آجاتی ہے۔ کہنے والا یہ کہہ سکتا ہے کہ پرانا عقیدہ ہے۔ مٹتے ہی مٹے گا۔ لیکن دوسری چیزوں میں جو ہندو مسلمان کی تمیز لگی ہوئی ہے وہ کیوں ہو؟ وہاں چھوت چھات کا کوئی موقع نہیں۔ ہندو اسکول مسلمان اسکول۔ ہندو کالج مسلمان کالج۔ ہندو یونیورسٹی مسلمان یونیورسٹی۔ اس ذہنیت میں ہمارے بدقسمتی کا اصل راز ہے۔ کیا علم کا بھی کوئی مذہب ہے؟ یہ بھی ہندو مسلمان ہوتا ہے؟ جس طرح ہمارے ہندی اردو زبانوں میں ہر شے یا لفظ مذکر ہے یا مونث۔ اسی طرح ہمارے ملک کی ہر چیز ہندو ہے یا مسلمان۔ قومی اتفاق کے یہی لچھن ہوتے ہیں؟ اور کیا اتھیں کرتوتوں کے برتے پر ہم اتفاق کے مدعی ہیں؟

جس زمانہ میں ہندو مسلم یونیورسٹیوں کا مسئلہ زوروں پر تھا اور لوگ اپنے تعلیمی حقوق کے لئے حکومت سے برسرپیکار رہتے اس میں سب سے بڑا مابہ النزاع مسئلہ ہندو مسلم نام تھا۔ گورنمنٹ کا کہنا یہ تھا کہ یونیورسٹی کے ساتھ کسی فرقے یا مذہب کا نام نہ ہونا چاہیے بلکہ بجائے ہندو یونیورسٹی اور مسلم یونیورسٹی کے علی گڈھ یونیورسٹی اور بنارس یونیورسٹی ہونے چاہئیں ہندو مسلمانوں کی قومی غیرت اسے قبول کرنے لگی تھی۔ یہ معاملہ مذہب کا تھا جس کی خاطر وہ ہر قسم کی قربانی کرنے کو تیار تھے۔ اس وقت ان کا جوش دیکھنے کے قابل تھا۔ بلا مبالغہ آپے سے باہر ہوئے جاتے تھے۔ گویا یہ مسئلہ ہندو مسلمان کی موت و زیست کا مسئلہ تھا۔ گورنمنٹ کا کہنا بہت معقول تھا اور ہماری ضد بیجا تھی لیکن ایسے معاملات میں عقل سے کام لینا ہماری غیرت اور شان کے خلاف ہے۔ یہاں خاص جذبہ یا جنون کارفرما ہوتا ہے۔ آخر گورنمنٹ مجبور ہو گئی۔ وہ ہاری ہم جیتے۔ اگرچہ اس بے معنے جھگڑے میں ہم نے بعض حقوق کھوئے مگر ہم خوش تھے کہ ہمارا مذہب بچ گیا اور ہمارے قومی وقار میں فرق نہ آیا۔

جس زمانہ میں ہندو مسلم یونیورسٹیوں پر زور شور سے بحث ہو رہی تھی میں نے بھی اپنی نافہمی سے ایک پمفلٹ مسلم یونیورسٹی پر لکھا تھا جس کے آخر میں یہ ناشدنی تجویز بھی کیا اچھا ہوتا کہ اگر ہندو مسلمان اس روپئے کو جو الگ الگ جمع کیا ہے ایک جگہ اکٹھا کر کے بجائے ہندو مسلم یونیورسٹیوں کے ایک "ہندوستانی"

یونیورسٹی بنائیں، جہاں اعلیٰ درجہ کا کتب خانہ اور اعلیٰ درجے کا تجربہ خانہ ہو اور ایسی تعلیم دی جائے جو آزادی اور رواداری کے ساتھ علم و حکمت سکھائے لیکن ایسے وقت میں ایسی باتیں کہنا ناری حماقت ہے۔

اس بات کے کہنے کی متعلق ضرورت نہیں کہ جن انجمنوں، مدرسوں یا اداروں کے ساتھ ہندو کا نام ہے ان کی نسبت مسلمانوں کے اور جن کے ساتھ مسلم کا نام ہوتا ہے ان کی نسبت ہندوؤں کے کیا خیال ہوتے ہیں۔ یہ چیزیں نفرت اور بھی مغایرت ضرور بڑھاتی ہیں اور اس طرح ہم ایک دوسرے سے دور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ یہ اس قدر کھلی بات ہے کہ اس میں کسی بحث کی ضرورت نہیں۔ مسلم مدرسوں اور کالجوں اور گرد و کل۔ ہندو کالجوں اور یونیورسٹی کے طلباء کو دیکھ لو۔ یہ ہمارے لال ہمارے ایثار اور محنت کا پھل ہیں۔ وہ جس ماحول میں پلتے اور پروان چڑھتے ہیں وہ تنگ دلی اور مغایرت پیدا کرنے والا ہے۔ یہی نوجوان بڑے ہو کر ملک کی قسمت کے مالک ہوں گے تو جو خیالات اور اثرات انہوں نے اپنی تعلیم گاہوں میں حاصل کئے ہیں مجبوراً انہیں پر کاربند ہونا پڑے گا۔

ہمارے ملک میں دو قسم کی تعلیم رائج ہے۔ ایک سرکاری دوسرے غیر سرکاری۔ سرکاری درسگاہوں پر سرکاری نگرانی ہے تاکہ طلبہ میں ایسے خیالات نہ رائج ہونے پائیں جو سرکار کے منشاء اور مصالح کے خلاف ہیں۔ اسی طرح بچ کے مدارس پر اس فرقے کی نگرانی ہوتی ہے جو اس کا بانی ہے اور اس کا مقصد اپنے طلبہ میں خاص قسم کے خیالات کا پیدا کرنا ہے جو اسی فرقے کے حالات اور مفاد کے مناسب ہوں۔ اور اسی مناسبت سے جن مدارس کے نصاب میں بھی اختلاف ہوتا ہے اور مدرس بھی اسی خیال کے پابند ہوتے ہیں۔ اگر کوئی مدرس ایمانداری سے اپنے تعلیمی فرائض ادا کرنے چاہے تو اس کا رہنا دشوار ہو جاتا ہے۔ نتیجہ دونوں قسم کی تعلیم کا تنگ نظری ہے۔ آزاد تعلیم سے دونوں محروم رہتے ہیں۔ الگ رہنے اور تعلیم کو محدود حلقے میں رکھنے کا ہمیشہ یہی نتیجہ ہوتا ہے۔ بہت سی چیزیں جو ان تعلیم گاہوں سکھائی جاتی ہیں محض بیکار ہوتی ہیں اور بعض ایسی ہیں جو ملک اور قوم کے حق میں سراسر مضر ہیں۔ رائے کی آزادی اور تنقید کی قوت جو تعلیم کا اصل مقصد ہے نہ یہاں پیدا ہوتی ہے نہ وہاں۔ اخلاق و مذہب جس پر ہمارے قومی مدارس بڑا زور دیتے ہیں (اور شاید اس پر ان کو ناز بھی ہے) اس کی تعلیم کچھ اس طرح ہوتی ہے کہ اس کا درجہ ریاکاری سے کچھ ہی کم ہوتا ہے۔ رواداری جو اصل اخلاق ہے اور جس افراد اور جماعتوں کی خوش زندگی کا انحصار ہے وہ اس تعلیم میں بالکل مفقود ہے۔ ہندو مسلمان میں جو آئے دن جھگڑے ہوتے رہتے ہیں اس کی تہ میں یہی چیز ہے۔ ہم ان جھگڑوں کے اسباب پر ٹھنڈے دل سے غور کریں تو وہ ایسے معمولی بے معنی مضحک اور طفلانہ نکلیں گے کہ حیرت ہوگی کہ یہ بھی کوئی لڑنے کی بات تھی۔ لیکن ٹھنڈے دل سے غور کرنا ہم نے سیکھا ہی نہیں۔ سوراج یا کوئی اور راج جب تک تعلیم اور خاص کر ابتدائی تعلیم کی اصلاح نہ ہوگی، کسی قسم کی بہبودی کی توقع رکھنا عبث ہے۔

(خاص)

ارمغاں

چندر بھان برہمن

[جناب اشرف صبوحی مدیر رسالہ "ارمغاں" دہلی]

برہمن تخلص چندر بھان نام۔ اکبر آباد کے رہنے والے تھے۔ افضل خاں شیرازی وزیر شاہجہاں کے ملازم تھے اور انھیں کے ذریعہ سے دربار شاہی میں باریاب ہوئے کچھ دن کے بعد سرکار شہزادہ دارا شکوہ میں منشی گری کے عہدے پر مقرر ہو گئے۔ اور بہت جلد اپنی چرب زبانی طلاقت لسانی کی بدولت مصاحبت تک پہونچ گئے۔ قدرت اللہ خاں قدرت گویاموی اپنے تذکرہ شعرا موسوم بہ نتائج الافکار میں انکے متعلق ایک لطیف حکایت لکھتے ہیں۔ ان کا بیان ہے، کہ ایک روز شاہزادے نے شاہجہاں کی خدمت میں عرض کیا، کہ چندر بھان ایک شاعر خوشگو ہے۔ اگر حکم ہو تو حاضر خدمت ہو کر کچھ اشعار پیش کرے۔ بادشاہ نے برہمن کو حاضری کا حکم دیا۔ انھوں نے آتے ہی عرض کیا ؎

مرا دلے ست بکفر آشنا کہ چندیں بار ہزار بکعبہ بردم و بازش برہمن آوردم

شاہ دین پناہ کا مزاج اس شعر سے کسی قدر مکدر ہوا، لیکن افضل خاں نے بات بنادی اور فوراً کہا ؎

خر عیسے اگر بمکہ رود ہیچ نہ باشد

اور اس طرح پر بادشاہ کا تنغص دور ہو گیا۔ آخر کار شہزادہ دارا شکوہ کی کوشش سے شاہجہاں کے انتیسویں سال سرکار شاہی میں نوکری مل گئی۔ اور خطاب رائے اور منصب مناسب سے سرفراز ہوئے۔ محی الدین اورنگ زیب شاہ عالمگیر کے زمانہ میں بھی ان پر نوازشات شاہی مبذول ہوتی رہیں۔ اور ان کا قلم خدمات نمایاں پر ہوتا رہا۔ آخری عمر میں نوکری سے استعفا دے کر شہر بنارس میں سکونت اختیار کی۔ اور اہل ہنود کے رسم و راہ کے مطابق عبادت و ریاضت میں مصروف ہو گئے۔ اور ۱۰۷۳ھ میں انتقال کیا۔

تصوف کا رنگ اس زمانہ کے تمام شعرا کے کلام میں موجود ہے۔ برہمن بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ اس انداز میں جو کچھ انھوں نے لکھا ہے۔ اس میں اور کسی مسلمان کے کلام میں مطلق تمیز نہیں ہو سکتی۔ اصل یہ ہے، کہ اس زمانہ میں بے تعصبی اور خلوص نیت نے تفرقہ مذہب کے خیال کو دلوں سے خارج کر دیا تھا۔ چنانچہ یہ اسی کا نتیجہ تھا، کہ زبان میں، طرز معاشرت میں، طریق گفتگو میں۔ غرضکہ ہر بات میں ان دونوں کی یکسانی اس درجۂ کمال کو پہنچ گئی تھی، کہ فرق امتیازی کی دریافت بھی مشکل ہو گئی تھی۔ کچھ یہ وجہ بھی ہے، کہ مسائل تصوف قید مذہب سے بالکل آزاد ہیں مثلاً دیوان برہمن کی پہلی غزل ہے ؎

ای برتر از تصور وہم و گمان ما ای در میان ما و برون از میان ما
آئینہ گشتہ سینۂ ما از فروغ عشق شد جلوہ گاہ صورت معنی نہان ما
جا کرد در میان رگ و ریشہ مہر دوست پروردہ شد بمغز و فا استخوان ما
افتاد عشق حوصلہ فرسا بجان ما صد جا شکست تا بلب آمد فغان ما
مانند غنچہ گرچہ خموشیم بزمن لیکن پر از تو است چو بلبل زبان ما

اس میں جو کچھ لکھا ہے، وہ ایسا ہے جو عقائد براہمہ وعقائد مسلمانان دونوں کے موافق ہے، وہ خود لکھتے ہیں ؎

رُباعی

مارا زئے شبانہ ستی دگرست وارستگی زقید ہستی دگرست
مابرہمنیم لیک در مذہب ما حق دیگر وشکل بُت پرستی دگرست

برہمن کے خصوصیاتِ کلام میں سے ایک یہ بھی ہے، کہ دو چار غزلوں کے سوا کسی غزل میں پانچ سے زیادہ شعر نہیں پائے جاتے۔ معلوم نہیں اتنے ہی شعر کہتے تھے، یا بعد میں انتخاب کر لیتے تھے غالباً انتخاب ہی کر لیتے ہونگے۔ کیونکہ ان کی غزلوں میں بھرتی کے بہت کم شعر پائے جاتے ہیں۔ زبان ان کی نہایت شستہ ہوتی ہے۔ اور بندش صاف سطلب عام فہم۔ مثال کے طور پر کچھ شعر درج کئے جاتے ہیں ؎

بیا کہ بے تو دلم رنج بیحساب کشید بیا کہ کارِ دل از غم باضطراب کشید
ہر گز کسے نکردہ نگاہے بسوئے ما کس گرم تر از شک نیامد بروئے ما
سوئے ما حاجتِ شمشیر ستمگاری نیست بہ تغافل نگہِ مصلحت آمیز بس است
ہر کہ پیش ارصبح دم با ساغرِ صہبا نشست سر فرازِ دیگرانِ خویش چو دیدہ نیا نشست
جوانی بود فصلِ عیش و کامرانیہا کجا آن فصل کو آن عیش کے آئے دمانیہا
حدیثِ عشق از گفتار و تکرار ست مستغنی برہمن در محبت کفر باشد قصہ خوانیہا

شائستہ مزاق کے لوگ اس عشق و محبت کے بیان کو فضول خیال کرینگے۔ اور کہینگے، کہ ہم تو مفید شاعری کے دلدادہ ہیں۔ سو برہمن کے یہاں ایسے حضرات کی بھی دلچسپی کا سامان موجود ہے۔ رنگ محبت کے ساتھ فلسفۂ عمل کے امتزاج نے عجب کیفیت پیدا کر دی ہے۔ کہتے ہیں :-

کفر ہے رشتۂ زنار نمی آید راست کار کن کار کہ گفتار نمی آید راست
منزلِ عشق دراز ست سر از خواب بر آر کارہے دیدۂ بیدار نمی آید راست
برہمن شیشۂ دل سخت نزاکت دارد چوں شکستند دگر بار نمی آید راست

اس ضمن میں جو رباعیاں ہیں، اُن میں عمر خیام کا رنگ ہے، مثلاً عشق کے متعلق لکھتے ہیں۔

رُباعی

سرمایۂ عشق جاودانی عشق ست سرچشمۂ آبِ زندگانی عشق ست
اسبابِ نشاط و کامرانی عشق ست عنوانِ صحیفۂ معانی عشق ست

دیگر

تا چرخ ز جور فلک آزردہ شوی وز گردش روزگار افسردہ شوی
چوں غنچہ بجمعیت خود راضی باش زاں پیش کہ گل شوی پژمردہ شوی

ان سب شعروں کو دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ برہمن کا پایۂ شاعری معمول سے کہیں زیادہ بلند ہے۔ اور انھیں اساتذۂ زبانِ فارسی کے زمرہ میں شامل ہونے کا احسن حق حاصل ہے۔ کہتے ہیں ؎

ہر نفس بوئے محبت آید از گفتار ما
می تواں فہمید از گفتار ما مقدار ما

(خاص)

اُردوئے مُعلّٰی

سری کرشن

(جناب مولانا حسرت موہانی ایڈیٹر "اردوئے معلّٰی" کانپور)

عرفانِ عشق نام ہے میرے مقام کا — حامل ہوں کس کے نغمۂ نَے کے پیام کا

متھرا سے اہلِ دل کو وہ آتی ہے بوئے اُنس — دُنیائے جاں میں شور ہے جس کے دوام کا

مخلوق اک نگاہِ کرم کی اُمید وار — مستانہ کر رہی ہے بھجن رادھے شام کا

محبوب کی تلاش ہوئی رہبرِ محب — برسانے سے جو قصد کیا نند گام کا

گوکل کی سرزمیں بھی عزیز جہاں بنی — کلمہ پڑھا جو اُنکی محبت کے نام کا

برندا کا بن بھی رُوکشِ جنت بنا، کہ تھا — پامالِ ناز انھیں کی بہارِ خرام کا

لبریز نور ہے دلِ حسرت زہے نصیب
اک حُسنِ مُشکفام کے شوقِ تمام کا

(خاص)

استقلال

ماؤں کو آخری سلام

[جناب ساغر نظامی ایڈیٹر استقلال]

(۱)

آخر ہمارے عزیز وطن میں ایک مبارک ساعت ایسی بھی آئی کہ مقتدر قوتوں نے انسانوں پر دنیا تنگ کر دی، ہر گل لالہ کی گو دبلیل کے تازہ خون سے لبریز ہو گئی اور نوجوانانِ چمن کے گرم خون سے خاک چمن کا ذرہ ذرہ ایک مستقل لالہ زار بن گیا معصوم غنچوں اچھوتی کلیوں کے نازک اور خوشبو دار سیمین اور لطیف حلقوں میں صیاد کے تیروں نے آشیانے بنائے۔ اے ماؤ! یہ وقت تمہارے رونے دھونے کا نہیں ہے ہمیں خاموش جنگ کے محاذ کی طرف دوڑنے دو اے سپید سر والیو! اے ہمارے مفلوک و مفلس چمن کی مصیبت زدہ غلام فطرت ماؤ! ہمیں زیادہ بزدل اور بیکار نہ بناؤ اسوقت تمام کائنات پر آزادی کے فرشتوں نے اپنے پروں سے سایہ کر لیا ہے اور سب کے سب اپنے زریں اور شیریں آواز سے دف بجا رہے ہیں۔ اے ماتا! ہم آہن کے گرم و تند لیکن موثر نغمات صباحی سن کر پیدا ہوئے ہیں اور ہماری روح کی بیتابی ہمیں منزل مقصود کیطرف کھینچے لئے جا رہی ہے۔

سپیدئ سحر غریبوں کی مضمحل و حیران آنکھوں کیطرح بے نوائے چمن کا پھول پھول اور پتہ پتہ ایک عجیب اور خاموش اداسی میں ڈوبا ہوا ہے، میخانے اجاڑ ہیں "خیام" محافظ کی روحوں کے پہروں پر گہری فسردگی چھائی ہوئی ہے۔ یہ دیکھکر ہماری پیاری ماؤ! ہم نے رات کی بچی کھچی شراب زمین پر لنڈھا دی آور تمام پیالے توڑ ڈالے ہیں پھاٹکیں سڑکوں پر پھینک دی ہیں میکدے کی دیواروں پر چھائی ہوئی انگوروں کی شاداب بیلوں اور نیم تیار خوشہائے تاک کو ہم نے ریزہ ریزہ کر دیا ہے، ناچنے والی لڑکیاں ہم سے خفا ہو کر چلی گئیں ہم نے اُنکے سلانے والے گیت نہیں سنے غفلت پیدا کرنے والے نغموں پر توجہ نہیں کی اور کیوں توجہ کرتے جب "وقت" ایک نغمۂ بیدار بلند کر رہا ہے۔

ہم نے اپنی منگیتر کنواریوں کو بھی نظر اُٹھا کر نہیں دیکھا اور کیوں دیکھتے جبکہ ہماری نیت تم سے دودھ بخشوا کر میدان جنگ کی طرف جانے کی ہے، بس اے مجسم فردوس ماؤ! اس درجہ نہ چیخو خدا کی قسم ہماری روح اپنے فرض کو بھول جائیگی خدا کی قسم اس درجہ نہ روؤ ہم سب علی الصباح کافر ہو جائینگے ہمارے قوئی میں جو شیئے خون کے بجائے آنسو دوڑنے لگیں گے۔ "آتاں! آتاں!! بوا! بوا!" دامن نہ پکڑو ورنہ گریباں چاک کر دینگے۔ یہ بزدلی! یہ کمزوری قلب! دھرم سے یہ غداری! فرض سے یہ بدعہدی! یہ میٹھے ظلم یہ شیریں ستم اے ماؤ! یہ تلواریں پڑی ہیں گلے کاٹ دو مگر ہمیں لامذہب نہ بناؤ ہمارا دامن نہ پکڑو۔ تمام دنیا اسوقت روحانی اور انسانی مطالبات کے حصول کے لئے جان دے رہی ہے ہمارے

باغ میں ہمارے لہلہاتے ہوئے میوہ دار باغ میں ایک مدت سے آندھیاں چل رہی ہیں خزاں اور صیاد کے ستم ڈیرہ ڈالے ہوئے ہیں ہر پھول پژمردہ ہے ہر درخت کی جڑ کھوکھلی ہے خوش رنگ چڑیاں پیاس سے بے تاب ہو کر موت کی خوفناک وادی کی طرف پرواز کرنے والی ہیں ذرہ ذرہ قوت سے مغلوب ہے قطرہ قطرہ آلام و استبداد کے سمندر کی فلک بوس موجوں سے تھرتھرا رہا ہے آسمان ہمارے نہیں رہے زمین ہماری نہیں رہی، در و دیوار ہم سے خفا ہیں۔ کائنات ہم سے ناراض ہے تمام لالہ زاروں کے محافظ ہمیں ذلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اے ماؤ ہم نے اس خفگی کے راز کو معلوم کر لیا ہے ہم اپنی بے مائگی کے فلسفے کو سمجھ گئے ہیں ہم نے اپنے فرض کو بھلا دیا تھا اے ماؤ! وہ مقدس فرض اس وقت ہمارے لہو میں ایک بیدار کی طرح انگڑائی لے کر جاگ اٹھا ہے اسکی چٹکیاں ہمیں بیچین کئے دیتی ہیں، ہمارے قلب کی فضا میں ایک مقدس بزرگ کی دور رس آنکھیں چمکر لگاتی ہوئی نظر آتی ہے۔ ہماری آنکھوں میں میدان جنگ کا نقشہ گردش کر رہا ہے ہمارے گھوڑوں کے سموں کے نیچے غنیم کی روح سسکتی نظر آتی ہے ہماری تلواریں ہمارے نیزے ہمارے خنجر سب اپنی اپنی جگہ چمک رہے ہیں ہم روحانی بہادر ہیں ہم اپنے باغ کے پھولوں کی حفاظت کے لئے رنگین جہاد کے لئے تیار ہوئے ہیں۔ اے ماؤ! چھوڑ دو ہمارے گھوڑے ہنہنا رہے ہیں، وہ ہمیں بلاتے ہیں شاید ہمارے جانے کا وقت ہو گیا —— اچھا سلام

(۲)

نوجوان مجاہد اتنا ہی کہہ سکتے تھے کہ کمسن کنواریاں اپنے اپنے چھپر کھٹوں پر جاگ اٹھیں ایک نے حیرت سے دیکھا —— دوسری نے کچھ کہنا چاہا —— تیسری روپڑی "اوں اوں آ۔ آ۔ آب۔ ب بھ —— بھیاں کہاں جاتے ہو میرے بیرن! میرے بھائی جان!! —— تو میں دوش پر نیزے! —— کمروں میں تلواریں —— تھانوں پر گھوڑے تیار! —— بھیا اب کاہے کو لوٹ کر آوگے" —— کنواری بہنوں کے دردناک بین سے ماؤں کے کلیجے اس طرح شق ہو گئے جیسے تربوز کو تیز چاقو سے ٹکڑے کر دیا جائے، نوجوان مجاہدین نے شدت تاثر سے منہ پھیر لیا۔ ماؤں نے ایک ساتھ رو کر کہا۔

"ہاں بیٹی جا کر کون آتا ہے پر تمی کی گھڑی پر تھوڑے ہی جا رہے ہیں، جو ہنس ہنسا کر اور تما کو پی کر چلے آئینگے آگ اور خون کے میدانوں میں جاتے ہیں، یہ ہمارے پیارے یہ ہمارے لاڈلے، یہ جوان جوان پوت یہ مونگے کے دانے یہ ہیرے کے ٹکڑے —— آہ خدا یہ یوں ہی چلے جائینگے۔ پے پر ماتما ہمیں باغ کی پروا نہیں کوئی اس میں آگ لگائے تو لگا دے کوئی اسے لوٹے تو لوٹ لے، کوئی اسکا قبضہ جمائے تو جمائے، مگر اپنے بچوں کو نہ جانے دینگے، پھل نہ آئیں باغ نہ پھولے۔ ہمارے پھول سدا بہار پھول یوں ہی شاداب رہیں —— سندری دوڑ —— کنڈی تو لگا —— جا سکتے ہو! ہماری اجازت کے بغیر جا سکتے ہو!"

ماؤں نے اپنی مامتا سے متاثر ہو کر غضبناک دیوانگی کے ساتھ کہا:۔

اے بچو! اے ناہنجار کار جوشیلے نوجوانو ہماری اجازت کے بغیر جا سکتے ہو۔ پریم کو خودداری کی درانتی سے ذبح کر دوگے! محبت کا گلہ جوش جوانی کے تیز چاقو سے کاٹوگے ــــ مامتا کا گلہ یوں گھونٹوگے؟ ــــ

کدھر ہیں تمہاری تلواریں ــــ! کہاں ہیں تمہارے تیر! بازوؤں کی کمانیں گرا دو ــــ گھوڑوں کی پیٹھوں سے زین اتار دو ــــ جنگی لباس کے ہک کھول دو ــــ بڑے باغ کے رکھوالی! ــــ شراب کے پیالے توڑ آئے ــــ بہادر بڑے سور ما! ــــ ناچ نہیں دیکھا ــــ مہارشی!!! ماؤں کے حکم کے بغیر تم کچھ کر سکتے ہو؟؟

(۳)

مجاہد بیٹے سرنگوں کھڑے تھے، مائیں پسینے میں نہا گئیں تھیں، گھر میں بندھی ہوئی گائے بھینس اپنی اپنی جگہ بیدار ہو گئیں۔ پیتل کی گھنٹیاں بجنے لگیں کنواریوں کے خشک آنسوؤں نے سورج چمکا دئے مجاہد نوجوانوں نے سر اٹھائے ان کے چہرے سرخ تھے۔ بیٹوں نے ماں کے حکم کی تعمیل کی تلواریں پھینک دیں کمانیں بازوؤں سے اتار دیں۔ ترکش اک طرف رکھ دئے۔ اس کے بعد ماؤں سے کہا:۔

ہم تمہارے بغیر تمہارے حکم کے بغیر کچھ نہیں کر سکتے پانی بھی نہیں پی سکتے، تنکا بھی نہیں اٹھا سکتے۔ مگر بڑا بیٹا مجاہدوں کا سردار اپنی جگہ سے آگے بڑھا اس کی مٹھی بندھی ہوئی تھی اس کے بال بکھر گئے تھے اسنے کہا۔

اے ماں کیا تو راجپوتنی کے پیٹ سے پیدا ہے!
چھوٹا بیٹا انیمتا مجاہد اپنی جگہ سے بڑھا اور بولا:۔
بولو کیا تو افغانی بطن سے پیدا ہے!!

ہے رام ــــ اے خدا!!

بزرگ مائیں شدت تاثر سے چیخ اٹھیں اُن کی خشک زبانوں سے غیر ارادی طور پر یہ الفاظ نکلے اور وہ پریم داسیاں وہ مامتا کی ماری مائیں اپنی اپنی جگہ ساکت کھڑی ہو گئیں اُن کے سروں سے سرزمین جاؤ عفت کی ان دیویوں کے مقدس سروں سے، جو بچوں کے سامنے بھی برہنہ سر نہیں رہتیں دوپٹے سرک گئے اُن کے ہاتھوں کی انگلیاں انکے لباس سے منہمک تھیں۔ بیٹے سمجھ گئے۔ اور آگے بڑھے۔ دو قدم بڑھنے کے بعد وہ رک گئے ماؤں کی آنکھوں سے اسلاف کی عظمت و جلال کی کرنیں پھوٹ کر مجاہدین کی نگاہوں کو خیرہ کئے دیتی تھیں انکے تنے ہوئے ابروؤں میں رام دھنش چٹختا ہوا معلوم ہوتا تھا انکی نگاہوں سے تیغ امام چمکتی ہوئی معلوم ہوتی تھی انکی آنکھوں کی سرخی بعد الفعال میں چتائیں تیار تھیں وہ ان میں بھسم ہو جانا چاہتی تھیں آنکھوں کی حیرتناک سپیدی میں قبریں کھدی ہوئی تھیں وہ اُن میں دفن ہو جانا چاہتی تھیں"۔

اتنی بڑی گالی گوشت کے جاندار لوتھڑوں کی زبان سے اپنے خون کی ارتقائی شکل کی طرف سے تف ہے تم پر اے ماؤ لعنت ہے تم پر اے ماؤ"۔

بزرگ ماؤں کا ضمیر اپنے بیٹوں کی شدید روحانی چٹکی پر ان سے کہہ رہا تھا اور مائیں اپنی اپنی جگ

ٹھنڈے آتشکدوں کی طرح جمی ہوئی تھیں نوجوان مجاہدین ہمت سے آگے بڑھے اور ایک ساتھ بولے :-

"اچھی جیجا! اچھی اماں! اچھی بوا! ہمیں جواب دو۔ وقت سورج دیوتا کا رتھ تیزی سے کھینچے لا رہا ہے، رات کی سیاہی مٹتی جا رہی ہے سپیدۂ سحر رخصتی سلام کرنے کو ہے" بیٹوں کے تمام مجت پر ماؤں بے ضبط ہوگئیں اُنکے خون گرم تیل کی طرح کھول گئے۔ اُنھوں نے للکار کر کہا :-

"بیٹو ہمارے بہادرو وطن ہو، رحمت ہو تم پر! ہم بھول گئی تھیں، ماستانے ہمیں رستے میں گم کر دیا تھا، مگر اب ہم نے اپنی آتما پر فتح حاصل کر لی ہے اس لئے اے جوان بیٹو تمھیں جاننا چاہیئے کہ ہم راجپوتوں افغانوں مغلوں ہی کے بطن سے پیدا ہیں۔

زندہ باد شریف اور بہادر قوم کے نوجوان بہادرو! موت تمہاری گھوڑوں کے سموں کے نیچے دبی ہوئی ہے اور زندگی تمہاری رکاب بردار ہے۔ ہم اپنی آہ زاری واپس لیتی ہیں ہم اپنے آنسو پھیرتی ہیں، دیکھو ہمارے اسلاف کی مقدس روحوں نے ہمارے جوڑے سنوار دئے دیکھو عہد ماضی کی یادنے ہمیں پھر جوان کر دیا ہم اپنی کمزوری کو سمجھ گئے ہم فرض کا گلہ گھوٹنے والی ماستا سے متاثر ہونے کی منزل سے اب کوسوں دور ہیں"۔

ماؤں نے یہ کہکر فضا پر ایک انتظامی نگاہ ڈالی کنواری بہنیں نوجوان بھائیوں کو سامان جنگ اٹھا کر دے رہی تھیں کوئی ترکش میں تیر رکھ رہی تھی کوئی دوش پر کمان سجا رہی تھی، ماؤں نے ہونٹھ دبا کر پر جوش انداز میں کہا :-

"گھوڑوں کی تیاری کرو ـــــ تیرے ابا کی تلوار کہاں ہے؟ میری کمر پر باندھ۔ تیرے چاچا کا نیزہ کدھر ہے مجھے لا خون رگوں سے اچھلا پڑتا ہے ہم اپنے باغ سے کسی کو پتی بھی نہیں لے جانے دینگے اور تازہ پھلوں پر ڈاکہ ڈالنے والے قزاقوں کو نکال کر دم لینگے ہم خاموشی سے موت کی نیند سو جائینگے۔ لیکن موجودہ زندگی کو گوارا نہیں کرینگے آہ اپنے چمن کی تباہی ہم سے نہ دیکھی جائیگی ہاتھوں نظر آنے والی ہتھکڑیاں، پاؤں میں دکھائی نہ دینے والی بیڑیاں، یہ ہم نہیں پہننگے چلو۔ ہٹو۔ بڑھو۔ ہٹو"

جوشیلی ماؤں نے تلوار اور نیزے اُٹھالئے اور دروازے کی طرف بڑھیں نوجوان مجاہد بیٹے ماؤں کے قدموں میں گر پڑے بوسہ دیا اور بولے :-

اے مقدس ماؤ! تم پر تمہارے بیٹوں کے روح و تن نثار۔ مگر بہادر کبھی اپنی ماؤں کو میدان جنگ میں آگے نہیں رکھتے۔ پہلے سمندر میں ہم کودیں گے، ہمارے گھوڑے بحر ہستی کی موجوں کو اپنے سینوں کے جوان رگ پٹھوں کی تیار قوت سے دبکا دینگے، اور جب ہمارے آسودۂ ساحل ہونے کی خبر آئے تو تمنتی ہوئی تم آنا ـــــ ان تمام باتوں کے بعد اے ماؤ ہمارا دودھ بخشد واس طرح کہ آنکھ سے ایک قطرہ گرے۔ اے ماؤ ہمارا آخری سلام لو ـــــ آخری سلام اور آؤ ایک بار اپنے کلیجے سے لگا لو، اسوقت نوجوان مجاہد کمسن بچوں میں تبدیل ہوگئے تھے۔ وہ اسی حال میں ماؤں کی طرف بڑھے۔

دور ہو اشیطانو" ـــــ نہیں نہیں سینے دور رکھو ابھی تو تم انسان تھے دم بھر میں کیا ہوگئے؟

(بقیہ صفحہ ۴۹۱ پر دیکھئے)

اسٹار

نیکی کا صلہ

(جناب سید محمد جعفری ایڈیٹر اخبار اسٹار الٰہ آباد)

میرے ایک دوست جو ذہنی مسائل پر اکثر عجیب و غریب خیالات کا اظہار کرتے رہتے ہیں ایک مرتبہ دوران گفتگو میں کہنے لگے اس دنیا میں جو شخص ایمانداری کی زندگی بسر کرتا ہے اُسے کوئی نقصان نہیں پہونچا سکتا لیکن ایمانداری کی زندگی بسر کرنے والے کو ہر شخص نقصان پہونچا دیتا ہے۔ میں نے اپنے دوست کی اس بات کو اس وقت اسی طرح ہنس کر ٹالدیا جس طرح ان کی اور باتوں کو ٹال دیا کرتا تھا لیکن چند ہی روز بعد خود میرے ساتھ ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس سے اپنے اُن دوست صاحب کا یہ مقولہ میری نظروں کے سامنے پھر گیا اور دفعتہً میرے دل میں یہ خیال گذرا کہ اخلاقی اور منطقی حیثیت سے میرے دوست کا مقولہ خواہ کتنا ہی بے اصول ہو لیکن واقعات کے لحاظ سے غلط نہیں معلوم ہوتا۔ بدقسمتی سے اس وقت میرے ذہن میں جتنے واقعات اور تجربات زندگی آئے اُن سب سے میرے دوست کے قول کی تصدیق ہوتی تھی۔ اب میں سخت خلفشار میں پڑ گیا اور شب و روز اس مسئلہ پر غور کرنے لگا کہ اگر واقعی میرے دوست کا مقولہ صحیح ہے تو پھر اخلاق اور مذہب کی ساری کتابوں کو بالائے طاق رکھ دینا چاہئے اس خیال نے میرا خواب و خور منتشر کر دیا اور سوتے جاگتے میں اسی مسئلہ پر غور کرنے لگا حتی کہ بعض اوقات جب سوچتے سوچتے سو جاتا تھا تو خواب میں بھی ایسے ہی واقعات نظر آتے تھے جنسے مندرجہ بالا مقولہ کی مزید تصدیق ہوتی تھی۔ اب میرے دماغ میں یہ خیال اس قوت کے ساتھ جاگزیں ہو گیا کہ قریب تھا کہ میں مذہب و اخلاق کے تمام قوانین کو پس پشت ڈالکر اپنے دوست کے ہاتھ پر بیعت کر لوں لیکن غور و خوض کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک دن جبکہ مجھے اسی استغراق میں ۴۸ گھنٹے گذر چکے تھے اور دو وقت کا کھانا۔ دو شب کی نیند اور کئی وقت کا ناشتہ وچاد وغیرہ اس کے نذر کر چکا تھا دفعتاً میرے خیالات میں ایک زبردست انقلاب پیدا ہوا اور میں نے دیکھا کہ میرے دوست کے استدلال میں ایک زبردست مغالطہ ہے اور اب مجھے اپنی حماقت پر خود تعجب تھا کہ اتنا بڑا مغالطہ مجھے اس کے پیشتر کیوں نہیں نظر آیا۔ اور اس سادی سی بات پر اس قدر دماغ سوزی کی ضرورت کیوں ہوئی۔

مغالطہ یہ تھا کہ اس دنیا میں ہم ہر چیز کا صلہ روپیہ آنہ پائی میں دیکھنے کے عادی ہیں اور جبتک اس محسوس شکل میں کوئی صلہ نہ ملے اس وقت تک ہم اُسے صلہ نہیں سمجھتے۔ حالانکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ اخلاقی خوبیوں کا صلہ ہمیشہ اس شکل میں نہیں ملا کرتا۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ اس شکل میں صلہ کی توقع کرنا بڑی سی بڑی نیکی کے مفاد کو زائل کر دیتا ہے۔ نیکی اور خوش خصالی کا اصل صلہ تو وہ ہے جو ہمیں اخلاقی ارتفاع کی شکل میں ملتا ہے یعنی محسوس منافع کی صورت خواہ کتنی ہی ہم سے دور ہوتی جائے ہماری ہر نیکی سے خود ہمارے اخلاق کے مدارج بلند ہوتے رہتے ہیں مختصر الفاظ میں یوں سمجھنا چاہئے کہ نیکی کا صلہ خود بھی نیکی ہے۔

اور اس کے علاوہ کسی اور صلہ کی توقع کرنا اخلاقی پستی کی دلیل ہے۔

اس بات کے ذہن میں آتے ہی میرے خیالات کا سارا رُخ بدل گیا اور اب میں اُنھیں واقعات کو جنکی مادی حیثیت میرے استدلال ذہنی میں اضافہ کرتی تھی۔ اخلاقی اور اصولی حیثیت سے دیکھنے لگا تو مجھے معلوم ہوا کہ میرے دوست نے مجھے اس فلسفہ میں مبتلا کر کے میرے ساتھ سخت دشمنی کی تھی۔ لیکن مجھے اس سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ جو باتیں میں محض عقیدۃً صحیح سمجھا کرتا اب اُن کی غور و خوض کے بعد بھی تصدیق ہو گئی اور اس غور و خوض کی تحریک نے میرے اعتقاد کو ہمیشہ سے زیادہ پختہ کر دیا۔ مختصر یہ کہ تمام واقعات اور تجربات زندگی کو اس نئی روشنی میں دیکھنے کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ اس نئی روشنی میں دیکھنے کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ ہر نیک کام جو مجھ سے عمل میں آیا اس سے میرے اخلاقی مدارج میں ترقی ہوئی اور اسی طرح اپنے گرد و پیش کے لوگوں کے حالات سے بھی اس خیال کی تصدیق ہوئی۔ اب میرے لامذہب دوست یا اور کوئی بڑے سے بڑا منکر مذہب مجھے اس عقیدہ سے نہیں ہٹا سکتا کہ نیکی کا صلہ مادی شکل میں دیکھنے کی توقع کرنا اخلاقی پستی کی دلیل ہے۔ اور جو لوگ دنیا کے تلخ تجربات کے باوجود اپنے اخلاقی مدارج کو مائل بہ ارتفاع رکھنا چاہتے ہیں انھیں اس اعتقاد پر پختگی کے ساتھ قائم رہنا چاہئے کہ نیکی کا صلہ نیکی ہے اور اسکی شکل محسوسات مادی سے مشابہ نہیں ہوتی بلکہ اخلاقی ارتفاع کی شکل میں نمایاں ہوتی ہے۔ اسی بنا پر ہندوستان کے مایہ ناز شاعر نے کہا ہے کہ ؎

طاعت میں تار ہے نہ مے و انگبیں کی لاگ
دوزخ میں جھونک دو کوئی لیکر بہشت کو (خاص)

صفحہ ۴۹۰ کا بقیہ

ماؤں نے چلا کر کہا:۔

کیا ہماری گرم روح کو سرد کرنا چاہتے ہو، جاؤ دودھ بخشا، چلو سلام لیا، اف جاؤ، جلد جاؤ سپیدی زیادہ بڑھ گئی دن نکلنے کو ہے، کھیتوں کی مینڈھ پر شیاما نے گانا شروع کر دیا۔ تلواریں میاں سے نکال لو ــــــ" لڑکیو! قلعہ کا دروازہ بند کر لو ــــــ

مجاہد بیٹے خوش خوش قلعہ سے باہر ہو گئے، دروازے سے گردنیں نکال کر ماؤں نے تنبیہ کی:۔

بیٹو! سنتے جاؤ اس دروازے کا کھلنا اسوقت تک تمہارے لئے حرام ہے جب تک باغ آزاد نہ ہو جائے شراب اور دودھ تم پر اسوقت تک بند ہے جب تک ایک ایک ذرہ چمن دست گلچیں سے رہائی نہ پائے۔ اگر راجپوتوں افغانوں اور مغلوں کے نام لیوا ہو تو ناکام زندہ واپس نہ ہونا ورنہ یہ دروازہ نہ کھلیگا۔ اور نہ تمہاری مائیں اور بہنیں تمہیں ملینگی۔۔

بیٹوں نے ماؤں کی طرف غور سے دیکھا مائیں بولیں۔

بس ہماری طرف زیادہ نہ دیکھو، خدا پر نگاہ رکھو جاؤ پرمیشور کے حوالے جاؤ خدا کی حفاظت میں، یہ کہکر دروازہ بند کرتے ہوئے مائیں بیہوش ہو گئیں نوجوان بیٹوں نے نعرہ لگایا۔

ماؤں کی جے ــــــــ اور روانہ ہو گئے

آخری سلام قبول ہو چکا تھا۔ گھوڑوں کی ٹاپوں سے اڑی ہوئی خاک بھی نسیم نے دیا دی تھی بستر سے نوجوان جسموں کی گرمی سے محروم تھے۔ اور گھوڑوں کے تھانوں کا گلیں بیٹھی ہوئی نوحہ گا رہی تھیں۔

"اے پیارے تم کہاں گئے ہم کسکی پیٹھ پر بیٹھیں کس سے کھیلیں"۔

(خاص)

اعجاز

ایک مصلح شاعر کے لباس میں

[جناب رئیس احمد صاحب، ایڈیٹر رسالۂ اعجاز بارہ بنکی]

(۱)

رام و کرشن کی یہ راجدھانی اپنے پورے عروج پر ہے، کہیں گیتا کے اسرار و رموز کی تعلیم ہو رہی ہے، کہیں وید کے اشلوک پڑھائے جا رہے ہیں، کہیں چہتری دا دشجاعت دے رہے ہیں، کہیں برہمن علم و فضل کا ڈنکا بجا رہے ہیں، کہیں بودھ کی روحانیت اپنا جلوہ دکھا رہی ہے۔ حکومت اپنی ہے، لوگ اپنے ہیں، خیال اپنا ہے، جو لفظ منہ سے نکلتا تھا پورا ہو کر رہا، جو بات زبان سے نکل گئی، پتھر کی لکیر ہوئی، جو حرف قلم سے نکل گیا، نقش کالحجر ہو گیا۔

اتنے میں پردہ اٹھا، سماں بدل گیا، رت بدل گئی، اب مسلمان کی حکومت ہے، اکبر کا دربار دربار ہے ابوالفضل و فیضی کے کمالات منظر عام پر نمودار ہیں، ٹوڈرمل، اور بیربل کی ظرافت و دانائی کا شہرہ ہو رہا ہے، اکبر کے نورتن اکبر کو سبز باغ دکھا رہے ہیں "دین الٰہی" کی بنیاد پڑ رہی ہے، دیکھتے ہی دیکھتے یہ پردہ بھی اٹھا اب اورنگ زیب کی عالمگیر حکومت ہے، مذہبی رنگ نکھر گیا ہے، آزادی اور بے راہ روی کے دروازہ مسدود ہو گئے ہیں، رجی نات و میلانات بھی حکومت سے متاثر ہو رہے ہیں، ہوا و ہوس کے بندوں کا، جاہ پرست علما کا، زمانہ ساز فضلا کا، حرص و آز کے غلاموں کا قلع قمع ہو چکا ہے اب مذہب کی حکومت ہے، جو کچھ ہوتا ہے اس کے ماتحت ہوتا ہے، دین الٰہی پر عمل اب بھی ہوتا ہے، لیکن وہ دین الٰہی اکبر کا تھا، اور یہ دین الٰہی "الٰہی" کا ابھی یہ رنگ بھی جمنے نہ پایا تھا کہ یہ بساط بھی آئی، اب بہادر شاہ کی مفلوج حکومت ہے، بہادر شاہ، شاہ شطرنج بنے ہوئے اور رنگ حکومت پر جلوہ فرما ہیں، لیکن انکے احکام کا نفاذ لال قلعہ کے اندر محدود ہے، علم و فضل جبکی اس سے قبل فراوانی تھی، اب اسکی کساد بازاری ہے، انکے وقت میں کوئی ملا جیوں پیدا ہوتا ہے نہ کوئی ملا عبدالقادر، انکے وقت میں شعرا کا ایک گروہ پیدا ہوتا ہے، جسکے سامنے حکومت کی تباہی و بربادی کے مناظر ہیں، بہادر شاہ کی بے دست و پائی ہے، تہذیب اسلامی کا جاں بلب مریض ہے لیکن وہ ان چیزوں کی طرف نگاہ غلط انداز سے بھی نہیں دیکھتا، اسکی محفل رچی ہوتی ہے، جسمیں "پیا" کے تذکرے ہو رہے ہیں درد نہاں کا ذکر ہو رہا ہے، سوز قلب کی کیفیت مزے لے لے کر بیان ہو رہی ہے، زلف و کمر کے افسانے ناوک و مژگاں کے ترانے موضوع سخن ہیں، گل و بلبل کی پامال تمثیلیں ہیں شب ہجراں کی کہانی ہے، ہجر و وصل کے قصے ہیں، نغمہ ایک ہے، ساز مختلف ہیں، نالہ ایک ہے، زبانیں دوسری ہیں، زمانہ بدل چکا ہے، لیکن خیالات وہی ہیں کہ اتنے میں ایک جوان ہمت پیدا ہوا، وہ ماحول سے متاثر نہیں ہوا بلکہ اسنے خود ماحول کو بدل دیا، پیدا ہوا مشاعروں میں لیکن خود ایک مکمل اور بہتریں شاعر بنا آخر کی صحبت میں

اس کے حالات و کلام پر کچھ روشنی ڈالنی مقصود ہے،

اردو شاعری کے اس سبب سے بڑے ہیرو نے اس عالم خاکی میں ۱۲۶۲ھ[1] میں قدم رکھا، اپنے عہد کے مشہور نغز گو اور قادر الکلام شاعر حضرت وحید سے شرف تلمیذ حاصل کیا[2]

جسٹس سر عبد القادر کلام اکبر پر تنقید کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

"ایک دن میرے ایک طباع دوست نے جو خود ایک نامور شاعر ہیں مجھسے پوچھا کہ تمھارے نزدیک اکبر کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے؟ میں نے کہا کہ میں دیکھتا ہوں کہ اکبر روشن خیالی کے ساتھ مشرق کی سچی محبت کا دلدادہ ہے، اسکے نزدیک ہر مشرق نژاد کا فرض ہے، کہ اپنے وطن سے محبت رکھے، اپنے مذہب کی حفاظت کرے، اپنے بزرگوں کا ادب ملحوظ رکھے، اور ہر رسم و رواج کو صرف اسلئے مذموم نہ سمجھے کہ وہ مغربی رسم و رواج کے خلاف ہے بلکہ جائز حد تک اپنی چیزوں پر نازاں ہو، اپنے ماضی سے واقف ہو، اپنے حال کی تنقید کر سکے اور اپنے مستقبل کے متعلق اچھی امید رکھے، یہ خیالات اس زور اور خوبی کے ساتھ معاصرین میں کسی کے ہاں نہیں ملتے، میرے دوست نے مجھسے اتفاق کیا اور کہا کہ یہ تمام باتیں جو اپنے یہاں لکھیں اکبر کے کلام میں پائی جاتی ہیں ان سب کو ایک مرکب لفظ میں ادا کرتا ہوں کہ اکبر لسان العصر ہے"، [3]

اکبر نے جب آنکھ کھولی تو دیکھا کہ حکومت تباہی و بربادی کے گھاٹ اتر چکی ہے، مسلمان گورنمنٹ کی نظروں میں ذلیل ہو رہے ہیں، سرسید احمد خاں کی تعلیمی کوششیں ایک خطرناک مستقبل کا اعلان کر رہی ہیں انہوں نے چاہا کہ مسلمانوں کی اصلاح کی جائے، حالی کی نوا سنجیاں اسیران قفس کے لئے پیام حیات کا حکم رکھتی ہیں اکبر نے اسی اشائل پر اپنے کو ڈھالنا چاہا اور بلاشبہہ اکبر کا یہ نقش ثانی نقش اول سے کہیں بہتر رہا،

اکبر کی شاعری نے جس فضا میں نشو و نما حاصل کی، اسکا اقتضا یہ تھا کہ اکبر کی زبان سے یہ ترانے نکلیں،

ضعف سے میں جو گھٹا اور بڑھا اسکا ستم
یاں زباں ہل نہ سکی وہ متململ سمجھا

اس توقع سے کہ تیرے پیرہن میں حرف ہو
ماہ نو بھی چرخ پر شکل گریباں ہو گیا

لیکن تھوڑے ہی عرصہ کے بعد اکبر کا یہ رنگ ذرا نکھر گیا، انکے تغزل میں دوسری شان پیدا ہو گئی شعر وہ اب بھی کہتے ہیں لیکن اپنے موضوع سے ہٹنے لگے ہیں ملاحظہ ہو،

دل مرا جس سے بہلتا کوئی ایسا نہ ملا
بت کے بندے ملے اللہ کا بندہ نہ ملا
بزم یاراں سے پھری باد بہاری مایوس
ایک سر بھی اسے آمادۂ سودا نہ ملا

اکبر نے جب میدان شاعری میں قدم رکھا تو اسکی کوشش کی کہ انکا کلام ہر حیثیت سے جامع مانع ہو، اگر ایک طرف غالب کی بلند پروازی کی جھلک نظر آئے، دوسری طرف جان صاحب کی سی سوقیت پیدا ہو جائے پھکڑ بازی میں بازی لیجائیں

---

[1] گل رعنا صفحہ ۸۶ [2] گل رعنا [3] مقدمہ کلام اکبر ایڈیشن اول،

ملاحظہ ہو،

ایک بوسہ پر وہ ٹال گئے ہم بھی چپ رہے
سمجھے کہ کسے ملتا ہے قسمت سے زیادہ

اپنی یہ احتیاط کہ بوسہ پہ اکتفا
اس پر بھی یہ عتاب کہ تو بدمعاش ہے

واسطہ کم ہوگیا اسلام کے قانون سے
دب گئی آخر مسلمانی مرے پتلون سے

اکبر کا کلام دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک معقول نثر تو ہونے کے ساتھ ہی ساتھ قادرالکلام شاعر بھی تھے "جلوۂ دربار" اور "پانی کی روانی" ملاحظہ فرمایئے حیرت ہوگی کہ اردو جیسی تھی، یہ زبان میں ایسے ایسے گوہر گرانمایہ کہاں سے پیدا ہوئے؟ ان نظموں میں بعض مقامات پر آپ زبان کی لغزش ضرور پائینگے لیکن حضرت اکبر کی یہ صفت عام ہے زبان کی حیثیت سے ان کا کلام بہت کمزور ہے، خسوہ و زوائر کی مثالیں بھی اکبر کے ہاں کافی پائی جاتی ہیں، مثلاً -

ابتک اس روش پہ ہے اکبر مست و بے خبر
کہدے کوئی عزیز من فصلِ بہار ہو چکی

متروکات بھی حضرت اکبر نہایت اطمینان سے استعمال کرتے ہیں فرماتے ہیں -

طائر رنگ چمن اڑنے کو پر کھولے ہیں
آشیاں ایسے گلستاں میں نہ بلبل باندھے

آئے ہے، جائے ہے - اس طرح کھولے ہے، اب متروک ہے پہلے مصرعہ میں کھولے اور دوسرے میں باندھے باندھ کر رعایت لفظی کے نباھنے کی کوشش کی ہے حق یہ ہے کہ وہ کسی مقصد میں بھی کامیاب نہیں ہوے، اسکے علاوہ پر کھولنا محاورہ نہیں ہے، پر تولنا محاورہ ہے، نہ آشیاں باندھنا، محاورہ ہے، اس طرح حضرت اکبر کا ایک شعر ہے،

وہ کھیتوں میں راہیں کترتا ہوا
زمینوں کو شاداب کرتا ہوا

راہ کترنا بالکل غلط ہے، محاورہ ہے، کترا کے چلنا، اسکو راہ کترنا بنا دینا حضرت اکبر کا غیر ضروری اجتہاد ہے، محاورہ میں ایک حرف کا بھی تغیر و تبدل محاورہ کو غلط کر دیتا ہے، ذوق بھی اسی قسم کی غلطی پر برسرمشاعرہ ٹوکے جا چکے ہیں، بہرحال، لطف زبان، زور بیان، بندش الفاظ اور جدت تراکیب کے لحاظ سے وہ نظمیں قابل دید ہیں انتخاب یہ ہے،

جلوۂ دربار

جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا — اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا — حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا
پلٹن اور رسالے دیکھے — گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے — بینڈ بجانے والے دیکھے
خیموں کا اک جنگل دیکھا — اس جنگل میں منگل دیکھا
مرہٹہ اور ورنگل دیکھا — عزت خواہوں کا دنگل دیکھا

لڑکیں تھیں ہر کمپ سے جاری — پانی تھا ہر پمپ سے جاری
نور کی موجیں لمپ سے جاری — تیزی تھی ہر جمپ سے جاری
ڈالی میں نارنگی دیکھی — محفل میں سارنگی دیکھی
بیسرنگی بارنگی دیکھی — دہسر کی رنگا رنگی دیکھی
ہاتھی دیکھے بھاری بھرکم — ان کا چلنا کم کم تھم تھم
زریں جھولیں نور کا عالم — میلوں تک وہ چم چم چم چم
چوکی اک چوکھی دیکھی — خوب ہی چکھی پکھی دیکھی
ہر سو نعمت رکھی دیکھی — شہد اور دودھ کی مکھی دیکھی
ایک کا حصہ من و سلویٰ — ایک حصہ تھوڑا حلوا
ایک کا حصہ بھیڑ اور بلوا — میرا حصہ دور کا جلوا
اوج برٹش راج کا دیکھا — پرتو تخت و تاج کا دیکھا
رنگ زمانہ آج کا دیکھا — رخ کرزن مہراج کا دیکھا
پہنچے پھاند کے سات سمندر — تخت میں اُن کے بیسیوں بندر
حکمت و دانش ان کے اندر — اپنی جگہ ہر ایک سکندر
اوج بخت ملاقی ان کا — چرخ ہفت طباقی ان کا
محفل ان کی ساقی انکا — آنکھیں میری باقی ان کا
ہے مشہور کوچہ و برزن — یال میں ناچیں لیڈی کرزن
طائر ہوش تھے سب کے پرزن — رشک سے دیکھ رہی تھی ہرزن

انگریزی میں ایک شاعر نے پانی کی روانی کا منظر دکھایا ہے حضرت اکبر اس تخیل کو اردو میں منتقل کرتے ہیں :-

"غرض دیکھئے اب یہ پانی چلا"

اچھلتا ہوا اور اُبلتا ہوا — اکڑتا ہوا اور مچلتا ہوا
یہ بنتا ہوا اور وہ مٹتا ہوا — ٹپکتا ہوا اور چھنتا ہوا
روانی میں اک شور کرتا ہوا — رکاوٹ میں اک زور کرتا ہوا
اِدھر پھولتا اور پچکتا اُدھر — رُخ اس سمت کرتا کھسکتا اُدھر
پہاڑوں پہ سر کو پٹکتا ہوا — چٹانوں پہ دامن جھٹکتا ہوا
وہ پہلوئے ساحل دباتا ہوا — وہ سبزے پہ چادر بچھاتا ہوا
بھٹکتا ہوا غل مچاتا ہوا — وہ جل تھل کا عالم رچاتا ہوا
وہ گاتا ہوا اور بجاتا ہوا — یہ نہروں کو پیہم نچاتا ہوا
اِدھر جھومتا اور مٹکتا ہوا — اُدھر گھومتا اور اٹکتا ہوا

غرضکہ اسی طرح طبع موزوں موجیں مار رہا ہے جس طرح سے متلاطم بحر زخار کی روانی ہو۔ نمونۃً چند اشعار درج کئے گئے کلیات ملاحظہ ہو۔

شاعری کا ایک دلچسپ مگر غیر ضروری حصہ رعایت لفظی ہے۔ اکبر صاحب اس میدان میں گام فرسا ہوے ہیں۔ یہ صنعت بھی مشکل ہے۔ ذرا چوک ہوئی اور سارے مضموں پر پانی پھر گیا۔

جیسے اکبر صاحب کہتے ہیں ؎

کیوں گلابی کے عوض پہنا ہے جوڑا کاہی
طعنہ زن گل پہ مری جان کہیں کاہ نہ ہو
ہمکنار اُس بحر خوبی سے نہ ہوں گے اکبر آپ
ایسے منصوبے سمندر پار رہنے دیجئے
مطبخ قوم میں رکھا کیا ہے
صرف شیخی ہی اب بگھاریں گے

یہ تو مثال تھی ناکامیاب۔ لیکن کامیاب رعایت لفظی کی بہار دیکھئے۔ کیسے کیسے گل کھلائے ہیں ؎

جام مے غیر کو دو میں نہ کرونگا شکوہ
رسخ کی بات ہے پی جاؤنگا آنسو کی طرح
واعظا تیری زباں پر ہے مذمت مے کی
یہ سخن تیرا گلوگیر ہوا اچھوں کی طرح

اکبر کے کلام میں بے ساختگی کا لطف بھی ہے کہیں

کہیں انکا کلام سہل ممتنع بھی ہوجاتا ہے۔ جس سے لطف اور دوبالا ہوجاتا ہے ملاحظہ ہو۔ دعوت عمل دے رہے ہیں، نصیحت جیسے تلخ فرض سے عہدہ برا ہو رہے ہیں۔ طعن و تشنیع سے کام نکال رہے ہیں لیکن کس بے تکلفی سے۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بے تکلف دوست دلچسپ گفتگو کر رہا ہے۔

کاہلی اور توکل میں بڑا فرق ہے یار
اٹھو کوشش کرو بیٹھے ہوئے کس دھیان میں ہو

کھوئے دیتے ہو جو تم مذہب وملت اے یار
کیا سمجھتے ہو کہ ملجائیگی تقدیر نئی

سلاست اور روانی بھی اکبر کے کلام کا ایک جزو ہے۔ پامال مضامین کو دلچسپ بنانا مرادخیالات میں شوخی پیدا کرنا اکبر ہی کا حصہ ہے فرماتے ہیں ؎

ہائے کیا دلکش ہے اسکی چشم مست
آنکھ ملتے ہی محبت ہوگئی

یہ ادائیں یہ لگاوٹ یہ بلا کی چتون
میں تو کیا ضبط فرشتوں سے بھی واللہ نہ ہو

جناب حضرت ناصح کا واہ کیا کہنا
جو ایک بات نہ ہوتی تو اولیا ہوتے

شراب معرفت اور مینائے حقیقت کے جام بھی اکبر کی مجلس میں ملینگے۔ ذرا کیفیت حاصل کیجئے ؎

قلقل شیشہ کو سنئے تو ذرا حضرت شیخ
دیکھئے تو کہیں اس قل میں ہو اللہ نہ ہو

ہم نے مخلوق میں خالق کی تجلی پائی
دیکھ لی آئینے میں آئینہ گر کی صورت

غالب کا موضوع شاعری فلسفہ تھا حضرت اکبر کا موضوع کچھ اور رہے مگر فلسفیانہ اشعار ان کے یہاں بھی ملتے ہیں عشق کی فلسفیانہ تعریف ملاحظہ ہو۔ ؎

دل میں شورش ہے آنکھ میں آنسو عشق سے کھیل آگ پانی کا

سراب حیات پر اکبر کی فلسفیانہ رائے دیکھو۔ ؎

بحر ہستی میں ہوں مثال حباب مٹ ہی جاتا ہوں جب ابھرتا ہوں

وجود واجب الوجود کا ثبوت کتنے مسکت انداز میں آیا ہے ارشاد ہوتا ہے۔

ذہن میں جو گھر گیا لاانتہا کیونکر ہوا
جو سمجھ میں آگیا وہ خدا کیونکر ہوا

حکیمانہ احساسات سے بھی کلام اکبر خالی نہیں۔ ملاحظہ ہو۔ ؎

رونا تو ہے اسی کا کوئی نہیں کسی کا
دنیا ہے اور مطلب مطلب ہے اور اپنا

کم بضاعت کو جو یک ذرہ بھی ہوتا ہے فروغ
خودنمائی کو وہ اڑ چلتا ہے جگنو کی طرح

مبالغہ آفرینی میں بھی جناب اکبر کو کمال حاصل تھا ؎

کردیا ایسا زار و خشک منزل عشق نے مجھے
خار چبھے گا مجھ میں کیا میں ہی چبھا ہوں خار میں

دلا کیونکر میں اس رخسار روشن کے مقابل ہوں
جسے خورشید محشر دیکھ کر کہتا ہے میں تل ہوں

حضرت اکبر کے بعض اشعار نے قبول عام اور حیات دوام کی سند بھی حاصل کرلی۔ مثلاً ؎

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہوجاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

کبھی کبھی اس ہنسنے ہنسانے والے شاعر کی واہ" آہ میں قہقہہ،، نالے میں، ہنسی سوز میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ایسے شعر کہتا ہے جو تیر و نشتر بنکر دلوں اُترتے ہیں۔ ؎

دھواں پہلے اُٹھتا تھا آغاز تھا وہ
ہوا خاک، اب یہ ہے انجام دل کا
اے ابر تڑپنے میں ہمیں ہیں ترے ساتھی
اے ابر ترے ساتھ جو گریاں ہیں تو ہم ہیں

دیکھنا سویا ہوا اکبر بیدار ہوتا ہے۔ اب تک وہ فرضی معشوق کا عاشق تھا۔ وہ موہوم محبوب کا پرستار تھا۔ اب تک وہ بتوں کی پرستش حاصل حیات سمجھتا تھا اب وہ عاشق ہوتا ہے۔ فطرت کا۔ اب وہ دل دیتا ہے حقیقت کو۔ اور بندہ بنتا ہے جذبات و احساسات کا۔ اسکی شاعری اب شاعری ہوگی جو کچھ کہیگا دل میں اُتر جائیگا۔ وہ گالیاں دیگا لیکن ہم ہنسیں گے وہ برا بھلا کہیگا لیکن ہم مسرور ہونگے۔ وہ طعن و تشنیع سے ہمارے قلوب مشتاق کریگا ہم سینہ آگے کر دینگے۔ وہ ہم پر آوازے کسیگا، ہمیں بنائیگا۔ ہم پر پھبتیاں کسیگا لیکن ہم ان باتوں کو خوشی سے انگیز کرینگے۔ وہ میٹھی چٹکیاں لیگا لیکن ہم تکلیف کے ساتھ لطف محسوس کرینگے۔ وہ نصیحت کڑوی گولیاں خوش طبعی کی شکر میں لپیٹ کر ہم کو کھلائیگا ہم بخندہ پیشانی اُسکے عطیے کو قبول کرینگے۔

غدر کے بعد مسلمانوں کی کشتی کے ناخدا سر سید تھے۔ انھوں نے مسلمانوں کی تمام تر توجہ تعلیم انگریزی کی طرف مرکوز کردی۔ سیاسات کو شجر ممنوعہ قرار دیا۔ انگریزی تعلیم کو حاصل حیات سمجھا۔ اسکے جو نتائج ہوئے وہ آج ہمارے سامنے ہیں۔ لیکن اکبر کی دور بیں نظر ان واقعات کو پہلے ہی دیکھ چکی تھی، اس کا فیصلہ تھا کہ ؎

دل بدل جائینگے تعلیم بدل جانے سے
وہی ہوا اسلئے اکبر کے ہاں ایک مستقل موضوع "سیدیات" کا ملتا ہے جسمیں جی کھول کر سید صاحب کی مزاج پرسی کی ہے۔ اُن کے کلیات اور نظریات کی دھجیاں بکھیری ہیں۔ ہنس ہنس کر سید صاحب کو جلایا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ ؎

رنگ چہرے کا تو کالج نے بھی رکھا قائم
رنگ باطن میں مگر باپ سے بیٹا نہ ملا
سید اُٹھے جو گزٹ لیکے تو لاکھوں لائے
شیخ قرآن دکھاتے رہے پیسا نہ ملا
سید کی روشنی کو اللہ رکھے قائم
بتی بہت ہے موٹی روغن بہت ہی کم ہے

لیکن با اینہمہ سید کے حسن نیت کے اکبر قائل تھے۔

ہماری باتیں ہی باتیں ہیں سید کام کرتا تھا
نہ بھولو فرق جو ہے کہنے والے کرنے والے میں

انگریزی تعلیم حاصل کرکے بالعموم "صاحب بہادر" بنجاتے ہیں بلکہ بعض تو ایسے ستم ظریفی سے کام لیتے ہیں کہ اپنی "صاحبیت" کی تکمیل کے لئے "میم" صاحبہ کا وجود بھی ضروری سمجھتے ہیں۔ اکبر صاحب اسکی ذمہ داری اولاد پر نہیں والدین اور سید صاحب پر رکھتے ہیں کتنا معقول اور مبنی پر واقعات استدلال ہے۔ ملاحظہ ہو۔ ؎

اِک بت یہیں بدن سے کہ لیا لندن میں عقد
اِس خطا پر شیخ رہا ہوں طعنہ ہائے دلخراش

کوئی کہتا ہے کہ بس اس نے بگاڑی نسل قوم
کوئی کہتا ہے کہ ہے یہ بدخصال و بد معاش
دل میں کچھ انصاف کرتا ہی نہیں کوئی بزرگ
ہو کے اب مجبور خود اس راز کو کرتا ہوں فاش
ہوتی تھی تاکید لندن جاؤ انگریزی پڑھو
قوم انگلش سے ملو سیکھو وہی وضع و تراش
جگمگاتے ہوٹلوں کا جا کے نظارہ کرو
سوپ و کاوی کے مزے لو چھوڑ کر یخنی و آش
لیڈیوں سے مل کے دیکھو اُن کے انداز و طریق
بال میں ناچو کلب میں جا کے کھیلو اُن سے تاش
بادۂ تہذیب یورپ کے چڑھاؤ خم کے خم
ایشیا کے شیشۂ تقویٰ کو کرو دو پاش پاش
سامنے تھیں لیڈیاں زہرہ وش و جادو نظر
ہاں جوانی کی اُمنگ اور اُنکو عاشق کی تلاش
اُسکی چتون سحر آگیں اُسکی باتیں دل ربا
چال اُسکی فتنہ خیز اُسکی نگاہیں برق پاش
جب یہ صورت تھی تو ممکن تھا کہ اک برق بلا
دست سیمیں کو بڑھاتی اور میں کہتا دور باش
دونوں جانب تھا رگوں میں جوشِ خون فتنہ زا
دل ہی تھا آخر نہیں تھی برف کی یہ کوئی قاش
بار بار آتا ہے اکبر میرے دل میں یہ خیال
حضرتِ سید سے جا کر عرض کرتا کوئی کاش
درکنارِ قصرِ دریا تختۂ بند م کردئ
باز میگوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

حضرت اکبر جس قدر تعلیم جدید سے بیزار تھے اسی قدر تہذیب جدید سے۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ کوئی مشرقی، مغربی انداز و اطوار اختیار کرے۔ اس لئے اس موضوع پر بھی اُنکے کلیات میں مستقل مواد ملتا ہے۔ کتنے باغیرت طریقے پر تنبیہ کرتے ہیں۔ ؎

رنگ اُڑا نا اہل یورپ کا تو ہے اکبر محال
مفت اپنے آپ کو تم نے تماشا کر دیا

موجودہ تہذیب و تمدن نے جو مہذب صورت اختیار کر لی ہے اور سوسایٹی کے لئے جو بدترین اصول وضع کئے ہیں ان کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ؎

شیطاں کو رجیم کہہ دیا تھا اک نے اک غل مچا کہ خلاف تہذیب ہے یہ

کالج کا کوئی سٹرنمازی ہونے کے بعد مولینا کا خطاب پاتا ہے اب ذہنیت یہ پیدا ہو گئی کہ کوئی بات خلاف فیشن نہ ہو ورنہ آدمی احمق مشہور ہوگا۔ نماز پڑھنا فیشن سے خارج ہے لہذا اگر کوئی نماز پڑھے تو اس علم کدے سے حماقت مآبی کا سرٹیفکٹ لیجائیگا۔

اس خیال کو اکبر نے کتنے بہتر انداز میں باندھا ہے ؎

مین نے اکبر سے کہا آیئے حجرے میں مرے
اس چٹائی پہ نمازیں پڑھیں حسب دستور
چھوڑیے آپ یہ ہنگامۂ تعلیم جدید
کاٹ ہی دیگا کسی طرح خداوند غفور
بولا جھنجھلا کے کہ ہے سہل جہنم مجھ کو
اسکی نسبت کہ میں کالج میں ہوں احمق مشہور

اکبر اپنے دعوے کے ثبوت میں اتنی عام بات پیش کرتا ہے کہ بادی النظر میں وہ مضحک ہوتی ہے مگر در حقیقت جس قدر غور کیجئے اُسیقدر لذت الم کے متضاد جذبات پیدا

ہوتے جائیں گے۔ ذیل کے شعر میں اکبر نے کوزے میں دریا بھرا ہے تعلیم جدید کی بھی حقیقت کھولی ہے۔ اُسپر آوازہ بھی کسا ہے۔ قلوب کے سیاہ ہونے کا تو اتنا معقول ثبوت پیش کیا ہے کہ ماشاء اللہ۔ ؎

سیاہ کرنا دلوں کا اسے ہے کیا مشکل
تمہارا علم لگاتا ہے آفتاب میں داغ

بعض باتیں ایسی کہہ جاتے ہیں کہ اگر اُنکا تجزیہ کیجئے تو وہ بالکل بے معنی اور مہمل ہیں۔ مگر درحقیقت کوئی نہ کوئی نکتہ ملحوظ رہتا ہے ارشاد ہوتا ہے۔ ؎

نئی تعلیم کو کیا واسطہ ہے آدمیت سے
جناب ڈارون کو حضرتِ آدم سے کیا مطلب

اس مس پہ کون مرے سوا ہے فریفتہ
گاہک میں ہی ہوں ہند میں لندن کے مال کا

انگریزی اسکولوں اور کالجوں کی تعلیم جسطرح رفتہ رفتہ عقاید میں تغیر پیدا کرتی ہے اسکو ظاہر کرتے ہیں۔ ؎

نظر انکی رہی کالج میں بس علمی فوائد پر
گرا کیں چپکے چپکے بجلیاں دینی عقائد پر

ہم میں جب کوئی بڑا منصب حاصل کرتا ہے تو تبختر اور تمرد کی وجہ سے اپنے ہمجنسوں اور عزیزوں سے گفتگو کرنا اپنی توہین سمجھتا ہے۔ اکبر صاحب اُسے نصیحت کرتے ہیں۔ لیکن کتنے دل موہ لینے والے الفاظ ہیں۔ ؎

عزیزانِ وطن سو جیں سول سروس سے کیا حاصل
یگانوں میں رہو "بیکار رہو کر" اس سے کیا حاصل

ہندو مسلم اتحاد کے بھی اکبر صاحب موافق ہیں انہیں اتحاد و اتفاق کی تلقین کرتے ہیں۔ تمثیل ملاحظہ ہو۔ ؎

کہتا ہوں میں ہندو و مسلماں سے یہی
اپنی اپنی روش پہ تم نیک رہو
لاٹھی ہے ہوائے دھرپانی بن جاؤ
موجوں کی طرح لڑو مگر ایک رہو

فقیر کو ایک پائی دینا فضول خرچی ہے۔ ہمارا دل فوراً سمجھ جاتا ہے کہ یہ مضبوط ہے کما کھائیگا۔ لیکن دوسرے لغویات میں جو ہم صرف کرتے ہیں اسکا احساس تک نہیں کرتے۔ اکبر صاحب اسی کے متعلق فرماتے ہیں۔ ؎

فقیر مانگے تو صاف کہدیں کہ تو ہے مضبوط جا کما کھا
قبول فرمائیں آپ دعوت تو اپنا سرمایہ کل لٹادیں

ہندوستان یورپ کے لئے کیا ہے۔ لسان العصر کی زبان سے اسے بھی سُن لیجئے۔ ؎

یہ بات غلط کہ ملک اسلام ہے ہند
یہ جھوٹ کہ ملک لچھمن و رام ہے ہند
ہم سب ہیں مطیع و خیر خواہ انگلش
یورپ کے لئے بس اک گدام ہے ہند

قرآن کی فصاحت و بلاغت پر ہم بہترین لکچر دے سکتے ہیں۔ اعجاز قرآن پر لاجواب تقریر کر سکتے ہیں۔ قرآن کو منزل من اللہ ثابت کر سکتے ہیں۔ لیکن ہمارا عمل ہمارے ان واعیات کے بالکل خلاف شہادت دیتا ہے۔

ورد قرآں کی نہ رد بھائے عمل اسپہ کرو
پیش درگاہِ خداداد کی حاجت کیا ہے

یورپ سے ہم اسقدر مرعوب ہیں کہ اسکے "نیچرل" "وحی" "یوحیٰ" سمجھتے ہیں ہمارے دلیں جو جگہ مل اور اسپنسر کانٹ اور ہیگل کی ہے وہ غزالی اور رازی فارابی اور سینا کی

نہیں ہے۔ فرماتے ہیں۔

غزالی اور رومی کی بھلا اب کون سنتا ہے
کہ محفل میں چھڑا اب نغمۂ اسپنسر و مل ہے

عیسائیوں کی برائے نام سہی مگر مذہبی حالت بہت مضبوط ہے۔ ہماری مذہبی حالت روز بروز بدتر ہو رہی ہے اسکی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ؎

گرجا میں تو کرنیل و کمشنر بھی ہیں موجود
مسجد میں کوئی ڈپٹی و منصف بھی نہیں ہے

خدا کے نام کا ورد تو ہماری زبان پر رہتا ہے لیکن ہمارے دل اسکی عظمت سے بالکل خالی ہیں۔ فرماتے ہیں۔

نام خدا کو اکثر زیب زباں تو پایا
عشق بتاں کو لیکن نقش قلوب دیکھا

موجودہ سائنس نے جو محیر العقول ترقی کی ہے وہ ہمارے سامنے ہے۔ نت نئے انسان شکن آئے نت نئی جان لیوا گیسیں روز ایجاد ہوتی ہیں۔ آج ایک ایسی گیس ایجاد ہوتی ہے جو کئی لاکھ آدمیوں کو چند منٹ میں ختم کر سکتی ہے۔ کل ایک ایسا آلہ ایجاد کیا جاتا ہے کہ ہوائی جہاز دو سو میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑنے لگتا ہے۔ غرض تہذیب کے پردے میں بربادیٔ تمدن کے پردے میں تباہی، مذہب کے پردے میں غارتگری، حضارت کے پردے میں دغا و فریب کی جو گرم بازاری ہے اسکی طرف اشارہ کرتے ہیں ؎

جان ہی لینے کی حکمت میں ترقی دیکھی
موت کا روکنے والا کوئی پیدا نہ ہوا

حسب ذیل شعر حضرت اکبر نے کسی کیف کے عالم میں کہا تھا اگر اسوقت نہیں تو آج یہ شعر اپنے حقیقی مفہوم میں صادق ہے تمسک بالکتاب والسنت کا دعوی کرنے والے ابن مسعود کی صبا رفتار موٹریں، ریگستان حجاز میں مصروف خرام ہیں۔ ملک فیصل تھیٹر ہال میں جانا باعث فخر سمجھتے ہیں تصویر کھینچوانا عملاً جائز سمجھتے ہیں۔ شعر یہ ہے۔

اپنے اُشتر کو یہ کیا لیجائیگا سوئے حجاز
مست خود ہے بینڈ کی گت پر حدیٔ خواں اندنوں

مسلمانوں کے اندر سے رفتہ رفتہ جس طرح غیرت وخودداری کا احساس فنا ہو رہا ہے وہ ظاہر ہے۔ اکبر صاحب ارشاد فرماتے ہیں۔

زمان حال کے اگلے فسانۂ ماضی ہیں
جو تلواریں چلاتے تھے وہ اب ٹھوکر پہ راضی ہیں

گورنمنٹ نے مذہبی آزادی دیکر بالواسطہ جو گمراہیاں پیدا کی ہیں اسکے متعلق کہتے ہیں۔

گورنمنٹ کی خیر یارو منادو گلے میں جو اتریں وہ تانیں اڑاؤ
کہاں ایسی آزادیاں تھیں میسر انا الحق کہو اور پھانسی نہ پاؤ

اسلاف کی خصوصیت یہ تھی کہ اُن کا ایمان "وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا" پر تھا وہ غایت درجہ بے لوثی اور بے غرضی سے اسلام کی خدمت کرتے تھے۔ اسکے بالکل برعکس اخلاف کی جو حالت ہے ظاہر ہے۔

اُٹھا تو تھا وولولہ یہ دلمیں کہ صرف یاد خدا کرینگے
معاً مگر یہ خیال آیا ملی نہ روٹی تو کیا کرینگے

کہاں کے قبلہ کہاں کے قبلی جنید کیسے کہاں کے شبلی
عوض تصوف کے ہم نے طب لی بنیں گے سرجن اکرینگے

اکبر پھر مگن کوشش سے مسلمانوں کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں۔

[بقیہ صفحہ ۱۲۰ پر دیکھئے]

افسانہ

بیوہ کا لڑکا

[جناب عابد علی صاحب سابق ایڈیٹر افسانہ]

(۱)

شبھدرا شمالی ہند میں ایک چھوٹا سا خوبصورت گاؤں ہے، اس کی تراوت بخش آب و ہوا، اس کے کھلے کھلے میدان لوگوں کو اپنی طرف کھینچ لینے کی کافی کشش رکھتے ہیں، بستی تو کوئی بڑی نہیں ہے تقریباً دو سو نفوس اسکی نزہت زا فضا میں نشو و نما پاتے ہیں مگر وہ چیز جو یہاں لوگوں کو خاص طور سے آنے کی دعوت دیتی ہے شاہان مغلیہ کے وقت کی ایک بوسیدہ مسجد ہے، لوگوں کا خیال ہے کہ اسے "شاہ دینا" نے بنوایا تھا، یہ پرانے وضع کی سادہ اور خوبصورت سی مسجد ہے، اسکے سامنے ایک بہت بڑا میدان ہے اور پشت پر ایک قبرستان، جہاں زمانہ سلف کے لوگ آزادی اور بے نیازی کی نیند سے سرشار، ابدی خواب کے کیف سے سرمست، ایک لامتناہی زمانہ کے لئے پڑے سو رہے ہیں۔

مکانات کچھ کچے اور کچھ پکے بنے ہوئے ہیں، جگہ جگہ پر کاشتکاروں نے چھوٹی چھوٹی جھونپڑیاں ڈال لی ہیں۔ ان سب کا اصل پیشہ جیسا کہ ظاہر ہے کاشتکاری اور زراعت ہے۔ صبح کے وقت جبکہ آفتاب کی اولیں کرنیں اس خطۂ فردوس بداماں پر پڑتے بھی نہیں پاتیں کہ یہاں کے کاشتکار ہل کاندھے پر رکھے بیلوں کو آگے آگے ایک دہقانی مگر دلکش گیت گاتے ہوئے چلے جاتے ہیں اور وہ سماں جب وہ شام کو تھکے اور ماندے کھیتوں سے اپنے گھروں کو پلٹتے ہیں اور کالے کالے بادل انکے سروں پر منڈلایا کرتے ایک خاص دلفریبی رکھتا ہے۔ بستی زیادہ تر مسلمانوں پر منحصر ہے مگر پھر بھی یہاں ہندوؤں کی تعداد کافی ہے اور یہ دونوں کچھ اس سرگرمی سے ایک دوسرے سے ملتے ہیں کہ مذہب کا تفاوت کوئی تفاوت نہیں معلوم ہوتا۔

اس مسجد کو "شاہ صاحب" کی مسجد کہتے ہیں، روزانہ تو یہاں زیادہ اجتماع نہیں ہوتا مگر جمعہ اور خصوصاً جمعہ کو یہ چھوٹی سی مسجد نمازیوں سے بھری نظر آتی ہے اور ہر شخص سچے دل اور حضور قلب سے ذرا صاف ستھرے کپڑے پہنے ہوئے خدا کی دربار میں اپنی زراعت اور پیداوار کی دعا نہایت خشوع اور خضوع سے مانگتا ہے۔ پاس ہی ایک چھوٹی سی ندی نہایت صفائی سے لہریں لیتی ہوئی چلی جاتی ہے۔

میرے ایک دوست جو یہیں کے باشندے ہیں گرمیوں کی تعطیل میں مجھے بھی اپنے ساتھ یہاں لیتے آئے اور میں بھی اس فردوس نظر خطے کے منتظر بائے دلربا میں مسرت کی چند سانسیں لینے لگا۔ ایک روز جمعہ کو جبکہ نمازی ہر طرف سے آ آ کر مسجد میں جمع ہو رہے تھے میں نے دیکھا کہ ایک بڈھا گرخمیدہ اور بہت بزرگ، ایک ڈنڈے کے سہارے آہستہ آہستہ چلی آ رہی ہے، اسکے بال بالکل سفید مثل برف کے تھے، گالوں پر تمام جھریاں پڑی ہوئی تھیں اور چلنے میں اسکے قدموں کو اسقدر لغزش ہوتی تھی کہ معلوم ہوتا تھا اب گرا ہی چاہتی ہے۔ اسکے چہرے

سے ظاہر ہوتا تھا کہ اُسے خدا کے نام کے ساتھ کس قدر پیار اور محبت ہے اور وہ کس خلوص سے اتنی تکلیفوں اور کلفتوں کو برداشت کرکے حضور میں حاضر ہوئی ہے۔ اسکا سفید چہرہ تھکن کی وجہ سے تمتما رہا تھا، کپڑے کچھ میلے گرد آلود ہوئے تھے جسے اُس نے خود ہی صاف کئے ہوں گے، وہ کانپتی ہوئی مسجد میں آکر ایک کنارے پر بیٹھ گئی۔ دنیا میں اب اسکے لئے محبت کا کوئی سامان نہ تھا، اسکے کوئی عزیز و اقارب نہ تھے صرف آسمان کی امیدیں تھیں اور وہ، اور بس اسکے سوا اُسکا کوئی سہارا نہ تھا۔ غریب کھڑی ہوکر نماز نہ پڑھ سکتی تھی بیٹھ کر نماز پڑھنے لگی جب میں نے اُسکو لرزہ براندام سجدے میں جاتے ہوئے دیکھا تو مجھے محسوس ہوا کہ اسکی نماز ہم لوگوں کی نماز سے پہلے بارگاہ الٰہی میں درجہ قبولیت کو پہونچتی ہوگی۔

(۲)

ایک دن ظہر کی نماز پڑھکر میں وہیں بیٹھا ہوا تھا، میں نے دیکھا کہ دو گورکن اس پرانے قبرستان میں ایک قبر کھودنے میں مشغول ہیں، اُن لوگوں نے ایسی جگہ کو انتخاب کیا تھا جو بالکل کنارے اور نشیب میں تھی جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ کسی غریب انسان کی ابدی آرامگاہ بنے گی۔ میں گھر جانے بھی نہ پایا تھا کہ میں نے دیکھا چند آدمی ایک جنازے کو کاندھے پر رکھے ہوئے لا رہے ہیں میت پر امارت و دولت کا شائبہ بالکل نہ تھا بلکہ اسکی جگہ حسرت اور مایوسی برس رہی تھی، نعش پر پڑی ہوئی گاڑھے کی چادر اپنے مردے کی غربت و افلاس کا کافی ثبوت دے رہی تھی۔ میں نے اُسی بزرگ عورت کو جسے میں جمعہ کے دن دیکھ چکا تھا، جنازے کے پیچھے کانپتے اور ایک حالت میں جکا بیان ناممکن ہے آتے دیکھا۔ وہ اس قدر رو چکی تھی کہ اب اپنے مردہ لڑکے کے لئے اُسکی آنکھوں میں ایک آنسو بھی نہ تھا، اُسکی آنکھیں ایک سوکھے ہوئے تالاب کی طرح خشک ہو چکی تھیں، مگر اُسکی صورت سے ظاہر ہوتا تھا کہ اُسے کسقدر غم ہے ـــــ غم ہے اپنے اکلوتے بیٹے کی موت کا، جو اسکی زندگی کا واحد سہارا اور تنہا امید تھا۔ اُسے گاؤں کی ایک دوسری عورت سنبھالے ہوئے تھی جو بار بار تسلی آمیز الفاظ میں اُسکو تسکین دیتی جاتی تھی۔ جنازہ مسجد کے سامنے رکھا گیا اور امام نے نکل کر نماز جنازہ پڑھائی۔

میں بھی میت کے ہمراہ ہولیا، ایک آدمی سے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ اسی بزرگ خاتون کا بیٹا مسلم تھا جو عالم نوجوانی میں وفات پاگیا، اسکی عمر تقریباً پچیس برس کی ہوگی۔ جنازہ بہت جلد قبرستان میں پہنچا دیا گیا۔ جنازہ سامنے رکھا ہوا تھا اور بڑھیا ہاتھ جوڑے اور کانپتے ہوئے الفاظ میں کہہ رہی تھی، کہ اے خدا یہ میرا آخری سہارا تھا۔

..... تو نے اسے چھین لیا ..... آہ .... اچھا کیا .... اب میرا دنیا میں کوئی نہیں"۔

لوگ نعش کو قبر میں اُتار رہے تھے اور وہ غریب اپنے بیٹے کو خاک میں ملنے کے خوف سے ڈری جا رہی تھی اور آلام کے پہاڑ ٹوٹ ٹوٹ کر اُس پر گر رہے تھے، اس حالت کو دیکھکر وہ عورت جو اُسکے ہمراہ تھی تسلی دینے لگی، نہیں، نہیں ... صبر ... صبر" مگر بڑھیا صرف سر ہلا دیتی گویا اُسے قرار نہیں آسکتا تھا۔

نعش قبر میں اُتار دی گئی۔ مردہ کا کفن سے چہرہ کھولدیا گیا اور غریب بڑھیا اپنے لڑکے کو آخری بار دیکھنے لگی۔ آہ اب وہ رو رہی تھی، آنسو خود بخود اُسکی آنکھوں

سے پیدا ہو رہے تھے۔ اسوقت وہ خود بھی چاہتی تھی کہ وہیں دفن ہو جائے۔ وہ زیادہ صبر نہ کر سکی، اُسکے صبر و قرار لڑکے کے دفن ہوتے ہی فنا ہو گئے اور وہ وہیں ایک درد بھری چیخ کے ساتھ بیہوش ہو کر گر پڑی۔

تھوڑی دیر بعد بڑھیا کو ہوش آیا مگر وہ اب بھی اصل میں اپنے ہوش میں نہ تھی، اُسکو ہوش کس طرح قائم رہتا جبکہ وہ اپنے سامنے اپنے پیارے سالم کو خاک میں ملتے اپنی آنکھوں سے دیکھ چکی تھی ـــــ اُسکے حواس کیسے بجا رہتے جبکہ اُسکی تمام تمناؤں کا خون ہو چکا تھا۔ مگر اُسے جبر کر کے اُٹھایا گیا اور وہ بہت آہستہ لکڑی کے خفیف سے سہارے پر اپنے لڑکے کو جو دنیا میں اُسے حد سے زیادہ پیارا تھا، ہمیشہ کے لئے چھوڑ کر چلنے لگی۔ میرا دل اُسکے واسطے اشک آلود تھا، میرا قلب اُسکے غم پر رو رہا تھا۔ میں سوچنے لگا کہ ایک دولتمند کے آلام کیسے ہوتے ہیں! ـــــ اُسکے دوست اُسے بہلاتے رہتے ہیں، اُسکی مسرتیں اُسکے دل سے غموں کو بھلا دیتی ہیں، تمام دنیا اُس کے غموں کو بدلنے اور ان میں حصّہ لینے کی سعی کرتی ہے۔ ایک نوجوان کے آلام کیسے ہوتے ہیں! اُس کے جوان خیالات اُسکے غم پر غالب آجاتے ہیں اور وہ بہت جلد اپنے غم کو بھول جاتا ہے۔ مگر ایک غریب کے آلام جسکا کوئی ہمنوا نہ ہو ـــــ ایک بڈھے کے آلام، جسکی زندگی چراغ سحری سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی ـــــ ایک بڑھیا کے آلام جو معمر ہو چکی ہے، تنہا ہے، غریب ہے، اپنے لڑکے کی موت پر رو رہی ہے جو اُسکی زندگی کا آخری سہارا تھا، اصل میں یہی وہ آلام ہیں جو اپنے میں خدا معلوم کتنی کلفتیں پنہاں رکھتے ہیں۔

---

(۳)

مگر پلٹتے وقت میں نے اُس عورت سے جو بڑھیا کو سنبھالے ہوئے تھی تمام حالات دریافت کئے اور اُس نے جو کچھ بتایا اُسکا خلاصہ یہ تھا کہ مردم سالم کے والدین پیدائش سے اُسی گاؤں میں رہتے تھے اور کاشتکاری کے ذریعہ اپنی زندگی مسرت اور اطمینان کے ساتھ بسر کرتے تھے، اُن کے صرف یہی ایک لڑکا تھا جو ان کی زندگی سہارا تھا، پر اُس عورت کے الفاظ یہ تھے، "جناب، وہ بہت خوبصورت، بہت خوش مزاج اور رحمدل تھا غریب بڑھیا (اُسکی ماں) بھی اسے بہت پیار کرتی تھی اور کیوں نہ پیار کرتی وہ اسکا کسقدر تابع فرمان تھا۔ وہ اس پر فخر کرتی تھی اور اسے اس پر ناز تھا" بدقسمتی سے ایک سال قحط پڑ گیا اور مجبوراً اسے کشتی بانی کی ملازمت کرنا پڑی۔ اس ملامت میں وہ زیادہ عرصہ تک نہ رہا ہوگا کہ بدمعاشوں کی ایک جماعت اسے پکڑ لے گئے اور وہاں اسے ایک جہاز میں کوئی معمولی نوکری مل گئی۔ اس کے والدین نے یہ خبر سُنی مگر اسکے علاوہ پھر انھیں کوئی اطلاع نہ مل سکی کہ وہ کہاں ہے اور کیا کرتا ہے۔ اسکا باپ جو کمزور تو پہلے ہی تھا اب اور بھی نحیف ہو گیا اور آخر کار اسے قبر کے تاریک گوشے میں بہت جلد امان مل گئی۔

غریب بڑھیا اب تنہا رہ گئی تھی، نیچر کی چند ضروری خواہشات اسکا باغ اور گاؤں کے کچھ ذی مقدرت لوگ پوری کر دیا کرتے تھے۔ ایک روز جب وہ بیچاری اپنے کھانے کے لئے کچھ سامان کر رہی تھی کہ جھونپڑی کا دروازہ کھلا اور ایک اجنبی شخص در آیا اور چاروں طرف متجسّس نظریں پھینکنے لگا۔ وہ ملاحوں کے سے کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ اُسکی صورت پر افسردگی اور زردی برس رہی تھی اور معلوم ہوتا تھا

کہ وہ بیمار ہے اور محنت شاقہ کا مارا ہوا ہے۔ وہ جوش مسرت سے لغزش بہ قدم اپنی ماں کی طرف بڑھا۔ غریب بیوہ غور کر کے اسکو دیکھ رہی تھی مگر اسکی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کون ہے۔ "اماں ... میری اماں" کہکر وہ بڑھیا کے پیروں پر گر پڑا اور آنسو اُسکی آنکھوں سے جاری ہو گئے۔ یہی اسکا گم شدہ بیٹا سالم تھا جو بیماری کی تکلیفوں سے پریشان ہو کر سختیوں کو جھیلتے جھیلتے خدا معلوم اپنی ماں کے پاس کس طرح بھاگ آیا تھا ـــــ یہ ایک ایسا منظر تھا جس میں مسرت والم آمیزان تھے۔ مسرت اس لئے کہ وہ زندہ تھا اور اپنے گھر آگیا تھا اور الم اس لئے کہ اسکی حالت بہت سقیم تھی وہ سخت علیل تھا۔ بیوہ ماں اسے دیکھکر بیقرار ہو گئی، فراوانی انبساط میں جلدی سے اُسے گلے لگالیا اور خوشی کے چند آنسو نکل کر زمین جذب ہو گئے۔

وہ بیمار تھا اور اپنی ماں کے اس بوسیدہ بستر پر لیٹ رہا جس پر اُس بیماری نے خدا معلوم کتنی راتیں شب بیداری، اختر شماری اور گریہ وزاری میں بسر کر دی تھیں۔ وہ اُسی پر، غریب سالم اس پر اس طرح پڑا کہ پھر نہ اُٹھ سکا۔ غریب بڑھیا دن دن اور رات رات بھر اس کے پاس بیٹھے بیٹھے جاگ کر گذار دیتی تھی۔ اُس کی مادری محبت جوش پر تھی، آہ اس نے کتنے عرصے کے بعد اپنے لڑکے کو پایا تھا۔ وہ اس پر ہر چیز قربان کر دیتی، اگر اسکے پاس کائنات عالم کی بادشاہت بھی ہوتی تو بھی وہ اس پر نثار کر دیتی کہ وہ زندہ رہے مگر اسکے پاس کیا تھا جو وہ اُس پر نثار کرتی، اسکے پاس کیا تھا جو اُس پر فدا کرتی، وہ غریب تھی اور اس قابل بھی نہیں کہ شہروں میں لاکر اچھی طرح علاج کرا سکے۔ ماں کے دل میں اپنے لڑکے کے لئے سب سے زیادہ محبت ہوتی ہے ایسی کہ جو خود غرضی سے بھی سرد بھی نہیں ہو سکتی، وہ اپنی راحت پر اسکی راحت کو ترجیح دیتی ہے۔ وہ اپنی تمام مسرتوں کو اُس پر نثار کر دیتی ہے، وہ اُسکے عروج پر خوش ہوتی ہے، اسکی دولتمندی پر مسرور ہوتی ہے ـــــ اور اگر لڑکے پر بدبختی کا زمانہ آجاتا ہے تب بھی وہ اُسے چاہتی ہے اور اگر اُسکے نام پر بدنامی کا دھبہ لگ جاتا ہے اُسوقت بھی وہ اُس سے محبت کرتی ہے اور اگر تمام دنیا اُسے چھوڑ دے اور اُس سے نفرت کرنے لگے تو وہ اُس کے لئے تمام دنیا بن جاتی ہے۔

غریب سالم جانتا تھا کہ تنہائی میں بیماری کیسی ہوتی ہے اس لئے وہ اپنی ماں کو اپنے سامنے سے ہٹنے نہ دیتا چاہتا تھا۔ اگر وہ کہیں چلی جاتی تو اُسکی آنکھیں اُسکا تعاقب کیا کرتی تھیں۔ وہ گھنٹوں اُسکے پاس بیٹھی رہتی اور وہ سویا کرتا۔ کبھی وہ سخت بخار کی غفلت سے چونک پڑتا اور اوسکی نظریں اپنی ماں کو تلاش کرنے لگتیں اور جب وہ دیکھ لیتا کہ وہ آگئی ہے تو اُسکا ہاتھ اُٹھا کر اپنے سینہ پر رکھ لیتا اور ایسی بے پروائی سے موتا جیسے ایک بچہ۔ اس طریقہ سے اُسکی موت ہوئی۔

سالم کی موت کے کچھ ہی دن بعد میں نے سنا کہ وہ بیوہ بھی دنیا سے رخصت ہو گئی اور اس دنیا میں پہونچ گئی جہاں رنج والم کا پتہ نہیں اور جہاں دوست ایک دوسرے سے کبھی جدا نہیں ہوتے۔

(خاص)

افغانستان

"پس کجائی تو اے معمارِ ملت؟"

(افغان نوجوانوں سے خطاب)

[آقائی مرتضیٰ احمد خاں صاحب محمد زائی ایڈیٹر اخبار افغانستان لاہور]

[ہندوستان کے ایک فارسی اخبار کے ایڈیٹر کی حیثیت میں برادرم مرتضیٰ احمد خاں کا مضمون فاعدے سے فارسی زبان ہی میں ہونا چاہئے تھا چنانچہ انھوں نے فارسی مضمون ہی عنایت کیا مگر چونکہ رسالہ "چاند" کے اکثر ناظرین کو فارسی مضمون نامانوس معلوم ہوگا اس لئے "چاند" کے فاضل ایڈیٹر صاحب کا حکم صادر ہوا کہ مضمون اردو ہونا چاہئے۔ اب یہ جناب ایڈیٹر صاحب "چاند" کی "عنایت" سمجھئے [نزلہ بر عضو ضعیف می ریزد!] یا برادرم مرتضیٰ احمد خاں کی "نوازش" [بمعنی کاہلی!] کہ ترجمہ کے لئے ع قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند! چنانچہ ترجمہ پیش کیا جاتا ہے اس مضمون کا عنوان جوں کا توں رہنے دیا گیا ہے کیونکہ اردو کے حسین سے حسین اور موزوں سے موزوں الفاظ بھی اُس لطافت کو محفوظ نہیں رکھ سکتے جو اصل میں ہے

اختر شیرانی]

زخاک تا بہ فلک ہر چہ ہست رہ پیماست
قدم کشائے کہ رفتارِ کارواں تیز است

کہاں ہے۔؟ اے غمخوار قوم! اے معمارِ ملت! تو کہاں ہے؟ وطن کی سرزمین انتظار کے عالم میں فریاد کر رہی ہے۔ آ! اس اُجڑی ہوئی سرزمین کو آبادی سے ان سنسان بیابانوں کو آباد سڑکوں سے اور ان بنجر وادیوں کو سرسبز کھیتوں اور پھل دار باغوں سے بدل دے۔ تاکہ وہ خواب جو ہماری جنم بھومی ہماری مادر وطن اپنی پیدائش کے پہلے دن سے دیکھتی آئی ہے۔ حقیقت بن جائے، حقیقت سے بدل جائے۔ اور سہانی آوازوں والی بلبلیں اور دوسری چڑیاں اس خاکی جنت کو اپنی نت نئی اور بھانت بھانت کی مست راگنیوں سے لبریز کر دیں!

آ! اور اس مٹی کے ذروں کو اپنے انگاروں کی طرح دہکتے ہوئے زندگی بھرے سانس سے رقص و وجد میں مبتلا کر دے! تاکہ یہ ذرے، جو جگوں سے پڑے سو رہے ہیں، اپنے ارتقا کی ممکنہ منزلوں کو ایک ہی سانس میں طے کر کے چاند سورج کی طرح جگمگانے لگیں! اور سارے سنسار میں اپنی نورانی کرنوں سے اُجالا کر دیں۔!

آ! اس سرزمین پر ایک محبت بھری ایک عاشقانہ نظر ڈال! اور اسے کیمیا بنا دے! تاکہ وطن کی آنے والی نسلوں کی رگ رگ اور نس نس میں ایک جوان اور گرم خون لہریں مارنے لگے۔

آ! کہ وطن کے آسماں فرسا کوہستان میں قدیم

بھولے ہوئے زمانوں سے بیش بہا اور نادر خزانے مدفون چلے آتے ہیں، اور صدیوں کے طبعی انقلابات نے اُن میں قابل فخر و رشک اضافہ کر دیا ہے۔ آج تک یہ کوہسار یہ قہستان تیری آمد کے منتظر رہے ہیں! کہ تو آئے اور اپنے محبوب وطن کے دامن کو لعل و یاقوت اور زر و سیم سے بھر دے

آ۔ کہ ہمارے کوہسار تیرے تیشوں کی ضربوں کا انتظار کر رہے ہیں! تاکہ تو آئے اور فرہاد کی طرح صرف ایک دودھ کی نہر نہیں بلکہ مادرِ وطن کے عشق میں طلائی پانی کی صدہا نہریں بہائے اور وطن کی روح کو شاد کر دے۔!

آ۔ محبوب وطن تیرے اشتیاق میں ہمہ تن دیدۂ انتظار بنا ہوا ہے۔ آ! اور اُس کے نازمیں جسم کے زخموں پر اپنے شفا بخش ہاتھ سے مرہم رکھ! اور اُسے نئے سر سے تنومند بنا دے!

آ! قوم کی حالت خوار و زبوں ہے! جہالت کے دیووں اور وحشت کے عفریتوں نے تیری قوم کو چاروں طرف سے گھیر رکھا ہے! آ! ان دیووں اور عفریتوں کے ساتھ ایک مردانہ جنگ کی بنیاد ڈال! تاکہ وطن کی اولاد علم و عرفان کی روشنی سے منور ہو جائے اور یہ باعزت زندگی کے دشمن عالم نیستی میں دفن ہو جائیں۔!

آ۔ وطن کی اولاد اپنے دامن میں ترقی و خوش نصیبی کے تمام تر امکانات کی پرورش کرتی ہے لیکن تیرے آنے کے سبب سے ابتک جنگلوں اور بیابانوں میں آوارہ ہے سیدھا راستہ بھول کر ادھر اُدھر بھٹکتی پھرتی ہے۔ آ! اس گم کردہ راہ کا ہاتھ پکڑ۔ اس قافلے کو منزل مقصود تک پہنچا دے!!

آ! اے معمارِ ملت! اے جوان افغان! تو کہاں ہے؟

یہ ویرانے اور میدان، یہ جنگل اور بیابان! یہ وادیاں اور کوہستان۔ یہ تمام کائنات تیری منتظر ہے! اُٹھ! کمر باندھ ایثار سے کام لے! اور ہمت کر! تاکہ تیرے بزرگوں کی روحیں تجھ پر سلامتی و دعا بھیجیں، اور آنے والی نسلیں فخر و ناز کے ساتھ تیرا نام لیں۔ اور سارا سنسار آفریں کہے ؎

خضر وقتے کو کہ تعمیر خراب ما کند
زانکہ گنجے ہست پنہاں در تہِ دیوارِ ما (خاص)

چین کا نغمۂ آزادی

[مترجمہ جناب اختر شیرانی، جوائنٹ ایڈیٹر افغانستان]

ذیل میں اُس نغمہ کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے، جسے چین کی قومی فوجیں (جنہوں نے ۱۹۱۱ء میں ڈاکٹر سن یٹ سین کی قیادت میں حریت قومی کے جہاد علم بلند کیا تھا) گاتی تھیں!

آزادی ایک برکت ہے، جو تمام آسمانی برکتوں سے اعلیٰ ہے!

جب یہ برکت، امن کی برکت کے ساتھ مل جائیگی، دس ہزار فوق العادت چیزیں پیدا کر دے گی۔

آ! اے آزادی! آ! پختہ اور متین روح کی طرح آ!

پُر ہیبت اور پُر جلال دیو کی طرح آ!

سر بفلک کوہساروں کی طرح سربلند ہو کر آ!

اے آزادی آ! طوفانی بادلوں کو گاڑی بنا! اور تند ہواؤں سے گھوڑے کا کام لے، اور آسمان سے ہم پر نازل ہو!

آ! اے آزادی آ! اور اس خاکی خطے پر تکمران ہو!
اے یورپ کی سفید رنگ سرزمین! تو آسمان کی ایک بدخصلت لڑکی ہے!

تجھے روٹی اور شراب۔ غرض کسی چیز کی ضرورت نہیں!
لیکن میں آزادی کو محبوب رکھتا ہوں! میں آزادی کے عشق سے سرشار ہوں! میں آزادی چاہتا ہوں!

میں آزادی کو ایک نئی نویلی دولھن کی طرح پیار کرتا ہوں! میرے دن اُسی کے خیال میں کٹتے ہیں! اور میری راتیں اُسی کے خوابوں میں بسر ہوتی ہیں۔!

میں وطن کی مصیبتوں کا مشاہدہ کر رہا ہوں! لیکن آزادی اپنی بیوفایانہ عادتوں کے ساتھ۔ کہاں ہے!
آہ! میں ابھی تک اسکو حاصل نہیں کر سکا۔

افسوس! صد افسوس! کہ میرے بھائی غلامی اور قید کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں۔
اور ہوا کسقدر بہار آفریں ہے! شبنم کیسی درخشاں ہے!

پھول اپنی مستانہ خوشبوئیں بکھیر رہے ہیں!
شخص بادشاہ بنا ہوا ہے!

مگر ہم اس حقیقت کو نہیں بھلا سکتے کہ ہماری قوم مصیبتوں سے گھری ہوئی ہے۔

پیکن میں ہم مجبور ہیں کہ گیڈر بادشاہ کے سامنے اپنا سر جھکائیں! افسوس آزادی کی روح مردہ ہو گئی ہے۔
ایشیائے عظمیٰ ایک صحرا ایک ویرانہ بن گئی ہے۔

ہم اس عہد میں دور جدید کی مہم سر کرنے کے لئے کام کر رہے ہیں۔

اس عہد میں تمام شجاع اور جوانمرد انسان آسمان و زمین کے حالات بدل دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔

کاش انسانی روحیں کوہ الانگ کانگ اور کوہ ہمالہ کی طرح بلند ہو جائیں۔

واشنگٹن اور نپولین! تم دونوں آزادی کے جمیل القدر فرزند تھے!

کاش تمہاری روحیں مشرق کے باشندوں کے دلوں میں سما جائیں!

ہینیبوں! اور ہمارے جد امجد ہینیبوں! ہماری رہنمائی کر!

اے روح آزادی! اے فرشتۂ حریت! آ! اور ہماری زندگی کو محفوظ اور باعزت بنا دے!! (خاص)

(بقیہ صفحہ ۵۲)

عموماً ایشیا اور خصوصاً ہندوستان کے علما و حکما فلسفی مانے جاتے ہیں۔ کسی وقت یہاں ہر سمجھ بوجھ کا چرچا بھی تھا۔ مگر وائے برمن کہ سالہا سال کی غلامیوں نے میرے فلسفیانہ دل و دماغ کو پست ہی نہیں بلکہ پست تر بنا دیا۔ اب میں بھول چکا کہ ۱۴+۱۸ کی شادی صرف بچگانہ کی کو ندھنا ہے اس لئے ارباب حل و عقد کو چاہئے کہ اپنے قدیم تمدن و معاشرت کو مدنظر رکھ کے دیکھیں کہ ۱۴ کو ۲۴ اور ۱۸ کو ۲۸ کرنا چاہئے کہ نہیں کیونکہ ۱۴+۱۸ کی مواصلت سے جو بچے پیدا ہوں گے کیا وہ ایسے سورما ہوں گے جن کی قوت بازو سے ہم موجودہ غلامی کی زنجیروں کو توڑ سکتے ہیں؟ اور کیا اس کم سنی کی مباشرت سے زن و شو کی حیات کمزور یا فکنی نہیں ہوئی؟ نہیں ہوتی ہے یا نہیں ہو گی؟ پھر کیوں نہیں مان لیتے کہ ہمارا ایکٹ میں جو بلوغ کی عمر مقرر کی گئی ہے وہ خلاف فطرت ہے اور صحیح ہے اس پھول کو گوندھنا ہی کیا ضرور ہے جس میں نہ کچھ رنگ ہے نہ بو۔ (خاص)

اکبر

اے نوح وہ لکھتے ہیں بہت خوب اشعار ۔ سب کچھ ہے جہاں حسن طبیعت بھی ہے

بسمل الہ آبادی

[جناب خاں صاحب محمود علی خاں عرف آغا علی خاں اکبر کی اسٹیل میٹر پلیٹ]

منشی سکھدیو پرشاد صاحب ۔ بسمل خلف منشی شیخ وہلال صاحب ۱۱ نومبر ۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے ۔ آپ ذی عزت سرسواستو کایستھ خاندان سے ہیں مکتب میں پڑھنے کے بعد انگریزی کی تعلیم کایستھ پاٹ شالا وماڈرن ہائی اسکول الہ آباد میں حاصل کی ۔ قدرت نے چونکہ آپ کی فطرت میں مادہ شاعری بہ درجہ اتم ودیعت فرمایا تھا اس لئے بچپن ہی سے آپ نے شعر کہنا شروع کر دیا ۔ آپ کے چچا بابو انند لال صاحب وکیل نے جب ان کا رجحان طبیعت شاعری کی طرف پایا تو اپنے ہونہار بھتیجے کو ہدایت کی کہ فصیح العصر ناخدائے سخن حضرت نوح رئیس قصبہ نارہ ضلع الہ آباد جانشین حضرت داغ مرحوم سے اپنے کلام کی اصلاح لیا کریں ۔ سعادت مند بھتیجے نے اس کی تعمیل کی ۔ اور ۲۵ دسمبر ۱۹۱۸ء سے اپنے کلام کی اصلاح لینی شروع کی ۔ یوں تو حضرت نوح کے صدہا شاگرد ہندوستان کے اکثر شہروں میں ہیں ۔ مگر حضرت نوح کو جو محبت اپنے اس ہونہار شاگرد سے ہے وہ کسی سے نہیں ہے جس کا اظہار خود حضرت نوح نے مختلف مواقع پر مشاعروں میں اس طرح پر کیا ہے ۔

پہونچا ہوں بڑی وقت دو ٹھوکر سے ۔ اٹھا ہوں ابھی بستر بیماری سے
بسمل کی ضیافت کا خیال آ ہی گیا ۔ مجبور تھا اس گھر کی نمک خواری سے

بسمل میں سعادت بھی محبت بھی ہے ۔ بسمل میں نجابت بھی شرافت بھی ہے

میں داد سخن سب سے سوا دیتا ہوں ۔ انعام زمانے سے جدا دیتا ہوں
اللہ کرے خوش رہیں آباد رہیں ۔ اے نوح یہ بسمل کو دعا دیتا ہوں

جناب بسمل کو بھی اس قدر عقیدت اور محبت اپنے استاد سے ہے کہ وہ اُن کے آستانے پر جا کر اکثر رہتے ہیں اور بعض حالتوں میں اس سے زیادہ عرصہ تک حاضر رہ کر خدمت کرنا اپنی زندگی کا محض فروعی فرض ہی نہیں سمجھتے ہیں بلکہ وہ مثل عبادت کے ایک فروعی فرض سمجھتے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت نوح نے بھی اپنے قابل اور ذہین شاگرد کے مدارج شاعری کو اس قدر جلد آگے بڑھایا ہے جس کی مثال مشکل سے مل سکتی ہے ۔ جناب بسمل بھی اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار ہمیشہ ہر مشاعرے میں اس طرح سے کیا کرتے ہیں کہ قبل غزل پڑھنے کے ایک رباعی اپنے استاد کی مدح میں پڑھنا آپ کا فرض شاعری ہے اگر بانی مشاعرہ رباعی پڑھنے کو منع کرے تو وہ غزل ہی نہیں پڑھتے ہیں ۔ جناب بسمل چونکہ فطری شاعر ہیں اس لئے انھوں نے بہت جلد ترقی کی ہے اور ملک میں کلام اتنا مقبول ہوا ہے کہ ہندوستان کے صدہا اردو اور ہندی رسالوں اور اخبارات میں آپ کا کلام شائع ہوا کرتا ہے شاعری کا اس قدر ذوق ہے کہ فرائض حیات کی طرح آپ کا بیشتر حصہ زندگی کا شعر و شاعری کی دلچسپیوں میں بسر ہوتا ہے ۔ قبل اس کے میں ممدوح کے ہر قسم کے کلام کا مختصر نمونہ بہ ناظرین کروں ۔ یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ مختصر سی تمہید فطری اور غیر فطری

شاعری کی عرض کروں اور یہ بھی کہ شعر کی تعریف کیا ہے میں اس مسئلہ میں عام اصول کے مطابق رعب قائم کرنے کے لئے یورپ اور ایشیا کے کسی ایک مقتدر ادبی ہستی کا بھی کوئی قول درج نہ کروں گا جو بالعموم ایسے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے بلکہ میں اُن اثرات کا اظہار کروں گا جو میرے تخیل اور دماغ پر براہ راست شاعری سے پڑے ہیں شعر اور شعریت کی مختصر تعریف میں یہ سمجھا ہوں کہ کسی جذبہ انسانی کی صحیح ترجمانی یا فطرت کے کسی پہلو کی تصویر موسیقیت کے لباس میں کرنا، اس بات سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا ہے کہ جذبات انسانی کی ترجمانی یا فطرت کے ہر پہلو کی تصویر نثر میں بھی ہو سکتی ہے ایسی حالت میں یہ بحث پیدا ہوتی ہے کہ پھر ان کے مسائل کے ہوتے ہوئے نظم کی ضرورت کیوں واقع ہوئی وجہ اس کی یہ ہے کہ ہر جذبہ انسانی میں ایک کیف ہوتا ہے اسی طرح فطرت کے کسی پہلو کو نمایاں کرنے میں اگر تخیل پر ایک ارتعاشی کیفیت پیدا نہ ہوئی تو اس وقت تک وہ احساس انسانی کے لئے بیکار چیز ہے۔ اسی لئے ان مسائل کے لئے نظم کی ضرورت تمام دنیائے ادب کو محسوس ہوئی اب رہا یہ مسئلہ کہ نظم کی شعریت یا موسیقیت کیا چیز ہے اس کو میں دو تمثیل سے واضح کرنے کی سعی کروں گا۔ مثلاً رباب کے سب تار اگر اپنے صحیح اور موزوں موقع اور محل پر نہ ہوں تو بھی کچھ نہ کچھ نغمہ نما آواز ضرور نکل سکتی ہے مگر وہ سامعہ نواز نہ ہوگی اور اگر سب تار اپنے صحیح اور موزوں موقع اور محل پر ہوں اور اسوقت رباب نواز اُسے بجائے تو اس میں سے ایسا نغمہ دل نواز نکلے گا۔ جس سے ہستی انسانی کی تمام کیفیاتی برقی لہریں تھرتھرا اُٹھیں گی اسی طرح سے فطری شاعر کی طبیعت کسی جذبہ انسانی کے اظہار کے وقت شعر میں ایسے موزوں اور مناسب الفاظ اکٹھا کر دیتی ہے جس سے شعر میں موسیقیت پیدا ہو جاتی ہے۔ دوسری مثال یہ ہے کہ کوئی فطری مصور جب تصویر میں نیچر کے کسی حصہ کو ابھارنا چاہتا ہے تو وہ اس کو اپنے تخیل کے سامنے رکھ کر قلم کو جنبش دیتا ہے اور قلم ایک اضطراری حالت میں اپنا کام کرتا چاہتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی تکمیل ہو جاتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ فطری مصور کی مصورانہ وجدانی کیفیت قلم کے ذریعہ سے تصویر میں جذب ہوتی جاتی ہے اور بالآخر تکمیل کے وقت تصویر کے سطح پر نمایاں ہو جاتی ہے اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ خود مصور بعض وقت یہ نہیں سمجھتا کہ میں نے اس تصویر کو اس طرح کیونکر بنا دیا حالانکہ اُسی کے ہاتھ کی تصویر بنائی ہوئی ہوتی ہے بعینہٖ یہی حالت شاعری کی ہے۔ فطری شاعر کے طبیعت سے بعض اوقات ایسے اشعار نکل آتے ہیں جن کو دیکھ کر خود وہ متعجب ہوا کرتا ہے کہ یہ اشعار مجھ سے کیوں کر ہو گئے ہر خیال کے نظم کرنے کو تو ہر شاعر نظم کر سکتا ہے مگر جسے شعریت کہتے ہیں وہ ہر شاعر اپنے شعر میں پیدا نہیں کر سکتا۔ شعریت جسے دوسرے لفظوں میں موسیقیت کہتے ہیں وہ فطری شاعر بھی اپنے شعر میں پیدا کر سکتا ہے یہ ضرور ہے کہ شاعری کے لئے زبان کی صفائی اور بندش کی چستی بھی ایک ضروری عنصر شاعری کے ہیں مگر اُس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ الفاظ کے گورکھ دھندوں میں مفہوم کو پھنسا دیا جائے یا بجائے فصیح اور عام فہم ہونے کے شعر کو بھول بھلیاں بنا دیا جائے اس بات کی کوشش کرنا دلچسپ اور خوش الفاظ اکٹھا کر دینے سے کچھ نہ کچھ معنی اس سے ضرور نکل آئیں گے حقیقت میں شاعری کے اصلی مقصد کو فوت کرتا ہے بلا ضرورت فارسی ترکیبوں کا استعمال کرنا اس لئے کہ اس کا دیکھنے یا سننے والا مرعوب ہو جائے یہ محض شاعری کی ذلت ہے بلکہ اُردو ادب کو نقصان پہنچانا ہے۔ ہاں اگر خوش نوا یا دل آویز فارسی کی ترکیب صحیح موقع اور محل سے استعمال کی جائے تو نہ محض شعر میں حسن پیدا ہو جاتا ہے بلکہ شعر کی موسیقیت بڑھ جاتی ہے مگر اس کے محل اور موقع کی دیکھنے کے لئے بھی فطری شاعر کے آنکھ کی ضرورت ہے

مثال اس کی اس طرح سے ہو سکتی ہے کہ نگینوں کا جڑنے والا جو اس فن کا ماہر ہوتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ کون نگینہ مجھے کہاں پر جڑنا چاہئے اور یہ بھی جانتا ہے کہ کس رنگ کا اور کس قدر کا نگینہ کہاں پر موزوں ہوگا اس کے خلاف ایک نگینہ بھی نامناسب جگہ پر ہو گیا تو اُس سے تمام حسن زیور کا مٹ جاتا ہے جناب جوش ملیح آبادی کی نظم کا ایک شعر مجھے یاد ہے ملاحظہ فرمائیے۔

پھر گھنے جنگل میں چھیڑا مست چرواہے نے راگ
پھر صدائے بربط و چنگ و رباب آنے لگی

بہ ظاہر نظم کے لئے جنگل کا لفظ نغمہ ساز نہیں معلوم ہوتا ہے مگر اس فطری شاعر کی طبیعت نے اس جگہ کے لئے اسی لفظ کو موزوں سمجھا غور فرمائیے کہ اس لفظ نے شعر کی موسیقیت میں کتنا اضافہ کر دیا ہے۔ یہ اعتراض بھی صحیح نہیں ہے کہ اُردو شاعری میں فارسی کی ترکیبیں بالکل استعمال نہ کی جائیں یا بھاشا کا کوئی لفظ آنے نہ پائے حقیقت تو یہ ہے کہ اردو کی ہمہ گیر جامعیت اور اس کی موسیقیت اور شیرینیت مختلف زبانوں کے خوش نوا اور خوش نما الفاظ ہی نے پیدا کر دی ہے اب رہا لفظوں کا استعمال اس کے لئے صحیح مذاق ادب کی ضرورت ہے شعر تو بہت بلند چیز ہے نثر تک میں اس بات کی ضرورت ہے کہ ہر لفظ موقع اور محل کے لحاظ سے استعمال کیا جائے تاکہ دیکھنے اور سننے میں اس جگہ کریہہ اور ثقیل نہ معلوم ہو۔ شعر کے لئے اس قسم کی قید لگانا حقیقت میں اُردو شاعری کو تباہ کرنا ہے (اوس) اور (شبنم) اردو اور فارسی کے ہم معنی الفاظ ہیں جہاں پر اس کا لفظ شعر میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے شاعر اس کو رکھتا ہے جہاں پر شبنم کے لفظ کی ضرورت ہوتی ہے شبنم رکھتا ہے ہندوستان کا مایۂ ناز اُردو کا شاعر جس کو ہندوستان کا شیکسپیر کہنا بے جا نہ ہوگا۔ یعنی جناب میر انیس صاحب اعلی اللہ مقامہ فی الجنان کے ذیل کے دو مصرعوں سے میرا مقصد بہ خوبی واضح ہو جائے گا۔

(۱) "کھا کھا کے اوس اور بھی سبزہ ہرا ہوا"
(۲) شبنم نے بھر دئے تھے کٹورے گلاب کے"

یہ خیال بھی صحیح نہیں ہے کہ محض مشق سخن شاعری کے حقیقی مدارج کو بلند کر دیتی ہے مجھے معاف کیا جائے اگر میں صاف لفظوں میں یہ کہوں کہ اکثر صاحب دیوان ایسے شاعر گزرے ہیں جن کا مرتبہ فن کے لحاظ سے تو بہت بلند ہے مگر ان کو شاعر کہنا حقیقت میں شاعری پر ظلم کرنا ہے۔ تمام عمر اُن کی مشق سخن میں گذری علم عروض اور معنی و بیان کے مسلم الثبوت عالم تھے مگر اُن کے دیوان سے مشکل سے دس بیس اشعار آپ ایسے نکال سکتے ہیں جن میں اتفاقیہ طور پر کچھ شعریت داخل ہو گئی ہو۔ ہاں آپ یہ فرور کہہ سکتے ہیں کہ شعروں کی بندشیں بہت چست ہیں زبان اور محاورہ میں کوئی نقص نہیں ہے علم عروض کی غلطیوں سے پاک و صاف ہیں معنویت بلند ہے مگر آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان اشعار میں شعریت یا موسیقیت بھی اتنی ہی ہے جتنی کہ ہونی چاہئے۔

جناب بسمل کے کلام میں بیشتر اشعار آپ ایسے پائیں گے۔ جن میں شعریت بدرجہ اتم موجود ہے۔ مختلف اصناف سخن پر بسمل نے طبع آزمائی کی ہے۔ اس مقام پر کچھ کلام ضمناً پیش کرتا ہوں جن سے آپ کو اس بات کا بھی اندازہ ہو جائے گا کہ ممدوح کو ہر قسم کی نظموں پر قدرت ہے۔ میں یہ مناسب نہیں سمجھتا ہوں کہ ہر شعر کی توضیح کر کے عام اصول کے مطابق درس شعر دوں۔ جناب بسمل کا کلام اتنا عام فہم اور فصیح ہے کہ غیر شاعر بھی اس کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے اب رہی اس کی شعریت یا موسیقیت اس کو بھی ہر مذاق سلیم رکھنے والا ہر شعر سے اس کی شعریت کا اپنے مذاق طبیعت کے مطابق کیف حاصل کرے گا۔

سری کرشن اور جمنا کے متعلق جو مسدس ہیں ان کے دو دو بند ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

مسدس سری کرشن

رات بھادوں کی اندھیری تھی گھٹا چھائی تھی ؛ مژدۂ عیش و خوشی ساتھ لگا لائی تھی
کھلنے والی کلی دل کی نہیں مرجھائی تھی ؛ کنس کی موت اسی پر دے یہ جھپی آئی تھی
لیا متھرا میں جنم جا کے رہا گوکل میں
پاؤں کے رکھتے ہی امرت ملا جمنا جل میں

وہ کنہیا وہ مرے دل کا لبھانے والا ؛ وہ زمانے میں نئے روپ سے آنے والا
وہ بہن نغمۂ السلام بتانے والا ؛ وہ بڑے پریم سے بنسی کا بجانے والا
جلوۂ نورِ ازل عالمِ تنویر میں تھا
یعنی جو کچھ بھی تھا بس خاک کی تعمیر میں تھا

مسدس جمنا

مٹ گیا لطف ترا چھن گیا گہنا تیرا ؛ جب کنہیا نہیں بے لطف ہے رہنا تیرا
غم اٹھانا ستم و جور کو سہنا تیرا ؛ پانی ہو ہو کے شب و روز یہ بہنا تیرا
آتش ہجر کچھ اس درجہ لگی ہے تن میں
دل نہ متھرا میں بہلتا ہے نہ بندرابن میں

سادی سادی ہے روش وضع ہے بھولی بھالی ؛ ہے روانی بھی غضب چال بھی ہے متوالی
تیلی موجوں سے پیشماں ہوئیں زلفیں کالی ؛ حسن و آرائش و زینت سے بڑھی خوشحالی
اللہ اللہ رے اس ناز و ادا کی ہستی
تیرے آگے نہیں کچھ آب بقا کی ہستی

حضرت بسمل نے رباعیات بھی کہی ہیں چند رباعیاں پیش کرتا ہوں مضمون و طرز ادا دیکھئے قابل داد ہیں۔

(رباعیات)

ایک ایک سے کہتی ہے زبان ہستی ؛ بے کار ہیں سب نام و نشان ہستی
سودا نہ ہو سودا نہ کرو اے بسمل ؛ بڑھ جائے گی اک روز دکان ہستی

جاتا ہے بہت جلد شباب ہستی ؛ موت آ کر الٹتی ہے نقاب ہستی
مے خانۂ دنیا میں سنبھل اے بسمل ؛ بدمست نہ ہو پی کے شراب ہستی

پایا نہ کسی نے بھی سراغ ہستی ؛ دنیا نے پیا بھر کے ایاغ ہستی
جھونکا جو کبھی موت کا آیا بسمل ؛ گل ہو گیا دم بھر میں چراغ ہستی

رنگ تغزل

پردۂ عالم کو صوت حق سے کتنا ساز ہے ؛ اس سرے سے اس سرے تک ایک ہی آواز ہے
پردۂ انسان میں پوشیدہ خدا کا راز ہے ؛ مختلف ہے شکل سب کی مختلف آواز ہے

تم کو یہ ہے اگر یقین دل میں وہ جلوہ گر نہیں ؛ ڈھونڈھا کرو تمام عمر ملنے کا عار بھر نہیں
آئے نہ آئے بے خبر کیا تجھے یہ خبر نہیں ؛ سانس کا اعتبار کیا شام ہے تو سحر نہیں

ہے قفس نزدیک میں کیا شاکی صیاد ہوں ؛ رات بھر کی ہے اسیری صبح کو آزاد ہوں

پھول کے بدلے چڑھا جاتے ہیں اہل و حشت ؛ دیکھیو یاں تربت مجنوں پہ گریباں کی

آہ سے دل کا داغ جلتا ہے ؛ یہ ہوا میں چراغ جلتا ہے
خود بہ خود دل کا داغ جلتا ہے ؛ بے جلائے چراغ جلتا ہے
خانۂ دل میں داغ جلتا ہے ؛ بند گھر میں چراغ جلتا ہے
مر رہے ہیں پتنگے جل جل کر ؛ اسی گھر میں چراغ جلتا ہے
دل میں ہے یاد روئے جاناں کی ؛ آئینہ میں چراغ جلتا ہے
بے کسی ہے غضب کی مدفن پر ؛ جھلملا کر چراغ جلتا ہے

اور دریائے محبت میں تلاطم بڑھ گیا ؎ جب ملا خوان یغما جوئے شیر میں
تم ہو جب تقدیر میں تقدیر بھی تقدیر ہے ؎ تم نہیں تقدیر میں تو کچھ نہیں تقدیر میں

مجھے ہے واسطہ دیر و حرم دونوں سے اے بسمل
کہ میں بندہ ہوں بندہ میں مسلماں ہوں مسلماں میں

نرالے اک تمیں ہندو نظر آئے زمانے میں ؎ بتوں کے سامنے بسمل قسم کھاتے ہو قرآں کی

آئینہ دیکھتے ہو جو تن تن کے بار بار ؎ دیکھو کسی کا نہ جاؤ تم اپنی نگاہ میں

اس کی خبر نہیں کہ ارادے کہاں کے ہیں ؎ ہم ساتھ ساتھ تو سن عمر رواں کے ہیں
مشتاق ہم بھی جلوۂ کون و مکاں کے ہیں ؎ پردے ذرا اٹھاؤ یہ پردے کہاں کے ہیں

جو بے رخی بھی تھی یہی رخ یہ نہیں چھپانا تھا ؎ مرے خیال میں بھی آپ کو نہ آنا تھا
نہاں ہے خاک کے ذروں میں جلوۂ قدرت ؎ بشر بنا کر اسے اپنے کو دکھانا تھا

میں کیوں اسے تسلیم کروں پردہ نشیں ہے ؎ پردے کا تو ہے نام وہ پردے میں نہیں ہے
یوں پردے میں پوشیدہ کوئی پردہ نشیں ہے ؎ ہوتا نہیں معلوم مجھے ہے کہ نہیں ہے

ایک عالم پہ رہ نہیں سکتا ؎ گردش روزگار کا عالم
ناامیدی بھی دیکھ لے آکر ؎ دل امیدوار کا عالم

مخالف کیا ہوا ہے دے کے تنہا باغباں میرا ؎ لئے پھرتی ہے بجلی گود میں اب آشیاں میرا

مزا تھا ہم یوں ہی تکمیل آرزو کرتے ؎ تری تلاش میں اپنی بھی جستجو کرتے

ظریفانہ کلام

بیکار یہ رونا ہے چندہ نہیں ملتا ؎ کیا اس کے سوا کوئی دھندہ نہیں ملتا
کیا دیکھ سکے جلوۂ محمود و ایاز بسمل ؎ اللہ تو ملتا ہے بندہ نہیں ملتا

اس وہم اس خیال میں پڑنا فضول ہے ؎ سرکار کے خلاف اکڑنا فضول ہے
دنیا سے جھک کے حضرت بسمل ملا کرو ؎ دو دن کی زندگی پر اکڑنا فضول ہے

آج کل بدلا ہوا مضمون ہے ؎ ہر قدم پر اک نیا قانون ہے
کیا لکھیں مضمون یہ مضمون ہے ؎ نقطے نقطے کے لئے قانون ہے

پن سے نفرت اور حسرت پاپ کی ؎ خیر پبلک کیا منائے آپ کی
اب کے لڑکے کچھ سمجھتے ہی نہیں ؎ آبرو جاتی رہی ماں باپ کی

وقت آخر جان ہے کس صدر جل کاہ میں ؎ ریل یا موٹر نہیں ملتی عدم کی راہ میں

وہ فرماتے ہیں تجھ کو زندگی ہی لانا نہیں آتا ؎ ٹو آخر میں ساتھ سب کے بیٹھ کھانا نہیں آتا
اب اس کی بحث ہی کیا ہے ہندو مسلم ہم جائیں ؎ انھیں آنا نہیں آتا ہمیں جانا نہیں آتا

کثرت غم میں بھی چہرے پر بجا لی چاہئے ؎ سامنے نظروں کے تصویر خیالی چاہئے
پڑھئے لیڈر میں یہ منشی جی کا آئی کلاہ ہے ؎ پاٹھ شالا کے لئے امداد عالی چاہئے

یہ عالم دیکھ کر دم گھٹ رہا ہے ؎ کہ فیشن میں خزانہ لٹ رہا ہے
پسے ہیں اس طرح قانون سے ہم ؎ سڑک پر جیسے کنکر کٹ رہا ہے

ہندو بھی مسلماں بھی رستے سے بھٹک کر ؎ میدان ترقی کی سڑک کو ٹٹ رہے ہیں

آپس کی لڑائی سے ہوا نفع یہ کل ۔ رشتے جو محبت کے تھے وہ ٹوٹ رہے ہیں

دعوے تو ہیں ہزار مگر گن کوئی نہیں ۔ بے پر کے گیت گاتے ہیں وہ دھن کوئی نہیں

آخر میں اُردو کے متعلق جو محض فارسی رسم الخط ہونے کی وجہ سے غلط فہمیوں کی ماج گاہ ہو گئی ہے ۔ چند باتیں پیش نظر کرنا چاہتا ہوں وہ یہ تھی کہ اس بات سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا ہے کہ اُردو ہندوستان ہی میں پیدا ہوئی یہیں اس کی نشو و نما ہوئی اسی مادر ہند کی آغوش میں پروان چڑھی ہندوستان کے دونوں فرزند یعنی ہندو اور مسلمان نے اس کی جسمانی اور روحانی ارتقاء کو بلند کرکے اُسے آج اس قابل کر دیا ہے کہ دنیا کی اور قومیں اس کو اپنی آنکھوں میں جگہ دینے کو تیار ہیں ۔ اُردو کے نشو و نما میں اگر ہمارے ہندو بھائی امداد نہ کرتے تو آج اس کو یہ عروج جو حاصل ہوا ہے دشوار ہو جاتا صد ہزار تحسین اور آفرین کے قابل ہیں ملک کی وہ زمانہ شناش ہندو ہستیاں جنھوں نے پہلے ہی سے یہ سمجھ لیا تھا کہ مسلمانوں سے معاشرتی اور علمی اتحاد اس وقت ہو سکتا ہے جب اُن کے تہذیب اور تمدن میں اشتراک عمل پیدا کیا جائے اور یہی وجہ ہے کہ ملا وہ لباس اور غذا کے اتحاد کے زبان میں بھی اتحاد پیدا کرنا ضروری سمجھا ۔ یوں تو گھر و بیشتر ہندو صاحبان کے ہر قوم کے افراد نے کچھ نہ کچھ اس زبان کی خدمت کی ہے ۔ کشمیری برہمنوں اور کالیستھ صاحبوں نے جس محبت اور خلوص کے ساتھ اس کی نشو و نما میں امداد کی ہے اس کو یہ قیامت تک بھول نہیں سکتی

اُردو ایک ایسی زبان ہے جو ہندوستان میں پیدا ہوئی اور یہیں بولی اور سمجھی جاتی ہے عالم کے تمام ممالک اسلامیہ میں سے نہ تو کسی ملک میں یہ زبان بولی جاتی ہے اس سے ظاہر ہے کہ تمام دنیا کے مسلمان اس کو اپنی قومی زبان نہیں سمجھتے ہیں ورنہ وہ مغل عربی کے اس زبان کو بھی حاصل کرنا ضروری سمجھتے محض فارسی رسم الخط کی وجہ سے بعض حضرات کا اس کو اسلامی زبان سمجھنا اس بات کے ساتھ سخت ناانصافی ہے ۔ میں تو یہ کہوں گا کہ ہر ہندو اور مسلمان کو فخر کرنا چاہئے کہ ہم نے ایک ایسی زبان ایجاد کی ہے جس کی حلاوت اور سلاست کا یہ عالم ہے کہ محض ہندوستان کی کل قومیں اس کی گرویدہ ہیں بلکہ ہندوستان کے باہر بھی اس کی قدر بڑھ رہی ہے ۔ ہندوستان میں جو ہر دلعزیزی اس کو حاصل ہوئی ہے اس کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ باوجودیکہ پنجابیوں کی مادری زبان پنجابی ہے مگر جس قدر پنجاب میں تصنیف اور تالیف ہو رہی ہے وہ زیادہ تر اردو زبان میں ہوتی ہے گو کہ گھر میں اپنے وہ گھریلو زندگی کی وجہ سے پنجابی زبان بولنے پر مجبور ہوتے ہیں مگر جب کوئی کتاب تصنیف یا تالیف کرتے ہیں یا کوئی رسالہ یا اخبار جاری کرتے ہیں تو اردو زبان ہی میں جاری کرتے ہیں ۔ ہمارے ہندو بھائیوں کو اس وجہ سے بھی خوش ہونا چاہئے کہ ملک کی دو بڑی قوموں کی اتحاد و مغائرت اور اتحاد زبان کی یہ ایک زندہ جاوید یادگار ہے ہم لوگ جو ممالک متحدہ میں رہتے ہیں اس زبان کی دل کشی کو اتنا محسوس نہیں کرتے جتنا کہ اور صوبہ کے حضرات کرتے ہیں کیونکہ اپنے گھر کی چیز کو انسان ہر وقت دیکھتے دیکھتے اتنا سیدھا ہو جاتا ہے کہ جتنی قدر اس کو کرنا چاہئے اتنی وہ نہیں کر سکتا ۔ جسطرح پنڈت رتن ناتھ صاحب سرشار جناب چکبست منشی نوبت رائے صاحب نظر جناب سرور جہان آبادی وغیرہ وغیرہ کے احسانات کو اردو زبان کبھی نہیں بھول سکتی ۔ اس طرح جناب مہر لیکل صاحب اور گلشن صاحب وغیرہ وغیرہ کے نام بھی جو اس نونہال کو اپنی آغوش عاطفت میں لے کر اس کو ارتقائی منازل طے کرا رہے ہیں اردو کی تاریخ میں سنہرے حرفوں سے لکھے جائیں گے ہر فرد قوم کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے ۔ اس کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ باوجود یکہ دو قوموں کا اتحاد محض لفظوں کے گھڑنے یا دلی آویزش پر دوں کے گرکر

دہندوں سے نہیں ہو سکتا ہے بلکہ عمل اور اشتراک عمل سے ہو سکتا ہے۔

(نہاں)

ایڈیٹر گنج

[گھر کا بھیدی]

لندن میں ایک سڑک ہے اس کا نام ہے فلیٹ سٹریٹ۔ اس سڑک پر چومور صرف پریس والوں کی بستی ہے ایڈیٹر جوائنٹ ایڈیٹر۔ سب ایڈیٹر۔ نامہ نگار۔ طابع۔ منیجر۔ مشتہر۔ خزانچی بس انھیں کے دفتر ہیں اور ممتاز مارلاشاعت ہندوستان میں جواہر بازار جوہری ٹولہ۔ قاضیانہ۔ مولویانہ۔ عرافہ، برازہ۔ کیتھانہ۔ چمڑوٹی سب کچھ موجود ہے۔ مگر بمبئی۔ کلکتہ۔ لاہور۔ حیدرآباد۔ کراچی۔ اور دہلی ایسے شہروں میں بھی ایڈیٹر ٹولہ یا ایڈیٹر گنج کہیں نہیں ہے جس طرح ۱۹۱۱ء میں الہ آباد میں ایک بہت بڑی نمائش ہوئی اور دو ڈھائی مہینہ کیلئے قلعہ کے میدان میں ایک نیا عالم بس کر اجڑ گیا اسی طرح چاند کی انوکھی اور اچھوتی چاندنی میں آئیے اور میرے ساتھ ایک خیالی ایڈیٹر گنج کی سیر کیجئے۔ مضمون ختم کر کے سب بھول جائے گا۔ کانا رہے کھوج جائے" کی تو اور بات ہے نہیں تو چاند کے بسائے ہوئے ایڈیٹر گنج کا پتہ وہم و خیال کے عالم کو چھوڑ کر اور کہیں نہیں مل سکتا یہ دوسری شکل ہے کہ خیال مادہ ہی کا عکس ہوا کرتا ہے۔

ایڈیٹر نمبر میں بھائی برادری کا مجمع ہے خوب گھل مل کے باتیں ہونی چاہئیے۔ اب تو نہیں ہوں آج سے چار برس پہلے میں بھی ایک ماہوار رسالہ کا نائب مدیر تھا۔ اگر کوئی جملہ کسی مدیر صاحب کے خلاف مزاج ہو تو یہ سمجھ لیں کہ آخر کہنے والا بھی تو اسی بستی کا رہنے والا ہے۔

ہمارے ایڈیٹر گنج میں صرف ماہواری رسائل کے ایڈیٹر رہتے ہیں۔ بس اور کوئی نہیں۔ اور اس وقت ہم آپ کا تعارف صرف چند ایڈیٹروں سے کرانا چاہتے ہیں جو اپنے اپنے طبقہ کے بہترین نمائندہ ہیں۔

نمبر ایک (فیشنبل ایڈیٹر)

رسالہ کا دفتر نہایت باقاعدہ سجا ہوا ہے۔ الماریوں میں بہت سے رسائل کے فائل باقاعدہ رکھے ہیں۔ میز پر صدہا سادے اور لکھے ہوئے کاغذ تتر۔ بتر ہیں۔ ٹوٹ کی گھومنے والی گول کرسی پر مسٹر اکس اکڑے ہوئے بیٹھے ہیں۔ قلمدان پر سیاہی اور سرخی کے قلم ربر۔ جازب کے دستے اور بہت سی پنسلیں رکھی ہوئی ہیں۔ طرح طرح کی روشنائیوں کی دواتیں جلوہ گر ہیں۔ بڑے میز کے دونوں پہلوؤں پر ایک ایک چھوٹا میز ہے جس کے سامنے دو غریب سب ایڈیٹر اپنے اپنے کام میں جی توڑ کر لگے ہوئے ہیں کہ انھیں اپنے گرد و پیش کی بھی خبر نہیں ہے۔

ایڈیٹر صاحب (پنسل سے دانتوں پر بجا بجاتے ہوئے)، آپ لوگ بہت سست کام کرتے ہیں۔ مجھے صرف ایک رسالہ ہی کا کام تو ہے نہیں۔ ادھر طبیعت بھی اچھی نہ تھی۔ دیکھئے میرے نام سے جو چیز نکلے۔ وہ ایسی ہو کہ اس پر کوئی انگلی نہ رکھ سکے اس مہینہ میں مجھکو شذرات کے علاوہ باب اعتقاد۔ باب رسائل۔ اور سوال و جواب سبھی کچھ لکھنا تھا آج۔ اہو گئی پرچہ تیار ہے ۴۸ صفحے مکمل ہیں۔ صرف ۱۶ صفحات کی کمی ہے اور آپ کے قلم کو جنبش بھی نہیں ہوتی۔

ایک سب ایڈیٹر۔ آپ خود ملاحظہ فرمالیجئے کہ ہم لوگ کتنی تیزی سے کام کرتے ہیں۔

ایڈیٹر۔ خیر شذرات کے چار صفحے تو آپ میرے ذمہ رہنے دیجئے۔ مولوی الف صاحب اور پنڈت کاف صاحب کے لکھے ہوئے شذرات کے وی۔ پی اس ڈاک سے آتے ہونگے۔ پھر جب

روپیہ دیدیا تو مال ہمارا ہے جو چاہیں وہ کریں میں خود ملکی مسائل پر اور علمی مباحث پر نہایت اعلیٰ درجہ کے نوٹ لکھ سکتا ہوں مگر کیا کروں ایک تو افکار میں مبتلا رہتا ہوں دوسرے ہندوستان کی فضا ایسی خراب ہے کہ لوگ محض مکتہ چینی پر آمادہ رہتے ہیں پچھلے مہینہ میں نے صرف تین چار سطر لکھی تھیں ڈیڑھ دو سو خطوط اعتراض کے آگئے۔ خبر غلط، املا غلط، انشا غلط، ترکیب غلط۔ زبان غلط۔ حرف غلط۔ نحو غلط، جتنے نقطے نہ تھے۔ اتنی غلطیاں دکھائی گئیں۔ (بائیں طرف مڑ کر) اچھا آپ کیا کر رہے ہیں؟

دوسرے سب ایڈیٹر:۔ انتقاد والا مضمون درست کر رہا ہوں ہر سطر میں زبان اور ربط سے قطع نظر املا کی بہت سی غلطیاں ہیں۔

ایڈیٹر:۔ جیسے۔

سب ایڈیٹر:۔ انتظاقادط سے لکھا ہے مورص مس سے سحافت س سے ظلمامت ظا سے ضمن ضص سے۔

ایڈیٹر (دیدہ دلیری سے، اپنے بھانجہ سے جلدی میں لکھوا دیتا) پھر میں نے دیکھا بھی نہیں خدا جانے کیا کیا لکھدیا ہے خیر ٹھیک کر دیجئے اور سچی بات تو یہ ہے کہ اردو کا رسم الخط نہایت ہی بُرا ہے ایک آواز کے لئے ایک ہی حرف ہونا چاہیئے یہ کیا کہ س، ص، اور ز، ذ، ض ظ سب کی آواز تو ایک مگر موقع مختلف۔

یہ کہہ کے ایڈیٹر صاحب پھر کچھ لکھنے میں مصروف ہو گئے۔ پندرہ منٹ تک قلم کو ہوا میں ہلاتے رہے۔ اور قلمدان سے کھیلتے رہے۔ کبھی کبھی کچھ گنگنا دیتے تھے۔ اتنے میں ڈاک آئی۔ دو وی پی ملے باچھیں کھل گئیں۔ لفافے پھاڑ کر مضمون نکال لئے ایک سادے کاغذ پر لکھا شذ ذرات۔ آپس سے دونوں مضمون نتھی کر کے سب ایڈیٹر کو دیا۔ اکڑ کر اٹھے اور یہ کہہ کر چلدئے۔ بس میرا کام ختم ہو چکا اب آپ جانئے۔ پروف بھی دیکھ لیجئے گا۔ وہ کمرے سے باہر گئے اُن کی توند اُن سے پہلے گئی۔

دونوں سب ایڈیٹر دیر تک مسکراتے رہے کیوں؟

نمبر ۲ (پیدائشی ایڈیٹر)

اچھا آپ سے ملئے آپ کا نام ہے۔ پھول۔ آٹھ ہی برس کے سن سے آپ پر ایڈیٹری کا بھوت سوار ہوا ہے۔ گھسنی کی شادی روکنے کے لئے تو سارداایکٹ بن گیا مگر بچپنے کی ایڈیٹری کے انسداد کیلئے مجلس قانون ساز بھی خاموش ہے اگر بے جا شادی سے ایک خاندان تباہ ہوتا ہے تو بے جا ایڈیٹری سے سیکڑوں نسلیں برباد ہو جاتی ہیں اس وقت ہمارے ایڈیٹر صاحب کا سن اٹھارہ سے زیادہ نہ ہوگا۔ مگر ادب اور سائنس، حکمت اور فلسفہ معدنیات اور اکتشافات موسیقی اور مصوری وغیرہ وغیرہ وغیرہ وغیرہ وغیرہ تمام دنیا کی چیزوں پر آپ قلم برداشتہ رسالے کے رسالے لکھ سکتے ہیں اور لکھتے ہیں رہا یہ کہ مضامین کھوکھلے ہوتے ہیں یا بھرتو با معنی ہوتے ہیں یا مہمل بجوڑ ہوتے ہیں یا گٹھے ہوئے یہ تو وہی جانیں جو جانتے والے ہیں ہم تو صرف اتنا جانتے ہیں کہ ہر ایک لاکھ میں جس میں وہ خود بھی شامل ہیں۔ $\frac{99999}{100000}$ انسان کچھ نہیں سمجھتے اور شائد وہ خود بھی نہ سمجھتے ہوں مگر لوگ تو شوکت پرست ہیں جس کی لاٹھی اس کی بھینس اور بجائے اس کے کہ اپنی لاعلمی بتائیں دو دو توپیں کرتے ہیں کہ تو یہ بھلی ——— ہمارے ایڈیٹر صاحب گھر سے بہت خوش ہیں باپ کی جو کچھ ملا تھا اس کا ۱/۶ حصہ برباد کر چکے ہیں اور دنیا کی ناپائیدار دوست لٹا کر جیتے جی زندہ جاوید بن گئے ہیں۔ اگر دوسرے کروروں ایڈیٹروں کی طرح زمانہ ان کے مرنے کے بعد ان کو دس برس کے اندر ہی بھلا دے تو مجبوری ہے۔

نمبر ۳ (طلسمی ایڈیٹر)

آپ سے ملئے۔ آپ ایڈیٹر کیا ہیں معجون مرکب ہیں۔ خود ہی

مشتہر خود ہی ناشر خود ہی ایڈیٹر۔ خود ہی منیجر خود ہی مالک۔ خود ہی ایجنٹ۔ آپ کا دفتر عجیب و غریب دفتر ہے۔ خوابگاہ۔ ردی خانہ۔ ڈاکخانہ۔ دفتری خانہ۔ نشست گاہ۔ لائبریری۔ دارالمطالعہ۔ ملاقاتی کمرہ۔ دارالاشاعت۔ دارالتصنیف و تالیف۔ ایک ہی کمرہ ہے اور اس سے اتنے کمروں کے کام لئے جاتے ہیں میرے خیال میں دنیا کے بہترین اقتصادی بھی ایک کمرہ سے اتنا کام نہیں لے سکتے بیچارے کو تمام کام دیکھنے پڑتے ہیں فرصت نہیں ملتی پھر بھی۔ خاص ایڈیٹر کے قلم سے ہر مہینہ میں کم سے کم دس صفحات فرور نکلتے ہیں۔ یہ نہ ہو تو دنیا کیا کہے اور پھر ایڈیٹر جو کچھ لکھے وہ عام سطح سے بہت بلند اور اچھوتے جواہرات سے مالا مال ہونا چاہئے۔ لہٰذا ذیل کے سرچشموں سے مدد لی جاتی ہے۔

(۱) نہایت غور و خوض سے آج ۱۹۳۰ء میں ۱۹۰۲ء اور ۱۹۰۷ء کے وہ پرچے دیکھے جاتے ہیں جن کے ایڈیٹر بھی آرام سے سو رہے ہیں۔ اور پرچے بھی کہیں اکا دکا ہوں تو ہوں ورنہ زمانہ کے کھنور میں پھنس کر گڈ دب چکے ہیں پھر اب تو نہ پریس ایکٹ کی بندش ہو سکتی ہے نہ کوئی اخلاقی قید۔ جہاں سے جو چاہا نقل کر لیا۔ ربط ہو یا نہ ہو تک بیٹھے یا نہ بیٹھے لکھا اور جھٹ سے فہرست مضامین میں یا تو ایڈیٹر اور مدیر کا نام دیدیا یا صرف ـــــ لکیر کھینچ دی یا نقطے دیدئے ۔ ۔ ۔

پیام اعظم

(ڈاکٹر اعظم کریوی سابق ایڈیٹر اکبر طوفان الٰہ آباد)

غفلت میں دن کھونے والے ؛ اُٹھتے بیٹھتے رونے والے
ساری رات کے سونے والے ؛ او بیدار نہ ہونے والے
صبح ہوئی ہے اُٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

ہائے تری یہ غفلت کب تک ؛ یہ عالم یہ صورت کب تک
اپنوں سے یہ نفرت کب تک ؛ غیروں سے یہ الفت کب تک
صبح ہوئی ہے اُٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

صدمے سب ہیں دیکھے بھالے ؛ دیتے ہیں غم دینے والے
ہر دم آہیں ہر دم نالے ؛ پڑ گئے اب تو جان کے لالے
صبح ہوئی ہے اُٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

جان ہی لینے کو یہ اڑا ہے ؛ غیر کا جھنڈا گھر میں گڑا ہے
غفلت میں کیوں مست پڑا ہے ؛ دیکھ تو اٹھ کر کون کھڑا ہے
صبح ہوئی ہے اٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

یورپ مالا مال ہوا ہے ؛ ہند میں اپنے کال ہوا ہے
کیسا وہ خوشحال ہوا ہے ؛ یہ ہی غلط کنگال ہوا ہے
صبح ہوئی ہے اُٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

ہم نے سب کو دیکھا بھالا ؛ گوروں کا منہ ہو گیا کالا
سب کا ہے تیار رسالہ ؛ تو نے قدم گھر سے نہ نکالا
صبح ہوئی ہے اٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

ہر دم کیا روتا ہی رہے گا ؛ داغ جگر دھوتا ہی رہے گا
تخم الم بوتا ہی رہے گا ؛ عمر یوں ہی کھوتا ہی رہے گا
صبح ہوئی ہے اٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

اعظم اُٹھ تو آنکھ کھول اب ؛ اشکوں کو آنکھوں سے رول اب
نیت کیوں ہے ڈانواں ڈول اب ؛ بھارت ماتا کی جے بول اب
صبح ہوئی ہے اُٹھ متوالے
بڑھ گئے آگے جانے والے

(خاص)

میرا بائی

(جناب طالب الہ آبادی سابق ایڈیٹر اکبر الہ آباد)

چپ ہے تو کیوں مغنیہ پیت کے گیت گائے جا ہر کنے نہ پائیں انگلیاں ساز ابھی بجائے جا
دل کی تڑپ دکھائے جا من کی تھا سنائے جا

نغموں سے گونج جائے آج سارا فضا مندر کی نالوں سے تیرے بس اٹھے پاک ہوا مندر کی
سجدوں کے چاند سے بڑھے اور ضیا مندر کی

پھول جو داغ دل کے ہیں گوندھ کے ہار وار دے گوہر اشک کی لڑی کر دے نثار وار دے
پیار سے پتی کے پانوں پر سارا سنگار وار دے

حسن وفا کی مورتی دل کی گرہ کو کھولا بھی لب ہیں ترا زدے سخن گو مہر نطق تو ل بھی
تجھ کو کرشن کی قسم کیوں ہے خموش بولا بھی

کون ہے تیرے سامنے دیکھ رہی ہے تو کسے بھکھو یا ہوا ہے کیا تیرا ڈھونڈھ رہی ہے تو کسے
ہے یہ ستارہ بے خطا بند نہ کرا بھی اسے

آنکھ یہ کس سے لڑ گئی کیوں تو خموش ہو گئی کھو گئی کس کے دھیان میں تیری دشا کیا ہوئی
دیکھ تو مورتی ذرا رقص میں ہیں کرشن جی

خالی ہوا میں کون ہے کیوں ہے تری نظر جمی حسن و شباب و مال کی تجھ کو نہیں ہے کچھ کمی
آنکھ میں پھر ہے کیوں نمی بال میں کیوں ہے بے کلی

محو ہے کس کی یاد میں اس کا پتہ بتا تو دے آئینۂ وفا پہ آج ایک نئی جلا تو دے
خود ہی چلے وہ آئیں گے ساز ذرا بجا تو دے

دیکھ تو صبح کا سماں آج ہے کیا بہار پر چڑھتی ہے اک دلھن ہے مست اپنی نئی نکھار پر
تار پر انگلیاں تو پھیر رکھی ہیں جو ستار پر

دیکھ لے مل رہی ہے آنکھ سوکھ اٹھی ہے کائنات پھر نئی شان سے جواں ہو کے اٹھی ہے کائنات
گردش روزگار کا تجھ پہ مگر اثر نہیں مجھ کو خبر کسی کی کیا اپنی بھی جب خبر نہیں

تیرے لئے جہان میں شام نہیں سحر نہیں
اپنے نرہ راگ کی قسم ساز کے تار چھیڑ دے نغمۂ آہ سے ذرا دل کا ستار چھیڑ دے
مست شباب چھیڑ دے مست بہار چھیڑ دے

لیجئے انگلیاں پھریں ساز کے تار تار پر ایک نئی جلا ہوئی صاعقۂ بہار پر
نغمے رواں دواں ہوئے چار طرف ستار پر

پنکھڑیاں گلاب کی بند جو تھیں وہ کھل گئیں نیرنگ والم کی کلفتیں صفحۂ دل سے دھل گئیں
حرمتیں قلب زار کی نغموں کے ساتھ تل گئیں

روز ازل سے ہے بسا عشق مرے خمیر میں جلوہ فزا ہیں بس کرشن قلب میں و ضمیر میں
مجھ سی فقیرنی نہیں یار گدا امیر میں

یاد پتی کی ہے حلال کوئی نہیں ہے دوسرا اُن کے سوا مجھے خیال کوئی نہیں ہے دوسرا
میرے تو گردھر گوپال کوئی نہیں ہے دوسرا

اور نہیں کوئی مرا پیارے پتی کرشن جی ہم پہ کرو ذرا دیا پیارے پتی کرشن جی
ہو گئے کس لئے خفا پیارے پتی کرشن جی

حسرت دل ہے بس یہی مجھ پہ تم ہو اک رہی راہ وفا سے پر قدم میرے نہ ایک جو گئیں
دل میں بھی آپ ہی رہیں لب پہ بھی آپ ہی رہیں

سب یہی کہتے ہیں پتی گو باندا ہے دوسرا میں تو کرشن چیری ہوں میرا پتی ہے خود خدا
اور کسی سے کام کیا اس کی ہوا میں وہ ہے مرا

ناچ رہے ہیں مور کیوں پھولوں میں کیسی مہک ہے دو جا میں کس کی ہے لہک موجزنیں کس کی چھلک
رنگ حنا ہے سرخ کیوں موتیوں میں ہے کیوں چمک

سب ہے پتی کا یہ جمال کوئی نہیں ہے دوسرا نہ ہے وہی ایک با کمال کوئی نہیں ہے دوسرا
میرے تو گردھر گوپال کوئی نہیں ہے دوسرا (خاص)

الامان

ہندوستانی سماج کی نئے اصولوں پر تقسیم

[جناب فہیم الدین نوری اڈیٹر اخبار الامان دہلی]

حالات بآواز بلند تبلا رہے ہیں کہ آج ہندوستان کا کوئی ذمہ دار شخص ایسا نہیں ہے جو اپنے دل میں اس بات کی خواہش اور ولولہ نہ رکھتا ہو کہ ہندوستان غیر قوم کی محکومیت سے نجات پائے اور ہندوستانی خود اپنے ملک کا انتظام کریں یہ واقعہ تمام باخبر اور مہذب دنیا کو معلوم ہو گیا ہے یہاں تک کہ اب بطانیۂ عظمیٰ کی مختلف سیاسی جماعتیں بھی محسوس کرنے لگی ہیں کہ ہندوستانی تا دیر لیت ولعل میں نہیں رکھے جا سکتے۔

(۲) لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جہاں تک مجھے معلوم ہے آج تک کسی ذمہ دار ہندوستانی نے اس بات کو محسوس نہیں کیا کہ اگر واقعی ہم ہندوستان کو غیر قوم کی حکومت سے نجات دلانا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ بلا شرکت غیرے اپنے ملک کی نظام حکومت اور ملکی مدافعت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لیں اور ہندوستان کو دور حاضرہ کی مہذب اقوام کی صف میں کھڑا کر دیں تو اس کی پہلی شرط یہ ہے کہ ہم اپنی عورتوں کو سلف سپورٹنگ بنا دیں یعنی انہیں ایسی صلاحیت و طاقت پیدا کر دیں کہ وہ ہر اعتبار سے اپنے پیروں پر کھڑی ہو جائیں۔

(۳) یہ صلاحیت وطاقت ہماری عورتوں میں اس طرح پیدا ہو سکتی ہے کہ:-

(الف) ان کو وہ تمام حقوق دیدئے جائیں جو ہم مردوں کو حاصل ہیں تاکہ وہ زندگی کے تمام شعبوں میں مردوں کے برابر حصہ لے سکیں

(ب) اور ان سے صاف لفظوں میں کہہ دیا جائے کہ تم کو اپنی تمام ضروریات زندگی خود پوری کرنی ہونگی اور تم بہ طور استحقاق کے ایک پیسہ کا بار اپنے شوہروں پر نہ ڈالوگی۔

یہاں یہ واضح رہنا چاہئے کہ قدرت نے مرد اور عورت دونوں کو یکساں طور پر آزاد پیدا کیا ہے چنانچہ مرد و عورت دونوں ہر دور لاکھ برس تک اسی قدرتی آزادی کی چھاؤں میں زندگی بسر کر چکے ہیں۔ یہ محض ایک اتفاق تھا کہ مرد نے عورت کے پاؤں میں بیڑیاں ڈالدیں اور رفتہ رفتہ اس کو اپنا پابند اور تابع فرمان بنا لیا۔ لیکن کل کی غلطی آج کی غلطی کو جائز نہیں بنا سکتی پھر یہ بھی ایک واقعہ ہے کہ انسان نے اس قسم کی غلطیاں اس زمانہ میں کی تھیں جب دنیا اپنے دور ارتقا کی ابتدائی منزلیں طے کر رہی تھی۔ لیکن آج جبکہ عالم انسانیت اپنے عہد طفولیت سے ترقی کرتے کرتے عین شباب کے مرحلے پر پہنچ گئی ہے، ہم کو چاہئے کہ ایام جاہلیت کی ان بدعتوں کو جڑ بنیاد سے اکھاڑ کر پھینک دیں تاکہ انسان صحیح معنے میں انسان بنے اور دنیا عالم مثال کا نمونہ پیش کرے۔

اگر ہم ہندوستانیوں کے دل میں آزادی کا صحیح جذبہ موجزن ہے اور ہم اپنے پیدائشی حق آزادی کے سچے طالب ہیں تو عورتوں کے معاملہ میں ہم کو "ہر چہ بر خود پسندی بر دیگراں نہ پسندد" پر غور کرنا چاہئے۔

اب تک ہماری عورتیں اپنی ضروریات و حوائج زندگی کا بار مردوں پر ڈالتی رہی ہیں۔ یہ عورتوں کی اس پابندی و غلامی کا نتیجہ ہے جس میں مردنے عورت کو ہزاروں برس سے مبتلا کر رکھا ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ نہ کسی مرد کو اس کا حق پہنچتا ہے کہ وہ کسی دوسرے پر اپنا بوجھ ڈالے۔ نہ کسی عورت کو یہ حق حاصل ہے کہ کسی دوسرے کے بل بوتے پر زندگی بسر کرے۔ عورت کے لئے یہ بات نہایت شرمناک ہے کہ وہ محض بیوی بننے کی بنا پر، جو مرد و عورت کا ایک فطری تعلق ہے۔ اپنے تئیں اس کا حقدار سمجھتی ہے کہ اس کا شوہر اس کے روٹی کپڑے اور ضروریات زندگی کا کفیل ہو۔ اگر ہماری عورتیں اپنے عزت نفس اور احساس خودداری کو ذرہ بھر حرکت میں لائیں تو مجھے یقین ہے کہ خود اس بدعت کا جلد تر خاتمہ کر دینے کے لئے تیار ہو جائیں گی۔

(۴) قومی معماروں کا اولین فرض ہے کہ وہ قوم کے جسم کے ان معطل اعضاء میں حرکت پیدا کر دیں۔ ان میں گرمی پیدا کریں۔ اور رفتہ رفتہ ان کو بروئے کار لے آئیں۔

ایک زمانہ میں ہندوؤں نے اپنی سماج کو برہمن چھتری ویش اور شدر پر تقسیم کیا تھا۔ لیکن آج ہندوستانیوں کو اسکی ضرورت ہے کہ وہ صرف دو حصوں میں تقسیم ہو جائیں۔ جوانان ہند سپاہی بنیں اور خواتین قوم سماج کے تمام دوسرے کاموں کی ذمہ داریاں اپنے شانوں پر اٹھائیں۔

جب تک یہ نہ ہو گا مرد اپنے اہل و عیال کی نگہداشت و پرورش کے وبال میں پھنسے رہیں گے اور قوم حقیقی قومی و ملکی خدمت کے لئے سو برس تک بھی تیار نہ ہو گی۔ (خاص)

صفحہ ۵۰۰ کا بقیہ

جب دیکھتے ہیں کسی طرح کام نہیں چلتا تو طعن و طنز سے کام لیتے ہیں۔

شیخ صاحب خدا سے ڈرتے ہیں
میں تو انگریزوں ہی سے ڈرتا ہوں
ناز کیا اس پہ جو بدلا ہے زمانے نے تمہیں
مرد وہ ہیں جو زمانے کو بدل دیتے ہیں

ذیل کا نقشہ کسی قسم کے جذبات کا حامل ہے آپ خود اندازہ لگائیے۔

مذہب چھوڑو ملت چھوڑو صورت بدلو، عمر گنواؤ
حرف کلرکی کی امید اور اتنی مصیبت توبہ توبہ

جب اس سے بھی کام نہیں نکلتا تو کہہ اٹھتے ہیں۔

نہ نماز ہے نہ روزہ نہ زکوٰۃ نہ حج ہے
تو خوشی بھر اس سے کیا ہے کوئی جنٹ ہے کہ جج ہے

عرض اکبر ہر ممکن کوشش سے کام لیتے ہیں کہ مسلمان مسلمان بن جائے۔ درس عبرت دیتے ہیں کہ اگر کوئی چشم بینا رکھتا ہے تو دیکھے گوش حقیقت نوش رکھتا ہے تو سنے، قلب و دماغ کا مالک ہے تو محسوس کرے۔

ضروری کام جو نیچر کا ہے کرنا ہی پڑتا ہے
نہیں جی چاہتا مطلق مگر مرنا ہی پڑتا ہے

معلوم ہوتا ہے کہ صانع کا جلوہ صنعت میں حضرت اکبر بھی دیکھا کرتے تھے۔ اسی لئے ارشاد ہوتا ہے۔

سدھاریں شیخ کعبے کو ہم انگلستان دیکھیں گے
وہ دیکھیں گھر خدا کا ہم خدا کی شان دیکھیں گے

تصویر اکبر کے دونوں رخ آپ کے سامنے ہیں۔ آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ حضرت اکبر کس دل و دماغ کے آدمی تھے قوم کی نبض انھوں نے کس طرح پہچان لی تھی اور مرض کی تشخیص تو ایسی عمدہ کی کہ خود مریض بھی قائل ہو گیا۔ (خاص)

الجمعیت

دول یورپ کی افواج قاہرہ

(جناب محمد عثمان صاحب فارقلیط، سابق ایڈیٹر الجمعیت دہلی)

جنگ عظیم کے بعد دنیا کی مختلف حکومتوں نے فتح اور شکست سے دوچار ہونے کے بعد جس بات کی طرف سب سے پہلے توجہ مبذول کی وہ بحری اور بری بیڑے کی تنظیم اور اس کے اضافہ اور ترقی کا عملی پہلو ہے۔ جن حکومتوں نے دوران جنگ میں کسی نوع کی ہزیمت اٹھائی تھی انھوں نے اپنی فوجی طاقت کیلئے جو کچھ بھی کیا وہ عین مناسب اور مقتضائے احتیاط تھا لیکن جن حکومتوں نے بجائے نقصان کے کچھ فائدہ ہی اٹھایا۔ انھوں نے بھی اپنی عسکری قوت میں اضافہ کیلئے اپنے خزانوں کے منہ کھولدئے اور جوش رقابت سے مجبور ہوکر بین الاقوامی قوانین کی بھی پرواہ نہیں کی۔ کچھ دنوں کے بعد جب مسئلہ تخفیف قوائے حربیہ منظر عام پر آیا اور مختلف حکومتوں سے سر جوڑ کر سامان حرب کی تخفیف کے مسئلہ پر غور کیا تو بین الاقوامی قوانین سے بحری اور بری فوج کے سیلاب کو روک دیا اور آئندہ کے لئے ان پر حد لگا دی۔ اگرچہ تخفیف قوائے حربیہ کے مسئلہ پر اب تک بہت ہی کم عمل ہوا ہے اور پوشیدہ اور علانیہ اس کی خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ مگر تاہم اب وہ بے باکی نہیں رہی ہے جس کا اس مسئلہ کے وجود میں آنے سے پیشتر مظاہرہ ہوتا رہتا ہے۔

ہم چاہتے ہیں کہ چند یورپین حکومتوں کی عسکری کیفیت، انکی تعداد اور طریق کار پر ایک اجمالی نظر ڈالیں تاکہ دور افتادہ اور ناواقف لوگوں کو یورپین ممالک کے فوجی نظام پر بصیرت حاصل ہوجائے اور ان کی معلومات میں ایک معتدبہ اضافہ ہو۔

برطانیہ عظمیٰ۔ دوران جنگ میں برطانیہ عظمیٰ کے پاس ۵۷ لاکھ سات ہزار فوجی سپاہی تھے۔ ۱۹۲۹ء میں فوج کی ایک بڑی تعداد کو خدمات سے علیحدہ کردیا گیا اور کل دو لاکھ سات ہزار چوبیس سپاہی باقی رکھے گئے جن میں سے ایک لاکھ چالیس ہزار سات سو ۳۷ سپاہی برطانی علاقوں اور ہندوستان کے بیرونی مقامات میں متعین ہیں اور ۵۹ ہزار نو سو ۸۷ ہندوستان کی مختلف چھاؤنیوں میں مامور ہیں ۱۹۲۹ء سے پہلے برطانیہ کے پاس باون ٹینک شینیں تھیں جو بعد میں گھٹ کر صرف چار رہ گئی ہیں مگران کی جگہ بارہ مسلح موٹر کاروں کا اضافہ کردیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ تمام قلمرو برطانیہ میں توپوں کے بارہ مورچوں کی نئے اسلوب سے تعمیر ہوئی ہے۔ اس کے باوجود فوجی افسروں کا خیال ہے کہ برطانیہ کا مورچہ کمزور ہے اور اس پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔

۱۹۲۹ء کے فوجی مصارف کے لئے برطانیہ نے جو رقم منظور کی ہے وہ چار کروڑ چون لاکھ پانچ ہزار پونڈ ہے ۱۹۲۸ء کی بہ نسبت ۱۹۲۹ء میں ان مصارف میں ۵ لاکھ کی تخفیف کردی گئی ہے آسٹریلیا اور نیوزیلینڈ میں فوج کا بحری داخلہ ہے اور کناڈا اور شمالی افریقہ میں حکومت کو ایسے اختیارات حاصل ہیں۔

ممالک متحدہ امریکہ۔ جنگ کے زمانہ میں ممالک متحدہ امریکہ کیطرف سے جبری بھرتی کی گئی تھی ۱۹۲۹ء میں امریکن فوج کی صحیح تعداد ایک لاکھ چونتیس ہزار پانچسو تھی جن میں سے ۳۷ ہزار نو سو سپاہی

دوسرے مقامات پر متعین تھے امریکہ میں ایک قسم کی "قومی محافظ فوج" بھی ہے جو ضرورت کے وقت جبری بھرتی کے لئے کام میں لائی جاتی ہے لیکن فوجی بھرتی کا منشا جبر نہیں بلکہ رضا و رغبت عسکری خدمات حاصل کرنا ہے اس تعداد کے علاوہ امریکہ کے پاس ایک علٰحدہ فوج بھی ہے جو ایک لاکھ بارہ ہزار افراد پر مشتمل ہے امریکہ کا ہوائی بیڑہ تو دنیا کی تمام حکومتوں میں نمبر اول مانا گیا ہے۔

مملکت فرانس ۔ فرانس کی فوجی قوت تمام یورپ میں بے نظیر ہے اور اس کے عسکری نظام کی دنیا مداح ہے۔ جنگ عظیم سے پہلے فرانس میں فوجی ملازمت صرف دو سال کے لئے تھی مگر دوران جنگ میں ملازمت کو تین سال کے لئے کر دیا گیا اب جبکہ تمام یورپ میں امن و سلامتی کے خواب دیکھے جا رہے ہیں تو ملازمت کی میعاد بھی گھٹا دی گئی اور تین سال سے ایک سال کر دی گئی ۱۹۲۸ء میں فوجی مصارف کا تخمینہ ۵ کروڑ ۶۰ لاکھ ستر ہزار پونڈ لگایا گیا۔ جنگ سے ۴۴ سال پیشتر تخفیف کے خیال سے فرسٹ لائن ڈویژن میں بیس فیصدی کی کمی کر دی گئی مگر ہوائی بیڑہ کے ۱۲۰ طیاروں میں ترقی دیدی گئی۔ اور وہ دو ہزار کر دئے گئے۔ فرانس کی جنگی قوت کا تمام دارومدار ہوائی بیڑے اور ٹینک مشینوں پر ہے۔ اور ٹینک کی قوت اس قدر زبردست ہے کہ دنیا کی کوئی حکومت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ فرانس میں ہلکی ٹینکوں کی ۴۴ بٹالین ہیں اور بھاری ٹینکوں کی دو بٹالین ہیں غرض اس حساب سے فرانس کے قبضہ میں کل ٹینک تین ہزار ساٹھ ہیں اس قدر کثیر تعداد میں ٹینک دنیا کے کسی خطہ میں نہیں مل سکتے۔

فرنچ انفنٹری میں دو سو پچیس پلٹنیں ہیں اور ہر پلٹن تین حصوں پر منقسم ہے۔ ایک کمپنی مشین گنوں پر کام کرنے والوں کی ہے اور مختلف کمپنیوں میں ایک حصہ اون سپاہیوں کا ہے جو رائفلوں سے مسلح ہیں۔ ان سامانوں کے علاوہ فرانس کے جنگی بیڑے میں تین سو آرمرڈ کار بھی ہیں جو نئے ساز و سامان سے آراستہ و پیراستہ ہر وقت تیار رہتی ہیں۔

جرمن ۔ وارسیلز کے عہد نامہ کے بموجب جرمنی فوج کی تعداد محدود و معین کر دی گئی ہے اور اس کو ایک لاکھ فوج سے زیادہ رکھنے کا اختیار نہیں ہے اس کے ساتھ ہی وہ جبری بھرتی بھی نہیں کر سکتا۔ صرف رضا کارانہ خدمات حاصل کرنے کا اُسے محدود اختیار ہے جنگ سے پیشتر جرمن کا جو جنرل سٹاف تھا۔ وارسیلز کے عہد نامہ کے بموجب اس کو بھی موقوف کر دیا گیا اور اس کی دوبارہ تعمیر کی بھی ممانعت کر دی گئی یہ بات تعجب سے سنی جائے گی کہ جرمن کا اب کوئی ہوائی بیڑہ نہیں ہے اور نہ اس کو رائن لینڈ کے قریب کسی قلعہ کی تعمیر کی اجازت ہے۔

عہد نامہ کے وقت جرمن کے پاس جس قدر بھی سامان حرب مقررہ مقدار سے زائد تھا وہ سب برباد کر دیا گیا۔ بھاری بھاری بندوقیں اور سامان حرب کا ایک معتد بہ ذخیرہ قانون احتساب کی رو سے یا تو ضبط کر لیا گیا اور یا برباد کر دیا گیا۔ اگرچہ جنگ کے بعد جرمن کو غیر مسلح کر دیا گیا۔ مگر پھر بھی اس کے پاس ایک لاکھ فوج ہے جنگی باقاعدہ ترتیب کیجاتی ہے۔ نیز رائفل، مشین گن اور ٹریچ موٹر کا ایک کثیر تعداد میں اس کے پاس موجود ہیں۔ ہوائی بیڑہ اگرچہ بہت کمزور ہے مگر موجود ہے۔ ۱۹۲۸ء اور ۱۹۲۹ء کے فوجی اور نیوی مصارف کی کل رقم تین کروڑ ۵ لاکھ بیس ہزار پونڈ ہے۔

اٹلی ۔ زمانہ جنگ میں اٹلی کے پاس ۵۶ لاکھ سپاہی تھے جو سب کے سب ہشیار مرتب اور منظم تھے۔ لیکن صلح کے بعد بین الاقوامی قوانین کی رو سے اٹلی کے پاس صرف تین لاکھ۔ اسّی ہزار سپاہی رہ گئے۔ فوج میں جبری بھرتی ہے اور اٹھارہ ماہ فوجی خدمات کی میعاد مقرر ہے اٹلی کی فوج کا کچھ حصہ سسلی اور سرڈینیا پر بھی متعین رہتا ہے اس فوج کے علاوہ اٹلی کے پاس رضا کاروں کی باقاعدہ فوج بھی ہے جس کی تعداد تین لاکھ ۲۶ ہزار ہے۔ اٹلی کی ہوائی طاقت منتشر ہے اس وقت تک اس کے پاس ایک ہزار اسّی ہوائی جہاز

ہیں اور باقی زیر تعمیر یا زیر تجویز ہیں۔ جن کی کل تعداد مستقبل قریب میں چار ہزار پانچسو ہو جائے گی۔ ہوائی بیڑہ میں جو افسر اور اُن کے ماتحت عملہ کام کرتا ہے انکی مجموعی تعداد ۲۵ ہزار ہے۔ چھوٹے چھوٹے قلعے بھی ٹریپولی ایرت دیا اور اٹالین سمالی لینڈ کی سرحدوں پر موجود ہیں اور مندرجہ بالا فوج کا کچھ حصہ ان میں ہر وقت پڑا رہتا ہے۔

ترکی۔ ترکی فوج کی کل تعداد ایک لاکھ بیس ہزار ہے جنکو نہایت منظم طور پر تربیت دیجاتی ہے۔ ٹرکی کے پاس ٹینک۔ ہوائی جہاز اور توپوں کی تعداد بہت کم ہے مگر سپاہیوں کی تربیت اعلیٰ پیمانہ پر کیجاتی ہے۔ ٹرکی کا محکمہ مالیات اس قدر منظم ہے جس کی باعث فوجی مصارف نہیں نکلتے۔

روس۔ روس میں بالشویک سرخ فوج کی بھرتی جبری ہے اور اس مقصد کے لئے بہت بے رحمی سے کام لیا جاتا ہے اس فوج کی کل تعداد آٹھ لاکھ بیالیس ہزار ہے۔ فوج کے بہت سے افسر تجربہکار اور آزمودہ پرانے جانباز ہیں لیکن بالشویک حکومت کا فوجی نظام اس قدر ابتر ہے کہ کسی مغربی حکومت کا ایسا نہو گا۔ بالشویک فوج اگرچہ تعداد اور ساز و سامان کے اعتبار سے بہت زیادہ اور وقیع ہے مگر نظم و تربیت کی حیثیت سے اس کا درجہ بہت گرا ہوا ہے۔ چنانچہ ۱۹۱۸ء میں جب بالشویک فوج کا پولزکی فوج سے مقابلہ ہوا تو پولسز نے ان کو نہایت ذلت آمیز شکست دی اور اوس کو سخت ندامت اٹھانی پڑی۔ ۱۹۱۷ء میں قید فوج کے ذریعہ جس قدر سامان حرب روس میں پہونچایا گیا تھا اس کا کثیر حصہ اس وقت تک موجود ہے۔ بالشویک حکومت کو ریلوے لائن کی بد انتظامی نے سخت نقصان پہونچایا ہے جس کا براہ راست اثر بالشویک کی فوجی قوت پر پڑ رہا ہے اس کے ہوائی بیڑے میں اس وقت پانچسو جہاز ہیں بالشویکی حکومت کے فوجی مصارف کے متعلق کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ کیونکہ اس قسم کی اطلاعات کا دستیاب ہونا سخت مشکل ہے روس کے ہوائی بیڑہ میں سویٹ اور جرمن ہر دو قسم کے کارکن موجود ہیں مگر جرمنی انجنیروں کا عنصر غالب ہے۔

جاپان۔ جاپانی فوج میں تین سال کے لئے جبری بھرتی کی جاتی ہے۔ اس وقت جاپانی فوج کی تعداد ایک لاکھ اٹھانوے ہزار ہے جس میں سے ۲۵ ہزار منچوریا اور کوریا میں متعین ہیں۔ جاپان کی فوجی قوت بہت زبردست ہے اور فوجی تعلقات قابل اطمینان ہیں۔ فوج کی تربیت کا سب سے زیادہ خیال رکھا جاتا ہے۔ اور اس چیز میں ان کو بعض حکومتوں پر برتری حاصل ہے۔ البتہ سامان حرب موجودہ زمانہ کے مطابق نہیں ہے اور اس میں اصلاح کی بہت کچھ ضرورت ہے۔ جنگ عظیم کے بعد نفیس بندوقوں کی ایک کافی تعداد جاپان نے فراہم کرلی ہے اور رفتہ رفتہ وہ ترقی کر رہا ہے۔ جاپان کے ہوائی بیڑہ میں چھ سو ہوائی جہاز ہیں۔

الشرف

بیاہ کی عمر

[جناب مولانا محمد احسن صاحب سابق اڈیٹر الشرف بہار]

سوال یہ ہے کہ سارد ایکٹ کے نفاذ کی ضرورت کیوں ہوئی اور اس قانون میں جو بیاہ کی عمر مقرر کی گئی ہے کیا وہ قانون فطرت کے خلاف ہے؟

مذکورہ سوال کا پہلا ٹکڑا یہ ہے کہ سارد ایکٹ کے نفاذ کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ اس سوال کے جواب میں پہلے کچھ تمہید کا گذارش ہے۔

۱۸۲۸ء میں لارڈ بنٹنگ ہندوستان کے گورنر ہو کے آئے اور آتے ہی ستی سسٹم کے کاغذات دیکھ کے ٹھان لیا کہ اس نالائق رسم کو موقوف کرنا چاہیئے۔ اسی زمانہ میں راجہ رام موہن رائے آنجہانی نے بھی اس رسم کو بند کرنے کے لئے کمر کسی۔ انگریزی اور بنگلہ زبانوں میں کئی کتابیں شایع کرائیں۔ ان کمتابلون کی اشاعت پر کلکتہ شوبھا بازار کے راجا سر رادھا کانت دیو کے بسی ایس۔ آئی۔ کے ذیعہ قائم شدہ ہندو دھرم سبھا کی طرف سے راجا رام موہن رائے کی مخالفت کی گئی۔ کتابوں کے جواب چھپے۔ بحث و مباحثے ہوئے مگر حسن اتفاق سے اسی زمانہ میں لارڈ بنٹنگ نے اسی موضوع پر اپنا منشا شایع کرایا اور ایک ہی مہینے کے بعد ۴ دسمبر ۱۸۲۹ء کے کلکتہ گزٹ میں رسم جوہر (ستی داہ پر تھا) بند کرنے کے لئے ایک قانون جاری کیا جو ریگولیشن XVII ۱۸۲۹ء کے نام سے مشہور ہے اور جس کا منشا یہ ہے کہ اب سے رسم ستی یعنی ہندو بیواؤں کو زندہ جلانا یا دفن کرنا فوجداری کچہریوں کے ذریعہ سے خلاف قانون اور موجب سزا سمجھا گیا۔

پہلے پہل یہ قانون بنگال، بہار و اڑیسہ میں جاری کیا گیا۔ پھر ۱۸۳۰ء میں بمبئی اور مدراس میں نافذ ہوا۔ رسم جو بدولت مدید سے نہ جانے کتنی غریب بیواؤں کو زندہ جلا رہی تھی وہ لارڈ بنٹنگ کی عنایتوں سے فی النار ہو گئی۔

۱۹۲۷ء میں شیو مندر کی تعمیر پر رام گوپال مہتاجی نے ہندی چاند کے محترم اڈیٹر کو لکھا تھا کہ افسوس لندن میں شیو مندر بنے اور ہندوستان میں زنا کاری زور کے! اس خط کو شایع کرتے ہوئے چاند کے فاضل ایڈیٹر نے جو زبردست اور مفید لکھا تھا ذرا ملاحظہ ہو اسے اردو میں منتقل کئے دیتا ہوں۔

"ہم مہتاجی کی توجہ مبذول کرتے ہیں۔ بنگال کے گورنر لارڈ ولٹن کی اس محبت بھری تقریر کی طرف جو انہوں نے کلکتہ ویجی لینس سوسائٹی Calcutta Vigilance Association منعقدہ ۷ جولائی ۱۹۲۶ء کی مجلس میں کی تھی خود جناب گورنر کی آنکھوں میں آنسو بھر کر ایک لاکھ روپیہ کی اپیل اس لئے کیا تھا کہ کلکتہ میں ایک کھولا جائے جن میں ان کنیاؤں کو رکھا جائے جو بھگا کر کلکتہ لائی جا رہی ہیں اور جنہیں بعض میں (جوان کی تعلیم وتربیت کا زمانہ ہے) زنا کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ جناب گورنر نے یہ بھی فرمایا کہ نو برس سے تیرہ تک کی سولہ سو سے دو ہزار کنیائیں آج صرف کلکتہ میں زنا کاری کی تعلیم میں مصروف ہیں اور لگ بھگ بارہ سو کنیائیں ہر سال کلکتہ میں صرف اسی سیہ کاری کی غرض سے بھگا کر لائی جاتی ہیں آپ نے بڑے جوشیلے الفاظ میں کلکتہ کی چمک دمک پر نگاہ ڈالی اور فرمایا یہ میرے بچے ہیں۔ یہ بچے مجھے اپنی جان سے زیادہ عزیز ہیں۔ جس دم میں سوتا ہوں کہ میرے بچوں کو کوئی نابکار بھگا کر لے جائے

اور ان پر ستم ڈھائے۔ جس طرح ان دو ہزار کنیاؤں پر بجلیاں گرائی جا رہی ہیں تو خدا لگتی کہتا ہوں کہ میں خوف سے کانپنے لگتا ہوں اور غصہ سے لال ہو جاتا ہوں اس لئے اب میں ایک لمحہ کے لئے نہ رک کر اصلاح کی کوششوں میں مصروف ہو جانا چاہتا ہوں۔ کیا آپ اب بھی متوجہ نہ ہوں گے؟ اور ان بھولی بھالی بچیوں اچھوتی کنیاؤں کی طرف سے بے خبر رہیں گے؟" اس کلکتہ میں ۲۲۶۲ رنڈیاں، ۲ سے ۴۰ برس عمر کی اپنی ناپاک زندگی بسر کر رہی ہیں یعنی ۱۲ عورتوں میں ایک رنڈی ہے۔ ۱۲ سے ۲۰ برس والی فی صدی ۱۸ رنڈیاں ہیں۔ سب سے نفرت انگیز عصمت فروشی تو یہ ہے کہ ۳۸۰۳۱ رنڈیوں کی عمر دس سال سے بھی کم ہے۔ قارئین کرام کو یہ بات نظر انداز نہ کرنی چاہئے کہ ان رنڈیوں میں نوے فی صدی ہندو ہیں اور یہ حال آج سے نہیں پچاسوں سال سے ہے۔ ۱۸۵۶ء کی مردم شماری کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت بھی کلکتہ میں ۱۹۱۲ ہیسٹوں تھی جن میں ہندو میسواؤں کی تعداد تھی ۱۰۴۶۱ ۱۸۷۲ء کی مردم شماری کی رپورٹ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسوقت جبکہ مسلمان بیسواؤں کی تعداد ۱۶۲۱ تھی یورپین کی ۵۶ یورپین کی پانچ یہودیوں کی ۳۵ اور ہندو گھرانوں کی بہو بیٹیوں کی تعداد تھی ۷۹۳۸ جو لمبی ناک والے ہندوؤں کے منہ میں کالک پوت کر ہندو سماج کو کوس رہی تھیں۔"

اسی قصور کا دوسرا رُخ بھی ملاحظہ ہو تیئیس کروڑ ہندوؤں میں لگ بھگ سات کروڑ اچھوت ہیں جن میں سوا دو کروڑ بیواؤں کی تعداد ہے اور ان میں اعلیٰ خاندان کی بیوائیں زیادہ ہیں یہ بیوائیں ہندوؤں کے ماتھے پر کلنک ہیں اور یہ کس وجہ سے اس حسرتناک اسٹیج پر پہونچی ہیں؟ "بال بیواہ، نیوگ بیواہ، بردھ بیواہ، بیواہ" کہتے ہیں کہ ضرورت ایجاد کی ماں ہوتی ہے جس طرح ۱۸۲۸ء میں رسم ستی کو روکنے کے لئے ایک نئے قانون کے بنانے کی نوبت آئی اسی طرح نت نئی کو کرسیوں اور آئے دن کی سیکلوریوں کو دیکھتے دیکھتے ۱۹۲۸ء میں صغر سنی کی شادی کو مسدود کرنے کے لئے سارداجی نے گورنمنٹ آف انڈیا کے ہاں تحریک کی اور وائسرائے نے ۱۹۲۹ء میں اس قانون کو تصدیق کرتے ہوئے یکم اپریل ۱۹۳۰ء سے نفاذ کا حکم دے دیا۔

یہ ہوا پہلے سوال کا جواب یعنی سارداایکٹ کے نفاذ کی ضرورت کیوں ہوئی۔ اب ذرا دوسرا مکھڑا ملاحظہ ہو۔ کیا سارداایکٹ میں جو بیاہ کی عمر مقرر کی گئی ہے وہ خلاف قانون و فطرت ہے؟

دنیا کے مختلف ترقی یافتہ ملکوں میں بیاہ کی ابتدائی عمر کا نقشہ یہ ہے۔

(۱) آسٹریلیا۔	لڑکا ۱۶	لڑکی ۱۴
(۲) جرمنی۔	۱۸	۱۴
(۳) بلجیم۔	۱۸	۱۵
(۴) فرانس۔	۱۸	۱۵
(۵) روس۔	۱۸	۱۶

(۶) اسپین، گریس، ہنگری، پرتگال اور سوئٹزرلینڈ میں لڑکا ۱۴ لڑکی ۱۲۔ مگر یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ سبھی بیاہ اوپر لکھی ہوئی عمر ہونے پر ہی کئے جاتے ہیں نہیں زیادہ تر بیاہ بڑی عمروں میں ہوتا ہے۔ بچیوں کا بیاہ نمود حسن کے پہلے تو ہوتا ہی نہیں۔ اسی طرح مسلمانوں میں بھی بکثرت پورے بالغ ہونے پر ہی ہوا کرتا ہے۔ تاہم اوپر کی مثالیں جن میں ابتدائے عمر شادی شادی مقرر کی گئی ہے وہ ایسی ہے جیسے طلوع ہوتے ہی سورج کی کرنوں میں گرمی اور ہلال نو سے بھرپور چاندنی تلاش کرنی۔

(بقیہ صفحہ ۵۳۰ پر دیکھئے)

المعلم

بالک گھر

[جناب سجاد مرزا ایم۔ اے کنٹب، مدیر رسالہ "المعلم" حیدرآباد دکن]

کنڈرگارٹن ایک جرمن لفظ ہے۔ جو مرکب ہے کنڈر اور گارٹن سے کنڈر یعنی بچے اور گارٹن یعنی باغ لہذا بچوں کا باغ اس کا لفظی ترجمہ ہے۔ لیکن اسکا مروجہ ترجمہ گلشن الطفال کیا ہے، اور بعض نے باغ اطفال اور بوستان اطفال کیا ہے۔ ہمارے ایک دوست کا خیال ہے کہ طفلستان ہونا چاہئے۔

ترجموں سے اکثر یہ فروگذاشت ہوتی ہے کہ وہ مفہوم کو ادا کرنے کے بجائے لفظوں کے الٹ پھیر میں پڑ جاتے ہیں ہم نے اس امر کو پیش نظر رکھتے ہوئے کنڈرگارٹن کا ترجمہ بالک گھر مناسب و موزوں خیال کیا ہے۔ بالک گھر ایک وسیع مضمون ہے اور غیر معین بھی۔ اگر صرف بالک گھر کی تفصیلی توضیح اور تشریح کیجائے تو اندیشہ ہے کہ بہت طوالت سے کام لینا پڑیگا۔ ابتدائی تعلیم کی اہمیت کے احساس کے ساتھ عام طور پر بالک گھر کے متعلق ایسے غلط خیالات پھیلے ہوئے ہیں۔ کہ میں نے اس موقع پر یہ مناسب خیال کیا، کہ ان غلط فہمیوں کو دور کرنیکی کوشش کروں جو عموماً بالک گھر کے متعلق پھیلی ہوئی ہیں۔ اس کے ارتقاء کی مختصر تاریخ بیان کرکے اس کے طریقۂ تعلیم کی تشریح کروں۔ اپنے ہموطنوں کی خدمت میں جو ابتدائی تعلیم سے دلچسپی رکھتے ہیں، ایسے مسائل پیش کروں، جن کے حل ہونے سے کارآمد نتائج حاصل ہو سکیں۔

زیادہ عرصہ نہیں گذرا۔ کہ (۳۵) سال کا تعلیمی تجربہ رکھنے والی فرنگن صدر معلمہ نے یہ بیان کیا، کہ تم چہارشنبہ کے سہ پہر کو ہم بالک گھر منعقد کرتے ہیں۔ اور پھر اس کے بعد ایک ہفتہ تک کچھ نہیں کرتے۔" واقعی یہ بہت ہی بامعنی اور دلچسپ اظہار حقیقت ہے۔ ہمیں اس فرنگن صدر معلمہ کا شکر گذار ہونا چاہئے، کہ جس نے نہایت درجہ درست گوئی سے کام لے کر اپنے زمانہ کے بالک گھر کا راز کھول دیا۔

اس صدر معلمہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے، کہ اس وقت بالک گھر صرف نصابی CURRICULUM مضمون سمجھا جاتا ہے۔ اور اس بات کی تحریری شہادتیں موجود ہیں۔ کہ نظام الاوقات TIME TABLE میں اسکی ایک مضمون کی حیثیت تھی۔ اس کو لکھنے پڑھنے کی طرح سمجھا جاتا تھا۔ فرق صرف اس قدر تھا، کہ اوقات تعلیم میں اس مضمون کے وقت چند آلات استعمال ہوتے تھے یا کھیل کھیلے جاتے تھے۔ تختوں کو کام میں لانا اوائے رسم سے زیادہ نہ تھا۔ مقررہ وقت پر گھنٹی بجتے ہی بچے اپنے تختوں سے مقررہ رسوم انجام دیتے۔ اور دوسری گھنٹی کے بجتے ہی ان رسوم کو ختم کر دیتے۔ ذمہ دار مدرس بچوں سے اینٹوں کا استحان کراتا، اور ان سے کچھ تعمیر کرواتا۔ اس کے بعد سامان کو بگاڑے اور شتر اور خراب کئے بغیر کھلواتا۔ اسی طریقہ سے اور کام بھی کرایا جاتا تھا۔ اسی طور پر دیگر شاغل زیادہ تر وضع کردہ

سامان سے انجام پاتے، مثلاً کاغذ تراشی کا کام دی ہوئی پیمائش کے لحاظ سے ہوتا تھا۔ مدرس کاغذ کے عرض و طول کو مقرر کر دیتا۔ اور جو بیچارے بچے ذاتی سعی کو ترقی دینے کی غرض سے وہاں موجود ہوتے۔ اپنے اُستاد کے حکم سے ذرا بھی انحراف نہ کر سکتے تھے۔

فطرت یا خاندان یا کسی پیشہ یا تجارت سے متعلقہ گیت کے گرد کھیل کھیلے جاتے۔ لیکن ذاتی احساسات کے اظہار کی غرض سے سوانگ بھرنے کا خیال ان میں بالکل مفقود تھا۔ بچوں کی طرف سے کسی بات کا اظہار نہ ہوتا۔ بلکہ اُستاد سے ہی ہر بات کی ابتدا ہوتی۔ بچوں کے تمام کھیل مشقوں میں تبدیل ہو گئے تھے، اور بچوں کو اس سے کوئی فائدہ تھا، تو یہ کہ ایک ہی طریقہ پر خاموش بیٹھے رہنے کے بجائے طبیعت بہلنے کا موقع مل جاتا تھا۔

بالک گھر میں جو کہانیاں سُنائی جاتیں، وہ غیر دلچسپ اور بچوں کی سمجھ سے باہر ہوتیں۔ مطالعۂ قدرت جو ترقی کے روباری ملکوں کے بچوں کو اس قدر دلآویز ہوتا ہے، خشک نظری سبق بن گیا تھا، جو ہر قسم کی ذاتی سعی سے جدا کر لیا گیا تھا۔

جب سے ہمارے مدارس میں ٹرینڈ مدرسین کی کثرت ہو گئی ہے، جو ہمارے نارمل مدارس سے جرمنی کے ارزاں سامان کی طرح جلد جلد تیار ہو کر نکل رہے ہیں۔ کہیں کہیں ایسا ٹرینڈ مدرس نظر آ جاتا ہے، جو لپک کر اپنے دور کنندہ مہتمم سے یہ نہ کہے کہ اس نے جائزہ لیتے ہی اپنے مدرسہ میں ایک بالک گھر کی جماعت قائم کر دی۔ جس جماعت کا اس نے ذکر کیا، وہ ایک تنگ و تاریک اور مرطوب کمرہ میں واقع ہوئی ہے۔ جہاں کسی قسم کا نہ فرنیچر موجود ہوتا ہے، اور نہ ریت و کنکر ہی۔ یہ جماعت عموماً ایک ارکار رفتہ مدرس کے تفویض ہوتی ہے۔ جو ضعیف، جاہل اور قلیل ترین تنخواہ پاتا ہے۔ لیکن بستی کے گوشہ گوشہ سے بچوں کو گھیر لانے میں مہارت رکھتا ہے۔ اور یہی وہ صفت ہے، جس کی وجہ سے اس کا نام مدرسہ کے عملہ میں قائم رہتا ہے۔ اس قسم کے جو بچے بھرتی کئے جاتے ہیں۔ بالکل برہنہ اور غلیظ ہوتے ہیں۔ ان کی ناک بہتی رہتی ہے۔ آنکھوں میں چیپڑ بھرے ہوتے ہیں۔ ناخنوں میں میل ہوتا ہے۔ اور منہ پر مکھیاں بھنبھناتی ہوتی ہیں۔ ہاتھ میں بید لئے مدرس بچوں کو خاموش رکھتا ہے۔ اگر وہ سو جائیں تو اُس کو کچھ پرواہ نہیں ہوتی۔ لیکن اُن کا ہنسنا، کھیلنا یا شور و غل کرنا غضب ہے ؎

بنا لی شوق میں شداد نے لیکن نہ یہ سمجھا
زمیں جنت کے قابل ہوں نہ جنت میرے قابل ہے

لیکن حکام یا عوام اس بالک گھر کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ چند ثانویہ مدارس کے سوائے اب کوئی مدرسہ نہیں، جس کی تعداد کا وارد مدار خاصکر صغیر جماعتوں پر نہ ہو۔ ان میں داخلے کے لئے محکمۂ تعلیمات نے پانچ سال کی عمر مقرر کر دی ہے۔ مگر حکام کے لگاتار مطالبہ کہ مدارس میں طلبہ کی تعداد میں اضافہ کیا جائے، خواہ شرح پیدائش میں کمی ہو یا اموات میں اضافہ اس طرح تکمیل کی جاتی ہے، کہ پانچ سال سے کم عمر والے بچوں کو جماعتہائے صغیر میں اندھا دھند داخل کر لیا جاتا ہے، اور ہوشیار صدر مدرس اپنے مہتمم کے ضابطہ کے اعتراض سے بچنے کے لئے تمام پانچ سال سے کم عمر والے بچوں کی ایک جماعت قائم کر کے، اور اُس کو بالک گھر کے نام سے موسوم کر کے اپنے بچاؤ کی گنجائش نکال لیتا ہے، اور اس طریقہ سے وہ نہ صرف مدرسہ میں طلبہ کی تعداد کے اضافہ کرنے میں کامیاب ہوتا ہے، بلکہ جدید

طریقۂ تعلیم پر عمل کرکے اپنے مدرسہ میں اپنی ٹریننگ کا سکہ بٹھا دیتا ہے۔ مہتمم صاحب خوش ہو جاتے ہیں، کہ ان کے احکام کے بموجب تعداد بڑھ گئی۔ اور اُس کے ہر چیرمنا بطہ میں ہے یہی حال والدین کا ہے۔ خاصکریاں کا، وہ صدر مدرس کی اس بنا پر احسان مند ہوتی ہے کہ اُس نے دن بھر اُس کے بچے کو مدرسہ میں رکھکر اُس کو بے کھٹکے گھر کے کام کاج کرنے کا موقع دیا۔

بالک گھر کی ابتدا | جس طرح ہر برائی میں بھلائی پنہاں ہے۔ اسی طرح بالک گھر کی مسخ شکل بھی تعلیمی فضا کا رنگ تبدیل کر دیتی ہے۔ اس کا وجود سو جودہ حالت سے بے اطمینانی۔ قدیم نظام سے ترک واسطہ اور جدید نظام کی جستجو کا خیال پیدا کرتا ہے، اور بالک گھر کو اچھی طرح سمجھنے کا راستہ کھول دیتا ہے۔

انیسویں صدی میں جبکہ صنعت و حرفت کی جد و جہد کے دو نے خانگی زندگی کی بنیادیں ہلا دی تھیں۔ افادیت نے بیشتر ین تعداد کو بیشیوں مفاد ہونا چاہئے کا ڈنکا بجا دیا تھا۔ اور مادیت نے انسان کی قدر و منزلت قائم کر دی تھی۔ کہ بالک گھر ملک کے لئے بہادر بچے اور کاروباری لوگوں کو تربیت کرنے کی واحد غرض و مقصد سے معرض وجود میں آیا۔ بالک گھر فریڈرک فروبل کی دماغ سوزی اور ۲۵ سالہ تعلیمی تجربہ کا نتیجہ ہے خود بانی نے اسکو اپنی زندگی کا اعلیٰ ترین ماحصل خیال کیا۔ اور اس میں شبہ نہیں، کہ یہ اس کی فطری جدت کا اعلیٰ نمونہ اور فن تعلیم میں حیرت انگیز اضافہ ہے۔ لیکن یہ بات ہم فراموش نہیں کر سکتے، کہ فروبل دوسرے ماہران تعلیم کے ان نظریات کا بھی مرہون منت ہی، جو بالک گھر کی روح رواں میں کمی نہیں ہی وہ شخص تھا، جس نے جدید تعلیم کی بنیاد قائم کی۔ اس کی تعلیم یہ تھی، کہ بغیر اشیاء کے ہر گز الفاظ مت سکھاؤ۔ اگر یہ میسر نہ ہو سکے، تو صحت کے ساتھ ان کے ترجمانی کی کوشش کرو۔ بچے کی جسم و ساخت پر توجہ کرو۔ کیونکہ جسمانی صحت پر ہی بچہ کی ذہنی ترقی منحصر ہے۔ لیکن کمی نہیں جو اپنے زمانہ میں خیالات کے لحاظ سے بہت ہی پیش پیش تھا۔ اپنے ہمعصروں کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ناکام رہا۔ کامیابی ایک سرگرم فرانسیسی کی تقدیر میں لکھی ہوئی تھی، کہ دنیا کو سوتے سے جگائے۔ اور جدید نظریہ کی طرف پیش قدمی کرنے پر مجبور کرے۔

روسو نے جو انقلاب عالم پیشوا ہے یہ بات اچھی طرح سمجھ لی کہ اُسکے سیاسی نظریوں کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے نئے وضع کے لوگ تیار کرنا ضروری ہے۔ اس لئے اُس نے تعلیم کے مسئلہ پر اپنی توجہ مبذول کی۔ اور اُس کے فکرمند دماغ نے مروجہ نظام کی خامیوں اور اُنکے اصلاح کا پتہ چلا لیا۔ اس کو معلوم ہو گیا، کہ اُس کے زمانہ تک اگرچہ تعلیم کے طریقے اور تعلیم کے مضامین لوگوں کی توجہ حاصل کر رہے تھے۔ تاہم بچہ کی طرف جو تعلیم کا جزو اعظم ہے غفلت برتی جا رہی ہے۔ اس نے معلمین کی توجہ متعلمین پر منعطف کرائی۔ اس کا اصول یہ تھا، کہ اپنے شاگرد سے تعلیم کی ابتدا کرو۔ جس سے تم پورے واقف ہی نہیں ہم اپنے خیالات بچوں میں بھرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر بچوں میں اُنکا جو اثر ہوتا ہے، اُس پر بالکل غور نہیں کرتے۔ روسو کے تعلیمی منصوبے حیرت انگیز طریقہ سے بالکل معقول اور جدید تھے، مگر بہت سارے خیالی لوگوں کی طرح وہ عملی آدمی نہ تھا۔ اس نے سوتی دنیا کی اینٹ سے اینٹ بجادی مروجہ نظام تعلیم میں رخنے ڈال دیئے۔ لیکن خود کوئی تعمیری کام پیش نہ کر سکا۔ جس شخص نے نظریوں کو عملی شکل میں اور خواب و خیال کو واقفیت میں تبدیل کر دکھایا، وہ پسٹالوزی تھا۔ تعلیم

الاطفال سے ہمیشہ اُس کا نام وابستہ رہیگا۔ اور پیشۂ تعلیم کا ہر فرد و بشر اس کے نام کو احسان مندی کے احساس سے یاد رکھیگا۔ وہ واقعی اور حقیقی معلم تھا۔ اُس کا اعتقاد عمل پر تھا۔ وہ کہ منصوبوں پر اس نے اپنے تمام منصوبوں کو عملی طور سے صحیح ثابت کر دکھایا۔ اُس کی تعلیم یہ تھی، کہ زندگی اور تجربہ اصلی معلم ہیں۔ اور اصلی ترقی اندرونی قوتوں سے ہوتی ہے۔ اس نے مشاہدہ کی اہمیت پر زور دیا۔ اور اس بات کو ضروری سمجھا، کہ بچوں کی مناسب نشو و نما کے لئے محبت اور شفقت کی فضا کا پیدا ہونا از بس ضروری ہے، اس کا اپنا مدرسہ جو اُس نے بڑی جانفشانی مگر بے سروسامانی سے چلایا، کامیاب ثابت ہوا۔

حتی کہ اس کے ان شاگرد و نکا رنگ روپ بھی بہت کچھ تبدیل ہو گیا، جنھوں نے تھوڑے دنوں وہاں تربیت حاصل کی۔ وہ بچے مسرور، ذہین، اور اپنے کاموں میں منہمک معلوم ہوتے تھے فروبل پیدائشی معلم نے کمینیس اور روسو کے فلسفہ تعلیم کو جذب کر کے پسٹالوزی کے سامنے زانوئے ادب تہ کیا۔ اور بعض اہم تعلیمی مسائل کے بنیادی اصول دریافت کرلئے۔ اس نے بچے کی ذاتی سعی کی ضرورت کو معلوم کیا۔ اور ہر تعلیمی نظام کے تصور میں بچہ کو فیصلہ کن امر قرار دیا۔ اس نے یہ امر بھی معلوم کیا، کہ جسمانی اور ذہنی دونوں حالتوں میں بچہ چنچل ہوتا ہے۔ اور اسکو اپنی دلچسپی کے اظہار کے لئے موقع ملنا چاہیئے۔ لہذا کوئی تعلیمی نظام اسوقت تک مکمل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس میں بچے کی جانب سے جدوجہد کرنے اور معلم کی جانب سے صرف ہدایت کرنے کا لحاظ نہ کر لیا گیا ہو۔ کہ دبیز تعلیم آدمی کو غور کن۔ ذہین مخلوق کی حیثیت سے ذاتی ادراک سے ترقی کر کے پاک اور بے عیب ضمیر اور وحدت ربانی کے باطنی قانون کی نیابت کرنے اور اس کے ذرائع اور وسائل کی رہبری کرنے میں مضمر ہے، وہ یہ امر تسلیم کرتا ہے کہ بچہ کی ذہنیت کے اعتبار سے اس کی ترقی میں اختلاف ہونا ضروری ہے۔ اُس کے نزدیک تمام ترقیوں کا دارومدار انسانی ربط و تعلق پر منحصر ہونا چاہیئے۔ (لیکن ہم اسکو ارث کہتے ہیں) اسکو ہر فرد اپنے اسلاف پشتوں سے وراثت میں حاصل کرتا چلا آتا ہے، تاہم فروبل نے اس بات کو بھی ضروری سمجھا، کہ چند ایسے وسیع اصول کو اختیار کر لینا چاہیئے۔ جن کی مدد سے بچوں کو تعلیم دیتے وقت معلم اپنی رہبری کر سکے۔ چونکہ انسان ربانی یا روحانی، عقلی اور انسانی صفات سے متصف کیا گیا ہے۔ اس لئے اُس کا تعلق خدا، قدرت اور انسانیت سے سمجھنا چاہیئے جس کے اندر وحدت، کثرت اور یکتائی اور اسی طرح ماضی، حال اور مستقبل بھی شامل ہے۔

یہ بالکل صحیح رائے ظاہر کی گئی ہے، کہ بچے اس وجہ سے نہیں کھیلتے کہ وہ بچے ہیں بلکہ بچپن اُن کو اس واسطے عطا ہوا ہے، کہ وہ کھیلیں۔ ہر وہ شے جس سے بچے کو دلچسپی ہو۔ اُس کے لئے کھیل ہو جاتی ہے۔ اسی غرض سے فروبل نے کھیل کے سامان کو تنظیم کرنے کا مشکل کام اپنے سر لیا تھا تاکہ بچوں کی ذاتی جدوجہد روبکار لانے میں زیادہ سہولت ہو جائے۔ اُس نے سوانگ بھرنے اور بہادری کے کھیل ایجاد کئے جن سے سماج کی معاشرتی سرگرمیاں ظاہر ہوں، اور اُن کے ذریعہ اُن کے اندرونی صفات پیدا ہوں۔ اس نے ان کے حواس کو تربیت دینے کی غرض سے نئے ایجاد کئے۔ اور ایسے شاغل اختراع کئے جن سے انکی تعلیم بھی ہو سکے۔ گولوں کی سٹ سے رنگ کے متعلق خیالات پیدا ہوتے تین اساسی اشکال سے جو مختلف و متعدد طول و عرض میں منقسم ہوتیں عالم اور

مطالعۂ قدرت کا موقع ملتا۔ پس کھیل کے سامان کو باہم گرجوڑ جاڑ کر فروبل نے خیال کیا، کہ بچہ کو اس کے وسائل ترقی سے متحد و منسلک کرنے میں کامیاب ہوگیا ہے، جو اعلیٰ ایجاد کے قائم کرنے میں حقیقی تعلیمی کوشش کیلئے ضروری ہے۔

فروبل کا بالک گھر۔ جب فروبل کا منصوبہ پورا ہوگیا، تو اس نے ۱۸۳۷ء میں بمقام بلیکن برگ واقع جرمنی کم عمر بچوں کے لئے ایک مدرسہ قائم کیا۔ اور خود اُس کو چلایا۔ جو مقام کہ اُس نے مدرسہ کے لئے منتخب کیا، وہاں باغبانی اور سیر و تفریح کے لئے بھی اچھے مواقع تھے۔ بہ تسمتی سے کوئی عمارت اُسکے ساتھ نہ آسکی۔ لیکن مطالعۂ قدرت چونکہ اسکی اسکیم کا جزو اعظم تھا، اس لئے ایک ناکارہ باروت خانہ پر ہی قانع ہوگیا۔ دن کا کام وہ اس طرح شروع کرتا، کہ بچے ایک حلقہ میں کھڑے ہوجاتے، اور وہاں خدا کے حمد و ثنا کی گیت گاتے، جب اس سے فارغ ہوتے، تو انکو ترتیب دادہ سامان کھیلنے کی غرض سے دیئے جاتے، ہر بچے کے تجربے پر غور کیا جاتا۔ تاکہ اُسکے محصلہ معلومات کے مدنظر نسبتاً مشکل کام اُس کے حوالہ کیا جائے۔ یہ سب خود فروبل کی نگرانی میں ہوتا تھا۔ اس کے بعد بچے باغوں، جنگلوں یا میدانوں یا بازی گاہوں کو چلے جاتے۔ اور یہاں کھیل اور مشاہدہ دونوں میں انکی فوری اور دقیقہ دلچسپی بنائے کار ہوتی۔ اور اس طریقہ سے ذمہ دار معلم کے زیر نگرانی کھیل اور مشاہدات کے موقع پر بچوں کی رہبری کیجاتی۔ بیرونی مشاغل کے بعد بچے پھر ترتیب دیئے ہوئے سامان سے کھیلتے۔ اور دن کا کام کسی قصہ کہانی کی بیان پر ختم کردیا جاتا تھا۔

فروبل خود بچوں کے ساتھ رہتا۔ جب بچے میدان میں پہنچتے تو وہیں جاکر ملتا۔ اور بالاتر کام کی ہدایت کرتا۔ اور موقع بموقع اصلاح کرتا۔ اس کا تجربہ کامیاب ثابت ہوا۔ اس بات کی کافی شہادتیں موجود ہیں۔ کہ فروبل کی ایجاد سے اس کے معاصرین متاثر ہوئے، اور مروجہ تعلیمی نظام میں ردّ و بدل کے متعلق نئے نئے خیالات پیدا ہونے لگے۔

بالک گھر میں طریقۂ تعلیم۔ یہ فروبل کی دائمی شہرت کا نتیجہ ہے، کہ بالک گھر کی ابتدا ہوکر تو سو برس گذر چکے، اور اس عرصہ میں بہت کچھ ترقی ہوگئی، علم وسیع ہوگیا۔ مطالعۂ اطفال ایک اہم موضوع بن گیا۔ اور باوجود اس کے فروبل کا نفسیاتی اصول متزلزل ہوگیا ہے۔ بالک گھر کی تحریک کی نشو و نما جس کی اس نے بنیاد ڈالی تھی۔ آج تک فطری توکیا عملی شکل میں بھی بدستور اس کے اصولوں پر جاری و ساری ہے۔ گو اس کی مشقوں کی ترتیب میں اور زیادہ استحکام کردیا گیا ہے، زیادہ محنت طلب کھیل ایجاد کئے گئے ہیں۔ بہتر قصے اور گیت تصنیف کئے گئے ہیں۔ اور سامان کی مقدار اور نوعیت میں بھی معقول اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کے اصول میں ذرا بھی تبدیلی کئے بغیر موجودہ زمانے کے نقادوں کی توجہ خاص طور سے اس کے ترتیب دادہ سامان کے خلاف منعطف ہوئی ہے۔ زور اس بات پر دیا جاتا ہے، کہ اُس کے سامان یا آلات بے جان اور مُردہ ہیں۔ وہ بے شکل اور غیر متبدل ہیں۔ اس لئے اُن کا میلان ضابطہ کی طرف ہے، جو بچوں کے نشو و نما کے خیال کا بالکل مترادف ہے۔ ڈاکٹر مانٹیسوری جدید زمانہ کی مشہور تجربہ کار معلمہ نے فروبل کے اس اصول میں متفق الرائے ہونے کے بعد کہ بچہ ایک ذی روح ہیولیٰ ہے، اور اُس کے اندر وہ قوتیں موجود ہیں، جو اس کو ان سرگرمیوں کی جستجو کے لئے مجبور کرتی ہیں۔ جن سے اُنکی ترقی اور نشو و نما

میں مدد ملتی ہے۔ اسی مقصد و غرض کی خاطر بالکل مختلف آلات تعلیمی ایجاد کئے ہیں۔ برخلاف فروبل کے جس نے خیالات میں حیات آفرینی کی غرض سے دستی مشاغل کی ایجادی اور اظہاری شکل پر زور دیا۔ ڈاکٹر مانٹیسوری احساسی اور اعصابی تعلیم پر زیادہ توجہ کرتی ہے۔ وہ حواس کی جانچ کرتی ہے اور نقائص معلوم کرنے کے بعد اُن کو رفع کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ فروبل نے بچوں کو جماعت کی شکل میں تعلیم دی لیکن ڈاکٹر مانٹیسوری انفرادی تعلیم پر زور دیتی ہے۔ آزادی سے چلنے پھرنے کی اجازت دیتی ہے، اور خاص حدود کے اندر بلا روک تھام اپنے کام کو انتخاب کرکے اور اپنی مرضی کے مطابق وقت پر پورا کرنیکی تائید کرتی ہے۔ طلبہ کو آگے بڑھنے یا پیچھے ہٹنے پر مجبور نہیں کیا جاتا۔ جیسا کہ گروہ بندی کے لحاظ سے جماعت میں تعلیم دیتے وقت ضروری ہے؛ جب بچے نئے خیالات حاصل کر لیتے، تو فروبل ان کی ترویج کی تدابیر سوچتا۔ لیکن ڈاکٹر مانٹیسوری اس نئے حاصل کردہ معلومات کو ترویج کی کسی طرح بھی حوصلہ افزائی نہ کرتی۔ وہ اس وقت کا انتظار کرتی ہے، جب کہ اس کام کو از خود کرنے لگے۔ یہ ظاہر ہے، کہ فروبل کا اساسی نظریہ آج تک مسلّم ہے۔ لیکن بچوں کو کس قسم کا سامان استعمال کرنا چاہئے، اس کے متعلق مختلف رائے ہیں۔ فروبل کے سامان پر جو مردہ ہونے کا الزام لگایا جاتا ہے اس سے ہم کو متاثر نہ ہونا چاہئے۔ کیونکہ بچے کے نزدیک کوئی شے بیجان اور مُردہ نہیں، وہ تصوّرات سے بھرپور ہے۔ اور اس میں گویہ وصف موجود ہے، کہ وہ اپنے کھیل کی بے جان چیزوں میں بھی زندگی اور انسانی احساس پیدا کر لیتا ہے۔ اس مسئلہ کو زیادہ طول دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس لئے کہ ہر شخص نے بچہ کو لکڑی پر سواری کرتے دیکھا ہے۔ جس کو اپنا گھوڑا کہتا ہے۔ کھلونے سے کھیلتے دیکھا ہے، جن کو وہ جاندار سمجھتا ہے۔

لیکن کیا فروبل کے تحفے (تعلیمی سامان) بچے کی نشو و نما میں امداد دیتے ہیں؟ ہاں۔ لیکن نہ اس حد تک جتنی کہ فروبل کو ان سے توقع تھی۔ کیا مانٹیسوری کے آلات اس مسئلہ کو حل کرتے ہیں؟ اس کا جواب دینا قبل از وقت ہے۔ مانٹیسوری کے آلات ابھی تجربہ کی منزل سے نہیں گذرے۔ میرے دورانِ قیام میں لنڈن میں جو ایک چھوٹا سا واقعہ پیش آیا۔ شاید اس مسئلہ کی توضیح کرنے میں مدد کر سکے۔ سنہ ۱۹۲۰ء عیسوی میں مانٹیسوری میتھڈ کے معلمات نے ڈاکٹر موصوفہ سے یہ استدعا کرنے کا تصفیہ کیا، کہ وہ لنڈن آکر مدارس کا معائنہ کریں۔ اور اُن کو ضروری ہدایات دیں۔ معلمات کی دعوت پر مانٹیسوری لنڈن آئیں۔ موصوفہ نے تمام مدارس کا معائنہ کیا۔ پھر وہ ٹاد یسٹاک اسکوائر کے جلسہ میں معلمات سے ملیں۔ وہاں انھوں نے اپنے خیالات کی غلط فہمی اور غلط ترجمانی کی شکایت کی۔ اور متعلقہ معلمات پر خوب لعن و طعن کی۔ اس سے ایک گڑبڑ مچ گئی۔ اور ڈاکٹر مانٹیسوری ناراض ہو کر جلسہ سے باہر چلی گئیں۔ اور معلمات بھی شور و غل میں منتشر ہو گئیں۔

جس طرح کہ ایک ماں باپ کے دو بچے ایک سے نہیں ہوتے، اُسی طرح دو قومیں بھی یکساں نہیں ہوتیں۔ ہر ایک کے اوصاف جُدا جُدا ہوتے ہیں۔ بطاہر

اطفال نے انفرادی کام کی اہمیت ظاہر کی ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ ہر ملک کے بچے کی حالت کا مطالعہ کیا جائے تاکہ ہم بچونکی مناسبت سے آلات تعلیمی میں ترمیم یا اضافہ کر سکیں، جس کو بڑے بڑے معلمین نے ایجاد کیا ہے حقیقت میں یہ کام نارمل مدارس اور کالجوں کا ہے۔ مگر بدقسمتی سے ہندوستان کے ایسے مدارس نے اس قسم کے کاموں میں کوئی دلچسپی نہیں ظاہر کی ہے۔ میرے علم میں ہندوستان میں اس قسم کا ایک بھی مدرسہ نہیں ہے جہاں موجودہ نفسیاتی اصول کی روشنی میں ہندوستانی بچوں کے مطالعہ کرنے کی کوشش تک کی گئی ہو۔

میرا تو یہ اعتقاد ہے کہ فروبلی یا مانٹیسوری نظام کے تحت ہندوستان کا کوئی مدرسہ بھی کامیابی سے چل نہ سکے گا۔ جب تک ہندوستان کے ہر بچہ کا غور سے مطالعہ نہ کیا جائیگا۔ اور محصلہ وافقیت کے لحاظ سے کھیل اور آلات میں موزونیت طبع کے لحاظ سے ترمیم یا اضافہ نہ کیا جائے۔ ہم کو اپنے مدارس میں ایسے مشکلات سے سابقہ پڑتا ہے، جو مغربی ممالک میں معدوم ہیں۔ ہمارے مدارس میں مختلف الحیثیت اور مختلف اقوام کے بچے بھرے پڑے ہیں۔ میں نہیں خیال کرتا کہ سب سے زیادہ جمہوری ملک بھی ایک ایسے مدرسہ کی نشاندہی کر سکیگا۔ جہاں ہر ذات و ملت و معاشرت کے بچے ہمارے بچوں کی طرح مل جل کر تعلیم پاتے ہوں۔ ہمارے مدارس کی یہ خصوصیت جو ہندوستان کے قومی ارتقا کیلئے مفید ہے۔ حقیقت میں ہمارے بچوں کی ذہنی ارتقا میں رکاوٹ ڈال رہی ہے۔

چونکہ ہر نظام کی کامیابی کا دارومدار انھیں لوگوں پر منحصر ہوتا ہے، جو اس کو پورا کرتے ہیں۔ اس لئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے، کہ کارپردازاں میں ایسی خصوصیات کی جستجو اور تلاش کیجائے، جن کی بالک گھر میں ضرورت ہے۔ میری رائے میں بالک گھر کے معلم میں کم از کم حسب ذیل اوصاف ہونے چاہئیں۔

(۱) بالک گھر کے معلم کو بچہ کی نفسیات کی ہدایات سے واقف ہونا چاہئے۔ زندگی کے کسی دور میں نہ تو انفرادی کام اس قدر اہم ہے، اور نہ تو انفرادی توجہ اس قدر ضروری جیسی کہ پانچ سال سے کم عمر والے بچہ کے لئے۔ صرف وہی شخص بچوں کے لئے کارآمد اور مفید ہو سکتا ہے جو ان کی طبیعت کو سمجھتا ہے ہمارے اپنے بچوں کے نفسیاتی حالات سے پوری واقفیت نہ ہونے کے باعث صرف معلم نفسیاتی ہی بالک گھر کے لئے مناسب آلات تعلیمی بہم پہنچانے میں مدد دے سکیگا۔

(۲) بالک گھر کے معلم کو بچوں کے ساتھ محبت و شفقت سے پیش آنا چاہئے۔ محبت کے یہ معنی نہیں کہ صرف اچھے اور ذہین بچوں کے ساتھ ہی انسیت ہو سچی محبت کے معنی یہ ہیں، کہ امیر و غریب، خوبصورت یا بدصورت، ذکی یا غبی سب کے ساتھ ہمدردی کا برتاؤ کیا جائے، اور جس قدر بھی چھوٹے بچے اسکی نگرانی میں دیئے گئے ہیں ان سب کے ساتھ عمدہ سلوک کیا جائے۔ محبت کی فضا بالک گھر کا لازمی جزو ہے۔

(۳) بالک گھر کے معلم کو مستقل مزاج اور خندہ رو ہونا چاہئے۔ بچے فطرتاً نقال پیدا ہوتے ہیں۔ خوش مزاج آدمی بچوں کو خوش رکھ سکتا ہے۔ اچھے کام کے لئے

خندہ پیشانی کی ضرورت ہے۔ خوش بچے عموماً فرمانبردار ہوتے ہیں

(۴) بالک گھر کے معلم کو منصف مزاج اور راست گو ہونا چاہئے۔ بچے فطرتاً زود رنج اور جلد متاثر ہوتے ہیں۔ عام طور سے بچے نیک ہی پیدا ہوتے ہیں۔ اور دروغ گوئی وہ اپنے بڑے بوڑھوں سے ہی سیکھتے ہیں۔

(۵) بالک گھر کے معلم کے لئے اچھی شخصیت رکھنا ضروری ہے۔ اس کو صاف ستھرے کپڑے پہننے چاہئیں اور پاک و صاف عادات رکھنا چاہئے۔ شخصی وجاہت کا بچوں پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ بچوں میں نقل کرنے کا مادہ چونکہ زبردست ہوتا ہے۔ اس لئے بالک گھر کے معلم کی خوش پوشاکی بچوں سے بھی خوش لباسی کی متقاضی ہوگی۔ اس کی صفائی و ستھرائی ان میں پاک و صاف عادتیں پیدا کردیگی۔

(۶) سب سے آخری سوال صنف کا ہے۔ عورت بچوں کے حق میں نفسیاتی معلمہ ہے۔ وہی بچوں کو خوب سمجھتی ہے۔ بالک گھر کا معلم مرد ہو سکتا ہے، لیکن بہترین معلم عورت ہی ہو سکتی ہے۔ چونکہ بالک گھر کا مہتمم معلم ہونے کے لئے ماہر نفسیات ہونا ضروری ہے۔ اس لئے مجھے یقین ہے، کہ ہندوستانی عورت اگر اس کی اچھی تعلیم و تربیت ہوئی ہو تو دوسرے ملک کی عورت سے بہتر بالک گھر کی معلمہ بنیگی۔ کیونکہ اس کی خانگی زندگی، یعنی ساس کے مقولے حسر کی مزاجداری، خاوند کی ناز برداری اور گھر کے سارے نازنے صدیوں سے اس کے اندر ایسے نفسیاتی معلومات کوٹ کوٹ کر بھر دیئے ہیں، کہ وہ کسی ٹریننگ کالج کی تعلیم و تربیت سے بھی مہیا نہیں ہو سکتے۔

میرے نزدیک کسی تمدن کی جانچ بچوں کی تعلیمی انتظامات سے کی جا سکتی ہے۔ اگر کوئی شخص دنیا کی مہذب قوموں کی حالت کو دیکھے، تو اس کو معلوم ہوگا، کہ بچوں کی تعلیم اس ملک کا فریضۂ اول ہے صرف وہی قومیں سب سے آگے ہیں، جن کے یہاں بچوں کی تعلیم کا نظام اعلیٰ ہے۔ لیکن یہ تقدیر کی گردش ہے۔ کہ ہمارے ملک میں جو انگڑائیاں لے رہا ہے، بچوں کی تعلیم پس پشت ڈال دی گئی ہے۔ اعلیٰ تعلیم پر بیجا زور دیا جاتا ہے۔ ہر مقام پر جامعہ پر جامعہ کھلتے چلے جاتے ہیں۔ لیکن حقیقی بنیاد یعنی بچوں کی تعلیم پر مطلق توجہ نہیں کی جاتی، جس کے بغیر جامعہ کی عمارت پائیدار ہی نہیں ہو سکتی۔ خرگوش کی طرح بچوں کی پیدائش کی کثرت اور چوہوں کی طرح ان کی موت نے ان کی ابتدائی تعلیم و تربیت کو اور بھی زیادہ اہمیت دیدی ہے۔ مختصر یہ کہ بہ حالت موجودہ ہندوستان کو بالک گھر کی ضرورت ہے نہ کہ جامعہ کی۔ (خاص)

الواعظ

افکارِ عزیز

[جناب مولانا عزیز لکھنوی سابق ایڈیٹر "الواعظ" لکھنؤ]

تیرے فراق سے مری ہستی تباہ ہے — میرا وجود میرے لئے اک گناہ ہے
ہے سب کا اتفاق مری موت پر مگر — جو ضبط آشنا ہیں انھیں اشتباہ ہے
وجہِ خلش ہے نقشِ سویدا سے آشکار — کانٹا چبھا ہے یا یہ کسی کی نگاہ ہے
کھولی ہے کس نے زلف کہ میری نگاہ میں — عالم تمام موجِ دودِ سیاہ ہے
ہے بس حقیقتِ دلِ زخمی اسی قدر — گلدستۂ بہارِ فریبِ نگاہ ہے
دنیا کو جانتا ہوں میں اک جزوِ معصیت — جب ہر وجود اس میں سراپا گناہ ہے
آساں نہیں ہے تکدۂ دہر سے عبور — ہر ایک گام پر کوئی بت سنگ راہ ہے
یہ منھ چھپائے جاتے ہیں جو سوئے میکدہ — مجھ سے بھی ان جناب سے کچھ دراہ ہے
دل میں ہے کچھ، نظر سے ٹپکتا ہے اور کچھ — کتنی زمانہ ساز کسی کی نگاہ ہے
میں کیا ہوں ایک شعلۂ جانسوزِ عشق ہوں — دل کیا ہے اک نشانۂ تیرِ نگاہ ہے

قبرِ عزیز دیکھ کے کہتے ہیں اہلِ دل
یہ تو کسی شہید کی آرامگاہ ہے

(خاص)

النّاظر

یادِ حبیب

(جناب محمد حسین صاحب صدیقی لکھنوی سابق اسسٹنٹ ایڈیٹر الناظر لکھنؤ)

کیا کیجئے اے ہم نشیں یہ دل بہلتا ہی نہیں ۔ یہ غنچۂ افسردہ اب برسوں سے کھلتا ہی نہیں
چھین اب کسی پہلو سے اس ظالم کو ملتا ہی نہیں
یہ اضطراب آخر ہے کیوں
جاتا ہوں صبح و شام میں ہر چہار سو کے گلستاں ۔ کلیاں چٹکتی ہیں جہاں غنچے کھلتے ہیں جہاں
کرتی ہے برگ و غنچہ و گل سے ہوا اٹھکھیلیاں
ملتا نہیں پھر بھی سکوں
جاتا ہوں کچھ اپنے علاج سوز پنہاں کیلئے ۔ دل میں جو کرب و درد ہے کچھ اسکو درماں کیلئے
یعنی مداوا اسنے بھوم یاس و حرماں کے لئے
پر ہے وہی جوشش جنوں
عیش و نشاط لطف سے کچھ ایسا بیگانہ ہوا ۔ جیسے کبھی یہ آشنائے ذوق عشرت بن نہ تھا
جیسے نہ دیکھی تھی کبھی اس نے سحر کی ضیا
کس نے کیا ہے دل کا خوں
آخر یہ ہے کیا ماجرا تو ہی بتا اے ہم نشیں ۔ تسکین کیونکر پائے گا میرا دل اندوہ گیں
کب تک رہے گا رات دن ایسا اداس اغماز میں
میں اس طرح کب تک جیوں
کیا عمر بھر اب یہ کبھی راحت نہ پاؤں گا کہیں ۔ سیری حیات بے مزہ کر رہے گی کیا آخر یوں ہی
کیا میری قسمت میں مسرت اور آسائش نہیں
تو پھر بتا میں کیا کروں

سب کیف ہو جب زندگی کیونکر نہ اتنا جائے جی ۔ افسوس ایسی زیست پر یہ بھی ہو کوئی زندگی
افسردگی دل ہے وہ جس کی نہیں حد ہی کوئی
یوں خستہ دل کب تک رہوں
یہ کون پہلو سے گیا ۔ یہ کس کا باغ بھر ہے ۔ یہ کس کے غم میں یہ مزہ ہے کیف ہے اور اشک ہے
اب دیکھئے ہوتی ہے راہ زندگی کس طرح طے
حالت تو ہے بالکل زبوں
باغ فراق دوست میں دن رات خاموشی سی ہے ۔ اندوہ تنہائی سے اب ہر دم ہم آغوشی سی ہے
بس ایک دھن ہے اور ہر وقت ایک بیہوشی سی ہے
کس نے کیا ہے یہ فسوں
یہ داغ ہجراں ہو کہ پیغام وداع عیش ہے ۔ ہر ہم نظام کیف ہے وہ ہم متاع عیش ہے
یارب ہمیشہ کے لئے کیا انتزاع عیش ہے
کیا اب نہیں ممکن سکوں
اے یاد جاناں وے دل مجروح کو کچھ آسرا ۔ میرے ہر اک زخم درد کی ہے تجھ ہی سے وابستہ دوا
تیرے ہی دم سے زندگی کا میری روشن ہے دیا
ورنہ ابھی میں جل بجھوں
آ مجھکو تسکین دے کہیں ٹک کھو نہ جائے جی ذرا ۔ ہاں ایک بیکس ایک محروم وفا پر بھی نظر
تو ہی تو ایسے غم نصیبوں کی بنی ہے چارہ گر
آ مجھ سے حال دل کہوں

(خاص)

الہ آباد یونیورسٹی میگزین

عالم خیال

[پروفیسر امرناتھ جھا، ایم۔اے۔ ایڈیٹر۔ الہ آباد یونیورسٹی میگزین]

مسرت! "میں اگیا بیتال" کی طرح نظر فریب روشنی ہوں۔ تم مجھے دیکھ سکتے ہو مگر پا نہیں سکتے۔

میں:۔ اس پر بھی تم اپنے وجود سے انکار نہیں کر سکتی ہو۔

مسرت:۔ میرا وجود صرف انھیں کے لئے ہے جنکو میری آرزو نہیں ہوتی۔ میں وہ بے پاؤں چیکے سے ان کے خیالات میں در آتی ہوں، ان کے تمام اعضا میں ساری ہو جاتی ہوں اور ان کے آنکھوں میں چمکنے لگتی ہوں لیکن کتنے خستہ و مضطرب ہیں وہ لوگ جو میرے پیچھے دوڑتے ہیں اور میں بڑی کوشش سے اپنے کو انسے چھپاتی ہوں۔

میں:۔ پھر تمہارے حاصل کرنے کی کیا صورت ہے۔ دعائیں اور حسرت بھری التجائیں تو بیکار ثابت ہوئیں۔

دل سے آواز آئی

آرزوئیں اور کوششیں چھوڑ دو! تمناؤں کو اطراف میں منتشر کر دو۔ دل کو حرص سے خالی دماغ کو ہوا و ہوس سے پاک اور روح کو تکبر کے ناپاک پنجوں سے آزاد کرو۔ پھر تم دیکھو گے کہ تمہارا وجود مسرت سے توام ہے۔ (خاص)

شاعر کا دل

[جناب ذوالعباس، بی۔اے۔ ایڈیٹر الہ آباد یونیورسٹی اردو ایسوسیشن میگزین]

شاعر ترجمان فطرت ہوا کرتا ہے۔ اس کے دل میں جذبات کا دریا موجزن ہوتا ہے۔ وہ کچھ باتیں محسوس کرتا ہے اور اسکو مثل مصور کے الفاظ کے لباس میں دوسروں کے سامنے پیش کرتا ہے۔ شاعر کا منشا یہ کبھی نہیں ہوتا کہ اس کے اشعار بحث و دلیل کا کام کریں یا تصورات و حقائق کی عقلی ترکیب و تشریح کریں بلکہ وہ حقائق و تصورات کے مظاہر کلی حیثیت سے پیش نظر کرنا چاہتا ہے اور اس سے وہ اثر پیدا کرنا چاہتا ہے جو خود اسپر ہے۔ شاعر کسی واقعہ یا فطری امر یا چیز کو اسی حیثیت سے پیش کر کے دوسروں میں وہی جذبات پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے جو اس نے خود محسوس کئے ہیں، شاعری کیفیات زندگی و واقعات فطری کا آئینہ ہوتی ہے۔ زندگی کا مبدأ دل ہے اور اسی سے خون رگوں میں دوڑتا ہے جس سے جذبات و خواہشات و کیفیات نفسانی ہر انگیختہ ہوتی ہیں۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ دل جو شاعر کی نظروں میں اس قدر اہمیت رکھتا ہے کیا شے ہے اور اس کی کیا ماہیت ہے۔ طبی مباحث میرے دائرۂ مضمون سے باہر ہیں اور نہ میں اپنے کو ان مسائل کا اہل پاتا ہوں اس لئے مجھ کو اس کے ماننے میں تامل نہیں ہو سکتا کہ "دل یا قلب (جس کو عربی میں فواد بھی کہتے ہیں) ایک صنوبری شکل کا عضو ہے جو سینے کے بائیں جانب ہوتا ہے" یا یہ کہ "اس کے بیچ میں ایک خول ہے جسمیں

سیاہ خون رہتا ہے ظاہر ہے کہ دل روح حیوانی کا منبع ہے لیکن اگر ہم ان تشریحات کی تلاش ایک شاعر کے یہاں کریں گے تو اس کے علاوہ کوئی دوسری چیز نہ پائیں گے کیونکہ شاعر جو کسی طبی حقیقت کے جاننے کا دعویٰ نہیں کرتا وہ بھی کہہ دیگا کہ ؎

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا۔
جو چیرا تو یک قطرۂ خوں نہ نکلا+

یہ دل کہتا ہے آئے انقلاب اک میرے مٹنے سے۔
بظاہر ہے بضاعت ایک ہی قطرہ لہو میری+

علم حیوانات کا ماہر دل کی ماہیت بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف افعال پر جس کا تعلق صرف کالبد خاکی سے ہوگا روشنی ڈالے گا اور دل کو اشرف اعضاء رئیس بدن روح باطنیہ وغیرہ کے لقب سے ممتاز کرے گا لیکن ایک شاعر دل کو صرف کائنات زندگی یا حقیقت انسانی ہی کہہ کر خاموش نہ ہو جائیگا بلکہ اس کا مطمع نظر اوروں سے کہیں زیادہ وسیع ہوگا اور وہ دل کو مبدأ معرفت و کشف حقائق اشیاء قرار دے گا۔

جن جذبات اور حسیات سے ایک شاعر کا دل آشنا ہے ان سے کسی فلاسفر، سائنس داں، یا ماہیت داں کا دل واقف نہیں یا اگر ہے تو اس کو ان چیزوں سے ذوق نہیں۔ اس سے میرا مطلب ہرگز نہیں کہ ہر شخص کا دل مختلف ماہیت رکھتا ہے۔ شاعر دل کو دل ہی سمجھتا ہے جیسا کہ ذیل کے شعر سے ظاہر ہے۔

؎ دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں۔
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں+

لیکن شاعر کے دل کو اپنے خاص جذبات، حقیقت شناسی اور ترجمانی فطرت کی وجہ سے امتیاز حاصل ہے۔ باغ میں پھول کو دیکھ کر سائنس داں کا دل کوئی خاص اثر نہ لیگا۔ نہ کوئی خاص جذبہ اس کے دل میں پیدا ہوگا بلکہ وہ تو اس فکر میں غرق ہو جائیگا کہ اس پھول کو نباتات کے کس خاندان کی فرد سمجھنا چاہیئے لیکن برعکس اس کے ایک شاعر کا دل اسی پھول کو دیکھ کر ہزاروں کیفیات کا آماجگاہ بن جائیگا۔ کبھی تو وہ شاعر کے منہ سے برجستہ یہ کہلائے گا۔ ع اے گل بتو خرسندم تو بوے کسے داری۔ اور کبھی یہ کہنے پر مجبور کرے گا۔

؎ نکلے ہو زمین سے اس لئے پوچھتا ہوں۔
گلشن سے مرے کچھ بھی خبر رکھتے ہو+

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر شاعر کا دل کون سی بلا ہے کہ میر کو کہنا پڑا ؎

دل کہ یک قطرہ خوں نہیں ہے بیش۔
ایک عالم کے سر بلا لایا+

اس دشوار گذار وادی کو طے کرنا مجھ پا شکستہ اور کم بضاعت کے لئے ایک مشکل امر ہے لیکن دقت پسند طبیعتوں سے داد محنت پانے کی امید ہمت افزائی کرتی ہے اور اس عمیق مسئلہ پر چند سطور لکھنے کی جرأت دل میں پیدا ہوتی ہے

؎ عرض یہ اپنی ہے اس معنے آفرینی سے۔
ضیافت نظر اہل ذوق کرتا ہوں+

ہستی انسان کا پہلا نقطہ دل ہے اور اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ بزم ازل میں جبکہ ؎

سہانی نمود جہاں کی گھڑی تھی۔
تبسم فشاں زندگی کی کلی تھی۔

اور ہر شے کو کچھ نہ کچھ امتیازی تمغے مل رہے تھے یعنی ؎

کہیں مہر کو تاج زر مل رہا تھا+ عطا چاند کو چاندنی ہو رہی تھی
سیہ پیرہن شام کو دے رہے تھے+ ستاروں کو تعلیم تابندگی تھی

کہیں شاخ ہستی کو لگتی تھی پتے، کہیں زندگی کی کلی پھوٹتی تھی۔
اسوقت دل کو تو حقیقت انسان، اور لطف ربانی کہلانے کا
شرف رکھتا ہے" درد" ملتا ہے۔ اس عطا کی شان پر
اگر غور کیا جائے تو شاعر کے دل کی حقیقت کا کچھ راز ضرور
کھل جائے لیکن افسوس ؎

قدرت کا عجیب یہ ستم ہے
انسان کو راز جو بنایا
راز اس کی نگاہ سے چھپایا
بیتاب ہے ذوق آگہی کا
کھلتا نہیں بھید زندگی کا۔

حیرت آغاز وانتہا ہے
آئینے کے گھر میں اور کیا ہے

مصور کو نقش اول سے جس قدر محبت اور کشش ہوتی ہے
وہ محتاج بیان نہیں۔ شاہد ازل کی محفل میں دل کو وہی
امتیاز حاصل ہوتا ہے جو نقش اول کو ایک مصور کی نظروں
میں ہونا چاہئے۔ کبھی حسن حقیقی کا آئینہ بن جاتا ہے، کبھی یہ ترانا
گاتا ہے ؎

تو جو محفل ہے تو ہنگامہ محفل ہوں میں، حسن کی برق ہے تو عشق کا حاصل ہوں میں۔
حسن کامل ہے ترا عشق ہے کامل میرا

لیکن کثرت وجود کے مشاہدات اس نادان دل کو جرم وفا کے
ارتکاب کرنے پر آمادہ کرتے ہیں اور تعینات کے پردے
حریم دل پر پڑنے شروع ہو جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ذرا
سی لغزش پر عالم سفلی کی طرف ناکام و پیرار مان رجوع ہونا
پڑتا ہے ؎

صبح ازل جو حسن ہوا دلستان عشق، پہ آواز جان ہوئی تپش آموز جان عشق
چمکا تھا کہ گلشن کن کی بہار دیکھے، پہ اک آنکھ نے کے خواب پریشاں ہزار دیکھ

اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ماحول کی تبدیلی سوہان
روح ہوا کرتی ہے اور ایک ایسی جگہ پہنچ کر جہاں ہر چیز جنبیت
کا لباس پہنے ہو محو حیرت بنجانا پڑتا ہے۔ دل جو بزم حسن کا
چراغ تھا اور نقطہ اول ہونے کی بنا پر یکتائی کا دعوی کرتا
تھا ایک ظلمتکدہ میں مقید ہوتا ہے اور بزم ماموریت میں
پہنچکر تصویر حیرت بنجاتا ہے اور فراق وطن میں زبان حال
سے فریاد کرتا ہے ؎

ریاض دہر میں نا آشنائے بزم عشرت ہوں
خوشی روتی ہے جسکو میں وہ محروم مسرت ہوں

جب بزم حسن کی چیز میں طلب کرتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ ؎

یہاں کہاں ہم نفس میسر یہ دیس نا آشنا ہے اے دل۔
وہ چیز تو مانگتا ہے مجھ سے کہ زیر چرخ کہن نہیں ہے۔

خدا نہ کرے کوئی اپنے ماحول سے علیحدہ ہو۔ اور وطن سے بچھڑے
ہوئے کو شہر کی آبادی ویرانی سے زیادہ پریشان کن ہوتی ہے۔
سیر گلشن سے داغ جگر ہرے ہو جاتے ہیں۔ بلبل کی گیت سے
دل پر چوٹ لگتی ہے۔ نظارہ لالہ زار سے جگر میں شعلے بلند ہوتے
ہیں۔ اور ابر گوہر بار دیکھ کر سینے میں ہوک اٹھتی ہے ؎

ہر کسے کو دور باشد از اصل خویش
باز جوید روزگار وصل خویش

اور پھر دل ایسا نازک مزاج اور ناز پرورده۔ پہلے پہل بزم
حسن سے بچھڑ کر خاکدان سفلی میں آیا ہے۔ اور پھر اکیلا نہیں
بلکہ تمام علوی کی ایک نشانی "لطف ربانی" "درد" لے کر آیا ہے
یہ درد وہی شاندار ازل کا عشق ہی تو ہے جو ایک فطری
جذبہ و کشش ہے بلکہ ایک برقی اور مقناطیسی قوت ہے جو ہر
لحظہ یاد معشوق دلا کر چٹکیاں لیتی ہے۔ پھر اگر ماحول سے چھوٹکر
دل کو جنون ہو جائے تو کیا بعید اس عالم میں آنا تو اسکے لئے

ویرانی اور خانماں بربادی کا پیش خیمہ ہے ؎

جنونِ عشق ازل کیوں نہ خاک اڑائیں ہم
جہاں میں آئے ہیں ویرانی جہاں کے لئے۔

جب خود ویرانی لے کر آیا ہے تو دل آبادی سے کیوں نہ گھبرائے

؎ ہے جنوں مجھ کو گھبراتا ہوں آبادی میں میں۔
ڈھونڈھتا پھرتا ہوں کس کو کوہ کی وادی میں میں،

اور جب ہر طرف سر پھوڑنے کے بعد بھی گوہرِ مقصود ہاتھ نہ آئے تو عزلت نشینی کیوں نہ اختیار کی جائے ؎

بزمِ ہستی میں ہے سب کو محفل آرائی پسند۔
ہے دلِ عاشق کو کیوں تنہائی پسند۔

غیر کیا جانیں کہ دل کنجِ تنہائی میں کس خیال میں محو رہتا ہے اور اسے کیا لطف حاصل ہوتا ہے ؎

طعنہ زن ہے تو کہ شیدا کنجِ عزلت کا ہوں میں۔
دیکھ اے غافل پیا ہی بزمِ قدرت کا ہوں میں۔

کیا خیالِ مرگ دل کو تسکین دے سکتا ہے اور اس کے جنون و وحشت کو دور کر سکتا ہوں ؟ نہیں ہرگز نہیں ؎

خیالِ مرگ کب تسکین دل آزردہ کو بخشے۔
مرے دامِ تمنا میں ہے اک صیدِ زبوں وہ بھی۔

اگر دل کو تسکین مل سکتی ہے تو اسی اپنی چھوٹی سی دنیا میں اور اسی محویتِ تمنا و درد میں اور اسی جنون میں ؎

جنونِ تہمتِ کش تسکیں نہ ہو گر شادمانی کی
نمک پاشِ خراشِ دل ہے لذت زندگانی کی
عشرتِ پارۂ دل زخمِ تمنا کھانا
لذتِ ریشِ جگر غرقِ نمکداں ہونا

کیوں اے دل! تیرا یہ جنون کس قسم کا ہے ؟ آخر تو جرم و قاکر ہی چکا ہے چارنا چار اسی ماحول میں بسر کرے ؎

دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

مگر ہاں تیری کائنات تو درد ہے، اسی کو تو عالمِ علوی و بزمِ حسن سے ساتھ لایا ہے۔ اسی میں تیری دوا بھی ہو گی۔ اچھا اسی درد کو بڑھا دہ کرتا چلا جا شاید اسی سے تیرا علاج ہو جائے اس لئے کہ "درد کا حد سے گذرنا ہے دوا ہو جانا" اے دل ذرا آتشِ درد و عشق کو بھڑکا دے کہ ایک مرتبہ جل اٹھے شاید اسی لو سے عالمِ سفلی کی اجنبیت کافور ہو جائے۔ اور انجمنِ خاکدانِ عالم روشن ہو جائے ؎

جلانا دل کا گویا ہے سراپا نور ہو جانا۔
یہ پروانہ جو سوزاں ہو تو شمعِ انجمن بھی ہے۔

وہ دیکھئے دل کی دو دسیاہ سے لپکا اٹھی اور کل عالم معمور ہو گیا۔ اب دل کا ماحول اسے اجنبی نہیں معلوم ہوتا بلکہ اس کی کیفیات اور جذبات کا ترجمان نظر آتا ہے۔ ہر شے دل کی ہمدرد بنتی جاتی ہے اور سب میں دل کے لئے ایک خاص پیغام موجود ہے۔ کبھی پھول کو دیکھ کر کشش کی برقی لہر موجزن ہوتی ہے اور حسنِ مطلوب کی تصویر پھول میں نظر آتی ہے۔ کبھی صدائے آبشار نغمۂ یار معلوم ہوتی ہے اور دل اس کی طرف کھنچ جاتا ہے۔ آسمان پر نظر پڑتی ہے تو چاند کو مخاطب کرتا ہے ؎

زندگی کی رہ میں سرگرداں ہے تو حیراں ہوں میں
تو فروزاں محفلِ ہستی میں ہے سوزاں ہوں میں +
تو طلب خو ہے تو میرا بھی یہی دستور ہے
چاندنی ہے تو ہے تیرا عشق میرا نور ہے +

کبھی شمع و پروانہ کی صحبت دیکھ کر میسا خستہ بول اٹھتا ہے۔

؎ پروانہ تجھ سے کرتا ہے اے شمع پیار کیوں۔
یہ جان بیقرار ہے تجھ پر نثار کیوں +
کچھ اس میں ہیں جوش عاشق حسن قدیم ہے۔
چھوٹا سا طور تو یہ ذرا سا کلیم ہے +

الغرض دل کو یہ نظر آتا ہے کہ ہر شے کی خلقت محض اسی لئے ہوئی ہے کہ وہ دل کو درد ازلی کی یاد دلاتی رہے اور حسن و عشق کی ترجمانی کرتی رہے۔ اس حالت میں دل اشیاء کی ذاتی حقیقت کو نظر انداز کر دیتا ہے اور ان کو صرف وہی اہمیت دیتا ہے جو اس نے انھیں اپنے تصور و نظام عشق میں دے رکھی ہے۔ درد و عشق میں کامل محو ہونے کی وجہ سے دوسری اشیاء کو بھی اپنے رنگ میں رنگ دینا چاہتا ہے تاکہ ان میں غیریت کی بو نہ رہے اور سب دل کے ہمدرد اور ہمزبان و ہمرنگ ہو جائیں۔

ظاہر بین نگاہوں میں یہ دل کی تسلیم کا پورا سامان ہو گیا مگر افسوس کہ دل کو مرض عشق ہے اور ؎

مریض عشق پر رحمت خدا کی۔
مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

دل مجسم جوش و اضطراب ہے بھلا اس کو کہاں سکوں ؎

پوچھتے کیا ہو کہ تیرے دل میں کیا ہے مجھ سے پوچھ۔
اور کیا یاں خاک ہوگی جوش ہے یا اضطراب۔

دل کا فطری درد جو لطف ربانی اور عطائے باری ہے اس سے علیحدہ نہیں ہو سکتا۔ اسی درد پر تو دل کا نانہ ہے اور اسی پابندی کو وہ عین رہائی سمجھتا ہے ؎

سو بار بند عشق سے آزاد ہم ہوئے
پر کیا کریں دل ہی عدو ہے فراغ کا

دل کو میں اور مجھے دل محو و فا کہتا ہے پھر کس قدر ذوق گرفتاری ہے ہمکو اور ایسا کیوں نہ ہو اس لئے کہ درد ہی تو دل کی کائنات ہے۔ اور بغیر درد کے دل وہی ایک قطرۂ خون ہے ؎

نہیں دل میں مرے وہ قطرۂ خوں۔
جس سے مژگاں ہوئی نہ ہو گلباز +

اگر درد نہ ہو تو دل بیکار ہے اور سینے سے نکال دینے کے قابل ہے۔

؎ ہے ننگ سینہ دل اگر آتشکدہ نہ ہو۔
ہے عار دل میں نفس اگر آہ زفشاں نہ ہو۔

ماحول کو ایک حد تک بدلنے کے بعد دل اور بیقرار ہو جاتا ہے اور کل کو بدلنے کی فکر و انگیز ہوتی ہے اور اس فکر سے سوہاں روح اور بڑھتا ہے ؎

وعدۂ وصل چوں شود نزدیک۔
آتش عشق تیز تر گردد +

دل کی آگ اس قدر بھڑک اٹھتی ہے کہ شعلے پھیل کر منتشر ہو جاتے ہیں اور تمام اشیاء کو اپنے میں سمیٹ لینا چاہتے ہیں۔ اب دل تمام اشیاء کو دل سے متحد کر لیتا ہے اور ہمزبانی ہمرنگی اور ہمرازی کو یگانگت اور وحدت سے بدل دیتا ہے یعنی دل کے لئے دل کی ہستی سے علیحدہ کچھ نہیں قرار دیا جا سکتا سب اشیاء اس کے لئے معدوم ہیں اور صرف دل اور درد باقی ہے۔ اگر کچھ اور نظر آتا ہے تو اسی دل کے آئینے میں ؎

از مہر تا بہ ذرہ دل و دل ہے آئینہ۔
طوطی کو شش جہت کے مقابل ہے آئینہ

زندگی دل کا یہی مقصد ہے کہ اسی عشق یا درد کی آگ میں جلتا رہے اور اس قابل ہو جائے کہ اپنے کو اس کے شعلوں میں فنا کر دے اور یہ سمجھے کہ ؎

عمر ہر چند کہ ہے برق خرام۔
دل کے خوں کرنے کی فرصت ہی سہی۔

دود کے شعلے فطرتاً عالم علوی کی طرف مائل ہیں اور بلند پروازی کرنا چاہتے ہیں۔ اگر دل جلکر خود بھی شعلہ ہو جائے گا تو ضرور ان شعلوں کے ساتھ منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔ اور پھر دل تو خود بھی جلنا چاہتا ہے اس لئے وطن پہنچنے کی شاہراہ یہی ہے ؎

جی جلے ذوق فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں۔
ہم نہیں جلتے نفس پر جو نہ آتش بار ہے۔

درد کی گرمی اور ذوق فنا کی ناتمامی پر دل جلتا ہے اور شعلہ بن کر درد سے متحد ہو جاتا ہے ؎

دل مرا سوز نہاں سے بے محابا جل گیا۔
آتش خاموش کے مانند گویا جل گیا۔

اپنی ہستی کو مٹا دینے کے بعد دل کو کیا ملتا ہے؟ اس مسئلہ پر ذرا غور کرنے سے ایک عجیب بات معلوم ہوتی ہے ؎

کیا کہئے حسن عشق کے آپس ہی طرف ہوا۔
دل نام قطرہ خوں یہ ناحق تلف ہوا۔

اب حسن اور عشق کا اتحاد ہوتا ہے۔ درد مجسم حسن ہو جاتا ہے۔ قلم اس کیفیت کے بیان کرنے سے عاجز ہے۔ اتنا ضرور پتہ چلتا ہے کہ دل کو اس فنا کے بعد بقا ملتی ہے۔ وہ شاہراہ جس پر دردگامزن ہے بہت عالی ہے۔ ؎

ہے یہ وہ راہ کہ تا عرش پہنچتا ہے بشر۔
دل میں دروازہ ہے اس گیند مینائی کا۔
اس راہ سے گذر کر دل بھی عظیم المرتبت ہو گیا ؎
ہے عرش آستانہ دولت سرائے دل۔
اللہ رے مرتبہ حرم کبریائے دل۔

دل کی سرگذشت ایک خاص پیرایہ میں بیان کی گئی ہے مگر باطن میں دریافت کریں گے کہ یہ بیان در اصل شاعر کے دل کی مختلف حیثیات کا آئینہ ہے۔ بجائے موتیوں کا ڈھیر کر دینے کے یہ مناسب معلوم ہوا کہ ان کو ایک لڑی میں پرو دیا جائے۔ اب جسے جو موتی پسند خاطر ہو وہ لے لے۔ جو کچھ بیان ہوا سب شاعر کا دل ہے۔ شعراء میں بھی ہر قسم کے افراد ہوتے ہیں۔ کسی کا جذب کم اور کسی کا زیادہ ہوتا ہے۔ جس کا جذب دل جس درجہ تک ہوتا ہے وہ اتنا ہی بیان کرتا ہے۔ مگر شاعری بغیر جذب دل کے مشکل ہے ؎

حسن فروغ شمع سخن دور ہے اسدؔ۔
پہلے دل گداختہ پیدا کرے کوئی۔

شاعر کا دل اس کی کائنات ہے اور اسی پر اس کی شاعری کا دارومدار ہے اور حق تو یہ ہے کہ شاعر کے دل کا مفہوم شاعر شعر ہی میں خوب ادا کر سکتا ہے ؎

آفتاب آمد دلیل آفتاب ہم گر دلیلت باید از وے رو متاب

(خاص)

امام

ایرانی عورتوں میں بیداری کی لہر

[جناب پروفیسر علم الدین صاحب سالک ایم۔اے (علیگ) سابق مدیر روزنامہ امام و سوراج و مدیر اعزازی رسالہ قوس قزح لاہور]

کوئی ملک اُسوقت تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک وہاں کی عورتیں علم کے نور سے منور ہوکر پوری طرح مردوں کا ساتھ نہ دیں۔ یہ اصول مشرق و مغرب دونوں پر یکساں حاوی ہے مغرب نے اسوقت تک ترقی نہیں کی جب تک وہاں تعلیم نسواں عام نہیں ہوئی۔ ہندوستان کی موجودہ بیداری بھی بہت حد تک تعلیم نسواں کی مرہون منت ہے ایران ایک مدت تک عورتوں کی تعلیم سے بے پروا رہا جس کا اثر یہ ہوا کہ ملک اوج کمال سے گر کر پستی کے عمیق غار تک پہنچ گیا مگر موجودہ فرمانروا کی بدولت آج تعلیم نسواں کا گھر گھر چرچا ہو رہا ہے۔ اور ملک اپنی کھوئی ہوئی عظمت دوبارہ حاصل کر رہا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ابھی ایران میں تعلیم یافتہ عورتوں کی تعداد بہت قلیل ہے۔ اور قدامت پسند جماعت اسکی مخالفت میں اپنا پورا زور صرف کر رہی ہے۔ مگر اسکے باوجود عورتوں کی ایک ایسی جماعت پیدا ہوچکی ہے جو صبر و استقلال کی ڈھال لیکر قدامت پسندی کا مقابلہ کر رہی ہے اس جماعت کی سب سے بڑی راہنما مہر بانو ہے۔ جو زنانہ مدارس کی انسپکٹرس ہے۔

مہر بانو طہران کے ایک متمول خاندان کی چشم و چراغ اور امریکن سکول کی فارغ التحصیل ہے۔ یہ پہلا سکول ہے جو ایرانی خواتین کی فلاح و بہبود کے لئے تقریباً پچاس سال سے جاری ہے۔ مہر بانو بچپن ہی سے تعلیم ہی کی دلدادہ تھی اور نسوانی تحریکات میں گہری دلچسپی لیتی تھی۔ اسی بنا پر اسے سرکاری مدارس کی انسپکٹرس مقرر کیا گیا ہے طہران کی تمام نسوانی تحریکات اسکے دم سے وابستہ ہیں۔ ایک موقعہ پر اُس نے تعلیم نسواں کی موجودہ پستی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ :-

"ایرانی عورتیں تعلیم میں اسلئے پیچھے ہیں کہ اوائل عمر ہی میں انھیں وہم پرستی سکھا دی جاتی ہے اور مذہب کے نام پر طرح طرح کے بیہودہ خیالات کا شکار کر لیا جاتا ہے۔ مذہبی جماعت اس غلط فہمی کی بنا پر کہ تعلیم نسواں اُن کی ہستی کو ملیا میٹ کر دے گی۔ ہر جائز و ناجائز طریقے سے اُس کی مخالفت کرتی ہے مگر میں بتا دینا چاہتی ہوں کہ ہم مذہب یا مذہبی جماعت پر حملے کر کے انھیں مٹا نہیں سکتی اور نہ ہی علما کی جماعت کو نظر انداز کر کے ترقی کر سکتی ہیں۔ ہماری کامیابی اسی صورت میں ممکن ہے کہ اس جماعت کو اپنا ہمخیال بنایا جائے۔ اور تعلیم کے معاملہ میں اس سے مدد لی جائے۔ حصول تعلیم مرد و زن دونوں پر فرض ہے۔ قرآن پاک عورتوں کو اس سے محروم نہیں کرتا"

مہر بانو اور اُسکی دیگر ہمخیال عورتیں باوجود آزاد خیال

ہونے کے پردے کی سخت حامی ہیں۔ وہ تسلیم کرتی ہیں کہ موجودہ پردہ اسلامی پردہ نہیں مگر ابھی تک انھیں اسکے خلاف آواز اُٹھانے کی جرأت نہیں ہوئی۔

ایران کی ایک اور خاتون جس نے اپنی زندگی عورتوں کی ترقی کے لئے وقف کر رکھی ہے۔ پروین خانم ہے۔ وہ ایک اخبار تو لیس کی لڑکی ہے اور امریکن سکول کی گریجویٹ اور شاعرہ ہے اور اسکا کلام کم و بیش طہران کے ہر پرچہ میں شایع ہوتا ہے۔ وہ مختلف علوم و فنون کی بالغ النظر فاضلہ ہے۔ علم التصوف سے اُسے خاص لگاؤ ہے۔ وہ سادہ اور بے تکلف زندگی کو پسند کرتی ہے۔ ایک بار رضا شاہ پہلوی نے ملکۂ ایران کی تعلیم کے لئے اُس کی خدمات حاصل کرنے کی کوشش کی مگر خانم نے انکار کر دیا۔ رضا شاہ جس کے ساتھ کسی کو انکار کی جرأت نہیں یہ جواب سنکر حیران و ششدر رہگیا۔ اسکے بعد اعلیٰ حضرت نے پروین خانم سے استدعا کی کہ وہ رات کے وقت اسے ایران کی تاریخ سنایا کرے۔ جسکے معاوضہ میں معقول مشاہرہ اور وسیع محل بھی پیش کیا۔ اور یہ یقین دلایا کہ اسے ولیعہد سلطنت اور ملکہ پر حکمرانی کا اختیار ہوگا اور شاہی خاندان اس کی متابعت کریگا۔ مگر پروین خانم نے جو شاہی دربار کے آداب و ضوابط سے گھبراتی ہے۔ اس پیشکش کو بھی ٹھکرا دیا۔ اسکا خیال ہے کہ بادشاہ کی طبیعت بالکل بچوں کی سی ہوتی ہے۔ کبھی تو سلام سے رنجیدہ ہوجاتے ہیں اور کبھی گالیوں پر خلعت فاخرہ انعام دیدیتے ہیں۔

پروین خانم پردے کی حامی ہے۔ اسکا اعتقاد ہے کہ نسوانی تحریک کی خاطر پردے کو خیرباد کہنا درست نہیں۔ اس تحریک کا کچھ حصہ مردوں کے ہاتھ میں اور کچھ عورتوں کے پاس ہونا چاہیئے۔

ایران کی تیسری مایۂ ناز خاتون سارہ خانم ہے۔ وہ پردے کی چنداں پروا نہیں کرتی۔ دارالخلافہ میں بیحد مشہور ہے۔ کچھ بلاہ ایران خود بھی اس سے واقف ہے وہ ایک مدت تک روس میں مقیم رہی۔ وہیں اُس نے تعلیم حاصل کی۔ اور وہیں اُس کی شادی ہوئی۔ گذشتہ انقلاب روس میں اس کا خاوند مارا گیا اور وہ ایران واپس چلی آئی۔ روس میں تو پردے کا رواج ہی نہ تھا۔ مگر یہاں آکر اُسے چار و ناچار چادر اوڑھنی پڑی وہ نہایت سنجیدہ مستقل مزاج سرگرم مگر خاموش کام کرنے والی خاتون ہے آجکل وہ ادارہ رفاہ عام میں ملازم ہے اور ٹائپ کا کام کرتی ہے۔ یہ پہلی خاتون ہے جو ایران کے سرکاری دفتر میں ملازم ہوئی۔

سارہ خانم امریکہ۔ فرانس اور دیگر یورپی ممالک کی سیاحت بھی کر چکی ہے۔ اسکے وسیع اثر اور رسوخ کی بدولت حکومت اور وزرائے دولت اُسکی عزت کرتے ہیں۔

ایران میں اسوقت کم و بیش پانچ چھ ہزار بالغ عورتیں ایسی ہونگی جو پڑھ لکھ سکتی ہوں۔ یہ اعداد و شمار کچھ زیادہ حوصلہ افزا تو نہیں کہے جا سکتے مگر پھر بھی غنیمت ہیں۔ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب ایران مشرقی اقوام کی دوبارہ راہنمائی کرے گا۔ اور وہاں کی خواتین ایشیائی تہذیب و تمدن کی مشعل سے اہل عالم کو منور۔ انسانیت کو استبداد و غلامی سے آزاد اور مشرقی نسوانی تحریک کو ترقی کے انتہائی زینے تک لے جائیں گی۔

(خاص)

انڈین ڈیلی ٹیلیگراف

ماں کی پرستش

(جناب ڈی آر مہادیشور جائنٹ ایڈیٹر "انڈین ڈیلی ٹیلیگراف")

ہندوستان کے کل تہواروں میں سے درگا پوجا ایک بڑا متبرک تہوار خیال کیا جاتا ہے۔ بعض مقاموں میں یہ تہوار "دسہرہ" کے نام سے مشہور ہے۔ ہندوستان کے ہر قصبہ میں ساگر جزیرہ سے لیکر سندھ تک اور کشمیر سے راس کماری تک ہندو کئی مختلف طریقوں سے درگا دیوی کی پوجا کرتے ہیں۔ شرقی لوگوں کا خیال ہے کہ اس پوجا کا آغاز قدیم آرین کے زمانہ سے ہوا ہے۔ نوادر آریہ اور قدیمی باشندگان کے آپس میں خلط ملط ہونے سے اس پوجا کی بنیاد پڑی تھی۔ پہلے زمانہ میں یہ تہوار عالمگیر تھا۔ پرانی دنیا میں ہر جگہ یہ تہوار منایا جاتا تھا۔ مصری "ایسس" کی پرستش کرتے تھے، ان لوگوں کا خیال تھا کہ یہ موت کے بعد حشر کی دیوی ہے۔ اسیریا قوم کے لوگ زمین کے دیوی کی پوجا کرتے تھے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ یہ دیوی پیداوار کی ملکہ ہے ایشیا مائنر کی بیٹی ٹائر "میو" دیوی کی پوجا کرتے تھے۔

ہندو شاستروں کے لحاظ سے درگا دیوی کی پوجا ایک اہم بات ہے۔ ہندوستانی مندروں میں پانچویں صدی سے بارھویں صدی تک درگا کی کئی قسم کی مورتیں پائی جاتی ہیں۔ اس دیوی کی پیدائش کا ذکر ویدوں میں کیا گیا ہے۔ اپنیشد میں بھی دیوی کے بعد کی زندگی کی سوانحعمری قلمبند کی گئی ہے۔ تنتر و پران میں دیوی کی تمام زندگی کا مفصل حال درج ہے۔ اس دیوی کا ذکر مہا بھارت میں بھی آیا ہے۔

مورت

درگا دیوی مورت کی شکل یوں بیان کیجاتی ہے:۔

اول دیوی کی خاص مورت ہوتی ہے، شیر کے اوپر سوار دکھلائی گئی ہیں۔ اور ہاتھوں میں فنا کے سب ہتھیار لئے ہوئے رہتی ہیں۔ خاص مورت کے دونوں طرف سرسوتی لکھیمی کھڑی رہتی ہیں۔

کارتک اور گنیش بھی کھڑے دکھلائے گئے ہیں، یہ مورتیں دیوی کی صفات کا مجسمہ علامتیں ہیں۔ درگا دیوی دنیا کی ہر چیز سے مستغنی پائی جاتی ہیں۔ اور وہ تمام کائنات کی ملکہ ہیں۔ وہ لوگوں کو غم سے نجات دیتی ہیں۔ اور برائی کو آدمی سے دور رکھتی ہیں شیر سے خدائی قوت کا جذبات حیوانی پر قادر ہونے کی علامت ہے کیونکہ شیر جذبات حیوانی کی علامت ہے۔ دیوی کے بارہ ہاتھ دکھلائے گئے ہیں۔ اس سے یہ مراد ہے کہ مورت سے ہر سمت میں رحمانی قوت کا انتشار ہو رہا ہے۔ لکھمی سے مال و دولت کا پتہ چلتا ہے۔ سرسوتی ہندوؤں کے خاندانی علمیت کی دیوی ہیں۔ گنیش برائیوں کو دور کرتے ہیں۔ اور ان کی کرپا سے آدمی ہر کام میں کامیاب ہوتا ہے۔ کارتک خدائی فوج کا سپہ سالار ہے۔ اور اس کی فوج شیطانی

حرکتوں پر فاتح سمجھی جاتی ہے۔

مصر

مصر کے اندر چند سال پیشتر ایک دیوی کی مورت ملی تھی، جو کہ درگا سے مشابہت رکھتی تھی۔ مورت شیر کے اوپر سوار دکھلائی گئی تھی۔ دونوطرف دو عورتوں کی مورت سرسوتی اور لکھمی کی طرح رکھی ہوئی تھی۔ داہنے جانب کارتک کی طرح ایک اور مورت بنی ہوئی تھی۔ سب مورتوں کے اوپر ایک ایک محراب بنایا گیا تھا۔ کل دستہ کی شکل سٹیو بنچا ئتسن سے ملتی جلتی تھی۔ وہ مورتیں ۴۵۰۰ برس قبل مسیح کی خیال کی جاتی ہیں۔ تبت میں بھی کچھ مورتیں ایسی ہیں۔ جن کی شکل چیتے کے چہرہ سے مشابہ ہے۔

مہاراشٹر

"مہاراشٹر پوجا" عجیب طرح سے کی جاتی ہے۔ کل ہتھیاروں اور اوزاروں کی پرستش ہوتی ہے۔ اور دسہرہ کے روز "سمیت پوجن" کا جشن منایا جاتا ہے۔ شامی درخت کی پتیاں ایسے موقع پر بہت ہی مبارک اور نیک شگون سمجھی جاتی ہیں۔ لوگ بڑی آزادی سے اسکو لوٹتے ہیں، اور آپس میں ایک دوسرے کو دیتے ہیں۔ اس رسم سے لوگوں کا یہ عقیدہ ہے، کہ آپس میں میل اور اتفاق بڑھتا ہے۔ اور اس تہوار کو "سمیت پوجن" کہتے ہیں۔ کیونکہ زمانۂ قدیم میں رام جب لنکا جیت کر واپس ہوئے تھے، ان کی رعایا "سیما" یعنی سرحد پر انکا خیر مقدم کرنے آئی تھی۔ آٹھویں روز سرسوتی "علم کی دیوی" کی پوجا ہوتی ہے۔ بھجن اور اچھے اچھے گانے گائے جاتے ہیں۔ دوسرے روز صبح مورتی کو جلوس میں لیجاتے ہیں، اور کسی دریا یا سمندر میں غرق کر دیتے ہیں۔

درگا مورتی کا معجزانہ ظہور

سارنت وادی ریاست کے ایک گانوں پوری میں سری ساتری (درگا دیوی) کا ایک مندر بنا ہوا ہے۔ دسہرہ کے روز ہزارہا آدمی کا مجموعہ بہت دور دور سے آتا ہے۔ لوگوں کا خیال ہے، کہ اس روز مندر کے درشن کرنے سے دیوی جی سال بھر تک انکے اوپر مہربان رہینگی۔ بہت سے لوگ گرہستی کے اہم مسئلوں پر دیوی جی سے رائے لینے کے ارادے سے آتے ہیں۔ مہادیشور فرقہ کو بہت عرصہ سے اس مندر کا خاص نیاز ملتا چلا آرہا ہے۔ سری ساتری کے مندر کے بارہ میں عجیب و لیکن نہایت دلچسپ ایک کہانی بیان کی جاتی ہے کئی صدیوں کا زمانہ گذرا، کہ ایک شخص مہادیشور نامی نے جو کہ سری ساتری کا پکا پجاری تھا۔ ایک رات سوتے ہوئے خواب میں دیکھا، کہ دیوی جی اس کی عبادت اور سرگرمی سے بے انتہا خوش ہوئی ہیں۔ اور وہ سامنے صورت اختیار کر کے آئی ہوئی ہیں۔ لیکن وہ شکل حیرت انگیز تیزی سے بڑھنے لگی، یہانتک کہ دیوی کا سر چھت سے چھونے لگا۔ پوجاری نے دعا کی، تب دیوی جی کا بڑھنا رک گیا۔ دوسرے روز صبح کو جب اُس کی نیند کھلی، اس کو اپنے رسوئیں گھر میں ایک بڑی بھاری پتھر کے سل کی مورت، جیسا کہ اس نے خواب میں دیکھا تھا۔ رکھی ہوئی دیکھکر بڑا تعجب ہوا۔ مندر کا نام اسی وجہ سے "سوئمبھو" رکھا گیا۔ کیونکہ وہ خود بخود مرفعۃً وجود میں آگیا تھا۔

ساتھ ہی اس کے یہ بات یاد رکھنا چاہئے، کہ اس کے بعد کسی بھی بیرونی واقعہ سے یہ پتہ نہ لگ سکا کہ ایک رات کو کس طرح اتنی مہیب سل مکان کے اندر آگئی تھی۔ اس حیرتناک واقعہ کے تھوڑے روز بعد اسی جگہ کے چاروں طرف ایک عالیشان مندر تعمیر کرایا گیا۔

دُور اور نزدیک ہر جگہ کے لوگ سری ساتری کی پوجا کرنے کو آنے لگے۔

اور کہا جاتا ہے کہ بہت سے لوگ ان کی اشیرباد سے مستفید ہوئے ہیں۔ مرحوم بابا صاحب مہادیشور کے متعلق یہ مشہور ہے کہ وہ دُور درشن اور دور شرون تھے (یعنی وہ دنیا بھر کی چیزیں ایک جگہ سے دیکھ سکتے اور ہر جگہ کی باتیں سُن سکتے تھے) ان کے متعلق اور بھی کئی معجزے بیان کئے جاتے ہیں۔

بنگال

بنگال میں درگا پوجا قومی تہوار خیال کیا جاتا ہے، ان دنوں میں بنگال میں ہر گھر میں خوشی اور جشن منایا جاتا ہے، رقص و سرود کے سامان مہیا کئے جاتے ہیں۔ ناچ اور گانا ہوتا ہے۔ پوجا کی چھٹیوں کے دنوں میں بہت سے لوگ اپنا کام بند کر دیتے ہیں۔ ہر ہندو خواہ کسی بھی ذات یا فرقہ کا ہو، درگا پوجا میں حصہ لیکر دیوی کو خوش کرنا چاہتا ہے۔ امیروں کے مکان کی رونق و چہل پہل کا ذکر ہی کیا، روپیوں کی کمی نہ ہونے کی وجہ سے ان کے یہاں پوجا بڑی شان و شوکت سے کی جاتی ہے۔

دیگر مقامات

جھریا ریاست میں درگا جی کی پوجا بڑے دھوم دھام سے منائی جاتی ہے۔ شاہی تالاب کے کنارے پر ایک بڑا اسٹیلہ ہوتا ہے، گرد و نواح کی تمام زمین پر بجلی کی بتیاں اس طرح جلائی جاتی ہیں۔ کہ رات کے اندھیرے میں دن سے بھی زیادہ روشنی رہتی ہے۔ درگا کی مورت جلوس میں نکالے جانے کے وقت راجہ اپنے شاہی خاندان کے ہمراہ بڑے طمطراق کے ساتھ راج گدی ہال میں آتا ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ راجہ کو راستے میں نیل کنٹھ اور سنکھا چیل کا درشن ضروری ہے۔ وہمی لوگوں کا خیال ہے، کہ درشن نہ ہونے سے سال بدشگون ہوگا۔ (ان چڑیوں کو پہلے ہی سے اسیر قفس بنا رکھتے ہیں) راج گدی ہال میں رعایا راجہ کو نذر و بھینٹ چڑھاتی ہے

پٹنہ میں "بجے" کا دن روز عید سمجھا جاتا ہے لوگ کشتیوں میں بیٹھ کر سیاحی کرتے ہیں، اور یہ بڑی رات تک قائم رہتا ہے۔

ندیا میں لوگ اس پوجا کی طرف خاص توجہ دیتے ہیں۔ عورتیں گاؤں میں دروازہ دروازہ پانی کی بھیک مانگتے جاتی ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے، کہ "جل سدھا" کا تہوار آپس میں اتفاق و میل جول پیدا کرتا ہے۔ کدلی کی چوکھٹ پر سرخ اور سفید رنگ چڑھایا جاتا ہے۔ قدیم زمانہ میں پوجا کے دوسرے روز ندیا کا مہاراجہ آئے ہوئے مہمانوں پر قتل کئے ہوئے جانوروں کا خون چھڑکتا تھا۔ بعض اوقات بھینسے بھی قربان کئے جاتے تھے، لیکن اُن کا گوشت استعمال میں نہیں لایا جاتا تھا۔ ندیا

کے وشنو خاندان دیوی کو سپاری، گنے و کدّو بھینٹ دیتے ہیں۔ پوجا کے تیسرے روز ہر طبقہ کے لوگ امیر و غریب "کاواکنتی" تہوار مناتے ہیں۔ اس موقع پر اپس میں کیچڑ بھی پھینکتے ہیں۔

سورما کی وادی میں جس کے اندر سلہٹ اور کچھار کے کچھ اضلاع شامل ہیں، یادگار پوجا کا تہوار تین طریقوں پر منایا جاتا ہے۔ (۱) مٹی کی مورت (۲) کیلے کا پودا (۳) مٹی کا برتن یا گھڑا۔ چائے کے باغات میں یہ پوجا بڑے زور شور سے منایا جاتا ہے۔ یورپین مالک باغ ایک کثیر رقم اس پوجا میں دیا کرتے ہیں۔ اور اس روز صاحبوں کے قلی خوب شراب اور نشہ کھاتے پیتے ہیں۔ کسی کو بھی اس روز تماشہ اور جشن سے پرہیز نہیں ہوتا۔

کچھار کے اضلاع میں گورکھے جو فوج میں ملازم ہیں درگا پوجا عجیب رسم سے ادا کرتے ہیں۔ پنڈت یا پجاری درگا دیوی کی مورت کے پیچھے سے منتر پڑھتا ہے۔ اور بعد کو سب لوگ باہر آکر ایک دوسرے سے گلے ملتے ہیں۔ اور مٹھائی تقسیم کرتے ہیں۔

اوڑیسہ کے اندر بنگالیوں کے آنے کے پہلے یہ پوجا اب کی طرح نہیں ہوتی تھی۔ باطل پرست اوڑیسہ والے اب بھی "گھاٹ" یعنی مٹی کے برتن کی پوجا کرتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ اس کے اندر دیوی کی آتما سمائی ہوئی ہے "کھان ڈائیٹس" اوڑیسہ کے فوجی نوجوان اپنے "کھرگ" اور دیگر اسلحہ جنگی کی پوجا کرتے ہیں۔

تدیمی حصوں میں بنگالی لوگ "بندھا" تہوار مناتے ہیں۔ اس تہوار کا وقت درگا پوجا کے زمانہ میں ہوتا ہے۔ گھاٹ سلا (جہاں پر جنگلی لونگار اجہ رہتا ہے) میں آدھی رات کو پہلا "بندھا" منایا جاتا ہے گولے دغائے جاتے ہیں۔ اور ایک مہیب آواز پیدا کی جاتی ہے۔ اور اسی وقت راجا "ران کنی" کے مندر میں جاتا ہے۔ لوگ لڑائی کا باجا بجاتے ہیں۔ اور عورتیں لڑائی کا ناچ ناچتی ہوئی آتی ہیں۔ ان کے ناچنے کے اصول کئی اور مختلف ہیں چار اور پانچ عورتیں دائرہ بنا کر ناچنا شروع کرتی ہیں۔ اور رفتہ رفتہ اور بھی عورتیں اس میں شریک ہو جاتی ہیں۔ اس موقع پر ہرے یا سفید رنگ کا لباس زیب تن کرتی ہیں۔ فقرئی و طلائی سکوں کے ہار گلے میں پہنتی ہیں۔ راجا دیوی کے سامنے تیر سے ایک بھینسا قتل کرتا ہے۔ اور اس کے بعد حاضرین جلسہ بھینسے کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے ہیں۔ اسی طریقہ سے دوسرے روز یہ ترکیب عمل میں آتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کئی بکریوں کی قربانی کر کے راجا اور مہانو کے ہاتھ انھیں جانوروں کے خون سے رنگے جاتے ہیں۔ تیر مارنے کی وجہ سے اس تہوار کا نام "بندھا" رکھا گیا ہے۔ یہ تہوار شاید گردونواح کے زیادہ مہذب لوگوں سے صلح قائم رکھنے کے لئے کیا جاتا ہے ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ (خاص)

انڈین ہسٹاریکل جرنل

مصطفےٰ کمال پاشا

(جناب ڈاکٹر شفاعت احمد خاں ایم اے لٹ ڈی ایڈیٹر انڈین ہسٹاریکل جرنل الہ آباد)

مصطفےٰ کمال پاشا کی زندگی کے نمایاں کارناموں کا آغاز اس زمانہ سے ہوتا ہے۔ جب کہ وہ انسپکٹر جنرل کی حیثیت سے مئی ۱۹۱۹ء میں باقر پاشا کی سرکوبی کے لئے مشرق کی طرف روانہ ہوئے تھے مصطفےٰ کی دور اندیشی نے اس نادر اتفاق میں اپنے عروج کا راز سربستہ دیکھا لہذا وہ بے خوف باغیوں کے آزاد طبع سردار کی لشکر کی صف میں شامل ہوگیا۔ اور اس وقت سے جب تک کہ ترک ازمرنو اکمرنا پر قابض نہیں ہوگئے، وہ مجنوں کی طرح اپنی دھن میں مشغول رہا۔ فوجوں کو ترتیب دی۔ عدالتوں کی اصلاح کی۔ نئے نئے آئین اجرا کئے۔ انگورہ میں امور ملکی اور توضیح قوانین کی اعلیٰ مجلس طلب کی۔ غرض کہ ترکوں میں اس کے اثر نے ایک نئی روح پھونک دی اس کی عالی حوصلگی و مستقل مزاجی کی مثال اس سے بہتر اور کہاں سے مل سکتی ہے۔

اب میں کمال پاشا کی رفیع المنزلت شخصیت کے متعلق کچھ ذکر کرتا ہوں وہ کس قسم کا آدمی تھا۔ اُن کی معراج زندگی کیا ہے۔ کیا واقعی وہ خود غرض ہیں۔ اس پر کفر و ارتداد کا جو الزام لگایا گیا ہے وہ کس حد تک صحیح ہے؟ اس کے حکمت عملی کی تحقیق اصلاح کون سی ہے۔ ان سب سوالات کا جواب دینا آسان نہیں ہے۔ ایک طرف اس کو ملک کا ولی کہئے تو بیجا نہ ہوگا کیونکہ تمام ترکی قوم پیر کی طرح اس کی پرستش کرتی ہے اُس کے نظم حکومت پر جان دیتی ہے عوام الناس اُس کی صداقت و بے لوث جانفشانی کے اس درجہ معتقد ہیں اور اس کی رہنمائی میں اس قدر سرگرم پیرو کار ہیں کہ صورت حال پر نگاہ کرنے سے عثمان کی (جس نے دولت عثمانیہ کی بنیاد ڈالی تھی) ۔ شاندار دور سلطنت کا خیال ہو جاتا ہے دوسری جانب ملک کے دوسرے خدامان وطن جن کی سرفروشی اور تدبر نے ترکی کو معراج کمال پر پہنچانے میں مصطفےٰ کمال کی مدد کی ہے۔ وہ بھی قابل ذکر ہیں۔

ان لوگوں کی قربانی اور جاں فشانی کی شاہد ترکوں کی جنگ آزادی ہے جو سنہ ۱۹۱۹ء تا سنہ ۱۹۲۲ء برابر قائم رہی ہے اس گروہ میں محترمہ خالدہ ادیب خانم خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ وہ ترکی کی مشہور و معروف ناول نگاروں میں سے ہیں۔ جس وقت کہ ایلائز استنبول پر قابض ہوگئے، شہر کی بربادی و تباہی سے تنگ آکر انھوں نے وطن کو خیرباد کہدیا۔ شہر ترک کرنے پر ان کو بے انتہا مصائب و تکالیف برداشت کرنا پڑیں آخر کار بڑی مصیبتوں اور آفتوں کو جھیل کر ۲ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء کو انگورہ میں قدم رکھنا نصیب ہوا آنے کے ساتھ ہی تعمیری کام میں لگ گئیں اور قومی جماعت کے ایک گروہ کو اپنا ہم خیال بنا کر آزادی ملک کی فکر میں لگ گئیں۔ اس جانفشانی نے اُن کو ملک والوں نے اپنا قائد تسلیم کرلیا اور ان کے ابروؤں کے اشارہ پر کام کرنے لگے۔ ملک کے موقر اخباروں میں مضامین

دتقریر شائع کرائے کا بھی انتظام انھیں نے کیا ٹرکش آرڈیل جوان کی خود تصنیف کردہ کتاب ہے اس میں انھوں نے کمال پاشا کے ساتھ اپنے امورات ملکی تحریک قومی کا تذکرہ نہایت کمال و خوبی سے قلمبند کیا ہے اور مدبرہ کی حیثیت سے تمام قومی تحریکوں پر محققانہ بحث کی ہے۔ موجودہ ترکی کا شاید ہی کوئی ایسا طالب علم ہو جس نے اس کا مطالعہ نہ کیا ہو۔

خالدہ ادیب خانم آغا زہی سے کمال پاشا پر مشتبہانہ نظر ڈالتی تھیں ان کو مصطفےٰ کمال کے غیر معمولی استقلال سے انکار نہیں ہے۔ وہ خود کمال پاشا کی نظم سلطنت و ثابت قدمی کی دل سے قائل ہیں۔ لیکن اُن کی رائے میں کمال پاشا بے قاعدگی کا ملزم ہے۔ اُن کو یقین ہے کہ کمال پاشا نے پہلے ہی سے دفتر حکومت کے شیرازہ کو منتشر کرنے کو ٹھان لیا تھا۔ اور جس زمانہ سے انھوں نے بغاوت کا جھنڈا بلند کیا اُسی وقت سے اُن کے دل میں ایک مطلق العنان حاکم بننے کی ہوس دامنگیر ہو چکی تھی۔ لیکن کمال پاشا نے اس ارادہ کو نہایت ہوشیاری اور صفائی سے حب الوطنی کے پردہ میں مخفی رکھا تھا۔

محترمہ خالدہ نے جو تصویر مصطفےٰ کمال پاشا کی کھینچی ہے اس کے اندر نفرت و تعصب کی بو صاف آتی ہے۔ مصطفےٰ کمال پاشا ظاہر و باطن میں یکساں نہیں ہے۔ ملک کی آزادی کو اپنی ذاتی غرض پر قربان کر دینے میں شاید پاشا کو روحانی اذیت محسوس نہیں ہوتی۔ ان کی رائے میں کمال پاشا حوادث روزگار کا قسمت آزما، و حکمت عملی سے سرفراز ہونے کا جو یاں ہے۔ کمال پاشا کی فطرت میں نہ محبت ہے اور نہ رحم کا دخل ہے۔ اگر کوئی شے بھی اس کی خود غرضانہ خواہشات کے راستہ میں حائل ہوتی ہے تو کمال پاشا غضب ناک ظلم کی صورت اختیار کرنے سے گریز نہیں کرتا۔

کوہ آتش فشاں کی شعلہ افگنی کی طرح اس غازیانہ آزادی جس کے نام پر پاشا نے ملک کی مستقبل کی بہبودی کا پانسہ پھینکا تھا۔ اور جس پر ترکی کی تمام امیدیں و تمنائیں لگی ہوئی تھیں وہ اس کے نزدیک شخصی مکمل حکومت و ذاتی اختیارات حاصل کرنے کی مختلف راہیں تھیں میری رائے میں یہ بیان صداقت سے بالکل خالی نہیں ہے مصطفےٰ کمال پاشا نے اپنے وفادار ساتھیوں، آزادی کے دیگر سپوتوں کے ساتھ جنھوں نے کہ دور انقلاب میں کمال پاشا کی پوری حمایت کی تھی۔ بعد میں صرف آپس کے اختلاف کی وجہ سے جو سلوک اور ظلم و ستم کا برتاؤ پاشا نے اُن کے ساتھ کیا ہے وہ واقعی ایسا ہے جو خالدہ ادیب کی رائے سے متفق ہونے کے لئے مجبور کرتا ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقعہ پر خالدہ خانم کی تصنیف میں سے چند منتخب امور ناظرین کے سامنے پیش کر دوں۔ یہ وہ امور ہیں جو کمال پاشا کی روزانہ زندگی و مشاغل پر روشنی ڈالتے ہیں۔

عصمت پاشا کے حق میں خالدہ سے زیادہ ملائمت اور نرمی سے کام لیا ہے عصمت پاشا میں ایک فطرتی مذاق ایسا ہے۔ جس کی وجہ سے لوگ اس کو بڑی آسانی سے اپنا رازدار بنا لیتے ہیں۔ بڑی میں وہ بہت ہی دور اندیش اور زیرک فہم شخص ہے خاموشی پسند خود دار اور مزاج میں استقلال و سکون ہے۔

لارڈ کرزن نے جو سوانح عمری لکھی ہے اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ صرف فن سپہ گری ہی میں ماہر نہ تھے بلکہ ایک مشہور مقرر بھی تھے جس کے سخن میں جادو اور گویائی میں سحر کا اثر ہوتا تھا۔ انھوں نے اپنی ذاتی لیاقت و پر جوش تقریر کے اثر سے ترکی میں لارڈ کرزن کی حکمت عملی کی دال نہیں گلنے دی۔ اور لاثانیہ (Lausanne) کی دوسری کانفرنس میں اُس نے کرزن کے مقدمہ

کا ہر ورق پریشان کر دیا اور اپنے ایک ایک طالب میں کامیاب رہا۔ برے خیال میں مصنف کمال پاشا کے متعلق شروع ہی سے مدظلہ تھا۔ مترجمہ خالدہ کا قول ہے کہ شاید ہی کوئی سفیر یا مدبر کبھی اپنے مدعا میں اس قدر سرفراز ہوا ہوگا۔"

"دفعتہً کمرہ کا دروازہ کھلا۔ اور مصطفےٰ کمال پاشا کا ہاتھ مجھے زینہ سے اتارنے کے لئے آگے بڑھا۔ اس دھندلی روشنی میں صرف اس کے ہاتھوں کو میں صاف صاف دیکھ سکی۔ ہاتھ تنگ لیکن خوبصورت دستدول نرم نازک انگلیاں جیب کے دیکھنے سے جلدی فیصلہ نہیں ہو سکتا تھا کہ یہ کسی مرد کا ہاتھ ہے یا کسی عورت کا ہے۔ ہاتھوں کی حرکت کو دیکھکر محمد حادش کی یاد آتی ہے۔ یہ ہاتھ عام ترکوں کے چوڑے بڑے ہاتھوں سے بالکل مختلف تھا۔ اس کی کہنیاں کمیں ابھری ہوئی رگیں مستقل مزاجی کی شہادت دے رہی تھیں۔ یہ وہی ہاتھ ہے کہ جس نے مخالفین کی گردن کو اپنے لوہے کے شکنجہ میں پھنسا رکھا تھا۔ خوش آمدید خانم افندی اس نے دبی ہوئی آواز میں کہا مزاج پرسی کے بعد ہم لوگوں کا ایک بڑے ہیکل جسیم و دیوشکل انسان سے تعارف کرایا گیا مصطفےٰ کمال پاشا ڈاکٹر انڈین وجامی بے سے گفتگو کر رہے تھے مجھکو داخل ہوتے دیکھکر میرے نزدیک آئے اور میرے ہاتھوں کو نہایت صدق دلی و تپاک سے بوسہ دیا۔ جب ہم لوگ دیوان پر بیٹھکر باتیں کر رہے تھے اُن کے چہرہ سے بشاشت چمک رہی تھی۔

گفتگو کا سلسلہ سفر کے دلچسپ حالات کے تذکرہ سے شروع ہوا۔ لیکن میں نے جو رائے کہ یونوس نادی سے بحث و مباحثہ کرنے پر قائم کی تھی اس کا بیان کرنا زیادہ مناسب سمجھا۔

اس وقت ہماری خاص ضرورت یہ ہے کہ ایک انجمن ترسیل خبر بہت جلد قائم ہو جائے۔ باہر کی دنیا اور نیز اپنے ملک کے لوگ ابھی تک اس تحریک سے بالکل روشناس نہیں ہوئے ہیں۔ اور جس قدر لوگوں سے راستہ میں ملنے کا موقع نصیب ہوا ان سبھوں کو حالات دور حاضرہ کے حالات کی لاعلمی و بے خبری کی شکایت تھی۔ اس کا نام اناطولین ایجنسی رکھا جائیگا۔ اور آپس کی بحث میں یہ بھی طے پایا ہے کہ ہم ہی دونوں اس کے روح رواں ہونگے یہاں سے ہر طرف جہاں جہاں کہ تار برقی کا مرکز ہے چیزیں بھیج دی جایا کرینگی۔ شہر کے مسجدوں کی دیواروں پر بڑے بڑے حرفوں میں ملک کی چیزیں لکھ کر چسپا کر دیا جانا چاہئے علاوہ بریں انگریزی و فرانسیسی پرچوں کو اسطور پر قابو میں کرنا چاہئے تاکہ وہ یہاں کے حالات کو صحیح طریقہ پر شائع کیا کریں۔ ٹائمس مینچسٹر گارڈین دیلی ہیرلڈ جو کہ مختلف پالیسی و سیاسی طرز عمل کے صورت نما ہیں ان کو یہاں کی چیزیں شائع کرنے کے لئے مائل کرنا چاہئے ہم لوگوں نے یہ بھی فیصلہ کر لیا ہے کہ ڈیلی کرانیکل جو کہ مسٹر لائیڈ جارج کا ایک طور پر اس سے ملتا ہے۔ کہ عصمت اس وقت پاشا کا داہنا ہاتھ ہے۔ خالدہ اس کے متعلق یوں لکھتی ہے کہ مجھے بخوبی یاد ہے کہ جب ڈاکٹر آڈنین اور عصمت دونوں نے ایک دوسرے کا خلوص سے بوسہ لیا تھا۔ یہ ایک عجیب کیفیت تھی کہ اس قدر دو سنگدل انقلابی آپس میں ایک دوسرے سے اتنی محبت والفت کا برتاؤ روا رکھتے تھے۔ یہ میرا ذاتی خیال تھا کہ کرنل عصمت ایسے لوگ اس انقلاب کے اندر شریک ہیں اس وقت تک اس تحریک میں وحشیانہ حرکتیں سرائت نہیں کر سکتی ہیں اور یہ لوگ کسی طرح بھی اس تحریک کو ذلیل و رسوا نہ ہونے دیں گے اور اسی سے مجھکو کمال پاشا اور عصمت کی باہمی الفت کو دیکھکر خوشی ہوتی تھی۔ ایک طرف عصمت پاشا میں گھر کی سادگی و دردمندی کا احساس تھا دوسری جانب کمال پاشا میں بلند حوصلگی تھی میرا خیال تھا کہ دونوں کا باہمی ارتباط ایک دوسرے کی جو کمزوریوں کو ہم وزن بنا رکھے گی۔ خالدہ کو کمال پاشا سے اظہار مدعا کرنے میں بے انتہا مزہ

ملتا ہے۔ ٹرکی کے مستقبل عملی طرز حکومت کا سوال قومی کے سامنے پیش تھا۔ عرض بیگی ہے اُس کو بھی اپنا رازدار بنالیں۔ مصطفےٰ کمال پاشا نے اس پر سوال کیا کہ کیا حکومت ملی جس کو یونونس شائع کرنے جارہا ہے۔ میں مدد دے سکوں گی۔ میں نے پھر ایک ٹائپ رائٹر کی درخواست کی۔ جس پر پاشا نے کہا کہ آٹوفن بنک سے منگا دیا جائے گا۔ اس کے بعد اس روز کے لئے گفتگو ختم ہوئی۔

• عصمت کا ذکر ضمناً ہو چکا ہے۔ لیکن کچھ مزید ذکر کرنا مضمون کے لئے مفید ہے تاکہ تشنہ نہ رہ جائے۔ خالدہ نے بیان کیا ہے۔ عصمت اس وقت اسٹاف کا چیف تھا اور انگورہ کی مجلس مشورہ کا ایک رکن تھا۔ یہ تاریخ میں پہلا واقعہ ہے کہ اسٹاف کا چیف اس مرتبہ پر سرفراز ہو۔

کمال کے تعلقات عصمت کے ساتھ بہت گہرے تھے۔ اس کا ثبوت جو لوگ کہ ملکی نظم و نسق کے ماہر تھے اُن کا یہ خیال تھا کہ حکومت کا ہر شعبہ ایک دوسرے کا دست نگر نہ ہونا چاہئے اُن کی دلی آرزو یہ تھی۔ کہ مان ٹیگو کی حرف بیانی طرز عمل میں آجائے۔ مصطفےٰ کمال پاشا ان کی مخالفت کر رہا تھا۔ وہ جمہوری سلطنت کو پسند کرتا تھا۔ اس کی رائے یہ تھی کہ حکومت لوگوں کی زیادتی رائے پر قائم ہونا چاہئے لہٰذا اُن کے نزدیک مختلف اجزاء حکومت کو پریشان کرنا بے معنی تھا۔ خالدہ کے نقطۂ نظر سے کمال پاشا کی دلی آرزو یہ تھی کہ وہ دور حاضرہ کا نپولین ثانی بن جائے۔

کمال پاشا کی سوانح عمری استقلال اور وقار کی ایک طول کہانی ہے۔ سیاسی انجمنوں کے بحث و مباحثہ میں اس جوش و گرمی سے کام لینے کے ہیں کہ لوگ اُن کی تقریر سے بہت موثر ہوتے ہیں۔ خودداری بھی کمال پاشا میں پائی جاتی ہے شائد یہی وجہ ہے کہ وہ ہر موقع و محل پر اپنے ارادوں میں کامیاب ہو رہے ہیں۔

چند لوگوں نے بڑی دقتوں کے بعد کمال پاشا کی تنظیم حکومت کی تجویز کو منظور کر لیا۔ پاشا نے اس کے بعد ایک علٰحدہ تقریر تیار کی۔ تقریر کا خاص مقصد یہ تھا کہ عوام الناس کے دلوں میں نئی حکومت کے فوائد نقش ہو جائیں ۲۳ اپریل ۱۹۲۰ء کو انجمن کی نشست طے ہوئی تھی۔ اس کے ایک روز پیشتر کمال پاشا مجھکو اپنے کتب خانہ میں لے گئے اور تقریر پڑھنے کی غرض سے میرے حوالہ کر دی (جو [illegible]) پہلے ہی سے بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے اندر موجودہ حوادث کے انجام کا ذکر تھا جب سے کہ مصطفےٰ کمال پاشا اناٹولیا کو گئے ہوئے تھے۔ تقریر اس طور پر تیار کی گئی تھی۔ کہ جس کے مطالعہ سے پتہ چلتا تھا کہ کمال پاشا ملک کا سب سے بڑا خیر خواہ ہے اُس کو مطلق العنان حاکم یا سلطان بننے کی ہوس ذرہ بھر نہ تھی۔ وہ حکومت کو رعایا کی ذمہ داری پر قائم کرنا چاہتے تھے۔ میں چند باتیں اور قلمبند کرتا ہوں جس سے کہ پاشا کے چال چلن پر نئی روشنی پڑے گی۔

قومی حکومت نے مجرموں اور مخالفین کو معاف کرنے کا وعدہ کیا تھا عصمت پاشا نے بھی بہت کچھ سمجھایا اور اس معاملہ میں کوشش کی۔ لیکن کمال پاشا بالکل بے حس تھا اور اُن بد نصیبوں کو پھانسی پر لٹکانے کے لئے تلا ہوا تھا۔

ایک رات کا ذکر ہے کہ ہم لوگ کھانا کھا کر بڑے ہال میں بیٹھے ہوئے تھے۔ سفیر کا پیغام اس وقت پاشا کے پاس آیا حسین اور عثمان بیگ کو حکومت نے بالکل معاف کر دیا تھا لیکن اس خط میں سفیر نے ان سبھوں کو پھانسی کی سفارش کی تھی باوجودیکہ انگورہ نے ان کی خدمات کا خیال کر کے ان کو بالکل معاف کر دیا تھا۔ تاہم پاشا کو یہ بات منظور نہ تھی وہ اب دستخط کرنے کے لئے جا رہا تھا کہ میں نے بگڑ کر اعتراض کیا

ابھی تک میں نے کبھی بھی پاشا کو اپنا ذاتی مشورہ نہیں دیا تھا۔ جب کبھی پاشا مجھ سے رائے لیتا تھا۔ مگر میں اس کو صلاح دینا مناسب سمجھتی تھی۔ لیکن اس بے انصافی اور وعدہ شکن سے مجھکو رنج ہوا۔

میں نے بہت کچھ کوشش کی اور نشیب فراز سمجھایا لیکن پاشا ایک جو بھی اپنے ارادے سے نہ ہٹا میں نے آخر کار عصمت پاشا کی طرف مدد کے لئے نگاہ کی وہ اپنے کرسی پر بیٹھا ہوا ہماری گفتگو غور سے سن رہا تھا۔ میری التجائی نگاہیں دیکھکر وہ اپنی جگہ سے اُٹھا اور پاشا کی منبر کے سامنے آکر مصطفے کو مخاطب کیا اس روز عصمت اور کمال پاشا کی گفتگو سننے قابل تھی۔ عصمت نے ہر طرف سے پاشا کو مجبور کیا اور ہر نکتہ بحث پر قائل کیا تاہم پاشا کا یہ قول تھا کہ ایسے موقعوں پر ہمدردی دکھلانا کمزوری کی نشانی ہے۔ دشمن کو ایک بار چنگل میں لاکر رہا کرنا بڑی غلطی ہے۔

مقتول باغی پھر سر کوبی کی جرأت نہیں کرتے ہیں۔ ورنہ ملک کے اندر ہمیشہ ان کی ذات سے خوفشار پر ہونے کا اندیشہ رہتا ہے لیکن قضیہ کوتاہ عصمت اپنی طاقت گویائی اور منصفانہ مزاج کی بدولت آخیر میں پاشا پر غالب آیا اور کمال پاشا دستخط کرنے سے باز رہا۔ لیکن دیر بہت ہو چکی تھی۔ رہائی کا حکم اجرا ہونے کے پہلے ہی عثمان اور اُس کے دیگر ساتھی سولی کے نذر ہو چکے تھے۔

مصطفے کمال پاشا میں ایک بہت بڑی خوبی یہ بھی تھی وہ انسانی کمزوریوں کو خوب سمجھتا تھا۔ اُس نے شروع ہی سے تواریخ اور مذہبی کتابوں کا مطالعہ کرنا شروع کر دیا۔ مذہبی کتابوں کو اس لئے پڑھتا تھا۔ تاکہ لوگ اس کے قابو میں رہیں اور ملک کے علماء کے مخالف نہ ہو سکیں۔ لیکن وہ موضع کا انتظار کر رہا تھا کہ گھات پاتے ہی وہ ان سبھوں کو جہنم واصل کر دے گا۔ ذکر کیا جاتا ہے کہ سنہ ۱۹۲۰ء کے موسم گرما میں ہیڈ کوارٹرس کے اندر زہد و پارسائی کا بے انتہا خیال رکھا جاتا تھا۔ وہاں پر کمال پاشا بڑی احتیاط کے ساتھ رہتا تھا لیکن کبھی کبھی وہ وہاں سے غائب ہو جایا کرتا تھا لیکن کہاں جاتا تھا۔ عیش و سرور کہ مجلسوں میں وہ جاکر مزے اُڑاتا تھا اخلاق کی زیادہ پرواہ نہ کرتا تھا۔

پاشا کے نزدیک اس کی اہمیت بہت کم تھی۔ پاشا کا یہ قول تھا کہ زندگی کے مشکل گذر راہوں میں بڑے ہوشیاری سے قدم رکھنا چاہئے۔ یہاں ہر قدم پر خونخوار جانور گھات میں بیٹھے رہتے ہیں۔ لہذا اگر یہاں سے صحیح و سلامت گذر کرنا ہے تو احتیاط و سختی کی ضرورت ہے۔ اکثر وہ اپنے خواب کے متعلق اپنے ساتھیوں سے ذکر کیا کرتا تھا اور اس کے ساتھی بھی کبھی کبھی اس قسم کے خواب دیکھا کرتے تھے۔ کمال پاشا کی کامیابی کا یہی راز تھا۔ (خاص)

(صفحہ ۵۵۱ کا بقیہ)

کیا ہے مجھے اس میں کوئی بات قابل اعتراض نظر نہیں آتی اضافت فارسی میں ایک لطیف چیز ہے جس سے اظہار مطالب میں اختصار اور آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ پھر جب اضافت کا استعمال اردو کی فطرت کو صدمہ پہنچائے بغیر کیا جا سکتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کے استعمال سے اجتناب کیا جائے۔ لہذا اگر ہم اضافت کی خوبیوں پر نظر کر کے اُسے اردو میں لے لیں تو کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ موسم برسات کہنے میں کیا حرج ہے خوبیاں اور اچھائیاں جہاں اور جس زبان میں ہوں فرور لینی چاہئے۔ صرف اتنا خیال رہے کہ اردو کی فطرت مجروح نہ ہو اردو کو ہر لحاظ سے ہندوستان کی زبان معلوم ہونی چاہئے اس میں سے اجنبیت اور پردیسیت دور کرنی چاہئے تاکہ وہ ہندوستان میں ہندوستان کی زبان بن کر رہے۔ (خاص)

انکشاف

زود پشیماں

(۱)

[جناب نسیم انہونوی اڈیٹر انکشاف لکھنؤ]

سعید کے والدین نے اُسکی شادی اپنے خاندان ہی کی ایک حسین اور خوش سلیقہ لڑکی سے کردی تھی، اور اسمیں شک نہیں کہ اگر سعید محض فیشن کا دلدادہ نہ ہوتا، تو زہرہ کے ساتھ اُسکی زندگی نہایت ہی عیش و آرام کے ساتھ بسر ہوتی، اسلئے کہ زہرہ حسین تھی، خوش طبع تھی اور تعلیم یافتہ بھی لیکن تعلیم کا معیار صرف اتنا ہی تھا، کہ وہ قرآن شریف کی تلاوت کرلیتی اور ساتھ ہی چھوٹی چھوٹی مذہبی کتابوں کا مطالعہ بھی آسانی سے کرلیتی۔ معمولی خط و کتابت اور خانگی حساب و کتاب لکھنے میں بھی وہ معذور نہ تھی۔ لیکن اس سے زیادہ تعلیم نہ اُسے دی گئی تھی اور نہ وہ اوسکی متمنی تھی۔ اسلئے کہ وہ ایسے گھر کی تربیت یافتہ تھی جسکے کسی فرد کو بھی مغربی تہذیب یا تعلیم کی ہوا تک نہ لگی تھی۔ زہرہ سلائی کا کام بھی بہترین جانتی تھی، کھانا پکانے کے لئے اسے باورچی کا رہین منت نہ ہونا پڑتا تھا۔ غرض ایک شریف اور سلیقہ مند بیوی کی تمام خصوصیات اسمیں موجود تھیں۔ لیکن یہ بھی عجیب اتفاق تھا کہ سعید کی نگاہ میں یہی خوبیاں خار تھیں وہ والدین کے خوف سے تو کچھ نہ کہہ سکا، لیکن زہرہ کا اس حد تک جاہل ہونا اسکے خیال سے ہر وہ شخص جاہل تھا جو انگریزی نہ جانتا ہو، اسے شاق تھا۔

سب سے زیادہ سعید کے لئے یہ باعث تکلیف بات تھی کہ جسوقت وہ گھر میں داخل ہوتا تو زہرہ شرم و حجاب سے اندر چلی جاتی، (اسلئے کہ دیہاتی زندگی میں حیا و شرم کا یہی معیار ابتک قائم ہے) حالانکہ سعید کی خواہشات یہ تھیں کہ وہ زہرہ کو فلٹن پر ہمراہ لیکر تفریح کے لئے جائے۔ دوستوں سے ملائے اور بالکل آزاد مغربی عورت بنادے، لیکن زہرہ نے ان باتوں کی طرف قطعی توجہ نہ کی جسکا مستقبل ایک خطرناک صورت پکڑتا گیا۔

سعید نے بی۔ اے تک تعلیم حاصل کی تھی، اسکے خیالات بالکل مغربی تھے۔ وہ پردہ کا اتنا ہی سخت مخالف تھا جتنی "مذہب جدید صاحبہ"۔ مگر قسمت کی نیرنگی اس کو کہتے ہیں کہ شریک زندگی زہرہ ایسی لڑکی ملی جو بالکل اسکی ضد تھی سعید نے زہرہ کو بہت کچھ سمجھایا، کہ وہ اس پردے کی پرانی رسم کو توڑ کر آزاد ہوجائے، مگر زہرہ کی سمجھ سے یہ بات باہر تھی۔ آخر کار یہ ہوا کہ سعید کی کشیدگی بڑھتی رہی۔ مگر زہرہ کو اسکا احساس نہیں ہوا، جسکے دو اسباب تھے۔ اول تو وہ حق پر تھی دوسرے خسر اور ساس کی موجودگی میں اسے کسی قسم کی تکلیف بھی نہ تھی، لیکن دو ہی سال کے بعد جب اُنکا انتقال ہوگیا تو زہرہ نے اپنے تئیں ایک بالکل نئی دنیا میں پایا۔ جہاں کے ہر در و دیوار سے آزادی کی صدا بلند ہو رہی تھی۔

سعید نے والدین کے مرتے ہی اپنی قدیم بارہ دری کو کرایہ پر اٹھا کر سول لائن میں ایک نہایت ہی ہوا دار بنگلہ کرایہ پہ لیا،

اور اُسے انگریزی طریقہ پر آراستہ کرکے اپنے اُن تمام حوصلوں کو پورا کرنا شروع کردیا جو ایک عرصے سے دلمیں دبے ہوئے تھے ۔ اسکا خیال تھا کہ صحبت کا اثر زہرہ کی معاشرت میں بھی تبدیلی پیدا کردیگا مگر خلاف توقع ایسا نہیں ہوا ۔

جب سعید نے کوششوں کے باوجود بھی اپنی حسرتوں کا خون ہوتے دیکھا، تو اُسنے ایک دن زہرہ سے صاف صاف کہدیا کہ "زہرہ تم نے ابھی تک اپنی دہقانیت ترک نہیں کی ۔ میں چاہتا ہوں کہ تم زمانہ حال کی ایک شریف لیڈی کی طرح زندگی بسر کرو، اور ساتھ ہی ساتھ دنیا میں نام پیدا کرنے کی بھی کوشش کرو، اسلئے کہ انسان صرف اسی لئے نہیں پیدا کیا گیا ہے کہ چند روز زندہ رہکر مرجائے ۔ میں نے اسی وجہ سے تمسے بارہا انگریزی پڑھنے کے لئے کہا مگر تم نے کوئی توجہ نہ کی ۔ تم نہیں جانتیں کہ صرف اس بات کے لئے مجھے روزانہ دوستوں سے شرمندہ ہونا پڑتا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اُس "خالق باری" "مولود سعید" "جنگنامہ حضرت علی" "پنچسورہ" اور "دُرود تاج" ایسی کتابوں کے مطالعہ سے کیا فائدہ ہے ۔

زہرہ شوہر کی باتوں کو بغور سنتی رہی لیکن جب اسنے دیکھا کہ سعید اسکی مذہبی اور اخلاقی باتوں پر بھی تنقیص کررہا ہے تو اسکا سکوت ٹوٹ گیا، اور اسنے کہا کہ مجھے انھیں کتابوں کے پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے ۔ رہا انگریزی پڑھنا میں معیوب خیال کرتی ہوں ۔ اگر آپ اپنے احباب پر یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ میں انگریزی داں بھی ہوں تو یہ مشہور کردیجئے میں نے ایف ۔ اے تک تعلیم پائی ہے ۔ بس جو آپ چاہتے ہیں وہ ہوجائیگا ۔

سعید ۔ لیکن اگر میرے کسی دوست نے تمسے انگریزی میں گفتگو کی تو کیا کروگی ؟

زہرہ ۔ (متحیر ہوکر) تمہارے دوست اور مجھ سے باتیں کریں ۔ اسکا مطلب میری سمجھ میں نہیں آتا ؟

سعید ۔ (مزا تیز ہوکر) بس انہیں باتوں سے تو میں تمھیں جاہل خیال کرتا ہوں ۔ میرے دوستوں نے اکثر تمسے ملنے کی خواہش ظاہر کی مگر میں ابتک ٹالتا رہا ؟

زہرہ ۔ ہیں ! تو کیا تم مجھے غیر محرموں سے ملانا چاہتے ہو ؟

سعید ۔ اسمیں تمہارا نقصان ہی کیا ہے ؟

زہرہ ۔ بس خاموش رہیئے آپنے مجھے کیا تصور کیا ہے ۔ میں کوئی بازاری عورت نہیں ؟

سعید ۔ (قہقہہ لگاکر) یہ جہالت کی انتہائی منزل ہے ۔ بیوقوف کیا دوستوں سے ملکر کوئی عورت بازاری ہوجاتی ہے تم کسقدر تاریک خیال انسان ہو ؟

زہرہ ۔ میں نے کبھی یہ نہیں سُنا کہ شریف عورتیں یار دوستوں سے ملاقات کرتی ہوں ؟

سعید ۔ اگر تمنے نہیں سنا تو کوئی تعجب نہیں ۔ اسلئے کہ تم ایک ایسے دیہات میں ابتک بسر اوقات کرتی رہیں جہاں کے لوگ انسان کہے جانے کے قابل نہیں ۔ آجکل کی تہذیب یہی ہے کہ پردہ کو بالائے طاق رکھدیا جائے ؟

زہرہ ۔ ایسی تہذیب میں آگ لگے ۔ مجھ سے تو یہ تاقیامت نہیں ہوسکتا ؟

سعید ۔ لیکن میرے احکام کی پابندی تمپر لازم ہے ؟

زہرہ ۔ بیشک لیکن جبکہ وہ جائز ہوں ۔ بیوی شوہر کی فرمانبرداری کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتی ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ اگر شوہر گمراہی پر ہو تب بھی اسی کے کہنے پر عمل کرتی رہے ۔ میرا فرض تو اسوقت یہ ہے کہ آپ کو ان لغویات سے دور رکھوں ؟

سعید ۔ ہنسکر یعنی تم میری اصلاح کروگی ؟

زہرہ - اسمیں ہنسنے کی کیا بات ہے؟

سعید - صرف یہی کہ ایک جاہل عورت ایک بی - اے پاس کو نصیحت کرے؟

زہرہ - اگر بی - اے کی تعلیم کا مقصد یہی ہے کہ بیوی کو طوائف بنا دیا جائے تو لعنت ہے ایسی تعلیم پر؟

سعید - (ذرا ناراض ہوکر) زہرہ تم میری توہین کر رہی ہو - سوچو کہ میں کون ہوں؟

زہرہ - میں خوب جانتی ہوں - اور میری یہ مجال کبھی نہیں ہوسکتی کہ آپکی شان کے خلاف کچھ کہہ سکوں - مگر؟

سعید - میں مگر - وگر سننا پسند نہیں کرتا - میرا حکم ہے کہ تمکو میرے ساتھ سیر و تفریح کے لئے چلنا ہوگا - میرے دوستوں سے متعارف ہونا پڑے گا - انگریزی تعلیم حاصل کرنی ہوگی - یہ بیس گز کے پائجامہ کے بجائے تمہیں نہایت ہی سبک ہلکے انگریزی لباس استعمال کرنے ہوں گے - مجھے تمہاری یہ دہقانیت ذرا بھی نہیں بھاتی - غضب خدا کا تمنے یہ ۱۵ سیر کے زیور لاد رکھے ہیں - اگر میرا کوئی دوست تمکو اس حالت میں دیکھ لے تو یا تو مجھے بیوقوف خیال کریگا یا تم کو عورت کے بجائے سنٹرل جیل کا قیدی سمجھے گا - بس آج سے تم ان قیود سے اپنے تئیں آزاد کرو - سستی کے بجائے لبوں پر غازہ اور چہرے کو powder بنانے کے لئے پوڈر وغیرہ کا استعمال کرو - مجھے امید ہے کہ تم خود اسوقت اپنے تئیں اس سے کہیں زیادہ خوبصورت پاؤ گی - اور ہاں یہ بالوں کو بھی کٹوا ڈالو - آجکل کا نیا فیشن یہ ہے کہ بال گردن تک ہوں؟

زہرہ - مجھے ان میں سے کوئی بات بھی منظور نہیں - مجھ سے میم صاحب نہ بنا جائے گا - آپ خوش ہوں یا ناراض؟

سعید - دیکھو تم بہت زیادہ بدتمیزی کی باتیں کر رہی ہو - میں زیادہ بحث کرنا فضول سمجھتا ہوں - بس اتنا سن لو کہ جبتک تم ان پر عمل نہیں کروگی، تمکو مجھسے جدا رہنا پڑیگا؟

زہرہ - کیا - کہا - مجھے آپ سے جدا رہنا پڑیگا - کیا اس زندگی میں میں آپ سے الگ ہوجاؤں گی؟

سعید - یقیناً ایسا ہی ہوگا - میں سوسائٹی میں اپنے تئیں اب زیادہ بدنام نہیں کرسکتا؟

زہرہ - لیکن میرے لئے یہ دونوں باتیں ناممکن ہیں؟

سعید - جو کچھ بھی ہو ایک نہ ایک شرط تمہیں منظور کرنی ہوگی؟

زہرہ - پہلی شرط تو مجھے قطعی گوارا نہیں ہے، رہا دوسری کے لئے میں اپنے تئیں آپ کے رحم و کرم پر چھوڑتی ہوں؟

سعید - بہتر ہے؟

تیسرے روز سعید کے تار پہنچنے پر زہرہ کا بھائی آیا اور اُسے اپنے گھر لے گیا -

(۲)

زہرہ کے جانے کے بعد سعید نے یہ سمجھ لیا کہ اسکا باپ اسکی سرشت میں تبدیلی پیدا نہیں کرسکتا، اسلئے اُسنے نئی شادی کے لئے یہ اہتمام کیا کہ ایک روزنامہ اخبار میں اپنا اشتہار دیدیا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ دوسرے ہی روز سے اسکے پاس خطوط کی آمد شروع ہوگئی - یہ سلسلہ ایک ماہ تک جاری رہا اس عرصہ میں سیکڑوں خطوط آئے جسمیں کثرت کے ساتھ لڑکیوں کی تصاویر بھی تھیں - خطوط اکثر ایسے بھی تھے جو خود اُن لڑکیوں نے لکھے تھے جو آزادانہ شادی کرنے کی متمنی تھیں - ایسا بھی ہوا کہ دو چار لڑکیاں اس سے خود آکر ملیں مگر سعید نے انمیں سے کسی کو پسند نہ کیا -

سعید نے صرف ان خطوط کو حفاظت کے ساتھ رکھ لیا جو خود لڑکیوں کے لکھے ہوئے تھے - اسلئے کہ سعید کے خیال سے صرف وہی لڑکیاں اسکی بیوی بننے کی اہل ہوسکتی تھیں جو خود اپنی شادی کی تحریک

کرسکے۔ وہ اتنا آزاد خیال تھا!

دو ماہ کے بعد سعید نے تمام تصاویر اور خطوط یکجا کرکے آخری نظر ڈالنی شروع کی تاکہ کسی ایک کے لئے اپنی رضامندی کا اوٹ دیدے۔ وہ ہر ہر تصویر کو غور سے دیکھتا، اسکے خطوط کو پڑھتا صورت اور سیرت کے متعلق کچھ دلمیں فیصلہ کرکے رکھدیتا۔

ابھی وہ اسی انتخاب میں مصروف تھا کہ نوکر نے ایک کارڈ لاکر دیا۔ جسپر مس بلقیس ایم۔ اے لکھا ہوا تھا۔

سعید نے نوکر کو اجازت دی کہ وہ مس بلقیس کو اندر لے آئے۔

ایک منٹ کے بعد مس بلقیس اندر داخل ہوئیں جو نام سے تو مسلمان ضرور معلوم ہوتی تھیں مگر لباس بالکل مغربی تھا اسکے سر پر ایک نازک انگریزی ٹوپی تھی جسمیں کٹے ہوئے بال چھپے ہوئے تھے۔ چہرہ پوڈر اور غازہ سے اور بھی دلکشا بنایا گیا تھا۔ بدن کے ایک چوتھائی حصہ پر لباس بھی تھا اسلئے کہ دونوں ہاتھ نصف سینہ اور قریب قریب نصف سے زائد ٹانگیں برہنہ تھیں۔ سعید نے نہایت ہی تبسم انداز سے اسکا خیر مقدم کیا اور پاس ہی کوچ پر بیٹھنے کا اشارہ کرکے خود بھی بیٹھ گیا۔ چند لمحہ سکوت میں گذرے اسلئے کہ سعید حسن اور رعب فیشن کے باعث بولنے سے معذور تھا، اور بلقیس اسی کی منتظر۔ آخر کار بلقیس نے ایک معشوقانہ انداز سے کہا، مجھے بہت افسوس ہے کہ میں نے آپکے کام میں بیجا دخل دیا۔ غالباً آپ اسوقت کوئی ضروری کام کررہے تھے۔

سعید۔ نہیں نہیں۔ یہ آپ کی عین نوازش ہے کہ آپ نے تشریف لاکر مجھے عزت بخشی۔ میں بہت خوش ہوں۔

بلقیس۔ کیا آپنے اپنی شادی کے متعلق کوئی اشتہار دیا تھا۔

سعید۔ جی ہاں۔ اور اسوقت میں اسی کا انتخاب کررہا تھا۔ میرے پاس بہت سے خطوط اور تصاویر آئی ہیں؟

بلقیس۔ کیا آپ آج اسکا انتخاب کرلیں گے؟

سعید۔ قطعی؟

بلقیس۔ اگر بار خاطر نہ ہو تو میری تصویر بھی اسمیں شامل کرلیجئے۔ (تصویر دیتے ہوئے) یہ حاضر ہے؟

سعید۔ تصویر کی کیا ضرورت آپ تو خود موجود ہیں۔ مگر یہ فرمایئے، آپ مذاق تو نہیں کررہی ہیں؟

بلقیس۔ کیا آپ مجھ ایسی لیڈی سے اسی کی امید رکھتے ہیں؟

سعید۔ نہیں میں معافی کا خواستگار ہوں۔ اور میرا فیصلہ یہ ہے کہ اگر آپ تیار ہیں تو مجھے بھی کوئی عذر نہیں۔ غالباً آپ فیشن پرست ہیں اور آپ میں وہ خوبیاں بھی موجود ہیں جنکے لئے میں ایک عرصے سے پریشان تھا؟

بلقیس۔ لیکن یہ فرمادیجئے کہ شادی کے بعد آپ میری آزادی میں تو مخل نہ ہونگے۔ مسٹر سعید! اسی وجہ سے آجتک میں نے شادی نہیں کی؟

سعید۔ اوہو! کیا آپکو معلوم نہیں کہ میں نے اپنی بیوی کو صرف اسی لئے نکال دیا ہے کہ وہ آزاد خیال نہ تھی؟

بلقیس۔ تب تو ہماری زندگی آرام سے بسر ہوگی؟

سعید۔ بیشک۔ ہاں یہ فرمایئے کہ آپکے والدین کیا کرتے ہیں؟

بلقیس۔ میں تنہا ہوں میرے اعزہ کا انتقال ہوگیا ہے؟

سعید۔ (مسکراکر) میں بھی ایسا ہی ہوں۔ یہ بہت اچھا ہوا؟

(۳)

سعید اب اپنے خیال سے کامیاب ترین زندگی بسر کررہا تھا۔ مس بلقیس اب مسز سعید کے نام سے پکاری جاتی تھیں سعید نے فیشن پرستی کو اس حد تک پہنچا دیا تھا کہ اسکے دوستوں کے سوا کوئی بھی ایسا نہ تھا جو اسے کرسچین اور بلقیس کو بیدین نہ خیال کرتا ہو۔

بلقیس رقص کی فطرتاً شیدائی تھی اور تھوڑا بہت ڈانس

کر بھی لیتی تھی مگر سعید نے اُسے ایک مکمل مغربی رقاصہ بنا دیا۔ شہر کا کوئی ڈانس ایسا نہ ہوتا، جہاں مسز سعید شریک نہ ہوتیں، اور پھر خوبی یہ کہ جسطرح سعید دوسری لیڈیوں سے بغلگیر ہو کر رقص کرنا معیوب نہ خیال کرتا اسیطرح مسز سعید کو دوسرے انگریزوں اور فیشن پرست ہندوستانیوں کے ساتھ ڈانس کرتے دیکھکر ناخوش نہ ہوتا۔

بلقیس اول تو حسین تھی دوسرے شباب کا عالم تھا اور ان سب باتوں پر اسکی عوبانی، مصنوعی ناز و نخرے نزاکت اور رعنائی وغیرہ نے اسکے حُسن کی ہر چہار طرف دُھن مچا رکھی تھی۔ ہر کس و ناکس اسے دیکھکر ایکبار دل پکڑ لیتا۔ بڑے بڑے امرا اس فکر میں رہا کرتے کہ کسی طرح مسز سعید سے نیاز حاصل ہو جائے اور اکثر انگریز اس خیال میں بھی تھے کہ اسکو بہکا کر عیسائی کر لیں۔

سعید مسز سعید کی شہرت کو اپنی کامیابی اور شہرت سمجھ کر جامہ سے باہر ہو جاتا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں سعید کے احباب اس کثرت کے ساتھ ہو گئے کہ اسے ان سب سے ملاقات کرنے کی بھی فرصت نہ ملتی۔ مسز سعید کا کمرہ بالکل علیحدہ تھا۔ اسے ہر کس و ناکس سے ملنے کا اتنا ہی اختیار تھا جتنا کہ سعید کو چنانچہ مسز سعید کے دوست یا اسکے حُسن کے متوالے ہر وقت اسکے پاس آتے رہتے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا کہ سعید کثرت کار کے باعث شام کو تفریح کے لئے نہ جا سکتا تو مسز سعید اپنے کسی دوست کے ہمراہ تفریح کو مکمل کر لیتی اسلئے کہ وہ بالکل آزاد تھیں۔

(۴)

سعید صرف ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار کا ملازم تھا اور کم و بیش اتنی ہی آمدنی جائداد سے بھی تھی۔ لیکن اسکے باپ نے بینک میں بہت کافی روپیہ چھوڑا تھا، جسے وہ نہایت ہی بے دردی کے ساتھ خرچ کرتا رہا۔

مسز بلقیس کے پاس جائداد وغیرہ کچھ بھی نہ تھی، اور نہ اسکا ہی راز معلوم ہو سکا کہ وہ ایکسو روپیہ ماہوار کی کوٹھی میں کسطرح بسر کرتی تھی۔

بہرحال ایک ایسی حسین اور فیشن پرست ایم۔ اے لیڈی کے لئے اس قسم کی آسانیاں ہر گام پر پہنچ سکتی ہیں۔ وہ کچھ بھی کرتی تھی، مگر یہ ضرور تھا کہ شاہانہ زندگی بسر کرتی تھی۔ اسکا معمولی لباس بھی پانچسو سے کم میں تیار نہ ہوتا تھا۔ وہ کئی روپئے روز کا سینٹ (عطر) اور لونڈر وغیرہ رومالوں اور کپڑوں پر چھڑک کر ختم کر دیتی تھی۔ سعید نے شادی کے بعد ہی اُسکے لئے پانچ رقص کرنے والے لباس تیار کرائے تھے جو ولایت سے پندرہ ہزار میں بن کر آئے تھے اور اسقدر خوشنما اور خوشرنگ تھے کہ جسوقت وہ ہال میں انھیں پہنکر جاتی تو لوگوں کی نگاہیں خیرہ ہونے لگتیں۔

ڈیڑھ سال تک تو دوست کی فراوانی کسی شوق میں حائل نہ ہوئی، لیکن اسکے بعد سعید کی محدود آمدنی ایک بالکل آخر قسم تھی جو کسی طرح بھی صرف رقص و سرود کی مجلسوں کے لئے بھی کافی نہ ہو سکتی تھی ادھر شراب فیشن کے مست اور متوالے سعید پر عیش و راحت کا خمار ایسا چڑھا تھا کہ اُسے دنیا میں بلقیس اور فضول خرچیوں کے سوا کچھ دکھائی ہی نہ پڑتا تھا۔ وہ ہر ہر منٹ اسکا والہ و عاشق کے ساتھ بسر کرنا چاہتا تھا جیسا کہ دو سال سے عادی تھا۔ اسنے بلا کسی ردّ و قدح کے اپنی تمام جائداد نیلام کر دی۔ اور ایکبارہ پھر امیر بن گیا۔

اس مرتبہ بلقیس نے مشورہ دیا کہ ایک لاکھ کی یکمشت رقم معمولی نہیں۔ اگر اس سے تجارت کیجائے تو بہت بڑی کامیابی ہو سکتی ہے لیکن تجارت کے لئے ہر شہر موزوں نہیں۔ میرے خیال سے بمبئی میں یہ کام خوب ہو سکتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ وہاں کی نیرنگیاں بھی دیکھنے میں آئیں گی سنتی ہوں کہ بمبئی ہندوستان کی جنت ہے۔

سعید جسکے ہوش و حواس خفتہ تھے، نوکری کو خیرباد کہکر فوراً تیار ہو گیا۔

عیش پرستوں کے لئے اگر بمبئی کو ہندوستان کا پیرس کہا جائے تو غیر موزوں نہیں، اسلئے کہ بمبئی وہ جگہ ہے جہاں انسان لاکھوں

روپیہ روز بیکار شاغل میں صرف کرسکتا ہے۔ بلقیس نے بمبئی میں پہنچتے ہی تاج ہوٹل میں قیام کیا اور وہاں کی سوسائٹی میں شریک ہونے لگی۔ رفتہ رفتہ اسکے حسن جہاں تاب کی شہرت بمبئی کے بڑے بڑے تاجروں کے کانوں میں بھی پہنچ گئی، اور ہر کروڑپتی انسان اس سے ملنے لگا محض اس لئے کہ وہ حسین تھی، اور حسن سے زیادہ فیشن نے اُسے رشکِ حسن بنا دیا تھا۔

تھوڑے ہی دنوں بعد انکی دعوتیں ہونے لگیں۔ بڑے بڑے جلسے کئے جاتے جنمیں مسز سعید صدر مقرر کیجاتیں، انکے فوٹو لئے جاتے اور اخبارات میں شائع کردئے جاتے۔ ان عیش پرستیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ سعید جس مقصد کے لئے بمبئی آیا تھا۔ اُسکا بھولکر بھی خیال نہ آیا اسے صبح سے لیکر شام تک محض تفریح کی ضرورت تھی جسمیں بلقیس بھی ساتھ ہوتی۔

۷ ماہ اسی شادمانی کے ساتھ بسر ہوگئے اسلئے کہ ایک لاکھ روپیہ خرچ کرتے کرتے ختم ہوتا ہے۔ سعید سمجھا تھا کہ بڑے بڑے تاجر اس سے ملنے آتے ہیں، شاید وہ خود بھی ان ہی جیسا ہے۔ لیکن یہ محض فریب تھا فیشن کا ورنہ اسکی رہی سہی امارت بھی ختم ہو رہی تھی۔

آخر کار وہ دن بھی آگیا جو ایسے خود فراموش انسانوں کے لئے ضروری ہے۔ اب انکے پاس ایک پیسہ بھی نہ تھا اور نہ کہیں سے ملنے کا کوئی ذریعہ تھا۔ بلقیس نے ذرا غمزے کے ساتھ کہا آخر اب بسر کہاں سے ہوگی ایکہزار سے زیادہ تو ہوٹل کا باقی ہے دوسرے میرے ڈریس بھی پرانے ہوگئے ہیں۔ میں کبتک اس تنگ حالی میں بسر کروں گی۔ سعید کے پاس خاموشی کے سوا کوئی جواب نہ تھا مسز سعید نے بھی وہی کیا جو اُسے کرنا چاہئے تھا۔ صبح کو سعید نے اُٹھتے ہی میز پر ایک خط پایا۔ جسمیں لکھا تھا۔

مسٹر سعید

تمنے ایک ایم۔ اے لیڈی سے شادی کرتے وقت اسپر نہیں غور کیا تھا کہ اسکی فیشن پرستیوں کے لئے تمہاری حقیر جائداد اور آمدنی کتنے عرصے تک کافی ہوگی۔ خیر یہ تمہارا فعل تھا۔ میں جبوقت تک وفادار رہ سکتی تھی رہی۔ اب چونکہ تم فاقہ مست ہو رہے ہو، اور میرے شباب کی قدر و منزلت کرنے والے اب بھی سیکڑوں موجود ہیں اسلئے کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ، میں اپنے عیش کو برباد کردوں تمہارا خود بھی یہی خیال تھا کہ دنیا صرف عیش و راحت کے لئے بنی ہے۔ غالباً تم اسوقت بھی مجھے یہی مشورہ دیتے۔ خیر آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ اب میں بالکل آزاد ہوں۔ تمہارا مجھپر کوئی اختیار باقی نہیں رہا محض اس لئے کہ شادی کرتے وقت بجائے نکاح پڑھانے کے تمنے یہی الفاظ کہے تھے کہ جسوقت دو دل ایک دوسرے سے متفق ہوجائیں تو پھر نکاح کی ضرورت نہیں رہتی، اسلئے کہ نکاح نام ہے طرفین کی رضامندی کا۔" اسلئے اسوقت ہمارے قلوب متفق تھے تو ہم زن و شوہر تھے مگر اب جبکہ مجھے تمسے نفرت پیدا ہوگئی ہے تو میں تمہیں اپنا شوہر تسلیم نہیں کرسکتی۔ غالباً تم آزادی پسند ہوتے ہوئے میری اس حرکت پر اظہار مسرت کروگے۔ آج سے میں مسز سعید نہیں رہی۔

بلقیس

سعید نے خط کو ختم کیا لیکن اس حالت میں کہ اُسکی آنکھیں خونبار ہو رہی تھیں اور چہرے کا رنگ سرخی مائل ہو رہا تھا اسنے خط کو زمین پر پٹک کر اپنے سر کے بال نوچنے شروع کئے اور اسکے بعد وہ ایک گھنٹہ تک ایسی ایسی حرکتیں کرتا رہا جیسے پاگل معلوم ہو رہا تھا۔ مجبوراً منیجر ہوٹل نے اسے نکال دیا۔

سعید دیوانوں کے مانند بمبئی کی گلیوں میں پھرتا رہا۔ وہ ہر فیشن ایبل عورت پر بلقیس کا گمان کرکے ایک نظر ڈالتا۔ مگر ناکام واپس آتا۔ وہ ہر خوبصورت عورت کو بلقیس تصور کرکے انتقام لینا چاہتا مگر بے سود۔ وہ ہر کوٹھی اور بنگلہ میں بلقیس کی موجودگی کا

شبہہ کرتا مگر فضول۔ وہ بالکل سودائی ہوگیا تھا۔ لوگ اسے ذلیل انسان خیال کرتے تھے، اور یہ جانتے ہوئے کہ یہ وہی سعید ہے اسے ٹھکرا دیتے۔ سعید کی حالت اسوقت اُس بادشاہ یا جواری کی سی ہو رہی تھی جسنے اپنا تمام مال و متاع اپنی حماقت سے دشمن کے حوالہ کر دیا ہو۔

(۵)

زہرہ جانے کو تو گھر چلی گئی تھی، مگر جسوقت اُسے یہ معلوم ہوا کہ سعید نے کسی میم سے شادی کر لی ہے تو اُسکا دل ٹوٹ گیا، اُسنے سمجھ لیا کہ سعید اب اس سے کبھی ملتفت نہ ہوگا۔ وُہ پُرانی تہذیب کو چھوڑ کر آزادی اور عریانی کو پسند کرلے، یہ خیال اسکے دل میں غیر ارادی طور پر دوڑ گیا مگر اسکے ضمیر نے باپ دادا کی عزت پر دھبہ لگانا گوارا نہ کیا۔

زہرہ نے ایک مرتبہ دل کڑا کر کے سعید کو خط بھی لکھا کہ وہ اسے لونڈی کی طرح اپنے پاس رہنے کی اجازت دیدے مگر سعید نے اسپر کوئی توجہ نہ کی اسلئے کہ وہ بلقیس کے ساتھ رنگ رلیوں میں مصروف تھا۔

زہرہ کے رنج و غم نے آخر کار دق کی صورت اختیار کر لی۔ اسکا حسین اور نازک چہرہ رفتہ رفتہ مرجھانے اور زرد ہونے لگا۔ اسکی غذا قریب قریب ترک ہو چکی تھی اور ڈاکٹروں نے کہدیا تھا کہ اگر اسے سکون و قرار چند روز اور نصیب نہ ہوا تو زندگی مشکل ہو جائے گی۔

زہرہ کے والدین نے یہ بھی کوشش کی کہ سعید سے فارغ خطی لیکر اسکی شادی کسی دوسرے کے ساتھ کر دیں مگر زہرہ کے غیور دل نے اسے پسند نہ کیا، وہ خود دار تھی اور اپنی خودداری کو ذلیل کرنا نہ چاہتی تھی آخر کار اُسکی حالت روز بروز ابتر ہوتی گئی، یہانتک کہ وہ چلنے پھرنے سے بھی معذور ہوگئی۔ اسکے والدین نے دوا علاج میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا مگر مرض بڑھتا گیا جیوں جیوں دوا کی اسلئے کہ اسکا مرض لاعلاج تھا اور اگر اسکی دوا کوئی تھی تو صرف سعید کی توجہ۔

لوگوں کے مشورہ سے زہرہ کے والدین اسے بمبئی لے گئے جہاں ایک دِق کا مشہور ڈاکٹر تھا۔ خیال ہوا کہ شاید تبدیل آب و ہوا ہی کا کچھ اثر پڑے۔

بمبئی کے شاہی اسپتال میں زہرہ کو ڈاکٹر نے دیکھا، اسکی حالت پر متاسف ہوا اور نہایت ہی انہماک کے ساتھ علاج کرنے لگا۔ مگر زہرہ ان دواؤں سے اچھی نہ ہو سکتی تھی۔ آخر کار مجبور ہو کر ڈاکٹر نے کہدیا کہ اسے وطن لیجاؤ ورنہ مٹی بھی نصیب نہ ہوگی۔

آج زہرہ اسپتال سے رخصت ہو کر وطن جانے والی تھی، اسے گو اپنے مرض کے متعلق لاعلاج ہونے کا یقین پہلے ہی سے تھا۔ مگر امید انسان کا دامن مرتے وقت تک نہیں چھوڑتی۔ ایسی نازک حالت میں بھی زہرہ کبھی کبھی اس خیال میں محو ہو جاتی کہ سعید اسکا برگشتہ شوہر ایک روز راہ راست پر آجائے گا، اور پھر اسے اپنی آغوش میں لیکر پیار کریگا۔ زہرہ کے جانے میں صرف چند گھنٹے باقی تھے۔ اسی عرصہ میں ایک دِق کا نیا مریض داخل کیا گیا جسے میونسپل بورڈ کے محکمہ حفظان صحت کی جانب سے بھیجا گیا تھا۔ اسلئے کہ اسکا کوئی بھی والی اور وارث بجز خدا کے نہ تھا۔ اس مریض کو زہرہ ہی کا پلنگ دیا گیا تھا، اسلئے کہ اسکی سیٹ (جگہ) آج خالی ہونے والی تھی۔

پردہ نشین ہونے کے باعث زہرہ کے پلنگ کے کنارے پردے پڑے ہوئے تھے، مگر جسوقت اسے لیجانے کے لئے وہ ہٹائے گئے تو زہرہ کی پہلی نظر اسی مریض پر پڑی جو اسکی خانہ پُری کرنے کے لئے آیا تھا۔ زہرہ نے ایک حیرت کے ساتھ اسے گھور کر دیکھا، اور باپ کی طرف متوجہ ہو کر کہا۔ "ابا جان" کیا مرتے وقت میری نگاہیں جیسے دھوکا دے رہی ہیں۔ یہ میرے سامنے . . . . . .

زہرہ کے باپ نے مریض کی طرف دیکھا اور نفرت کے ساتھ

نگاہ پھیر کر کہا۔ بیٹی تیرا خیال ٹھیک ہے مگر یہ وہ سعید نہیں ہے۔ جسکے لئے تیرا دل بے چین ہو رہا ہے۔ یہ انسان نما حیوان ہے۔ خبردار! اس پر رحم نہ کھانا۔

زہرہ نے تڑپ کر کہا۔ آہ یہ کیونکر ممکن ہے۔ میں اور انھیں بھول جاؤں۔

سعید حیرت کے ساتھ زہرہ کو دیکھ رہا تھا۔ اُسوقت ایک ایک کرکے تمام گذشتہ واقعات اسکی نگاہوں میں پھر گار ہے تھے۔ وہ مرنے کے قریب تھا مگر اب اسے زہرہ کی محبت سار ہی تھی۔ اسنے رحم خواہ نگاہوں سے زہرہ کی طرف دیکھا اور ہاتھ جوڑ کر کہا "میری خطاؤں کو معاف کردو۔ ایک شریف اور نیک بیوی ہوتے ہوئے اپنے بے وفا اور بدکردار شوہر کی غلطیوں کو معاف کردو۔

"ہرگز نہیں، ہرگز نہیں" (زہرہ کے باپ نے غصہ کے ساتھ کہا) بیٹی اگر تو نے میرا کہا نہ مانا تو تیری عاقبت خراب ہو جائے گی۔ سوچ یہ وہی ہے جسنے تیری زندگی کو برباد کردیا۔

زہرہ نے روتے ہوئے جواب دیا۔ اَبّا جان میری زندگی تو انکی تھی ہی۔ اگر خراب ہوگئی تو اسکا کیا گلہ۔ میں خود گنہگار ہوں ورنہ یہ مجھ سے ناراض کیوں ہوتے۔

زہرہ کے باپ نے پھر غصہ کے ساتھ سعید کو مخاطب کرکے کہا۔ سعید۔ نام کے سعید مگر ناخلف تو نے دیکھا دنیا عیش کے لئے بنی ہے یا غم کے لئے۔ یہ تیرے اعمال کا نتیجہ ہے کہ تو اس طرح ہو رہا ہے اگر تو نے میری معصوم لڑکی کا دل نہ دکھایا ہوتا تو آج تیری یہ حالت نہ ہوتی۔ بتا اب وہ بلقیس کہاں گئی جو ہر وقت سایہ کی طرح تیرے ساتھ رہتی تھی۔ بیوقوف کیا تجھے یہ نہیں معلوم تھا کہ بُرا وقت آتے دیر نہیں لگتی۔

سعید خاموشی کے ساتھ سب کچھ سنتا رہا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنے تئیں خود لعنت ملامت کر رہا ہے۔ آخر کار زہرہ نے نہایت ہی نحیف آواز میں کہا۔ "میں امید کرتی ہوں کہ اب آپ آزادی نسواں کے مخالف ہوں گے۔ کاش آپ اب بھی میری استدعا کو منظور کرلیں بہت ممکن ہے کہ ہماری زندگی کی امیدیں جو منقطع ہو چکی ہیں پھر قائم ہو جائیں۔

سعید نے جواب دیا کہ "خدا تمہیں اچھا کرے مگر میں اب زندگی سے سیر ہو چکا، اور کوئی امید باقی نہیں رہی کہ میں کچھ روز اور جی سکوں گا۔ اسلئے کہ میری موجودہ زندگی بھی موت کے ہم پلّہ ہے . . . . . .

یکایک سعید نے متحیر ہو کر سامنے سے نوروزجی کو آتے دیکھا جو بمبئی کے مشہور سیٹھ تھے اور جنکے ساتھ بلقیس بھی تھی جسنے اب پارسی لباس پہن لیا تھا۔ شاید وہ اب مسز نوروزجی تھی۔ سعید کے تمام بدن میں کمزوری کے باوجود ایک ارتعاش پیدا ہو گیا، اسکے تیوروں سے ایسا معلوم ہوا۔ گویا وہ بلقیس کا اسی وقت خاتمہ کردیگا۔ اُدھر بلقیس نے اسپر ایک سرسری نظر ڈال کر زہرخند کے ساتھ منھ پھیر لیا۔ گویا وہ سعید سے ناواقف تھی۔ سعید کے جذبات اسقدر مشتعل ہوئے کہ وہ ایک آہ سرد کے ساتھ فرش پر گر پڑا۔

زہرہ کے علاج میں اُسکے والدین نے اپنے گھر کا تمام اسباب تک فروخت کرکے صرف کردیا تھا اور اسوقت اُنکے پاس جو کچھ باقی تھا، وہ صرف زہرہ کے زیور تھے، جنکے لئے وہ قطعی فروخت کرنے پر راضی نہ ہوتی تھی۔ سعید کی ملاقات کا کچھ ایسا اثر ہوا کہ زہرہ دن بدن اچھی ہونے لگی۔ اسکا قیام ایک ماہ تک بمبئی میں رہا۔ اس عرصہ میں وہ کئی مرتبہ سعید کو دیکھنے گئی۔ اور اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ سعید بھی اچھا ہو گیا۔

وطن واپس آکر سعید کو گویا دوبارہ زندگی نصیب ہوئی مگر اسے سب سے زیادہ پریشانی یہ تھی کہ وہ بالکل مفلس تھا۔ اُسوقت زہرہ نے اپنے تمام زیور نکال کر اسکے سامنے

رکھدیئے اور کہا کہ اے سعید یہ وہی فضول سونے کے ٹکڑے ہیں جنھیں پھینکر میں ایک قیدی نظر آتی تھی، اور جنسے تمھیں نفرت تھی۔ میرا خیال ہے کہ بزرگوں نے زیوروں کا چلن صرف ایسے ہی وقتوں پر کام آنے کے لئے رائج کیا ہوگا . . . . . میں نے قسم کھائی ہے کہ زیور نہ پہنوں گی لہذا تم انھیں فروخت کرکے کاروبار کرو . . . . . اور میری کوئی خواہش نہیں۔ مگر ہاں دیکھئے آپ آیندہ مجھے بے پردہ ہونے کے لئے استدعا نہ کیجئے گا۔

سعید کے چہرے سے عرق انفعال ٹپک رہا تھا۔ اس نے شرمندگی کے ساتھ زہرہ کی طرف دیکھا اور ہر طرف خاموشی دیکھکر اُسے آغوش میں لے لیا۔

انکی آیندہ زندگی نہایت ہی کامیابی کے ساتھ بسر ہوئی، اور پھر کبھی سعید نے آزادی کا نام نہیں لیا۔

(خاص)

شرح غم

[جناب شکیل صاحب زیدی معاون انکشاف]

آپ ہی۔ اپنی کیوں دوا نہ کریں — لاؤ اظہار مدعا نہ کریں
ان کو آمادہ جفا نہ کریں — ہو جو ممکن تو التجا نہ کریں
حضرت دل کو مشورہ دیدوں — ضبط غم۔ صرف التجا نہ کریں
کون ہمدرد بیکساں ہوگا — آپ ہی جبکہ ابتدا نہ کریں
کہدو جاکر کہ حضرت عیسیٰ — مجھ کو شرمندہ دوا نہ کریں
بزم جاناں میں جائیں تو لیکن — اُن سے امید اعتنا نہ کریں
پرسش حال۔ چارہ سازی غم — آپ چاہیں اگر تو کیا نہ کریں
خلش زخم دل! ارے توبہ!! — اب وہ ناوک کہیں خطا نہ کریں

زندگی ہو عزیز جن کو شکیل
دل کا اپنے کبھی کہا نہ کریں

(خاص)

اودھ اخبار

تاریخی چھڑی

[جناب شوکت تھانوی معاون اودھ اخبار لکھنؤ سابق مدیر معاون ہمدم لکھنؤ]

بھائی زہیر اچھے خاصے تو اناتندرست تھے یکایک بیمار پڑ گئے اور ایسے بیمار پڑے کہ بڑے بڑے سول سرجنوں نے دق کا فتویٰ دیدیا اب کیا تھا بیچارہ کو چت لٹا دیا گیا اور بات تک کرنے کو منع کر دیا تھوڑے دنوں تک تو گھر پر پڑے رہے لیکن جب بخار کم نہ ہوا تو مڈیکل کالج میں جاکر لیٹنا پڑا وہاں جاکر بیچارے کے ایک پھیپھڑے کو ہوا بھر کر بیکار کر دیا گیا اور روزانہ اس پر "تھوریس" کا سلسلہ جاری رہنے لگا جس کے بہانہ گویا انکو مجبور کیا جارہا تھا کہ بس ایک ہی پھیپھڑے سے زندہ رہو موسم سرما میں تو خیر اُن سے پھر بھی قرب حاصل تھا اس لئے کہ مڈیکل کالج بھی لکھنو ہی میں ہے لیکن جیسے ہی موسم گرما کی آمد آمد ہوئی اُنکے معالج نے اُنکو بھوالی ضلع نینی تال کے سناٹوریم میں بھیجنے کا مشورہ دیا اور وہ آخر کار ۲۴ بھیجے ہیں ہمیں بھوالی میں۔

کہتے ہوئے لکھنؤ سے تشریف لے گئے۔ انکے بھوالی جانے کے بعد اُنکا تو خیر جو کچھ حال ہوا وہ اُنکے خطوط سے ظاہر ہے جسمیں وہ ہمیشہ لکھا کرتے تھے کہ "بحمداللہ بخریت ہوں اور آپ کی خیر و عافیت خداوند کریم سے نیک مطلوب ہے" لیکن ہم اپنے فرصت کے اوقات میں اکثر اور بیشتر دست بدعا رہنے لگے کہ خداوند کریم اُنکو صحت کلی عطا فرمائے۔

گرمیوں کے ختم ہونے کے بعد جب بھوالی میں برف باری شروع ہونے کو ہوئی تو آپ وہاں سے واپس آئے اور اس طرح واپس آئے کہ بیمار تو خیر معلوم نہیں ہوتے تھے لیکن دستی چھڑیوں کے سوا اگر ضرور معلوم تھے کہ آپ کے ہمراہ کوئی ڈیڑھ درجن چھوٹی بڑی۔ موٹی۔ پتلی۔ ٹیڑھی سیدھی چھڑیاں اور ڈنڈے اور لاٹھیاں اور لٹھ تھے جنکو دیکھتے ہی ہم سمجھ گئے کہ ان میں سے ایک نہ ایک ہماری قسمت میں بھی لکھی ہے چنانچہ جس وقت اُن چھڑیوں اور ڈنڈوں کی تقسیم شروع ہوئی تو آپ نے ہم کو بھی ایک پتلی سی چھڑی عنایت فرماتے ہوئے کہا کہ یہ تو روزمرہ کے استعمال کی ہے اور بڑی مضبوط ہے اور سیاڑی ہے اور عمدہ ہے اسکے بعد ایک دوسری گرہ دار پتلی سے ذرا موٹی اور موٹی سے ذرا پتلی بادامی رنگ کی چھڑی اُٹھاتے ہوئے فرمایا کہ مگر ایک خاص چیز ہے اور میں بس تمہارے لئے لایا ہوں اُسکی صفت یہ ہے کہ یہ گرمیوں میں جب ہاتھ سے پسینہ چھوٹتا ہے تو نہایت خوشگوار خوشبو دیتی ہے اُسکا نام ہے چیری کی لکڑی یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک ولایتی دوسری جاپانی لیکن جاپانی زیادہ بیش قیمت ہوتی ہے اور یہ وہی ہے اسکو حفاظت سے رکھئے گا اور اس سے آپ بہت خوش ہونگے اس لکچر کے بعد وہ چھڑی ہمارے حوالہ کر دی گئی۔ ہم نے اپنے ہاتھوں کو رگڑ رگڑ کر گرمانا چاہا تاکہ چھڑی کی خوشبو محسوس کر سکیں اور اس محویت میں ہم نے بھائی زہیر سے یہ بھی نہیں پوچھا کہ آپ کا دوسرا پھیپھڑا

بھی بخیریت ہے یا خدا نخواستہ نہیں۔

وہ جاپانی تم بھوالوی چھڑی آج تک ہمارے پاس بخیریت ہے حالانکہ اس بیچاری پر اتنے حادثات گذرے کہ اُسکو از روئے قاعدہ جنت میں ہونا چاہئے تھا۔ لیکن نہیں معلوم کہ بھائی زبیر نے کس نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ وہ ہمکو دی تھی کہ حوادث کی تیز اور تند آندھیاں بھی اُسکو ہم سے نہ چھڑا سکیں اور اب تو ہمکو یقین ہوگیا ہے کہ اگر ہم خود اسکو چھوڑنا چاہینگے تو بھی وہ ہم سے اس پالو کتے کی طرح نہ چھوٹے گی اور جو دریا پار پھنکوا دینے کے چوتھے گھنٹہ دُم ہلا ہوا ہمارے گھر میں نظر آتا ہے۔

سب سے پہلے یہ چھڑی ہمارے ہمراہ ایک دوست کے یہاں تک گئی لیکن وہاں سے واپسی پر ہم خالی ہاتھ تھے اور ہم ایسے بے وفا نکلے کہ ہمکو اس غریب کا راستہ بھر خیال نہ آیا جب رات کو بستر پر سونے کے لئے لیٹے اور تمام دن کا نقشہ ہماری آنکھوں کے سامنے پھرا تو ہمکو چھڑی بھی یاد آئی اور ہم نے بستر سے اُٹھ کو اُس کھونٹی پر دیکھا جسپر وہ ہمارے یہاں آنے کے بعد سے ابتک لٹکا کرتی تھی لیکن وہ کھونٹی ویران نظر آرہی تھی اور اسپر ایسی یاس کا عالم طاری تھا گویا اسکا سہاگ لٹ گیا ہے اب ہمکو ذرا تشویش ہوئی اور ہم نے اپنی دن بھر کی ایک ایک نقل و حرکت پر آنکھیں بند کرکے غور کرنا شروع کر دیا کہ وہ کہاں تک ہمارے ساتھ تھی اور کہاں سے جدائی ہوئی لیکن ہمکو اُسکا چھوٹنا نہ یاد آتا تھا نہ آیا بڑی دیر تک یاد کرنے کے بعد ہم نے ایک آہ سرد کے ساتھ اُسکو صبر کر لیا اور سو گئے تمام رات خواب میں وہ چھڑی ہمارے ہاتھ میں تھی۔

رات گذری دن ہوا۔ دن کٹا رات آئی یہانتک ہفتوں سے مہینے گذر گئے لیکن اُس چھڑی کا کہیں پتہ نہ لگا اور ہم اس کو بھولنے لگے ایک دن اتفاق سے وہ دوست ہمارے مکان پر آئے جن کے یہاں ہم چھڑی گم کرنے گئے تھے اور اُنکے ہاتھ میں اپنی چھڑی دیکھکر اُنکی طرف جھپٹے وہ سمجھے کہ ہم جوش خلوص میں مصافحہ یا معانقہ کرینگے۔ لیکن ہم اُنکے ہاتھ سے چھڑی کو لیکر اوپر سے نیچے تک دیکھنا شروع کر دیا۔ وہ بولے:۔

"کیا یہ تمہاری ہے"؟

ہم:۔ "اور نہیں تو کیا تمہاری ہے"؟

وہ:۔ یہ تو بہت دنوں سے میرے یہاں پڑی تھی میں سمجھا کہ کوئی بھول گیا ہوگا اور جب اُس کی لاوارثی کو ایک عرصہ گزر گیا تو میں نے استعمال کرنا شروع کر دی"۔

ہم نے کوئی جواب نہیں دیا حالانکہ وہ یہ سمجھکر کچھ بگڑ بھی گئے کہ شاید ہم نے اُن پر چوری کا شبہہ کیا ہے لیکن ہمکو تو اپنی چھڑی کے ملنے پر اتنی مسرت تھی کہ ہم چھڑی کو دیکھنا چھوڑ کر اُن سے گفتگو کرنا نہیں چاہتے تھے۔

ایک دن دفتر پہنچنے میں اتنی دیر ہوگئی تھی کہ ہمکو سوائے جلد سے جلد دفتر پہنچ جانے کے اور کوئی فکر ہی نہ تھی چنانچہ دفتر پہنچ کر جب سب سے پہلی مرتبہ ہمکو چھڑی کا خیال آیا تو ہم سمجھے کہ جلدی میں گھر پر بھول آئے ہیں اور اسی اطمینان پر تمام دن چھڑی کی جدائی ہم پر گراں نہیں ہوئی لیکن جب گھر پر آکر ہم نے اُس کو نہ پایا تو گھر کے ایک ایک بڈھے جوان اور بچہ کو بلا کر تحقیقات کی سب کے بیانات لئے بڈھوں سے خوشامد کی جوانوں کو لالچ دی بچوں کو دھمکایا لیکن سب انکار کرتے رہے بلکہ ہماری بیوی نے اپنی عینی شہادت پیش کر دی کہ "واہ میں خود تمہارے ایک ہاتھ میں رومال اور ایک میں چھڑی دیکھی تھی تم چھڑی سے پڑوہ بھی ہنٹا یا تھا اور بکری کو بھی مارا تھا" تو ہمکو خاموش ہو جانا پڑا لیکن تھوڑی دیر کے بعد ہم نے

پھر بیوی سے پوچھا کہ "تم کو اچھی طرح یاد ہے کہ چھڑی کے متعلق جو کچھ تم نے کہا ہے وہ آج ہی کا قصہ ہے؟" اور جب اُنھوں نے ہمکو یقین دلایا کہ آج ہی دفتر جاتے وقت ہم چھڑی لیکر گھر سے نکلے تھے تو ہم نے اُسکے دوسری مرتبہ گم ہونے پر صبر کر لیا اس لئے ایکی مرتبہ تو کسی دوست کے یہاں بھی نہیں گئے تھے جو اسکے ملنے کا کوئی امکان ہو۔ لیکن صاحب خداوند کریم واقعی مسبب الاسباب اور بڑا رحیم ہے کہ تھوڑی دیر کے بعد وہ یکہ والا جسپر ہم دفتر گئے تھے دوڑتا ہوا ہمارے پاس آیا اور ہماری چھڑی ہمارے حوالہ کر دی ہم نے حیرت سے پوچھا۔ یہ کیا؟"

اس نے جواب دیا آپ یکہ پر بھول گئے تھے بڑی مشکل سے آپکا گھر ملا ہے تو اُسوقت آیا ہوں"

ہم کو اسکی ایمانداری پر ایسی خوشی ہوئی کہ دل چاہا کہ اپنی تمام جائداد اسکے نام منتقل کر دیں لیکن بال بچے والے کے لئے یہ بات چونکہ ناممکن تھی لہذا انعام کے طور پر ہم نے فوراً دو پیسے اسکو دیدئے وہ سلام کر کے چلا گیا اور ہم نے چھڑی لاکر کھونٹی پر ٹانگدی اب ہر شخص نے ہمکو قائل کرنا شروع کر دیا کہ دیکھو ہم نہ کہتے تھے کہ چھڑی لیکر دفتر گئے تھے۔ چونکہ چھڑی مل گئی تھی لہذا ہم نے بھی کوئی ناراضگی کا اظہار نہ کیا بلکہ ہنسی خوشی سب کی باتیں سنتے رہے۔

اس کے بعد بھی متعدد مرتبہ کھوئی اور ملی لیکن وہ اسی طرح یکہ سے گری اور راہگیروں نے چیخنا شروع کر دیا چھڑی گر گئی چھڑی گر گئی" اور ہم نے فوراً یکہ رکوا کر چھڑی اٹھالی لیکن تحریک سول نافرمانی کے سلسلہ میں جب لکھنؤ میں ہنگامہ ہوا اور وقفہ ایک سو چوالیس یا کرفیو آرڈر کے ماتحت چھڑی لیکر نکلنا ممنوع قرار پایا اسوقت بھی ہم نے چھڑی کو نہ چھوڑا اور برابر اُس کو ہاتھ میں لئے نکلتے رہے۔ ایک دن امین آباد کے چوراہے پر آرام پولیس کے ایک سپاہی نے ہمکو روکا اُس سپاہی کے پاس لکڑیوں ڈنڈوں لاٹھیوں اور چھڑیوں کا ایسا انبار لگا ہوا تھا کہ گویا وہ بھی بھائی زبیر کی طرح بھوالی سے آیا تھا فرق صرف اتنا تھا کہ بھائی زبیر چھڑیاں تقسیم کرتے تھے اور وہ چھڑیاں وصول کرتا تھا۔ بہر حال اُس کے روکنے پر ہم رک گئے اُس نے کہا:۔

"یہ چھڑی دیدو"

ہم نے جواب دیا "کیا کہا؟"

وہ۔ کہا یہ کہ "یہ چھڑی دیدو"

ہم۔ کیا کروگے اسکو"

وہ۔ "ہم کو حکم ہے سب سے چھڑیاں لے لیں"۔

ہم۔ "لیکن یہ تو ڈنڈا نہیں ہے چھڑی ہے"۔

وہ۔ "ہوا کرے اسے اِدھر لائیے"۔

ہم۔ "سنو تو بھائی تمکو تو یہ حکم ہے کہ ایک انچ موٹی لکڑی تم لے سکتے ہو اور یہ ایک انچ سے کم ہے"

وہ۔ "ہم کچھ نہیں جانتے یہ چھڑی ہے تو لاؤ اسکو اِدھر"

ہم۔ پہلے اسکو ناپو اگر ایک انچ نکل آئے تو ضرور لے لو نہیں تو.....

وہ۔ "ہم کچھ نہیں سن سکتے چھڑی ہمکو دو"

ہم۔ "اچھا ہم کل سے لیکر نہیں نکلیں گے"

وہ۔ آج تو نکلے ہو چھڑی لاؤ"

ہم۔ "خیر آج جانے دو اب معلوم ہو گیا"۔

وہ۔ "جانے کیسے دیں چھڑی لاؤ ہم نہیں جانتے"۔

یہ کہکر اُس نے ہمارے ہاتھ سے چھڑی لے لی اور ہم منہ دیکھتے رہ گئے ہماری چھڑی بھی اسی انبار میں پھینکدی گئی اور ہم قانونی

چارہ جوئی کے ارادے سے پولیس کی چوکی کی طرف چلے کہ انسران بالا کو اس اہم معاملہ کی طرف متوجہ کریں پولیس کی چوکی پر اس زمانہ میں سب انسپکٹر بھی رہا کرتے تھے بلکہ بعض اوقات ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ صاحب بھی آجاتے تھے ہم نے جاکر فوراً سب انسپکٹر صاحب سے کل حال کہدیا وہ بیچارے کچھ مرد مسلمان واقع ہوئے تھے فوراً ہمارے ہمراہ موقع واردات پر تشریف لائے اور سپاہی سے ہماری چھڑی طلب کی اُس نے فوراً چھڑی اُٹھا کر دیدی سب انسپکٹر صاحب نے اُسکو ہر طرح ناپ کر تول کر سپاہی سے کہا "دیکھو ایسی چھڑیاں نہ لیا کرو یہ ایک انچ سے کم ہیں" اور ہمکو چھڑی دیدی ہمارے خیال میں چھڑی کے معاملہ میں اس سے زیادہ کامیابی ہمکو کبھی نہیں ہوسکتی تھی لہذا ہم فتحمندانہ نظروں سے سپاہی کو دیکھتے ہوئے گھر چلے آئے اور چھڑی کو بدستور کھونٹی پر ٹانگدیا ایک دن تو اس چھڑی کی وجہ سے کمال ہی ہوگیا کہ ہم معہ اُسکے ایک مشاعرہ میں گئے اور اُسکو اپنے سامنے رکھکر بیٹھ گئے اتفاق سے ہمارے نزدیک ہی ایک اور صاحب کے پاس اسی قسم کی ایک چھڑی تھی اُنھوں نے ہماری چھڑی کو اور ہم نے اُنکی چھڑی کو اُن نظروں سے دیکھا جنکا مفہوم یہ تھا کہ "ارے ان کے پاس بھی ایسی چھڑی ہے"؟ اور اسکے بعد خاموشی کے ساتھ مشاعرہ سنتے رہے عین اُسوقت جب ہماری باری آئی اور ہم غزل جیب سے نکال کر دوزانو ہو کر بیٹھے وہ حضرت مشاعرہ سے اُٹھکر جانے لگے۔ یہ کوئی نئی بات نہ تھی لہذا ہم اُنکی طرف متوجہ بھی نہ ہوئے بلکہ صدر مشاعرہ سے پوچھا "اجازت ہے عرض کرتا ہوں" اُنھوں نے فرمایا "بسم اللہ" اور تمام حاضرین ہماری طرف متوجہ ہوگئے ہم نے ایک ہاتھ سے چھڑی کو ٹٹولتے ہوئے پڑھنے کا ارادہ کیا کہ ہمکو چھڑی کے نہ ہونے کا شبہہ ہوا اب جو ہم نے اسکو دیکھا تو وہ تھی نہ تھی بلکہ اُس کی جگہ پر دوسری اسی قسم کی چھڑی رکھی تھی ہم سمجھ گئے کہ یہ حضرت جو ابھی اُٹھکر گئے ہیں ہماری چھڑی لے گئے ہم فوراً مشاعرہ سے اُٹھے اور باہر کی طرف اس طرح بھاگے کہ ہمکو حاضرین کے متوجہ ہونے کی بھی پرواہ نہ ہوئی ہم جب باہر آئے تو وہ حضرت موجود تھے اور چھڑی اُنکی بغل میں دبی تھی ہم نے اُنکی چھڑی اُنکو دیتے ہوئے کہا جناب یہ ہے میری چھڑی مجھکو دیجئے" اُنھوں نے تعجب سے دونوں چھڑیوں کو دیکھا اور کہا "جی ہاں جی ہاں" ہم چھڑی لیکر واپس ہوئے اسوقت مشاعرہ میں عجیب چہ میگوئیاں ہو رہی تھیں کسی نے کہا "جناب وہ ضرور خفا ہو کر گئے ہیں" "ورنہ چھڑی لیجانے کا کون سا شک تھا" دوسرے صاحب بولے مگر کوئی بات بھی تو نہیں ہوئی تیسرے نے فرمایا "معلوم ہوتا ہے غزل گر گئی" یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ ہمکو دیکھکر سب بولے "وہ آگئے وہ آگئے" اور ہم "چھڑی بدل گئی تھی" کہتے ہوئے اپنی جگہ پر بیٹھ گئے اور غزل پڑھنا شروع کردی۔

اب سنئے کہ اُس چھڑی کو ہم نے سفر بھی کرایا یعنی اپنے ہمراہ جہانسی بریلی سلطانپور وغیرہ لے گئے لیکن یہ ہمیشہ ہمارے ساتھ رہی ایکمرتبہ ہمکو شاہجہانپور جانے کا اتفاق ہوا اور حسب معمول چھڑی بھی ہمارے ساتھ تھی ہم معہ اپنی چھڑی کے بخیریت تمام شاہجہانپور پہنچے لیکن ہمکو دوسرے دن صبح ہی کو سیتاپور جانے کا اتفاق ہوگیا لہذا اس سفر میں بھی چھڑی ہمارے ساتھ تھی اور سیتاپور سے شاہجہانپور آتے ہوئے بھی تمام راستہ وہ ہماری نظروں کے سامنے موجود رہی لیکن جب گاڑی شاہجہانپور کے اسٹیشن پر رکی تو اسباب اتروانے کی گڑبڑ میں ہم نے اُس غریب کو چھوڑ دیا اور تمام اسباب کی طرف سے اطمینان کر کے اسٹیشن سے باہر آگئے بلکہ تانگے پر روانہ بھی ہوگئے مگر وہ چھڑی نہ آئی جب گھر پہنچ کر تانگہ والے نے کرایہ کے معاملہ میں جھگڑا کیا اور ہم نے اسکو مارنا چاہا تو چھڑی ندارد تھی اب کیا کرتے یہ واقعہ تو قطعاً ایسا تھا کہ اب ہم کو چھڑی نہیں مل سکتی تھی گاڑی چھوٹ چکی تھی اور ہم گھر آگئے تھے اس مرتبہ تو چھڑی کی جدائی کو دائمی سمجھکر ہماری آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور ہم نے

ہر ایک آہ سرد کے ساتھ اپنی مرحومہ چھڑی کا ذکر کیا اور جس نے جس نے بھی سنا چھڑی کے ملنے کی طرف سے مایوسی کا اظہار کیا اس لئے کہ وہ گاڑی شاہجہانپور سے چل کر روسا جنکشن پر رات بھر کھڑی رہتی ہے اور صبح چھ بجے پھر شاہجہانپور آکر سیتاپور روانہ ہو جاتی ہے اول تو اسی چکر میں چھڑی کو غائب ہو جانا چاہیئے دوسرے جس گاڑی سے ہم لکھنؤ آنے والے تھے وہ ساڑھے پانچ ہی بجے چھوٹ جاتی تھی لہذا ہم چھ بجے والی گاڑی پر اپنی چھڑی تلاش بھی نہیں کر سکتے تھے غرضکہ ہر طرف سے مایوسی ہی مایوسی تھی ہم نے دل پر پتھر رکھ لیا اور مشیت ایزدی میں کیا چارہ ہے کہکر صبر کی طرف مائل ہوئے۔ رات بھر چھڑی یاد آئی اور صبح ہم چھڑی کی یاد لئے گھر سے اسٹیشن روانہ ہوئے اسٹیشن پر معلوم ہوا کہ دہرہ میل جس سے ہم لکھنؤ آنے والے تھے پچاس منٹ لیٹ ہے ہم نے اسٹیشن پر ٹہلنا شروع کر دیا تھوڑی ہی دیر میں وہ سیتاپور والی گاڑی نظر آئی اور ہماری نظروں کے سامنے چھڑی کی تصویر گھومنے لگی ہمارا دل دھڑکنے لگا کہ خدا کرے چھڑی بجائے کراتے میں گاڑی پلیٹ فارم پر رک گئی اور ہم آہستہ آہستہ زیر لب دعائیں کرتے ہوئے اپنے درجہ کی طرف بڑھے اور دروازہ کھولکر جو دیکھا تو چھڑی گدے پر لمبی لمبی لیٹی ہوئی تھی بلکہ اس کے قریب ہی ایک پیتل کا قفل بھی رکھا تھا ہم نے چھڑی کو اصل اور قفل کو سود سمجھکر رکھ لیا اور اپنی قسمت پر فخر کرتے ہوئے گاڑی سے نکل آئے یعنی واللہ کوئی امکان ہی نہ تھا کہ چھڑی مل جائے گی لیکن دہرہ میل کا لیٹ ہونا ہمارے لئے اُسی دن لکھنؤ لوٹنا وغیرہ یہ سب باتیں ایسی تھیں جو فطرت کی طرف سے غیر محسوس طور پر ہو رہی تھیں اور چھڑی کا خلوص ہمکو چھوڑنا نہیں چاہتا تھا اگر یہی چھڑی اتفاق سے بجائے لکڑی ہونے کے انسان ہوتی تو ہمارا اور اس کا افسانہ بھی لیلیٰ مجنوں شیریں فرہاد وغیرہ کی طرح آج بچہ بچہ کی زبان پر ہوتا لیکن کوئی ہمارے دل سے پوچھے کہ ہمکو وہ چھڑی اب کتنی عزیز ہے ہم کو معلوم ہے کہ وہ بیجان ہونے کے باوجود ہم سے ایک خاموش محبت رکھتی ہے اور ہم اس کو اسی طرح چاہتے ہیں کہ اب اُس کی جدائی ہماری کمر توڑے گی اسوقت ہم لکھتے جاتے ہیں اور محبت بھری آنکھوں سے اسکو دیکھتے جاتے ہیں وہ بھی کھونٹی پر ٹنگی ہے اور ہوا سے جھوم جھوم کر ہماری محبت کو گویا محسوس کر رہی ہے وہ تو کہئے کہ یہ ہماری چھڑی ہے یعنی ایک مضمون نگار کی جو زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتا ہے کہ ایک مضمون لکھدے ورنہ اگر یہ کسی بادشاہ کی ہوتی تو آج اسکو جادو کی چھڑی اور نہیں معلوم کیا کیا سمجھا جاتا بہر حال اس سے تو انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ ایک تاریخی چھڑی ہے اور اُس کی اہمیت اور بھی بڑھ جائے گی جب یہ ہمارے ولائت کے سفر میں سمندر میں گرنے کے بعد تیرتی ہوئی بندرگاہ بمبئی پہنچے گی اور واپسی میں ہمکو ملے گی۔ (خاص)

اودھ پنچ

خط ایڈیٹر "اودھ پنچ" بنام ایڈیٹر "چاند"

[جناب حکیم سید ممتاز حسین صاحب۔ ایڈیٹر "اودھ پنچ" لکھنؤ

محترم و معظم جناب منشی کنھیا لال صاحب۔

تسلیم۔ اودھ پنچ کا بار تنہا اپنی گردن پر لینے کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں کام چور ہو گیا۔ پھر بھی دو چار ورق کا مضمون لکھنا پہاڑی کے پتھر ڈھونے کے برابر نہ تھا جو تعمیل حکم سے گردن تابی کرتا۔ اور بہانہ ڈھونڈھتا مگر دو قسم کی بیماریوں نے یکبارگی حملہ کر دیا۔ ایک علیر یا بخار جس نے تمام ڈیل پر کرم فرمایا۔ دوسرے اسفل جسم کے بعض دو ہر یا ثمر نما عضو "تولید مثل" پر آمادہ ہو گئے آپ جانتے مردوں کو تولید کی زحمت یا عسر ولادت کی ایذا سے کب واسطہ پڑتا ہے؟ پھر تولید بھی کس کی۔ اوندھے پھوڑے کی تین چار ہفتے اس مخصوص اور موذی بیماری نے ضایع کئے۔ خدا خدا کر کے اب تفرق اتصال ہوا ہے۔ اس حالت میں چاند کے لئے مضمون لکھنا بہت مشکل ہے۔ عذر لنگ نہیں عذر صحیح قبول فرمائیے۔

مجھے جب اس کا علم ہوا کہ آپ نے میرا نام اہل قلم کی فہرست میں لکھ لیا تو بہت تعجب ہوا۔ آجتک سیکڑوں مضمون قدیم اور جدید نظم و نثر لکھنے والوں کے متعلق ماہواری رسالوں اور اخباری کاغذوں میں شایع ہوئے ان میں کہیں میرا ذکر یا میرا نام نہیں۔ اور ہے بھی تو اعتراضات کی ہتکڑیوں بیڑیوں میں مقید ہے۔ لذت اردو معلی کا خلعت دوسروں کے جسم کی زینت نظر آتا ہے اب آپ ہی فرمائیے کہ ایک تو میں ادیب نہیں۔ دوسرے بیمار تیسرے متروک الدنیا۔ چوتھے اتنی ہمت نہیں رکھتا کہ نالائقی کا خلعت جو برادری نے عنایت کیا ہے اسے نامنظور کر دوں اور زبردستی کہوں کہ میرا شمار کاملین روزگار میں ہونا چاہئے۔ پانچویں سب سے بڑا عذر یہ کہ ڈرپوک ہوں یعنی مرد میدان مقابلہ و مسابقت نہیں۔ پھر بھلا کیا سیمیں کے مضمون نگاری کی بانگی دکھاؤں۔ جناب میرا درود ہی سے سلام ہے۔

میں ان لوگوں کا حشر کتب تاریخ میں دیکھ چکا ہوں جن کو جہل مرکب کی بیماری نے شکل کابوسی کی طرح دبوچا اور اپنے پرلے کے سامنے بے جانی بوجھی بات میں دخل دے کے ذلیل ہوئے:۔

(۱) اسحٰق بن ابراھیم موصلی کے سامنے ابو عبیدہ نے قدما کے بعض شعر پڑھے۔ اسحاق نے پوچھا "کیوں جی اس کلام میں کوئی حسن یا مزہ بھی ہے؟"۔ عبیدہ نے جواب دیا "نہیں" اسحاق نے ناک بھوں چڑھا کے کہا "تو پھر کیوں گدھے کی طرح بوجھ اٹھائے پھرتے ہو"۔

ممکن ہے کہ میری بے مزہ عبارت دیکھ کے آپ سے یہی سوال ہو کہ جناب منشی صاحب آخر اس شخص کے ٹوٹے پھوٹے جملوں اور بے ربط عبارت میں کیا لال لگے ہیں جو آپ نے خواہ مخواہ اچھا بھلا کاغذ روی بناڈالا؟ اے حضرت اس سے تو بہتر تھا کہ ملا فلاں جناب فلاں مسٹر فلاں۔ پروفیسر فلاں سے مضمون لکھنے کی درخواست کی ہوتی جو پیدائشی ادیب و ظریف ہیں اور جن کے رشحات قلم کے دیر بار احسان آج ہندوستان بھر کے میگزین ہیں۔

(۲) بنی یتیم (قبیلہ) کا ایک شخص ابو نواس فرزدق

سنو شاعر عرب کے پاس آیا اور کہا" میں نے ایک شعر کہا ہے سن لیجئے" فرزدق نے شعر سنا اور چند لمحے کے بعد کہا "سنو بھائی شعر کو ایک سو سالہ اونٹ فرض کرو جس کے اجزائے جسم کی تقسیم یوں ہوئی کہ امرؤالقیس کے حصے میں تو سر آیا۔ عمر بن کلثوم نے کوہان پایا علبید بن الابرص نے ران پر قناعت کی اعشیٰ کو سرین ملی زھیر نے پچھے ہتھیائے طرفہ کے ہاتھ سینہ لگا نابغتان (نابغۃ جعدی و نابغۃ ذبیانی) پہلو اور پسلیاں لے بھاگے۔ میں سب کے آخر میں پہنچا۔ قوائم (ہڈیاں اور ٹانگیں) اور پیٹ کا مالک میں بنا۔ اوجھڑی بچونی اور ٹخنوں پر جو بال ہیں یہ کہہ کے قابض ہوا کہ یا رو مجھے بھی کچھ ملنا چاہیئے۔ ہم نے کہا لے جاؤ تمھیں مبارک ہو۔ اوجھڑی بچونی اس نے پکا کے کھائی مگر نہ پچی تو زمین دیکھی اور دکھائی۔ میاں تمہاری شاعری وہی جزار کے پیٹ سے نکلا ہوا فضلہ ہے۔

جناب ایڈیٹر صاحب! مجھے اندیشہ ہے کہ اگر میں کوئی مستقل مضمون لکھوں تو وہ اگلوں کے پیٹ کا فضلہ سمجھا جائے گا۔ ابھی تک لوگوں نے بجائے خود یہ طے کیا ہے کہ پرانے اودھ پنچ کے ماخوذات جدید اودھ پنچ کے حیات کا سبب ہیں۔ اجی وہ وقت ہی اور تھا۔ وہ زمانہ ہی اور تھا۔ وہ لوگ ہی اور تھے۔

(۳) ایک شاعر صاحب نے اپنے برادر مکرم سے فرمایا کہ میں شاعر ہو گیا ہوں سنا آپ نے؟ انہوں نے ارشاد کیا بھائی یہ کوچہ پرخطر ہے۔ خیر گھر منادُ تو سہی۔ شاعر صاحب مستعد ہوئے۔ ابھی یہی ایک شعر پڑھا تھا ؎

ھل تعرف الدار با لقفنینا
ابکینا فاحزنینا

کیا تم اس گھر کو جانتے ہو جو قفقینا میں ہے اور اسنے مجھے رولایا اور رنجیدہ کیا) فون کی نامعقول ٹکر سے جھلا کے بھائی صاحب اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے "ابے مردود اگر تو نے دوسرا شعر پڑھا تو خدا کی قسم تجھے کنویں میں ڈھکیل دوں گا۔

اڈیٹر صاحب۔ مجھ بے بضاعت فرمایا کہ مضمون دیکھ کے مبادا چاند کے خریداروں میں سے کوئی کنویں میں ڈھکیلنے پر آمادہ ہو جائے۔

(۴) ابن صباح کی کنیز جس کا نام بُرھان تھا۔ ابن صباح کے مہمان بُنان کے سامنے گانے بیٹھی ؎

انّ نفسی رسول نفسی الیھا
ونفسی جعلت نفسی رسولاً

(میرا نفس خود میرے نفس کا معشوقہ کی طرف پیامبر ہے۔ اپنے نفس کے لئے میں نے اپنے نفس کو پیامبر بنایا ہے) بنان نے برہان کے منہ پر ہاتھ رکھ کے کہا۔ "چپ اب تو سارے گھر میں فس فس پھس پھس کی آواز گونجنے لگی"

منشی صاحب! میں ڈرتا ہوں کہ چاند میں میرا سڑا اوپسا مضمون دیکھ کے لوگ چاند کے منہ پر ہاتھ نہ رکھیں۔

(۵) ایک شاعر صاحب شعر پڑھ رہے تھے دوسرے نے تعریف کی" واہ صاحب! کیا شکر ہے جس میں مٹھاس نہیں"

حضرت بیمار ہوں۔ بیماری میں ٹھٹھول کے سوجھتی ہے۔ کڑوی دوائیں پیتے پیتے زبان تلخ ہو گئی۔ سو کھے ٹھٹھے یا زہر خند اور بن مٹھاس کی شکر ایک ہی ہیں۔ تاریخ میں بُرے اور بے معنے مضمون کے نتائج صدہا درج ہیں مگر سب سے بڑا یہ واقعہ ہے کہ محمد بن حسن الحقی کے صاحبزادے کو شاعری کا شوق ہوا۔ مگر وہ صرف شاعری

[بقیہ صفحہ ۶۹ پر دیکھئے]

انقلاب

غزل

[شریمتی جے دیوی حیا۔ سابق ایڈیٹر "انقلاب"]

جل بجھے ہم نہ رہا داغ نہیں دل باقی — نہ تو وہ شمع رہی ہے، نہ وہ محفل باقی
راہ کترا کے وہ جاتے ہیں سوئے بزم عدو — حوصلہ اب بھی ہے تجھ میں کشش دل باقی
پر پروانہ کہیں ہیں، کہیں ہے شمع کا عکس — صبح کو رہ گئی یہ رونق محفل باقی
ہاتھ رکھا ہے ستمگر نے مرے سینے پر — کچھ تو رہ جائے الٰہی تپش دل باقی
ڈالی ہیں قہر کی نظریں سر محفل اُس نے — کیا کروں ہائے نہیں ہیں جگر و دل باقی
گردشیں کیوں نہ دیں ساقی کی خماری آنکھیں — نشہ میں کیا ہو خیال حق و باطل باقی
کیوں کشیدہ ہے گلے تیغ سے مل لینے دے — دل میں رہ جائے نہ قاتل ہوس دل باقی

اے حیا یار کی مژگاں کا تصور نہ گیا
رہ گئی دل میں ہمارے خلش دل باقی

(خاص)

(صفحہ ۵۶۸ کا بقیہ)

کی تہمت اپنے سر لینا چاہتے تھے۔ محاسن شعر یا معنویت کی پروا انہیں نہ تھی۔ ایک دن باپ سے کہنے لگے "ابا۔ ابا۔ میں نے شاعری شروع کر دی۔ باپ نے جواب دیا کہ سناؤ۔ صاحبزادے اس پر مچلے کہ اگر شعر آپ کو پسند آیا تو ایک لونڈی یا ایک غلام انعام میں لوں گا۔ باوا نے ہامی بھری کہ ایک نہیں دو دونگا۔ اب تو صاحبزادے دل کھول کے پر کٹی اڑانے لگے۔ حضرتی کو غصہ آگیا اور کہنے لگا:۔ خدا کی قسم ایسے اشعار کا صلہ نہ لونڈی ہے نہ غلام۔ مگر سر دست میں تیری ماں کو تین طلاقیں دیتا ہوں جس نے ایسا یاوہ گو لڑکا جنا

بہر کیف جناب اڈیٹر صاحب میں عذر خواہ ہوں اور مجھے امید ہے کہ آپ مجھے میدان نظم و نثر میں بھیڑیوں کے ساتھ کلول کرنے پر مجبور نہ فرمائیں گے۔ میں صحیح عرض کرتا ہوں کہ مجھے کوئی دعوی یا سلیقہ انشا پردازی میں نہیں۔ میں نے تو "چندیں شکل برائے اکمل" کے طور پر یہ پیشہ اختیار کر لیا۔ زیادہ نیاز

نیاز مند۔ ممتاز

(خاص)

آئینہ

اُردو

[جناب وحیدالدین احمد سابق ایڈیٹر "آئینہ" الٰہ آباد]

کچھ عرصہ سے اردو کے ادیب اور انشا پردازوں کا رجحان اس طرف ہو رہا ہے کہ اردو میں فارسی و عربی کے نامانوس اور غریب الفاظ اور ترکیبوں کی بھرمار سے زبان میں اظہار خیال کے لئے وسعت پیدا کریں اور انہوں نے شاید اس ذریعہ سے اردو کو انگریزی کا ہم پایہ بنانا چاہا ہے۔ لیکن اس کوشش میں سب سے ضروری امر جو اردو کی ترقی اور ترویج کا باعث ہو سکتا ہے ان بہی خواہان اردو نے قطعی نظر انداز کر دیا۔ اردو کی عالمگیری اور ہر دلعزیزی کا خاص سبب اس کا عام فہم ہونے کے علاوہ اس میں دوسری ہندوستانی زبانوں کی آمیزش تھی۔ یہی وجہ تھی اور ہے کہ اردو بہت تھوڑے تغیر کے ساتھ ہندوستان کے ہر صوبے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ ان حضرات نے اردو کی اس سب سے بڑی خصوصیت سے اس کو محروم کر دیا۔ اس کا نتیجہ جو کچھ ہو رہا ہے اور جو ہونے والا ہے ظاہر ہے۔ فارسی کا یہ مصرعہ۔ سعدی از دست خویشتن فریاد۔ بالکل اردو کی حالت پر صادق آتا ہے۔ کس قدر تعجب و حیرت کا مقام ہے کہ اردو کو ابتدا میں غیروں سے امداد ملی اور غیروں نے اس کی زندگی اور بقا کے سامان فراہم کئے اور آج خود اپنی ناعاقبت اندیشی سے اسکی ہلاکت کے ذریعے اور اس کے فنا ہو جانے کے اسباب مہیا کر رہے ہیں۔ اردو کے آخری دور کے شعرا اور بہی خواہان زبان کو اس کا احساس ہو گیا تھا۔ چنانچہ مولانا حالی مرحوم کا کلام اور سرسید کی نثر بطور ثبوت پیش کیا جا سکتی ہیں۔ علم گنجایش کی وجہ سے مولانا حالی کی صرف ایک نظم کے چند شعر درج کئے جاتے ہیں جن سے ظاہر ہوگا کہ اردو کے اس نامور شاعر پر یہ حقیقت واضح ہو چکی تھی۔ مولانا حالی کی ایک مشہور حمد کے یہ چند شعر اور اس میں الفاظ خطوط کشیدہ خاص طور پر ملاحظہ طلب ہیں۔

اے سارے سنسار کے مالک ہے بے پرا اور پردار کے مالک
اے اندھوں کے آنکھ کے تارے ہے اے لولے لنگڑوں کے سہارے
دکھ میں تسلی دینے والے ہے نیاؤ جہاں کی کھینے والے
اب جب تب تجھ سا نہیں کوئی ہے تجھ سے ہیں سب تجھ سا نہیں کوئی

یہ ایک امر واقعہ ہے کہ ہندوستان کسانوں اور کاشتکاروں کا ملک ہے۔ اس کی تین چوتھائی سے زیادہ آبادی گاؤں میں رہتی ہے۔ پھر کیا ہماری موجودہ دور کی شاعری میں جو عربی و فارسی الفاظ و ترکیبوں سے پٹی پڑی ہے۔ ان کے تمدن و معاشرت کی کوئی جھلک نظر آتی ہے یا ان کے جذبات کا دھندلا سایہ تو بھی دشمن نظر آتا ہے؟ اور پھر ایسی صورت میں کیا اردو کی شاعری ہندوستان کی شاعری کہلائی جا سکتی ہے؟ ایک صاحب فکر کا قول ہے کہ کسی ملک کی شاعری اس ملک کی معاشرت و تمدن کی آئینہ دار موتی ہے۔ کیا ان معنوں میں اردو شاعری اس معیار پر جانچے جانے کی متحمل ہو سکتی ہے؟ ایک موقعہ پر میں نے کسی سے ایک دوہا سنا تھا جو حسب ذیل ہے۔

کہر گیسے ۔ پیر تھکے ۔ پیٹ پوجھالے
ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ گھاس دے

اسوقت بے اختیار میرے منہ سے نکلا کہ یہ واقعی ہندوستان کی شاعری ہے۔ اور ہندوستان کی شاعری کے لئے یہ ہی زبان اور انداز بیان مناسب ہیں۔ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اگر آج مولانا حالی اور ان کے دوسرے عاقبت اندیش معاصرین کا تتبع کیا جاتا تو آج یہ دو بالا تامل اردو زبان کا شعر کہلاتا۔

موجودہ اردو شعرا تو شاید اس شعر کو اردو کا شعر کہنا اردو کی توہین سمجھیں۔ مگر اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ اگر اردو کو اسی طرح اجنبی اور پردیسی بنانے کی کوششیں جاری رہی تو وہ دن دور نہیں ہے جب ہندوستانی اردو کو بھی بدیشی کپڑے کی طرح بائیکاٹ کر دیں گے۔ اور جب تک اردو ان الفاظ و محاوروں کو قبول کرنے سے انکار کرتی رہے گی جو صدیوں سے ہندیوں کی زبان پر ہیں اور جب تک اس میں ہندی اور دوسری دیسی زبانوں کے الفاظ کو عربی و فارسی پر ترجیح نہ دیجائے گی اسوقت تک اردو کا مستقبل ہندوستان میں تاریک اور مایوس کرنے والا رہیگا۔ ایک طرف اردو کا یہ حال ہے اور دوسری طرف ملک کی بدقسمتی سے ہندی کے بہی خواہ و ادیب اردو دانوں کی دیکھا دیکھی ہندی میں آدھے سے زیادہ سنسکرت کے نامانوس و ثقیل الفاظ و محاورے شامل کر کے ان دونوں زبانوں کے اختلاف کی خلیج کو اور زیادہ وسیع بنا رہے ہیں۔ لیکن بہی خواہان ہندی کو بھی یاد رکھنا چاہئے کہ وہ اپنی زبان کو ایک مردہ زبان کا خوشہ چیں بنا کر بجائے فائدہ کے نقصان اٹھائیں گے۔ سنسکرت ملی ہوئی ہندی کبھی مقبول ہو کر ملک کی زبان نہ قرار دیجا سکے گی۔ ہندی اور اردو کی بہتری اور بھلائی اسی میں ہے کہ دونوں کو ایک دوسرے سے قریب تر کرنے کی کوشش کی جائے اور بہت تھوڑے تغیر کے ساتھ یہ مشترکہ زبان جس کا آیندہ نام ہندوستانی رکھا جائے ملک بھر میں رواج پائے۔ اردو کے حامیوں کا ایک ضروری اور اہم فرض یہ بھی ہونا چاہئے کہ ہندو مت اور دوسرے ہندوستانی مذاہب کی مقدس اور مذہبی کتابوں کو باقاعدہ طور پر ترجمہ کے ذریعے اس طرح اردو میں منتقل کریں کہ ایک ہندو یا کوئی غیر مسلم اپنی روزمرہ کی مذہبی معلومات کے لئے کسی دوسری زبان کا محتاج نہ رہے۔ سب سے آخر میں میں حامیان اردو سے یہ عرض کروں گا کہ وہ ذرا وسعت نظر سے کام لیں اور ہندی الفاظ و محاورں کو اردو میں منتقل کرتے وقت فراخ دلی اور عالی حوصلگی برتیں۔ ساتھ ہی ساتھ ہندوستان کی آب و ہوا اور ہندوستانیوں کے گلے کی ساخت وغیرہ کی مناسبت سے اردو کو سدھاریں اور اس میں وہ صلاحیت پیدا کریں جس سے ہندوستان کے رہنے والے اسے اپنی مادری زبان کہہ سکیں اور وہ ہندوستان کی مشترکہ زبان قرار پا سکے۔ حرکت یا کلمہ رمضان یا غلطی کا عربی تلفظ جن میں تین یا تین سے زیادہ حروف متواتر متحرک ہوں ترک کر دیں۔ تین حرفوں کا متواتر متحرک ہونا اردو کی فطرت اور فصاحت کے خلاف ہے۔ اسی طرح تین حروف کا مسلسل سکون بھی اردو کی فطرت کے خلاف ہے۔ لہٰذا انگریزی داں اصحاب کو چاہئے کہ جب وہ کارڈ یا کورٹ اردو میں بولیں تو کارڈ اور کورت کے بجائے کارڈ اور کورٹ کہیں تاکہ ایسے الفاظ اردو میں مستعمل ہو جائیں اور ہندوستانیوں کی زبان سے جو انگریزی سے ناواقف ہیں ادا ہو سکیں۔ اکثر حضرات فارسی اور ہندی الفاظ کے درمیان اضافت کا استعمال قابل اعتراض سمجھتے ہیں اور اس کو انشا پردازی کی غلطی اور زبان سے ناواقفیت کی دلیل سمجھتے ہیں۔ لیکن میں نے جہاں تک غور

[بقیہ صفحہ ۵۵۲ پر دیکھئے]

بائیسکوپ

نرالی اُردو

(کارخانہ کے ایک کاریگر کی زبانی)

(جناب ایم۔اے۔ معنی۔ بی۔اے۔ سابق ایڈیٹر بائیسکوپ دہلی)

[ذیل کی عبارت دیکھتے وقت زیر و زبر اور الفاظ کی عجیب و غریب تبدیلیوں کو ضرور ملحوظ خاطر رکھئے]

بعض آدمی تو جنہاور سے بھی بدتر ہوتے ہیں جنکے دِن کی عقل گدّی کے پیچھے ہوتی ہے کہ اپنے آگو کسو دوسرے کو کچھ سمجھتے ہی نئی۔ دُور کیوں جاؤ منتیاز ہی کو دیکھ لو جما جما آٹھ دن دے پلوائی کرتے دے ہوئے ہیں مگر ہر وخت کھال سے باہر ریتا ہے۔ گو یا افلاطون کا بچہ بنا وا ہے۔ بے ناحق لوگوں سے اڑتا ہے کسو کو مار کسو کو پیٹ ایک زور اٹھا رکھا ہے۔ میں نے رکتی ایک دفعہ دِس سے کیا کہ دیکھ دنی منتیاز تو تا اکڑا مکڑا نہ کر۔ بڑے بول کا سر ہمیشہ نیچو ہوتا ہے بے فضول میں ہر ایک کو ستانا اچھا نئی ہے کدھی کسو بیڈھب سے واسطہ پڑ گیا تو تو تیرے تکلے کے سے بل نکل جائیں گے گرہ آدمی ہو تو سمجھے دے تو اپنی جوانی اور پلوانی پر اِتنا غرہ تھا کہ میری وصیت کو ایک کان سنا ایک کان اُڑا دیا۔ سنا نہ سنا برابر کیا۔ میں نے بھی سوچ لیا کہ ایسا آدمی ٹھوکر کھا کر ہی سنبھلتا ہے میں کیوں اپنی زبان تھکاؤں ہاں اس فخر میں ضرور رہا کہ کسو طریاں دے سے اپنی آنکھوں کے سامنے سیخ پلتا دا دیکھوں۔ اور میری یہ مراد پوری بھی ہوگئی

ایک دِنا کو ہی ڈیڑھ بجے کا ٹیم تھا میں کلن دردوز سے باتیں کر رہا تھا کہ اِتنے میں گلی میں سے غُل غپاڑے کی آواز آئی۔ میں ذلدی سے باہر نکل کے گیا نظر اٹھا کے جو دیکھا تو دال سیب والے کا خونچہ تو زمین میں گرا وا پڑا تھا اور منتیاز کی اور دال سیب والے کی بڑے زوروں پہ ہا تھا پائی ہو رہی تھی۔ کدھی تو منتیاز دے نیچو دبا دیتا اور کدھی وہ منتیاز کے اوپر چڑھ بیٹھتا۔ میں نے ایک لڈے سے جو واں کھڑا وا تھا دریافت کیا کہ وئی یہ لڑائی ڈنگہ کس بات پہ ہو رہا ہے وہ بولا خلیفہ جی بات در اصل میں یہ ہوئی تھی کہ منتیاز اپنی بیٹھک میں سوا پا تھا۔ دس دال سیب والے نے آواز لگا کے چیخنا شروع کیا تو دس کی آنکھ کھل گئی بس دس نے غصہ میں جا کر دال سیب والے کو پھلم پار تو گالیاں دیں اور بازدان دس کا خونچہ بھی زمین پہ پھینک دیا۔ پھر تو دس دال سیب والے کو بھی غصہ آگیا اور دس نے منتیاز کے گریبان میں ہاتھ ڈال دیا کہ میرا خونچہ کیوں پھینکا دس کا نا توان ابھی تیرے سے رکھوالوں گا۔ بس جدسے وِن دونوں کی کشتم کشتا ہو رہی ہے۔ میں نے کیا غضبے اندھیر منتیاز تو تو اب کا بچہ ئی بنا وا ہے کہ دس کے سونے کے دخت سودے والا گلی میں آواز بھی نئی لگائے میں تو یہ کہہ ئی رہا تھا کہ دال سیب والے نے منتیاز کو کُولے پہ لا دکے دے مارا۔ منتیاز کی ساری شیخی کرکری ہوگئی۔ دال سیب والا جھپا سکے سے اس کے سینے پہ چڑھ بیٹھا اور پھر جو دس نے منتیاز کے دے رسیٹے پہ رسیٹا رسید کیا ہے تو منتیاز کو پیچھا چھٹانا دوبر ہوگیا۔ وہ تو مجھے یار یا نے کا خیال آگیا

(بقیہ نمبر صفحہ پر دیکھئے)

بال سکھا

زبان

"بہ تتبع مضمون نثر علامہ حالی"

[جناب مولانا سید حامد علی صاحب، ایڈیٹر بال سکھا، الہ آباد]

اے زباں اے بادشاہ ملک سر سبز سخن :: ملیل شیریں بیاں خلق و طوطی شکر شکن
تیرے باعث آدمی حیوان ناطق ہو گیا :: جتنی مخلوق خدا ہے سب پہ فائق ہو گیا
اصل میں انساں تیری وجہ سے انساں ہے :: ورنہ وہ بھی مثل حیوانوں کے اک حیواں ہے
غیر کو اپنا بنا لیتی ہے گویائی تیری :: یہ ہے عقل و فراست بھی ہے دانائی تیری
کھولدینا عقدۂ مشکل کا تیرا کام ہے :: کاشف اسرار پنہاں تیرا سچا نام ہے
تجھے دینے کہیں دیں کے بنے ہیں کام بھی :: اہل عالم نے سنا تجھ سے خدا کا نام بھی
گوشے گوشے میں زمانے کے تجھی سے دھوم ہے :: تو وہ کنجی ہے کہ جس سے کھل گئے قفل علوم
تو نہ ہوتی تو بشر میں عقل بھی یہ کا رکھی :: سرد ساری اس جہاں کی گرمی بازار تھی
دلبری و دلکشی کی تجھ میں خوبی جمع ہے :: روشنی نطق و بیاں کی جس سے تو وہ شمع ہے
دھوم ہے تیرے سبب سے عالم اسباب میں :: بے ترے آتی نظر بیدار دنیا خواب میں
تو نہ ہوتی تو تماشا ہر جوان و پیر تھا :: تو نہ ہوتی تو جہاں اک عالم تصویر تھا
نام کا بھی ہے سبب تو وجہ ننگ بھی :: صلح کی دلبر بھی ہے تو اور دیو جنگ بھی
تیری نرمی سے ہزاروں سنگدل پانی ہوئے :: تیری سختی سے اعادی شمن جانی ہوئے
تیرے باعث منقلب دنیا ہے اور ساکن ہے تو :: تیرے کاٹے کا نہیں منتر ہے وہ ناگن ہے تو
دیکھنے میں گوشت کا اک لوتھڑا صورت تیری :: تخت شاہوں کے الٹتی ہے اگر نوبت تیری
تو نے عالم میں خدائی کی ہے اپنے زور سے :: قسم کے کہنے ہی نکل آئے ہیں مردے گور سے
جان لینے میں سوا ہے تیغ آتش دم سے بھی :: زخم تیرا بھرنہیں سکتا کسی مرہم سے بھی
گالیاں سنوائی ہیں تو نے نصیحت پر کبھی :: اور انعامات دلوائے فضیحت پر کبھی
یار بنتی ہے کبھی اغیار بن جاتی ہے تو :: ڈھال بنتی ہے کبھی تلوار بن جاتی ہے تو
کم قاتل ہے کہیں تو اور کہیں اکسیر بھی :: تجھ میں امرت کا اثر ہے زہر کی تاثیر بھی
تو کہیں زخموں کے خاطر مرہم زنگار ہے :: یہ اور کہیں بہر عدو جلتی ہوئی تلوار ہے
صاف زنگ کفر سے تو نے کبھی دل کر دیا :: اور کبھی لالچ میں پڑ کے حق کو باطل کر دیا
جب کسی ٹوٹے ہوئے دل کی ہوئی سازش تری :: عرش اعظم کو ہلا دیتی ہے اک جنبش تری
بات تو ہو تو بزم خرمی کا ساز ہے :: بے اثر گر ہو تو اک آواز ہی آواز ہے
قید خانے تو نے بچائی سے اکثر بھر دیئے :: پیٹوؤں کے پیٹ جھوٹی بات کہہ کر بھر دیئے
اے زباں سچی زباں تو ہے تو بے شک زباں :: ورنہ تو ایسی زبوں ہے جس سے ہوتا ہے زیاں
صدق گفتاری ترا جوہر ہے اسکو یاد رکھ :: اہل حاجت کو بھی قید طمع سے آزاد رکھ
راہ حق میں سر جو کٹوا دے تو اسکا غم نہیں :: ناک جا بنا زان الفت کی نہ کٹوانا کہیں
جھوٹ کہکر بادشاہوں سے نہ ہوتی رو دلو :: چاہے کچھی جائے گردی سے گر سچ بولنا

زرد رو ہوں چاہے قوم پر جفا کے سامنے
سرخرو لیکن مجھے رکھنا خدا کے سامنے

(خاص)

مسٹر مشیر احمد علوی ، ایڈیٹر ''تنقید''



مسٹر محمد الدین ، ایڈیٹر ''صوفی''



مسٹر حسن لطیفی ، ممبر ''خیالستان''

مسٹر نشتر جالندھری ، ایڈیٹر ''ادیب''

حضرت لسان القوم صفي لکھنوي ' رکن ادارت '' معيار ''



حضرت ظريف لکھنوي ' رکن ادارت '' معيار ''



مسٹر سيد علي دادر ' ايڈيٹر '' مبلغ ''

مسٹر محمود احمد عرفاني ' ايڈيٹر '' اسلامي دنيا '' ناشر

حضرت رياض خيرآبادي ' ايڈيٹر '' رياض الاخبار ''



مسٹر رحم علي هاشمي ' ايڈيٹر '' همدم ''

مسٹر جاگيشور ناتھ ورما بيتاب ' ايڈيٹر '' شعاع ''

ڈاکٹر ايف - قادري ' ايڈيٹر '' رهنما ''

شريمتي چ ديوي حيا ، سابق ايديتر " انقلاب "

محترمة سيدة توفيدة علام ، مديرة " امهات المستقبل " قاهرة

مسٹر ڈي . آر - سهاديشور ، جاينٹ ايديٹر
" انڈين ڈيلي ٹيليگراف "

مسٹر ظفر عباس ، ايديٹر " نظارة "

هزاکسلینسي مهاراجه سرکشن پرشاد بهادر ' معاون
وسرپرست متعدد رسالۂ جات

مسٹر محمد اسحاق ' رکن ادارت '' جام جهان نما ''

مسٹر هربلوک سنگه ' ایڈیٹر '' خبردار ''

مسٹر امین سلونوي ' ایڈیٹر '' نظر ''

بھارت

اردو جرنلزم

[مفتی شیوزاین صاحب بھٹناگر ایڈیٹر بھارت دہلی و سابق ایڈیٹر "تیج"]

(۱)

دنیا کی گذشتہ سو سالہ تاریخ میں اخبارات نے کس قدر حصہ لیا ہے۔ یہ امر کسی چشم حقیقت میں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اہم ترین واقعات کو پیدا و تبدیل کرنا اور اپنی مرضی کے مطابق ماحول پیدا کر لینا اخبارات کے لئے بائیں ہاتھ کا کام ہے۔ رائی کا پہاڑ بنا دینا اور پہاڑ کو پریس کی سیاہی سے چھپا دینا اخبارات کا ہی حصہ ہے۔ یہی نہیں بلکہ پشتینی دوستوں کو بھڑانا اور جانی دشمنوں میں صلح کرا دینا اخبارات کے لئے معمولی کھیل ہے۔

گذشتہ جنگ عظیم میں جرمنی کی مسلّمہ فتح کو شکست میں تبدیل کرا دینے والے اخبارات تھے۔ جبکہ وقت جنگ زوروں پر تھی۔ اخبارات اور خبر رساں ایجنسیوں نے جو زیادہ تر برطانیہ کے ہاتھ میں تھیں۔ جرمنی کے مفروضہ مظالموں کی داستانیں گھڑ کر امریکہ اور دوسرے غیر جانبدار ممالک کے دلوں میں جرمنی کے خلاف نفرت و حقارت کا جذبہ پیدا کر دیا جس سے اتحادیوں کو تمام دنیا کی اخلاقی بلکہ مالی امداد حاصل ہو گئی۔ اور پریذیڈنٹ ولسن کی امداد سے انہوں نے شیر جرمنی کو عہدنامہ ورسلز کے آہنی پنجرے میں بند کر دیا۔

انگریزی اور ہندوستانی اخبارات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ جہاں انگریزی اخبارات کی ترقی کا آفتاب نصف النہار پر چمک رہا ہے۔ اردو ہندی کے اخبارات کا سویرا ابھی فی الحقیقت طلوع بھی نہیں ہوا ہے۔ برطانیہ و امریکہ کے روزانہ۔ ہفتہ وار اور ماہوار و اخبارات و رسائل نے جو ترقی کی ہے۔ وہ ہندوستانی اخبارات کو خواب میں بھی نصیب نہیں ہوئی۔ اسکی وجہ یہ ہے۔ کہ سرمایہ و انتظام ہر دو کے یکجا ہونے پر کامیابی ممکن ہے۔ جہاں انگلستان میں بڑے بڑے سرمایہ دار اخبارات میں لاکھوں روپیہ صرف کر دیتے ہیں۔ اور اعلیٰ ترین قابلیت کے اشخاص گراں قدر مشاہرے ملازم رکھتے ہیں۔ وہاں ہندوستان میں روپیہ والے تو اخبارات کے نام سے ہی کانوں پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ اخبارات جاری کرتے ہیں۔ اُن کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ کم سے کم تنخواہ دار آدمی رکھے جائیں۔ اور ان سے زیادہ سے زیادہ کام لیا جائے۔ کامیاب ترین ہندوستانی اخبارات میں دیکھا گیا ہے۔ کہ شاذ کو تنخواہ تو اسقدر ملتی ہے کہ وہ بمشکل جسم و روح کو یکجا رکھ سکتے ہیں۔ لیکن کام دس دس بلکہ بعض اوقات بارہ بارہ گھنٹے لیا جاتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اعلےٰ سے اعلےٰ دماغ رکھنے والے بھی اس حالت میں اچھا کام نہیں کر سکتے۔ جسمانی کام کرنے والے مزدوروں کے لئے تو یہ کوشش ہو رہی ہے۔ کہ چالیس یا بیالیس گھنٹہ کا ہفتہ مقرر کیا جائے۔ مگر ان دماغی مزدوروں کو جن سے اور بھی کم کام لیا جانا چاہیئے۔ کوئی نہیں پوچھتا۔

ہندوستان میں اردو اخبارات عام طور پر کسی خاص مقصد و خیال کو لیکر پیدا نہیں ہوتے۔ بلکہ دوسرے اچھے موقع

نہ پانے والے نوجوانوں کی انفرادی کوششوں کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ سرمایہ ان کے پاس ہوتا ہی نہیں۔ اس لئے اشاف میں اوّل تو خود ہی بطور ایڈیٹر۔ مینجر۔ مترجم اور کنویسر کے کام کرتے ہیں۔ اور اگر انہیں کوئی اچھا آدمی تھوڑی تنخواہ پر مل جاتا ہے تو اُسے سب کاموں میں رگڑتے ہیں۔ اسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جو اخبار وہ پیدا کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف نادار کا اور بدانتظامی کا نمونہ ہوتا ہے۔ بلکہ انگریزی اخبارات کی خبروں کے ترجمے۔ منقول مضامین اور بھدّے ایڈیٹوریل کا ایسا چٹھڑا ہوتا ہے۔ جسے کوئی معقول آدمی پسند نہیں کرتا۔ اخبار میں ظاہری خوبیاں پیدا کرنے اور اشتہارات حاصل کرنے کے لئے پروپیگنڈہ کرنے کے لئے ان کے پاس روپیہ نہیں ہوتا۔ اس لئے اُن کی آمدنی کا انحصار زیادہ تر خریداروں پر ہوتا ہے۔ جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ کثیر الاشاعت ہونے کے باوجود بھی ہندوستانی خصوصاً اُردو اخبارات گھاٹے پر چلتے ہیں۔

ایک اور مشکل جسکا اُردو اخبارات کو سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لیتھو پریس ہے۔ انگریزی۔ ہندی۔ گجراتی۔ مرہٹی۔ بنگلہ وغیرہ ہر زبان کا بہترین ٹائپ موجود ہے۔ لیکن اُردو ٹائپ جو اسوقت تک طیار ہوا ہے۔ نہایت بھدا اور ناقص ہے۔ نستعلیق ٹائپ کی اول تو کسی نے کوشش ہی نہیں کی اور اگر کی تو ایسے لوگوں نے کی جنکے پاس نہ تو سرمایہ تھا۔ اور نہ اُنہیں اردو نستعلیق سے واقفیت تھی۔ اس لئے اُنھیں کامیابی نہ ہوسکی۔ اردو اخبارات کو مجبوراً لیتھو سے ہی گذارہ کرنا پڑتا ہے۔ لیتھو میں بعض خوبیاں بھی ایسی ہیں۔ جو ٹائپ میں نصیب نہیں ہوسکتیں۔ مثلاً کارٹوں اور لائن خاکے وغیرہ چھپ جاتے ہیں۔ جس سے نہ صرف بلوک کا خرچ بچتا ہے۔ بلکہ وقت بھی ضائع نہیں ہوتا۔ اسکے علاوہ لیتھو کی چھپائی ٹائپ سے ارزاں ہوتی ہے۔ لیکن یہ نقص ہے کہ اعلیٰ چھپائی نہیں ہوسکتی دوسرے بلاک اور تصویر وغیرہ لیتھو میں چھپ ہی نہیں سکتی۔ اور جب کبھی اسکی ضرورت ہوتی ہے۔ تو اُردو اخبارات کو ٹائپ پریس کی پناہ لینی پڑتی ہے۔ اور یا تو علٰحدہ کاغذ پر تصویر دینی ہوتی ہے۔ یا ایک فارم کو دو دفعہ چھاپنا پڑتا ہے۔ جس سے لاگت بڑھ جاتی ہے۔ جرمنی نے فوٹو لیتھو پریس کا طریقہ ایجاد کیا ہے۔ مگر ہندوستان میں ابھی تک وہ کسی جگہ کامیاب نہ ہوسکا۔ جسکی بڑی وجہ وہی سرمایہ کی کمی اور بدانتظامی ہے۔

جہاں تک میرا تجربہ ہے۔ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ قابلیت میں ہندوستانی دوسری قوم والوں سے کم نہیں ہیں۔ اس حالت میں بھی جبکہ ہندوستان میں اخبار نویسی مفلسی اور جہالت کی درمیانی حالت کا نام ہے۔ ہندوستانی اخبارات میں کئی ایک بہترین اہل قلم اور انتظامی قابلیت رکھنے والے موجود ہیں لیکن یہ ایک کھلی حقیقت ہے۔ کہ قابل اخبار نویس بشرطیکہ انھیں اخبار نویسی کا مرض لاعلاج نہ ہوگیا ہو۔ عموماً یہ کوشش کرتے رہتے ہیں۔ کہ اگر انھیں کوئی دوسرا اچھا موقعہ مل جائے تو اس مصیبت سے نجات حاصل کریں۔ اگر ہندوستان میں کافی سرمایہ سے بڑی بڑی کمپنیاں جاری کیجائیں جو اپ ٹو۔ ڈیٹ پریس کی امداد سے بہترین اخبارات جاری کریں تو یقیناً اُردو اخبارات کا پایہ بہت بلند ہوسکتا ہے۔ گجراتی اور مرہٹی زبان میں وہ تین اخبارات ہیں جن کو پڑھے بغیر انگریزی اخبارات کے پڑھنے والوں کو بھی اطمینان نہیں ہوسکتا لیکن اُردو اخبارات کو عام طور پر وہی لوگ پڑھتے ہیں جو انگریزی اخبارات نہیں پڑھ سکتے۔ اگر اُردو اخبارات کو ظاہری معنوی

ہر دو لحاظ سے بہتر بنایا جائے تو یقیناً ہر شخص اُن کی قدر کریگا۔ اور تجارتی نکتہ نظر سے بھی ایسے اخبارات کو فائدہ رہیگا کیونکہ وہ زیادہ قیمت پر اشتہارات حاصل کرسکیں گے جو اخبارات کی آمدنی کی ٹھوس مد ہے۔

آج سے تیس سال پہلے اور اخبار نویسی کا معیار یہ تھا کہ معمولی کاغذ پر ردی چھپائی کے ساتھ چھ آٹھ صفحہ کا اخبار نکالنا۔ حکومت اور عمال حکومت کی مدح و تعریف میں قصیدے شائع کرنا اور مہینوں کی پرانی چیزیں بھدی ترتیب سے درج کردینا۔ لیکن اسکے بعد اُردو جرنلزم کا نیا دور شروع ہوا۔ جسمیں نہ صرف لکھائی۔ چھپائی اور دوسری خصوصیات کے متعلق توجہ دی جانے لگی بلکہ حکومت پر نکتہ چینی بھی ہونے لگی اور پبلک کی صحیح معنوں میں رہنمائی کی جانے لگی۔ اب اردو جرنلزم کا موجودہ دور روزانہ اخبارات کا زمانہ ہے۔ جسمیں درجنوں روزانہ اردو اخبارات تازہ ترین خبریں لیکر شائع ہوتے ہیں۔ اور حکومت کے نظم و نسق پر کڑی سے کڑی تنقید کرنے میں ذرہ برابر بیش و پس نہیں کرتے۔ اس نئے دور کا آغاز جرمنی کی جنگ عظیم سے ہوا تھا لیکن عدم تعاون کے قابل یادگار زمانہ میں روزانہ اخبارات نے کافی ترقی کی اور اب تو روزانہ اخبارات کی تازہ ترین خبروں کے لئے ہر شخص نظر آتا ہے۔ مستقبل قریب میں ایک اور دور آنے والا ہے جبکہ ہر ایک اخبار کو صبح یا شام کا اخبار ہونا پڑیگا یا دو دو تین تین ایڈیشن روزانہ نکالنی پڑیں گی۔ ہفتہ وار اور ماہوار اخبارات نے بھی ہر لحاظ سے کافی ترقی کی ہے جہاں چالیس سال پہلے طویل طویل مضامین کے علاوہ کوئی اور خبر نہیں ملتی تھی وہاں اب نہ صرف ہر مذاق کے دلچسپ آرٹیکل شائع ہوتے ہیں بلکہ یک رنگے اور سہ رنگے فوٹو انکی زینت کو دوبالا کر رہے ہیں۔ جن کے بغیر کسی رسالہ کا زندہ رہنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔

اردو اخبارات کی ترقی بلکہ بقا کے لئے ضروری ہے کہ کافی سرمایہ سے کمپنیاں بنائی جائیں جنکا مقصد حیات سرمایہ داری یا وہ یہ کمانا نہ ہو بلکہ نیک اور بنی نوع انسان کی خدمت کرنا ہو۔ یہ کمپنیاں اعلیٰ قابلیت کے اشخاص کو معقول مشاہرے پر نوکر رکھیں بلکہ ایسا انتظام کریں کہ ملازمان کا کمپنی سے دائمی تعلق بنا رہے۔ یا جیوں جیوں ان کی ملازمتیں پرانی ہوتیں جائیں کمپنی پر ان کے حقوق زیادہ ہوتے چلے جائیں۔ لیکن اگر ایسا انتظام نہ ہوسکے تب بھی اخبارات کی کمپنیاں کافی ترقی کرسکتی ہیں۔ یہ کمپنیاں اعلیٰ پریس اور مشینوں کا انتظام کرکے اعلےٰ سے اعلےٰ اخبارات نکالیں جن سے نہ صرف ملک کی قوم کی بہترین خدمت ہوسکے گی بلکہ اخبار نویسی کو بھی کافی ترقی کرنے کا موقع ملیگا۔

وہ زمانہ گیا جبکہ اخبارات کو خبروں مضمونوں اور داستانوں کا مجموعہ مرکب بنایا جاتا تھا اب وہ وقت آگیا ہے جب خبروں کے اخبار میں مضامین درج کرنا پسندیدہ نگاہوں سے نہیں دیکھا جاتا اور نہ مضامین کے اخبارات یا رسائل میں خبروں کا درج کرنا مقبول ہوسکتا ہے اسلئے روزانہ اخبارات کے لئے لمبے چوڑے مضامین سے اجتناب کرنا لازمی ہے اور ہفتہ وار یا ماہوار رسالوں کے لئے خبروں سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ میں تو یہانتک کہنے کے لئے تیار ہوں کہ روزانہ اخبارات کے لئے ضروری نہیں ہے کہ روزمرہ تین چار کالم ایڈیٹوریل میں صرف کریں۔ ایڈیٹوریل جب

[بقیہ صفحہ پر ۶۰۱ دیکھئے]

بھٹناگر سماچار

افلاس میں امارت

[منشی جے پرکاش رائے بھٹناگر بی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی ایڈیٹر بھٹناگر سماچار سنبل]

اس جہان فانی میں مالی حیثیت کا امتیاز۔ امارت کا تفاوت۔ اہل دول کا بوجہ سرمایۂ ذاتی اپنی برتری کا احساس اور آنکے مقابلہ میں ستم رسیدہ و آفات زدہ مفلس و قلاش کا اپنی کم حیثیت کا خیال۔ امیروں کے پاس لا انتہا دولت ہونیکا سمجھ میں نہ آنے والا راز۔ دنیا کے سٹیج پر روز ازل سے نمایاں پارٹ ادا کرتا رہا ہے۔ شروع ہی سے امیروں اور غریبوں کی جنگ و جدل۔ اس امر کی شاہد ہے کہ اگر ایک طرف اہل دول کا اعلیٰ طبقہ اپنے مرتبہ وجاہ و جلال کو برقرار رکھنے کے لئے سرگرداں ہے تو دوسری طرف دلدادگانِ زر و خواستگاران سرمایہ اپنی موجودہ مالی حالت سے ترقی کر کے زمرۂ اصحاب برتر میں شامل ہونے کے لئے رات دن کوشاں ہیں اگر تواریخ کے صفحات ٹٹولے جاویں تو دنیا کی نہایت خونخوار و تباہ کن لڑائیاں اسی جذبہ کا باعث ثابت ہونگی۔ کہ جہاں یا تو کم سرمایہ والوں و غریبوں نے امیروں کی بیجا ناز برداری و اپنی فاقہ کشی کی موجودگی میں اونکی مجرمانہ عیاشی و فضول خرچی کو برداشت نہ کر کے کوشش کی کہ وہ بھی اپنے درجہ برتری سے گر کر انکے ہم پلہ ہو جاویں۔ یا اہل دول کی حرص و ہوا۔ زیادتی حصولِ زر و مملکت کی خواہش نے انکو اپنے سے کمتر سے جا کر لڑا دیا۔ نتیجہ خواہ ایک یا دو کی فارغ البالی و آسودہ حالی کا باعث ہو مگر بزور بازو لکھوکھا بندگان خدا کی مصیبت لا انتہا مصیبت و پریشانیوں کا باعث ہوگیا۔ بیسویں صدی کی ملک اوس کی تحریک۔ سوویٹ گورنمنٹ کا خاتمہ۔ فرقہ بالشیوک کا وجود۔ ہر ملک میں عام بے چینی اُس نکتہ خیال کا بہترین مظاہرہ ہے کہ یہ دنیا اسیقدر تفاوتِ زر کی آماجگاہ نہیں ہے تعداد قدرت کی کائنات۔ سائنس و علم کے بہترین دماغ کے نتائج میں ہر فرد کی روح کا مساوی حصہ ہے لہذا اگر کوئی والیِ ملک یا صاحب دول اس جذبہ سے متاثر ہو کر طبقہ ادنیٰ کے ساتھ اپنی دولت و ذاتی سرمایہ میں شرکت کے لئے تیار نہ ہوگا تو زمانہ اپنے تجربات وجد و جہد سے آنکو مجبور کریگا کہ یا تو ہمارے نکتہ خیال کے مطابق عمل پیرا ہو ورنہ از خود۔ یا بہ زور اپنی مسند نشینی سے برطرف ہو کر معمولی انسان کی زندگی بسر کرو۔ مگر گو یہ جد و جہد روز ازل سے گوناگوں شکلوں میں ظہور پذیر ہوتی رہی ہے مگر قانون قدرت غالباً اس تفاوت عظیم کو نیست و نابود نہیں ہونے دیتا اور غالباً شاید ہی وہ کسی زمانہ دنیا میں ظہور پذیر ہو کہ جب ہر ایک بنی نوع انسان درجہ مساوی پر ایک دوسرے سے بغلگیر ہو۔ درجہ تفاوت کی قائمی کا خاص سبب روپیہ کی زیادتی نہیں ہے۔

دل و دماغ کی قدرتی ساخت - اور بعد کی تربیت - واقعات زندگی، اور حادثات روزمرہ کا وقوع - ہزار ہا اردگرد کے اثرات اس خلیج کو وسیع کرتے رہتے ہیں - ملک انگلستان و امریکہ میں پیدا شدہ انسان کب ملک حبیش و افریقہ کے دیسی باشندگان کے برابر ہو سکتا ہے -

جاوا و سماٹرا کی تہذیب - جاپان و یورپ کی شائستگی - بھلا ایک دوسرے کو درجہ مساوات پر کب لا سکتی ہے — جو اپنی محنت - جانفشانی - امتیاز نفسی - قربانی سے کسی سرمایہ کو اکٹھا کرنے میں کامیاب ہوا ہو - کونسا فلسفہ - کونسی منطق - کونسے دلائل حق بہ جانب نہیں کہ اُن کے گاڑھے پسینہ سے کمائے ہوئے روپیہ کو دوسرے لوگ بلا محنت - بلا جد و جہد - بلا کوشش - کئے ہوئے حاصل کر لیں اور دونوں ایک درجہ کے انسان دنیا کی نگاہوں میں ہو جاویں - اگر یہ عمل دنیا میں ہو گیا - اگر یہ تحریک زور پکڑ گئی تو نظام عالم منتشر ہو جائیگا - سائنس اور علم کی موجودہ حیرت انگیز ترقی ہرگز ظہور پذیر نہ ہوتی اور آج دنیا سائنس کے کرشمے ہوائی جہاز - آبی جہاز - گیس - لاسلکی تار - ٹیلفون - و دیگر ہزار ہا ایجادات سے محروم رہتی اگر اسی نکتۂ خیال پر لوگ عمل پیرا ہوتے - کیونکہ ترقی کرنے کا جذبہ اپنی زندگی کو آیندہ سہولیت و فارغ البالی سے گذارنے کے خیال سے پیدا ہوتا ہے - اپنے نام و نمود - اپنے خاندان و بزرگان - اپنے قوم و ملک کی آیندہ ترقی بنے ہزار ہا بندگان خدا کو اپنے دل و دماغ - اپنی پوشیدہ قدرتی قوتوں و قابلیت کو ان حصول کے حاصل کرنے کے لئے جد و جہد کرنے کے لئے مجبور کرتی ہے لیکن اگر یہ معلوم ہو جاوے کہ ہماری موجودہ عرق ریزی و جانفشانی کا نتیجہ باہمی تقسیم مساوی مابین مستحق و غیر مستحق اشخاص ہو گا تو کس کا سر پھرا ہے - کس کا دماغ چکر کھا رہا ہے کہ خود آفات و معائب کا شکار بنکر موج سے زندگی بسر کرنے والے - کاہل و سست - بے دل و دماغ - بے درد و بے حس اشخاص کے لئے سرمایہ اکٹھا کر دے - اگر کسی کو اپنی محنت و جانفشانی کے پہلوں سے فیض یاب ہونے کا امکان نہ ہو گا تو اُسکی تمام قوتیں - قابلیتیں کوئی منزل مقصود نہ دیکھ کر بیکار و زائل ہو جائینگی - اس میں شک نہیں کہ دنیا میں ایسے سخی - نامور ذاتی محبان وطن - ملک و قوم گذرے ہیں اور ہمیشہ ہوتے رہیں گے کہ جنہوں نے دوسروں کی خاطر اپنا سب کچھ نوچھاور کر دیا - اپنا عیش و آرام قربان کر دیا - دوسروں کے لئے زندگی وقف کر دی - اپنا سرمایہ ذاتی قوم و ملک کو نذر کر دیا - مگر یہ ایں ہمہ کیا تفاوت درجہ و مرتبہ - دنیا سے مٹ گیا؟ بلکہ اگر نظر غور سے دیکھا جاوے تو دنیا کی ترقی کا دارو مدار ہی اس تفاوت عظیم پر ہے - اگر مساوات ہو گی تو نہ کسی کو ہاتھ پیر مارنے کی ضرورت ہو گی اور نہ ترقی و سرمایہ کا سوال درمیان میں آئیگا - جب قانون قدرت و اختلاف دل و دماغ مساوات کا نہ تو خاص ہے اور نہ اُنکی وجہ سے مساوات ممکن ہے اور نہ موجودہ نظام بشریت میں ممکن معلوم ہوتا ہے تو ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ ذرائع اختیار کرے کہ جو اُسکی ذاتی آیندہ ترقی و اُنکی ذات سے دوسروں کی ترقی کا باعث ہو - امیر خاندان کے نونہال ہو کر جاہ و مرتبہ حاصل کیا تو کیا تعریف! عیش و آرام میں زندگی بسر کرتے ہوئے عہدۂ جلیلہ پر ممتاز ہوئے تو کیا خوبی! ذی مرتبہ و عالی رتبہ کے فرزند دلبند ہو کر نامور ہوئے تو کونسا فعل قابل ستایش ہوا! قابل تعریف ہیں وہ تنہا لاں وطن جو خستہ حالی و نان شبینہ سے محتاج ہوتے ہوئے رات دن ایک کر کے اپنی محنت جانکاہ

سے دنیا میں وہ کمال دکھایا کہ جو اہل دنیا کے لئے باعث حیرت ہوا۔ خوبی ہے اُن نوجوانان ملک کی جو عسرت و افلاس کی زندگی بسر کرتے ہوئے قربانی و ایثار نفسی کے ساتھ دُنیا کی ہر ایک مصائب کا مقابلہ کرتے ہوئے کسی ایسی ایجاد و کرشمہ سائنس کے موجد ہوئے کہ جنکی کل دُنیا تا ابد ممنوں احسان رہیگی۔ قابل ستایش ہیں غریب طبقہ کے وہ چراغ کہ جو اوائل عمر میں مطالعہ کے لئے معمولی روشنی کو نہ پاکر سڑکوں پر لالٹین کی روشنی میں تمام دن کی محنت شاقہ کے بعد علم حاصل کرکے وہ رتبہ۔ وہ مرتبہ وہ کمال حاصل کیا کہ دنیا انگشت بدنداں ہے جو والی زر ہیں۔ جو دولت کی فکر سے مبرا ہیں جنکو اپنی خواہش پیدا کرنے کے لئے کسی کا دست نگر ہونا نہیں پڑتا وہ امیر تو ضرور ہیں مگر کیا اُنکا درجہ اُن افلاس زدہ و مفلس اشخاص سے زیادہ ہے کہ جو اپنے پہلو میں ایک دردمند دل رکھتے ہوئے قدم بقدم مصائب کا مقابلہ کرتے ہوئے اُس رتبہ و شان کو حاصل کر لیتے ہیں کہ جو غالباً شروع میں اُن کے خواب و خیال میں بھی نہ ہوگی۔

دنیا کے ہر ملک کے برگزیدہ اصحاب کی ذاتی تواریخ وہ حیرت انگیز اقبالمندی کا انکشاف کریگی کہ بے اختیار منہ سے یہ کلمہ نکلیگا کہ کاش ہم بھی اُس طبقہ عسرت کے جزو ہوتے اور ہمکو بھی وہ قوت برداشت و تحمل۔ جانفشانی و عرقریزی۔ حوصلہ لا انتہا ہے بُردباری۔ دل و دماغ ملتا کہ اوائل عمر سے ماں باپ کی پیدا کی ہوئی دولت پر اعتبار نہ کرکے اپنی ناموری۔ اپنے منزل مقصود کے حاصل کرنے کے لئے ہاتھ پیر مار لیتے۔ وہ لوگ دولت مند کہلاتے ہیں کہ جنکے پاس ہزار ہا روپیہ ہو۔ سب طرح آسایش ہوں۔ مگر واقعی دولت مند وہ ہیں کہ خواہ اُنکی تھیلیاں خالی ہوں۔ خواہ وہ اکثر نان شبینہ سے محتاج رہتے ہوں۔ خواہ اکثر فاقہ کشی کی جان کنش تکلیف اُن کا ساتھ دیتی ہو۔ مگر وہ اپنے اندر وہ کمال رکھتے ہوں کہ ان مصائب کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے سامنے رکھے ہوئے منزل مقصود کو پہنچنے کے لئے ہاتھ پیر مار رہے ہوں اور بعدہٗ منزل مقصود پر پہنچکر اہل دول میں اہل ہنر۔ اہل کمال کے زمرہ میں اُنکا شمار ہو۔ وہ بھی مالدار ہے کہ جسکا روپیہ بنک میں جمع ہو خواہ ہاتھ میں کوڑی نہ ہو۔ وہ غریب بھی امیر ہیں جو اپنے دست بازو سے صاحب کمال بننا چاہتے ہوں۔ تواریخ ایسے اشخاص جن کے کارناموں سے بھری ہیں۔ درحقیقت ایسے ہی لوگوں کے بارہ میں کہا جاسکتا ہیں کہ افلاس میں امارت موجود ہے۔ تقلید کا مادہ قدرتی ہے ہماری نگاہوں کے سامنے ہمارے حوصلہ کو افزا کرنیوالی ہزار ہا مثالیں پیش ہیں کہ جو غریبی سے ترقی کرکے معراج کا درجہ حاصل کر گئی ہیں۔ ایسی مثالیں اگر نوجوانان قوم کے روبرو آئے دن پیش ہوتی رہیں گی تو ضرور بارآور ہونگی۔ علم اور واقفیت اپنا اثر ضرور ڈالتے ہیں۔ ابراہیم لنکن سابق پریزیڈنٹ و تمامتر اسسٹنٹ آف امریکہ کی شخصیت سے واقف ہیں جو ایک جھوپڑی میں پیدا ہوا اور رات دن کمیت پر کام کرتا ہوا۔ نیویارک کے گھنٹہ کے ٹن۔ ٹن آواز کو سنکر وایٹ ہال کو اپنی زندگی کا مقصد قرار دیتا تھا۔ آج دُنیا جانتی ہے کہ کسی طرح یہ نحیف کمزور بچہ متواتر ۳۵ سال جدوجہد کے بعد جمہوری امریکہ کا پریزیڈنٹ ہو کر وایٹ ہال میں جاگزین ہوا۔

دنیا کا مشہور و معروف انگریزی شاعر شکسپیر ایک قصائی کا لڑکا تھا۔ بلکہ بعض کا قول ہے کہ وہ اوائل عمر میں ایک اسکول کا ملازم بھی تھا۔ مگر اُسنے ڈرامہ نویسی میں اپنی

علمیت کا وہ اظہار کیا کہ کوئی شاعر آج تک اوسکے کمال کو نہ پہنچا۔ خوبی یہ تھی کہ اگر بحری زندگی کا خاکہ کھینچا تو اختران بحر وملاحوں کو گمان گذرا کہ اسکی زندگی کا کچھ حصہ ضرور سمندر میں گذرا ہوگا۔ اگر پرستش خدا اور چرچ کا تذکرہ کیا تو پادریوں کو گمان گذرا کہ ضرور وہ کبھی نہ کبھی پادری رہا ہوگا۔ جسوقت فوجی کارناموں اور جنگ وجدل کے سین ناظرین کے سامنے پیش کئے تو جرمنوں اور کمانڈروں نے فتوی دیا کہ بلاشبہ شیکسپیر برسرپیکار رہا ہوگا۔ جسوقت عدل وپیمان کے نظارے عدالت و وکیل کے سامنے آئے تو انھوں نے بے ساختہ رولنگ دی کہ اس سے زیادہ کامیاب بیرسٹر نہ ہوا ہوگا۔

سر رچرڈ آرک رائیٹ

موجد "روئی کی مشین" ایک ایسے غریب باپ کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا کہ جسکے ۱۳ لڑکے تھے۔ غربت کی وجہ سے تعلیم نصیب نہ ہوئی۔ شکل سے ایک دو حرف اِدھر اُدھر سے سیکھ لینا اور وہی آیت حدیث کی طرح ورد زبان ہوجاتے۔ حجام کے یہاں نوکری کی۔ بال اکٹھا کرنیکا پیشہ کیا۔ واہ ری غربت۔ ایک دفعہ الیکشن کے موقع پر یاران طریقت نے کوٹ پتلوں سلوادیا کہ وہ افسران کے آگے ووٹ دے سکے۔ یہ تو افلاس اور دل ودماغ اس حرکت میں کہ کوئی مشین ایسی ایجاد ہو کہ روئی دھنکر کاتی جاسکے۔ نہ کوئی مشین دکھلانے والا۔ نہ کوئی کام سکھلانے والا۔ ہمت کا پورا۔ خالی وقت میں لوہاروں کی دکان پر سینہ بند کر پہروں واستعمالی اوزاروں سے واقف ہوکر نہ صرف کاٹن پتنگ کا موجد ہوا بلکہ سر کے خطاب سے ممتاز ہوا۔ سر والٹر سکاٹ انگلستان کا ناولسٹ جب لاکھو کھا روپیہ کے قرض سے دب گیا۔ یاران مجلس نے صلاح دی۔ دیوالہ نکالو اور بیفکری کی زندگی بسر کرو۔ مگر عقل سلیم وفرائض شناس نے کہا ادائیگی قرض مقدم بتائی۔ رات دن محنت کرکے انگریزی زبان کے وہ افسانے لکھے کہ مرتے وقت تک نہ صرف قرضہ اُتار ڈالا بلکہ دنیا کو ہمیشہ کے لئے وہ خزانہ بیش قیمت دیگیا کہ آج اُس سے بہتر قیمتی خزانہ اہل علم کو میسر نہیں آسکتا۔

لارڈ ڈسرلی

جب اول مرتبہ اسپیچ دینے کھڑے ہوئے تو کانپ گئے اور آماجگاہ مسخر بنے۔ عالی حوصلہ ومصائب کی پروانہ کرنے والے نے باآواز بلند اعلان کیا۔ "ہنس لو۔ جسقدر جی چاہے۔ مگر خدا شاہد ہے ایک دن وہ آئیگا جب تم مجھسے سننے آوگے" دنیا شاہد ہے کہ ڈسرلی نے فصاحت وبلاغت میں وہ کمال حاصل کیا کہ دنیا کشش خوبی سے ازخود کھنچکر اُسکو سننے کے لئے آنے لگی۔ کشب چند ردو یا ساگر برہمو دھرم کے ریفارم بنگال کے مسلمہ لیڈر اپنے والد سے اسقدر خائف بنے کہ رات میں اُنکی آمد کی انتظار میں اپنی پیاری نیند کو بھگانے کے لئے آنکھوں میں تیل ڈال لیتے تھے۔ دادا بھائی نوروجی نے جب پارلیمنٹ وانگلینڈ کی ممبری کا ارادہ کیا تو دنیا ہنسی۔ "یہ کالا آدمی اور پارلیمنٹ کی ممبری"۔ رہے جھونپڑوں میں اور خواب دیکھے محلوں کا۔ مگر انکے اندر وہ جذبہ وقوت کام بنی کہ ان جا بیجا حملوں کی پروانہ کرتے ہوئے اپنی مہم میں سرگرم رہے اور نہ صرف ولایت والوں کا سر نیچا کیا بلکہ ہل ہند کے لئے وہ دروازہ کھول گئے جو بیشتر سے بند تھے۔ لنین مشہور اور روسی لیڈر نے کشت وخون سے بندگان خدا کی آزادی کا سبق پیش کیا مگر ہندوستان کا ڈیڑھ ہڈی کا ڈبا نچہ

مہاتما گاندھی عدم تعاون اور بے جنگ کی لڑائی کے اصول سے دنیا کو دکھلا رہا ہے کہ اہم سے اہم مقصد اس طریقہ کار سے حاصل ہو سکتا ہے۔ جنوبی افریقہ کے جدوجہد کامیابی و آئے دن کے ہزار ہا ہندی مسائل دانکے حصول کی دشواری و بعدہٗ کامیابی نے آج اسکو ۳۳ کروڑ کا رہنما بنا دیا۔ جسوقت سٹیم انجن کے موجد واٹ نے اپنی مشین پیش کی تو بلوہ ہو گئے۔ لوگ برانگیختہ ہو گئے۔ کافر قرار دیکر قتل کے طالب ہوئے۔ دو واٹ جو اوائل عمر میں نان شبینہ کا محتاج تھا آج دنیا کا سب سے بڑا محسن شمار کیا جاتا ہے۔ جسوقت جارج سٹفین نے دخانی انجن چلایا۔ پارلیمنٹ میں تجویز ہوئی کہ بجائے انعام کے پس پا کر دیا جاوے۔ نہ کہیں کالج میں سائنس کی تعلیم پائی۔ نہ کسی کارخانہ میں نوکری کی۔ مگر ہاں تجربات اور مشاہدات کے شیشیں گھر ڈال کی پتیلی کے مشاہدہ سے وہ کمال حاصل کیا کہ وہ چیز بتلائی کہ جسکے لئے آج دنیا ناممکن ہے کہ اسکے احسان سے سبکدوش ہو سکے۔ نپولین بوناپارٹ۔ کارسیکا جزیرہ کے ایک معمولی وکیل کا لڑکا۔ اپنی شجاعت۔ اپنے حوصلہ۔ وقت پر کام کرنیکی عادت سے نہ صرف فرانس کی فوجوں کا جنرل و ملک کا بادشاہ بن گیا بلکہ ہر ایک کو دکھا گیا کہ اگر زندگی کا ایک ایک لمحہ باقاعدہ اور مفید طریقہ سے استعمال کیا جاوے تو انسان کونسا مرتبہ ہے جو حاصل نہیں کر سکتا۔ رنجیت سنگھ معمولی سپاہی کا لڑکا۔ علم سے بے بہرہ۔ محض اپنی قابلیت سے پنجاب کا والی بنگیا۔ ایک معمولی سردار کا بچہ۔ سلطنت مغلیہ کی عظیم بادشاہت کے مقابلہ میں۔ پے در پے شکست و ہار کے باوجود۔ قدم بقدم۔ سلسلہ بسلسلہ۔ اپنی زور و قوت و دور بین چشم باطن سے نہ صرف دکھن کا راجا ہوا۔ بلکہ سیواجی کے نام سے اُس زمانہ کے حالات ناگفتہ بہ میں دنیا جاتی کا بچانیوالا ہوا۔ شہنشاہ جہانگیر کے زمانہ میں ڈاکٹر برنیئر نے اپنے ملک و قوم کو اپنی ذات و مفاد سے زیادہ سمجھا۔ بادشاہ کے صحت یابی پر جسوقت منہ مانگا انعام ملنے کا وعدہ ہوا تو کہا کہ میرے ہموطنوں کو سلطنت مغلیہ میں تجارت کی آزادی حاصل ہو۔ غالباً سلطنت برطانیہ کی ہند میں قائمی کا باعث ڈاکٹر برنیئر ہی ہے۔ ایثار نفسی و قربانی بلا رنگ لائے نہیں رہتی۔ ہاروے کہ جس نے دوران خون کا مسئلہ پیش کیا کیفیت کے لئے باعث مذاق تھا۔ ہر وقت طعنہ و تشنہ کی بوچھار تھی۔ مگر اس دھن کے پورے۔ ہمت کے پکے کو کب پروا تھی۔ راک فیلر۔ مٹی کے تیل کا بادشاہ جسکو آج اپنی دولت کی انتہا کا پتہ نہیں۔ شروع شروع میں اخبار بیچنے والا لڑکا تھا۔ ملک افریقہ کے اندرونی حصہ کا کی دریافت کرنے والا۔ ڈیوڈ لونگ سٹون۔ ایک غریب باپ کا بچہ تھا جو دس سال کی عمر میں ایک آدمی کے کارخانہ میں نوکر ہوا تھا۔ اور ۱۳ سال کی عمر میں اُس نے اپنے کمائے ہوئے پس انداز روپیہ سے گرامر خریدی۔ اور ایک نائٹ اسکول میں دن کی محنت شاقہ کے بعد علم حاصل کرتا تھا۔ مزدوری کرتے کرتے سائین اور گریک کے کلاسوں میں داخل ہو کر علم حاصل کیا اور جب افریقہ میں بطور مشنری گیا تو وہ کام انجام دے جو ایک غریب لڑکے سے ہونا خواب و خیال میں بھی نہ آتے تھے۔ ملٹن نے اپنی PILGRIM'S PROGRESS. لاجواب کتاب "لوکمانیہ تلک نے گھتیا رہن" جیل میں لکھی = غرضیکہ ایسی ہی ہزار ہا مثال موجود ہیں کہ باوجود غریب ہوتے ہوئے جاہ و جلال کے بام اوج پر پہنچ گئے۔ جو مصائب۔ و آفات کا

شکار ہوتے ہوے دنیا کے محسن بنگئے۔ اور جنکا نام نامی دُنیا کی تواریخ میں آب زر سے لکھا جائیگا۔ تلقین سے زیادہ عمل کی تقلید ہوتی ہے۔ ملک ہند اسوقت جد وجہد کے پایان سمندر میں آزادی وطن حاصل کرنے کے لئے ہاتھ پیر مار رہا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ اسوقت چھوٹے سے چھوٹے۔ غریب سے غریب یہ سوچ کر اس سیاسی جد وجہد میں شامل نہ ہوں کہ ہم کیا اور ہماری بساط کیا۔ کیا پدی اور کیا آسکا شوربہ۔ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ قوت افرادی مجموعی شکل میں قومی قوت ہوجاتی ہے ممکن ہے کہ جو کام بڑے آدمی اپنی آسایش کی زندگی کی وجہ سے مادر ہند کی آزادی کے لئے نہ کرسکیں وہ مائی کے لعل۔ چتیڑوں میں بسر کرنے والے۔ پورا کرسکیں۔ ہمت وارادہ کی ضرورت ہے۔ حوصلہ وامنگ کی ضرورت ہے۔ ہر چھوٹے۔ مصیبت زدہ غریب کو سمجھنا چاہئے کہ ہم میں وہ قوت پوشیدہ ہے کہ جسکے اظہار کا وقت اب تک نہ آیا تھا۔ "مرا ب آیا ہے سمجھنا چاہئے"، کہ گو ہم غریب ہیں مگر ہمارے پاس دل ودماغ۔ تحمل وبردباشت۔ محنت وجانفشانی کی وہ دولت موجود ہے جسکے ہوتے ہوئے ہم ضرور منزل مقصود میں کامیاب ہونگے اور باوجود غربت کے ہمارا کام کسی امید سے کم نہ ہوگا اور جسوقت قومی خدمت کا جائدہ لیا جائیگا تو ہم کو سرنگوں نہ ہونا پڑیگا اور افلاس میں امارت کا مسئلہ ہم پہ پورے طور پہ اطلاق ہوگا۔ اور ہم دُنیا کو دکھا دینگے کہ اگر ہم روپیہ سے مادر وطن کی خاطر نہ لرسکے تو اپنی الفت قومی۔ جذبۂ ملی سے اُسکو اتنا سرشار کرسکے کہ بے ساختہ دُنیا فتوی دیگی کہ گو یہ لوگ بے زر وبے نوا تھے مگر ان کے پاس وہ بیش بہا خزانہ تھا کہ وہ اپنی غربت میں بھی امیروں سے بڑھکر تھے اور ایسے بھی لوگوں کی زندگی دوسروں کے لئے باعث تقلید ہوتی ہے۔ اس لئے غریبوں کو ہراساں نہ ہونا چاہئے کہ وہ دُنیا میں کچھ نہ کرسکیں گے وہ سب کچھ کرسکتے ہیں بشرطیکہ قوت ارادی ہو۔ اس لئے نوجوانان قوم کو چشم وا سے اپنی پوشیدہ پُر اسرار قوتوں سے کام لیتے ہوئے مادر وطن کی خدمت کرنا چاہئے اور ہر لحظہ۔ ہر سمجھ اپنی خدمت سے ملک ووطن کو نیک نام بناکر منزل مقصود تک پہونچنا چاہئے۔ جب یہ راز سمجھ میں آگیا۔ جب یہ کیریکٹر ہمارے نوجوانوں میں بن گیا تو قوم کا بیڑا پار ہے۔ ڈگمگاتی کشتی ساحل کامیابی پر پہنچکر رہروانِ منزل مقصود کو ہمیشہ کے لئے آزاد کردیگی۔ بس اب اس جذبہ کی ضرورت ہے۔ اس قوت ارادی کی ضرورت ہے نوجوانان ہند کو اس مسئلہ "افلاس میں امارت" کو خوب سمجھ لینا چاہئے۔ پھر کوئی مشکل اُن کے سد راہ نہ ہوگی۔ پھر کوئی آفت ان کو راستہ سے نہ موڑ سکے گی۔

(خاص)

(صفحہ ۶۷۹ کا بقیہ)

اور ترقی کی طرف قدم بڑھانے کے متعلق مشورہ دے اور اس کا سالانہ اجلاس مختلف اضلاع میں ہوتا رہے تاکہ ہر نواح کے اخبار نویسوں کو تبادلہ خیال سے فائدہ اٹھانے کا موقع مل سکے اور اس ایسوسی ایشن کے پاس ایک ایسا امدادی فنڈ بھی ہو۔ جو ضرورتوں کے وقت جائز مدد بھی کرسکے۔

مدیران اخبار کے فرائض اور صحافت کی ذمہ داریوں پر بحث کرنے کی بہت گنجائش ہے لیکن میں اپنے اس مختصر مضمون کو یہیں پر ختم کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ میری یہ مختصر تحریر صاحبان اخبار کو کم سے کم اس مسئلہ پر ضرور متوجہ کردے گی۔ کہ ہمیں اپنی تنظیم کے لئے ایسوسی ایشن کی کس قدر ضرورت ہے۔

(خاص)

کمسنی کی شادی کے نقصانات کمسنی کی شادی کے نقصانات کا اندازہ آپ فرما سکتے ہیں اس سے نہ صرف ملک کے نوجوانوں کی تندرستی خراب ہوتی ہے، بلکہ اس سے اقتصادی نقصانات بھی ہوتے ہیں، کمزور بچوں کے علاج اور دوا درمن میں ہر شخص اپنی وسعت بلکہ وسعت سے زیادہ صرف کرتا ہے، پھر نتیجہ کیا نکلتا ہے کہ یہ دوائیوں کے زور سے زندہ رہنے والے نوجوان ہو کر ملک و قوم کی تباہی کے باعث ہوتے ہیں، انمیں نہ مردانگی ہے، نہ شجاعت، نہ علم ہے، نہ قوت، نہ ہمت ہے، نہ استقلال، بھلا ایسے نوجوان ملک و قوم کے لئے کیا مفید ہو سکتے ہیں،

ایک مغربی مصنف ہندوستانیوں کی صحت اور انکی کمسنی کی شادی پر یوں رائے زنی کرتا ہے،

"ہندوستانیوں کی قوت حیات مقابلہ کی اہل نہیں ہے یعنی روزمرہ کے امور دنیوی میں انکے زن و شوہر کے تعلقات اور تربیت کی شکلیں و اسباب ناقص ہیں، سن بلوغیت کو پہونچکر ہندوستانی لڑکی نویں مہینے ماں بن جاتی ہے، ماں بننے کا زمانہ آٹھ سے چودہ برس تک کی عمر میں شروع ہوتا ہے، یہ سن و سال اُس پر زچگی کی مصیبت اس کے لئے کوئی نئی بات نہیں بلکہ صدیوں کی قدامت سے چلی آرہی ہے جس نے ساری قوم کے جسم کو نحیف و کمزور اور بچہ کشی نے ناقابل کر دیا، وہ بالکل جاہل ہوتی ہیں۔ اسکی معلومات کا خلاصہ صرف اس قدر ہے کہ اُس کا شوہر اُس کے گھر کا دیوتا ہے . . . . . .

اُس کے شوہر کے لئے کوئی درجہ عمر مقرر نہیں، وہ عمر میں بیوی سے چھوٹا بھی ہو سکتا ہے اور پچاس برس کا رنڈوا بھی . . . . . نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ چھوٹی سی ماں تباہ کن حمل میں مبتلا ہو جاتی ہے، جس کے آخر میں زچگی کا وہ زمانہ آتا ہے جسکی مصیبت کا اندازہ محض مصیبت کے تصور سے نہیں ہو سکتا، بچہ اگر پیدائش کی سختیوں سے جانبر ہو جاتا ہے تو کمزور جثہ کے ڈھانچہ میں زندگی کاٹتا ہے، اُسکی کمزور ہڈیاں طاقت سے محروم ہوتی ہیں، وہ اس چھوٹی سی ماں کی نگرانی میں پرورش پاتا ہے، جو اصول حفظان صحت سے ناواقف، قدیم ٹوٹکہ و ٹوٹنہ کی مقصد ہوتی ہے،

تشریحی شہادتوں اور مجلسی روشنی میں دیکھئے تو مندرجہ امور پیش کئے جائیں گے،

"کمسنی کی شادی کا خمیازہ اگرچہ میاں بیوی دونوں کو بھگتنا پڑتا ہے، لیکن اس کا مضر اثر اکثر کمسن بیوی کی صحت پر پڑتا ہے، ایسی لڑکیاں جو عین حالت بلوغ میں یا اس سے قبل بیاہی جاتی ہیں :-

(۱) اُن کے اعضائے ظاہری کی نشو و نما رک جانے کے ساتھ رحم ( ) بھی پوری وسعت حاصل نہیں کر سکتا،

(۲) رحم کو اُسکی جگہ پر قائم رکھنے والے روابط کے بیحد کمزور ہو جانے کے سبب سے وہ جنھیں (بچہ و شکم) کا بوجھ اُٹھانے سے مجبور ہو جاتی ہیں، اس قسم کی عورتوں میں اسقاط حمل زیادہ ہوتا ہے۔

(۳) جنین کی گذرگاہ تنگ ہونے کے سبب سے عسر ولادت بھی ایسی ہی لڑکیوں میں پایا جاتا ہے۔

(۴) اگر خدا خدا کر کے کسی طرح وضع حمل ہوا بھی تاہم بچہ خلقتاً کمزور پیدا ہوتا ہے۔

(۵) بیوی کی اصلی کمزوری کے ساتھ وضع حمل کا ضعف

اور تکان شامل ہو کر اُس کو اپنے پیارے بچے کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ جانے پر مجبور کرتا ہے"۔

(مشیر الاطبا)

ہندوستان میں جہاں سن بلوغیت کو پہونچتے پہونچتے تقریباً ہر لڑکی کی شادی ہو چکتی ہے، اور اُسکو زن و شو کے فرائض انجام دینے پڑتے ہیں، اور بالآخر زچگی کی مصیبت میں مبتلا ہوتی ہے اور اکثر اسمیں مر جاتی ہے :-

چنانچہ ایک نسل کی مدت عمر میں ۳۲ لاکھ مائیں صرف زچگی کی تکلیف سے مرتی ہیں۔

ملک میں بچوں کی صحت اچھی نہ رہنا، اور انکی خرچ اموات کا بہت زیادہ ہونے کا باعث بھی مسلہ طور پر کمسنی کی شادی ہے کیونکہ ہمارے ملک کی اکثر عورتیں ماں بننے اور بچہ کی پرورش کرنے کی قطعی اہلیت نہیں رکھتیں، اور اسکی وجہ یہ ہے کہ ان بیچاریوں کی شادیاں ایسی کچی عمر میں کر دیجاتی ہے کہ جسمانی اور دماغی طور سے ماں بننے کے قابل نہیں ہوتیں۔

قانون کی ضرورت | ان دردناک واقعات کو دیکھتے ہوئے تعلیم یافتہ اور ترقی پذیر حلقے میں ایسے قانون نہ ہونے سے سخت بے اطمینانی کا اظہار کیا گیا کہ رضامندی عمر کے لئے کوئی دفعہ نہیں، اس نے سخت احتجاج کیا اور بتایا کہ ایسے قانون کی سخت ضرورت ہے، جس میں شادی کی عمر کا تعین ہو، کیونکہ جب دستور معاشرت اور مذہبی رسوم کسی قوم اور بیکس قوم کی اخلاقیات اور زندگی کو خطرہ میں ڈالدیں تو وہاں قانون حکومت کو مداخلت کا حق ہونا چاہیئے۔ اس میں ہندو مسلمانوں کی کوئی تخصیص نہیں، کمسنی کی شادی کی لعنت ہندوستان کے باشندوں میں موجود ہے، مسلمان بھی اس سے بری نہیں اور بکثرت انمیں اسکا رواج ہے، اور رسم و رواج بھی کیسا کہ اس قدر پختہ ہو چکا ہے کہ وعظ و نصیحت اصلاح حال کے لئے فائدہ مند نہیں، تو یقیناً ایک خاص عمر حکماً و قانوناً مقرر ہونا کبھی دین میں مداخلت نہیں ہو سکتی، جسکا شور خواہ مخواہ مچایا جائے بلکہ اس بارے میں قانون کا نافذ ہونا عین دین کے حکم کی تعمیل ہو گئی اس لئے کہ اسلام میں سوائے خاص خاص حالات کے عاقل و بالغ کا حق قبولیت شرط نکاح ہے، چونکہ ہندوستان میں مسلمانوں میں بھی بکثرت کمسنی کی شادی کا رواج ہے، اور یہ رسم و رواج اس قدر راسخ ہو چکے ہیں کہ زبان پند و نصیحت سے کسی مفید نتیجہ کی امید نہیں اس واسطے حکومت کے قانون کی ضرورت ہے اور بلا قانون مسلمانوں سے بھی اس بد رواجی کا مٹنا محال ہے،

بحیثیت ایک مسلمان کے جس نے بچپن ہی سے اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیا ہے میں چیلنج کرتا ہوں کہ کوئی شخص بھی ثابت کر دکھلائے کہ اسلام بطور ایک مذہب کے عورت کو آزادی، اور تعلیم کے حق سے محروم کرتا ہو، اسلام عورت کو آزادی، وراثت، تعلیم، شادی میں انتخاب کا ہر ایک حق اور دیگر مراعات جو اسوقت تک مردوں نے اپنے لئے مخصوص کر رکھی ہیں، عطا کرتا ہے۔

بہرحال کمسنی کی شادی کے نقصانات و مصائب کا لحاظ کرتے ہوئے ایک قانون کی ضرورت ملک نے سمجھی، جو روشن خیال اور ترقی خواہ طبقہ کی کوششوں سے اسمبلی میں پیش ہو کر پاس ہو گیا، اس میں لڑکی کی عمر شادی ۱۴ برس

اور لڑکے کی عمر ۱۸ سال رکھی گئی ہے، جو ہندوستان ایسے گرم ملک کے لئے بھی کم سے کم ہے،

دقیانوسی خیال | بعض احباب اس قانون پر (جو سارداایکٹ سے عوام میں مشہور ہے) یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ہندوستان میں لڑکیاں ۱۴ برس سے بیشتر بالغ ہوجاتی ہیں، اس لئے یہ عمر بہت زیادہ ہے، اسمبلی میں پنڈتوں اور کٹر دقیانوسی خیال کے لوگوں نے بہت سے خطرات سے آگاہ کیا ہے، منجملہ اس کے یہ ہے کہ ہندوستان میں بدکاری اور حرامکاری روزافزوں ہوجائیگی اور لڑکیاں آئے دن بھاگ جایا کرینگی۔

میں نہیں سمجھ سکتا کہ یہ دوراندیشی کہانتک تجربہ پر مبنی ہے، اگر ہم کو اپنے اخلاق و عادات پر اتنا بروسہ نہیں کہ ملکی بہنوں کی عزت و احترام کرنا سیکھیں، تو بہتر یہ ہے کہ اپنے ہاتھوں سے پھانسیاں لگاکر جان دیدیں۔

اگر محض اس خیال سے کمسن، اور معصوم بچیوں کی شادی کردی جاتی ہے، کہ خدانخواستہ جوان ہوکر اپنی مرضی سے شوہر کا انتخاب کرلیا کرینگی یا بھاگ جایا کرینگی، تو نہیں کہا جاسکتا کہ ایسی لڑکیاں شادی شدہ ہونے کی حالت میں کس طرح باعصمت رہتی ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ سب ہمارے دماغ کے تراشے ہوئے الزامات اور خواہ مخواہ کی بدگمانیاں ہیں جنکا وجود سوائے دقیانوسی ہندوستانیوں کے دماغ کے لکھیں نہیں،

شادی کی غرض | شادی کا مقصد عقل و مذہب کے رو سے جب کہ شاستروں نے بنایا ہے، نیک، طاقتور اور قابل اولاد پیدا کرنا اور بقائے نوع کی کوشش کرنا ہے۔

اس سے اعلیٰ مطمح نظر یہ ہے کہ انسان محنت و مشقت اور فکر معاش کی کلفت و مصیبت میں ایک دل بہلانیوالے سچے ہمدرد، رفیق حیات کے پرخلوص مشوروں سے ایک گونہ راحت و سکون حاصل کرے اور جب شام کو تھکا ہارا گھر میں آئے تو اس کا خیر مقدم کرنے کے لئے ایسا مسکراتا ہوا چہرہ اور مخلص دل جسکی دلدہی و اظہار ہمدردی سے دل و دماغ کی ساری کلفتیں دور ہوجائیں، موجود ہو۔

ظاہر ہے شادی کے بعد بھی ایک انسان ان باتوں سے محروم رہے تو سوا اس کے کوئی چارہ نہیں کہ کسی اور طرح اپنے دل بستگی کے سامان مہیا کرے۔

شادی کا تنہا مقصد صرف جسمانی و نفسانی خواہشوں کو پورا کرنا نہیں، بلکہ اس کا سچا مدعا یہ ہے کہ انسان اجماعی حیثیت سے ایسی زندگی بسر کرے جو قوم و ملک کے لئے مفید ہو، اس کے لئے بھی کسی طرح کمسن بیوی اہل نہیں، مثال کے طور پر یوں سمجھ لیجئے کہ آپ کاروباری سلسلے میں کسی دور دراز جگہ پر مقیم رہنے پر مجبور ہیں۔ اگر آپ کی بیوی ۱۴ سال یا اس سے کم عمر کی ہے، تو سوا اس کے آپ کے لئے کسی اطمینان و راحت کا موجب ہو، الٹا مصیبت کا پیش خیمہ اور آفتوں کا مجموعہ ہوگی، کہ کمسن لڑکی کسی گھر کے سنبھال سکنے کے بجائے ضرورت ہوتی ہے کہ کوئی اس بچی کا سنبھالنے والا ہو، پھر شادی کے بعد بھی انھیں دقتوں کا سامنا کرنا پڑے، جو شادی نہ کرنے کی حالت میں پیش آئیں، تو شادی سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا اور شادی کرنا نہ کرنا برابر، بلکہ دوراندیشی و عاقبت بینی مقتضی اس امر کی ہے کہ ایسی شادی نہ کی جائے۔

ڈاکٹروں کی ایک بڑی جماعت اس عمر میں شادی کرنے کے شدت سے مخالف ہے، وہ لکھتے ہیں کہ عمر پختہ ہونے سے قبل شادی کر دینے سے جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں اور بطریقہ توارث اسکا سلسلہ آئندہ نسلوں میں منتقل ہوتا رہتا ہے، وہ اُن مفاسد سے کہیں زیادہ مصیبت خیز ہیں جو بہ دیر شادی کرنے سے پیدا ہوتے ہیں۔

مثال میں ایسی قومیں لیلو جو کمسنی کی شادی کی عادی ہیں انمیں نسلی اور دماغی کمزوریاں پائی جاتی ہیں جیسا کہ ہندوستانی ہیں اسکا تنہا سبب پختگی سے قبل شادی کر دینے میں مضمر ہے۔

سارداایکٹ میں عمر کا تعین جو کیا گیا ہے، یہ کم سے کم ہے، میرے خیال میں کوئی ہندوستانی لڑکی ۱۶ سال سے پہلے پختگی کو نہیں پہونچتی، اس لئے ہمکو اس بارے میں نہایت حزم و احتیاط کرنی چاہیئے اور اپنے کو دھوکے میں نہ رکھنا چاہیئے، بلکہ غور و فکر کے ساتھ طبی مشوروں پر عمل کر کے اولاد کی واقعی شادی کرنی چاہیئے۔

کام کی باتیں اب جبکہ حکومت نے شادی کی عمر مقرر کر دی ہے، جہاں ملک و قوم کا یہ فرض ہے کہ اس قانون کا احترام کریں۔ وہاں اس پر بھی غور و فکر کرنی چاہیئے کہ ہماری بچیوں کو جو یہ چار برس مل رہے ہیں، اس سے لڑکی کی تعلیم و تربیت میں پورا فائدہ اُٹھانا چاہیئے، کیونکہ اب تک تعلیم و تربیت نسواں میں سب سے بڑی رکاوٹ جو تھی وہ یہی تھی کہ والدین برادری کے خوف اور سوسائٹی کے ڈر سے لڑکی کی شادی دس گیارہ برس میں کر دیتے اور اس سے قبل تعلیمی سلسلہ منقطع کرا دیتے تھے،

یہ بات صحیح ہے کہ ایسے والدین فیصدی بہت کم ہونگے جو بارہ برس کی عمر کے بعد اپنی لڑکیوں کو اسکول بھیجنا پسند کریں، لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جو والدین بھیجنا پسند کرینگے اُن کو اس کا صلہ بھی کچھ ملتا ہے یا نہیں؟ یعنی اُنکی لڑکیوں کو ایسی تعلیم و تربیت حاصل بھی ہوتی ہے یا نہیں جو وہ سنجیدہ اور کام کے قابل عورتیں اور کنبہ میں جو فرائض اُنکے سر عائد ہوں انکو بخوبی انجام دے سکیں۔ علاوہ ازیں اگر جبریہ ابتدائی تعلیم کو رواج دیا جائیگا تو اسکی عمر دس برس سے زیادہ نہ ہوگی اسی طرح لڑکیاں چار برس تک گھروں میں بیکار بیٹھی رہیں گی، اس لئے ضرورت ہے اس امر کی کہ غریب سے غریب گھر میں بھی اس زمانہ میں لڑکیوں کو کسی طرح تعلیم و تربیت دیجائے، تاکہ یہ زمانہ ضائع نہ ہو، یعنی ضرورت ہے کہ ایسی اُستانیاں رکھی جائیں جو دورہ کر کے سب کے گھروں میں جاکر تعلیم دیں اور ہر گھر میں ہر روز کچھ نہ کچھ وقت صرف کریں اور جو کچھ لڑکیاں اسکول میں سیکھ چکی ہیں اس سے آگے سکھائیں اور پچھلا سبق بھولنے نہ دیں ایسی اُستانیاں بسا اوقات اُنکو حفظان صحت و امور خانہ داری وغیرہ کے اصول بتاکر فائدہ پہونچائیں گی۔ یہ اسکیم اگرچہ گراں ہے مگر زیادہ خرچ سے قومیں نہیں بنا کرتیں۔

تاوقتیکہ تعلیم نسواں کا عام رواج نہ ہو اور عورتوں کی تربیت نہ کی جائے کسی بہتر نتیجہ کی امید نہیں، بلا اسکے سوسائٹی کی بدرواجیوں کا مٹانا اور اسکی تنظیم مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ ایک صاحب علم کا قول ہے،، دو باتوں میں ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے، عورتوں کی

ترتیب (جسمانی دماغی اور روحانی ترقی) اور اس قوم کی بُرائی میں" ہمارے معاشرتی انحطاط کی اصل وجہ یہی ہے کہ عورتوں میں جہالت عام ہے اور انیس ۱/۲۰ فیصدی سے زائد تعلیم نہیں، لہٰذا اگر ہم کو سوشل ریفارم رائج کرنا اور موجودہ برائیوں سے نجات حاصل کرنا ہے تو ہمکو تعلیم نسواں کے عام کرنے کے ذرائع پر غور کرنا ہوگا، اور صرف زبانی جمع خرچ سے نہیں بلکہ عملی طور پر کوشش کرنا چاہیئے، تاکہ ہم بھی معاشرتی خرابیوں کو دور کرکے ملکی ترقی حاصل کریں اس امر میں جب تک ہماری امداد تعلیم و ترقی یافتہ خواتین نہ کریں گی ہم کبھی مقصد کو نہیں پہونچ سکتے۔

اپیل !! میں تعلیم یافتہ روشن خیال، ترقی کی خواہشمند ہندوستانی خاتونوں سے عرض کرتا ہوں کہ "سیاسیات جرائد نگاری اور بے فیض مشقتوں کے بجائے وہ اپنی توجہ، اپنی کوشش، اپنی ہم جنسوں کی اصلاح و خبر گیری میں صرف کریں تو بہت بڑی خدمت انجام دیگی۔

ان کمسن بیویوں اور بیواؤں کی بہتری کے لئے عورتوں کی ہی خدمات اور ان تھک کوششیں زیادہ بار آور ثابت ہوسکتی ہیں، تعلیم یافتہ خواتین بجائے اس امر کے کہ وہ عورتوں کے لئے سیاسی حقوق و انتخاب آرا کی بھی اور دیگر مشاغل میں پڑیں، اور اپنے ہم جنسوں کی زبون حالی کا الزام مردوں پر رکھیں، انھیں انکی ہی بہبودی کے لئے انتھک کوشش کرنی چاہیئے"۔ (خاص)

[صفحہ ۵۷۲ کا بقیہ]

جو میں نے دے جا کے دال سیب والے سے چھینا یا ورنہ وہ تو دس کی اتنی گت بناتا کہ صُبو کر دیتا۔ دال سیب والا بولا خلیفہ جی آخر دیکھو میرا کوہی قصور بھی ہو دس نے بے مطلب مجھے گالیاں دیں۔ لڑنے پہ آمادہ ہوگیا اور میرا نقصان ہوا سو الگ۔ میں تو دس سے ایک ایک کوڑی دھیر والوں گا۔ میں نے دیکھا بات بڑھتی چلی جاتی ہے بس وہی دخت اپنی نیا استین کی جیب میں سے پانچ روپے کا نوٹ نکال کر دس کے ہاتھ میں دیدیا کہ لے دفع بس جھگڑا ختم کر ہمارے سے ہم اپنے یار کے کارن پانچ روپے کا جریبانہ بھگتیں گے دال سیب والا تو نوٹ لیکر چلتا بنا اور میں نے منتیاز سے کہا دیکھ پیارے اب کسو سے خانا خانہ اُلجھیو یوں کہ دنیاں میں ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر ہے مجھے جس بات کا ٹھنڈ تھا وہ بھی تو نے دیکھ لیا۔ اگر میں بردخت پہ نہ آجاتا تو آج خدا جانے تیری کیا گت بنتی۔ منتیاز کچھ ایسا جھینپ رہا تھا کہ دس نے مجھے کچھ جواب نہ دیا اور سیدھا اپنے گھر میں گھس گیا اور میں بھی اپنے دل میں یہ کہتا واپس گیا کہ جیسا یہ بڑا بول بولتا تھا اور لوگ باگوں سے بڑائی سے پیش آتا تھا۔ ویسا فی آج دس کو سبق بھی مل گیا۔

(خاص)

مسٹر شوکت تھانوی ' معاون '' اودھ اخبار ''

مسٹر سید حامد علی ' ایڈیٹر '' پال سکھا ''

مسٹر عظیم الکریم ' ایڈیٹر '' نوبہا ''

مسٹر محمد حبیب فضائی ' ایڈیٹر '' کیف ''

مسٹر محمد وحید کیلانی ' ایڈیٹر '' توس قزح ''

پروفیسر محمد نعیم الرحمان ' رکن ادارہ '' ہندوستانی ایڈیمی جرنل ''

مسٹر نسیم انہونوی ' ایڈیٹر '' انکشاف ''

مسٹر نیاز فتحپوری ' ایڈیٹر '' نگار ''

مسٹر ساغر نظامي ' ايڈيٹر '' پيمانہ ''



مسٹر ظلم احمد گل ' ايڈيٹر '' ايب ''



مسٹر سجاد مرزا ' ايڈيٹر '' المعلم ''

مسٹر کوٹارناتھ شفق صحرائي ' ايڈيٹر '' گلکدہ ''

مسٹر سید احمد الله قادری نائب ایڈیٹر ''تاریخ''



مسٹر اصغر حسین، اصغر گونڈوی، ایڈیٹر
''ہندوستانی ایکڈیمی جرنل''

مسٹر منشور عابادی، ایڈیٹر ''پروانہ''

مسٹر طالب الہ آبادی، ایڈیٹر ''اکبر''

مسٹر حفیظ جالندھری ' ایڈیٹر '' مخزن ''

مسٹر سید محمد جعفری ' ایڈیٹر '' اسٹار ''

مسٹر جگن ناتھ ' نائب ایڈیٹر '' ٹیچ ''

مسٹر رام لال ورما ' ایڈیٹر '' ٹیچ ''

مسٹر سید احمد اللہ قادری نائب ایڈیٹر ''تاریخ''



مسٹر اصغر حسین، اصغر گونڈوی، ایڈیٹر ''ہندوستانی ایکڈیمی جرنل''

مسٹر منشر ماہادی، ایڈیٹر ''پروانہ''

مسٹر طالب الہ آبادی، ایڈیٹر ''اکبر''

مسٹر حفیظ جالندھری ' ایڈیٹر '' مخزن ''

مسٹر سید محمد جعفری ' ایڈیٹر '' استار ''

مسٹر جگن ناتھ ' نائب ایڈیٹر '' تیج ''

مسٹر رام لال ورما ' ایڈیٹر '' تیج ''



مسٹر محبوب عالم ، ایڈیٹر ''پیسہ اخبار''



خواجہ عبدالروف عشرت ، ایڈیٹر ''رہنما''

مسٹر سیماب اکبرآبادی ، ایڈیٹر ''تاج''

پروفیسر احسن مارہروی ، ایڈیٹر ''نصیح الملک''

مسٹر عزیز لکھنوی ' ایڈیٹر '' الواعظ ''

ابوالمعظم نواب مرزا سراج الدین احمد خان سائل ' ایڈیٹر
'' صریر الارشاد ''

مسٹر اکبر حیدری ' نگران '' نیرنگ ''

مسٹر فہیم الدین نوری ' ایڈیٹر '' الامان ''

خواجه حسن نظامي ' چيف ايڈيٹر '' منادي ''

مسٹر وصل بلگرامي ' ايڈيٹر '' مرقع ''

مسٹر حنيف هاشمي ' نائب ايڈيٹر '' رياست ''



مسٹر سراج لکهنوي ' معاون '' ميصر ''

پروانہ

انگریزی ڈراما نگاری کی تاریخ

[جناب محشر عابدی صاحب، سابق ایڈیٹر "پروانہ" حیدرآباد]

پہلا باب۔ پہلا دور

نامکمل ڈراما نگاری:۔ اگر انگلستان کی تاریخ ادب پر نظر ڈالی جائے، تو معلوم ہوگا کہ ڈراما انگلستان میں بارھویں صدی عیسوی کے اوائل ہی میں جنم لے چکا تھا۔ چونکہ یہ ڈراما نگاری کی بالکل ابتدا تھی اس لئے اس زمانے کے ڈرامے کسی اصول اور قواعد کے پابند نظر نہیں آتے۔ عموماً تمام ڈرامے مذہبی ہوتے تھے، جو میریکل اور سسٹری ڈراموں کے نام سے موسوم تھے۔

میریکل اور مسٹری:۔ یہ ڈرامے تقریباً ایک ہی قسم کے مذہبی واقعات اسٹیج پر پیش کرتے تھے۔ فرق صرف یہ تھا، کہ اول الذکر ڈراموں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زندگی کے حالات اور معجزات کا تذکرہ ہوتا تھا۔ اور موخر الذکر میں مذہبی اولیا اور بزرگوں کے قصے اور حکایتیں بیان کی جاتی تھیں۔

شروع شروع میں گرجاؤں کے پادری عوام الناس کو مذہبی تعلیم سے متاثر کرنے کے لئے گرجا کے اندر ہی اس قسم کے مذہبی ڈرامے دکھلاتے تھے، عموماً دو تہواروں یعنی "کرسمس ڈے" اور "ایسٹر ڈے" کے موقع پر یہ ڈرامے کئے جاتے تھے "کرسمس ڈے" کے روز صرف حضرت عیسیٰ کی زندگی کے متعلق بعض بعض حفاظ پیش کئے جاتے تھے۔ اور "ایسٹر ڈے" میں آدم کی پیدائش، انسانی زندگی اور اس کے بعد تمام واقعات کی نقل اُتاری جاتی تھی۔ ان تمام ڈراموں کی زبان لاطینی ہوتی تھی۔

ان مذہبی ڈراموں کو دیکھنے کا شوق اس قدر عام ہوگیا، کہ گرجا کے اندر جگہ کافی نہ ہونے لگی۔ اور آخر یہ ڈرامے باہر میدانوں میں کئے جانے لگے۔ رفتہ رفتہ تجارت پیشہ لوگوں نے جو "گلڈز" کہلاتے تھے، اس میں شرکت شروع کردی، اور آہستہ آہستہ یہ ڈرامے گرجا سے ہٹتے ہوئے عام لوگوں تک پہنچ گئے۔ اور ایک پیشہ کے طور پر ہر طبقہ کے لوگوں نے اس میں حصہ لینا شروع کردیا۔ اور اس کی زبان بھی لاطینی سے انگریزی ہوگئی۔ یہ ڈرامے کئی روز تک مسلسل کئے جاتے تھے۔

اس قسم کا سب سے پہلا مذہبی میریکل ڈراما "دی ہیرڈنگ آف دی ہل" ہے، جو ڈنسٹیبل میں نیٹ کیتھرائن کے انداز میں ۱۱۱۱ء میں دکھایا گیا تھا۔ اور اس نوعیت کا سب سے آخری ڈراما کونٹری میں ۱۵۵۰ء میں کیا گیا تھا۔ ان مذہبی ڈراموں کے بعض مجموعے حسب ذیل ناموں سے موسوم ہیں:۔

(۱) چسٹر سائیکل۔ اس میں کل چوبیس[۲۴] ڈرامے ہیں ملاحظہ، دیکھیلڈ میں اکتیس[۳۱]۔ (۳) بارک میں اڑتالیس[۴۸] اور کوونٹری میں بیالیس[۴۲] ان ڈراموں میں دنیا کی تخلیق، آدم کی زندگی، طوفانِ نوح، اسحاق کی قربانی، (قرآن مجید سے حضرت اسمٰعیل کی قربانی ثابت ہے) وغیرہ کے تذکرے ہیں۔

دوسرا دور

مورلیٹی:۔ حسب بالا ڈراموں کے بعد ایک اور نئی صورت

جو پیدا ہوئی، وہ موریلیٹی ڈراموں کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ ان ڈراموں میں اولیاء کی زندگی یا مذہبی حکایات کو بیان کرنے کے بجائے انسانی "خوبیوں" اور "برائیوں" کو کردار کے طور پر پیش کرتے تھے۔ اور اسطرح ہر اخلاقی اور دماغی خاصیت کو ان کرداروں میں منتقل کر دیتے تھے۔ مثلاً ایسے ڈراموں کے بعض کرداروں کے نام یہ تھے:۔ دولت، نیک عمل، اعتراف گناہ، ترقی، استقلال وغیرہ۔ ان ناموں سے موریلیٹی ڈراموں کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے۔ بعض ڈراموں کے نام حسب ذیل ہیں:۔ "قصر استقلال"، "انسانیت"، "ہر ایک آدمی" وغیرہ۔ یہ سب ڈرامے "خوبیوں" اور "برائیوں" کو بیان کرتے تھے اور آخر میں "خوبی" کی فتح ہوتی تھی۔ ان ڈراموں کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ ان میں "ڈیول" (شیطان) ایک ایسا کردار تھا، جو بالکل "ظرافت" کے لئے مخصوص ہوتا تھا۔ اور جو ہمیشہ "برائی" سے برسرپیکار رہتا تھا۔ چنانچہ یہ "ڈیول" رفتہ رفتہ ترقی کرتا گیا۔ اور عہد حاضرہ کے ڈراموں وغیرہ میں جو بھانڈ یا "جوکر" ظریفانہ ایکٹ ادا کرتا ہے۔ یہ اُسی قدیم "ڈیول" کی ترقی یافتہ شکل ہے۔

ان موریلیٹی ڈراموں کے لئے ایک خاص قسم کا قصہ اور پلاٹ ہوتا تھا۔ اور اس لئے یہ موجودہ مکمل ڈراموں کے قریب قریب پہونچ رہا تھا۔ اور آخرکار رفتہ رفتہ یہ موریلیٹی ڈرامے کیمڈی ڈراموں میں تبدیل ہوگئے۔ اس کے بعد ڈرامے کی ایک اور صورت پیدا ہوئی۔ جس کا ذکر بھی مختصراً ضروری ہے یہ "انٹرلیوڈس" یا "درمیانی ڈرامے" کہلاتے ہیں۔

انٹرلیوڈس:۔ اس کے متعلق لوگوں کا خیال تھا کہ موریلیٹی ایک جدید شکل ہے۔ مگر یہ خیال غلط فہمی پر مبنی تھا۔ کیونکہ درحقیقت یہ ڈرامے اور اخلاقیات سے مبرا ہوتے تھے۔ ان میں ظرافت ہی ظرافت ہوتی تھی۔ اور ان کی زبان موریلیٹی ڈراموں کی بہ نسبت کم پیچیدہ ہوتی تھی۔ سولھویں صدی عیسوی میں جان ہے وڈ لے جو کچھ عرصہ تک ہنری ہشتم کے دربار میں گانے کی خدمت پر معین تھا۔ اس کو بہت ترقی دی۔ اس قسم کی بعض ڈرامے مثیل ہیں "خود پیئر" یا ایک مکالمہ ہے، جسکے کردار ایک زائر، ایک سخی، ایک طبیب، اور ایک راہرو پر مشتمل ہیں۔ اس میں یہ آپس میں کہانیاں کہتے ہیں۔ اور پھر اس بات کا مقابلہ کرتے ہیں کہ کس کی کہانی میں سب سے زیادہ جھوٹ ہو سکتا ہے۔ یہ بہت دلچسپ ہے۔ دوسرے اور ڈرامے "فور ایلیمنٹس" اور "تھرسائیٹیز" وغیرہ ہیں۔ ان میں کردار، انسان، اور واقعات، زندگی سے متعلق ہوتے تھے۔ ان تمام ڈراموں میں "برائی" کا کردار ضرور موجود ہوتا تھا۔

دوسرا باب

مکمل ڈرامانگاری:۔ مکمل ڈرامانگاری کو دو دوروں میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلے دور میں ۱۵۸۰ء سے ۱۵۸۰ء تک کے حالات درج ہیں۔ اور دوسرے دور میں جو ۱۵۸۰ء سے ۱۵۹۶ء پر مشتمل ہے شیکسپیر کے پیشروؤں، اور شیکسپیر کی ابتدائی ڈرامانگاری سے بحث کی گئی ہے۔ شیکسپیر کی ڈرامانگاری ایک علیحدہ باب میں درج کی گئی ہے۔

پہلا دور

مکمل ڈرامانگاری کا پہلا دور سولھویں صدی عیسوی کے درمیانی زمانہ یعنی ۱۵۵۱ء سے شروع ہوتا ہے۔ اس سے قبل جس قسم کے بھی ڈرامے ملک میں رائج تھے، گو وہ انگریزی میں لاطینی اور فرانسیسی ڈراموں کے طرز پر لکھے جاتے تھے۔ لیکن مکمل نہ ہوتے تھے۔ یعنی ان میں صرف مکالمہ ہی مکالمہ

ہوتا تھا۔ اور ایک قصہ مسلسل بیان ہوتا چلا جاتا تھا۔ نہ اس میں مختلف حصے ہوتے تھے نہ سین، نہ مناظر۔ چنانچہ کچھ عرصہ کے بعد ایتھن کے ایک اسکول کے ہیڈ ماسٹر نکولاس بوڈاں نے خالص انگریزی زبان میں سب سے پہلے کمیڈی (ڈراما) "الفانسو ائسٹر ڈائسٹ" لکھی۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے، کہ ۱۵۵۱ء سے قبل ہی اسکول کے طلباء نے اسٹیج پر پیش کی تھی لیکن وہ کتاب کی صورت میں ۱۵۶۶ء تک شائع نہیں ہوئی۔ یہ وہ سب سے پہلا انگریزی ڈراما ہے، جس میں لندن کی معاشرت پیش کی گئی ہے، یہ متعدد مکمل حصص مناظر اور سین پر مشتمل ہے۔ اور ابتدا سے انتہا تک منظوم ہے، گو یہ لاطینی ڈراموں کے طرز اور رالف اور ٹیرنس یونانی ڈراما نگاروں کے رنگ میں لکھا گیا ہے۔ لیکن اس میں میرکل اور مورلیٹی ڈراموں کی ظرافت جگہ جگہ موجود ہے شیکسپیر نے بھی اس کے رنگ میں اپنی کمیڈی "ایررس آف فور" لکھی ہے۔

اس کے بعد بیک ویل اور نارٹن نے ملکر انگریزی میں سب سے پہلی مکمل ٹریجیڈی (ڈراما) "گاربوڈک یا" فیرکیس اور پورکیس" ۱۵۶۱ء میں لکھی۔ اس کا پلاٹ یونانی انگریزی ولایت سے لیا گیا ہے۔ ڈراما سینیکا، لاطینی ڈراما نگار کے طرز پر لکھا گیا ہے، یہ ایک انتظامی ٹریجیڈی یا بلیڈی ٹریجیڈی بھی کہلاتی ہے، یعنی اس میں قتل و خون کے مناظر بہت خوفناک طرز پر دکھائے گئے ہیں۔ اور کردار موت کے انتقامات جو انہوں نے ایک دوسرے سے لئے ہیں بڑے خوفناک طریقوں پر لئے ہیں۔ یہ ٹریجیڈی [illegible] کے موقع پر "دی انر ٹیمپل" میں ۱۵۶۱ء میں دکھائی گئی تھی۔ اس ڈرامے کی ایک اور خصوصیت یہ بھی ہے، کہ انگریزی مکمل ڈرامانگاری میں یہ ڈراما نگار پوڈک سب سے پہلا ہونیکے علاوہ اس میں سب سے پہلی مرتبہ بینک درس (نثر مرجز یا غیر مقفیٰ عبارت) استعمال کی گئی ہے

مذکورہ بالا ڈراموں کے بعد تقریباً ۱۵۶۱ء سے ۱۵۸۱ء بیس سال تک انگریزی ڈرامانگاری میں ایک کشمکش اور اتھاؤ سا رہا۔ یعنی کسی خاص نوعیت کے ڈرامے نہ لکھے جاتے تھے، بلکہ یہ کبھی مرلیٹی اور کیمڈی کا آمیزہ ہوتے، کبھی کیمڈی اور ٹریجیڈی خلط ملط ہوتے، اور کبھی ان تینوں کا مجموعہ۔ اس کے علاوہ مصنفوں میں دو فریق قائم ہوگئی تھیں۔ ایک تو ان لوگوں کی، جو انشائے قدیم (کلاسکس) اصولی ڈرامانگاری یا سینیکا وغیرہ کے طرز نگارش کو رواج دینا چاہتے تھے۔ اور جس کی تائید انگلستان کے مشہور ادیب و شاعر سر فلپ سڈنی نے کی، دوسری میں وہ ایکٹر اور ڈرامانگار شامل تھے، جو عام پبلک کی دلچسپی اور تفریح کا خیال کرتے تھے۔ اور جو یہ سمجھتے تھے، کہ انکے سرپرست ڈرامانگاری کی فنی باریکیوں اور تفصیل کو پسند نہیں کرتے۔ اور جو صرف تعجب خیز پلاٹ اور پرلطف ایکٹنگ کے خواہشمند ہیں۔ یہ لوگ کسی پابندی کو پسند نہ کرتے تھے۔ اور انشائے قدیم کے اصولی طرز سے الگ رہ کر بالکل مختلف قسم کے ڈرامے لکھنا چاہتے تھے۔ چنانچہ ان لوگوں کو پبلک کا رجحان اس طرف زیادہ ہونے سے کامیابی ہوئی۔ اور شیکسپیر کی ڈرامانگاری سے قبل ہی یہ غیر اصولی ڈرامانگاری "رومانی" (خیالی) ڈرامانگاری کے نام سے وجود میں آچکی تھیں اصولی ڈرامانگار ونکی فریق "یونیورسٹی ویٹس" کے نام سے موسوم تھی۔ یعنی اس میں یونیورسٹی [illegible] کے فاضل شریک تھے

جو انشائے قدیم میں ڈرامے لکھتے تھے۔ اور دوسری "تھیٹریکل ڈرامانگاری" کہلاتی تھی۔

کلاسکل اور رومانی ڈرامے:۔ (اصولی اور غیر اصولی یا خیالی) ان کے امتیازات کو جاننے کے لئے جب ذیل اصول ہیں۔ ایک کلاسکل یا اصولی ڈرامے میں حسب ذیل اصول و قواعد کی پابندی لازمی امر ہے:۔

(۱) سارے ڈرامے کا صرف ایک ہی پلاٹ ہو، اور زبان بھی ایک ہی ہو۔ یعنی اگر ٹریجیڈی ہے، تو ابتدا سے انتہا تک ٹریجیڈی ہو۔ اور ہر جگہ سنجیدگی اور ٹریجیڈی کا رنگ جھلکتا ہو۔ کوئی ایک لفظ بھی ایسا نہ ہو کہ جس سے ظرافت کا اظہار ہو۔ اسی طرح کمیڈی میں کوئی لفظ ایسا نہ آنے پائے جو غم کا اظہار کرے۔ پلاٹ میں ضمنی حکایات اور روایات نہ آنی چاہئیں۔ ،، ،، ،،

(۲) ابتدا میں کوئی ایکٹنگ نہو۔ گذشتہ تمام واقعات پبلک کے سامنے قصہ کی طرح بیان کر دئے جائیں۔ اور صرف آخر کا ایک حصہ سمہ چند ضمنی مناظر کے اسٹیج پر ایکٹنگ کے ساتھ پیش کیا جائے۔

(۳) وقت مقام اور ایکٹنگ میں یکسانیت ہونی چاہئے یعنی صرف ایک دن ہو، ایک کہانی اور ایک منظر، جس میں حکایات اور روایات بالکل نہوں۔

(۴) محبت کے واقعات سنجیدہ پلاٹ کی شکل میں پیش نہ ہونے چاہئیں۔ بلکہ ضمنی طور پر تفریح کیلئے لائے جا سکتے ہیں۔

(۵) ابتدا سے انتہا تک ڈرامے میں یکسانیت ہو خالص ٹریجیڈی خالص کمیڈی دونوں ایک جا مجتمع نہ ہونی چاہئیں۔

(۶) عبارت بھی یک رنگی ہو۔ یعنے صرف نثر صرف نظم یا صرف نثر مرجز۔

ایک رومانی غیر اصول یا شکسپیری ڈرامے میں کوئی پابندی نہیں ہوتی۔ اس میں حسب ذیل خصوصیات موجود ہوتی ہیں۔

(۱) اس کی زبان میں تنوع ہوتا ہے۔ یعنی ایک ہی ڈرامے میں نثر و نظم، نظم و بلینک ورس، یا تینوں استعمال ہو سکتی ہیں۔ اور ساتھ ہی ساتھ ٹریجیڈی اور کمیڈی بھی مخلوط ہو سکتی ہیں۔

(۲) اس کے پلاٹ میں ایکٹنگ اور بیان ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ اور جو واقعات پلاٹ میں ہوتے ہیں۔ ان کو عملی طور پر اسٹیج پر دکھایا جاتا ہے۔

(۳) اس میں وقت، مقام، اور قصہ کی یکسانیت کی ضرورت نہیں

(۴) قصہ کا پلاٹ مہینوں اور سالوں پر بھی مشتمل ہو سکتا ہے۔ ،، ،، ،،

(۵) مقامات بدلتے رہتے ہیں۔ یعنی ایک شہر کے علاوہ دوسرے شہروں اور مقامات کے مناظر بھی پیش کئے جا سکتے ہیں

(۶) اصل قصہ کے ساتھ ضمنی حکایات اور روایتیں بھی اسٹیج پر ایکٹنگ کے ساتھ دکھائی جا سکتی ہیں۔

دوسرا دور

یہ دور ۱۵۸۰ء سے ۱۵۹۶ء یعنی سولہ برس پر مشتمل ہے۔ اور یہ دور اس لئے زیادہ اہم ہے، کہ شکسپیر کے قبل ہی رومانی ڈراما بہت ترقی پا چکا تھا اور ہر قسم کی آسانیاں مہیا ہو گئی تھیں جن سے آنیوالے دنیا کے سب سے بڑے ڈرامانگار شکسپیر نے بہت مدد لی۔ اس دور میں مختلف قسم کے سو سے زیادہ ڈرامے لکھے جا چکے تھے جنھیں مختلف تھیٹر کی کمپنیاں دکھا رہی تھیں۔ یہ سب نثر، نظم، اور بلینک ورس میں لکھے جا چکے تھے۔

شکسپیر کے پیشرو ڈرامہ شکسپیر کے پیش رووں میں جان للی (۱۵۵۴-۱۶۰۶ء) ٹامس کڈ (۱۵۵۸-۱۵۹۵ء) جارج پیل (۱۵۵۸-۱۵۹۰ء) ٹامس لاج (۱۵۵۸-۱۶۲۶ء) رابرٹ گرین (۱۵۶۰-۱۵۹۲ء) کرسٹفر مارلو (۱۵۶۴-۱۵۹۳ء) اور ٹامس نیش (۱۵۶۷-۱۶۰۱ء) ہیں۔ یہ "یونیورسٹی وٹس" کہلاتے ہیں۔ ان میں جان للی اور کرسٹفر مارلو کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

جان للی اپنی ایک کتاب "ایوفیوز" کی وجہ سے جو ایک منثور رومان ہے، بہت مشہور ہے۔ اس نے آٹھ کمیڈی (ڈرامے) لکھی ہیں۔ جس میں سب سے اچھے کیمپاسپے" "اینڈی می آن" اور "گیلاتھی" ہیں۔ یہ سب دربار میں دکھلائے جانے کے لئے لکھے گئے تھے۔ اور ان کی دلچسپی، پلاٹ، مناظر اور کرداروں پر منحصر نہیں ہے بلکہ "زبان" پر جو بیحد شیریں معنی خیز اور برجستہ ہوتی ہے۔ للی کی تشبیہات اور استعارات سے شکسپیر نے بہت کافی مدد لی ہے۔ شکسپیر کے ڈرامے "لوز لیبرس" "لاسٹ" اور "مڈسمر نائٹس ڈریم" للی کے ڈراموں کے رنگ میں لکھے گئے ہیں۔ شکسپیر نے للی کے ڈراموں سے یہ بات بھی حاصل کی کہ ایک درباری قصہ کے پلاٹ، اور ایک دیہات کے قصہ کے پلاٹ کو ایک جا مجتمع کرتے ہیں۔

مذکورہ بالا شکسپیر کے دونوں ڈراموں میں یہی نکتہ واضح کیا گیا ہے چنانچہ ان تمام امور کے مدنظر بلا انکار للی شکسپیر کا پہلا استاد کہا جا سکتا ہے۔ للی کی تحریریں حسب ذیل خصوصیات کی وجہ سے بہت ممتاز ہیں:-

(۱) وہ اعلیٰ کمیڈی لکھتا ہے۔ یعنی اس کے کردار اعلیٰ مراتب کے لوگ مثلاً بادشاہ، حکام سلطنت، رؤسا اور امراء ہوتے ہیں۔

(۲) اس کی کمیڈی رومانی ہوتی ہیں۔ جس میں کسی نہ کسی طرح "محبت" کا اظہار کیا جاتا ہے۔

(۳) ڈراموں کے پلاٹ عموماً انشائے قدیم (کلاسکس) کے افسانوں سے ماخوذ ہوتے ہیں۔

(۴) تمام ڈرامے نثر میں لکھے گئے ہیں۔

للی کے بعد شکسپیر جس کے ڈراموں سے بہت مستفید ہوا وہ کرسٹفر مارلو ہے، مارلو نہایت اوباشانہ اور لاابالی زندگی بسر کرتا رہا، لیکن اس کا دماغ نہایت زود فہم اور باریک بین تھا؛ اور جبکہ وہ بالکل جوان ہی تھا، تو شرابیوں کے ایک جھگڑے میں مارا ڈالا گیا۔ ڈرامانگاری کی بہ نسبت اُسے غزلگوئی میں زیادہ ملکہ تھا۔ تاہم اُس کے ڈرامے (ٹیمبرلین دی گریٹ (تیمور اعظم)، "ڈاکٹر فاسٹس" اور "دی جیو آف مالٹا" (مالٹا کا یہودی) باوجود اپنی نہایت مشکل عبارت کے جس سے ڈراموں میں جگہ جگہ نقائص پیدا ہو گئے ہیں اس عہد کے تمام ڈراموں سے زیادہ قابل قدر ہیں۔ اور مارلو اپنے تمام ہمعصروں اور شکسپیر کے پیش رووں میں سب سے زیادہ بلند پایہ کہلائے جانے کا مستحق ہے۔ ان تمام ڈراموں میں مارلو نے بلینک ورس (نثر مرجز) استعمال کی ہے۔ جو ابتک اصولی ڈراموں اور خانگی ڈراموں کے لئے رائج تھی۔ اس طرح شکسپیر جو مارلو کے ساتھ کچھ عرصہ رہ چکا تھا، ابتدا میں مارلو کے ڈراموں سے بہت متاثر ہوا۔ اس کی ابتدائی دور کی بلینک ورس (نثر مرجز) مارلو کے طرز سے بہت مشابہ ہے۔ چنانچہ شکسپیر نے اپنی نظم "وینس اور ایڈونس" مارلو کی نظم "ہیرو اور لیانڈر" سے متاثر ہو کر لکھی ہے۔ اور اسی طرح شکسپیر نے "ہنری دوم" اور "ہنری سوم" مارلو کے ڈرامے ایڈورڈ دوم کے رنگ میں لکھے ہیں۔ اس پر بھی مارلو کا ایڈورڈ دوم شکسپیر

کے ڈرامے "رچرڈ دوم" سے بہتر سمجھا جاتا ہے۔ شیکسپیر کا ڈرامہ "وینس کا سوداگر" مارلو کے ڈرامے "مالٹا کا یہودی" سے بہت ملتا جلتا ہے۔

جارج پیل نے "آربن نٹ آف پیرس" اور "دیوڈا اور تھیسپ" دو ڈرامے لکھے ہیں۔ جن میں جدید طرز کی اور نشاط اور شاعری کے نمونے پیش کئے گئے ہیں۔ رابرٹ گرین اپنے ڈراموں کی بہ نسبت، لطیف نظموں کے لئے بہت پسند کیا جاتا ہے۔ ٹامس کڈ ماڈراما "اسپانش ٹریجیڈی" بہت دلچسپ اور اچھا ہے۔

تیسرا باب

شیکسپیر کے عہد سے ڈراما نگاری کا تیسرا دور شروع ہوتا ہے، شیکسپیر کے حالات اس قدر تفصیل کے ساتھ اردو میں لکھے جا چکے ہیں، اور اس قدر ان کا اعادہ کیا جا چکا ہے، کہ اب اس کے متعلق کچھ کہنا بے معنی سا معلوم ہوتا ہے، لیکن چونکہ ڈراما نگاری میں سب سے بڑا "ڈراما نگار" یا ڈراما نگاروں کا بادشاہ" ہے۔ اس لئے مختصراً اس کے حالات درج کئے جاتے ہیں۔

ولیم شیکسپیر، جس نے اٹھائیس سال کے عرصہ میں ڈرامے کو اس قابل بنا دیا تھا، کہ انسان کی "حیات کامل" کو مومو پیش کر سکے۔ ۱۵۶۴ء میں "اسٹارڈ آن۔ ایون" میں پیدا ہوا تھا۔ اور ابھی جبکہ وہ کمسن ہی تھا، اس کا تجارت پیشہ باپ غریب ہو گیا۔ اور اس کی تعلیم کامل طور پر نہ ہو سکی۔ اس وجہ سے وہ ایک معمولی درجہ کا طالبعلم رہ گیا۔ گو وہ یونانی اور لاطینی بہت کم جانتا تھا۔ لیکن انگریزی کا اس کے پاس ایک بیش بہا ذخیرہ تھا۔ کیونکہ وہ خالص انگریزی لکھتا تھا۔ اور اس نے ۵۰۰۰ الفاظ استعمال کئے ہیں) بہرکیف اپنی دماغی قابلیت، ذکاوت اور ایسی سوسائٹی میں رہنے سے جس میں ہر قسم کے واقعات کا علم ممکن تھا۔ وہ ایک قابل آدمی بن گیا۔ بیان کیا جاتا ہے، کہ لڑکپن میں اس کی فطرت نہایت آزاد اور نڈر تھی۔ اور اس نے شاہی کوٹ کے جنگلوں میں ایک بار ہرن چرایا تھا۔ لیکن معلوم نہیں، یہ واقعہ کہاں تک صحیح ہے۔ ۱۹ برس کی عمر میں اس نے "اینی ہاتھ وے" سے شادی کر لی جو اس سے تقریباً سات سال زیادہ بڑی تھی۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوا، کہ اس سے موافقت نہ ہو سکی۔ اس وجہ سے یا کسی اور سبب سے وہ وطن سے روانہ ہو کر ۱۵۸۶ء میں لندن آیا۔ اس وقت اس کی عمر بائیس ۲۲ سال کی تھی۔ یہاں پہنچکر وہ مارلو اور گرین وغیرہ کے ہمراہ ایک ایکٹر اور ڈراما نگار بن گیا۔ رفتہ رفتہ یہ "گلوب" اور "بلیک فرائرس" تھیٹروں کا حصہ دار بن گیا۔ اور بہت سا مال ہو گیا۔ کچھ جائداد وغیرہ بھی خرید لی۔ لیکن اس کے بعد ہی ۱۵۹۶ء میں اس کا اکیلا بیٹا مرا۔ ۱۶۰۱ء میں باپ، ۱۶۰۸ء میں بھائی۔ اور ۱۶۱۰ء میں اس کی ماں کا بھی انتقال ہو گیا۔ اس کی دو لڑکیوں نے ٹامس کینی اور ڈاکٹر جان پالی سے شادی کر لی تھی۔ اب شیکسپیر کی صحت خراب ہو چلی تھی۔ اور آخر کار ۵۲ برس کی عمر میں ۲۳ اپریل ۱۶۱۶ء میں انتقال کر گیا۔

شیکسپیر کا پہلا دور ۱۵۸۸-۱۵۹۶ء

لندن آنے سے قبل خیال کیا جاتا ہے۔ کہ شیکسپیر نے "وینس اور ایڈونس" کے ایک حصہ کا خاکہ تحریر کر لیا تھا۔ اور جب وہ ۱۵۹۳ء میں شائع کیا گیا۔ تو بہت پسند کیا گیا۔

اوپبلک نے اس کی بہت قدر کی۔ اس ڈرامے میں مناظر قدرت کے بہت دلچسپ نمونے تھے خیال کیا جاتا ہے کہ لندن آنے کے بعد سب سے پہلا ڈراما جو اس نے لکھا۔ وہ "ٹائٹس اور اینڈرونی کس" ہے۔ اور اس کے بعد ہنری ششم کا پہلا حصہ تحریر کیا۔ "لو لیبرس لاسٹ" ۱۵۹۰ء میں شائع ہوا۔ جو ہر نوعیت سے بہت دلچسپ ڈراما ہے۔ اس کے بعد کے ڈرامے حسب ذیل ہیں:۔

کمیڈی آف ایررس۔ مڈسمر نائٹس ڈریم یہ خالص منظوم ڈراما ہے۔ اور اس میں انشائے قدیم کی روایات اور پریونکا ذکر کیا گیا ہے۔ "ٹو جنٹلمین آف ورونا" میں اطالوی رنگ زیادہ جھلکتا ہے۔ اس کے بعد "رومیو اور جولیٹ" ایک ٹریجڈی ہے جو سب سے پہلی "محبت آمیز" ٹریجڈی ہے۔ "لو لیبرس ون" "وینس اور ایڈونس" وغیرہ۔ اس کے بعد جب اس میں وطن پرستی کا جذبہ پیدا ہوا، تو اس نے بھی مارلو اور سپنل کی طرح تاریخی ڈرامے لکھے "رچرڈ دوم، رچرڈ سوم، ہنری ششم" اور پھر اس دور کا سب سے آخری ڈراما "کنگ جان" ہے جو تقریباً ۱۵۹۶ء میں لکھا گیا۔

دوسرا دور ۱۶۰۱-۱۵۹۶ء

"مرچنٹ آف وینس" وہ سب سے پہلی کمیڈی ہے جس میں شیکسپیر نے اپنے فن میں کمال حاصل کیا۔ جب اس کے وہ مختلف کردار پورشیا اور سائلاک، ایک موقع پر ملتے ہیں، تو کمیڈی اور ٹریجڈی کے دو دلکش مناظر مخلوط نظر آتے ہیں۔ اور ڈراما بیحد دلچسپ معلوم ہوتا ہے۔ اس کے بعد کے ڈرامے "ٹیمنگ آف دی شریو" "ہنری چہارم" "میری وائوز آف ونڈزر" اور ہنری پنجم ہیں۔ اس کے بعد شیکسپیر نے پھر محبت آمیز ڈرامے لکھنے شروع کئے جس میں صرف نظمی جذبات ظاہر کئے گئے ہیں۔ ایسے ڈرامے "مچھ ایڈو اباوٹ نتھنگ" "از یو لائک اٹ" اور "ٹوئلتھ نائٹ" ہیں۔

اب شیکسپیر کی زندگی میں ایک انقلاب رونما ہوا۔ اب تک اُسے بہترین ادبی سوسائٹی حاصل تھی۔ بڑے بڑے رؤسا اس کے سرپرست تھے۔ اور وہ کافی دولت کا مالک تھا۔ لیکن یکایک ہر طرف سے بربادی اور تباہی اس پر نازل ہوئی۔ ملک میں خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ دوست چھوٹ گئے۔ سرپرست تباہ اور جلاوطن ہو گئے، اس کی ساری دولت تباہ ہو گئی۔ اس کے ایک عزیز ترین دوست نے اس سے بیوفائی کی۔ اور اب وہ اپنے ایکٹری کے پیشہ سے بھی برگشتہ خاطر ہو گیا۔ اور اسلئے اس نے زندگی کے زیادہ سنجیدہ، عمیق اور المناک حالات لکھنے کا ارادہ کر لیا۔

تیسرا دور ۱۶۰۸-۱۶۰۱ء

یہ دور الزبتھ کے آخری زمانہ سے شروع ہوتا ہے۔ اس دور کا سب سے پہلا ڈراما جولیس سیزر ہے۔ یہ ایک نہایت غمناک اور عبرت آمیز ٹریجڈی ہے جس میں روم کے بادشاہ۔ "جولیس سیزر" کا قتل پیش کیا گیا ہے۔ اس کے بعد کے ڈرامے حسب ذیل ہیں:۔

"ہملٹ" ۱۶۰۱ء۔ اس میں "پرنس آف ڈنمارک" کی تباہی و بربادی دکھائی گئی ہے۔ اور کہا جا سکتا ہے، کہ تقریباً شیکسپیر نے اس میں اپنے کردار کو پیش کیا ہے۔ "میشر فار میشر" (کمیڈی اور ٹریجڈی مخلوط) اوتھیلو۔ میکبتھ "کنگ لیر" "ٹرائلس اور کریسیڈ"۔ انطونی اور قلوپطرہ، اور کوریولینس ہیں

حسب بالا ڈراموں میں شیکسپیر نے انسان کے بدترین گناہ، غرور کا ناقابل رحم انجام، خوفناک جرائم اور حرص و ہوا کے حالات نہایت مؤثر پیرایہ میں بیان کئے ہیں۔ ضمیر کا انتقام، کمزوری کی سزا، دغابازی، شہوت، حسد، احسان فراموشی،

اور دیوانگی کے عبرتناک واقعات، ہزاروں اور مختلف دلکش اور موثر طرز سے پیش کئے گئے ہیں۔ جن کا تجربہ خود اس نے اپنی مصیبت و تکلیف کے وقت کیا تھا۔ چنانچہ ان ڈراموں میں تقریباً سارے ڈرامے شیکسپیر کے ماسٹر پیس دنیا کے شاہکار کہلائے جانے کے مستحق ہیں۔

چوتھا دور ۱۶۱۳-۱۶۰۸ء

اب اس دور میں شیکسپیر پر ایک بار راحت و مسرت، حقیقی و مسرت سے ہم آغوش ہوتا ہے۔ اس کی کھوئی ہوئی چیزوں میں سے اُسے بہت کچھ مل جاتا ہے۔ بیوی سے صلح ہو جاتی ہے، اور وہ مسرور و مطمئن زندگی بسر کرنے لگتا ہے۔ چنانچہ ان ایام میں جو اس نے ڈرامے لکھے ہیں۔ وہ سب تقریباً کمیڈی ہیں۔ اور ان میں مسرت و لطف زندگی کا بیان ہے۔ "ونٹرس ٹیل" میں دیہات کی نظر فریب چراگاہوں اور بہار کا تذکرہ کیا گیا ہے اس کے بعد "ٹمپسٹ"، "ہنری ہشتم" اور دی نوبل کنسمین" ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اب ہم اس کے ڈراموں اور سائنٹیس کو مدنظر رکھتے ہوئے حکم لگانا چاہیں کہ شیکسپیر کیا تھا۔ تو اس میں کامیاب نہیں ہوتے۔ اُس نے بہت سے ایسے کردار ڈراموں میں پیش کئے ہیں، جس میں اُس نے اپنے آپ کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے لیکن ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ ایسے کردار کون سے ہیں۔

دوسرے ڈرامانگاروں سے جب ہم شیکسپیر کا مقابلہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ شیکسپیر شاعری، جدت نگاری، بلند خیالی، دور بینی، جذبات نگاری، عام انسانی زندگی کے حقائق پیش کرنے، احساسات کو زیادہ پرزور بنانے، تخیلات کو ایک مناسب طور پر جمع کرنے، واقعات میں تسلسل پیدا کرنے، اور ترتیب کی دلبستگی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا شاعر کہلایا جانے کا مستحق ہے۔

شیکسپیر کا ہمعصر:- شیکسپیر کے بعد ہی ڈرامانگاری میں انحطاط شروع ہوتا ہے، لیکن بن جانسن اس وقت کی ایک ایسی زبردست شخصیت ہے، کہ جس کی وجہ سے اس انحطاط کا احساس مشکل سے ہو سکتا ہے۔ اس وقت کے تمام انشائے قدیم میں لکھنے والے ڈرامانگاروں میں بن جانسن سب سے زیادہ قابل اور بلند مرتبہ شخص تھا۔ اس کے حالات زندگی مختصراً درج کئے جاتے ہیں

بن جانسن ۱۵۷۳ء میں، لندن میں پیدا ہوا۔ ویسٹ منسٹر کے گرامر اسکول میں تعلیم پائی ۱۵۹۲ء میں ایکٹر بن گیا اور ۱۵۹۸ء میں ایک ڈرامانگار کی حیثیت سے سید ان ادب میں نمودار ہوا۔ اس کی سب سے پہلی تصنیف "ایوری مین ان ہز ہیومر" ہے، جو طنزیہ رنگ میں لکھی گئی ہے۔ کیونکہ بن جانسن اس وقت سب سے بڑا طنز نگار تھا۔ ۱۶۳۷ء میں اسکا انتقال ہو گیا

بن جانسن کے بہت سے ڈرامے ہیں۔ جن میں بعض بہت اچھے حسب ذیل ہیں:-

"سیجانس اور کیٹلائن" یہ ایک تاریخی اور بہت بلند پایہ ٹریجیڈی ہے۔ اس کے اور ڈرامے دلچسپ اور مفید کیمڈی ہیں۔ مثلاً۔ دی الکیمسٹ، دی فاکس، اور دی سائلنٹ وومن۔ ان ڈراموں کے مطالعہ سے ہم اندازہ کر سکتے ہیں، کہ اس نے کیا لکھا ہے جس کی وجہ سے وہ شیکسپیر کا ہم پلہ کہا جاتا ہے۔ ان کے مطالعہ سے اس کے فن ڈرامانگاری اور اُس کی بلند پایہ ذہنیت کا پورا علم اور یقین ہو سکتا ہے، اُس نے شیکسپیر سے بالکل مختلف طرز میں، جو اس کا انہا رنگ تھا لکھا اور اس کو جس منشا کامیابی ہوئی اس کے کیمڈی ڈراموں میں "رومانیت" یا "محبت" کو دخل نہیں ہے، بلکہ وہ ہر بات کو

نہایت عمیق اور سنجیدہ رنگ میں پیش کرتا ہے، وہ اخلاقی اصلاح کو بھی مدنظر رکھتا ہے۔ اور اسٹیج پر اُسے لازماً ضروری سمجھتا ہے۔ اس نے لندن کی روزمرہ کی زندگی کے واقعات پیش کئے ہیں۔ اور دنیا کی بہت معنی خیز تصویر کھینچی ہے۔ اس کا مقصد محض تفریح نہیں ہوتا۔ اس لئے اُسکے ڈراموں میں اخلاقی تعلیم کا عنصر بہت حد تک ہوتا ہے۔ اور ان تحریروں کی اصلیت ذومعنی ہوتی ہے۔ وہ رومانی ڈراموں کا رنگ نظرانداز کرکے لاطینی طرز اختیار کرتا ہے۔ اس کے علاوہ بن جانسن کے ڈراموں کے کردار بہت پُرمذاق ہوتے ہیں۔ جان سن کے ڈراموں میں ایک اور بات یہ بھی ہوتی ہے کہ ان میں جدت نگاری کے بجائے "علمی" اور "فنی" نکتے پائے جاتے ہیں۔ اور گو ان کی عبارت پُرلطف نہیں ہوتی۔ لیکن تاریخی حیثیت سے نہایت اہمیت رکھتی ہے۔ کیونکہ بن جانسن حقیقی معنوں میں "ادب آموز" ڈراموں کا موجد تھا۔ اور مستقبل کے ڈرامانگاروں پر ان تحریروں کا بیحد اثر ہوا۔ گولڈ اسمتھ وغیرہ نے بھی اس رنگ میں ڈرامے لکھے ہیں۔ بن جانسن کے اکثر ڈراموں میں شیکسپیر نے ایکٹ کیا ہے، اور خود اپنے ڈراموں میں بھی لیکن اس نے کبھی کسی "ہیرو" کا پارٹ نہیں لیا۔ "ہملٹ" میں اس نے "گھوسٹ" (شیطانی روح) کا ایکٹ کیا ہے۔

جب تک شیکسپیر زندہ رہا، بن جانسن ہمیشہ اس کے ڈراموں پر نکتہ چینی کرتا رہا۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ وہ شیکسپیر کے سب سے بڑے مداحوں میں بھی تھا۔ چنانچہ ۱۶۲۵ء میں شیکسپیر کے مرنیکے بعد جب اس کے تمام ڈراموں کا مجموعہ کتاب کی شکل میں شائع ہوا، تو مقدمہ میں بن جانسن نے شیکسپیر کو مارلو اور لِلی سے بھی زیادہ بلند مرتبہ اور قابل ثابت کیا۔

شیکسپیر اور بن جانسن:۔ اگر ہم ان دونوں کی تصانیف کا مقابلہ کریں، تو حسب ذیل اختلافات ملینگے:۔

(۱) شیکسپیر رومانی یا غیر اصولی ڈرامانگاری کے اسکول کا پابند تھا۔ بن جانسن انشائے قدیم اور اصولی ڈرامانگاری کے اسکول کا معتقد تھا۔

(۲) شیکسپیر کا نصب العین عموماً تفریحی ڈرامے پیش کرنا ہے اور بالواسطہ اخلاق کی تعلیم دینا ہے۔

بن جانسن کا اخلاقی درس مضمر رکھتا ہے، اور وہ راست طور پر اخلاقی تعلیم دینے کا متمنی ہے۔

(۳) شیکسپیر ایک غیر حساس ڈرامانگار ہے، اور وہ رموز ونکات پر زیادہ توجہ نہیں کرتا۔

بن جانسن بہت حساس ہے۔ یعنی وہ فنی نقاط و اصول کا بہت سختی سے لحاظ رکھتا ہے۔

(۴) شیکسپیر نے عموماً خیالی باتیں اپنے ڈراموں میں بیان کی ہیں بن جانسن نے لندن کی زندگی پیش کرکے اصل واقعاتی زندگی پر سے پردہ اٹھایا ہے۔

(۵) شیکسپیر نے بہت "جدت" سے کام لیا ہے۔

بن جانسن نے علمی اور فنی باتوں سے زیادہ بحث کی ہے۔

عہد شیکسپیر کے دوسرے ڈرامانگار:۔ ان ڈرامانگاروں میں جان ویبسٹر ایک اچھا ڈرامانگار تھا۔ اس کے ڈرامے "وہائٹ ڈیول" اور "ڈچز آف مالفی" نہایت عجز تناک ٹریجڈی ہیں۔ جن کی مثال شیکسپیر کے علاوہ کہیں نہیں مل سکتی جان فورڈ میں بھی ٹریجڈی نگاری کا ذوق ویبسٹر کی طرح تھا۔ اس کا ایک ڈراما "بروکن ہارٹ" ہے۔ فرانسس بومانٹ اور جان فلیچر دونوں نے متحدہ طور پر ڈرامے لکھے ہیں۔ اور ان کے ڈرامے "فلاسٹر" اور "دی میڈس ٹریجڈی" اپنی روایت

کے لحاظ سے شیکسپیر کے علاوہ ہر دوسرے بہترین ڈراموں کے مقابلہ میں پیش کئے جا سکتے ہیں۔ فلپ سیمنجر اپنی کیڈی "اے نیو ڈے ٹو پے اولڈ ڈٹس" کی وجہ سے مشہور ہے۔ اسکے بعد سب سے آخر میں جیمس شرلے (۱۵۹۶-۱۵۶۶ء) ہی جس کا تعلق چارلس اوّل کے عہد سے تھا۔ اس کے متعلق چارلس لیمب لکھتا ہے کہ "وہ ایک بڑی قوم کا آخری نام لیوا تھا۔ اس نے بہت سے ڈرامے لکھے ہیں۔" دی اسکول فار اسکینڈل" ایک اچھا ڈرامہ ہے۔ ان ڈرامانگاروں کے بعد ہی ڈرامانگاری کا زوال شروع ہوتا ہے جیمس شرلے اس دور کی شمع سحری کا مرتبہ رکھتا ہے۔ کیونکہ اس کے بعد ہی خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ اور ایک جدید مذہبی پارٹی "پیوریٹنز" کے وجود میں آنے سے تمام تھیٹر وغیرہ بند کر دئے گئے۔ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴

عہد شیکسپیر کے تھیٹر:۔ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس ڈرامانگاری کی تاریخ کے ساتھ ساتھ اُن تھیٹروں کا ذکر کر دیا جائے، جن میں شیکسپیر اور اس کے ہمعصروں نے ایکٹنگ کی تھی۔ کیونکہ بغیر تھیٹر کے ڈراما ایک بے معنی شے ہو کر رہ جاتا ہے، مکمل ڈرامانگاری کے ابتدائی زمانہ میں ڈرامے سرائیوں کے صحن اور دیگر کھلی ہوئی جگہوں میں دکھائے جاتے تھے۔ چنانچہ جب شیکسپیر لندن پہونچا، تو صرف دو تھیٹر تھے، جو "تھیٹر" اور "کرٹین" کہلاتے تھے شیکسپیر نے تھیٹر میں شرکت کی تھی ۱۵۹۲ء میں "روز تھیٹر"، "بلیک فرائرس تھیٹر" اور ۱۵۹۹ء میں "گلوب تھیٹر" قائم ہوئے۔ ان کی شکل باہر کی طرف شش پہلو ہوتی تھی۔ اور اندر دائرہ۔ یہ چھوٹے اور لکڑی سے بنے ہوتے تھے۔ اسٹیج کے علاوہ پبلک کے بیٹھنے کی جگہ پر کوئی سائبان یا چھت نہ ہوتی تھی۔ اسٹیج پر البتہ ایک چھت بنائی جاتی تھی حکام اور اُمرا اسٹیج ہی پر کرسیوں پر بیٹھتے تھے۔ باقی لوگ زمین پر کھڑے رہ کر دیکھتے تھے۔ اسٹیج ایک کمرہ ہوتا تھا جس میں پردے کے لئے صرف ایک کمبل استعمال ہوتا تھا۔ لکڑی کے بنے ہوئے جانور، مینار، جنگل، مکانات وغیرہ ہی وہ سامان تھا، جو سین سینری کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ اور جب پبلک کو یہ بتانا منظور ہوتا، کہ تماشا کس مقام پر ہونے والا ہے، تو اسٹیج کے اوپر سے ایک تختہ لٹکا دیا جاتا تھا جس پر اس مقام، جنگل یا مکان کا نام لکھا ہوا جاتا تھا مثلاً شیکسپیر کے ڈراموں کے بعض مقامات مثلاً آرڈن کے جنگلات یا میکبتھ کا محل دکھانا ہوتا، تو تختہ پر لکھ کر لٹکا دیتے اور لوگوں کو معلوم ہو جاتا، کہ واقعہ کس مقام پر ہونے والا ہے۔

چونکہ مصور پردے، سین سینری اور کوئی ساز و سامان ایسا نہ ہوتا تھا جس سے معلوم ہوتا کہ ایکٹر کا ماحول کس قسم کا ہے۔ اس لئے ایکٹر کو بہت توجہ اور جانفشانی سے کام کرنا پڑتا تھا۔ اور ان کو اپنی ہر حرکت اور ہر بات سے اپنا ماحول پیش کرنا پڑتا تھا جو بہت مشکل کام ہے۔ اور اس لئے ایکٹنگ کمال کو پہونچی ہوئی تھی۔ ہم اگر اب اپنے موجودہ اور انکے اسٹیج سے مقابلہ کریں، تو ہم کو یہ معلوم کر کے ہنسی آتی ہے۔ کہ ان چھوٹے چھوٹے اسٹیجوں پر فوجیں کس طرح حرکت کرتی تھیں جن پر الیزبتھ کے زمانہ کے لوگ بہت اطمینان اُٹھاتے تھے۔ تماشے عموماً دن کو تین بجے شروع ہوتے تھے اور تقریباً دو گھنٹے میں ختم ہو جاتے تھے۔

اس وقت لڑکیاں یا عورتیں تھیٹر میں بالکل حصہ نہ لیتی تھیں۔ انکی بجائے کمسن لڑکے اور جوان مرد زنانہ پارٹ کرتے تھے۔ البتہ جب شاہی کے بعد عورتیں اور لڑکیاں بھی تھیٹر میں شرکت کرنے لگیں۔ گو اس انقلاب کو متقدمین نے پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا۔

پیسہ اخبار

ہمارے گم شدہ حواس

(جناب مولوی محبوب عالم ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور)

قدرت کی نیرنگیاں اور بوقلمونیاں انسانی سمجھ سے باہر ہیں۔ انسان کے جسم کی ساخت ایسی ہے کہ جس کو خود انسان بھی کما حقہٗ سمجھ نہیں سکتا۔ مگر قدرت کو انسان سے جو کام لینا ہو اس کے بالکل مناسب انسان کی ساخت بنائی گئی ہے۔ اگر انسان کی انگلی کٹ جائے تو بیماروں کو اٹھا کر شفاخانہ پہنچانے والی گاڑی کی نسبت قدرت اس جگہ شفا بخشنے والے مادہ کو بڑی سرعت کے ساتھ پہنچا دیتی ہے قدرت نے زرافہ کی گردن بہت لمبی بنا دی ہے تاکہ وہ دا قامت درختوں کی چوٹی کے رس دار پتے کھا سکے خاص خاص علاقوں کیلئے قدرت نے اسیطرح انسان کو ترغیب اور ہمت دلائی ہے۔

کتے کی قوت شامہ نہایت تیز ہے۔ لیکن اگر انسان کی قوت شامہ ہی کتے کی برابر تیز ہوتی۔ تو اس کو گلی کوچہ کی بدبودار چیزیں نہایت خائف رکھتیں کیونکہ اُن بدبودار

(صفحہ ۔۔۔ کا بقیہ)

ضرورت باقاعدہ میں ایک دو روز لکھا جا سکتا ہے روزمرہ ایسے واقعات نہیں ہوتے جن پر تنقید کرنا ضروری ہو اور بعض اوقات تو ان کا اس قدر قحط ہو جاتا ہے کہ ایڈیٹر کا کافی وقت اسی فکر میں ضائع ہو جاتا ہے کہ آج کا آرٹیکل کس چیز پر لکھا جائے۔ علاوہ ازیں جسقدر فورت لسٹی سے لکھا ہوا آرٹیکل زیادہ مفید بھی ہوگا۔

اخبارات کو یہ حقیقت ہر دم پیش نظر رکھنی چاہئے کہ ان کا مقصد حیات قوم کو درست راستہ دکھلانا اور ملکی ترقی میں معاون و مددگار ہونا ہے۔ نہ کہ روپیہ کمانا اور دو اخبارات میں بہت سے ایسے پرچے موجود ہیں جو معمولی لالچ کی وجہ سے اپنے معیار کو خواہ مخواہ پست کر کے ملک و قوم کو سخت نقصان پہنچاتے ہیں اگر یہ اخبارات تجارتی نکتہ نظر سے جاری کئے گئے ہیں تو جتنا جلد ان کو بند کر دیا جائے اتنا ہی عالمگان اخبار کی بہتری کا موجب ہوگا۔ کیونکہ یہ مسلم امر ہے کہ اخبارات اچھی تجارت نہیں بن سکتے بعض اوقات ان میں نفع بھی ہو جاتا ہے۔ لیکن اردو اخبارات عموماً گھاٹے پر

چیزوں میں انسان پرلے جراثیم سے واقف ہوتا۔ تو پھر وہ شاید گلی کوچوں میں نکلنا قطعی ترک کر دیتا۔ پرندے گھاس کے نیچے حشرات الارض کی آواز سن لیتے ہیں لیکن انسان نے اپنے دماغ و عقل کے زور سے یہ جان لیا ہے کہ کس روز گھاس ہمارے جسم کو بھی ڈھانک لیگی۔

اگر ان باتوں پر انسان کو غلبہ دیدیا جائے اور اس کے دل اور دماغ پر غفلت کے پردے نہ ڈالدئے جاتے تو اسکو اس دنیا میں جینا وبال ہو جاتا۔ سیر و تفریح تماشہ غرضکہ کسی چیز میں اس کا دل نہ لگتا نہ اس کو اطمینان حاصل ہوتا۔ خوردبین سے جس قدر جراثیم انسان کو نظر آتے ہیں اگر وہ انسان کی عریاں آنکھ سے انسان کو نظر آنے لگتے۔ تو پھر جراثیم کے ڈر کے مارے۔ نہ وہ غسل خانہ میں جا کر غسل کر سکتا۔ نہ کھانا کھا سکتا۔ نہ پان پی سکتا غرضکہ قدرت نے انسان کیلئے جو بات رکھی ہے وہ نہایت عقل و فراست پر مبنی ہے۔

(باقی ص)

چل رہے ہیں۔ ظاہر ہے کہ گھاٹا ناطویل عرصہ تک برداشت نہیں ہو سکتا اس لئے یا تو اس کو وہ پارٹیاں ادا کرتی ہیں جو ان اخبارات سے اپنا پروپیگنڈہ کراتی ہیں یا اخبار کے چلانے والے اپنے بلند اصول سے گر گر نامناسب طریق سے اسے پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جرنلزم کے میدان میں داخل ہونے والے نوجوان کو بھی چاہئے کہ روپیہ کمانے کے خیال سے اس پیشے کو اختیار نہ کریں بلکہ شروع کرنے سے پہلے ہی اس امر کا فیصلہ کر لینا چاہئے کہ وہ اپنی تمام عمر افلاس میں کاٹنے کے لئے تیار رہیں۔ اخبار نویسی میں بڑے سے بڑی عزت مل سکتی ہے۔ سہولتیں مل سکتی ہیں۔ لیکن روپیہ نہیں مل سکتا۔ اس لئے جو لوگ روپیہ کمانے کے متمنی ہوں انھیں اس طرف کا رخ بھی نہ کرنا چاہئے۔ ہاں جو تنخواہ پر فاقہ مست بادشاہی کا لطف اٹھانے ہوں اپنے ملک کی خدمت کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ میدان کھلا ہوا ہے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ وہ کبھی جرنلزم سے بیزار نہ ہوں گے

(باقی ص)

پیشوا

شہیدِ محبت

(جناب مولانا عزیز حسن بقائی، ایڈیٹر رسالہ "پیشوا" دہلی)

بہت دنوں کی بات ہے، اب اچھی طرح تو یاد نہیں، لیکن جہانتک مجھے خیال پڑتا ہے گل شیر خاں سے پہلی مرتبہ میری ملاقات بمبئی کے ایک قہوہ خانہ میں ہوئی تھی۔ خوب گورا چٹا آدمی تھا، اور تمام قہوہ خانے میں اس وقت چونکہ وہی سب سے لمبا اور سبا چوڑا انسان تھا۔ اس لئے الگ معلوم ہوتا تھا۔ اور ہر شخص کی نگاہ بلا ارادہ بھی اسی پر جا پڑتی تھی۔

اتفاق سے میں اور وہ ایک ہی میز پر بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم دونوں ایک دوسرے کے لئے اجنبی تھے۔ اور شاید کوئی اور ہوتا تو نہ وہ مجھ سے بولتا۔ اور نہ میں اُس سے۔ لیکن گل شیر ان مراسم اور تکلفات کا پابند نہ تھا۔ اس لئے بلا تکلف مجھ سے باتیں شروع کر دیں۔ جو ابتدا میں حسب دستور معمولی موسمی حالت اور مشہور سیاسی واقعات تک محدود رہیں۔ اور شاید اس سے آگے نوبت بھی نہ پہونچتی، اگر ہماری میز کے بالکل سامنے ایک دوسری میز پر ایک پارسی نوجوان اور اس کے ساتھ ایک نہایت ہی حسین و نازنین پارسی لڑکی نہ آ بیٹھتی۔ یہ نوجوان بھی اپنے مردانہ حسن کے لحاظ سے سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں میں انتخاب تھا۔ اور اس کے ساتھ جو لڑکی تھی، وہ تو یقیناً بمبئی کی منتخب حسین عورتوں میں سے ایک تھی۔

ہر شخص کی نگاہ ان نئے آنیوالوں کی طرف اٹھ گئی اور کوئی ایک شخص بھی بہت دیر تک اپنی نظر اس طرف سے نہ ہٹا سکا۔ اسکے تصنعات سے پاک اور خداداد حسن میں کچھ ایسی دلکشی تھی، کہ جس نے اُدھر دیکھا، وہ دیکھتا ہی رہ گیا۔ چاروں میں شکر ڈالنے کے لئے جو چمچے اُٹھے تھے، وہ اٹھے کے اٹھے رہ گئے۔ جو شکر ڈالنے کے بعد اُسے گھول رہے تھے، ان کی حرکت رُک گئی۔ اور بہت سے کیک اور بسکٹ کے ٹکڑے جو دانتوں سے دبائے گئے تھے۔ اسی طرح دبے کے دبے رہ گئے، اور اُنکے چبانے کی نوبت نہ آئی۔

میں نے بھی اس جوڑے کو دیکھا، اور گل شیر نے بھی۔ گل شیر کے چہرہ سے انتہائی محویت اور اس کی آنکھوں سے انتہائی حسرت برس رہی تھی۔ مجھے بالکل ایسا معلوم ہوا، کہ گل شیر اس لڑکی پر عاشق ہو گیا ہے۔ اور اس کے عشق کا درجہ بھی وہ آخری درجہ ہے جس میں انسان عقل و خرد سے بیگانہ ہو جاتا ہے۔ گل شیر سے گفتگو کرتے مجھے ابھی بہت دیر نہیں ہوئی تھی۔ لیکن اتنے ہی عرصہ میں میں نے یہ اندازہ ضرور کر لیا تھا، کہ وہ ایک بہت ہی شریف اور لائق آدمی ہے۔ اور اب اس کی یہ حالت دیکھ کر مجھے اس پر بہت ہی ترس آیا۔ اور بے انتہا ہمدردی پیدا ہو گئی۔

"میں دیکھتا ہوں، کہ آپ کو حُسن سے بہت دلچسپی ہے" میں نے مسکرا کر گل شیر سے کہا۔

گل شیریں۔ (محویت سے چونک کر) دلچسپی! نہیں تو۔ مجھے اب دنیا میں کسی چیز سے بھی دلچسپی نہیں ہے۔"

میں۔ "معاف کیجئے، جس محویت کے ساتھ آپ اس حسین لڑکی کو دیکھ رہے تھے۔ اس سے تو میں یہی سمجھا تھا، بلکہ سچ تو یہ ہے، کہ میں ڈر گیا تھا۔"

گل شیریں۔ (ہنسکر) کیوں ڈر گئے تھے۔ کیا یہ اندیشہ تھا، کہ میں کوئی نازیبا حرکت کر بیٹھونگا؟"

میں۔ "نہیں ایسا اندیشہ تو نہ تھا۔ خوف یہ تھا، کہ وہ بظاہر اس نوجوان کی منکوحہ یا منسوبہ معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے آپ کی کامیابی کا کوئی موقع نہیں ہے۔ اور ممکن تھا، کہ ناکامی کا صدمہ آپ کے لئے ناقابل برداشت ہوتا۔"

گل شیریں۔ (کچھ رُک کر اور ٹھنڈی سانس لیکر) سید صاحب! صدموں کا اثر تو دل پر ہوتا ہے۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، کہ میرے سینہ میں دل ہی نہیں ہے۔"

میں۔ (تعجب سے) میں آپ کا مطلب نہ سمجھا۔"

گل شیریں۔ "جب تک میں آپ کو سارا قصہ نہ سناؤں۔ آپ کچھ نہ سمجھینگے۔ لیکن اسے سننے کے بعد آپ میری تمام باتوں کا اور حرکتوں کا مطلب اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔"

میں۔ "قصہ کا تعلق غالباً آپ کے کسی راز سے ہوگا۔ جس کے دریافت کرنے کا مجھے کوئی حق نہیں ہے؟"

گل شیریں۔ "راز! ہائے کبھی وہ ایک راز تھا۔ اور میری زندگی کا سب سے زیادہ مقدس راز تھا۔ لیکن اب وہ راز نہیں ہے۔ اب تو اس سے ایک زمانہ واقف ہے۔"

میں۔ "مجھے دوسروں کے حالات جاننے کا ذرا بھی شوق نہیں ہے۔ اور اگر میں آپ سے یہ درخواست کروں، کہ وہ قصہ مجھے سنا دیجئے، تو اس کا باعث میرا ذوق تفتیش نہیں ہے۔ بلکہ میں یہ چاہتا ہوں، کہ آپ کی گفتگو کا مطلب سمجھ سکوں۔ آپ نے جس محویت کے ساتھ اس لڑکی کو دیکھا۔ وہ اگر محبت اور عشق پر مبنی نہ تھا، تو پھر وہ ضرور میرے لئے ایک معمّا ہے جسے اگر کوئی دقت نہ ہو، تو میں حل کرنا ضرور پسند کرونگا۔"

گل شیریں۔ (مسکراکر) میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، کہ عشق اور محبت کے پاک جذبات کے لئے مدتیں ہوئیں، کہ میرا دل مُردہ ہو چکا۔ یہ ضرور ہے، کہ جب اتفاق سے کوئی غیر معمولی حسین صورت نگاہوں کے سامنے آجاتی ہے، تو میرا خیال مجھے ایک دوسری ہی دنیا میں پہنچا دیتا ہے، جو کبھی میری اپنی دنیا تھی۔ اُفوہ! سید صاحب میں آپ سے کیا عرض کروں، کہ میری زندگی کے واقعات ہی عجیب ہیں۔"

میں۔ "اگر اُن میں اب بھی کوئی راز ہے، یا ان کے بیان کرنے سے آپ کو خفیف سی خفیف بھی تکلیف پہونچتی ہے، تو میں ہرگز نہیں چاہتا، کہ آپ وہ واقعات مجھے سُنائیں۔"

گل شیریں۔ "میں تو کہہ چکا ہوں، کہ ان میں قطعاً کوئی راز کی بات نہیں ہے۔ اور جن واقعات کے اپنے اوپر گذرنے کی تکلیف میں برداشت کر چکا ہوں ان کے بیان کرنے کی تکلیف مجھے کیا محسوس ہو سکتی ہے۔"

اس کے بعد گل شیریں تھوڑی دیر تک خاموش رہا۔ اور پھر آپ ہی آپ اپنی داستان اس طرح شروع کردی

"ہم دونوں ایک ہی گاؤں میں رہتے تھے۔ مگر آپ کو کیا خبر کہ میں کس کا ذکر کر رہا ہوں۔ یوں سمجھئے، کہ جس گاؤں کا میں رہنے والا ہوں۔ اسی میں ایک شخص سمند خان نامی رہتے تھے۔ اور انکی ایک لڑکی تھی، جس کا نام شیریں تھا۔

میں اور شیریں گویا ایک ہی گاؤں میں رہتے تھے۔ عمر میں وہ مجھ سے تین چار برس چھوٹی تھی۔ مگر بچپن ہی سے ہم دونوں کو ایک دوسرے سے اُنس ہو گیا تھا۔ ہم ابھی بالکل بچہ ہی تھے، مگر ہم دونوں کی حالت یہ تھی، کہ جبتک ایک دوسرے کو دیکھ نہ لیتے، چین نہ پڑتا تھا۔ بچپن میں میں بہت شریر اور کھلاڑی تھا، لیکن مجھے خوب یاد ہے، کہ اگر ہمارے کھیل میں شیریں شریک نہ ہوتی، تو میرا دل کھیل میں بالکل نہ لگتا تھا۔

میں نے ابھی آپ کو یہ نہیں بتایا، کہ میں افغانی سرحد کے آزاد علاقے کا رہنے والا ہوں۔ ہم لوگ عام طور پر بالکل جاہل رہتے ہیں، اور بہت ہی کم ایسے خاندان ہیں، جن کے بچے تعلیم پاتے ہوں۔ میرا تعلق ایک اچھے معزز خاندان سے ہے، اور شیریں کا خاندان بھی کافی معزز ہے۔ اتفاق سے اس زمانہ میں ایک سید صاحب ہمارے گاؤں میں آ گئے تھے اور میرے والد نے مجھے اُن کے پاس پڑھنے بٹھا دیا۔ شیریں کی عمر اس وقت کوئی چھ سال کی تھی، اور اس کے والد نے بھی اُسے سید صاحب کے سپرد کر دیا، کہ قرآن شریف پڑھا دیں۔ میں اگر تنہا رہتا، تو شاید کچھ بھی نہ پڑھتا، مگر اب شیریں کی وجہ سے میرا دل لگ گیا۔ اور میں شوق سے پڑھنے لگا۔

تین برس تک ہم دونوں نے ساتھ ساتھ تعلیم پائی، اس کے بعد سید صاحب اپنے وطن کو واپس چلے گئے اور وہ سلسلہ ختم ہو گیا۔ اب پھر ہم دونوں کے لئے کوئی خاص کام نہ تھا۔ لیکن سید صاحب کی تربیت کا ہم دونوں پر یہ اثر پڑا تھا، کہ کتابیں دیکھنے کا شوق پیدا ہو گیا تھا۔ میں نے والد سے کہہ کر بہت سی کتابیں منگوا لی تھیں۔ بعض خود بھی پڑھتا تھا، اور شیریں کو بھی دیدیا کرتا تھا۔ کہ وہ بھی پڑھ لے۔ سمند خاں صاحب سے اور میرے والد سے بہت گہری ملاقات تھی۔ اس لئے میں شیریں کے گھر اور شیریں میرے گھر برابر بے تکلف آیا جایا کرتے تھے۔ میری عمر اب تیرہ برس کی ہو چکی تھی، اور اگرچہ عشق و محبت کا مطلب تو میں اب بھی کچھ نہیں سمجھتا تھا۔ لیکن جب شیریں میرے سامنے آتی تھی، تو بے اختیار میرا دل اسکی طرف کھنچنے لگتا تھا اور میری حالت کچھ ایسی ہو جاتی تھی، کہ جیسے کوئی کھویا ہوا ساہو شیریں کی بھی یہ حالت تھی۔ کہ اچھے اچھے انار، اور عمدہ عمدہ انگور میرے لئے چھانٹ کر اور خوب اچھی طرح دھو کر اور صاف کر کے رکھتی، اور جب میں اسکے گھر جاتا، تو چپکے سے مجھے لا کر دیدیتی۔

ہماری آپس کی محبت اسی طرح برابر بڑھتی چلی گئی۔ اور اب وہ زمانہ آ گیا، کہ میں اٹھارہ سال کا تھا، اور شیریں چودہ سال کی تھی۔ ہماری طرف کے لوگوں کے ڈیل ڈول عام طور پر اچھے ہی ہوتے ہیں۔ میں بھی اٹھارہ سال کی عمر میں خوب لمبا چوڑا مرد ہو گیا تھا۔ اور وہ بھی صرف اپنے قد و قامت کی وجہ سے پوری جوان معلوم ہوتی تھی۔ اس کے حسن کا اب یہ عالم تھا، کہ مجھ سے تو اسکی طرف نگاہ بھر کر دیکھا بھی نہ جاتا تھا۔ اور دوسروں کے لئے بھی یہ ناممکن تھا، کہ اُسے دیکھیں اور دیکھتے نہ رہ جائیں۔ حسن درحقیقت تندرستی اور اعضائے تناسب کا نام ہوتا ہے۔ اور یہ دونوں چیزیں اسمیں بدرجۂ کمال موجود تھیں۔ ہماری طرف پردہ کا رواج اسقدر سختی کے ساتھ نہیں ہے، بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ گاؤں میں گویا یہ رواج ہے ہی نہیں۔ ایک آزاد ہرنی کی طرح شیریں اپنی خوبصورتی سے اس تمام پہاڑی علاقہ کو مہکاتی پھرتی تھی کہ جہاں ہمارا گاؤں تھا، اور اب اُس کے حسن کا شہرہ گاؤں سے نکل کر دور دور تک پھیل گیا تھا۔ ہمارے گاؤں سے کوئی

چھ سات پہر کے فاصلہ پر ذکا خیلوں کا ایک گاؤں تھا۔ اور اُن سے ہماری بہت پُرانی مخالفت چلی آتی تھی۔ بعض دوسرے قبیلوں نے بیچ میں پڑکر ہماری اور انکی صلح اس حد تک ضرور کرا دی تھی کہ اِدھر کوئی بیس برس سے ہمارے اور انکے قبیلہ کے درمیان کوئی لڑائی نہیں ہوئی تھی۔ اور حالات اگر ایسے ہی رہتے تو غالباً وہ دشمنی ہمیشہ کیلئے مٹ جاتی۔ اس قبیلے کا سردار دوست محمد خاں نامی ایک شخص تھا۔ جس کی تمام عمر لڑتے اور جھگڑتے ہی گذری تھی۔ اور یہ کہنا مبالغہ نہوگا، کہ اُسے کسی سے لڑے بھڑے بغیر چین ہی نہ پڑا کرتا تھا۔ اس کے زمانہ میں ذکا خیلوں کی ایک دھاک سی بندھ گئی تھی، اور آس پاس کے قبیلے اکثر اُن سے الجھنا کم پسند کرتے تھے۔

دوست محمد کے تین لڑکے تھے۔ ان میں سے سب سے چھوٹے لڑکے کی عمر کوئی بائیس سال کی تھی۔ اچھا خوشرو جوان تھا اور اس کی طاقتوری اور بہادری کی بھی دھوم تھی۔ شیریں کی خوبصورتی کا حال کسی سے سُنکر وہ چپکے سے کسی طرح ہمارے گاؤں میں آیا۔ اور اُسے دیکھ کر اس پر دل اور جان سے فریفتہ ہوگیا۔ کچھ دنوں تک بات چھپی رہی۔ لیکن بالآخر دوست محمد کو سب حال معلوم ہوگیا۔ وہ بیٹے سے ناراض ہوا۔ بلکہ اس نے مہمندوں سے لڑنے اور انھیں نیچا دکھانے کے لئے اسے ایک ذریعہ بنالیا۔ میں نے شاید آپ کو بتایا نہیں ہے کہ ہمارا قبیلہ مہمند تھا۔ اور اس سے پہلے کبھی انھیں ذکا خیلوں کے مقابلہ میں شکست نہیں ہوئی تھی۔ دوست محمد نے پہلے بالکل معقول طریقے پر مہمند خانصاحب کے پاس درخواست بھیجی کہ شیریں کا نکاح اس کے چھوٹے لڑکے سے کر دیں، جس کا نام اکبر خاں تھا اور اُس طرف سے جب کچھ ٹالے بالے ہوئے، تو اس قسم کی دھمکی بھی کہلا بھیجی کہ اگر انکار کیا، تو یہ سمجھ لینا، کہ میرا نام دوست محمد خاں ہے۔ اور میں کسی طرح اسکو گوارا نہیں کرسکتا، کہ کسی سے کچھ درخواست کروں، اور وہ رد کر دے۔

شیریں کے متعلق ابھی تک کوئی قطعی فیصلہ تو نہیں ہوا تھا، کہ اسکی شادی کس کے ساتھ کیجائیگی۔ تاہم سارے گاؤں کی اور خود مہمند خاں کی بھی خواہش تھی، کہ وہ میرے عقد نکاح میں آئے۔ اس قسم کی خبریں میرے کان میں بھی پڑچکی تھیں، اور میں بالکل مطمئن تھا۔

اول تو یوں ہی لوگوں کے ذہن میں شیریں میرے ساتھ منسوب ہوچکی تھی۔ اس لئے دوست محمد کی درخواست کی منظوری کا کوئی موقعہ نہ تھا۔ لیکن اس دھمکی کے بعد تو ناممکن تھا، کہ کوئی مہمند بھی اس ذلت کو گوارا کرلیتا۔ دھمکی کا جواب نہایت ذلت آمیز الفاظ میں دیا گیا، اور دوست محمد کی دلی آرزو بر آئی۔ اُس نے جس طریقہ پر اور جن لفظوں میں جنگ کا پیغام بھیجا، اُسنے سارے گاؤں کو اس بات کی خبر کردی، کہ شیریں میرے لئے مخصوص ہوچکی ہے۔ اس کے بعد شیریں جسطرح شرما اور بچاکر مجھ سے ملی، اُس سے مجھے معلوم ہوگیا، کہ اُسے بھی تمام حالات سے آگاہی ہے۔

میری طبیعت میں شر اور فساد بالکل نہیں ہے۔ اور گو اپنے قبیلے کے فنونِ جنگ میں نے بھی سیکھے تھے، اور نہایت شوق سے سیکھے تھے۔ پھر بھی اس وقت تک میں کبھی کسی سے نہیں لڑا تھا، لیکن یہ معلوم ہونیکے بعد کہ اکبر خاں شیریں کا طالب ہے، میرے دل میں بار بار یہ خواہش پیدا ہوتی تھی، کہ اگر کہیں تنہائی میں مل جائے، تو میں اُس سے دو بدو فیصلہ کرلوں۔ اب میں انیس برس کا ہوچکا تھا، اور اپنے بغیر معمولی قد و قامت اور خداداد قوت و طاقت کے لئے سارے گاؤں میں مشہور تھا

ڈکا خیلوں سے لڑائی کی خبر مشہور ہوتے ہی ہر شخص کی نگاہیں مجھ پر پڑنے لگیں۔ اور ان نگاہوں کا مطلب میں خوب سمجھتا تھا۔ گویا ان کا مطلب یہ تھا، کہ یہ لڑائی تمھاری وجہ سے ہو رہی ہے، اور اب ہمیں دیکھنا ہے، کہ تم اس لڑائی میں کیا جوہر دکھاتے ہو۔ ان کے اس اشارے کا جواب میں نے انھیں کبھی نہ دیا۔ لیکن ایک روز خود شیریں سے جب میری گفتگو ہوئی، تو میں نے دیا تھا۔ ہوا یہ کہ ایک دن شام کے وقت جب میں گھر کو جا رہا تھا، تو شیریں مجھے راستہ میں مل گئی۔ اور ادھر اُدھر کی بہت سی باتوں کے بعد اس نے پوچھا۔

شیریں "کیا تم بھی اس لڑائی میں شریک ہوگے؟"

میں "کیوں؟ کیا اس میں کچھ شبہ بھی ہے؟"

شیریں "مجھے یہ لڑائی جھگڑے اچھے نہیں لگتے۔ مرد خدا جانے کیوں آپس میں لڑا کرتے ہیں۔"

میں "لڑائی سے مجھے بھی نفرت ہے۔ لیکن جب کوئی زبردستی حملہ کرے، تو اُس وقت اپنی اور اپنے وطن کی حفاظت کرنی ہر شخص پر فرض ہو جاتی ہے۔ اور اگر اس وقت کوئی اس سے جان چُرائے، تو بُزدلی ہے۔"

شیریں "ہاں یہ تو میں بھی جانتی ہوں۔"

میں "تو پھر کیا تم یہ چاہتی ہو، کہ میں بُزدل بنجاؤں؟"

شیریں "(حقارت کے ساتھ) خدا نہ کرے۔ میں ایسا کیوں چاہنے لگی۔ مگر خدا جانے کیا بات ہے کہ۔۔۔۔ (کہتے کہتے رُک گئی)"

میں "کیا کہہ رہی تھیں، کہہ ڈالو۔"

شیریں "خدا جانے کیوں میرا دل بار بار یہی کہہ رہا ہے کہ تم مجھے نہیں ملوگے۔"

میں "عورتوں کے دل میں اکثر ایسے ہی وہم آیا کرتے ہیں۔ خدا نے چاہا، تو ہماری فتح ہوگی۔ اور تمھیں موقع ملیگا۔ کہ اپنے گل شیر پر فخر کیا کرو۔"

شیریں کسی قدر شرما سی گئی۔ اور پھر اس نے یہی کہا کہ "میں بہتیرا اس خیال کو دل سے نکالتی ہوں، مگر وہ کسی طرح دُور نہیں ہوتا۔"

ہماری باتیں اسی جگہ ختم ہوگئیں۔ شیریں اپنے گھر چلی گئی، اور میں اپنے گھر آگیا۔

اس واقعہ کے تیسرے روز جمعہ کی نماز کے بعد ڈکا خیلوں کا حملہ ہوا۔ اندازاً کوئی آٹھ سو آدمی ہونگے۔ جن میں سے اکثر کے پاس بندوقیں تھیں۔ جلدی جلدی ہم نے بھی اپنے آدمیوں کو اکٹھا کیا۔ اور تقریباً چھ سو خوب تندرست اور مضبوط جوان اپنے قبیلے کی عزت، اور اپنے وطن کی خاطر جان دینے کے لئے گھروں سے نکل کھڑے ہوئے۔ ڈکا خیلوں کی تعداد بھی زیادہ تھی۔ اور حملہ بھی انھوں نے بہت سختی سے کیا تھا۔ لیکن اس طرف بھی عزت، آبرو، جان، مال، اور گھر بار غرض کہ ہر چیز خطرہ میں تھی۔ اس لئے ہم لوگ بھی خوب ہی جی توڑ کر لڑے۔ دو روز تک مسلسل گولیاں چلتی رہیں۔ اور دونوں طرف کے کوئی ستو آدمی کام آگئے۔ اب کارتوسوں کی پیٹیاں خالی ہو چکی تھیں۔ اس لئے اس کے سوا چارہ نہ تھا، کہ دست بدست لڑائی ہو، اور مجھے اسی وقت کا انتظار تھا۔ میں نے سوچ لیا تھا، کہ جس طرح بھی ہوگا۔ اکبر تک پہونچ کر اسے للکارونگا، اور سر میدان اُسے اسکی گستاخانہ جُرأت کی سزا دونگا۔

تیسرے روز ایسا موقع آگیا۔ دونوں طرف کی

فوجیں آپس میں مل گئیں۔ دوست و دشمن کا امتیاز باقی نہ رہا۔ ایک عالم بے اختیاری میں ہر شخص کا ہاتھ اٹھتا تھا، اور کسی نہ کسی کے سر پر گرتا تھا۔ زمین پر خون کی کیچڑ ہو گئی تھی۔ اور زخمی پیروں کے نیچے روندے جا رہے تھے۔ میں نے ہاتھ روک کر ذرا غور سے دیکھا، تو اکبر کو ایک طرف مصروفِ کارزار پایا۔ اُسے دیکھتے ہی میری آنکھوں میں خون اُتر آیا۔ اور میں بے اختیار اُس کی طرف دوڑا لوگ ہم دونوں کو ایک دوسرے کے مقابل دیکھ کر ہٹ گئے۔ اور ہم دونوں میں تلوار چلنے لگی۔ تھوڑی ہی دیر میں مجھے معلوم ہونے لگا، کہ اکبر کا ہاتھ سُست ہوتا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھیوں نے بھی اس بات کو محسوس کیا۔ اور ان میں سے ایک بہت ہی تنومند شخص آگے بڑھ کر اس کی مدد کے لئے آ گیا۔ اور اب مجھے دو شخصوں کے حملوں سے اپنی حفاظت کرنی پڑی۔ میں کسی قدر پریشان ہو چلا تھا۔ کہ ہماری صفوں سے بھی ایک نوجوان بڑی تیزی کے ساتھ نکلا، اور آتے ہی اکبر کے مددگار پر کچھ ایسے تابڑ توڑ حملے کئے، کہ اُسے سنبھلنا مشکل کر دیا۔ مجھے ذرا کسی قدر فرصت ملی، تو میں نے اپنے مددگار کو غور سے دیکھا، اور میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی، کہ اس قدر خوبصورتی سے جو شخص تلوار چلا رہا تھا وہ میری پیاری شیریں تھی.....

انتہائی حیرت اور کمال محبت کے ساتھ میں نے کہا۔

"شیریں! تم یہاں کہاں؟"

ابھی یہ جملہ میری زبان سے پورا نہ ہوا تھا۔ کہ اکبر نے ایک بھرپور جنبو کا ہاتھ شیریں پر چلایا۔ اور ساتھ ہی "او بزدل! او نامرد!" کہہ کر میں نے بھی ایک تلا ہوا ہاتھ اکبر کی گردن پر رسید کیا۔ اکبر کی گردن قریب قریب بالکل الگ ہو گئی۔ مگر افسوس کہ اس کمبخت کا وار چل چکا تھا۔ شیریں بے حس و حرکت میرے قدموں میں پڑی تھی.....

آہ! سید صاحب کیا کہوں، کہ اس روز سے میری کیا حالت ہے۔ میں زندہ ضرور ہوں، لیکن یقین کیجئے، کہ مُردوں کی قسمت پر رشک آتا ہے۔ اب میں جب کسی عورت کو دیکھتا ہوں، تو میرا دل اس کی عظمت سے بھر جاتا ہے۔ شیریں کی محبت اور شجاعت کی تصویر میری آنکھوں کے سامنے کھنچ جاتی ہے اور میں انتہائی حیرت کے ساتھ اُن نرم اور نازک جسموں کو دیکھتا رہ جاتا ہوں، کہ جن کے اندر ایسے ایسے عجیب و غریب دل چھپے رہتے ہیں"

گُل شیر کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے، اور وہ یکایک بغیر کچھ کہے سُنے مجھے حیرت زدہ چھوڑ کر بہت تیزی کے ساتھ قہوہ خانے سے چلا گیا۔ اور آج تک پھر کبھی نہیں ملا ہے ⁂

(خاص)

پیمانہ

سیر ماہتاب

[جناب مولانا سیماب اکبرآبادی ایڈیٹر پیمانہ آگرہ]

چاند پہلے ہماری ہی دنیا کی طرح آباد تھا۔ اس میں بھی ایسی ہی چہل پہل تھی۔ حسین مرد اور عورتیں رہتی تھیں عشق وحسن کے افسانے مرتب ہوتے تھے۔ زندگی کے روشن اور رنگ نم آثار اسمیں موجود تھے۔ مگر اب ارض ماہتاب میں قیامت آچکی ہے۔ زندگی کے تمام آثار مٹ چکے ہیں۔ صرف چند ٹھنڈے آتش فشاں پہاڑ۔ چند سنسان گھاٹیاں اور کچھ خشک جھیلیں اور دریا اسکی کائنات باقی ہیں جو آفتاب کی روشنی پڑنے سے اب بھی رات کو ہماری آنکھوں کے سامنے نمایاں ہو جاتے ہیں۔ ارتقی نے اپنی ہمخواب نازنین سے کہا' کیا اچھا ہوتا کہ امسال موسم گرما ہم "ارض ماہتاب" میں بسر کرتے۔ منصوری۔ نینی تال۔ شملہ۔ مری۔ چکروتہ۔ کشمیر سب دیکھے بھالے ہیں۔ طبیعت کسی نئے مقام کی سیر چاہتی ہے اور "ارض ماہتاب" سے بہتر کوئی دوسرا گوشۂ راحت مجھے تو زمین سے آسمان تک نظر نہیں آتا۔

نورافروز نے ایک عزم آفریں انگڑائی لی۔ اس کی آنکھیں بند ہو کر کھلیں اور زیادہ روشن ہوگئیں۔ اس کے جسم کو ایک حرکت ہوئی گویا کہ وہ ارتقی کے ارادہ کیساتھ پرواز کر جانا چاہتی تھی۔ اس نے ایک خوبصورت اور مطمئن مسکراہٹ کے ساتھ اپنے نازک ہونٹوں کو جنبش دی۔ اور کہا "ہاں خیال اچھا تھا۔ اگر عملاً ممکن بھی ہوتا۔

ارتقی۔ تو کیا دنیا میں کوئی چیز ناممکن بھی ہے؟

نورافروز۔ ہمارے آپ کے رشتۂ ازدواج نے تو یہ ثابت کر دیا ہے کہ دنیا میں کوئی چیز ناممکن نہیں!

ارتقی۔ بس تو اس طرح چاند کی سیر بھی ناممکن نہیں ہو سکتی۔؟

نورافروز۔ بہتر ہے۔ پھر کب چلنے کا ارادہ ہے؟

ارتقی۔ اس سے پہلے کہ چاندنی راتیں ہماری دنیا میں شروع ہوں۔ ہمیں چاند کی سیر کر لینی چاہئے۔

نورافروز۔ مگر ان دنوں تو وہاں اندھیرا ہوگا۔

ارتقی۔ کرہ نور کا اندھیرا بھی ایک منور دنیا سے زیادہ تابناک ہونا چاہئے۔ خاموش دھندلکے میں سیر کا جو لطف آسکتا ہے۔ وہ روشنی میں نہیں آسکتا۔

نورافروز ایک پارسی دوشیزہ تھی۔ ارتقی ایک مسلمان نوجوان تھا۔ دونوں خوبصورت تھے۔ نورافروز مسلمان ہو کر ارتقی کے عقد میں آچکی تھی۔ دونوں تعلیم یافتہ تھے۔ اور دونو کے دماغ تہذیب جدید سے منور۔ رات کو سیر ماہتاب کا ارادہ ہوا اور ہو کر رہگیا۔ مگر دونوں نے چاند کے متعلق کئی روز تک خوب مطالعہ کیا۔ اسٹرانومی پر جو بہترین کتابیں گھر کے کتاب خانہ میں موجود تھیں۔ سب پڑھ ڈالیں۔ اور ارتقی ان ذرائع کی تلاش میں منہمک ہوگیا جو ان دونوں کو سرزمین سکون ونور

تک پہونچا دیں - اور یہ سیر ماہتاب سے سیر ہو جائیں -
ارتقی نے ان لوگوں سے بھی خط و کتابت کی جو کرۂ مریخ کی سیر کے لئے مدتوں سے عازم ہیں - اور اُن آسمانی مکاتیب پر بھی غور کیا جو کرۂ مریخ سے اس دنیا میں نازل ہوتے رہتے ہیں - آخر وہ اس فیصلہ پر پہونچا کہ ظاہری ذرائع بہم پہونچنے کا امکان نہیں - اگر روحانیت سے مدد لی جائے تو شاید یہ مہم سر ہو سکے -

ارتقی علمائے متصوفین سے ملا - اور ان کے سامنے اپنا مقصد ظاہر کیا - لیکن اس تحت میں وہ بھی خاموش ہو گئے صرف بعض بزرگوں نے "قوت خیال" کو اسکا ذریعہ بتایا اور بعض نے خواب کے وسیلہ سے ارض ماہتاب تک پہونچنے کا امکان ظاہر کیا - ان کے علاوہ کوئی اور ذریعہ ماہتاب تک رسائی کا ارتقی کو نہ مل سکا - اس نے پورے جوش و عزم کے ساتھ پھر کہا، جب دنیا میں کوئی چیز ناممکن نہیں - تو سیر ماہتاب بھی ممکن نہیں ہو سکتی - میں ہر حال جاؤنگا اور نورِ افروز کو چاند کے چپہ چپہ کی سیر کرا دونگا - وہ تو ہماری ہی زمین کا ایک ٹکڑا ہے لیکن نو کروڑ اٹھائیس لاکھ نوے ہزار میل بلند! اتنی مسافت ایک انسان کی عمر طبعی میں کیونکر طے ہو سکتی ہے - مجھے پھر کیا کرنا چاہئے؟ -

وہ صوفے پر دراز ہو گیا - اس کی دُور رس نگاہیں سطح فلک کی طرف تھیں چاند کا ایک بے نور سا ٹکڑا اسکے سامنے تھا اس نے خیال کیا کہ نگاہ - اپنی پوری قوتوں کے ساتھ قدرت کا ایک عجیب عطیہ ہے - باوجود اتنی لمبی مسافت کے چاند تک ایک سکنڈ کے کم سے کم حصہ میں پہونچ جاتی ہے - مگر انسان اپنی تمام مادّی قوتوں کے باوجود ایک بڑی عمر میں بھی اس سفر کو طے نہیں کر سکتا -

نور افروز دمردانہ لباس میں اسکے سامنے آئی - ایک دوسرے صوفے پر بیٹھ گئی اور پوچھنے لگی - کیا آپ کسی خاص خیال میں ہیں؟ -

ارتقی کچھ نہیں، میں چاند کی سیر کرنے کا ارادہ مکمل کر رہا ہوں -

نور افروز - کیا ابھی تک یہ ارادہ مکمل نہیں ہوا -

ارتقی - قریب قریب ایسا ہی ہے -

نور افروز - آپ فکر نہ کریں - میں نے سامان سفر اور ذرائع سفر پر کافی غور کر لیا ہے - مگر آپ اپنے ارادے میں کامیاب نہیں ہو سکتے - تو میں آپ کو کرہ ماہتاب تک لے چلنے میں کامیاب ہو جاونگی -

ارتقی - سیدھا ہو کر بیٹھ گیا - وہ نور افروز کی صورت دیکھنے لگا - اسے ایسا معلوم ہوا کہ گویا چاند خود اُسے دعوت نظر دے رہا ہے - اور وہ چاند کی ایک کرن سے سرگرم گفتگو ہے - اس نے نور افروز کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالکر ذرا زور سے کہا -

"ذرائع سفر"

نور افروز - جی ہاں ذرائع سفر پر بھی میں نے قابو پا لیا ہے؟ -

ارتقی - قابو پا لیا ہے؟ -

نور افروز - یقین کیجئے - میں غلط نہیں کہہ رہی ہوں

ارتقی - وہ کیونکر؟ -

نور افروز - یہ پھر بتاؤنگی - بس آج شبکو ہم لوگ کرۂ ماہتاب میں ہوں گے -

رات کو ۱۲ بجے نورافروز نے ارتقیٰ کو ایک خوبصورت اور لذیذ طریقے سے جگا دیا وہ اپنے ہونٹوں کو اپنے ہاتھ سے چھوتا ہوا اٹھ بیٹھا۔ اور پوچھنے لگا۔ کیوں خیریت تو ہے؟

نورافروز۔ اٹھئے سفر ماہتاب کی موسم سروع ہوگئی چلئے ہمیں جلدی پہونچنا ہے۔ اور صبح ہونے سے پہلے واپس آجانا ہے۔

ارتقیٰ۔ تو کیا اس کوٹھے سے براہ راست چلنے کا ارادہ ہے

نورافروز۔ جی نہیں نیچے اترئے وہاں سے چلینگے۔

ارتقیٰ۔ اور کپڑے۔؟

نورافروز (قہقہہ لگاکر) ماشاءاللہ کیا سوال کیا ہے۔ کرۂ ماہتاب میں آپ اپنے دنیا کے لباس سے چلنا چاہتے ہیں"۔

ارتقیٰ۔ تو پھر کیا برہنہ چلنا ہوگا۔؟

نورافروز۔ آپ اٹھیں تو سہی۔ یہ مرحلہ پہلی منزل پر طے ہوجائیگا۔

ارتقیٰ۔ آسمان کی طرف دیکھتا ہوا اٹھا۔ مگر اس کی نظروں نے چاند کا پتہ نہ پایا۔ وہ نورافرور کے ساتھ ہولیا اس کے جسم پر صرف ایک قمیض اور پاجامہ تھا۔ وہ اسی حال میں برہنہ سر روانہ ہوگیا۔ ہاں اسکی قمیض کی جیب میں ایک نازک اور لطیف رومال بھی تھا۔ نورافروز بھی اپنے لباس شب خوابی میں تھی اور اسوقت ارمن ماہتاب کی ایک کنواری معلوم ہوتی تھی۔

دونوں کوٹھے سے نیچے اترے دروازے سے باہر گئے پھر مکان کا زینہ طے کرکے پھر اوپر پہونچے اور ایک مچان کے ذریعہ اس پہاڑی پر چڑھ گئے۔ جو اس مکان سے ملی ہوئی تھی۔ پہاڑی پر انھیں چند نوجوان لڑکیاں ملیں۔ جنکے چہروں پر نقاب پڑا ہوا تھا۔ اور جنکے جسم لطیف سفید لباس میں پوشیدہ تھے۔ ان لڑکیوں نے ایک طرف چلنے کا اشارہ کیا۔ اور خود بھی اسی طرف چلنے لگیں۔ دونوں ان کے پیچھے ہوئے پہاڑی ختم ہوگئی۔ اور یہاں انھیں ایک لمبی سیڑھی نیچے اترنے کے لئے ملی۔ یہ خوبصورت قافلہ پہاڑی سے نیچے اترا تو میدان میں کچھ روشنی سی نظر آئی۔ راہبر اور راہبرہ سب خاموش تھے اور سفر نہایت سکون کیساتھ طے ہو رہا تھا ابھی یہ لوگ تھوڑی دور چلے تھے کہ انھیں پھر ایک پہاڑی پر چڑھنا پڑا۔ جونہی یہ لوگ پہاڑی پر چڑھے۔ انھیں اپنے سامنے ایک طویل و وسیع روشن کرۂ نظر آنے لگا۔ جو دور سے بالکل چاند نظر آتا تھا۔ جس کا نصف سایے سے پوشیدہ تھا۔ اور نصف چاند کی شکل میں روشن، روشنی بادی النظر میں سنہری تھی لیکن اس پر کسیطرح آگ کا گماں نہیں ہوسکتا تھا۔

ارتقیٰ۔ ابتک خاموش اور مبہوت چلا جارہا تھا جب اسکی نظر کرۂ نور سے ٹکرائی تو وہ ٹھہر گیا۔ اس نے نورافروز کے خوبصورت چہرے کی طرف دیکھا۔ جو خدا جانے کب سے برابر مسکرا رہی تھی وہ ایک دم چیخ اٹھا" کیا میں واقعی کرۂ ماہتاب کے قریب ہوں"؟

نورافروز۔ بالکل قریب، مگر آپ ذرا خاموش رہئے۔ اس منزل میں خاموشی آداب سفر میں داخل ہے

"ہے یہاں دستور یہ جو بولا وہی مارا گیا"

ارتقیٰ پھر کچھ کہنا چاہتا تھا۔ مگر خاموش ہوگیا۔ اس کی نگاہیں یک بیک روشن فوارستان چاند پر جم گئیں۔ یہ لوگ جسقدر آگے بڑھتے جاتے تھے۔ اسی قدر چاند ان سے قریب تر ہوتا جاتا تھا۔ آخر جب یہ کرۂ صرف سو قدم دور رہگیا۔ تو راہبر و راہبرہ

میں سے ایک لڑکی نے کہا۔ اب آپ لوگ جوتے اتار دیں۔ اور ممکن ہو تو لباس بھی۔

نورافروز۔ کیا آپ بھی ایسا ہی کرینگی۔

راہبر لڑکی۔ چاند کی کنواریوں کو اسکی ضرورت نہیں۔

نورافروز۔ ممکن ہو تو اپنا لباس ہمیں دیدیجئے۔ ہم بالکل برہنہ رہنے کے عادی نہیں ہیں۔

راہبر لڑکی۔ ایسا ہو سکتا ہے۔ میں اپنا لباس تو نہیں دیسکتی۔ البتہ کرۂ زہرہ سے جاکر لاسکتی ہوں۔

یہ کہکر ایک لڑکی اپنے خرام تیز کے ساتھ آگے بڑھی اور غائب ہوگئی۔ تھوڑی دیر میں وہ دو لباس سے آئی۔ نورافروز اور ارتقی نے اپنے کپڑے اتار دیئے اور ایک پتھر سے دباکر وہیں پہاڑی پر چھوڑ دیئے۔

اب یہ لوگ اور آگے بڑھے۔ یہانتک کہ باب نور میں داخل ہوگئے۔

ارتقی۔ نورافروز ——— کیا میں خواب دیکھ رہا ہوں۔

نورافروز۔ ہم آپ بیداری میں چاند کی سیر کر رہے ہیں

ارتقی۔ وہ ہی نہریں۔ وہ ہی دریا۔ وہ ہی گھاٹیاں اور وہ ہی جھیلیں۔ چلو دریا کے کنارے بیٹھکر ذرا سیر کریں۔

راہبر لڑکی۔ دریا تو خشک پڑے ہوئے ہیں۔

ارتقی۔ ہمیں ایسی جگہ لے چلئے جو ارض ماہتاب میں سب سے بہتر ہو۔ حسین قافلہ پھر ایکطرف روانہ ہوگیا۔

نور ہی نور۔ روشنی ہی روشنی۔ سکون ہی سکون۔ قوس و قزح کے سیکڑوں رنگ سرزمین مہتاب پر کھیل رہے تھے۔ روشنی کی زمین۔ روشنی کا آسمان روشنی کے مکانات عرضکہ ہر چیز روشن تھی۔

سیاحوں کی نگاہیں جھپک رہی تھیں۔ وہ روشنی کے تصادم سے اپنی آنکھیں بند کر لیتے تھے۔ اور بڑی دیر تک انھیں آنکھیں کھولنے کی جسارت نہ ہوتی تھی۔ وہ اس حالت میں دیر تک خاموشی کے ساتھ ٹھہر جاتے۔ اور راہبر لڑکیاں شہاب ثاقب کے ٹوٹنے کی آواز سے ایک قہقہہ لگاتیں۔ وہ خجوب ہوکر آنکھیں کھولتے۔ مگر روشنی کی شدت و درخشاں کی کثرت اور تنویر کی افراط انھیں ایسا کرنے سے معذور رکھتی۔ آخر ایک خشک تر مقام پر یہ لوگ ٹھہرے۔ جہاں نسبتاً روشنی کم اور سردی زیادہ تھی۔ ارتقی تھک کر بیٹھنا چاہتا تھا کہ راہبر لڑکیوں کی ایک چیخ نے اسے روکا۔ جسکا مفہوم یہ تھا کہ اگر آپ بیٹھے تو کرۂ اسفل میں جا گرینگے۔ یہ عجیب فلسفہ تھا۔ ارتقی کی دماغی قوتیں سلب ہو چکی تھیں۔ وہ اپنے دماغ سے کام لینا چاہتا تھا۔ مگر نہ لے سکتا تھا۔ جہاں انسان کھڑا ہو سکتا ہے وہاں بیٹھ بھی سکتا ہے۔ لیکن کرۂ ماہتاب کا یہ عجیب طلسمی طریقہ بود و ماند تھا۔ کہ یہاں کوئی بیٹھ نہیں سکتا۔

ارتقی۔ تو کیا آپ ہمیشہ کھڑی رہتی ہیں۔

راہبر لڑکیاں۔ ہمیں چاند کے عروج سے پیدا کیا گیا ہے ہم زوال سے واقف نہیں۔ آپ جسطرح ہمیں دیکھ رہے ہیں یہی ہمارا طریقہ زندگی ہے۔ یوں ہی سوتے ہیں یوں ہی جاگتے ہیں۔ یوں چلتے پھرتے ہیں۔

ارتقی۔ اور آپ کی خوراک کیا ہے؟

راہبر لڑکی۔ یہ سنہری غلاف دار پودے۔ جو چاند کی خشک جھیلوں پر چھائے ہوئے نظر آتے ہیں اپنے شیریں رس سے ہماری زندگی کی کفالت کرتے ہیں آپ پینا چاہیں تو حاضر ہیں

ارتقی خاموش ہوگیا۔

نورافروز۔ ہمیں پیاس نہیں ہے مگر ہم کچھ دیر کسی نوری چٹان پر بیٹھنا ضرور چاہتے ہیں۔ یقیں کیجئے کہ ہم لوگ تھک گئے ہیں۔

راہبر لڑکی۔ ہم اپنا رقص دکھاکر آپ کی تکان دور کرینگے

ارتقی۔ سبحان اللہ۔ میں بہت ممنون ہونگا۔ اور اب تو رس پینے کو بھی جی چاہتا ہے۔

ایک لڑکی دوڑی ہوئی گئی۔ اور کسی انجم نما چیز میں رس بھر کر لے آئی۔ ارتقی اور نورافروز نے تھوڑا تھوڑا رس پیا۔ اس میں شراب کا سا کیف۔ برف کی سی ٹھنڈک اور شہد کی سی شیرینی تھی۔ رس کے دو گھونٹ حلق سے اترے تھے کہ تکان سفر دور ہوگئی۔ اور ایک عجیب قسم کے سرور میں ارتقی اور نورافروز مست ہوگئے۔

چاند کی کنواریاں حلقہ باندھ کر مصروف رقص ہوگئیں ان کے پاؤں میں آواز نہ تھی۔ صرف روشنی کے چند پیکر متحرک نظر آرہے تھے۔ ان کے متحرک سائے روشن زمین ماہتاب پر گرمئی رقص کو بڑھا رہے تھے۔ ان کی پر نور آنکھوں کی لمبی لمبی پلکوں کا عکس ان کے روشن نقاب چہرہ سے جھلک رہا تھا ارتقی نے عالم سرمستی و بیخودی میں نورافروز کی طرف ہاتھ بڑھا دیئے۔ نورافروز جھک کر سمٹ گئی۔ رقص ملتوی ہوگیا۔ چاند کی کنواریاں متحیر ہوکر دوسری دنیا کے مہمانوں کو دیکھنے لگیں اور راہبر لڑکی نے اداسی بھرے لہجے میں کہا۔ اب اپ کا زمانہ قیام ختم ہوگیا۔ جو باتیں چاند میں قیامت اور زوال کا باعث ہوتیں ان کا اعادہ پھر ناممکن ہے۔

نورافروز۔ تو ہمیں واپس چلنا چاہئے۔

ارتقی۔ بیشک۔ مگر جانے سے پہلے ـــــ صرف دو سوال کرنا چاہتا ہوں۔

راہبر لڑکی۔ فرمائیے جلد فرمائیے

ارتقی۔ کیا چاند میں اب بھی آبادی ہے؟

راہبر لڑکی۔ جی نہیں۔ سرزمین ماہتاب بالکل غیر آباد ہے

ارتقی۔ پھر آپ لوگوں کا قیام یہاں کسطرح ہے۔

راہبر لڑکی۔ ہم کرۂ مشتری اور کرۂ زہرہ کی رہنے والیاں ہیں کبھی کبھی سیر کرنے کے لئے یہاں آجاتے ہیں۔

ارتقی۔ اسی طرح آپ ہماری دنیا میں بھی آجاسکتی ہیں۔؟

راہبر لڑکی۔ ہر وقت۔ آپ کی دنیا بھی ہماری سیر گاہ ہے؟۔

ارتقی۔ بس ایک بات اور بتادیجئے۔ وہ یہ کہ آپ ہماری زبان میں گفتگو کرنے پر کسطرح قادر ہیں۔

راہبر لڑکی۔ یہ راز کی باتیں ہیں۔ اتنی جلدی نہیں بتائی جاسکتیں؟۔

نورافروز۔ اب آپ ہماری دنیا میں کب آئینگی۔

راہبر لڑکی۔ اس کے متعلق بھی کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

مہمان رخصت کردیئے گئے۔ سرزمین ماہتاب پھر خاموش اور سنسان ہوگئی۔ سو قدم تک راہبر لڑکیاں اپنے مہمانوں کے ساتھ آئیں۔ اپنے لباس واپس لئے کچھ لڑکیاں وہیں سے واپس ہوگئیں۔ کچھ تھوڑی دور تک آگے آئیں۔ اور پھر وہ بھی رخصت ہوگئیں۔؟

آخر آپ کو حیرت کیوں ہے۔؟

نورافروز نے اپنی خوبصورت آنکھوں کو گردش دیکر

کہا "جب دنیا میں ہر چیز ممکن ہے تو کرۂ ماہتاب کی سیر بھی ناممکن نہیں ہو سکتی"۔

یہ آپ کا قول تھا۔ میں نے اسے ثابت کر دیا جسطرح آپ میری شادی پر قادر ہو گئے۔ جو قطعی ناممکن تھی۔ اسی طرح میں سیر ماہتاب پر قادر ہو گئی "نہیں"۔ نورافروز جب تک تم تفصیلی واقعات بیان نہ کرو گی۔ میری حیرت و استعجاب میں اضافہ ہوتا چلا جائیگا۔ اب تک میری نگاہوں میں وہ سمان موجود ہے۔ میرے دماغ میں ابتک "ارض ماہتاب کی کنواریاں رقص کر رہی ہیں۔ اور چاند کے پودوں کا رس میری رگ رگ میں کیف برسا رہا ہے۔ سچ بتاؤ یہ کیا طلسم تھا جسے باوجود غور و فکر میں ابتک نہیں سمجھ سکا۔ ارتقی نے کچھ اس انداز سے کہا کہ نورافروز کو ہنسی آگئی۔ وہ کہنے لگی کہ یہ راز اگر راز ہی رہے تو پر لطف رہے گا۔ افشائے راز ممکن ہے کہ بدمزگی کا باعث ہو۔

ارتقی۔ تمہاری قسم وہ لذتیں۔ وہ کیفیات، اور وہ لطف کبھی کمزور نہیں ہو سکتے۔ خواہ ان کا کتنا ہی بطلان کیا جائے مجھے بڑی حیرت یہ ہے کہ جن پہاڑوں پر میں آسمدن مصروف سیر تھا۔ اور جن پر مجھے سرزمیں ماہتاب کی سیر نصیب ہوئی تھی وہ پہاڑ اب بھی موجود ہیں۔ میں کل بھی وہاں گیا تھا۔ مگر چاند کا کوسوں پتہ نہ تھا۔ بتاؤ۔ بتاؤ۔ نورافروز مجھے بتاؤ کہ وہ کیا سحر تھا۔ ورنہ میں پاگل ہو جاؤنگا۔

نورافروز۔ اب آپ نہیں مانتے تو مختصراً عرض کئے دیتی ہوں۔ سنئے۔ آپ کو یہ معلوم ہے کہ میں پہلے فلم ایکٹرس تھی۔ فلم کمپنیوں میں میری بے حد رسائی تھی۔ جب آپ نے مجھ سے اپنی آرزو بیان کی۔ اور پھر اُسے ممکن بھی بتایا۔ تو میں خائف ہوئی کہ کہیں آپ امکان پیدا کرنے کی کوشش میں پریشان نہ ہوں۔ حالانکہ میں سمجھتی تھی کہ چاند کی سیر قطعاً ناممکن ہے موجودات کی تقسیم واجب و ممکن پر ہے۔ واجب وہ ہے جو سدا نہ ہو اور جسکا وجود ہو۔ اور ممکن وہ ہے جو واجب کے بالکل خلاف ہو۔ اور جسکا عدم وجود برابر ہو۔ پھر ممکن کی دو قسمیں ہیں۔ وہ یا تو جوہر ہوگا یا عرض یعنی یا تو بالذات قائم ہوگا یا بالغیر۔ اور اسکے عدم یا وجود کو علت کی احتیاج بھی ہوگی۔ ممکن کے وجود علت کے ساتھ واجب ہو جاتا ہے مگر وہ وجوب بالغیر ہوتا ہے۔ بس میں اس فکر میں تھی کہ ممکن کو بالغیر واجب بنا کر آپ کا نظریہ پورا کر دوں۔

میں نے علت پر غور کیا اور "وجوب بالغیر" کے متعلق سوچا تو میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ کسی فلم کمپنی سے اس کے متعلق خط و کتابت کروں میں نے ایسا کیا اور میں کامیاب ہو گئی۔ ایشیاٹک فلم کمپنی نے مجھے اپنا پروگرام لکھ بھیجا۔ دن مقرر کر دیا۔ میں آپ کو ارض ماہتاب کی سیر کرا لائی۔ غالباً اب آپ کا ہیجان و تحیر دور ہو گیا ہوگا۔ ارتقی نے نورافروز کے متبسم چہرہ کو غور سے دیکھا۔ اس کا دل دھڑکنے لگا۔ وہ جوش مسرت سے کھڑا ہو گیا۔ اور نورافروز کی کشادہ اور روشن جبیں پر بوسہ دیکر کہا۔ نورافروز آج تم نے میری مساعی ازدواج کی اہمیت کو میری نگاہوں میں بالکل کمزور کر دیا۔ میں اپنے پندار کی شکست مانتا ہوں۔ تم حقیقتاً میں نورافروز ہو۔

(خاتمہ)

ہندو دیوی

[جناب ساغر نظامی بیمابی "مدیر" رسالہ "پیمانہ" آگرہ]

(۱)

صبح کو جب کنارے موج سے پیدا ہوئی — موج کی گود ہی سے ہندو دیوی پیدا ہوئی

ہاتھ میں ساری کا آنچل لہرائی ہوئی + لب پہ ہلکا سا تبسم آنکھ شرمائی ہوئی
کرشن کی بنسی میں پھر اک لہر سی پیدا ہوئی + لہر نے اک گیت گایا گیت کی پوجا ہوئی

موج کی گودی سے ہندو استری پیدا ہوئی
استری کے ست پت سے زندگی پیدا ہوئی
شانتی پیدا ہوئی
تازگی پیدا ہوئی
صبح کو جمنا کنارے موج سے پیدا ہوئی

(۲)

شاخ نرگس نے اٹھایا اپنا متوالا قلم + اور پتوں پر کنول کے نظم یہ کر دی رقم

(۱)

ہندو دیوی ہے پریم کی مورت :: پریم اور پریت اس کی ہے فطرت
اسکی باتوں میں درد کی گنگا :: اسکی آنکھوں میں کیف کی جمنا
کرشن کی بانسری کا نغمہ ہے :: قلب قدرت کی اک تمنا ہے
اسکی فطرت نیاز سے معمور :: اور نیاز اسکا ناز سے معمور
وہ محبت کی اک پجارن ہے :: وہ اطاعت کی ایک جوگن ہے
اس میں اک جذبہ عبادت ہے :: اپنے معبود کی وہ علت ہے
اپنے بچوں کی ہے وہ بیراگن :: سانتا کے چمن کی ہے مالن

(۲)

پریم چاکر ہے وہ پتی کی ستی :: ہے حیا اور شرم کی دیوی
اسکا احساس نرم و نازک ہے :: اسکا ہر سانس گرم و نازک ہے
اسکی گردن جھکی جھکی سی ہے :: اسکی چتون میں سادگی سی ہے
اسکے دل میں وفا کی دنیا ہے :: کسی دیوی کی وہ تمنا ہے
اپنے شوہر سے پریم کرتی ہے :: اسکے ہمراہ زندہ مرتی ہے
ہندو دیوی ہے بانسری پت کی :: ہندو دیوی سے لاج ہے ست کی
اسکی عصمت بہت ہے پاکیزہ :: اسکی عفت جوان و دوشیزہ
وہ اچھوتی کلی ہے گلشن کی :: ایک کنواری نظر ہے مالن کی
اسکی ہر بات اک بشارت ہے
اپنی مفہوم میں وہ عورت ہے

(۳)

اس کے جلوؤں سے لطافت کا اثر پیدا ہوا
اسکی عادت سے شرافت کا اثر پیدا ہوا
اس کی ہستی روشنی کی لہریں پہننے لگی
یک بیک ہر موج افسانہ نیا کہنے لگی
پھر کنول کے پھول سے جھلکا تبسم کا ایاغ
جمنا مائی کا مسرت سے ہوا دل باغ باغ
اسکی مسرت کی لطافت سے پری پیدا ہوئی
شہر ہستی میں پھر اک تھرتھری پیدا ہوئی
گدگدی پیدا ہوئی
زندگی پیدا ہوئی
صبح کو جمنا کنارے موج سے پیدا ہوئی
موج کی گودی سے ہندو استری پیدا ہوئی

(خاص)

تاج

فطرت کی جوگن

[جناب مولینا سیماب اکبرآبادی ایڈیٹر تاج، آگرہ]

(متعلق تصویر)

عروجِ شہاے ماہ کا ہے، ضیاے مہتاب چھا رہی ہے
عروسِ شب بے حجاب ہوکر، تجلیوں میں نہا رہی ہے

چمک رہا ہے دُھلے ہوئے آسماں پر چاند چودھویں کا
برس کے بادل ابھی کھُلے ہیں، فضا کی سبزی بتا رہی ہے

فلک بھی روشن، زمیں بھی روشن، مکاں بھی روشن مکیں بھی روشن
فقط نمودار روشنی ہے، نظر جہاں تک بھی جا رہی ہے

سکوت دنیا پہ حکمراں ہے، نہ داستاں گو نہ داستاں ہے
عجیب منظر، عجب سماں ہے، عجیب کیفیت آرہی ہے

ہے ایک طوفانِ رنگ و نور، اور اُسمیں تیری ہوئی ہے دُنیا
بہار کی رنگ آفرینی، نمو کی موجیں بڑھا رہی ہے

پہاڑ جنت بنے ہوئے ہیں، ہے بارشِ نور چوٹیوں پر
کرن جو چشمے میں پڑ رہی ہے، وہ آئینے سے بتا رہی ہے

ہے دور میں چاند کا پیالہ، افق پہ پھیلی ہوئی ہے مستی
رواں ہے اک آبشار، گویا شراب فطرت بہا رہی ہے

یہ رات رنگین اور سنہری یہ وقت خاموش اور ٹھنڈا
یہ وقت کی ہے نظر فریبی، کہ رات جادو جگا رہی ہے

تلاطمِ رنگ و بو میں، بیٹھی ہوئی ہے فطرت کی ایک جوگن
جو اپنے ماحول کی خموشی میں زندگی سی بڑھا رہی ہے

قریب چشمہ جمائے بیٹھی ہے مرگ چھالے پر اپنا آسن
اور آبشار رواں سے اپنی نشیلی نظریں لڑا رہی ہے

نہ یادِ عقبیٰ، نہ فکرِ دُنیا، نہ جوشِ مستی نہ ہوش ہستی
مگر وہ بے رنگینیوں کی بستی، قضا کے دلمیں سما رہی ہے

اُدھر ہے اک آبشار لرزاں، اِدھر ہے زلفِ رسا پریشاں
وہ اپنی موجیں دکھا رہا ہے، یہ اپنی موجیں دکھا رہی ہے

حسین جوگن، جوان جوگن، جوان راتوں کی جان جوگن
کنارِ چشمہ، کسیکے رنگیں خیال میں کھوئی جا رہی ہے

یہ محویت اور یہ تصور، نہ کچھ آئے ساری دنیا
یہ کیا کرشمے دکھا رہی ہے یہ کیا قیامت اُٹھا رہی ہے

یہ دن تو ہستی کے گلکدے میں بہار افروزیوں کے دن تھے
تو کیوں یہ سنسان خلوتوں میں شباب اپنا لٹا رہی ہے

یہی ہے وہ عمر اور وہ موسم، بنا دے دیوانہ جسکو چاہے
پھبن پھبن اسکی دلنشیں ہے، ادا ادا مسکرا رہی ہے

مگر یہ فطرت کی ہے پجارن، تصور و محویت کی دیوی؟
نظر میں کوئی بُجھا ہوا ہے، کسیکو دل میں بسا رہی ہے

نہ آنکھ جھپکے، نہ ہو نتھ لرزیں، نہ ہاتھ اُٹھیں نہ پانوں بھٹکیں
یہ اپنے آسن پہ بیٹھے بیٹھے، قریب منزل کے جا رہی ہے

جمال سے اس کے پا رہا ہے، فروغ ماہ تمام کیا کیا
نگاہ خود آبشار بنکر فضا کی مستی بڑھا رہی ہے

یہ محو و مستِ خیال فطرت، شباب فطرت، جمال فطرت
جہاں کی فانی لطافتوں کو، خود اپنے اوپر لبھا رہی ہے

خیال طے کر رہا ہے، تیزی سے جادۂ منزلِ حقیقت
وہ خود ہے مرکز پہ اپنے قائم، نہ آرہی ہے نہ جا رہی ہے

یہ دل کے کانوں سے سُن رہی ہے پیامِ فطرت بنامِ ہستی
اور اسکی یکسر زبان خموشی، پیامِ فطرت سُنا رہی ہے

(خاص)

کہ جو در حقیقت میں محو ہوکر یہاں حقیقت پرست ہوگا
اُسی کی رنگیں تجلیوں سے دماغ نظارہ مست ہوگا

تاریخ

مورخ خافی خاں

میر محمد ہاشم نظام الملکی

[جناب حکیم شمس اللہ صاحب قادری۔ ایڈیٹر تاریخ]

خافی خاں ہندوستان کا مشہور مورخ ہے۔ زمانۂ حال کے بعض یورپین مصنف خیال کرتے ہیں کہ اس کا لقب **خافی خاں** لفظ 'حقا' سے نکلا ہے۔ اور اس کی وجہ تسمیہ یہ بتاتے ہیں کہ **اورنگ زیب عالم گیر** نے بڑی تاکید کے ساتھ حکم دے رکھا تھا کہ اُسکے عہد کی تاریخ لکھی نہ جائے۔ لیکن **خافی خاں** نے خفیہ طور پر اپنی تاریخ لکھی اور جب اُس کی اشاعت ہوئی تو مصنف کا لقب **خافی خاں** مشہور ہوگیا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ **خافی خاں** کے اجداد **خواف** کے باشندے تھے جو **خراسان** میں **نیشاپور** کے قریب آباد تھے[۲]۔ اور اسی سے منسوب ہوکر اُس نے **خافی خاں** یا جیسا کہ **صمصام الدولہ** نے **ماثرالامرا** میں لکھا ہے **خوافی خاں** کے لقب سے شہرت حاصل کی ہے۔

خافی خاں کے اقارب شاہان تیموریہ کے متوسل تھے اسکے باپ کا نام **خواجہ میر**[۴] ہے۔ وہ **شاہزادہ داور بخش** کا ملازم تھا اور اُسکے اسیر ہونے تک اسکی رفاقت میں رہا[۵]۔

خافی خاں کے خالو کا نام **خواجہ کلاں** ہے۔ **اورنگ زیب عالم گیر** نے ۱۰۶۸ھ میں جب شاہزادہ **محمد سلطان** کو **دارالفتح اوجین** کا صوبہ دار بنایا تو **خواجہ کلاں** کو اسکا دیوان اور نائب مقرر کیا اور **کفایت خاں** کا خطاب دیکر عطائے خلعت واسپ وفیل سے مفتخر فرمایا[۶]

خافی خاں نے **سید محمد علامی** سے تعلیم حاصل کی تھی یہ شخص اپنے عہد کا فاضل اجل اور ریاضی داں بے مثل تھا[۷]

اورنگ زیب کے عہد میں **خافی خاں** سالہا سال عاملان **گجرات** کی رفاقت میں رہا اور **سورت** و **احمد آباد** میں کارہائے نمایاں انجام دئے[۸]

۱۱۲۵ھ میں **فرخ سیر** نے **خافی خاں** کو صوبہ جات **دکن** کا دیوان مقرر کیا[۹] **خافی خاں** نے یہ خدمت تین سال تک انجام دی۔ اس کے بعد جب دربار میں واپس آیا تو **فرخ سیر** نے **مصطفےٰ آباد چوپڑہ** کا فوجدار بنادیا[۱۰]

---

۱ مارلی کی مخطوطات تاریخی صفحہ لتھبرج کی تاریخ ہند صہ ۴۵۳

۲ نزہتہ القلوب طبع بمبئی صہ ۱۸۲

۳ ماثرالامرا جلد اول صہ ۲۶۴ جلد سوم صہ ۶۰۰

۴ منتخب اللباب جلد دوم صہ ۱۵۵ ۵ منتخب الاب جلد دوم صہ ۱۹ و صہ ۲۰

۶ منتخب اللباب جلد اول صہ ۳۳ ۷ منتخب اللباب جلد دوم صہ ۴۴۳ و صہ ۶۰۵

۸ منتخب اللباب جلد دوم صہ ۴۳۰

۹ منتخب اللباب جلد دوم صہ ۶۰۵

۱۰ منتخب اللباب جلد دوم صہ ۶۰۶

محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں نواب نظام الملک آصف جاہ دکن کے صوبہ دار مقرر ہوئے تو اُنھوں نے **خافی خاں** کو اپنا دیوان کل بنا لیا اور اُسی زمانہ سے اس نے اپنا لقب محمد ہاشم خافی خاں نظام الملکی اختیار کیا ہے[۵۱]

خافی خاں کے تعمیرات سے دکن میں ایک کنواں اس وقت بھی موجود ہے۔ یہ کنواں سرکار میدک کے قصبہ **نرسا پور** میں واقع ہے۔ پہلے زمانہ میں اس قصبہ کو **سلطانپور** کہا کرتے تھے۔ اس میں ایک مسجد قدیم زمانہ کی بنی ہوئی ہے۔ اس کے عقب میں کنواں ہے۔ اُسکے زینہ پر بالائی حصہ میں حسب ذیل کتبہ نصب ہے جس سے ۱۱۴۰ھ میں اس کا تعمیر ہونا ثابت ہوتا ہے۔[۵۲]

چشمہ شیریں درین قصبہ نہ بود + کز زلالش تشنہ را لب تر نبود
ساخت خافی خاں حسین چاہ لطیف + موج آبش جسم را جوہر بود
باقی گفت از پئے تاریخ سال + چشمہ پاکیزہ از گوہر بود

خافی خاں کی تاریخ کا نام منتخب اللباب ہے۔

یہ ایک صحیح کتاب ہے اس میں ابتداء فتح اسلام سے محمد شاہ بادشاہ کے بارھویں سال جلوس تک ہندوستان کے واقعات مرقوم ہیں مصنف نے مضامین کے اعتبار سے ایسے تین جلدوں میں تقسیم کیا ہے۔

جلد اول میں امیر ناصر الدین سبکتگین کے عہد سے سلطان ابراہیم لودھی کے انقراض تک سلاطین دہلی کا تذکرہ ہے۔

جلد دوم سلاطین تیموریہ سے متعلق ہے۔

جلد سوم میں سلاطین دکن کے حالات ہیں۔

دوسری جلد بابر بادشاہ کے فتح ہندوستان سے شروع ہوئی ہے۔ اسکے بعد ہمایوں۔ اکبر۔ جہانگیر شاہجہاں۔ اورنگ زیب۔ اعظم شاہ بہادر شاہ جہاندار شاہ فرخ سیر۔ محمد شاہ کے واقعات شرح وبسط کے ساتھ لکھے ہیں۔ اس کے ابتدا میں ایک مقدمہ ہے جس میں ترک بن یافث کے زمانہ میں سے بابر کے جلوس تک شاہان مغول کا مختصر حال مذکور ہے۔

خافی خاں نے اس جلد کے دیباچہ میں لکھا ہے۔ کہ اس میں محمد شاہ کے حالات ۱۱۳۰ھ تک تحریر ہیں۔ لیکن محمد شاہ کے حالات میں ایسے متعدد واقعات موجود ہیں جو ۱۱۳۰ھ کے بعد وقوع پذیر ہوئے ہیں مثلاً مبارز خاں کا مارا جانا اور حیدرآباد پر نواب نظام الملک آصف جاہ متصرف ہونا یہ واقعہ ۱۱۳۳ھ کا ہے[۵۳]۔ اسی طرح اشرف خان افغان کی وفات کے بعد شاہ طہماسب صفوی کا ایران کی حکومت پر دوسری مرتبہ بحال ہونا۔ یہ واقعہ ۱۱۴۲ھ میں سرزد ہوا ہے[۵۴]۔ اور اس سے ظاہر ہے کہ خافی خاں اس تاریخ کی تالیف وترتیب میں ۱۱۴۲ھ تک مصروف ومشغول رہا۔

منتخب اللباب کی پہلی جلد اور دوسری جلد کا ابتدائی حصہ شہنشاہ اکبر کے جلوس تک محمد قاسم فرشتہ کی تاریخ سے منقول ہے۔ اکبر۔ جہانگیر۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب کے ابتدائی دو سالہ واقعات مغلیہ

---

[۵۱] منتخب اللباب جلد سوم ص۵۲

[۵۲] منتخب اللباب جلد دوم ص۹۵۵

[۵۳] منتخب اللباب جلد سوم ص۹۵۷

دربار کے حسب ذیل مورخین کی تاریخوں سے ماخوذ ہیں۔

ملا نظام الدین احمد بخشی	مصنف	طبقات اکبری
ابوالفضل علامی	مصنف	اکبرنامہ و آئین اکبری
ملا عبدالقادر بدایونی	مصنف	منتخب التواریخ
محمد شریف معتمد خاں	مصنف	اقبال نامہ جہانگیری
عزت خاں	مصنف	ماثر جہانگیری
عبدالحمید لاہوری	مصنف	بادشاہ نامہ
محمد صالح کنبوہ	مصنف	شاہجہاں نامہ
محمد کاظم منشی	مصنف	عالمگیر نامہ

اورنگ زیب کے دسویں سال جلوس سے کتاب کے اختتام تک خافی خاں نے اپنے چشم دید واقعات اور معتبر مسموعات تحریر کئے ہیں۔ چنانچہ اورنگ زیب کے حالات میں ایک موقع پر خود خافی خاں نے اس کا ذکر اس طرح کیا ہے۔

اما راقم الحروف بقدر مقدور دست و پا زدہ بعد تفتیش تمام و تفحص نام بعضے مقدمات و واقعات قابل تحریر کہ از السنہ کہن سالان ثقہ مسموع نمودہ و از اہل دفتر و واقعہ نگار کل تحقیق کردہ و دریں مدت برائے العین مشاہدہ نمودہ بدستور خوشہ چیناں بے بضاعت از صد یکے بزبان خامہ می دہد۔

تیسری جلد جسمیں سلاطین دکن کے حالات ہیں بجائے خود ایک مستقل کتاب ہے۔ اسمیں ایک ابتدائی مقدمہ ہے جسمیں قبایل عرب کے دکن میں آکر سکونت پذیر ہونے اور سلاطین دہلی کی فتوحات دکن کی سرگذشت بیان کی ہے۔ اسکے بعد سلاطین دکن کی تاریخ شروع ہوتی ہے۔ جسکے دو حصے ہیں پہلے حصہ میں سلاطین بہمنیہ کا تذکرہ ہے۔ دوسرے حصہ میں ملوک الطوایف کے حالات ہیں۔

اس جلد کے بیشتر اجزا تاریخ فرشتہ سے ماخوذ ہیں۔ لیکن اس کے ضمن میں خافی خاں نے اُن اختلافات کو بھی بیان کیا ہے جو دکن کی دوسری تاریخوں میں مذکور ہیں۔ اسکے بعد ۱۰۰۰ھ سے ملوک الطوایف کے انفراض تک خافی خاں نے وہ روایات جمع کئے ہیں جو معتبر اور ثقہ حضرات سے مسموع ہوئے یا خود خافی خاں نے برائے العین مشاہدہ کیا ہے۔ چنانچہ اسکا ذکر خود خافی خاں نے اس طرح کیا ہے۔

"ازیں سرشتہ انتخاب تاریخ فرشتہ باتمام رسیدہ اما آنچہ از زبان مردم ثقہ مسموع شدہ و از حوادث کون و فساد دیدۂ عبرت بین مشاہدہ کردہ بزبان قلم میدہد و اگر کم و زیاد آن از روئے تاریخ دیگر یا زبانی راوی صحیح القول ظاہر گردد بریں ہیچ مداں خوردہ نگیرند۔

منتخب اللباب کی پہلی جلد نایاب ہے۔ اس کے دو نسخے برٹش میوزیم اور انڈیا آفس کے کتب خانوں میں موجود ہیں دوسری جلد ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کی طرف سے سلسلہ کتب ہند یہ میں بمقام کلکتہ ۱۸۶۹ء سے ۱۸۷۴ء تک تقریباً چھ سال میں چھپی ہے تیسری جلد کو سر ولزلی ہیگ نے ۱۹۲۱ء میں بمقام کلکتہ سلسلہ کتب ہند یہ میں چھپوایا ہے۔

(خاص)

کشمیر کی مشہور تاریخ راج ترنگنی اور اسکا مصنف

[جناب سید احمد اللہ قادری۔ ایم۔ آر۔ اے۔ ایس لندن نائب ایڈیٹر تاریخ]

راج ترنگنی راجگان کشمیر کی نہایت قدیم اور مستند تاریخ ہے۔ یہ راجہ جے سنگھ [۱۲۲۹ء تا ۱۲۵۵ء] والی کشمیر کے عہد حکومت میں تصنیف ہوئی ہے۔ اور تاریخ ہندوستان کے بہترین ماخذات میں شمار کی جاتی ہے اس کی نسبت مستشرقین مغرب خیال کرتے ہیں کہ سنسکرت زبان میں جس قدر تاریخی سرمایہ ہے۔ اس میں یہ کتاب معمول سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے کلہن نامی ایک شاعر ہے۔ جو کشمیر کا رہنے والا تھا۔ اس مورخ کے حالات کسی تاریخ میں نہیں ملتے ہیں۔ سنسکرت زبان کی قدیم تصنیفات میں اسکا ذکر آیا ہے۔ لیکن اس میں اس کا حال نہایت سرسری طریقے پر لکھا گیا ہے۔ البتہ اس کی حیات کے واقعات کو جس تصنیف سے صحیح طور پر اخذ کیا جا سکتا ہے۔ وہ خود اس کی تصنیف راج ترنگنی یا اسکے بعد کا لکھا ہوا مکملہ ہے ان پر نظر ڈالنے سے صرف اسقدر پتہ چلتا ہے کہ کلہن کے آباؤ اجداد کشمیر کے رہنے والے تھے۔ اور ان کو شاہی دربار میں غیر معمولی رسوخ حاصل تھا۔ کلہن کا باپ جسکا نام چنپک ہے۔ راجہ ہرش [۱۰۸۹ء تا ۱۱۰۱ء] والی کشمیر کا وزیر تھا اسکے علاوہ کلہن کے بعض عزیز ملک کے خاص آدمیوں میں شمار ہوتے تھے۔ کلہن کا چچا لنگ ہی دربار میں تقرب رکھتا تھا۔ اور راجہ کی اس پر خاص نظر شفقت تھی۔ کیونکہ علم موسیقی میں اسے کمال حاصل تھا۔ اور راجہ نے اسے ایک موقعہ پر اسے ایک طلائی سکے عطا کئے تھے۔

اس طرح کلہن کے باپ کے متعلق بھی ایک واقعہ راج ترنگنی میں تحریر ہے کہ جب راجہ ہرش کا قتل ہوا تو اس وقت چنپک راجہ کے ان چند وفاداروں کی فہرست میں منسلک تھا۔ جو اس کی جانثاری کے لئے ہمیشہ تیار رہتے تھے۔ اور اس معرکہ میں چنپک کے آدمیوں نے خوب داد شجاعت دی تھی۔

راجہ ہرش کے اس عظیم الشان قتل کے بعد کشمیر میں طوایف الملوک کا زور ہوگیا اور کشمیر کے باجگذار اقطاع خود مختار ہوگئے۔ کلہن کا خاندان چونکہ آخر وقت تک راجہ کا شریک رہا تھا۔ اس لئے فاتحین نے انکے ساتھ کوئی مراعات نہیں کیں۔ بلکہ ان کا خاندان اس عہد کے بعد گمنام ہوگیا۔

ان مختصر واقعات کے علاوہ کلہن اور اس کے اجداد کے حالات کسی تصنیف میں نہیں پائے جاتے ہیں۔

راج ترنگنی سنسکرت زبان میں نظم میں لکھی گئی ہے اس میں ہند و دکن اور جنوب کے تقریباً ان تمام راجا مہاراجاؤں کا تذکرہ قلمبند ہے۔ جو راجگان کشمیر کے ہمعصر۔ حملہ آور یا ماتحت رہے ہیں۔

دراصل کشمیر کی ابتدائی تاریخ خاندان موریا عہد سے شروع ہوتی ہے اور یہ خاندان صدیوں [illegible] حکمران کشمیر کے تحت رہا ہے۔ لیکن اس کی مستند

تاریخ کا آغاز کرکوٹ خاندان کے وقت سے ہوتا ہے[1]۔ جن کی نشوونما کا زمانہ ساتویں صدی عیسوی خیال کیا جاتا ہے کلہن نے تاریخ کشمیر کی ابتداء راجہ گونند کے عہد سے شروع کی ہے۔ جس کا زمانہ تخت نشینی تین ہزار سال قبل عیسیٰؑ تصور کیا جاتا ہے۔ اس حساب سے یہ کتاب چار ہزار دو سو پچاس برس کے واقعات کی ایک مکمل تاریخ ہے۔

اس میں عہد قدیم اور ازمنہ وسطیٰ کے حالات مصنف نے زیادہ وضاحت کے ساتھ تحریر کئے ہیں۔ وہ حصہ جس میں عہد مصنف کے واقعات ہیں معاصرانہ حیثیت سے خاص وقعت رکھتا ہے۔ اور یہ کتاب کے بہت بڑے حصہ پر محیط ہے۔

اس میں اکثر جگہ مسلمانوں کی فتوحات اور داخلہ کا تذکرہ بھی نظر آتا ہے۔ جس کو مصنف نے نہایت دلچسپی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ چنانچہ ۱۰۱۶ء میں سلطان محمود [۴۰۷ھ] کے کشمیر پر حملہ کرنے کا ذکر بھی اسمیں موجود ہے۔ اور یہ محمود کو ہیرا کے لقب سے یاد کرتا ہے جو عربی لفظ امیر کی سنسکرت زبان میں بگڑی ہوئی صورت ہے۔

یہ کتاب بقول ولسن[2] Wilson اور اسٹین M.A Stein کے سنسکرت زبان کی تمام کتابوں پر غیر معمولی فوقیت رکھتی ہے اور صرف یہی ایک ایسی کتاب ہے جو ایک حد تک فن تاریخ کے لئے مخصوص ہے۔

تاریخ ہندوستان میں اسمتھ[3] Smith نے بھی یہی بیان کیا ہے۔ اس میں انھوں نے صرف اس قدر اضافہ کیا ہے۔ کہ اس میں کئی بعض سوانحات اور واقعات میں اکثر ایسی بے سر و پا باتیں دکھائی دیتی ہیں۔ جو بڑی احتیاط کے بعد کام میں لائے جانے کے قابل ہوں گی۔

حقیقت میں اس کتاب میں ساتویں صدی عیسوی سے پہلے کے جو واقعات مذکور ہیں۔ وہ زیادہ اعتبار کے قابل نہیں ہیں۔ اس کے بعد کے جو حالات اس میں لکھے گئے ہیں وہ تاریخی شان رکھتے ہیں۔

یہ کتاب جن کتابوں کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ ان کے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) سورت نامی شاعر کی ایک نظم جو قدماء کے کلام کا مجموعہ تھا۔

(۲) نیل مت پران۔

(۳) عہد سابق کے گیارہ علما کی گیارہ چیدہ چیدہ تصانیف۔

لیکن راج ترنگنی سے اس میں صرف تین مصنفین کا پتہ چلتا ہے۔

۱۔ کشمندر مصنف، نرپاولی، جو راجگان قدیم کی تاریخ ہے۔ یہ شخص کلہن سے تقریباً سو سال قبل گذرا ہے یہ کشمیر کا رہنے والا تھا۔ راجہ کشمیر کے دربار سے اسکو خاص تعلق تھا۔ اس نے دربار میں ایک کتاب تصنیف کی تھی۔ اس کے علاوہ اُس نے "برہت کتھا" کی کتاب کو از سر نو تالیف کیا تھا۔ اس کی یادگار سے بہت سی تصنیفات ہیں۔

---

[1] قدیم تاریخ ہند از وسنٹ اے اسمتھ باب چہارم صفحہ ۱۰۷ [مترجم]

[2] انسائی کلوپیڈیا جلد ۵ صفحہ ۸۰۰ [illegible]

[3] تاریخ ہند قدیم از وسنٹ اے اسمتھ مترجمہ حسین الحق صفحہ ۵۴۲

یہ اُس زمانہ کے محقق مصنفین میں شمار ہوتا ہے[1]

۲۔ پدم مہر۔ کشمیر پر ایک کتاب لکھی تھی۔ اس سے کلہن نے اپنی تصنیف کے لئے آٹھ نام انتخاب کئے تھے۔ یہ مصنف غیر مشہور ہے۔ اس کا نام کسی ہندو تصنیف میں نہیں ملتا ہے۔

۳۔ چھولاکر۔ اس مصنف کا نام بھی کسی کتاب میں نہیں پایا جاتا ہے اس نے اپنی کتاب کی بنیاد دہیلا راج کی پارتھوالی پر رکھی تھی۔ اس کتاب سے کلہن نے راج ترنگنی میں چند نام اضافہ کئے ہیں۔

اِن ماخذات کے علاوہ کلہن نے مزید تحقیق اور تفتیش کی خاطر سنگی کتبوں اور اس عہد کی اسنادات اور قدیم سکّوں سے بھی استفادہ کیا ہے۔ جس کا اس نے کتاب میں کئی مقام پر تذکرہ کیا ہے۔

راج ترنگنی کی ترتیب مصنف نے آٹھ باب میں کی ہے۔ اور اس کے ہر باب کو ترنگ کے نام سے موسوم کیا ہے۔ پہلی ترنگ میں مصنف کا دیباچہ اور قدیم راجاؤں کا ذکر ہے جو حضرت مسیحؑ سے صدیوں پہلے گذرے ہیں۔ اس ترنگ کا خاتمہ یدھشٹر پر ہوا ہے یہ راجہ بقول مورخ الفنسٹن Elphinstone کے حضرت عیسیٰؑ سے ساڑھے چودہ سال [۱۴۵۰] قبل حکمران تھا[2]

دوسری ترنگ تخمیناً دو سو سال کے زمانہ پر مشتمل ہے۔

تیسری ترنگ میں [۵۰۹] سال کے حالات ہیں۔

چوتھی ترنگ میں دو سو چودہ [۲۱۴] سال کے واقعات ہیں۔

پانچویں ترنگ مصنف نے بہت بڑے زمانہ پر لکھی ہے۔ اور اس کا آخری حصہ مسیحی صدیوں میں آگیا ہے۔

چھٹی۔ ساتویں۔ اور آٹھویں ترنگین مسیحؑ کے بعد کے زمانوں سے تعلق رکھتی ہیں۔

ساتویں ترنگ کے ابتدائی حصہ میں مصنف نے سلطان محمود غزنوی کا ذکر کیا ہے اور خاتمہ راجہ ہرش کے قتل پر ہوا ہے۔ جو ۱۱۰۱ء کا واقعہ ہے۔

آٹھویں ترنگ مصنف کے عہد سے تعلق رکھتی ہے اس کا زمانہ ۱۱۰۱ء سے ۱۱۵۱ء تک ہے۔

راج ترنگنی کا طرز تحریر بالکل قدیم زمانہ کے مطابق ہے۔ اور یہ زیادہ تر رامائن اور مہابھارت سے ملتا جلتا ہے۔ اس کتاب میں سب میں اچھا اور بہترین حصہ راجہ ہرش کے قتل کا واقعہ ہے۔ جس کے لکھنے میں مصنف نے کمال دکھایا ہے[3]

راج ترنگنی نے مختلف زبانوں میں ترجمے لکھے گئے ہیں۔ جن میں سے بعض عام طور پر مشہور ہیں۔

کلہن کے تقریباً تین سو سال بعد جونا راجہ اور سری دارا پنیا بھاٹا نے اس تکملہ لکھا ہے۔ یہ حصہ ۱۹۳۵ء میں بمقام کلکتہ چھپا ہے۔

اس کو اے ٹرویر A. Troyer نے فرنچ میں ترجمہ کر کے بمقام پیرس شایع کیا ہے۔ اس کے حصے ۱۸۴۰ء سے ۱۸۵۲ء تک مسلسل چھپتے رہے ہیں۔ اسکے پہلے چھ باب کا خلاصہ پروفیسر ولسن نے ایشیاٹک ریسرچ میں کیا ہے[4]

---

[1] ہندو کلاسیکل ڈکشنری صفحہ ۲۱۹۔

[2] تاریخ ہند از الفنسٹن صفحہ ۲۵ و آثار الصنادید از سرسید احمد خاں صفحہ ۲۵

[3] ایشیاٹک ریسرچ جلد ۱۵ صفحہ ۱ تا ۹۲

[4] ملاحظہ دوسرے صفحہ پر دیکھئے۔

شہنشاہ اکبر [۹۶۳ھ ۱۰۱۴ھ] نے جب سنہ ۹۹۲ھ میں کشمیر کو فتح کیا تو اسکو یہاں کی تصنیفات سے خاص محبت ہوگئی تھی۔ چنانچہ اکبر کے حکم سے ملا شاہ محمد شاہ آبادی رسالہ حاشیہ صفحہ سابق) نمونہ کے طور پر ہم اسکو ذیل میں ترجمہ کرتے ہیں جس سے مصنف کے خیالات کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ وہ چوتھی راجدھانی کے نشیب میں چور تھا تقدیر کے جال میں پھنس گیا اور وہ وقت خدا کو یاد کر کے زمین پر گر پڑا۔ یہ وہ تھا جس نے زمین کو کبھی پیرزہ دکھائے تھے ایسا محو خواب تھا۔ کہ جیسا ہرا بھرا درخت جڑ سے کاٹ دیا گیا ہے۔ یہ راجہ بڑا اولوالعزم اور خاص شان والا تھا اور ایسے راجہ کبھی دیکھنے میں نہیں آئے ہیں اسکی جو آرزو تھی کبھی سرسبز نہ ہوئی۔ اور اس کا دامن ہمیشہ حزن و یاس سے لبریز رہا۔ جب یہ دنیا سے رخصت ہوا تھا تو اسوقت اسکا سن ۴۲ سال ۸ ماہ کا تھا۔ اسکی پیدائش کا دن منگل تھا۔ اسوقت آسمان پر برج سرطان تھا۔ زحل پانچویں مشتری اور عطارد چھٹے زہرہ شمس ساتویں اور قمر دسویں خانے میں تھے۔ شگھنا کا مصنف لکھتا ہے کہ کورو اور دوسرے لوگ یا اسکے جانشین جو ان کی عملداری کے زمانہ میں پیدا ہوئے وہ کبھی پھولے نہ پھلے بلکہ آپ اپنے خاندان کی تباہی کا باعث ہوئے۔ چنانچہ یہ بھی انہی کے دور میں پیدا ہوا تھا۔ اس لئے یہ خود ہی اپنے خاندان کی تباہی کا موجب ہوا۔ جس وقت اس کا سر تن سے جدا ہوا تو زمین کانپی اور آسمان چلا اٹھا۔ گو اسوقت آسمان صاف تھا۔ فضا بھی تھی۔ مگر اس دم میں مکدر ہو گئی آسمان کو جوش آیا۔ اور بادل جھوم جھوم کر آئے اور اس پر آہ وزاری کرنے لگے .....

لہ شاہ اکبر آباد کا علاقہ شاہ کشمیر سری نگر سے تین میل اسطرف واقع ہے دربار اکبری آزاد صفحہ ۱۱۹

نے ۹۹۸ھ میں سنسکرت زبان سے اس کا فارسی زبان میں ترجمہ کیا تھا۔ یہ ترجمہ بادشاہ کو پسند نہ آیا۔ تو بادشاہ کے حکم سے ملا عبد القادر بدایونی نے ۹۹۹ھ میں اس کی نظر ثانی کی ہے۔

اس کا خلاصہ ابو الفضل نے اپنی کتاب آئین اکبری میں درج کیا ہے ہے۔

جہانگیر [۱۰۱۴ھ ۱۰۳۶ھ] بادشاہ کے حکم سے حیدر ملک بن حسن ملک بن کمال الدین ملک نے ۱۰۳۰ھ کے قریب کشمیر کی ایک قدیم تاریخ لکھی تھی۔ اسمیں عہد ہنود کی تاریخ کو راج ترنگنی سے اخذ کیا تھا۔ یہ تاریخ شہنشاہ اکبر کی فتح کشمیر تک ہے ہے۔ اس کتاب کا ترجمہ برنیر F. Bernier نے کیا تھا۔ جس کا ذکر اُس نے اپنے سفر نامہ میں کیا ہے ہے۔

کشمیر کے ایک پنڈت نارائن کول عاجز نے اس کا اصل سنسکرت زبان سے ۱۱۳۳ھ میں بزبان فارسی ترجمہ کیا ہے۔ اس کا ایک مخطوط بوڈلین لیبریری میں موجود ہے ہے۔

ان ترجموں اور خلاصوں کے علاوہ اے۔ اسٹین M.A. Stein نے مکمل راج ترنگنی کا ترجمہ

ہے منتخب التواریخ طبع کلکتہ جلد ۳ صفحہ ۳۷۴ ایلیٹ جلد ۵ صفحہ ۴۷۸۔ رسالہ اُردو اورنگ آباد جلد ۲ نمبر ۶ صفحہ ۶۱۸۔ ریو صفحہ ۲۹۶ دربار اکبری صفحہ ۱۱۶۔

ہے تاریخ ہند سید ہاشمی طبع دار الطبع صفحہ ۱۹۶۔

ہے ایتھے نمبر ۲۸۴۶

ہے وقایع سیر و سیاحت ڈاکٹر برنیر جلد دوم ۵۹۔

ہے بوڈلین نمبر ۳۱۸ و ایتھے نمبر ۵۱۱۔

[بقیہ ۶۴۴ صفحہ پر دیکھئے]

تنقید

تارہ گڈھ

[جناب شبیر احمد علوی القادری بی۔ اے سابق ایڈیٹر تنقید و سابق معاون حقیقت سہیل]

ہندوستان کے یوں تو جملہ مزارات شجاعت و تقدس کے زریں کو اپنے دامن میں چھپائے ہوئے ہیں لیکن تارہ گڈھ کا قدیم قلعہ ایک اختصاصی حیثیت رکھتا ہے تارہ گڈھ کے قلعہ کو دیکھکر یہ واقعہ آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے کہ ۱۸۵۷ء میں تارہ گڈھ کی مشہور بغاوت میں راجپوتوں کے ایک منظم گروہ نے مسلمانوں کو بارہ پارہ کر دیا اس حملہ میں ایک مسلمان متنفس بھی زندہ نہ بچ سکا۔ یہ قلعہ اجمیر شریف کے اوپر سے اور چاروں طرف سے معلوم ہوتا ہے کہ چھایا ہوا ہے اس قلعہ کو پہلے فرخ نازداوں نے اپنے ابتدائی عہد حکومت میں تعمیر کیا تھا اسکی وضع و قطع بہت ہی خوفناک ہے لیکن قلعہ کے اندر ایک دلفریب و خوبصورت سفید مسجد بنی ہوئی ہے جسکو دیکھکر یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید اس عمارت کو دور رجعت سے کوئی تعلق نہیں ہے اسی مسجد کے قریب ایک مزار ہے جس میں سید حسین گو نہ تارہ گڈھ کی قبر ہے اس مزار کی آجکل بہت توقیر و منزلت کیجاتی ہے اور سید حسین کو بالعموم ایک برگزیدہ مرد تصور کرتے ہیں۔

جیسے ہی کوئی سیاح تارہ گڈھ پر جانیکا ارادہ کرتا ہے تو ایک موکل درواز پر ملتا ہے جو غیر مسلمین کے سروں پر عمامہ اور پیروں میں گھیتلان پہننے کیلئے پیش کرتا ہے اور جب سیاح اسطرح پر مسلمان صورت ہو جاتا ہے اسوقت وکیل (گائیڈ) تارہ گڈھ کا جیسے جیسے دکھلاتا ہے اکثر فرنگی سیاح اسکو دیکھنے جایا کرتے ہیں ان کا خیال ہے کہ تارہ گڈھ کی زمین سے مسلمانوں کے خون کی بو اب بھی آتی ہے۔ بغاوت کے بعد دو تین تک مسلمانوں اور ہندوؤں (راجپوتوں) میں اس قلعہ کے متعلق لڑائیاں ہوئیں اور ہر فریق اس قلعہ کو اپنا جایز حق تصور کرتے قبضہ کرنے کا ارادہ کرتا لیکن کامیابی نہ ہوگی۔ لیکن سترہویں صدی عیسوی کے ابتدائی عشرہ میں مغلیہ حکومت کے عہد میں اس قدیم عمارت کی یاد تازہ کی گئی اور اسوقت سے یہ قلعہ مسلمانوں کے قبضہ اقتدار میں آیا سید حسین کا مقبرہ ۱۶۳۳ء میں تعمیر کیا گیا اور اوسی وقت سے ہندو مسلمان دونوں اس مزار کی قدر و منزلت بھی کرنے لگے اور دونوں سید حسین کی واجب التعظیم شہید جانتے ہیں ہزار ہا سیاح جو حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے فلک اشتباہ بارگاہ پر حاضری دیتے ہیں۔ شاید ہی کوئی ایسا ہو جو اس قلعہ کو نہ دیکھتا ہو۔ اب عام طور سے یہ قلعہ سید صاحب تارہ گڈھی کے مزار کے نام سے مشہور ہے اجمیر شریف کی طرح یہاں بھی بڑی بڑی دیگیں چڑھی ہوتی ہیں جن میں عقیدت مند افراد اپنی مرادوں کے بر آنے کے بعد کھانا پکوا کر غربا و مساکین کو تقسیم کرتے ہیں اس میں کسی مذہب کی تخصیص نہیں ہے۔ میں نے خود ہزار ہا ہندوؤں و مسلمانوں کو بہ یک وقت اپنی مرادوں کے پورے ہونے کے بعد اس قسم کی دعوت کا انتظام کرتے ہوئے دیکھا ہے حقیقی طور سے ہندو مسلم اتحاد کا نظارہ اجمیر شریف و تارہ گڈھ میں نظر آتا ہے۔

سید شہید کے مزار کی مذہبی تقدس کے علاوہ اس قلعہ کی آثار صنادید کے لحاظ سے بہت قدر و منزلت کی جاتی ہے کیونکہ راجپوتانہ میں ارکیالوجیکل حیثیت یہ قلعہ دوسرے نمبر پر ہے سرنگوں اور محلوں میں جو ہندو خاندان کی جنگی یادگاریں اب تک دنیا کو نوحہ گر بنانے کے لئے کافی ہیں۔

قلعہ کے وادی میں ایک چشمہ نور چشمہ کے نام سے جاری ہے دور سطحی کے ماہرین فن کا خیال تھا کہ انجینری کا بھی نمونہ پیش کیا جائے اور اس چشمہ کے ذریعہ یہ قلعہ پر پانی پہنچایا جائے لیکن افسوس ہے کہ یہ اسکیم مکمل نہ ہو سکی ورنہ آج دنیا میں بھی ایک زندہ عجائبات میں تصور کی جاتی قلعہ بقدر محفوظ تھا کہ رستا ہے لارڈ لیمنگٹن نے ۱۸۳۸ء میں اسکو ہز ایکسی لنسی گورنر جنرل ایجنٹ گورنر کیا تھا اس قلعہ پر ایک تاریخی مضمون ٹامس آف انڈیا میں شایع ہو چکا ہے۔

(خاص)

تیج

زندگی کا مقصد

(جناب لالہ رام لال ورما، ایڈیٹر 'تیج' دہلی)

انگریزی میں ایک مقولہ ہے

مطلب۔ کھاؤ۔ پیو اور خوش رہو۔ گویا زندگی کا مقصد کھانا پینا اور خوش رہنا ہے میرا خیال ہے کہ کسی دانا انسان نے زندگی کا مقصد اس طرح واضح کرکے بنی نوع انسان کی کوئی خدمت نہیں کی ہے۔ بلکہ عین ممکن ہے کہ انسانی مفاد کو الٹا نقصان پہنچایا ہو۔ اگر زندگی کا مقصد کھانا پینا اور خوش رہنا ہے تو بلاشبہ دنیا میں تقریباً ہر قوم و ہر ملک کے لوگوں کو زندگی کا یہ مقصد حاصل ہے۔ ایسی حالت میں یہ ایک معمہ معلوم ہوگا کہ زندگی کا اعلیٰ ترین مقصد حاصل ہوجانے کے باوجود دنیا کے ایک بڑے انسانی طبقہ کو وہ اطمینان و سکون حاصل نہیں ہے جو زندگی کا مقصد حاصل ہوجانے کے بعد انھیں نصیب ہونا چاہئے۔ برعکس دنیا میں بے چینی و اضطراب۔ بدامنی انتشار زیادہ نظر آتا ہے۔ لوگ امن و سکون کی ہر جگہ جستجو کرتے ہیں مگر انھیں امن و سکون نہیں ملتا۔ اور ملے بھی تو کہاں سے۔ جب انھوں نے زندگی کا مطلب ہی نہیں سمجھا ہے۔ زندگی کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کی تعریف الفاظ میں کی جاسکے۔ زندگی صحیح معنوں میں محض ایک عمل ہے جسے ہم سب شب و روز اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ موت بھی زندگی کا ہی ایک پہلو ہے۔ بلکہ اوقات موت ہی زندگی کا موجب بنتی ہے۔ یا یوں کہو کہ موت سے ہی زندگی برآمد ہوتی ہے۔ یہ دیکھتے ہیں کہ دنیا کے بعض مشاہیر کا نام نامعلوم زمانہ سے بڑی عزت و احترام کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ لوگ اپنے دلوں کے اندر اور بیرونی مظاہرات کے ذریعہ بھی ان کی پرستش کرتے ہیں۔ یہ مشاہیر کون تھے۔ ہماری طرح ذی روح انسان۔ مگر ہم میں سے بہت سے روز پیدا ہوتے اور مرتے ہیں۔ کوئی پرسان بھی نہیں ہوتا کہ کون آیا اور کون گیا۔ دنیا کے بڑے لوگوں کی زندگی اکثر محض کلفت و مصیبت میں ہی کٹتی ہے۔ بلکہ انھیں بڑائی نصیب ہی اس وقت ہوتی ہے جب وہ اپنی زندگی کو قربان کردیتے ہیں۔ جب کھانا پینا اور خوش رہنا کہتے ہیں وہ انھیں خواب میں بھی نصیب نہیں ہوتا۔ اس کے برعکس معمولی انسانوں کو کھانے پینے اور خوش رہنے کی جملہ سہولت حاصل ہیں ہم دریافت کرتے ہیں کہ ان دونوں میں سے حقیقی زندگی اور اس کا مقصد کسے حاصل ہوا۔ یہی کہا جائیگا۔ کہ اسے جس نے راحت و آرام کے بجائے رنج و مصیبت میں کسی بڑے کار کے لئے اپنی زندگی وقف کی۔ پس ظاہر ہوا کہ کھانا پینا اور خوش رہنا زندگی کا مقصد نہیں ہوسکتا۔ اگر یہ بات ہے تو دریافت کیا جاسکتا ہے کہ دنیا میں کھانے پینے اور خوش رہنے کو اس قدر غیر معمولی اہمیت کیوں دی جاتی ہے۔ اس کا جواب صاف ہے۔ کھانا پینا اور خوش رہنا زندگی کا ذریعہ ہے۔ مقصد اور ذریعہ میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ یہی فرق کھانے پینے اور خوش رہنے کی اہمیت بلاشبہ بہت زیادہ ہے۔ مگر اسی حد تک کہ زندگی کا عمل جاری رہ سکے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر زندگی کا مقصد کیا ہے۔ زندگی میرے خیال میں بجائے خود اپنا مقصد ہے۔ انسانی زندگی کا بہترین مقصد یہی ہے کہ وہ زندہ رہے اور اپنی زندگی کو قائم و برقرار رکھے۔ ہندو دھرم میں موکش اسلام میں نجات اور مسیحی مذہب میں (Salvation) کو زندگی کا آخری مدعا مانا گیا ہے۔ تینوں الفاظ کے معنی ایک ہی ہیں۔ ہندو دھرم میں عام طور پر موکش کا یہی مفہوم لیا جاتا ہے کہ آواگون یعنی بار بار پیدا ہونے اور مرنے سے چھٹکارا پانا۔ میں مذہبی عقائد پر فلسفیانہ یا عالمانہ بحث کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا اور نہ ہی ایسا کرنا میرا مقصد ہے۔ میرا مقصود صرف یہ واضح کرنا ہے کہ دینی یا دنیوی طور پر زندگی کے بالعموم جو مقصد سمجھا جاتا ہے وہ ہماری عملی زندگی کو فائدہ پہنچانے کے بجائے نقصان پہنچاتا ہے۔ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ موکش موت کے بعد ہی مل سکتی ہے۔ زندگی میں نہیں گویا زندگی ختم کرکے زندگی کا مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے ہم واقعی کرتے ہیں کہ بجائے اس کے کہ انسان موکش کی تلاش میں اپنی زندگی کو کھو دے کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ وہ زندگی میں ہی موکش پراپت کرے میری ناقص رائے میں موکش زندگی سے نجات کا نام نہیں۔ بلکہ حقیقی زندگی کا دوسرا نام ہے۔ وہ لوگ غلطی پر ہیں جو زندگی سے نفرت و حقارت کا سلوک کرتے ہیں اور موت میں موکش کا راز تلاش کرتے ہیں۔ جو لوگ سمجھتے ہیں کہ زندگی اپنا مقصد آپ ہے وہ زندگی سے نفرت نہیں کرتے۔ وہ زندگی سے چھٹکارا پانے کی خواہش نہیں کرتے وہ اپنی زندگی کو حقیقی زندگی بنانے کی سعی کرتے ہیں۔ ذرا غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ رام و کرشن کو اس لئے حیات جاودانی نصیب نہیں ہوئی ان کا نام آج اس لئے زندہ نہیں ہے کہ انھوں نے مکسی ایسی نادیدنی و نامعلوم شے کی تلاش میں جسے موکش کہتے ہیں اپنی جان دی تھی ان کا نام اس لئے زندہ ہے اور تا ابد زندہ رہے گا کہ انھوں نے زندگی کے حقیقی معنی کو سمجھا۔ انھوں نے زندگی کی اہمیت کو سمجھا اور انھوں نے اپنی زندگی کو مکمل بنایا۔ رام کرشن پر بھی کچھ موقوف نہیں۔ دنیا کے تمام مشاہیر کا طریق عمل یہی رہا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ موجودہ زمانہ کی اس عظیم ترین ہستی مہاتما گاندھی کو جو ابھی ہمارے درمیان موجود ہے زندگی میں ہی موکش حاصل نہیں ہے خود غرضی سے بالاتر تعیش پسندی سے پرے تیاگ و قربانی کا مجسمہ۔ مکر و فریب کا دشمن حق و صداقت کا دوست۔ اگر ایسے شخص کی زندگی کا نام ہی موکش نہیں تو میں کہونگا کہ موکش کوئی بڑی مشکوک شے ہے جس کی فکر میں اپنی زندگی کو گھلا دینا کوئی دانشمندی کی بات نہیں ہے مہاتما گاندھی نے کھانے پینے اور خوش رہنے کو اپنی زندگی کا مقصد نہیں بنایا بلکہ زندگی کا محض ایک ذریعہ سمجھا۔ انھوں نے موکش یا حیات جاودانی کی تلاش میں زندگی سے نفرت و حقارت کا سلوک بھی نہیں کیا اور نہ ہی اس سے چھٹکارا پانے کی سعی کی۔ ان کی زندگی پر نظر ڈالو تو معلوم ہوگا کہ ان کی زندگی عمل کا ایک وسیع میدان ہے اسی عمل نے ان کی زندگی کو مکمل مفید سبق آموز اور حقیقی زندگی بنایا۔ بلاشبہ وہ اپنی زندگی کو قربان کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ مگر اس لئے نہیں کہ وہ زندگی کو ایک وبال یا موکش کی راہ میں روکاوٹ سمجھتے ہیں اور اس سے نفرت کرتے ہیں۔ بلکہ اس لئے کہ وہ زندگی کی قدر و اہمیت اور اُسے قائم و برقرار رکھنے کی قیمت سے واقف ہیں۔ انھیں معلوم ہے کہ زندگی کو حقیقی زندگی بنانے کیلئے لمبا اوقات زندگی کو قربان کرنا پڑتا ہے۔

میرا خیال ہی نہیں بلکہ عقیدہ ہے کہ اگر لوگ (میرا مطلب ہندوستانیوں سے ہی نہیں ہے کیونکہ موکشن کا مسئلہ سب سے زیادہ انھیں کو پریشان کرتا ہے) یہ محسوس کرلیں کہ موکش حقیقی زندگی کا ہی دوسرا نام ہے۔ زندگی اپنا مقصد آپ ہے۔ اور کہ زندگی عمل کا دوسرا نام ہے تو وہ زندگی سے نفرت کرنے یا اسے لاپرواہی و بے سروکاری سے لاحاصل باتوں میں گذارنے کے بجائے زندگی کی قدر و منزلت سمجھ سکتے ہیں۔ جو شخص زندگی کی قدر و منزلت سے واقف ہے وہی اسے مکمل مفید و کامیاب بنانے کی صحیح کوشش بھی کرسکتا ہے موکش کے طلبگاروں کو یہ سمجھنے کی ازبس ضرورت ہے کہ موکش مکمل زندگی ہی کا نام ہے اور مکمل زندگی زبانی دماغی عبادت سے نہیں بلکہ عمل سے نصیب ہوتی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مغربی خاتون نے ہندوستان کی سیاحت کے بعد ایک نمائندہ اخبار سے ہندوستانیوں کو ان الفاظ میں اپنا الوداعی پیغام دیا تھا!

"کام زیادہ کرو۔ عبادت کم بس یہی موکش کا راز ہے یہی زندگی اور یہی زندگی کا اعلیٰ ترین مقصد ہے۔ کاش کہ لوگ ان سادہ الفاظ کے معنی و مفہوم کو سمجھیں اور ان پر عمل کریں"

(خاص)

بام اوج

(جناب ٹھاکر جگن سنگھ سب ایڈیٹر روزانہ تیج دہلی)

انگلستان کا مشہور فسانہ نویس سر والٹر سکاٹ بلا کا ان تھک اور پرلے درجہ کا محنتی شخص گذرا ہے وہ اپنے بیٹے چارلس کو جو ایک مدرسہ میں پڑھتا تھا ایک خط میں ان الفاظ میں بیش قیمت نصیحت کرتا ہے

"بیٹا" ہم خواہ زندگی کے کسی طبقہ یا حالت میں ہوں محنت ہی ایک ایسی شرط ہے جو ایشور نے ہم سب کے لئے لازم کر رکھی ہے میں اس بات کو تمہارے ذہن نشین کرنے کے لئے جس قدر زیادہ کوشش کروں اتنا ہی کم ہے۔ یاد رکھو کہ زندگی میں کوئی قیمتی اور قابل قدر چیز ایسی نہیں جو محنت کئے بغیر حاصل ہوسکے۔ دل کی زرخیز زمین میں محنت کئے بغیر علم کا پودا لگانے کا خیال کرنا ایسا ہی نکما اور بیہودہ ہے جیسا کہ ہل چلائے بغیر اناج کے کھیت کو کاٹنے کی توقع رکھنا۔

عزیز۔ جو کام کرو دل کی ساری قوت ادھر لگا دے۔ وہ کام تیری موت اور زندگی کا سوال بن جائے۔ اگر تجھے جبر و مقابلہ نہیں آتے تو اپنے دل کی تہ میں گھس کر اس سے پوچھ وہ تجھے بہت واضح جواب دیگا اور مجھے بتلا دیگا کہ نہ تو ان کے سیکھنے کے لئے تیری زبردست خواہش ہے اور نہ ہی تو نے اس طرف مضبوط توجہ دی ہے۔ مجال کیا کہ انسان کسی بات کی خواہش کرے اور وہ پوری نہ ہو جائے۔

پس بیٹا تو تحصیل کمالات اور کسب فضائل میں اپنی تمام قوت ارادی لگا کر محنت کر اور اپنے قیمتی وقت سے فائدہ اٹھا۔ عالم جوانی کو غنیمت سمجھ اگر تو اپنی جوانی کو جو زندگی کی نوبہار ہے یوں ہی ضائع کردے گا تو عمر کا دلربا گلشن لق و دق جنگل سے زیادہ وحشتناک اور بدتر نظر آئے گا۔

انگلستان کے مشہور و معروف پہلوان مسٹر ہنڈو نے اپنی ایک کتاب میں تحریر کیا ہے کہ انسان محض ورزش کرنے سے طاقتور نہیں ہوتا بلکہ اس خیال سے ہوتا ہے کہ وہ ورزش کرتے وقت اپنے دل میں اس بات کا مضبوط یقین کرلے کہ وہ ورزش کرنے سے طاقتور ہو رہا ہے۔ اگر محض ورزش کرنے سے ہی آدمی طاقتور ہوسکتا تو ٹرکوں پر کام کرنے والے مزدور سب سے بڑھ کر طاقتور ہوتے۔

مذکورہ بالا مثالوں سے معلوم ہوا کہ خیال کی طاقت بہت زبردست ہے اور بام اوج تک پہونچنے کے لئے اس طاقت کا موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ اگر کسی شخص کو اپنے خیال اپنے دل اور اپنے ارادہ پر کامل یقین نہیں تو سمجھ لو کہ وہ زندگی کی دوڑ

میں پیچھے رہ جائے گا اور دنیا اس کو اپنے پاؤں کا فٹ بال بنا دے گی اگر ایک شخص نے اپنی قوت ارادی کو زبردست بنا لیا ہے تو اگر وہ تندرستی کا خواہاں ہوگا تو محض اپنے ارادے سے دنیا کی تندرستی کے ذرات کھنچ کھنچ کر جزو بدن بنا کر پہلوان ہو جائے گا۔ اگر وہ دولت کا خواہش مند ہے تو محض خیال کی دوڑ سے خزانہ کو کھینچتا ہوا اپنے پاؤں تلے لاکر ڈال لیگا۔ اگر وہ عزت و رسوخ کی جانب متوجہ ہوگا تو قانون خیال کے زیر اثر اپنے اندر ایسی حالت پیدا کرے گا کہ دنیا اس کی عزت کرے اور اس کے پاؤں پڑنے کے لئے مجبور ہو۔ نپولین بونا پارٹ کی تصویر کو جن لوگوں نے دیکھا ہے ان کو معلوم ہوگا کہ وہ بظاہر ہڈیوں کا ایک پنجر نظر آتا ہے لیکن اس نے اپنی قوت ارادی کے ذریعہ وہ کمالات کر دکھائے کہ اس کی ہمت و مردانگی کا لوہا تمام دنیا جان گئی۔ اصل طاقت خیالات کی مضبوطی میں ہے جس وقت خیال کی طاقت بڑھ گئی۔ پھر انسان شیر کے جبڑے پکڑ کر پھاڑ ڈالنے کی ہمت کر سکتا ہے یہی ایک چیز بام اوج کی پہلی منزل ہے

ایک مریض کو جلاب کی گولی دے دیجئے اور اس کو کہہ دیجئے کہ گولی قابض ہے اگر اس مریض نے اس کے قابض ہونے کو دل میں جگہ دیدی ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ اس کو دست نہیں آتے۔ لوگ کہتے ہیں کہ دنیا میں جو جیسا کرتا ہے ویسا ہی پاتا ہے لیکن سچ بات تو یہ ہے کہ جو جیسا چاہتا ہے ویسا پالیتا ہے کیونکہ چاہتا بھی ایک قسم کا فعل ہے۔

جو لوگ دنیا میں باعزت اور معزز ہیں کیا تم سمجھتے ہو کہ شروع سے ہی الشیور نے ان کو معزز پیدا کیا ہے۔ نہیں انھوں نے معزز بننے کی کوشش کی اور اپنے دل کی تمام قوتوں کو اس طرف لگا دیا اور وقت آیا جبکہ دنیا اس کے قدم چومنے کے لئے مجبور ہوگئی۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ تم جو چاہتے ہو وہی بن جاتے ہو۔ یہ لفظاً بلفظ صحیح ہے لیکن ہر شخص کو کامیابی نصیب کیوں نہیں ہوتی اس کا سبب یہ ہے کہ لوگ زبانی تو کسی چیز کے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اپنے فکر و دماغ کی تمام طاقتوں کو اس جانب رجوع نہیں کرتے اگر ہماری خواہش زبردست ہو تو جس طرح کنکا کا پودا زمین سے تمام سکت کھینچ کر اپنے اندر ملا لیتا ہے اسی طرح اگر ہم چاہیں تو الیسا کر سکتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ مسیح نے کہا کہ مانگو اور تم کو ملے گا کھٹکھٹاؤ اور تمہارے لئے دروازہ کھولا جائیگا۔ اگر ہم دنیا آکر کوئی چیز حاصل نہیں کر سکتے تو یہ ہمارا قصور ہے تم ایک ہاتھ پھیلاؤ الشیور تم کو ہزار ہاتھوں سے دینا چاہے گا۔ لیکن اس بات کا دل پر یقین کر لو کہ الشیور ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتا ہے۔

دل میں کسی بات کی خواہش کا پیدا کرنا اور اصل ترقی کا بیج بونا ہے جس وقت خیال پکے پکے مضبوط ہو جاتا ہے تو پھر اظہار کے لئے راہ نکالنے کی خواہش مند ہوتا ہے اور آخر اس کی تکمیل کر لیتا ہے یہ ایک اٹل قانون ہے کہ ہم محض مرکز بن کر اپنی زبردست کشش سے جس چیز کو چاہیں کھینچ لا سکتے ہیں الشیور عالم ہے اور نہ وہ بے انصاف ہے اس کی بخشش کا ہاتھ ہر وقت کھلا رہتا ہے اگر ہم کو اس کے عطیات میسر نہیں ہیں تو یہ اس کا نہیں بلکہ ہمارا اپنا قصور ہے جاہ و حشمت کی دیوی مسکراتی ہوئی تمام سامان لئے ہوئے کھڑی ہے لیکن تم اس کو اس حالت میں ہی حاصل کر سکتے ہو۔ جبکہ ہمارا اندر زبردست خواہش موجود ہو اور اپنے دل و دماغ کی تمام قوتیں اس پر صرف کر دو۔

اگر آج ہماری زندگی شاندار نہیں ہے تو مت گھبراؤ۔ ہمت سے کام لو۔ اور اپنی قوت ارادی کو مضبوط کر لو۔ اپنے مقصد کی تکمیل میں لگ جاؤ کل تم دنیا میں ستاروں کی طرح چمکتے ہوئے نظر آؤ گے۔ تم جو آج دکھی ہو کچھ پرواہ نہ کرو اپنے دل کی قوت جانو اور سمجھ بوجھ کر کام میں لاؤ۔ تمہارا دکھ درد کل ہی دور ہو جائیگا۔ اس مدوج پر پہنچنے کے لئے نہایت ضروری ہے کہ ہم اپنے مقصد کی تکمیل میں سرگرمی کے ساتھ مصروف ہو جائیں۔ اور اس اصول کو دل میں مضبوطی سے جگہ دیں کہ خدا انھیں کی مدد کرتا ہے جو اپنی آپ مدد کرتے ہیں۔

(خاص)

جام جہاں نما

سکوت شب

[مولینا سید آقر موہانی وارثی مینجنگ ایڈیٹر رسالہ جام جہاں نما لکھنؤ]

(۱)

ہم کیا بتائیں کیا ہیں بیچینیاں ہماری
جینے نہ دیگی ہمکو آہ و فغاں ہماری
سوئی ہوئی ہے دنیا کھویا ہوا ہے عالم
اب کون ہے جو دیکھے بیداریاں ہماری
پرساں نہیں ہے کوئی روئے زمیں پر اپنا
فریاد تو ہی سُن لے اے آسماں ہماری
تو دیکھتا ہے ہمکو ہم دیکھتے ہیں تجکو
للہ سُن لے ہم سے اب داستاں ہماری
تجکو دکھا رہی ہیں نیرنگیوں کا منظر
خوش خوابیاں کسی کی بیداریاں ہماری
بگڑا ہوا ہے نقشہ بدلا ہوا زمانہ
ہمکو ستا رہی ہے جائے امان ہماری
ظلمت نصیبیوں نے روئے سحر چھپایا
مجبور زندگی ہے عمر رواں ہماری
مونس نہیں ہے کوئی ہمدم نہیں ہے اپنا
ہاں اے سکوت شب تو غمخوار یاں ہماری
خاموش ہم بھی ہیں یاں ساکت ہے تو بھی اسدم
دونوں کا اک روش پر ٹھہرا ہوا ہے عالم

(۲)

جاگے نصیب اپنے دیکھی جو تیری صورت
تجکو بنائیں گے اب اپنا رفیق صحبت
حسرت نصیبیوں نے دل کی ہمیں بنایا
محرومِ صبح عشرت محکومِ شامِ فرقت
جوشِ جنوں نے بخشے کیا کیا خطاب ہمکو
گم کردۂ طریقت آوارۂ محبت
محوِ سکوت ہم بھی تیری طرح ہیں اے شب
کرتے ہیں دل سے لیکن تیری بیان عظمت
تاریکیوں میں تیری پنہاں ہے ساز ہستی
خاموشیوں میں تیری روپوش ہے قیامت
حُسنِ سواد تیرا آشوب چشم لیلےٰ
زلفِ سیاہ تیری مجنوں کے دل کی وحشت
وسعت سے تیری عاجز تفسیر روز محشر
رفعت سے پشت تیری ہے عرصۂ قیامت
پردہ میں تیرے پنہاں اسرار کس مپرسی
ظلمت سے تیری ظاہر آثار دشتِ غربت
قدرت بنا چکی جب عبرت کا تجکو منظر
فطرت نے خود لگائی مُہرِ سکوت لب پر

(۳)

ہاں اے "سکوت شب" سن عرض نیاز عالم
ہر اک گھڑی ہے تیری راز جہاں کی محرم
تو نے کرم سے اپنے منہ مجرموں کا ڈھانکا
اے رازدار دنیا اے پردہ پوش عالم
ظاہر کیا نہ تو نے قاتل کو کہہ کے قاتل
مقتول کا کیا گو ظلمت کدہ میں ماتم
تو نے زباں سے اپنی کچھ بھی کہا نہ لیکن
کرتا رہا زمانہ ہر چند جور پیہم
مانگی پناہ جس نے تو نے اوسے بچایا
اہل نشاط ہو یا کوئی ہو صاحب غم
ہے تیرے ہاتھ عزت دنیائے آرزو کی
ناکامیوں پہ دل کی ہے تیری چشم پرنم
جنکا نہیں ہے کوئی غمخوار بیکسی میں
مایوسیوں میں اونکی تو ہے انیس و ہمدم
القصہ ذکر تیرا حکمت کی داستاں ہے
تیری کہانیاں ہیں وجہ سکون عالم
پاتے ہیں اہل بینش درس فراغ تجھسے
افقر کا دل ہمیشہ ہے باغ باغ تجھسے

(خاص)

غزل

[جناب محمد اسحاق صاحب رہبر کن ادارۂ رسالۂ جام جہاں نما لکھنؤ]

کہاں تک آرزوے دید میں اہل نظر جاتے
تو کیا کرتا جو راہ شوق میں تیری نہ مرجاتے
اشاروں پر ترے عمر رواں کو ختم کر جاتے
ہمیں تجھ اپنی ہستی سے جو جیتے جی گذر جاتے

یہ جھگڑا ابھی کوئی جھگڑا ہے یہ ضد بھی کوئی ضد ہے
نہ جاتے شب بخیر اسوقت تم وقت سحر جاتے
مرے نالوں کی تاثیر اس کسی نے چھین لیں جیسے
کہ دل سے پر اثر آتے زباں سے بے اثر جاتے
کہا تھا کب یہ تجھنے ہم نہیں پابند وعدہ کے
نہ جاتے غیر کے گھر ہم مگر اس بات پر جاتے
اگر مایوس ہو کر چارہ گر اٹھے تھے اٹھے تھے
مری بالیں سے لیکن تم نہ یوں منہ پھیر کر جاتے
اشاروں پر ترے قائم صفیں تھیں اہل محشر کی
ادھر مجمع سمٹ آتا ترے ناوک جدھر جاتے
وہی آخر ہوا رہبر کہ بھولے راہ ناصح بھی
انھیں لازم تھا سوئے بتکدہ دل تھام کر جاتے

(خاص)

مناظر فطرت

[جناب مرزا جمیل بیگ صاحب منظر لکھنؤ رکن ارادت رسالۂ جام جہاں نما لکھنؤ]

پہلے اے قاتل مرے ذوق نیاز سر کو دیکھ
پھر جو دیکھا جاے تو آب دم خنجر کو دیکھ
میں نہیں کہتا مرے حال دل مضطر کو دیکھ
تو مگر اپنے ذرا بدلے ہوئے تیور کو دیکھ
کھینچنے والے خدا کے واسطے جلدی نہ کر
تیر سے پہلے ذرا میرے دل مضطر کو دیکھ

گر پڑے ساقی کے قدموں پر وفورِ شوق میں
ایسے بیخود ہو گئے ہم شیشہ و ساغر کو دیکھ
تم تو کہتے تھے نہیں ہم قابلِ دردِ دروں
کیوں بھر آیا دل تمہارا میری چشمِ تر کو دیکھ
خاکسارانِ جہاں کو دیکھ کر کہتا پڑا
ذرہ ذرہ میں شعاعِ خسروِ خاور کو دیکھ
وائے ناکامی کہ چھوٹے بھی قفس سے ہم تو کیا
ہو گئے مجبور اپنے بازوے بے پر کو دیکھ
وحشیوں کی اپنے دیکھیں آپ شوریدہ سری
دوڑتے ہیں دور ہی سے دشت میں پتھر کو دیکھ
کھینچ رہی ہیں اب طنابیں آفتابِ حشر کی
منکرِ روزِ قیامت عرصۂ محشر کو دیکھ
پھر اُٹھایا سر نہ سنگِ آستانِ یار سے
ہم سبکسر ہو گئے سجدہ میں اپنے سر کو دیکھ
رسمِ منزل اور ہے رسمِ سفر کچھ اور ہے
راہ کو کیا دیکھتا ہے بے خبر رہبر کو دیکھ
دیکھنے والے کہاں ہیں آخری دیدار کے
بند آنکھیں کر لے میرے نزع کے منظر کو دیکھ
جس کو دعویٰ ہو سخنگوئی کا منظر دیکھ لے
اس طرح کہتے غزل ہیں اہلِ دل دلبر کو دیکھ

(غالب)

ادبِ اُردو

[جناب محفوظ الحسن رکن ادارۂ جام جہاں نما لکھنؤ]

ایک مدت سے اہلِ زبان اور زباندان کا مسئلہ ادبی مضامین زیرِ بحث ہے مگر آج تک اوسکا کوئی قطعی فیصلہ نہ ہو سکا کہ پالا کس کے ہاتھ رہا۔ دہلی اور لکھنؤ کی مرکزیت مٹانے والے افراد آج بھی کافی تعداد میں اپنی ہٹ دھرمی پر تُلے ہیں کہ اب کسی مرکز کی ضرورت نہیں۔ ہندوستان کا ہر شخص اہلِ زبان اور ہر مقام قصر الادب ہے۔ اسکے لئے نہ دہلی کا سرٹیفکٹ درکار ہے نہ لکھنؤ کی سند کی ضرورت۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ یہ مدعیانِ ادب ہیں کتنے پانی میں۔ جب اُنکی اخلاقی۔ ادبی اور اصطلاحی اہلیت و قابلیت کا اندازہ کیا جاتا ہے تو ہمیں نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے۔ کہ ع

زبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم

وہ وہ الفاظ اور محاورے سُننے میں آتے ہیں کہ الامان۔ اُنکا اجتہاد۔ اختراع۔ اور ذوقِ ادب لکھنؤ اور دہلی سے ایک جداگانہ وضعی نوعیت رکھتا ہے۔ جسکو نہ اُردو زبان سے واسطہ نہ اُردو ادب سے تعلق۔ ایسی ناہموار اور ناموزوں حالت میں ہندوستان بھر کو اُردو کا مرکز سمجھ لینا یقینی زبان اور ادب پر اُلٹی چھری پھیرنا ہے۔

آج ہندوستان میں ڈاکٹر سر محمد اقبال کی شاعری اولیت کا مرتبہ رکھتی ہے اور وہ ہندوستان کے واحد شاعر مانے جاتے ہیں مگر جسقدر عبور اور اہمیت اُنکی تخئیل کو ہے کیا وہی مرتبہ اُنکی زبان اور محاوروں کو بھی حاصل ہے ہرگز نہیں اون کے کلام میں زبان اور محاورات کی جسقدر مربجی غلطیاں ہوتی ہیں شاید ہی کسی نومشق کے کلام میں ہوتی ہوں بشرطیکہ وہ دہلی یا لکھنؤ کا باشندہ ہو۔ اور یہ مسلمہ ہے جسکا اقبال خود مسٹر اقبال نے ایک سے زائد مرتبہ کیا ہے اونکو نہ اہلِ زبان ہونے کا دعویٰ ہے نہ زباندانی

پرغرہ۔ اور یہی وجہ ہے کہ اونکو لکھنؤ یا دہلی میں شاعر نہیں مانا گیا۔ پس ظاہر ہے کہ آج ڈاکٹر اقبال کے مقابل کون علم بردار شعر و سخن مدعی زبان ہو سکتا ہے اور اس صورت میں کہ وہ دونوں مرکزی مقامات سے دور افتادہ ہو۔

کیا قیامت ہے کہ یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ ہم نے اور ہمارے بزرگوں نے جو کچھ حاصل کیا وہ لکھنؤ اور دہلی کا صدقہ ہے وہیں کے اوستادوں کی جوتیاں سیدھی کرنے اور اونکی چلمیں بھرنے کا یہ ادنیٰ فیض ہے کہ ہم آج غوں غاں کر لیتے ہیں مگر کسقدر ناانصافی اور ہٹ دھرمی ہے کہ انھیں مرکزوں کو مٹایا جا رہا ہے اور وہاں کے رہنے والوں کو تختۂ مشق بنا کر بجائے خود علم اوستادی بلند کیا جاتا ہے حالانکہ صورت حال یہ ہے کہ ؎

نہیں داغ آسان یاروں سے کہدو
کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

پنجاب نے غیر معمولی ترقی کی دکن کا دوسرا نمبر ہے کہ اردو زبان میں کافی سے زیادہ انہماک وسعی کر رہا ہے۔ آگرہ۔ میرٹھ۔ وغیرہ بھی خوشہ چینی سے باز نہیں رہے۔ مگر ان تمام مقلد مقامات کی ایک حد ہونی چاہئے۔ دہلی اور لکھنؤ کی مرکزیت کے باوجود آج بھی وہاں ادب اردو کا ایک معیار ہے۔ زبان کے اصول ہیں۔ محاوروں کی حد ہے۔ اس صورت میں جو کچھ بھی طبع آزمائی ہوتی ہے وہ اصولاً غلط اور قابل ملامت نہیں ہو سکتی مگر دوسرے مقامات میں کوئی اصول موجود نہیں۔ اجتہاد ہے تو بے پناہ۔ طباعی ہے تو بے پایاں۔ نہ زبان کی قید ہے نہ قواعد کی پابندی۔ ایک جگہ اگر دکنا نا۔ کھانا پینا۔ وغیرہ مصادر محض آخر میں تا کی تخصیص سے جائز اور جاری کر دئے گئے۔ تو دوسری جگہ ہمت شرح بیان رکھدی" نہایت چمکدار جوہر تسلیم کر لیا گیا۔ گنگا پار والوں نے اگر اوسط درجہ کے علمی لوگوں نے کا جملہ تراش کر آردوے معلیٰ بنائی تو جمنا پاریوں نے :-

(۱) مشاعرہ پڑھوالو۔ (یعنی مشاعرہ کر دو)
(۲) کیا مصرعہ دیا ہے۔ (کیا خوب مصرعہ لگایا ہے)
(۳) کیا کہنے ہیں۔ (کیا کہنا ہے)
(۴) محبت کی فاتحہ۔ محبت کا فاتحہ۔
عشق کی مزار۔ عشق کا مزار۔
(۵) گنیاں کی یاد میں۔ (سہیلی یا سکھی کی یاد میں)
(۶) سورج کے اوجالوں میں۔ (سورج کی روشنی یا سورج کے اوجالے میں)۔
(۷) برق پاش۔ تبسم ریز۔ سنسنی خیز۔ شعریت بدوش۔ سجدہ ریز۔ وغیرہ وغیرہ طلسمی اجتہادات سے قصر الادب کی بنیاد ڈالدی۔

اب سوال یہ ہے کہ یہ کونسی اردو ہوئی جسکی نظیر نہ کبھی تھی نہ اب ہو سکتی ہے۔ فارسی تراکیب کا اجتہادی ٹھیکہ آپ نے کس سے اور کب لیا اور یہ حق آپ کو کہاں سے حاصل ہو گیا جو فارس کے اہل زبان اساتذہ کو بھی اونکی عمر میں نہ تھا فردوسی سے لیکر جامی۔ اور خسرو تک کی تمام کائنات دیکھ جائیے مگر کہیں نہ برق پاشی نظر آئیگی نہ تبسم ریزی۔ نہ شعریت بدوش لہریں دکھائی دینگی نہ سجدہ ریزی کی کیفیت۔

اب غور کیجئے کہ یہ اختراع اجتہاد اردو زبان کو کہاں

کہاں پہنچا رہا ہے۔ اور اس طرح اردو کی خدمات اور ادب کی اصلاحات بجائے مفید ثابت ہونے کے کس درجہ مسموم وضرر رساں ہیں۔

اس عام ہر بونگ کی صرف ایک وجہ ہے جو اوپر بیان کی جا چکی ہے یعنی کسی اصول معیار کا نہ قائم کیا جانا اور غیر محدود بے قواعد ہذیان کا نام زبان رکھ لینا۔ ایسے منہ زور اور بیباک آزاد رو اہل زبان کے لئے حقیقتاً نہایت سخت گیر خاردار لگام کی ضرورت ہے جسکا نفاذ جلد سے جلد ہونا چاہئے ورنہ یہ اپنی دریدہ دہنی سے اُردو زبان کو یقیناً بلوچی اور پشتو زبان کی مترادف بنا دیں گے۔ اور بعد کو جسکا دفعیہ نہ صرف محال بلکہ ناممکن ہوگا۔ ہمیں افسوس ہے کہ اسوقت ملک کے ذمہ دار حضرات جنکے قلم اور زبان کی جنبش سے اُردو ادب کی صحیح طور پر اصلاح ہو سکتی ہے اور آج کے دن زبان اور محاورے اوں کے خداداد خزانہ ہیں کچھ اس طرح خاموش اور بے نیاز ہیں کہ یہ خود رو طبقہ اور زیادہ جسارت پر آمادہ نظر آتا ہے کاش وہ کبھی کبھی تو اصلاحی کروٹ لے لیا کریں تاکہ ان مدعیان ادب نے جو کچھ پروپیگنڈے کے زور بل پر ایک سال میں شہرت کا ذبہ حاصل کرکے زبان کے ساتھ اجتہاد کیا ہے وہ یکدم کالعدم ہو جایا کرے اور اس طرح انکے بنائے ہوئے قصر الادب کی بنیادیں نقش برآب ہو جائیں جو حقیقتاً اس سے زائد ہیں بھی نہیں۔

ان دشمنان ادب سے کون کہے کہ آج کے دن جن مرکزی اساتذہ اور اہل زبان کی توجہات سے تم اس مرتبہ کو پہنچے کہ قصر الادب اور باب الادب کی عمارتیں تیار کر رہے ہو۔ اور جن کے تصدق اور طفیل میں مجتہد عصر بننے کے مدعی ہو کاش اون کے بنائے ہوئے قواعد اور اصول کی پوری پوری پابندی کرکے زبان اور ادب کی اصلاحی خدمات انجام دو۔ اور ایک انچ بھی اپنی کم مائیگی اور تنگ ظرفی سے آگے نہ بڑھو ورنہ نہ تمہارا کوئی مستقر رہیگا نہ تم خود دنیائے ادب میں نظر آؤ گے۔ ہماری دلی تمنا تھی اور ہے کہ اس اجتہاد لایعنی سے زبان اُردو کو محفوظ رکھا جائے اور اُردو کو اوسکے حدود انتضباطی اور اصول وضعی کے تحت وسعت وترقی دیجائے جسکا کافی میدان اہل نظر کے نزدیک خالی ہے زبان اُردو کی ترقی اور خدمات اس جدید تراش خراش اور خود ساختہ ہر بونگ کے نظر انداز کئے جانے پر بھی قواعد مقررہ کے اندر اُس سے کہیں زائد باقاعدہ اور اصول طور پر انجام دیجا سکتی ہیں جس قدر آج تبسم ریزیوں اور سورج کے اوجالوں سے غلط نگاری کا بازار گرم کیا جا رہا ہے۔ میں مجبوراً پھر یہی عرض کرونگا کہ اس عام بد مذاقی اور شورش کی حقیقی وجہ اہل ادب اور اہل زبان حضرات کی خاموشی اور غفلت ہے۔ اونہوں نے ان بازاری مذاق والوں کی پشتو:-

(۱) دھوبی پار کردے (۲) شعر کو ڈبو دیا۔ (۳) کیا شعر چھوڑا ہے (۴) زور بل (۵) مطلع کی منزل (۶) ریاح المجانین۔ وغیرہ وغیرہ سن سن کر اونکے مقابل آنا اور اونکو اپنا صحیح مخاطب بنانا اپنی انتہائی ذلت اور توہین سمجھی اور جب یہ دیکھ لیا کہ دور حاضرہ کے مشاعرے اور جرائد و رسائل ایسے ہی بد مذاقوں کے آماجگاہ ہیں تو اونہوں نے گوشۂ عافیت کو غنیمت سمجھا اور ایک حرف بھی لکھنے کی قسم کھائی گو اس صورت میں اونکی جان تو

بچ گئی اور وہ ان خوادث زمانہ سے بڑی حد تک اپنے پوزیشن کو بچالے گئے مگر غریب زبان اور ادب پر ان خاصبوں کا جارحانہ قبضہ ہو گیا اور میدان صاف دیکھکر یہ لوگ بجائے خود ملک الشعراء اور سلطان الادب بن بیٹھے۔ اب ان کے دور حکومت میں اُردو کا جو حشر ہونا چاہئے وہ ہو رہا ہے۔ زبان مسخ ہو رہی ہے۔ ادب نا اہلیوں سے بدل رہا ہے۔ شاہی و بیگماتی تکسالی محاورے بازاری غنڈوں کی اصلاحات سے تبدیل کئے جا رہے ہیں۔ "جتھنی آتا ہے گھوڑا بھاگی" پر اُردو ہے معلیٰ کا اطلاق ہے جس طرح شاعروں کی کمی نہیں اوسی طرح آج کے دن نہ ایڈیٹروں کی قوم کی حد ہے نہ ادیبوں کی پناہ۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ جس فن کی کثرت ہوگی وہ بالآخر پیشہ کی صورت اختیار کریگا۔ اور وہی فن ذریعہ معاش بنجائیگا۔ آج کسی رئیس والی ملک امیر کبیر کے ہاں کوئی جلسہ۔ کوئی تقریب ایسی نہیں جہاں ایڈیٹروں کی قوم "خدا سلامت رکھے" کہنے نہ جائے۔ کواس جماعت میں زیادہ تر پیشہ ور افراد ہوتے ہیں مگر طبقۂ اوارت کی پوری پوری ذمہ داری ان پر عائد ہوتی ہے بقول ؎

چو از قوم یکے بیدانشی کرد — نہ کہد را منزلت ماند نہ مہ را

بھانڈوں۔ طوائفوں اور ضنیاگروں کے طائفے شاید نہ بھی جائیں مگر شاعروں اور ایڈیٹروں کا مجرا لازمی ہوگا۔ ان حضرات کا مجرا بھی اون کے بنائے ہوئے ادبی محل کے مرتبہ کا ہوتا ہے ایک کو دوسرے پر رشک و حسد ہے کہ اوسکو ڈیڑھ سو کیوں ملا ہمکو تو صرف پچیس ہی ملے۔ کاش فلاں نہ آتا تو ہمکو زائد رقم ملتی۔ فلاں کا اخبار یا رسالہ تو دو سال سے بند ہے پھر اوسکو کیا حق ہے کہ وہ مجرا کرے۔ فلاں نالائق اور جاہل ہے ہم زبان کے واحد مالک اور بلا شرکت غیرے ادب کے دعویدار ہیں۔ ہمارے ڈیڑھ سو شاگرد ہیں ہم سے کون بازی لے جا سکتا ہے۔ ہمارے تین تین اخبار چل رہے ہیں جسکو جو جی چاہیگا لکھ مارینگے فلاں کیا کر سکتا ہے۔ رئیس صاحب کی مدح و ثنا میں کالم کے کالم سیاہ کر دئے ہیں آج خدا نے وہ دن دکھایا ہے کہ ساری محنت کا صلہ مل جائیگا اور منہ مانگی مراد پائیں گے۔ ہم تو خاص مشیر کار ہیں جب سب درباری ایڈیٹر رخصت ہو جائیں گے اوسکے بعد ہم اپنی معاملت کریں گے۔ اس مرتبہ کے بعد ولیعہد صاحب کے ختنہ میں آنا ہوگا لہذا اپنا نام خاص مصاحبین میں لکھا دینا چاہئے کہ داشتہ آید بکار کا مصداق ہو۔ غرضکہ اس قسم کی ادب سوز۔ اور حیا شکن زباندرازیوں کا نام ادبی خدمات ہے اور ان خادمان ادب کا نام ایڈیٹر۔ ادب۔ شاعر۔ مدیر اعزازی۔ اہل زبان اور زباندان ہے۔ جس ملک کی غیرت اور معاشرت کا یہ عالم ہو وہ ملک کہاں تک زبان۔ ادب۔ لٹریچر اور شرافت کا محافظ کہا جا سکتا ہے۔ نتیجہ معلوم۔ ادبی رسالوں کو دیکھئے ورق سیاہ نظر آئیں گے مگر کس بحث سے صرف اپنی خود ستائی زباندانی۔ ہمہ گیری اور اعلیٰ قابلیت کی ناکام کوششوں اور اجتہاد سے یا دوسروں کی مذمت۔ شماتت۔ اور غیبت سے۔ نہ کوئی نہ کوئی ادبی مکالمہ ہے نہ اصلاحی بحث۔ نہ اصولی تنقید اور نہ عالمانہ تبصرہ۔ اور ہو تو کیونکر جس کے لکھنے والے ایسے ایسے قابل پیشہ و مضامین نویس ہوں اون سے اس مزخرفات بے ادبانہ کے سوا امید ہی کیا ہو سکتی ہے۔ آخر اونکا ذریعہ معاش ہی کیا ہے وہ غریب کسی نہ کسی طرح اپنا پیٹ پالیں گے ضرور۔

رسالہ چاند اُردو زبان اور ادب کا مصلح بن کر نکلا ملک اور قوم نے کافی ہمت افزائی کی ڈیڑھ سو صفحات کا حجم ہر ماہ ہوتا ہے تصاویر اور کارٹوں مزید براں۔ مگر افسوس کہ اہل قلم حضرات نے معمولی توجہ بھی نہ فرمائی جن پر ایک ادبی رسالہ کی حیات و موت کا انحصار ہے جن اہل قلم حضرات نے چاند کی قلمی امداد کی وہ اوں کے ادبی ذوق اور صحیح مذاق ادب کی دلیل ہے، پھر بھی ضرورت ہے اور بڑی ضرورت کہ رسالہ چاند کو اُردو زبان کا ایسا جامع اور مستند پرچہ بنایا جائے جیسا کہ وہ اپنی مالی قربانیوں۔ دلی انہماک۔ اور حوصلہ افزا مقاصد کے باعث اور کا مستحق ہے۔ اور زبان اُردو کی خدمت و اصلاح ادب کا نہ صرف زبانی بلکہ عملاً علمبردار رہے۔ کاش ملک کے مشاہیر ادب اور ذمہ دار ارباب سخن زبان کی اصلاح اور درستی کا ایک خاص نظام قائم کرتے ہوئے "چاند" کو آسمان صحافت و ادارت کا نیر تاباں بنانے میں متحدہ طور پر عمل پیرا ہوں۔ ہم اس مختصر میعاد اشاعت میں چاند کو اور کی قلیل سے قلیل کامیابی پر بھی دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اوسکے لائق و محترم ایڈیٹر و دیگر ذمہ دار اراکین اشاعت کے ادبی مقاصد کا احترام کرتے ہوئے متوقع ہیں کہ وہ اپنے استقلال اور انہماک سے بہت جلد رسالہ چاند کو تمام ہندوستان کا ادبی آرگن بنانے میں کامیابی حاصل کریں گے۔ اور یہ کوئی بڑی بات بھی نہیں ہے بمصداق ؎

دل بیتاب کا سنبھلنا کیا
دیکھ لو پیار کی نگاہوں سے

(خاص)

غزل

[جناب سید احمد حسین صاحب متخلص رکن ادارت جام جہاں نما لکھنؤ]

کیونکر ترے خیال سے مرکر جدا ہوں میں
اکثر گنہگار محبت رہا ہوں میں
میں نے یہ کب کہا کہ ترا آشنا ہوں میں
دنیا یہ کہہ رہی ہے کہ تجھ پر فدا ہوں میں
میں کہہ رہا ہوں اوں سے محبت کی داستاں
وہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ بے مدعا ہوں میں
پہلے تم اس کو اپنی اداؤں سے پوچھ لو
پھر میں بتاؤنگا تمہیں کیونکر مٹاؤں میں
جو چاہے وہ کہیں مجھے۔ اونکی ہے اور بات
دنیا یہ کیوں کہے کہ بُرا یا بھلا ہوں میں
پامال یوں کیا ہے زمانہ کی چال نے
رخ پر ہوائے دہر کے اب اُڑ رہا ہوں میں
دیوانہ کہہ رہی ہے مجھے گو زبان خلق
تم بھی تو اپنے منہ سے کہو کچھ کہ کیا ہوں میں
جو کچھ ہو چکا ہوں دل کو نہیں اوسکی کچھ خبر
جو کچھ ہے گا عشق میں وہ جانتا ہوں میں
پوچھو نہ مجھ سے راہِ طلب کی نمائشیں
ہر ہر قدم پہ نقش تمنا ہوں میں
ہشیار بنگیا کبھی دیوانہ بنگیا
محضر نہ پوچھو عشق میں کیا کیا بنا ہوں میں

(خاص)

چاند (اردو)

انگلینڈ اور امریکہ میں عورتوں کے قانونی حقوق

(کنھیالال ایڈیٹر "چاند" (اردو) الہ آباد)

آج سے کئی صدیوں پیشتر کا ذکر ہے کہ مغربی و مشرقی دونوں ممالک میں مرد عورتوں کو اپنی جائیداد منقولہ سمجھتے رہے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ سقراط ـــــ یونانی فلسفی نے اپنی منکوحہ بیوی کو عارضیاً چند روز کے لئے دوستوں کو دیدیا تھا۔ یونان کی مشہور سلطنتیں ایتھنس و اسپارٹا میں عورتوں کو ریاست کے اندر کوئی حقوق نہیں تھے۔ بلکہ اسپارٹا میں شروع شروع میں عورت بچہ پیدا کرنے کی بہترین مشین سمجھی جاتی تھی۔ ایسی حرکات سے صاف ظاہر ہے کہ مرد کے نزدیک عورتوں کی کوئی شخصی زندگی نہیں ہوسکتی تھی اور اُن کے نقطہ نظر سے عورت گرہستی کے آرام و آسائش کے ضروری سامان میں سے ایک چیز تھی۔ یہ قصہ تو حضرت عیسیٰ کی پیدائش کے قبل کا ہے۔ لیکن بعد میں جب کہ عیسوی مذہب کا اشتہار مغربی ممالک میں ہونے لگا مذہب کا نیا چاند ادبی دنیا کے افق سے اوپر اٹھا تو عوام الناس کے خیالات کے دروازے میں خاص تبدیلیاں واقع ہوئیں اور رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ عورتوں کی ہستی و حقوق میں بھی بہت کچھ تبدیلیاں نمودار ہوئیں۔ لیکن اس وقت بھی عورتوں کی حالت کسی قدر قابل رحم تھی۔ رہنمائے مذہب نے ان کے ساتھ کسی بھی ہمدردی کا اظہار نہ کیا۔ کسی نے ان کو جہنم کا راستہ قرار دیا تو کسی نے اُن کو عقل و تمیز سے بے بہرہ تصور کیا۔ بعضوں نے اس پر بھی قناعت نہ کی۔ ان کا قول یہ تھا کہ عورتوں کو خدا نے کوئی روح نہیں عطا کی۔

اس قسم کی حالت زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی۔ آخر کار حقیقت نے پردۂ باطل چاک کیا اور عورتوں نے بھی مدتوں کی برداشت غلامی کے بعد گھر گھر بیتی کے بندھنوں کو توڑنے لگیں۔ اول اول تو مردوں نے ان کی سخت مخالفت کی جس گھر میں کہ مرد صدیوں سے حکومت کرتے تھے وہ کس طرح سے آسانی سے عورتوں کو شریک حکومت بنانے کے لئے تیار ہوتے۔ اس آزادی کے لئے عورتوں کی پہلی کوشش امریکہ میں ہوئی۔ ۱۸۴۸ء میں انھوں نے ملک کے اندر مردوں کو شرعاً حقوق دینے کے لئے مجبور کیا۔ لیکن بہت عرصہ تک کامیابی نہ ہوسکی شاید اس کی خاص وجہ ممالک متحدہ کانسٹی ٹیوشن تھا۔ انگلینڈ کے اندر ملکہ وکٹوریہ کے دوران سلطنت میں عورتوں کو ملکی انتظامات کے اندر الیکشن اور بل کے ذریعہ سے بہت سے حقوق عطا کئے گئے۔

سنہ ۱۹۱۰ء تا ۱۹۲۰ء تک عورتوں کی سیاسی زندگی میں ایک خاص انقلاب واقع ہوا جس سے کہ یورپ کے ممالک کی سیاسی فضا ایک خاص طرح سے بالکل کایا پلٹ ہوگئی۔ اس کی خاص وجہ یورپ کی جنگ عظیم تھی۔ دوران جنگ میں ڈانس کی مشرقی سرحد پر مردوں کی مانگ روز بروز بڑھنے کی وجہ سے گھر کا انتظام عورتوں کے ہاتھ میں سپرد کیا گیا۔ اور اس درمیان میں عورتوں نے

ذمہ داری کے کاموں کو اس خوش اسلوبی سے انجام دیا کہ مردوں کو میدان جنگ سے واپس آکر ان کی ذہانت اور لیاقت کا لوہا ماننا پڑا۔ صلح ہونے کے ساتھ ہی انقلاب کی جو آگ اب تک سلگ رہی تھی اس کے شعلے بھڑک اٹھے لہذا ۱۹۱۸ء کے آغاز میں پارلیمنٹ کی کارروائی کی سرد مہری میں حرارت کے خون کا دور دورہ ہوا ایک خاص نمائندگی کے ذریعہ سے تیس برس کی عمر کی عورتوں کو پارلیمنٹ کے اندر ووٹ دینے کا اختیار دے دیا گیا۔ اس ووٹ دینے کے حامانہ میں کنواری شادی شدہ و بیوہ عورتوں کی تمیز نہیں رکھی گئی تھی۔

ایک بار جب اس طرح ملک کے اندر ترقی کا دروازہ کھول دیا گیا تو عورتوں کی آزادی روکنا مردوں کا قابو سے باہر ہو گیا۔ لہذا ۱۹۱۹ء کے آخری مہینہ میں عورتوں کو برطانیہ سلطنت کے اندر اونچے اور ذمہ داری کے عہدوں پر مامور ہونے کا حق حاصل ہو گیا ۱۹۳۰ء کے بعد ملک برطانیہ کے اندر عام طور پر لوگوں کی یہ رائے ہے کہ مرد اور عورت حکومت کے ترازو پر ہم پلہ ہیں اور اس زمانہ سے اب تک سول قانون کے اندر مرد اور عورت میں کوئی تمیز نہیں کی جاتی۔ جائداد کا جہاں تک سوال ہے پرانے قوانین کے لحاظ سے بھی بیوہ اور غیر شادی شدہ عورتوں کو مردوں کی طرح یکساں حقوق حاصل تھے اس کو اپنی جائداد کا خرید و فروخت کرنے کا پورا اختیار تھا وہ مردوں کی طرح اپنا ذاتی وصیت نامہ تیار کرا سکتی تھی لیکن شادی شدہ عورتوں کی حالت اپنی خاوند کی زندگی میں ۱۹۱۲ء کے پیشتر بالکل دوسری تھی۔ ایک مشہور دنامی انگریز بیرسٹر کا یہ قول ہے کہ عورت کو اپنی شوہر کی زندگی میں کسی سے اقرار نامہ لکھنے کا قطعی اختیار نہ تھا حقیقت تو یہ تھی کہ شوہر کی حیات میں قانون کے روبرو اس کا کوئی وجود ہی نہ سمجھا جاتا تھا۔ علاوہ ضابطہ قانون اس معاملہ میں اس قدر محدود تھا کہ عورت بازار سے قرض پر اپنی ضروریات کی چیزیں بھی نہیں خرید سکتی تھی لیکن جنگ کے اختتام کے بعد اس ناقابلیت و بے اعتباری کا خاتمہ کر دیا گیا۔

اب ہر عورت کو اپنی خاوند کی مدت حیات کے اندر اپنی جائداد پیدا کرنے کا حق ہے اور اب تو قانون اس قدر کشادہ اور وسیع ہو گیا ہے کہ اگر مرد اور عورت دونوں ایک جگہ پر ایک ہی مکان میں نہ رہتے ہوں تو ان میں سے ایک دوسرے پر چوری کا الزام لگا سکتا ہے۔

اب برطانیہ کی عورتیں نیز منکوحہ و غیر منکوحہ و بیوہ اپنا ذاتی وصیت نامہ تیار کر سکتی ہے بابت حسب خواہش اپنی جائیداد کو فروخت کر سکتی ہیں غرضیکہ ان کو اپنی جائداد پر کلی اختیار دے دیا گیا ہے۔ انگلینڈ کے اندر خاوند یا اولاد کسی کو بھی عورت کی جائداد پر کوئی حق شرعاً نہیں رہنے دیا گیا لیکن اگر عورت بغیر کسی وصیت نامہ کے انتقال کر گئی ہے تب ایسی حالت میں شوہر اور اس کی اولاد کو ترکہ کی جائداد پر حق حاصل ہوتا ہے۔ اسکاٹ لینڈ کے اندر اولاد والدین کے وفات کے بعد قانون کے رو سے ایسی جائداد کے مستحق قرار دئے گئے ہیں۔ انگلینڈ میں منکوحہ عورت کو اپنا وصیت نامہ لکھوانے کے لئے اپنے شوہر کی اجازت ضروری نہیں ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بیوی کو کامل اختیار دیا گیا ہے کہ اگر وہ اپنے شوہر کو اپنی جائداد ترکہ میں چھوڑنا نہیں چاہتی تو شرعاً مرد اس کو مجبور بھی نہیں کر سکتا ہے۔ امیر طبقہ کی منکوحہ عورتوں کے درمیان اس بات میں ذرا سا فرق ہے اور وہ شادی کی شرائط پر مبنی ہوتا ہے۔ شرائط زیادہ تر ایک ہی طرح کے ہوتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ جائداد کا سرمایہ امانت داروں کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور آمدنی قسط کے طور پر برابر ملتی رہتی ہے لیکن بیوی کو بیوی کی وفات کے بعد شوہر کو تاحیات یہ آمدنی ملتی رہتی ہے اور اگر اولادیں بھی ہوئیں تو یہ آمدنی برابر برابر حصوں

میں تقسیم کردی جاتی ہے اور اگر کوئی بھی اولاد نہ ہوئی یا آمدنی کا کوئی بھی حق دار زندہ نہیں رہا تب جائداد بیوی کے رشتہ داروں کے ہاتھ میں چلی جاتی ہے اور اگر بیوی نے اپنی وفات سے قبل اپنا وصیت نامہ لکھ دیا تھا تو اس کی ہدایتوں کے مطابق عدالت کو کام کرنا پڑتا ہے

۱۹۲۱ء میں باوجودیکہ عورتیں کے حقوق پہچاننے میں اس قسم کی بہت کوشش کی گئی تھی لیکن یہی ایک کہ باقی رہ گئی تھی اگر کسی وقت مرد اور عورت میں اختلاف رائے ہو جائے تو اولاد کی نگہداشت ماں سے اگر چھین کر باپ کے حوالہ کی جاتی تھی۔ اور دوسرے یہ کہ ترکہ کی جائداد میں شوہر اور بھائیوں کے مقابلہ اس کے حقوق کم سمجھے جاتے تھے۔ اگر عورت بغیر وصیت نامہ کے انتقال کر جاتی تھی تو اس کی کل جائداد زمین کے علاوہ شوہر کے قبضہ میں آجاتی تھی۔ لیکن اگر شوہر بغیر کسی وصیت نامہ کے انتقال کر جائے تو بیوی کو اولاد کی موجودگی میں صرف اس کی جائداد کا ایک تہائی حصہ ملتا تھا ۱۹۲۱ء میں پارلیمنٹ کے اندر نہایت غور سے تکمیل کیا ہوا ایک بل عورت کو اپنے بھائیوں کے برابر آئین حصہ دلانے کے لئے پیش کیا گیا اور اس وقت سے عورتوں کے حقوق ملکی قوانین کے ہر شاخ میں کچھ مردوں کے برابر ہوگئے ہیں

باوجودیکہ امریکہ کے اندر عورتوں نے انیسوی صدی کے شروع میں اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے ملک کے اندر اس قسم کی تحریک شروع کی تھی تاہم اول اول کوئی کامیابی نصیب نہ ہوسکی۔ خانہ داری میں اور گرہستی کے دائرہ کے اندر پرانے رسم و رواج و مذہبی اصولوں کی وجہ سے مردوں کے مقابلہ اُن کا درجہ نیچا تھا چونکہ ایک زمانہ قدیم سے یہ رواج — غلط ہو یا صحیح چلا آتا ہے کہ عورتیں خانہ داری کے معاملات میں مردوں کی دست نگر رہتی ہیں۔ لڑکپن میں والدین کے زیر نگہ اشت شادی ہوجانے پر خاوند کی زیر عاطفت دبیوہ ہونے پر اولادوں کی زیر حکومت میں اُن کی نشوونما ہوتی چلی آتی ہے لہذا ان خیالات کے مستحکم بنیاد کو یکایک بلا دینا و سوسائٹی کے دفتر کو درہم و برہم کر دینا غیر ممکن نہیں تو بیشک ناممکن تھا۔ اس ناکامیابی کی دوسری تصویر اس سے بھی صاف ظاہر تھی کہ جسمانی طاقت میں وہ مردوں کا مقابلہ زنہا نہیں کرسکتی تھیں۔ قانون نے اس زمانہ میں اتنی اشاعت نہیں پائی تھی کہ سوسائٹی کے ہر پہلو پر حاوی ہوسکتا۔ پرانی مثل مشہور ہے کہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس، ملک کے اندر روزانہ کی ضروری میں اُن کی تنخواہیں کم رکھی گئی تھیں۔ ان کے کام کرنے کے گھنٹے کم تھے۔

والدین اور اولاد

معمولی قانون کے رو سے باپ کی زندگی میں کمسن بچے کے اوپر ماں کا اختیار نہیں ہوتا تھا۔ اب بھی کتابوں کے اندر اسی قسم کا قانون مندرج ہے۔ لیکن مروجہ قانون بالکل اس سے مختلف ہے! اب ماں اور باپ دونوں کو بچہ کو تعلیم دینے کا اپنی اپنی رائے کے مطابق حق حاصل ہے ۱۹۱۹ء میں اس قسم کے معاملہ پر عدالت کا فیصلہ یوں ہوا تھا۔ ماں اور باپ کے مختلف الرائے ہونے پر باپ کو شرعاً اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے نابالغ کمسن لڑکے کو اپنے مذہب کی تعلیم دے سکتا ہے۔

چاند (ہندی)

سودیشی

(جناب رام رکھ سنگھ سہگل چیف ایڈیٹر "چاند" ہندی الٰہ آباد)

ہندوستان کی موجودہ آزادی کی جنگ صرف دو ہتھیار سے لڑی جارہی ہے سودیشی کا پرچار اور غیر ملکی چیزوں کا مقاطعہ۔ آج کل کوئی بھی نئی چیز خرید کر گھر لائے۔ بی بی، نوکر، دوست، یار سبھی یہی سوال کرتے ہیں سودیشی ہے کہ بدیشی؟ — غرض یہ کہ سودیشی ہندوستان کی آزادی کا ایک بہت بڑا ہتھیار ہے لیکن مثل مشہور ہے گھر کی مرغی دال برابر اپنے یہاں کی چیزوں میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور نظر آتا ہے۔ یہ عیب جوئی کس حد تک ملک کی صنعت و حرفت کی ترقی کے لئے کارآمد و مفید ہے —— حکما کی رائے ہے کہ دشمن سے دوستی کرنے میں اپنی اصلاح کا اچھا موقع ملتا ہے۔

اکثر سننے میں آیا ہے کہ مغربی ممالک میں ہندوستان کی اول اول شہرت، یہاں کی ہنرمند دستکاری کی وجہ سے ہوئی تھی یہاں کے ڈھاکہ کی ململ جب ولایت پہونچتی تھی۔ دیکھنے والے کہتے تھے "یا خدا! ایک تھان کپڑا بوتل کے اندر —" بادشاہ، درباری اور روساء و امراء یہاں کے کپڑوں کا لباس پہننا اپنے لئے باعث عزت و شان سمجھتے تھے۔ ہندوستان کا فلسفہ اور مذہب ہندوستان کی صنعت و حرفت کے بعد مشہور ہوا ہے۔ یہ ہندوستان کے مادی اسباب تھے جنھوں نے تمام یورپ کو اپنا گرویدہ بنا رکھا تھا۔ لیکن اب اس کی ہستی کا نام و نشان ہی مٹ گیا۔ پھول مرجھا گیا لیکن اب بھی خوشبو باقی ہے جب سے ملک کی صنعت و حرفت کو زوال ہونے لگا۔ تب سے مفلسی و تنگدستی ہندوستانیوں کے گلے کا طوق بن گئی ہے۔

۱۸۰۶ء میں جب کہ نپولین اعظم نے جرمن کو شکست دے کر اس کی شان کو کری کر دی۔ ملک کے رہنماؤں نے یہ سوچا کہ قوم کی کھوئی ہوئی عزت اب تعلیم کے ذریعہ سے حاصل ہو سکتی ہے۔ علم ایک ایسی بیش بہا شے ہے کہ جس کی بدولت جاہل ترین قوم بھی اپنی بزرگی کا سکہ دنیا والوں کے دل پر نقش کر سکتی ہے۔ علم ہر ملک کیلئے روح رواں ہے۔ بغیر اس کے ملک کو اندر فارغ البالی امن و امان مشکل ہی نہیں بلکہ غیر ممکن ہے۔ لیکن صرف اکیڈمک انجمنوں کی پرورش و ترقی سے ملک کی تنگدستی و فاقہ کشی نہیں مٹائی جا سکتی۔ اس کے لئے صنعت و حرفت کی تعلیم کی ضرورت ہے۔ تہذیب کے سرفرازی کے ساتھ ساتھ صنعت و حرفت کی ترقی ضروری ہے۔ کیونکہ تہذیب کے اسپ تیز گام پر سوار ہونے کے لئے مضبوط لگام و کاٹھی کی ضرورت ہوتی ہے اس خیال کو مدنظر رکھکر جرمن نے ایسی انجمنوں کی بنیاد ڈالنے کی کوشش کی جس سے کہ ملک کی تجارت میں اضافہ ہو، اور اپنے یہاں کی بنی ہوئی چیزیں دنیا کے بازار میں اپنی جگہ کر لیں کتابوں کے کیڑے بننے سے زیادہ فائدہ نظر نہ آیا، لہذا اس نے مادی چیزوں کی ایجاد کرنا شروع کیں — یہ بات قابل یاد رکھنے

کے ہے کہ تعلیم و سودیشی کا استعمال دونوں ترقی کے میدان میں بالکل متوازی ہیں ـــــ "سودیشی صرف آزادی کا ایک خاص ہتھیار ہی نہیں یا حب الوطنی کا ظاہرہ جوش و خروش ہی نہیں بلکہ قوم کی جسم کا ایک خاص عضو ہے۔

گو کہ سودیشی تحریک انگریزوں کو ہوش و ہواس میں لانے کیلئے ایک حکمی نسخہ ہے۔ لیکن سودیشی کا کام صرف ودیشی چیزوں سے پرہیز ہی نہیں ہے۔ بلکہ اپنے ملک کی صنعت و حرفت کی محافظت کا ایک بہت پائیدار چیز ہے۔ عوام الناس کو یہ ذہن نشین کرانا آسان نہیں ہے کہ مہنگی یا سستی، اپنے ملک کی چیز اپنی ہے۔ چند روزہ پرہیز کرنے سے آزادی کا خدا نہیں مل سکتا۔ ممکن ہے کہ اس کی جھلک دکھلائی دے، لیکن اگر قوم مستقل طور پر اس راہ پر ثابت قدم نہ رہ سکی۔ تو بلاشبہ وہ پھر آنکھوں سے اوجھل ہو جائے گا۔ اور تھوڑے ہی عرصہ بعد پھر ملک غلامی کی تاریکی میں ہاتھ پیر مارنے لگے گا۔

انگلینڈ کی طرف نگاہ دوڑائیے وہ ہندوستان سے صرف اُن چیزوں کو خریدتا ہے۔ جس کی پیداوار وہاں تو ناممکن ہے یا بآسانی نہیں کیجا سکتی ہے۔ لیکن ہندوستان کی حالت اس کے بالکل متضاد ہے۔ وہ باہر سے ایسی چیزوں کو خریدتا ہے۔ جس کو کہ وہ خود زیادہ آسانی سے ارزاں طریقہ پر اپنے ہی گھر میں تیار کر سکتا ہے۔ اس کا دوسرا اثر یہ ہوتا ہے کہ ملک کے اندر بیکاری کا مسئلہ روز بروز اہم ہو جاتا رہا ہے۔

دوسری بات اس کے اندر قابل ذکر یہ ہے کہ ہندوستان کے اندر مزدوری کم ہے۔ لہٰذا جو مال کہ انگلینڈ یہاں سے خرید کر لیجاتا ہے وہ نسبتاً کم قیمت پر مل جاتا ہے۔ لیکن اُسی مال کو جب کہ ہندوستان انگلینڈ سے خریدتا ہے تو آٹھ گنا دس گنا دام صرف وہاں مزدوری زیادہ ہونے کی وجہ سے دینا پڑتا ہے۔

چند سال پیشتر پریسیڈنٹ ولسن نے اپنی ایک تقریر میں یہ کہا تھا کہ دنیا کی جنگ کی سب سے بڑی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ تجار غیر ممالک تجارت کے منافع پر آپس میں دشمنی رکھتے ہیں۔ لہٰذا صلح قائم رکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ حتی المکان ہر قوم اپنی ضروریات کو خود اپنے ہی گھر میں تیار کیا کرے گو کہ مختلف قوموں کے درمیان تجارت بہت ضروری ہے۔ لیکن چیزوں کو فضول اِدھر اُدھر لیجانا جس کو وہ خود اپنے گھر میں بنا سکتے ہیں۔ محض حماقت ہے۔

اس ملک کی قدیمی صنعت و حرفت کا ذکر میرے لئے فضول ہے۔ ہر تعلیم یافتہ پر یہ بات روشن ہے کہ زمانہ گذشتہ میں جب دور دور سے لوگ اس سرزمین پر آتے۔ ہندوستان کی صنعت و دستکاری کا ستارہ ترقی پر چمک رہا تھا۔ اس کی تجارت عالم گیر تھی۔ اس کی کاریگری شہرۂ آفاق اور اس میں شبہ نہیں، کہ ہندوستان پھر اُسی پایہ ترقی کو پہونچ سکتا ہے۔ کاش کہ قوم کے دل میں سودیشی جگہ کرتے۔ اس کے لئے اول بات ضروری تو یہ ہے کہ ملک کے اندر سودیشی چیزوں کے قدرداں پیدا ہوں محض قدرداں ہی نہیں بلکہ ایسے لوگ ہوں ـــــ وہ بھی چند نہیں، بلکہ تمام قوم جو کہ سودیشی چیزوں کا استعمال اپنے لئے باعث عزت و فخر سمجھیں۔ غرض یہ کہ تمام ملک اپنی چیزوں کا خریدار بن جائے۔ جب چیزوں کی مانگ میں ترقی ہوگی۔ اکنامکس کا اصول ہے۔ کہ اُس مانگ کو پورا کرنے کے لئے ضروریات کی چیزیں بازار میں فراہم کیجائیں گی ہمارے یہاں کے ہر مرد و ہر عورت کو یہ بات ذہن نشین ہونا چاہیئے کہ اپنی دولت اگر اپنے ہی ملک کے بازار میں چکر لگائے تو بہتر ہے بہ نسبت اس کے غیر ممالک کے تجار اُس دولت کو لوٹ کر باہر لیجائیں اور وہ پھر لوٹ کر کبھی اس ملک کا درشن نہ کر سکے۔

اس سودیشی تجارت کو حقیقت میں کامیابی بخشنے کے لئے

ہندوستانیوں کو ہندوستان کی طرح رہنا پڑے گا۔ ملک کے اندر اس وقت بھی بہت سے ہنرمند جولاہے، نقاش اور بہت سے ایسی دستکاری و صنعت کے ماہر ہیں جن کے ہاتھ کی صفائی و ہنرو کاریگری سے دنیا والوں کو حیرت ہوتی تھی مگر آج فاقہ کر رہے ہیں ان کو وقت سے کبھی ایک دن کا کھانا نصیب نہیں ہوتا ہے اُن میں وہی ہنر اب بھی ہے لیکن اب ملک قدردان نہیں رہا۔ اب بھی ہندوستان دو سو برس کے گذرے ہوئے انسانے کو حقیقت کر کے دکھلا سکتا ہے۔ کاش کہ یہاں کے رہنمایان قوم امرا و صاحب دولت غفلت طلسم سے باہر آ جائیں۔ (اخلاص)

تعلیم ایڈیٹری

(جناب منشی جی پی سریواستوا ایڈیٹر چاند (ہندی) کا ایک مضمون)

خدا غارت کرے اسکولوں اور کالجوں کے سند اور ڈگریوں کو جن کے بغیر ہم ایسے شریفوں کا کسی بھی ملک میں گذر نہیں ہے وہ تو بڑی خیریت ہوگئی۔ کہ لاٹری میں بندے کے ہاتھ ایک پریس لگ گیا جس سے کہ گذر بسر کی بہت کچھ امید ہوگئی۔ مگر کیا بتلاؤں پریس کی تقدیر میں مجھ سے بھی زیادہ آرام طلبی لکھی ہوئی تھی۔ ہفتوں گذر جاتے پہیہ چلنے کی نوبت ہی نہ آتی تھی۔ اندیشہ ہوا کہ ٹائپوں میں بیکار پڑے رہنے سے زنگ نہ لگ جائے، انھیں کہاں تک صاف کرتا رہوں گا۔ اس لئے اس مصیبت سے جب بچنے کی کوئی تدبیر نہ سوجھی تو بندے نے فوراً ایک اخبار نکالدیا لیکن ہاتھی کے دکھلانے کے دانت اور ہوتے ہیں اور کھانے والے جدا۔ اس لئے میں نے پہلے ہی سے یہ کہنا شروع کر دیا کہ یہ اخبار اپنے ذاتی فائدہ کے لئے نہیں بلکہ ملک قوم کی سچی خدمت کے لئے شائع کیا گیا ہے۔ اس وقت اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ

تعریف ہے خریداروں کے عقل کی انھوں نے اس کی سچائی حرف بحرف مان لی۔ کسی نے بھی ضرورت کا حال نہ پوچھا۔

یہ بات پوچھنے کی تھی بھی نہیں کیونکہ یہ بھی معلوم تھا کہ یہاں سے قریب آدھے درجن جو رسالے نکلتے ہیں۔ وہ بیچارے دوکانداروں کو سودا لپیٹنے کو کافی کاغذ نہیں پہونچا پاتے۔ اس کے علاوہ وہ خود اپنی ترقی کی جڑ کو روز بروز ایسی مضبوط کرتے جاتے ہیں۔ کہ اگر ان کی خوراک پر فوراً چھاپا مار کر انھیں ابھی سے ادھ مرا نہ کر دیا جائے گا۔ تو بعد کو انھیں مارنا تو دور رہا ان کی موٹائی تک ایک انچ بھی دور کی جا سکے گی اس وقت ادبیات کا کتنا نقصان ہوگا۔ وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں۔ جو ہم ایسے سچے خیر خواہ ہیں۔ کیونکہ اس حالت میں ایک "زبردست ضرب المثل ہر کمائے را زوالے" بالکل غلط، ہو جائے گی۔ اس لئے ان لوگوں نے یہ ضرور خیال کیا ہوگا کہ اس سے یعنی (اخبار نکالنے) یہ نیا اخبار نکال کر دیگر ترقی یافتہ پرچوں کے پیر اکھاڑنے کی اچھی تدبیر نکالی ہے۔ اس طرح ادبیات کی آبرو بھی رہ گئی اور مثل بھی صحیح ثابت ہوگئی ہی لئے تو ہماری قدر ہوئی اور ہمارا اخبار چل نکلا۔ ہمارا ہی کیا۔ اگر اس وقت ہماری طرح لیتھو پریس کے دس پانچ خیر خواہ اور پیدا ہو جاتے اور سبھی اپنا اپنا اخبار نکال دیتے تو سبھوں کی ایسی ہی آؤ بھگت ہوتی۔ کیونکہ تب یہ نقصان اور کبھی آسانی و منافع کے ساتھ پورا ہوتا جس چراگاہ میں مشکل سے پانچ جانور گذر کر پاتے ہوں، وہاں اگر دس بیس نئے پھٹ پڑیں تو کیا نتیجہ ہو۔ بس یہی حال خریداروں کا ہے ان کو خواہ کوئی دس مل کر چرے یا پچاس۔ کیونکہ وہ ہیں تو وہی اتنے گئے اس پر زمانے کی تنگدستی کی وجہ سے کسی میں اتنا دم اور شوق کہاں کہ ایک اخبار سے زیادہ منگا سکے۔

یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ نئے کے سامنے پرانے کی اقدر

نہیں ہوتی ہے۔ اس لئے خریداروں کا میری طرف رجوع ہونا کوئی تعجب کی بات نہ تھی اس پر میں نے اخباری دنیا میں پیدا ہوتے ہی دو چار مشہور رسالوں کو تابڑ توڑ دولتی جھاڑ دی۔ پھر تو وہ کائیں کائیں مچی کہ توبہ ہی بھلی۔ اس تو تو، میں میں کا شور ملک کے کونہ کونہ میں پہونچ گیا اور سیکڑوں نئے اُس پر اپنی رائے زنی کا تانتا باندھ دیا انجام یہ ہوا کہ جو شہرت میرے اخبار کو دس برس تک ناک رگڑنے اور ہزاروں خرچ کرنے سے بھی نہیں ملتی وہ اس غل غپاڑہ سے آناً فاناً اور مفت میں مل گئی جب ہر شخص کی زبان پر میرے اخبار کا نام پہونچ گیا تو خریداروں کا دوگنے، پانچ گنے کی تعداد میں بڑھ جانا لازمی تھا۔ ایسے موقع پر میں نے ایک عقلمندی اور کی۔ جھٹ یہ مشہور کر دیا کہ میرے ساڑھے پچپن ہزار خریدار ہو گئے۔ پھر کیا پوچھنا تھا اشتہار والے اپنی اپنی بڑی بڑی تھیلیاں لئے ہوئے کود پڑے۔ ان میں ایک صاحب بڑے چلتے پرزے تھے۔ اپنے اشتہار کا آرڈر دینے کے قبل خریداروں کی فہرست دیکھ کر اپنا اطمینان کر لینا چاہتے تھے۔ میں نے بھی فوراً رجسٹر کھول کر ساڑھے پچپن ہزار نام گنوا دئے۔ ان کی ساری چالاکی دھری رہ گئی۔ انھیں کیا خبر کہ اس فہرست کے ہر صفحے میں صرف تیرا ہی نام خریدار کا ہے۔ باقی سب فرضی ہیں۔

مضمون کے لئے مجھے ذرا بھی تردد نہیں کرنا پڑی کیونکہ جس روز سے میں ایڈیٹر ہوا اُس روز سے تمام دنیا نامہ نگار ہو گئی خصم اپنی جوروؤں کی شکایت لکھنے لگے۔ بیویاں اپنے میاں کی برائی پر نکتہ چینی کرنے لگیں۔ عاشقوں کو اپنے بیوفا معشوقوں کے ناز و نخرے سے فرصت نہ ملتی تھی، جس کے بیوی گھر، عاشق معشوق کوئی بھی نہ تھا وہ دوسروں ہی پر اپنے دل کا غبار نکال کر کلیجہ ٹھنڈا کرنے لگے۔ غرض یہ کہ سبھی ہمارے اخبار کو اپنے قلم کی طاقیہ مشق بنانے کی کوشش میں تھے۔ یہاں تک کہ اسکول کے لڑکے بھی جو اپنے ترجمہ کی کاپی گالیوں کے ڈر سے اپنے ماسٹروں کے سامنے رکھنے سے ہچکچاتے تھے۔ اس کی نقل اخبار میں چھاپنے کے لئے میرے پاس بلا دھڑک بھیجا کرتے تھے۔ جہاں مضامین کی اتنی کثرت ہو، وہاں کس کا دماغ و وقت آنکھیں اس قدر فالتو ہیں کہ اُن کے پڑھنے کی تکلیف گوارا کرتا۔ اس لئے اُن کے بھیجنے والوں کے نام صرف پڑھ لیا جایا کرتے تھے۔ اگر اس سے پتہ چل گیا کہ یہ پرانے نامہ نگار ہیں یعنی ان کے ایک یا دو مضمون اور بھی کہیں شائع ہو چکے ہیں۔ تب تو اُن کا یہ مضمون بھی رکھ لیا جاتا تھا اور باقی سب جیوں کے تیوں پنساری کے حوالے کر دئے جاتے تھے اور وہاں سے اُن کے عوض میں ہلدی مرچ مصالحہ، نمک، تمکر روزانہ آجاتی تھی۔ خطوط البتہ اس کے کام کے نہیں ہوتے تھے کیونکہ پوسٹ کارڈ اور لفافہ سے پیکٹ نہیں باندھے جا سکتے ہیں پھر بھی وہ بیکار نہیں جاتے تھے۔ ان سے مجھے چاول بنانے میں بڑی آسانی ہوتی تھی۔ اگر ان تکیوں سے کام نہ لیتا تو ہفتہ ہی بھر میں میرا گھر خطوط اور مضامین سے اتنا ٹھوسا ٹھوس بھر جاتا کہ مجھے مع سامان گرہستی کوٹے کر باہر نکل کر درختوں کے سایہ میں رہنا پڑتا۔

لوگ اپنے خطوں کے جواب کا انتظار کیا کرتے تھے۔ مگر اتنا سمجھنے کی عقل نہیں رکھتے تھے کہ اُن کی طرح خط لکھنے والے ہزاروں میں اور جواب دینے والا اکیلا ایڈیٹر۔ وہ غریب اگر شب و روز دنوں ہاتھوں سے لکھتا رہے تو بھی تو وہ ایک دن کے ڈاک کا جواب مہینے بھر میں نہیں دے سکتا ہے۔ دوسرے جواب دے تو کیا اپنا سر خط پورا پڑھنے کی نوبت ہی نہیں آتی۔ ہاں بہت تنگ کئے جانے پر اور جنوں خط بار بار بھیجے دینے پر اگر وہ کبھی ایک چھپا ہوا پوسٹ کارڈ بھیج دے تو لاکھ غنیمت ہے۔

لوگوں کو منتظر رکھنے میں ایک اور فائدہ تھا۔ کیونکہ اکثر لوگ ایسی امید میں میرے خریدار بن جاتے تھے کہ نہ معلوم کس پرچہ میں

میرا مضمون شائع ہوجائے۔ اور بار بار مانگ کر پرچہ پڑھنے میں دقت پیش ہوتی تھی۔ بندہ بھی ایسے شائقین کی ہمت افزائی کردیا کرتا تھا خاص کر جب روکھی خوشامدوں کے علاوہ کچھ نقدی فائدہ میں ہونے لگے گا۔ مضمون کی اچھائی و برائی کی تحقیق کرنا محض اپنی اوقات خراب کرنا ہے۔ کیونکہ جس طرح عالم شباب میں ہپو نچکر ایک گدھی بھی پری بن جاتی ہے۔ اس طرح سبھی مضمون چھپنے پر مضمون ہوجاتے ہیں پھر بھی ایک لاچاری تھی۔ اس بیوقوفی کے زمانہ میں چند نامہ نگاروں نے اپنے نام کو شیطان کی طرح مشہور کرکے کسی دعا یا تعویز کے اثر سے پڑھنے والوں پر ایسا جادو ڈال رکھتا ہے کہ وے لوگ ایک نہ ایک مضمون ان لوگوں کا ہر پرچہ میں ضرور دیکھنا چاہتے ہیں ورنہ بے دُم کے جانور کی طرح پرچہ کی وقعت گھٹ جاتی ہے۔ مگر یہ حضرت مضامین دینے میں وہ وہ شطر غمزے دکھلاتے ہیں۔ کہ کلیجہ جل کر خاک ہوجاتا ہے۔ جب ملک میں ہزاروں شائقین ایسے پڑے ہیں کہ جو سو سو خوشامدوں کے ساتھ مضمون دیکر اس کی چھپائی وغیرہ تک کے اخراجات بھی دینے کو تیار رہیں۔ تو ان لوگوں کو اپنا مضمون دینے میں اتنے نخرے دکھلانا اور الٹے مجھی سے اس کے بدلے میں کچھ وصول کرنے کی امید کرنا لاحول لاقوۃ کس قدر بیجائی اور ناشائستہ حرکت ہے، خیر! میں بھی ان لوگوں کا استاد ہوں جب دیکھا کہ آرزو منت خوشامد سے کام نہیں چلتا تب پائی کو دور بھگا کر انھیں اجرت دینے کے لئے ایک سے ایک بڑھکر وعدہ کرتا ہوں، اور اپنے عذر لنگ میں ایسے سبز باغ دکھلاتا ہوں کہ اُن کا دماغ پھر جاتا ہے۔ اگر یہ ترکیب بھی نہ کارگر ہوئی تو ان کی کسی مشہور اور معرِ دفن کتاب پر جلی کٹی نکتہ چینی کرنے اور ان کا کارٹون نکالنے لگتا ہوں۔

بس حضرت نرم پڑ جاتے ہیں کیونکہ مثل مشہور ہے کہ پاجی سے اللہ میاں بھی ڈرتے ہیں، اور سیدھی انگلی سے گھی نہیں نکلتا ہے پھر کیا، جہاں مضمون ہاتھ آگیا، پھر بندہ اپنے وعدوں کا تو ذکر ہی کیا، اُن کے خطوط کا جواب بھی دینا بھول جاتا ہے اور ان کی قدر ویسے ہی کرتا ہوں جیسے واپس کے براتی اوٹ دے چکنے پر اوور یا گذرے ہوئے گواہ کی ہوتی ہے۔

خال ہی میں ایک بیڈھب سے پالا پڑ گیا تھا مانگتا تو وہ بہت تھا، خیر کسی نہ کسی طرح اُسے چار آنہ صفحے کے حساب سے اجرت دے کر اپنی جان چھڑائی۔ لیکن یہ بات بُری لگی۔ کیونکہ پنسیری اُس کے مضمون کے پورے بنڈل کے لئے دو پیسہ بھی نہ دیتا۔ خیر بعد کو میں نے اُس مضمون کو الگ ایک کتاب کی شکل میں شائع کرکے اپنے دس گنے سے لتعداد میں سیدھے کرلئے تب تو وہ بہت گھبرایا کہنے لگا کہ میں نے اسے اخبار بیں دینے کا دام لیا تھا اس کا کوئی کتابی حق نہیں فروخت کیا تھا۔ مگر اس کا سر ہمارے پرچہ کی شرائط میں صاف طور سے لکھا ہے کہ جو مضمون اس میں شائع ہو، اس پر جملہ حقوق ایڈیٹر کا ہے حضرت اپنا منھ سا لے کر رہ گئے۔

چیدہ خبروں کے لئے کسی کی بھی خوشامد نہیں کرنی پڑتی تھی کیونکہ ہمارا چپراسی جس وقت چنڈو کی نگالی منھ میں لگاتا ہے۔ اسی وقت اُسے الہام ہوتا ہے اور وہ بے تار کی خبر کی طرح دنیا بھر کی عجیب و غریب چیزیں سنانے لگتا ہے۔ انھیں کو بندہ ذرا حاشیہ لگا کر پڑھنے والوں کے سامنے پیش کردیتا ہے ایک دفعہ اس نے پینگ میں تبلا یا کہ ایک عورت کی ناک سے گائے کا بچہ پیدا ہوا ہے میں فوراً سمجھ گیا کہ یہ عورت افریقہ کی ہوگی۔ بس یہ خبر اخبار میں دیدی۔ پھر تو اس کی یہ دھوم مچی کہ دس بیس اخبار دن نے اس کی نقل کی۔ اور مہینہ بھر تک کافی سنسنی رہی یہاں تک کہ کچھ لوگ افریقہ جاکر اس عورت کی زیارت کرنے کیلئے تیار بھی ہوگئے تھے۔

مضامین درست کرنے کے واسطے کچھ ترمیم کرنا ایڈیٹر کے لئے ضروری ہوتا ہے مگر اس میں مجھکو زیادہ وقت محسوس نہ ہوتی تھی۔ حالانکہ طالب علم کی عمر میں میں نے ضرورت سے زیادہ پڑھنے کی زحمت کبھی نہیں اٹھائی تھی۔ دو چار ناولیں پڑھ لیں تھیں جس سے اخبار اور کتاب میں استعمال کرنے والے الفاظ مجھے بخوبی معلوم ہو گئے تھے مثلاً گھر میں اگر پانی کو پانی باپ کو باپ کہو تو اخبار میں پانی کو آب اور باپ کو پدر کہو ان کے علاوہ صرف و نحو کا ایک قاعدہ بھی جانتا تھا ہر جملہ کے شروع میں فاعل تب مفعول اس کے بعد فعل ہونا چاہئے۔ شاعری کے مصرع ناپنے کے لئے میرے پاس پہلے ہی سے ایک پرکار تھا ہی۔ بس اتنی باتیں ایڈیٹری کا کام سرانجام دینے کے لئے کافی تھیں اور باقی تو سب تجربہ پر منحصر ہے۔ کرتے کرتے آ ہی جاتا ہے۔ اور اسی بل کے بوتے پر میں سرخرو اور اپنی برتر قلم انگلیوں میں پکڑتا تھا اس کے لئے اور تو کوئی نہیں۔ مگر نامی نامہ نگار بڑی چل پوں مچاتے تھے ان کی دنیا میں ایک کہرام مچ جاتا تھا۔ حالانکہ یہ لوگ لاپرواہی کی وجہ سے قواعد کی سب سے زیادہ غلطیاں کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر ان کا ایک جملہ خود ہی دیکھ لیجئے۔ حسن میں پری تھی تو بولنے میں کوئل۔ اصل میں یہ ایک تمیں درجے ہیں دونوں میں فاعل غائب ہے۔ اور دوسرے میں فعل بھی ندارد ہے۔ اس لئے ان کو اس طور پر جمع ہی کرنا پڑتا تھا کہ ۔ وہ حسن میں پری تھی تو وہ بولنے میں کوئل تھی۔ اسی طرح ایک کہانی لکھنے والے نے اپنی کہانی میں ایک آدمی کے منہ سے جو ڈنڈوں سے پیٹا جا رہا تھا کہلا دیا ۔ ارے باپ رے، باپ" میں نے اسے جھٹ کاٹ کر ۔ اے! پدر رے پدر" کر دیا اس پر نامہ نگار صاحب بہت برہم ہوئے۔ خفا ہوں میری بلا سے آخر ہم ایڈیٹر ہیں کس لئے۔

ایڈیٹوریل لکھنے میں پریشانی ضرور ہوتی تھی۔ اس لئے بندہ اس جھگڑے میں پڑتا ہی نہ تھا اسے میں ہمیشہ شاگرد کے ذمہ چھوڑ دیتا تھا اور انھیں لوگوں سے انگریزی اخبار اور ناولوں کے ترجمے بھی کرواتا تھا۔ شاگرد میرے پاس کافی تعداد میں تھے کیونکہ کاروبار بڑھنے کے ساتھ آدمیوں کی جب ضرورت ہوتی اور میری آمدنی کے عبٹ میں اتنی گنجائش نہ تھی کہ معقول اجرت دے کر میں کسی سے کام لوں۔ تب بندہ نے فن ایڈیٹری سکھلانے کی نوٹس دے دی۔ بس درجنوں کالج کے تعلیم یافتہ لوگ میری شاگردی کے لئے روز ہی ٹپکنے لگے۔ اور میرا تمام کاروبار اب مفت میں ہونے لگا۔ اگر کبھی بندہ ہی کو ایڈیٹوریل لکھنا پڑی گا تو بندہ اخبار میز پر رکھ لیتا ہے اور ہر ایک کے ایڈیٹوریل میں سے ایک ایک کام نکال کر اپنا مضمون تیار کر لیتا ہے۔ اسی سے میری پالیسی کسی کی سمجھ میں نہیں آتی ہے۔ حقیقت تو یوں ہے کہ پالیسی ہی کیا جو سمجھ میں آ جائے۔ اور اگر اب بھی آپ نہ سمجھیں تو میرا قصور نہیں۔

نوٹ۔ جناب مہربانی کر کے آئندہ سال کا چندہ آپ فوراً بھیج دیں کیونکہ اخبار اب پرانا ہو چکا ہے اس کی کاپی پلیٹ ضروری ہے۔ اس لئے ہفتہ عشرہ میں انشاء اللہ تعالیٰ اس کا نکلنا میں ایک دم بند کر دوں گا۔ فقط آپ کے چندے کا انتظار ہے!

(خاص)

چترگپت سماچار

غزل

(جناب ڈاکٹر سرن شنکر صاحب سب ایڈیٹر چترگپت سماچار آگرہ)

اپنی نظر میں کعبہ و بتخانہ ایک ہے ۔ پردہ میں دل کے جلوۂ جانانہ ایک ہے
جانبازی میں یگانہ و بیگانہ ایک ہے ۔ اس معرکہ میں دشمنی یارانہ ایک ہے
[صفحہ ۶۲۲ کا بقیہ]

دشت جنوں میں لیلیٰ و مجنوں کا فرق کیا ۔ نہ جانسوزی ہے تو شمع و پروانہ ایک ہے
ٹھوکر ہے ہر قدم پہ نشیب و فراز کی ۔ نہ راہ طلب میں عاقل و دیوانہ ایک ہے
وحدت کا ذکر بزم میں کثرت کے ساتھ ہے ۔ نہ قصے ہیں بیشمار پر افسانہ ایک ہے
ساقی نے آفتاب دکھائے ہیں جام میں ۔ نہ بادہ ہزار رنگ ہے پیمانہ ایک ہے
نیرنگئی جہاں میں ہے یکرنگ اپنا رنگ ۔ نہ شایق بھی اپنے رنگ کا مستانہ ایک ہے

(خاص)

انگریزی زبان میں کیا ہے۔ یہ ترجمہ نہایت بہترین اور غیر معمولی ہے۔ اس میں مصنف نے جو تحقیقات اضافہ کئے ہیں وہ خاص حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ کتاب ۱۹۰۰ء میں بمقام وسٹ منسٹر Westminster دو جلدوں میں طبع ہوئی ہے۔

۱۹۱۲ء میں ٹھاکر چند شاہپوری نے اس کا اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ اس کی بنیاد دے السن کے انگریزی ترجمہ پر ہے۔ مگر مترجم کے دیباچہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے مختلف ترجموں کی مدد سے تصحیح کے بعد ترجمہ کیا ہے۔ یہ ترجمہ ۱۹۹۲ء میں دو جلدوں میں چھپ چکا ہے۔

ہرگوپال کول خستہ نے "گلدستۂ کشمیر" کے نام سے کشمیر کی ایک تاریخ اردو زبان میں ۱۸۷۷ء میں لکھی ہے یہ کتاب راج ترنگنی کا ترجمہ ہے جو ۱۸۸۳ء میں آریہ پریس لاہور میں طبع ہوا ہے۔ اسکے مصنف نے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے پہلے حصے میں کشمیر کا قدیم جغرافیہ دوسری میں تاریخ اور تیسری میں نقشہ جات اور گائیڈ لکھی ہے۔ مصنف نے جے سنگھ کے عہد حکومت تک کے حالات راج ترنگنی سے اخذ کئے ہیں اسکے بعد کے واقعات کو حیدر ملک کی تصنیف سے لکھا ہے یہ کتاب ۱۸۷۷ء تک کی مسلسل تاریخ ہے جو بڑی محنت سے تصنیف کی گئی ہے۔

ان ترجموں کے ماسوا جوگیش چندر دت نے [جو رومیش چندر دت کے بھائی ہیں] اس کا انگریزی ترجمہ کیا جو کلکتہ میں طبع ہوا ہے۔

اس سے کچھ پہلے کرپارام نے جو ریاست جموں و کشمیر کے دیوان تھے انھوں نے کشمیر کی ایک تاریخ ۱۸۰۱ء میں "گلزار کشمیر" کے نام سے لکھی تھی۔ اس کا بہت بڑا حصہ انھوں نے راج ترنگنی سے لیا ہے۔

کلہن نے راج ترنگنی کے علاوہ اور کتابیں تصنیف کی ہیں۔ جو اب پردہ خفا میں مستور ہیں منجملہ ان کے ایک کا پتہ چلتا ہے۔ جس کا نام "نیل مت گرنتھ" ہے یہ کتاب کشمیر میں نہایت شوق سے اب بھی پڑھی جاتی ہے[1]

(خاص)

[1] ہندو کلاسیکل ڈکشنری صفحہ ۲۲۱۔

چمنستان

غزل

[جناب ظفر ہاشمی ایڈیٹر رسالہ "چمنستان" امرتسر]

دل جو پہلو میں بیقرار ہوا
کیا اشارہ نگاہ یار ہوا

تھا عبث زندگی کا وہ حصّہ
جو نہ وقفِ خیالِ یار ہوا

آپ کے انداز کچھ نرالے ہیں
یوں تو درد ہزار بار ہوا

دل بے تاب کا خدا حافظ
دامنِ صبر تار تار ہوا

وہ مجھے خاک میں ملا دیتے
خیر گذری کہ خاکسار ہوا

لب بھی پرشور، اشک بھی غماز
کوئی میرا نہ رازدار ہوا

اب وفا کرنے کا مزہ نہ رہا
تو جفا کر کے شرمسار ہوا

اسکی رحمت کا لطف اٹھانا تھا
جانکر میں گنہگار ہوا

تو مقلد ہے رنگ وحشت کا
اے ظفر سب کو اعتبار ہوا

(خاص)

نمود حیات

[خان شاطر عزلوی ایڈیٹر "چمنستان" لاہور]

دنیائے رنگ و بو کی اک حور نور یکسر
فردوس زندگی کی گلرو سرور پیکر
گلپوش ناز پرور نکہت کا اک سراپا
جنت بدوش یعنی عورت کا اک سراپا
بھیگا سا لگا ساصبح کا اک سماں ہے
وادی میں رنگ و بو کی بیٹھی وہ مہ لقا ہے
شبنم کے چھوٹے چھوٹے قطرے پڑے ہوئے ہیں
پتے پہ ہر کنول کے موتی جڑے ہوئے ہیں،
فطرت کا حسن اسکی آنکھوں میں چھا رہا ہے
اور جوش بے خودی سے ہر ذرہ گا رہا ہے
اس مہ جبیں نے توڑا نازک سا ایک پتہ
جسپر پڑا ہوا تھا شبنم کا ایک قطرہ
جنبش سے انگلیوں کی قطرہ ڈھلک پڑا ہے
پتے پر گر کے نیچے پانی میں جا گرا ہے
قطرے کا یوں ڈھلکنا اک سحر بیخودی تھا
اس حور کی نظر میں اک راز زندگی تھا
قطرے کا گرتے گرتے چپکے سے کچھ کہا ہے
افسردہ جسکو سن کر بے حد وہ ہو رہی ہے
انساں کی زندگی بھی ہے اک نمود قطرہ
اس کا وجود بھی ہے گویا وجود قطرہ
برگ حیات پر سے ڈھلکیگا آہ یوں ہی
پیمانہ زندگی کا چھلکیگا آہ یوں ہی

(خاص)

چمن

مجبوری کی شادی

(مترجمہ ڈاکٹر ہنر الوری چیف ایڈیٹر "چمن" امرتسر)

[مندرجہ ذیل مزاحیہ ڈراما مولیر نے ۱۶۶۴ء میں لوئس شاہ فرانس کو خوش کرنے کے لئے لکھا تھا شاہ موصوف نے خود بھی اس میں پارٹ کیا تھا۔]

افراد

شوکت ..... ایک بوڑھا نواب
ببن ..... شوکت کا دوست
نجمہ ..... شوکت کی نئی بیوی جو گریجویٹ بھی ہے
کلیم ..... ایک فلسفی
نسیم ..... ایک فلسفی
مظفر ..... نجمہ کا بھائی مشہور پہلوان
دلاور ..... نجمہ کا بوڑھا باپ

پردہ اٹھتا ہے

شوکت۔ آئیے نواب صاحب

ببن۔ آداب عرض کرتا ہوں۔ کہئے سرکار کے مزاج کیسے ہیں۔

شوکت۔ شکریہ۔ دو قطعے کے بعد میں ایک معاملہ میں آپ سے مشورہ لینا چاہتا تھا۔

ببن۔ ارشاد۔ ارشاد۔

شوکت۔ بات یہ ہے کہ .....

ببن۔ فرمائیے۔ فرمائیے۔ آپ رک کیوں گئے؟

شوکت۔ آپ وعدہ کیجئے کہ اس معاملہ میں بالکل صحیح مشورہ دینگے۔

ببن۔ بالکل صحیح آپ ارشاد تو فرمائیے۔

شوکت۔ بات یہ ہے کہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں۔

ببن۔ شادی! آپ اور شادی کرنا چاہتے ہیں۔

شوکت۔ جی!

ببن۔ تو پہلے یہ ارشاد فرمائیے کہ آپ کی عمر کیا ہے؟

شوکت۔ میری؟

ببن۔ جی

شوکت۔ بھلا آپ کیا خیال کرتے ہیں۔

ببن۔ یہی ۵۵ یا ۶۰ کے لگ بھگ۔

شوکت۔ ہیچ! یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔

ببن۔ مجھے یہ کہنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے کہ یا تو آپ کا دماغ پھر گیا ہے۔ یا آپ سٹھیا گئے ہیں آپ کے منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت آخر کس امید پر شادی کرتے ہیں۔

شوکت۔ اور مجھے یہ کہنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے کہ آپ غلطی پر ہیں۔ میں نے ایک ایسی بیوی کا انتخاب کیا ہے جو کسی طرح میرے لئے غیر موزوں نہیں ہو سکتی۔

ببن۔ تو پھر یہ اور بات ہے کیا آپ اپنی آئندہ بیوی سے محبت کرتے ہیں۔

شوکت۔ قطعی۔ دل و جان سے۔

ببن۔ دل و جان سے۔

شوکت۔ جی!

بین - اور وہ !
شوکت - وہ بھی مجھ سے محبت کرتی ہے مختصر تو یہ ہے کہ آج میری شادی ہو جائیگی
بین - آج ہی -
شوکت - جی -
بین - تو پھر بحث بیکار ہے -
شوکت - جی ! بھلا آپ خود سوچیں میں کسی سے کم ہوں - اگرچہ میری عمر ۶۰ - ۶۵ کے لگ بھگ ہونے کو آئی لیکن خدا کے فضل سے چہرے پر وہ رونق ہے کہ نوجوانوں کے رنگ مقابلے میں پھیکے معلوم ہوتے ہیں اگر میری ٹانگیں ضعف کی شدت سے لرزتی ہیں لیکن والد جب میں جبس ہنکر ذرا تن کر چلتا ہوں تو پنڈلیوں کا تناسب کیا بہار دیتا ہے -
بین - (منہ پر ہاتھ رکھکر ہنسی روک کر) بالکل درست واللہ باللہ آپنے خوب ارشاد فرمایا ضرور شادی کر لیجئے -
شوکت - جی !
بین - اور وہ خوش نصیب عورت کون ہے جسے آپ اپنی زوجیت میں لائینگے -
شوکت - نجمہ -
بین - نجمہ حسین و دلربا گو بیوی پر وہ بھی تو نہیں کرتی وہ -
شوکت - جی وہی -
بین - واقعی -
شوکت - واقعی -
بین - وہی نجمہ نا جس کے بھائی کا نام مظفر ہے اور جو مشہور پہلوان ہے -
شوکت - جی ! جی ! وہی ! اب کیا فرماتے ہیں آپ -
بین - بہت خوب انتخاب ہے لیجئے اجازت مرحمت فرمائیے آداب عرض کرتا ہوں
(علحدہ ہو کر)
نجمہ اور شوکت کی شادی کیا خوب گلاب سے کانٹے کا ملاپ ہے ۲۵ بین - آداب عرض کرتا ہوں شوکت صاحب آپ فرماتے تھے نا
ریشم میں گاڑھے کا پیوند - بدصورتی سے نزاکت کا اجتماع کیا خوب کہاں نجمہ - کہاں شوکت -
شوکت - (علحدہ) واقعی میری شادی مبارک ہے جب کسی شخص کے سامنے اپنی شادی کا ذکر کرتا ہوں تو وہ ہنسنے لگتا ہے - واقعی مبارک شادی ہے -

نجمہ داخل ہوتی ہے

(نواب شوکت آگے بڑھکر) پیاری نجمہ کہاں جا رہی ہو - آج تو تم ماہ و خورشید کو شرما رہی ہو -
نجمہ - میں بازار سے کچھ سنگار کی چیزیں خریدنے جا رہی تھی -
شوکت - پیاری نجمہ سچ بتاؤ تم کو یہ شادی پسند ہے نا -
نجمہ - پسند کیوں نہ آئے گی ؟ میرے والد نے مجھے گویا قفس میں محبوس کر دیا تھا - اگرچہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد مجھے آزادی حاصل ہو گئی تھی لیکن پھر بھی میرے طرز عمل پر نکتہ چینی ہوتی رہتی ہے میری حرکات کی نگرانی کی جاتی تھی - خدا کا شکر ہے کہ ان پابندیوں سے رہائی دینے کے لئے آپ آ گئے میرا ارادہ ہے کہ شادی کے بعد اپنے آپ کو مسرت و عشرت میں غرق کر دوں مجھے کامل امید ہے کہ آپ پرانے زمانے کے شوہروں کی طرح مجھے قفس میں رکھنا پسند نہ کریں گے - مجھ پر اعتبار رکھیں گے - مجھے تو آپ پر کبھی شبہ نہ ہوگا - امید کہ آپ بھی میرے متعلق کبھی اپنے دل میں شبہ کو جگہ نہ دیں گے - لیکن کیا بات ہے - آپ کے چہرے کا رنگ کیوں متغیر ہو گیا -
شوکت - (گھبرا کر) میرے سر میں ذرا درد ہے -
نجمہ - کوئی بات نہیں آج کل عام لوگوں کو دردِ سر کی شکایت رہتی ہے - خدا حافظ -

نواب بین داخل ہوتا ہے

کہ کسی سنار کی ضرورت ہے۔ لیجئے حاضر ہے۔

سنار کو پیش کرتا ہے

شوکت ۔ شکریہ! شکریہ! لیکن سنئے تو بہن صاحب! میرے دل پر کچھ شک پیدا ہو گیا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا لیا کروں کیا نہ کروں شاید میں اپنی شادی کو روک دوں پھر سونار کی کیا ضرورت ہے گی۔

ببن ۔ ہائیں۔ ہائیں۔ نواب صاحب یہ کیا بات ہے شادی کو روک دوں۔

شوکت ۔ جی رات مجھے ایک عجیب و غریب خواب آیا تھا۔ میں چاہتا ہوں کہ جب تک اس کی تعبیر نہ معلوم ہو جائے ذرا شادی رکی رہے تو بہتر ہے۔

ببن ۔ بہت بہتر اس معاملہ میں آپ فلسفیوں سے مدد لیجئے جو آپ کے ہمسائے میں رہتے ہیں۔

چلا جاتا ہے

شوکت ۔ (اپنے آپ سے) بالکل درست ہے چلوں کسی فلسفی کے پاس۔

کلیم کے مکان میں داخل ہوتا ہے

کلیم کسی سے مخاطب ہو کر کہہ رہا ہے۔

جاؤ جاؤ تم منطق کے ابتدائی اصولوں سے بے خبر ہو۔

شوکت ۔ خوب مجھے ایسے ہی آدمی کی ضرورت تھی۔

کلیم نے شوکت کو نہیں دیکھا۔

وہ اپنا سلسلہ کلام جاری رکھتا ہے

یقیناً تم کیا خیال کرتے ہو۔ میں تم سے کہتا ہوں کہ میرے پاس بات کے ثبوت میں وزن دار دلائل ہیں میں ارسطو کی تصانیف سے ثابت کروں گا کہ تمہارا استدلال غلط ہے۔

شوکت ۔ (اپنے آپ سے) معلوم ہوتا ہے کہ فلسفی صاحب کسی پاگل آدمی سے جھگڑ رہے ہیں۔

(فلسفی سے مخاطب ہو کر) کلیم صاحب! اے کلیم صاحب! قبلہ سنئے تو ہا

کلیم ۔ کچھ نہیں سنتا۔ ہاں میں نے مان لیا کہ ارسطاطالیس ٹھیک کہتا ہے لیکن آدمی زادہ طرفہ معجون است۔

شوکت ۔ مولینا آداب عرض کرتا ہوں۔

کلیم ۔ آداب عرض۔ آئے کیا ارشاد ہے۔

شوکت ۔ میں چاہتا تھا .....

کلیم ۔ (پھر مڑ جاتا ہے اور سلسلہ کلام شروع کر دیتا ہے) تم جانتے ہو تم نے کیا کیا ہے تم نے صغریٰ اور کبریٰ کی ترتیب میں غلطی کی ہے۔

شوکت ۔ میں .....

کلیم ۔ تمہارا صغریٰ مہمل ہے کبریٰ غلط اور نظریہ بکواس۔

شوکت ۔ مولینا آپ اس قدر خفا کیوں ہیں۔

کلیم ۔ جناب!

شوکت ۔ یہ خفگی کیسی۔

کلیم ۔ بات یہ ہوئی کہ ایک جاہل مطلق نے ایک ایسی بات کہی جو خطرناک خوفناک مہلک حد تک غلط ہے۔

شوکت ۔ کیا میں پوچھنے کی جرأت کر سکتا ہوں کہ اس نے کیا کہا۔

کلیم ۔ اس نے کہا تھا "ٹوپی کی صورت"

شوکت ۔ تو اس نے کون سا جرم کیا۔

کلیم ۔ جرم سا جرم جناب عالی آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ "شکل اور صورت" میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ صورت جاندار اشیا کی ظاہری ہیئت کا نام ہے۔ بے جان اشیا کے مظاہر کو شکل کے نام سے پکارتے ہیں۔ (پھر مڑ کر)

تم جاہل مطلق ہو۔ تم یہ بھی نہیں جانتے کہ استدلال کس بلا کا نام ہے

شوکت ۔ مولینا حوصلے سے کام لیجئے۔ اس بیوقوف پر رحم کیجئے جو یہ بھی نہیں جانتا کہ شکل اور صورت میں کیا فرق ہے

کلیم ۔ (سنی ان سنی ایک کر کے) ایسی غلطی کا ارتکاب۔

شوکت - یقیناً - اس نے غلط کہا لیکن سنئے تو -

کلیم - میں کہتا ہوں کہ ارسطو کے نظام فلسفہ میں - - - - - - - - -

شوکت - مولینا! میں آپ سے ایک اہم کام کے متعلق مشورہ لینے کے لئے حاضر ہوا ہوں - بات یہ ہے کہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں - میری انتخاب کردہ محبوبہ حسین ہے مہ جمال ہے - پڑھی لکھی ہے - میں آپ سے یہ پوچھنے آیا ہوں کہ وہ مجھے دغا تو نہ دیگی - بے دغا تو نہ ثابت ہوگی -

کلیم - بجائے یہ کہنے کے کہ ٹوپی کی - - - - - - - - - - - - - - - - - -

شوکت - مولینا - میری بات بھی سنئے ایک گھنٹہ ہو گیا ہے اور آپ ہیں کہ سنتے ہی نہیں -

کلیم - (شوکت سے مخاطب ہو کر) معاف کیجئے مجھے اس وقت بہت غصہ ہے اور غصہ بھی بجا طور پر -

شوکت - اب غصہ تھوک ڈالئے اور میری بات سننے میں آپ سے باتیں کرنا چاہتا ہوں -

کلیم - آپ کونسی زبان استعمال کریں گے ؟

شوکت - کونسی زبان -

کلیم - جی ؟

شوکت - لاحول ولاقوت ! وہی زبان جو میرے منہ میں ہے اور کونسی زبان استعمال کر سکتا ہوں میں -

کلیم - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کس زبان میں باتیں کرینگے

شوکت - یہ دوسرا سوال ہے -

کلیم - آپ اطالوی زبان میں باتیں کرینگے ؟

شوکت - نہیں -

کلیم - ہسپانوی ؟

شوکت - نہیں !

کلیم - انگریزی -

شوکت - نہیں -

کلیم - یونانی ؟

شوکت - نہیں -

کلیم - ترکی ؟

شوکت - نہیں !

کلیم - عربی ؟

شوکت - نہیں

کلیم - فارسی ؟

شوکت - نہیں -

کلیم - سنسکرت ؟

شوکت - نہیں - اردو ! اردو ! اردو ! ! !

کلیم - بہت خوب تو ذرا دائیں طرف آ جائے - بایاں کان صرف غیر زبانوں کے لئے مخصوص ہے - مادری زبان کیلئے میں نے دایاں کان رکھا ہے

شوکت - بہت خوب ! تو بات یہ ہے کہ میں ایک حسین مہ جبین سے شادی کرنا چاہتا ہوں - مجھے اس - - - - - - - - - - - - - - - - - -

کلیم - (اپنے آپ سے) کلام ذریعۂ اظہار مطالب ہے عین اسطرح جس طرح تصورات اشیاء کے آئینہ دار ہیں - الفاظ تصورات کے آئینہ دار ہیں -

شوکت اپنے ہاتھ سے کلیم کا منہ بند کر دیتا ہے
کلیم ہاتھ ہٹا کر سلسلہ کلام جاری رکھتا ہے

تاہم الفاظ میں اور دوسرے مظاہر کائنات میں بڑا فرق ہے -

الفاظ اصل کی نقل بھی ہیں اور اصل بھی۔ دوسرے مظاہر صرف اصل کا ایک پرتو ہوتے ہیں۔

شوکت ۔ خدا فلسفے کو غارت کرے۔

کلیم مکان کے اندرونی حصے میں داخل ہوتا ہوا کہتا جاتا ہے۔ یقیناً الفاظ دلی جذبات کا آئینہ ہیں۔ روح کا عکس ہیں۔ ہماری شخصیت اسی عکس کے ذریعہ نمودار ہوتی ہے۔

پھر باہر آجاتا ہے۔

(شوکت سے مخاطب ہوکر) ازلیس کہ الفاظ دلی جذبات و خیالات کے آئینہ دار ہیں تم بھی اس ذریعہ اظہار سے کام لے کر مجھے اپنے دل کا راز بتا دو۔ بتاؤ تمہارے دل میں کیا خیالات موجزن ہیں۔

شوکت ۔ یہی تو میں بھی چاہتا ہوں۔ لیکن آپ میری بات سنیں بھی۔

کلیم ۔ میں ہمہ تن گوش ہوں۔ کہو!

شوکت ۔ میں کہتا ہوں مولینا!

کلیم ۔ اختصار۔ اختصار!!

شوکت ۔ قطعی!

کلیم ۔ اور طوالت سے پرہیز

شوکت ۔ جناب من .....

کلیم ۔ اپنی گفتگو کے حاصل کو ایک مختصر مجموعہ الفاظ میں مقید و محصور کر دیجئے۔

شوکت ۔ در اصل .....

کلیم ۔ انقطاع کلام یا ترک معاملات تصفیہ طلب کا جواز مشکوک ہے۔

شوکت ایک پتھر اٹھا لیتا ہے تاکہ فلسفی کے رسید کرے

کلیم ۔ کیا تم مجھے مارنا چاہتے ہو۔ اپنے دلی جذبات کے اظہار کے بجائے اس قسم سے کام لیتے ہو۔ جاؤ۔ جاؤ تم اس گدھے سے بھی زیادہ احمق ہو جس نے ٹوپی کے متعلق غلط الفاظ کا استعمال کیا تھا میں استدلال سے کام لے کر ثابت کر سکتا ہوں کہ تم ہمیشہ سے ایک حیوان رہے اور حیوان رہوگے۔ اور میں علامہ کلیم ہوں۔ علامہ کلیم تھا اور علامہ کلیم رہوں گا۔

شوکت ۔ جہنمی کہیں کا!

کلیم ۔ ایک فاضل عصر ایک عالم اجل۔

شوکت ۔ اور بھی کچھ؟

کلیم ۔ ایک شخص مشخص۔ محقق و مستشرق۔ فاضل علوم حافرہ۔ مورخ سائنس داں۔ زبان داں عالم نفسیات ماہر طبیعیات و لسانیات و سنگیات و جمالیات و اقلیدسات وغیرہ وغیرہ ہم۔

شوکت چلا جاتا ہے

شوکت ۔ ان فلسفیوں سے خدا سمجھے اچھا میں نعیم کے پاس جاتا ہوں شاید اس سے کام نکل آئے۔

نعیم ۔ آئیے کیا ارشاد ہے .....

شوکت ۔ میں آپ سے مشورہ چاہتا ہوں (اپنے آپ سے) خدا کا شکر ہے۔ یہ فلسفی کسی کو باتیں تو کرنے دیتا ہی نہیں (نعیم سے مخاطب ہوکر) تو جناب میں اس لئے یہاں آیا ہوں کہ آپ سے مشورہ کروں۔

نعیم ۔ شوکت صاحب۔ یہ قطعی طریقہ ادائے مطالب مجھے ناپسند ہے فلسفہ کی تعلیم ہے کہ ہر بات کے متعلق شک و شبہ کو دل میں جگہ دینی چاہئے۔ ہر ایک شے کے متعلق مشکوک آمیز الفاظ استعمال کرنے چاہئیں یہ کہنے کی بجائے کہ میں اس لئے آیا ہوں آپکو کہنا چاہئے تھا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں آیا ہوں۔

شوکت ۔ معلوم ہوتا ہے۔

نعیم ۔ ہاں۔

شوکت ۔ واللہ معلوم تو ہوگا ہی میں آ جو گیا ہوں۔

نعیم ۔ ضروری نہیں ہو سکتا ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہو کہ آپ آگئے ہیں

اور در اصل آپ نہ آنے ہوں۔

شوکت۔ تو کیا یہ سچ نہیں کہ میں اس جگہ آ گیا ہوں۔

نعیم۔ مشکوک ہے۔ مجھے ہر بات کے متعلق شک ہے۔

شوکت۔ تو کیا میں اس جگہ موجود نہیں ہوں؟ کیا میں آپ سے باتیں نہیں کر رہا؟

نعیم۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ مجھ سے باتیں کر رہے ہیں اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ یہاں ہیں۔ لیکن یہ یقین نہیں کہ یہ دونوں باتیں واقعی ہیں۔

شوکت۔ یہ خوب رہی میں موجود ہوں اور آپ مجھ سے باتیں کر رہے ہیں اور پھر بھی یہ دونوں باتیں یقینی نہیں۔ خوب صاحب! خوب! خیر یہ تکلفات برطرف آپ مجھے صلاح تو دیجئے۔ بات یہ ہے کہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں۔

نعیم۔ مجھے اس بات کے متعلق کوئی علم نہیں۔

شوکت۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں۔ اب تو آپ کو معلوم ہو گیا۔

نعیم۔ شاید ایسا ہی ہو۔

شوکت۔ میری منسوبہ حسین ہے ماہ جبین ہے۔

نعیم۔ دونوں باتیں ممکن ہیں۔

شوکت۔ اگر میں اپنی منسوبہ سے شادی کر لوں تو اچھی بات ہو گی یا بُری۔

نعیم۔ اچھی یا بُری۔

شوکت۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس بات میں میرے لئے بھلائی ہے یا برائی

نعیم۔ جیسا بھی ہو۔

شوکت۔ کیا میری شادی کا انجام اچھا نہ ہو گا۔

نعیم۔ جو کچھ بھی ہو۔

شوکت۔ ازراہ کرم میرے سوالوں کا ٹھیک ٹھیک جواب دیجئے۔

نعیم۔ میرا ارادہ یہی ہے۔

شوکت۔ میں اپنی منسوبہ سے محبت کرتا ہوں۔

نعیم۔ ممکن ہے۔

شوکت۔ اس کا والد رضامند ہے۔

نعیم۔ ہو گا!

شوکت۔ لیکن مجھے خوف ہے کہ وہ بے وفا ثابت ہو گی۔

نعیم۔ یہ بات ممکن معلوم ہوتی ہے۔

شوکت۔ آپ کا کیا خیال ہے۔

نعیم۔ یہ بات ناممکن نہیں ہے۔

شوکت۔ اگر آپ میری جگہ ہوتے تو کیا کرتے۔

نعیم۔ معلوم نہیں۔

شوکت۔ آپ مجھے کیا مشورہ دیتے ہیں۔

نعیم۔ جو آپ کا جی چاہے کیجئے۔

شوکت۔ میں دیوانہ ہو جاؤں گا۔

نعیم۔ مجھے اس سے کیا کام!

شوکت۔ (اپنے آپ سے) اچھا ذرا اسے مزا چکھاتا ہوں۔ (نعیم کو مارنا شروع کر دیتا ہے)

نعیم۔ مار ڈالا۔ مار ڈالا۔

شوکت۔ اب میرا کلیجہ ٹھنڈا ہوا۔ تم نے اپنے "ممکن ہے" اور "ناممکن نہیں ہے" سے میرا دل کباب کر دیا تھا۔

نعیم۔ یہ کیا گستاخی ہے۔ آپ نے ایک عالم اہل دفاضل عصر کو کیوں مارا۔

شوکت۔ عالم صاحب! الفاظ کا صحیح انتخاب کیجئے۔ ہر بات کے متعلق شک نہ کیا کیجئے۔ یہ کہنے کی بجائے کہ میں نے آپ کو مارا ہے آپ کو یہ کہنا چاہئے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں نے آپ

کو دھوکہ دیا ہے۔

نعیم - میں آپ کے خلاف استغاثہ کروں گا۔

شوکت - مجھے اس سے کیا کام۔

نعیم - میرے جسم پر مار کے نشان موجود ہیں۔

شوکت - ممکن ہے۔

نعیم - تم جانتے ہو کہ تم نے مجھے مارا ہے۔

شوکت - یہ بات ناممکن نہیں ہے۔

نعیم - میں تمہارے نام وارنٹ نکلوا دوں گا۔

شوکت - مجھے اس بات کے متعلق کوئی علم نہیں

نعیم - تم سزا پا جاؤ گے۔

شوکت - جیسا بھی ہو۔

(نعیم چلا جاتا ہے)

شوکت (تنہائی میں) اب کیا کرنا چاہئے۔ بے شک میرے لئے یہ شادی نامناسب معلوم نہیں ہوتی۔ چلتا ہوں اور دلاور سے ملتا ہوں۔ شاید اس مخمصے سے نجات پانے کی کوئی صورت نکل آئے

دلاور کے مکان میں داخل ہوتا ہے۔

دلاور - آؤ بیٹا۔

شوکت - جناب عالی قبلہ و کعبہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ.....

دلاور - کہو بیٹا کیا بات ہے۔

شوکت - جناب عالی بات یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ میں آپ کی حسین و جمیل دختر نیک اختر کے لئے مناسب شوہر نہیں ہوں۔

دلاور - کیا کہہ رہے ہو بیٹا تم ہر طرح سے اس کے لائق ہو۔

شوکت - نہیں نہیں یہ آپ کی ذرہ نوازی ہے اور اس کے علاوہ مجھے ایک ایسی بیماری ہے جس کی وجہ سے میرے اچانک مر جانے کا اندیشہ ہے۔ ایسی حالت میں میرا شادی کرنے کا خیال یقیناً حماقت ہے۔

دلاور - بہت اچھا میں اپنے بیٹے سے اس بات کا ذکر کرتا ہوں۔

تھوڑے عرصہ کے بعد مظفر داخل ہوتا ہے اس کے ہاتھ میں ایک چٹھی ہے

مظفر - جناب میں سنتا ہوں کہ آپ میری ہمشیرہ سے شادی کرنے سے انکار کرتے ہیں۔

(چٹھی دکھاتا ہے)

شوکت - (گھبرا کر) جناب.....

مظفر - جناب و ناجناب کچھ نہیں آپ شادی کریں گے یا نہیں۔

شوکت - کروں گا۔ پردہ کرتا ہے

(خاص)

سیر فلک

(مریخ کی دنیا کا ایک افسانہ)

(جناب لالہ چمن لال صاحب ایڈیٹر چمن امرتسر)

رشید نے سگرٹ کا کش لے کر کہا۔

یہ واقع ۱۹۲۴ء کا ہے۔ اس وقت مریخ زمین سے نزدیک تر تھا میں دو ماہ تک اس دنیا سے دور رہا۔ آپ کیا سمجھتے ہیں میں ان دنوں کہاں تھا؟ میرے پاس مسلسل دو ماہ تک پرواز کرنے کے لئے میٹر دل نہ تھا۔

اب مجھے بھی اس واقعہ کی تفصیلات یاد آگئیں۔ واقعی ایک شخص نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ وہ مریخ تک ہو آیا ہے۔ لوگوں نے اس کے افسانے پر اعتبار نہ کیا تھا اور اس نے تفصیلات دینے سے انکار کر دیا تھا۔

اب میں نے رشید کی طرف غور سے دیکھا۔ میری اس سے واقفیت پرانی تو نہ تھی لیکن دوستی کے ابتدائی مراحل سے گذر کر پائیدار دوستوں حیثیت اختیار کر چکی ہے۔

میں نے کہا "ہاں کچھ یاد تو آتا ہے"

رشید نے کہا۔ آپ لوگوں نے بالاتفاق مجھے جھوٹا اور فریبی بنایا اس کے میں خاموش ہوگیا۔ ورنہ میں نے جو کچھ دیکھا ہے وہ کسی سیاح کی نظر سے نہیں گذرا۔ چاند کی چشم جہاں بیں نے بھی ایسے نظارے کم دیکھے ہوں گے۔

اصل واقعہ یوں ہے۔

میں شروع سے مریخ تک پرواز کرنے کا آرزومند تھا۔ ۱۹۲۰ء میں جب یہ ستارہ زمین سے قریب ہونا شروع ہوا تو میرے ارادوں میں پختگی اور استقلال پیدا ہوگیا۔ میں نے حساب کرنا شروع کیا۔ تین سال تک میں حساب میں مصروف رہا۔ ابھی تک وہ اعداد و شمار میرے قبضے میں ہے۔ میں آپ کو اُن کے مطالعہ کی زحمت نہ دوں گا۔ مختصراً عرض کردوں کہ میرے تمام کام کا مرکزی خیال یہ تھا کہ دنیا میں صرف ایک طاقت ہے جو مجھے مریخ تک پہونچا سکتی ہے اور وہ زمین کی گردش ہے ہوائی جہاز دو سو میل فی گھنٹے کی رفتار سے زیادہ پرواز کر سکتا ہے اور میں نے اپنے ہوائی جہاز میں ایسے راکٹ لگائے تھے جن کی وجہ سے اسکی رفتار ۳۰۰ میل فی گھنٹہ ہوگئی تھی۔ پھر بھی میں اچھی طرح سمجھتا تھا کہ ان باتوں کا کوئی فائدہ نہیں۔ رفتار کتنی ہی سریع کیوں نہ ہوجائے۔ مریخ تک پہونچتے پہونچتے میرے خورد و نوش کا سامان ختم ہوجائے گا اور میں بھوکا مر جاؤں گا۔ الغرض میں اسی نتیجے پر پہونچا تھا کہ زمین کی حرکت و گردش سے کام لیکر میں کسی نہ کسی طرح مریخ تک پہونچ سکتا ہوں۔

زمین جو سورج سے ۹۳ میں میل دار ہے۔ ایک سال میں اس شمع فروزاں کے گرد گھوم جاتی ہے اور اس تیز رفتاری سے گردش کرتی ہے کہ دنیا کی سطح پر کوئی چیز اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی میں نے اپنے پٹرول اور راکٹ سے صرف اتنا کام لیا کہ شمس ثقل سے آزاد ہوگیا یعنی زمین کی قوت جذب نے مجھے متاثر کرنا چھوڑ دیا۔ اور بس مریخ تک میرا اسی طاقت کے ذریعہ پہونچا جو اس وقت آپ کو ۱۰۰۰ میل فی منٹ کے حساب سے پھرا رہی ہے۔ زمین سے علیحدہ ہوجانے پر حرکت کا ہیجان علیحدہ نہیں ہوجاتا۔ اسی طرح قائم رہتا ہے میں چاہتا تھا کہ اس بے پناہ قوت فرب سے کوئی کام لوں اور اسی کے ذریعہ مریخ تک جا پہونچوں۔ آخر کار میرے انتظام مکمل ہوگئے۔ میں نے مریخ تک پہونچنے اور وہاں سے واپس آنے کی تمام تفصیلات معلوم کرلیں۔ میں نے دو ماہ کے لئے کھانے کی چیزیں جمع کی ہیں پانی بوجھل معلوم ہوتا تھا اس لئے صرف اتنا ذخیرہ لیا جو ایک ماہ کے لئے کافی ہو میں سمجھتا تھا کہ پانی مریخ میں مل جائے گا۔ دو مہینوں کے ذریعہ مریخ میں پانی دیکھا گیا ہے۔ پھر کیا وجہ تھی کہ میں اس ذریعہ حیات سے محروم رہوں۔

سلنڈروں کا انتظام بھی ہوگیا میں نے ان میں ہوا بھری اب مریخ نزدیک آ رہا تھا۔ نزدیک تر آ رہا تھا۔ میں سوچ رہا تھا کہ خدا کا نام لیکر چل کھڑا ہوں۔ میں نے کسی سے اپنے ارادے کا ذکر نہیں کیا۔ مجھے ڈینگ اور شیخی سے نفرت ہے۔ ہر شام میں مریخ کی طرف دیکھتا تھا اب وہ سرخ رنگ کا ہالہ سا معلوم ہوتا تھا۔

جس رات میں نے زمین کو خیرباد کہا اس رات مریخ اہل زمین سے ۴۰ میل دور تھا۔ میں آپ کو حساب جغرافیہ اور اقلیدس کی الکتا دینے والی تفصیلات نہیں بتانا چاہتا۔ مختصراً یہ سمجھ لیجئے کہ میں نے اپنے جہاز کو ایک گولی سمجھا اور اس سے مریخ کی طرف اسی طرح نشانہ باندھا جسطرح قادر انداز نشانہ باز کبوتر یا تیتر کا نشانہ باندھتا ہے اور پھر ہوائی جہاز میں سوار ہوکر چل پڑا میں نے اپنے گرد پٹیاں باندھیں تاکہ جب زمین سے آزاد ہونے کے بعد ہوا کا دباؤ کم ہوجائے تو میرے اندرونی دباؤ کی وجہ سے میرا جسم دب کر نہ رہ جائے اور مجھے کوئی تکلیف نہ ہو اس کے علاوہ میرے پاس گرم کپڑے تھے تاکہ مکان کی بے انتہا

سردی سے محفوظ رہ سکوں۔ منہ سردی کے تیز و تند تھپیڑوں سے بچانا اور پیٹھ کو سورج کی آتش فشاں کرنوں سے محفوظ رکھنا میرا فرض تھا۔ ممکن تھا کہ دفعتاً سردی سے میرا کوئی عضو گر جائے اور گرمی سے میرا دماغ خراب ہو جائے۔ میرے سامنے مکان کی سردی تھی اور پیچھے سورج کی ظالم روشنی اور گرمی۔

زمین کے اثر سے آزاد ہو کر میں نے محسوس کیا کہ میرے چاروں طرف سکوت مطلق حکمراں ہے۔ سردی بے پناہ۔ کھانا مشکل۔ غیر آباد فضا کے مہیب خلد کا منظر خوفناک۔ کوئی اور ہوتا تو خوف کے مارے اس کا دم نکل جاتا۔ لیکن میں جما رہا۔ میں نے جو ہوا بھری تھی اب اس سے کام لینا شروع کیا۔

میں یقیناً پریشانیوں اور تکلیفوں سے مرجاتا۔ لیکن یکایک سامنے مجھے مریخ نظر آیا۔ دن کی روشنی میں ایک زرد سفیدی مائل دائرہ نظر پڑا۔ چھوٹے سے چاند کی طرح۔ ذرا دائیں طرف اپنی محنتوں کو بارآور ہوتے دیکھکر میری جان میں جان آگئی آج تک انسان کی آنکھ نے ایسا منظر نہ دیکھا ہوگا۔

آہستہ آہستہ مریخ کی نہریں دکھائی دینے لگیں۔ پھر سمندر نظر آئے۔ اب چاند کی طرح ہوگیا۔ بڑا ہوتا چلا گیا۔ اب پہاڑ صاف نظر آرہے تھے۔ دریا۔ ندیاں۔ اور مریخ کا راز جو آج تک تخیل کا سہانا دانوں کی نکتہ آفرینیوں کا موضوع خاص رہا ہے۔ میرے لئے ایک کھلی ہوئی بات تھی مجھے نیند آگئی۔

آنکھ کھلی تو معلوم ہوا کہ اب مریخ زمین کی طرح نظر آتا ہے۔ پھر مجھے معلوم ہوا کہ سیارہ میرے نیچے ہے۔ اب سیارے نے میرے جہاز کو اپنی طرف جذب کرنا شروع کیا۔ میں ایک وادی میں اترا۔ کیونکہ وہاں میں اپنے جہاز کو پوشیدہ رکھ سکتا تھا۔ اب زمین سے چلے ہوئے مجھے ایک ماہ کا عرصہ ہوگیا تھا۔ میں جہاز سے باہر نکلا تو معلوم ہوا کہ مریخ زمین سے مختلف نہیں ہے میں نے بعض درختوں کی شاخیں توڑ کر جہاز میں رکھ لیں اور پانی کے حوض کو بھر لیا۔ پانی مصفا اور خوش گوار تھا۔ اس کے بعد میں نے اپنے بدن کو پٹیوں کے بوجھ سے آزاد کیا۔ اور ندی میں نہانے کے ارادے سے اتر گیا۔ نہانے کے بعد میں نے اپنا ریوالور لیا اور اپنے دور کے بھائیوں سے ملاقات کی خاطر چل پڑا۔ جنگل میں سے ایک میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد مجھے ایک عمارت نظر آئی۔ یہ عمارت مستطیل تھی۔ ۱۵۰ فٹ بلند اور دس فٹ وسیع اس کے بعض حصے دھات کے تھے۔ مضبوط دھات کی جالی کے اور اندر کا حصہ صاف نظر آتا تھا۔ اب میں نے دیکھا تو معلوم ہوا کہ اس عمارت کے اندر کچھ لوگ چل پھر رہے ہیں میں نے آج تک ایسے لطیف ایسے نفیس شگفتہ اور نازک آدمی نہیں دیکھے عورتیں ایسی سبک اور خوبصورت تھیں گویا پھولوں کی پتیاں۔ اُن کے خرام میں ایک سادگی ایک وقار تھا جو دل میں پیوست ہوا جاتا تھا جب میں نے یہ دھات کی دیوار دیکھی تو مجھے یقین ہوگیا کہ ان لوگوں نے کسی جانور سے محفوظ رہنے کے لئے مکانوں کو اس طرح تعمیر کیا ہے۔ اور میں نے اپنا ریوالور سنبھال لیا۔ میں عمارت کے قریب گیا جھکا اور سلام کیا۔ انھوں نے میرے اشارے کو فوراً سمجھ لیا میں ان کے مقابلے میں ایک وحشی جانور معلوم ہوتا تھا۔ ان کی تہذیب ان کی خوش اخلاقی ان کی نفاست الفاظ کے ذریعے ادا نہیں ہو سکتی۔

میں دھات کی جالی کے ساتھ کھڑا ہوا ان سے باتیں کرتا رہا اگر اشاروں کے ذریعے مفہوم واضح کرنا باتوں میں داخل کیا جا سکتا ہے۔

میں نے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ وہاں جہاں رات کو وہ زمین کو چمکتا ہوا اکثر دیکھتے ہونگے۔ وہ فوراً میرا مطلب سمجھ گئے۔ اس کے بعد انھوں نے مجھے اپنی زندگی کے متعلق

(باقی ۶۷۴ صفحہ پر دیکھئے)



ایڈیٹر 'بہار عالم' — ۱

'' میں بہت ھی لائق آدمی ھوں ' میرا رسالہ بہترین رسالہ ھے -
وغیرہ وغیرہ..... سوچتے ھیں .....

ایڈیٹر ''بہار عالم'' — ۲

''..... کہ میں جب راستے پر چلتا ھوں تو سب کی نگاھیں مجھ ھی پر
پڑتی ھونگی ' کیونکہ میں ھوں ایڈیٹر ' بہار عالم '!

'بہار عالم' اور اسکے ایڈیٹر

ایڈیٹر — ہائے ہائے! میری اور میرے رسالہ کی یہ عزت!
میں تو کہیں کا نہ رہا!!

'بہار عالم' کی قدردانی — ۱
ردی کی ٹوکری میں!



'بہار عالم' کی قدردانی — ۲
خریدار — معاف کیجئے، مجھے اس رسالہ کی ضرورت نہیں!

'بہار عالم' کي قدرداني — ۳
لائبریري میں علاوہ 'بہار عالم' کے سب رسالے دیکھے جاتے ہیں

'بہار عالم' کي قدرداني — ۴
دي - پي لینے سے انکار!



بیچارہ ایڈیٹر

یہ سمجھ کر سوچ کر بھریئے اثر مضمون میں
آپ نے کچھ لکھ دیا اور آگئے قانون میں

— بسمل الہ آبادی



''پریس یونین'' —۱

ھندوستان میں پریس یونین کی کوئی پروا بھی نہیں کرتا ' ایڈیٹروں میں خود میل جول نہیں ھے۔
اگر کہیں پریس یونین کی میٹنگ ھوئی تو اتفاق کا کہیں نام بھی نہیں ھوتا !

''پریس یونین'' —۲

انگلینڈ میں پریس میں اتنا اتفاق ھے کہ
' جان بل ' پریس یونین کے نام سے
کانپتے ھیں۔

ایک تصویر کے دو رخ — ۱

ایڈیٹر — میں آپ لوگوں سے عاجز آگیا ہوں ' مجھے آپ کے مضامین اور غزلوں کی مطلق ضرورت نہیں ہے !

ایک تصویر کے دو رخ — ۲

ایڈیٹر — مجھے اس مرتبہ معاف کردیجئے ' اب کبھی آپ کا مضمون بغیر آپ کے نام کے نہ چھاپونگا !

مالک - ایڈیٹر کي مصیبت—۱

گورنمنٹ ضمانت طلب کرتي ھے.....اور.....

مالک - ایڈیٹر کي مصیبت—۲

پریس بند کرنے پر سیکڑوں کے بیوکوں مرنے کا انتظام ھو جاتا ھے!

رسالہ جاری کرنے پر ——

اگلے ایک سال بعد!

حسنِ خیال

اصنام العرب
یا
عربوں کے مشہور بت

[جناب پروفیسر محمد حسین صاحب عرشی سابق ایڈیٹر حسنِ خیال آورنگ آباد]

زمانہ جاہلیت میں، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے عربوں کی بت پرستی مشہور آفاق ہے، اگرچہ آپ کی نبوت سے پہلے سرزمین عرب میں اور بھی کئی مذہب رائج تھے، مگر بت پرستی ہر طرف چھائی ہوئی تھی۔ عربوں کا سب سے بڑا بتوں کا مرکز خانہ کعبہ تھا۔ زمین عرب میں کئی بت بہت نامور اور خاص شہرت رکھتے تھے۔ ان میں لات اور عزّیٰ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سے بت خدائی کے منصب جلیل پر فائز رہ چکے ہیں۔ ان کے مختصر حالات حوالہ رقم کئے جاتے ہیں۔ طائف کا مشہور قبیلہ ثقیف جس نے اسلام کو بہت قوت اور امداد پہونچائی ہے، اسلام لانے سے قبل دو بتوں کی پرستش کرتا تھا۔ ان میں سے ایک کا نام لات تھا اور دوسرے کا عزّیٰ۔ یہ ان کے ایسے ہی معبود تھے جس طرح عربوں کے ہر قبیلے کا ایک الگ بت ہوا کرتا تھا کہ جاہل لوگ تو انھیں خدائے مطلق سمجھتے تھے۔ لیکن عقلمند ان بتوں کو صرف قربتِ الٰہی کا ذریعہ جانتے تھے۔

۱۔ لات: علمائے تاریخ کا بیان ہے کہ یہ لات ایک سفید چوکور چٹان تھی جس پر ایک شخص بیٹھکر ان حاجیوں کے ہاتھ گھی اور دودھ فروخت کیا کرتا تھا۔ جو ابتدائے جاہلیت کے زمانے میں حج کے لئے اطراف ملک سے آیا کرتے تھے۔ پھر بعد کو قبیلہ ثقیف کا یہ اعتقاد ہوگیا کہ ان کا حقیقی معبود اسمیں داخل ہوگیا ہے۔ انہوں نے اس پتھر کے اوپر ایک شاندار عمارت (بت خانہ) بنادی۔ اور اس کی باقاعدہ عبادت کرنے لگے۔ اس کے حاجب (پردہ دار یا دربان) اور خادم مقرر کئے اور یہ لوگ طواف کیا کرتے تھے۔ اور اس کو کعبہ کا مماثل سمجھنے لگے تھے۔ ایک قیمتی غلاف تیار کرکے اسے اڑھا دیا تھا اور اس کے قرب وجوار میں شکار حرام و ناجائز سمجھتے تھے

جب قبیلہ ثقیف اسلام لے آیا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک محترم صحابی مغیرہ بن شعبہؓ کو طائف بھیجا مغیرہ نے جاکر اسکی عمارت کو ڈھادیا۔ اور اسے آگ لگادی۔ یاقوت حموی کا بیان ہے کہ: یہ بت ہنوز (یعنی اس کے زمانے میں) مسجد طائف کے نیچے پڑا ہے" مگر یہ شاید اس چٹان کا کوئی ٹکڑا ہوگا۔ جو اس عمارت کے جلانے اور ڈھانے کے بعد بچ رہا تھا۔ اس بت کے اوپر بنائی گئی تھی

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ اس کا اصلی نام "لاہ" تھا۔ اسلام سے کچھ پہلے (ہ) کو ت سے بدلکر لات کر لیا گیا۔

۲۔ العزّیٰ: یہ لفظ اعزّ کا مؤنث ہے، مورخین اور عرب کے کلام سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ معزز بت عورت کی

مناۃ کے پاس آتے اور اس کے اطراف میں ٹھہر کر سروں کو منڈاتے تھے۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ بغیر اس کے حج کی تکمیل نہیں ہوتی۔ یہی حج کا تکملہ ہے۔ قریش اور دوسرے تمام عرب بھی مناۃ کی تعظیم کرتے تھے۔

۸ھ میں آنحضرت جو عام فتح کے دن تشریف لائے تو آپ نے صحابہ کو مع ابو سفیان بن حرب کے بھیجا تاکہ مناۃ کی معبودیت ہمیشہ کے لئے ختم کر دیں اصحاب نے جاکر حکم رسول کی تعمیل کی اور جو کچھ اس کی ملکیت تھی وہ سب بھی لے آئے اس بت کے پاس انھیں دو تلواریں بھی ملیں۔ یہ تلواریں عرب کے ایک غسانی سردار حارث بن ابی شمر نے اس بت کی خدمت میں ہدیہ کمال عقیدت کیساتھ پیش کی تھیں۔ ان میں سے ایک تلوار کا نام مخذم تھا (کاٹ ڈالنے والی) اور دوسری کا نام (رسوب) (اندر تک گھس جانے والی) یہ دونوں تلواریں عرب کی مشہور آفاق تلواروں میں سے تھیں۔ اس کے علاوہ مناۃ کے متعلق کوئی اور خاص بات قابل تذکرہ نہیں معلوم ہوتی۔

۴۔ ھبل۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ بت سرخ عقیق اور انسانی صورت کا تھا۔ اس کا داہنا ہاتھ ٹوٹا ہوا تھا۔ قریش نے اسی حالت میں کہیں سے اسے پایا تھا۔ پھر انہوں نے اس کا یہ ہاتھ سونے کا بنوا دیا۔ اور اس کو سطح کعبہ میں رکھا۔ جس شخص نے سب سے پہلے اسے نصب کیا تھا اس کا نام خزیمہ بن مدرکہ ہے۔ اسی نسبت سے اس بت کو قریش "ھبل خزیمہ" کہتے تھے۔ قریش کے بت وسط کعبہ میں اور اطراف کعبہ میں یوں تو بہت سے تھے مگر ان کے نزدیک ہبل ہی سب سے بڑا بت تھا اسکے خاص پرستار قبیلہ بنی کنانہ کے لوگ تھے، یہ قبیلہ انھیں بتوں کی پرستش کرتا تھا۔ جسے قریش پوجتے تھے۔

یہ بت بھی فتح مکہ کے دن اور بتوں کے ساتھ حضرت علی کے ہاتھ سے ٹوٹا رسول اللہ صلعم کے کاندھوں پر حضرت علی سوار تھے اور بتوں کو توڑتے جاتے تھے۔

۵۔ وُدّ۔ اس بت کا ذکر قرآن شریف میں بھی آیا ہے یہ ایک مرد کا بہت بڑا مجسمہ تھا۔ اسپر دو کپڑے منقوش تھے ایک کپڑا تو پہنے ہوئے تھا اور دوسرا اوڑھے ہوئے گلے میں تلوار حمائل تھی۔ ایک بڑی کمان پر کہنی ٹکائے تھا۔ اس کے سامنے ایک نیزہ تھا جس میں جھنڈا لگا ہوا تھا، اور ایک ترکش (تیر دان) بھی تھا جس میں تیر تھے۔ یہ بت خاص طور پر قبیلہ "بنی وبرہ" کا تھا اور مقام دومۃ الجندل میں رکھا تھا یہ مقام تاریخ اسلام میں مشہور اور آج کل جوف کے نام سے معروف ہے۔ شام سے مشرق میں ذرا جنوب کی طرف ہے اس کی دربانی (حجابت) کی معزز خدمت بنی قرافصہ بن الاحوص کو حاصل تھی۔ یہ لوگ اصل میں کلبی خاندان کے تھے۔ اسے بھی فتح مکہ کے دن توڑ کر ختم کر دیا۔

۶۔ سواع۔ یہ مقام ینبع میں تھا اور "ہذیل" اس کے اصلی پرستار تھے۔ اس کی مجاورت اور دربانی کا شرف بنو لحیان کو حاصل تھا۔

۷۔ یغوث۔ یہ بہت قدیم بت ہے اور قبیلہ مذحج کے لوگ اس کے پرستار و عبادت گزار تھے۔ یہ بت یمن میں ایک ٹیلے پر تھا، اور یہ ٹیلہ کے نام ہی سے معروف ہوگیا تھا۔ بعد کو وہاں سے بخران پہونچا دیا گیا تھا۔

۸۔ یعوق: یہ بھی بہت قدیم ہے، یہ پہلے یمن میں تھا اور ہمدان کا معبود تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پہلے یہ صنعاء

صورت کا تھا، جو اپنے بال اور زلفیں بکھیرے ہوئے تھی۔ اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں کاندھوں پر رکھے ہوئے تھی۔ اور اپنی کمالیوں کو گھما رہی تھی۔

یہ بت مقام نخلہ شامیہ کی وادی میں تھا۔ جو مکہ سے کئی روز کے فاصلے پر عراق کی جانب مقعد کی داہنی طرف ہے ظالم بن اسعد نامی ایک شخص نے اس بت کے نصب کرکے اس پر ایک مکان تعمیر کیا تھا۔ یہ بت قدامت کے لحاظ سے لات اور مناۃ سے نیا ہے یہ بت قریش کے نزدیک سب سے بڑا اور معزز تھا۔ وہ خصوصیت کے ساتھ اس کی زیارت کو آتے تھے۔ اس کے لئے تحفے طائف بھیجتے تھے اور قربانیاں کرکے اس کا تقرب حاصل کرتے تھے اس کی عزت وعظمت قریش میں بہ نسبت اور بتوں کے بہت زیادہ تھے۔ انھوں نے اس کے مصارف کے لئے وادی حراض کا ایک خاص ٹکڑا مخصوص کر دیا تھا۔ جس کا نام ستام تھا۔ اور اس کو کعبہ کے برابری ومساوات کا درجہ دیتے تھے۔

عزّیٰ بت کے خاص خادم۔ وحاجب شیبان بن جابر کی اولاد کے لوگ تھے اور اس بت کا سب سے بڑا پرستار سب سے پکا معتقد اور سب سے زیادہ مستقل عبادت گزار حاصی بن امید کا بیٹا ابوعُبیحہ سعید تھا۔ یہ شخص مکہ میں مقیم اور قریش کو بہت عزیز تھا۔ کسی کی یہ ہمت نہ تھی کہ جس رنگ کا عمامہ وہ باندھتا تھا۔ کوئی اور اس رنگ کا باندھتا جب اسلام کی شوکت وقوت غالب ہوئی تو رسول اللہ صلعم نے خالدبن ولید سیف اللہ کو جو اسلام کے زبردست سپہ سالار تھے۔ عزّیٰ کے خاتمہ کے لئے بھیجا آپ نے جاکر اس کا سر توڑ دیا۔ اور اس کے مجاور دبیّہ بن حرمی سلمی کو قتل کر دیا ۱۳۴۱ھ میں خیرالدین زرکلی شام کے مشہور ادیب واہل قلم اور نامور شاعر ومصنف نے سفر حجاز کیا، اور اپنا ایک سفر نامہ شایع کیا ہے اس میں لکھتے ہیں۔ کہ ہیکل عزّیٰ کی نسبت طائف کے لوگوں نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ ابھی تھوڑے عرصہ تک یہیں تھا۔ مگر جب محمد علی پاشا اور وہابیوں میں جنگ ہوئی تو یہ بت وہابیوں کے ہاتھ لگ گیا انہوں نے اس کا سر توڑ پھوڑ کر دھڑ مسجد عباسی کے قریب باہر ڈال دیا۔ ابھی چند روز پہلے تک یہیں پڑا ہوا تھا۔ مگر کچھ عرصے سے نظر نہیں آتا ہے۔ بعض لوگوں نے زرکلی سے یہ بھی بیان کیا کہ سیل کے راستے میں جو مکہ اور طائف کے درمیان میں ایک مقام ہے۔ ایک مجسمے کا نشان ملتا ہے جسپر گزرنے والے کو دور سے ایک انسانی صورت نظر آتی ہیں۔ جو ایک پتھر کی چٹان پر کھدی ہوئی ہے مگر جب اس کے قریب جاتا ہے تو لکیروں کے نشانوں اور چند اینڈے بینڈے مگر بہت دھندلے نقوش کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا۔

۳۔ مناۃ: یہ بت یثرب (مدینہ منورہ) میں تھا اور یہں کی نسبت کہا جاتا ہے کہ عرب کے بتوں میں بہت قدیم بت ہے اس بت کے سب سے زیادہ معتقد، تمام عرب قبائل سے زیادہ پجاری اوس اور خزرج کے قبیلے تھے۔ یہ دونوں قبیلے مدینہ کے نہایت ممتاز اور مشہور قبیلے تھے۔ اور جو قبائل یثرب اور اسکے جوار میں رہتے تھے جو اوس وخزرج کے قبیلے کے تھے۔ وہ سب اسی بت کی پرستش کرتے تھے۔ یہ لوگ کعبہ کا حج کرنے کے لئے مکہ میں آتے تھے، تمام مواقف (ٹھہرنے کی جگہوں میں) ٹھہرتے اور تمام مراسم حج ادا کرتے تھے۔ مگر سروں کو منڈاتے نہ تھے۔ حج سے فارغ ہوکر سیدھے

کے ایک گاؤں حیّواں نامی میں تھا' اور یہ مقام مکّہ سے دو روز کے فاصلے پر واقع ہے

یاقوت حموی کا بیان ہے کہ ہمدان یا کسی اور قبیلے کا کوئی شر اس بت کے متعلق میرے سننے میں نہیں آیا۔ اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ جو لوگ جو اس بت کے اصلی پرستار اور عبادت گزار تھے۔ صنعاء کے قریب رہتے تھے اور قبیلہ حمیر میں بہت زیادہ گھل مل گئے تھے۔ پھر انھیں کے ساتھ یہودیت کا مذہب اختیار کر لیا تھا کیونکہ حمیر کے سردار ذونواس نے جب یہودیت کو اختیار کیا تو اس کے ساتھ حمیر کے سب لوگ یہودی ہو گئے تھے۔

۹۔ نسر۔ یہ بھی عرب کے قدیم بتوں میں ہے۔ ملک سبا یمن میں ایک مشہور مقام ہے جہاں کی ملکہ بلقیس کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے۔ اس کے علاقے کے ایک گاؤں میں یہ بت تھا قبیلہ حمیر اس کی پرستش اور پوجا کرتے تھے اور یہاں کے والیان حکومت بھی جب تک یہ لوگ ذونواس کے ساتھ یہودی نہ ہوئے۔ اس وقت تک برابر اس کے پرستار رہے مگر ان کے یہودی ہوتے ہی نسر کی خدائی کا خاتمہ بھی ہو گیا۔

۱۰۔ اساف: یہ بھی عرب کے قدیم ترین اصنام میں تھا

[صفحہ ۶۶۱ کا بقیہ]

یہ بت مکہ میں کوہ صفا پر تھا' اسے بھی آنحضرت کے اصحاب نے فتح مکہ کے دن توڑ پھوڑ کر برابر کر دیا۔

۱۱۔ نائلہ: یہ بھی بہت بڑا بت تھا مکہ کے مشہور پہاڑ مردہ پر رکھا تھا یہ مورت کی شکل کا تھا جاہلیت کے زمانے میں جب لوگوں کو موقع ملتا اسے چھو جایا کرتے تھے یہ بھی فتح مکہ کے دن توڑ ڈالا گیا

۱۲۔ ذوالخلصہ: مشہور بت ہے مگر مورخین کا اسمیں بہت اختلاف ہے کہ یہ کس مقام پر تھا اور اس کی کیا صورت تھی۔ زیادہ خیال اور غالباً صحیح بھی یہی ہے کہ یہ ایک سخت سفید منقوش پتھر تھا اور اس کے سر پر تاج سا تھا یہ بت مقام تبالہ میں تھا۔ جو مکہ اور یمن کے درمیان میں مکے سے سات روز کے فاصلے پر ہے اسکی دربانی کا منصب بنی اُمامہ کو حاصل تھا یہ قبیلہ باہلہ کا ایک بطنی قبیلہ تھا۔ خثعم' بجیلہ' ازد السراۃ وغیرہ قبائل اسکی عظمت کرتے اور اس کے لئے تحفے تحائف بھیجا کرتے تھے۔ اس بت کو جریر بن عبداللہ نے اسلام لانے کے بعد ڈھایا۔ اور اسکی عمارت میں آگ لگا دی۔ اس طرح ان تمام بتوں اور ان کی خدائی کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا۔

(خاص)

اودھ شیراز محبت طراز کی بہار کے مرے لوٹ!

مینو سواد شاہجہاں آباد کی مجلس آرائیاں تجھکو نہ بھائیں نہ سہی ہندوستان کی قدر و منزلت تجھے نہ پسند آئی نہ سہی! اس میں تیرا قصور ہی کیا نہیں! تیرا آب و دانہ ہی اس سرزمین سے اٹھ گیا تھا خیر خدا ستان ہند کا چھوڑنا خدا تجھے دلس لائے۔ بوستان فارس میں جا نما مبارک ہو اکوہ ہمالیہ کے باغ و ملاغ میں تیرا ٹھکانا نہیں تو بھی یہ یاد رہے گا! یاران چمن کو تیرا آخری سلام مغلیہ سلطنت کیلئے موت کا پیغام ہو گیا۔ بس بس اب اسکے خیال سے بھی دل کانپتا ہے

اچھا۔ اے تخت طاؤس رخصت! یاد رکھ ایرانی بھی خاطر تواضع کرنا خوب جانتے ہیں! ان کو تیرا اچھا پیار آتا ہے انکی مہمان نوازی سے سب خوش ہوتے ہیں تو بھی خوش رہے گا! انکی صحبت سے تو نیک نام ہو گا! تیری دولت کے وہ اصلی حقدار ہیں تو بھی انکو اپنا اہل سمجھ۔ میرا غم نہ کر! میں بھی اپنے دل پر سنگ صبر رکھ کر خاموش ہو جاؤں گا!! اچھا خدا حافظ!

(خاص)

خاتون

تختِ طاؤس سے خطاب

(مولوی مرزا مظفر حسین سبزی دہلوی سابق ایڈیٹر رسالہ خاتون)

آہ! اے تختِ طاؤس آج تو کہاں ہے۔ تیری صورت کس کنج عزلت میں پنہاں ہے۔ ہاں! ہاں تو نے ہندوستان جنت نشان کو کیوں خیرباد کہہ دیا! تو نے کون سے گلستان میں اپنا آشیاں بنایا ہے! میں تجھ کو کدھر ڈھونڈوں! کہاں پاؤں! اُف تجھے کیا معلوم کہ تیری یاد نے اس وقت میرے دل میں کیسی تڑپ پیدا کر دی ہے۔

کون نہیں جانتا کہ ابو المظفر جلال الدین اکبر اعظم کے نامور پوتے شہاب الدین محمد شاہجہاں بادشاہ نے مجھکو اپنے جاہ و جلال کے اظہار کی غرض سے بنوایا تھا اُس نے تختِ جہانگیر پر قدم رکھتے ہی بے بدل خاں کی نگرانی میں بڑے اہتمام سے تیری تیاری کا حکم دیا تھا۔ ہائے! پھر کیوں نہ تو بے بدل ہوتا! ایشیا بھر میں تیری دھوم تھی۔ بلکہ دنیا کے شاید ہی کسی بادشاہ کو ایسا بے نظیر تخت نصیب ہوا ہو۔

تواریخ میں تیری تعریف آئی ہے کہ یہ تخت سوا تین گز طویل ڈھائی گز عریض اور پانچ گز بلند تھا اور چھیاسی لاکھ کی مالیت کے منتخب جواہرات موقع بموقع نصب کئے گئے تھے۔ جس میں ایک لاکھ تولہ خالص سونا جو اس وقت چودہ لاکھ روپئے کا ہوتا تھا صرف ہوا تھا۔ تخت پر چڑھنے کے واسطے تین سیڑھیوں کا ایک مرصع زینہ تھا اور اس کے اوپر ایک مینا کاری چھپر بارہ زمردین ستونوں پر قائم کیا گیا تھا۔ گویا وہ ایک پُر تکلف بارہ دری تھی۔ جس میں تاجدارانِ ہند خاص خاص موقعوں پر نزول اجلال فرمایا کرتے تھے۔

چھپر کے بالائی جانب دو مرصع طاؤس بنائے گئے تھے ان کے درمیان موتی و یاقوت۔ نیلم و زمرد کے پھول پتّوں سے سجا کر ایک خوبصورت درخت کھڑا کیا گیا تھا جو غالباً طاؤس کی منقار کا قائم مقام ہوگا۔ ان میں بیشتر وہ بیش بہا ہیرے اور جواہرات تھے جو قطب الملّت والدین اعلیٰ حضرت امیر تیمور صاحب قران کے عہد سے امرائے دربار وقتاً فوقتاً اپنے ولی نعمتوں کی خدمت میں بطور نذر گذرانتے چلے آئے تھے اور ان کی ایک کثیر تعداد زمانہ دراز سے شاہان مغلیہ کے خزانۂ شاہی میں جمع ہو گئی تھی۔

طاؤس کی دُم جو حالت رقص میں دکھائی گئی تھی سلطان کی خاص تکیہ گاہ کا کام دیتی تھی جو دس لاکھ کی لاگت سے تیار کی گئی تھی۔ اُس کے وسط میں ایک نہایت درخشاں لعل پیوست تھا مگر دراصل اس لعل کی تاریخ بھی عجیب بروز گار رسے ہے اول اول اس لعل پر خاندان مغلیہ کے مورث اعلیٰ حضرت امیر تیمور صاحبقراں و مرزا الغ بیگ کے اسمائے گرامی منقوش تھے۔ انقلاب زمانہ سے یہ گوہر مقصود شاہ عباس صفوی شاہ ایران کے ہاتھ لگ گیا تو اس نے اپنا نام بھی اس پر نقش کرا دیا تھا مگر بعد میں اس نے اس لعل کو مغل اعظم شہنشاہ جہانگیر کے دربار میں تحفتہً ہندوستان بھیجدیا۔ نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ نے اپنا اور اپنے پدر بزرگوار جنت مکانی کا نام نامی کندہ کرا کے شاہزادہ خرم شاہ جہاں

کو فتح دکن کی خوشی میں مرحمت کر دیا تھا جب اعلیٰ حضرت شاہجہاں بادشاہ ہفت اقلیم و شہنشاہ تخت و دیہیم قرار پائے تو اس لعل پر اپنے اسم گرامی کا اضافہ کر کے اُسے تخت طاؤس کی زینت افزائی کے واسطے عنایت فرمادیا۔ گویا مجموعہ سات مہریں اس لعل بے بہا پر ثبت ہو سکیں۔ علیٰ ہذا القیاس بائی شاہجہاں آباد موجودہ تخت طاؤس کے بعد اس خاندان کے صرف سات بادشاہوں کو اس عنقائے روزگار تخت پر سریر آرائی کرنا نصیب ہوئی!

تخت طاؤس کے گرد گیارہ تختوں کی آئینہ بندی رشک تخت سلیمان تھی۔ جس کے اندرونی جانب ملک الشعراء حاجی محمد جان قدسی کا ایک فارسی قصیدہ درج تھا جس کے بیسویں شعر کے آخری الفاظ اورنگ شاہنشاہ عادل تھے۔ اور اس سے ۱۰۴۴ھ ہجری تخت شاہجہانی کی مادہ تاریخ نکلتی ہے۔

سبحان اللہ! خاقان الممالک سلطان حضرت صاحبقراں ثانی شاہجہان بادشاہ غازی نے تیرے لئے اس ارض مقدس کو تجویز کیا جو ابتدائے تاریخ سے شاہان ذی اقتدار کا پایہ تخت رہا ہے۔ نوح علی نور تیرے رہنے کے واسطے وہ گلستان ارم تعمیر کرایا جس پر یہ شعر حرف بحرف مصداق تھا۔

اگر فردوس بر روے زمیں است
ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است

اللہ! اللہ! وہ بھی کیا زمانہ ہوگا جب عمدۃ الملک وزیر سعداللہ خاں علامی نے تیری پابوسی کے بعد سب سے پہلے وفاداری کا حلف اٹھایا ہوگا! وہ بھی کیا آنکھیں ہونگیں جنھوں نے اس بیمثل دربار کی بہار لوٹی ہوگی۔ شہزادہ سپہر جاہ محمد دارا شکوہ کی تجھ پر تسلط جمانے کیلئے مخفیہ سازشوں کے باوجود شاہجہاں کا سب سے لائق فرزند محی الدین محمد اورنگ زیب شہنشاہ عالمگیر کے لقب سے تجھ پر بعد شان و شکوہ متمکن ہوا ہوگا۔ یہی نہیں۔ بلکہ امیرالامراء..... جیسا دکن کا سب سے بڑا سیاست داں تیرے حلقہ بگوش غلاموں میں نظر آتا ہوگا! آہ! ایسے ایسے دلچسپ اور عبرت انگیز تماشے سامنے ہوں اور تو ان نظاروں میں محو ہو کر تصویر حیرت بنا کھڑا رہے۔

لوگ کہتے ہیں کہ جنگل میں مور ناچا کسی نے نہ دیکھا! مگر نہیں تو تو آبادی میں ناچا! سلاطین کے بھرے درباروں میں ناچا! جشن و طرب کی محفلوں میں ناچا! تخت نشین و سالگرہ کے جلسوں میں ناچا اور ایسا ناچا کہ دیکھنے والوں کو مدہوش اور دنیا کی آنکھوں کو خیرہ کر دیا۔

لیکن ہاں یہ تو بتا کہ تو ناراض کیوں ہو گیا؟ کس چیز نے تجھے ترک وطن کرنے پر مجبور کیا؟ آخر ہندوستان سے بیزاری کی کوئی وجہ بھی؟ شاید ایک بار خلد بریں سے نکلنے کے بعد پھر جنت ارضی سے رُخ پھیر کر چلے جانا تیری فطرت ثانیہ بنگئی کہ جہاں کوئی نیا سبز باغ" دیکھا اور اپنے قدیمی گلشن سے اُڑ گیا! پھر بھی تیری یہ بے رُخی۔ یہ بے اعتنائی اچھی نہیں اپنوں ہی سے یہ طوطا چشمی!

فردوس مکانی صاحب قران ثانی نے تجھکو کس کس ناز و نعمت سے پالا! انھوں نے تیری کیا کیا ناز برداری نہ کی۔ کوئی دانہ کھاتا ہے۔ مگر تیرے آقاؤں نے تیری چونچ موتیوں سے بھر دی! تیرے نام میں ایک کرور روپیہ کا خرچہ لکھا ہوا ہے! سچ کہنا کیا تیرے پیروں میں زمرد لعل نیلم اور ہیرے نہیں ٹھکے ہوئے تھے! اس سے زیادہ کیا کوئی تجھے سونے میں تولیگا!

حضرت شفق عماد پوری نے ذیل کے ہر بند گویا تیری ہی شان میں لکھے ہیں اور کیا خوب فرمایا ہیں۔

تو پرندہ ہے بہشتی خوبصورت خوش جمال
سرزبرجد کا ہے پر نیلم کے، آنکھیں لعل کی
غصو سانچے میں جواہر کے ڈھلے ہیں بیمثال
حور کی چوٹی ہے تیرا طرۂ تاج زری!
گو پرندوں میں ہما کا نام فرخ فال ہے
تو بھی خوش طالع، مبارک پے۔ ہمایوں بخت ہے
کب بروبال ہُما سے کم ترا اقبال ہے!
تجھ سے مشہور آج تک شاہ جہاں کا تخت ہے
اب کہاں وہ تخت والوں اب کہاں وہ شہریار
روتے ہیں ہم اپنے اجڑے بام و در کو دیکھکر
صفحۂ ہستی سے کیا کیا مٹ گئے نقش و نگار
مست ہے تو اپنے حسن بال و پر کو دیکھ کر
آہ! سرچشمۂ سلاطین حضرت ظہیرالدین محمد بابر بادشاہ کے نام کی عزت تیری بدولت قائم تھی! سلطان نصیرالدین محمد ہمایوں بادشاہ کی دشت نوردی کی یاد تیرے طفیل لوگوں کے دلوں سے محو ہو چکی تھی۔ شاہ جہاں کے تاج کی رونق تجھ سے تھی اور نگ زیب کے تخت کی زینت تجھ سے تھی۔ مگر اُف! تو بڑا احسان فراموش نکلا! تجھ سے ہرگز ایسی بے وفائی کی اُمید نہ تھی۔

کہتے ہیں کہ جب مور کے پر گرنے کا وقت آتا ہے تو وہ غیرت و شرم سے مجبور ہو کر باغ کے تاریک ترین گوشوں میں روپوش ہو جاتا ہے۔ ممکن ہے دنیا کی نظروں سے تیرے اوجھل ہونے کی یہی وجہ ہو! بہرصورت تو بھی جانور ہی تھا۔ وہ بھی بھولا بھالا! دنیا کی ہوا تجھ کو نہیں لگی تھی! تو ایک اجنبی صیاد کے دام فریب میں پھنس گیا۔ لاچار و بے بس تھا۔ آخر کر بھی کیا سکتا تھا!

مگر نہیں۔ میں سخت غلطی کر رہا ہوں تو بڑا سمجھدار ہے۔ بالغ نظری اور دور اندیشی تیرا ہی حصہ ہے۔ بادلوں کی آواز کو تو دور ہی سے سن لیتا ہے۔ تو نے ہند کے غبار آلود مطلع میں اپنے قدردانوں کی قسمت کا فیصلہ پہلے ہی پڑھ لیا تھا اور واقعہ یہ ہے کہ سلطان محمد معظم بہادر شاہ اوّل کی ناعاقبت اندیشی ملک معزالدین جہاندار شاہ کی خود فراموشی اور فرخ سیر شاہ جہاں کی شہادت نوشی نے تجھکو یکلخت برداشتہ خاطر کر دیا تھا اگرچہ سید عبداللہ و سید حسین علی جیسے بازیگروں کی کٹھ پتلیاں شاہزادہ رفیع الدرجات و رفیع الدولہ وغیرہ روز ایک نیا تماشہ تیرے روبرو پیش کرتی ہونگیں نیز سلطان جان عالم محمد شاہ رنگیلے کی عشرت پرستیاں ہر ہر طرح سے لبھانے کی کوشش میں رہتی ہوں گی۔ لیکن یہاں تو تیرا دل ہی اچاٹ ہو چکا تھا۔ تو مرغ رشتہ پا! کی مثال ہر وقت بے چین و بیکل تھا

آخر خدا بے زبانوں کی بھی سنتا ہے! تیری مراد پوری ہوئی تیری کشش نے اثر دکھایا اور قہر خداوندی نادر شاہ درانی کے بھیس میں دلّی کی پرانی بستی پر آ نازل ہوا! نادری فوج شاہجہاں آباد کی سرفلیک شہر پناہ میں خراماں خراماں داخل ہوتی ہے! عیش و عشرت کی بساط اُلٹ جاتی ہے! دلّی نئی نویلی دلّی پر مصیبتوں کا پہاڑ ٹوٹ پڑتا ہے۔ اس کا برسہا برس کا سہاگ چشم زدن میں لٹ جاتا ہے۔ دوست دشمن برابر کھڑے منہ پھیر پھیر کر ہنستے ہیں اور ہندوستان کے اس عروس البلاد کی بدقسمتی پر کوئی دو آنسو بھی بہانے نہیں آتا! تو بھی یاران وطن کی اس بے مہری کو خاموش کھڑا دیکھتا ہے۔ چنانچہ اسی طرح سر جھکائے حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق تو اپنے ایرانی مہمان کے ہمراہ ہو لیتا ہے.....!

الوداع! اے شاہان مغلیہ کے مایہ ناز الوداع! جا جا ایران کے عشرت کدوں میں جا! کجکلاہوں کے محلوں میں جا! طہران گلستان کی تفریح سے دل بہلا اصفہان مینا سواد کی ہوا کھا

(بقیہ ۶۵۸ صفحہ پر دیکھئے)

خبردار

ہندو خواتین اور مسئلہ طلاق

[جناب چودھری ہربلوک سنگھ صاحب زندہ دل دہلوی ایڈیٹر خبردار بلند شہر]

ہندو خواتین کے اس حلقہ میں جو مغربی تعلیم و تہذیب کے زیر اثر ہے آجکل مسئلہ طلاق پر ضرورت سے زیادہ غور و خوض کیا جا رہا ہے اور ملک کے کم و بیش ہر ایک گوشہ سے حکومت ہند کو اس کے متعلق وفد روانہ کئے گئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ فی زمانہ ہندو خواتین کی حالت واقعی ناگفتہ بہ ہے اور ایسی صورت میں اگر ان کو اپنے ناقابل شوہروں کے طلاق کی اجازت دیدی جائے تو یہ موجودہ صورت حالات کو دیکھتے ہوئے کچھ بیجا نہیں۔ لیکن ساتھ ہی اس کے جب ہم مغربی ممالک کی سوشل تواریخ کا بغور مطالعہ کرتے ہیں تو ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ان ممالک کے باشندگان اپنی اپنی ملکی حکومتوں سے رسم طلاق کے کالعدم کرانے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ تجربہ سے یہ ثابت ہوا کہ جن ممالک یا مذاہب نے صنف نازک کو طلاق کے حقوق دئے ہیں ان میں شوہر پرستی اور محبت کے پاک جذبات مفقود ہیں اور اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ وہاں شادی کی زنجیریں اس قدر کمزور اور غیر مستحکم ہیں کہ جن کو ذرا سی شکر رنجی کے باعث ٹکڑے ٹکڑے کیا جا سکتا ہے۔ لیکن برخلاف اس کے اہل ہنود میں یہ زنجیر شوہر اور بیوی کی عمر تک قائم رہتی ہے۔ یہ ضرور ہے کہ بعض اوقات اس فرقہ میں بھی ایک بیوی کے ہوتے ہوئے شوہر دوسری شادی کر لیتا ہے۔ لیکن وہ زنجیر پھر بھی ان کو ایک دوسرے سے وابستہ کئے رہتی ہے۔

اہل ہنود کی تاریخ کے صفحات کو جتنا اس ملک کے وطن پرست بہادروں اور دھارمک ستیوں نے مزین کیا ہے۔ اس سے کہیں زیادہ ہماری خواتین نے اپنی لازوال شوہر پرستی محبت اور بھگتی سے ان کو چار چاند لگا رکھے ہیں۔ اگر درحقیقت غور سے دیکھا جائے تو کسی ملک یا مذہب کی تواریخ ایسی مثالیں پیش نہیں کر سکتی۔ مس میو نے اپنی بدنام زمانہ تصنیف "مدر انڈیا" میں ہماری خواتین کی بہت سی مشکلات کا تذکرہ کرتے ہوئے ہم پر ایک ناقابل برداشت ضرب لگائی ہے اور وہ یہ ہے کہ ہندوستان میں عورتوں کو تعلیم نہیں دیجاتی اگر مس میو کا اشارہ ہماری موجودہ خواتین کی طرف ہے تو ہم اس اعتراض کو قبول کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن مس میو کا یہ کہنا کہ اہل ہنود نے صنف نازک کے اس استحقاق کو کبھی تسلیم نہیں کیا سراپا لغو و بے بنیاد ہے بیتا۔ دروپدی و منیتی۔ لیلاوتی۔ بھان متی۔ نیرابائی۔ تارابائی۔ رامابائی سانول دیوی اور کرشن کماری وغیرہ وغیرہ وہ خواتین ہیں کہ جنپر ہم کو فخر ہے اور رہیگا۔ زمانہ کے تغیر و تبدل کے ساتھ ساتھ ہماری خواتین میں بھی ایک انقلاب رونما ہو گیا۔ اس ملک میں تقریباً آٹھ سو سال اہل اسلام کی حکومت رہی اور اس طویل عرصہ میں ہندوؤں نے اپنے ان حکمرانوں کی تہذیب کو بہت کچھ سیکھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آئے دن کے جھگڑے قتل اور غارتگری کے باعث نہ تو مسلمانوں نے ہی اپنی خواتین کی تعلیم کی طرف کچھ زیادہ توجہ دی اور نہ اہل ہنود نے ہی کچھ اس پر غور کیا۔ رفتہ رفتہ اس ملک میں جہالت کے باعث عورتوں کا درجہ پاؤں کے جوتوں کے برابر سمجھا جانے لگا۔ اس کے بعد اس ملک میں اہل انگلستان تشریف لائے اور وہ اپنی تہذیب پھیلانے کی کوشش کرنے لگے۔ لیکن

مسلم تہذیب اور اس مغربی تہذیب میں ایک فرق تھا۔ اہل اسلام صرف اپنی ہی تہذیب پھیلانے کے دلدادہ تھے اور انگریز علاوہ تہذیب کے اپنی ہر قسم کی تجارت کو بھی فروغ دینا چاہتے تھے چنانچہ ہندوستان کی خواتین کے دو طبقے ہو گئے ایک وہ جو مغربی تعلیم و تہذیب کے زیر اثر ہے اور دوسرا وہ جسکو غربت کے باعث ابھی تک اس کی ہوا نہیں لگی ہے معلوم ہوتا ہے کہ مس میو نے موخر الذکر فرقہ کی حالت کا مطالعہ کر کے ہی "مدر انڈیا" کو تصنیف کیا۔

اس سے کسی ملک کو انکار نہیں ہو سکتا کہ فرقہ اناث کے لئے تعلیم نہایت ضروری ہے۔ لیکن یہ کس قسم کی ہونی چاہیئے؟ یہ ایک سوال ہے اور اس کا حل کرنا ہمارا فرض ہے۔ انگریزی لٹریچر میں معدودے چند کتابوں کے سوا شاید ہی ایسی کوئی کتاب ہو کہ جس کے صفحات عشقیہ مضامین سے رنگے ہوئے نہ ہوں جس کا اثر نوجوان طلبہ پر مہلک پڑتا ہے۔ یہی حال اردو لٹریچر کا ہے۔ کیونکہ اس نے بھی انگریزی کے ساتھ ہی ساتھ نشو و نما پائی ہے۔ اگرچہ اردو زبان میں آجکل ایک تبدیلی کی کوشش کی جا رہی ہے اور اس کی شاعری میں ایک گونہ انقلاب ہو رہا ہے۔ لیکن ابھی اسکو معیار پر پہنچنے میں عرصہ درکار ہے۔ ہندی نثر اور بالخصوص اسکی نظم بھی تک عشق مجازی سے پاک نہیں تو کسی قدر مبرا ضرور ہیں۔ لیکن موجودہ طریقہ تعلیم کچھ اس قسم کا ہے کہ انگریزی کتب فیشن اور تہذیب تینوں ملکر ہندی کے پاک اثر کو زایل کر دیتی ہیں۔

چونکہ ہمارے ملک کی خواتین ولایت کے اکثر اخبارات میں روزانہ یہ خبریں پڑھتی رہتی ہیں کہ فلاں عورت نے اپنے شوہر کو زہر دیدیا۔ فلاں عورت نے اپنے شوہر کو زدوکوب کر ڈالی فلاں عورت نے اپنے شوہر کو طلاق دیدیا۔ چنانچہ اس قسم کی خبروں۔ انگریزی تعلیم اور تہذیب۔ فیشن اور اثر بالخصوص اپنے شوہروں کی لاپرواہی۔ کمزوری اور غربت نے ہماری خواتین کو مجبور کر دیا ہے کہ وہ حکومت ہند کے سامنے مسئلہ طلاق کو پیش کریں۔

اہل ہند و میں شوہر کا درجہ ایشور کے بعد رکھا گیا ہے اور یہی ایک وجہ ہے کہ ہماری خواتین بہ نسبت اور مذاہب کی خواتین کے زیادہ غنیمت ہیں۔ اگر طلاق کا بل پاس کر دیا گیا تو یقیناً اس مذہب میں بھی بہت کچھ وبا پھیل جانے کا خطرہ ہے۔ اس لئے ہمارے دینی رہبروں کا فرض ہے کہ وہ اس قسم کے اصلاحی ذرایع اختیار کریں کہ جن سے ہماری خواتین کو مسئلہ طلاق پر غور کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہو۔ اور یہ صرف اسی وقت ممکن ہے کہ جب ان کی جملہ مشکلات حل کر دی جائیں۔ زہریلے درخت کی شاخیں چھانٹنے سے یہ زیادہ بہتر ہے کہ اس کو جڑ سے ہی کاٹ دیا جائے۔ جو بدرسمیں اس وقت بدقسمتی سے ہماری ترقی میں سدّ راہ ہیں سب سے پہلے ان کا دور کرنا ضروری ہے۔ اور اگر ہم ایسا کرنے میں کامیاب ہو گئے تو یقیناً ہماری وہ خواتین جو اس وقت طلاق لینے کے لئے مصر ہیں خود بھی یہ کہنے لگیں گی کہ

"شوہر پرستی عورتوں کا فرض اولین ہے"

(خاص)

خضر راہ

یہ نہیں وہ

(جناب حسآ مدندوی ایڈیٹر رسالہ خضر راہ لکھنؤ)

آپ نے دیکھا ہوگا کہ جب کوئی شخص ایک عرصہ دراز تک کسی مرض میں مبتلا رہتا ہے تو اس کے قوائے جسمانی پر ایک عام ضعف طاری ہو جاتا ہے اور ہر ہر عضو جسم اپنے فرائض متعلقہ کے انجام دینے میں کوتاہی کرنے لگتا ہے — آنکھ دیکھنے سے کان سننے سے زبان بولنے سے اور دماغ سوچنے سے عاری ہو جاتے ہیں ——— بالکل یہی حالت ہوتی ہے اس قوم کی جو غلامی کے مرض میں مبتلا ہوتی ہے اور محکومیت کے جراثیم جس کے رگ و پے میں سرایت کر جاتے ہیں۔

انسان کی سب سے بڑی بدنصیبی یہ ہے کہ وہ غلام ہو دوسروں کا دست نگر بنے اور اغیار کی بخشش ابرو کا منتظر رہے۔

غلامی کا روگ ایک ایسا مرض متعدی ہے کہ جو اعمال و افعال کے حدود سے گذر کر عقائد و خیالات تک پر اثر ڈالے بغیر نہیں رہتا۔ اور اس کے مضر اثرات قلوب انسانی کی ان گہرائیوں تک پہنچ جاتے ہیں۔ جہاں بجز ایمان و یقین کے اور کسی شے کی رسائی نہ ہونی چاہئے۔

غلامی نہ صرف عقائد و خیالات میں تزلزل اعمال و افعال میں تساہل اور عادات و خصائل میں برائی پیدا کر دیتی ہے بلکہ اُن صفات حمیدہ سے جو شرف انسانی اور طرۂ امتیاز کہے جاتے ہیں یکسر خالی و محروم کر دیتی ہے اولوالعزمی علو ہمت معاملہ فہمی دور اندیشی۔ خودداری و خود اعتمادی ایفاء عہد پابندی قول اس کے نزدیک کوئی معنی نہیں رکھتے حتیٰ کہ ایمان و یقین بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا اور اس میں بھی ایک قسم کا ضعف پیدا ہو جاتا ہے جس کے روح عمل اور جذبہ کار مفقود ہو جاتے ہیں کہ جس کے بعد انسان انسان کہلانے کا مستحق نہیں رہتا یقین مانئے کہ یہی روح عمل اور جذبہ کار ہے کہ جس کے عدم وجود پر قوموں کی بقاء اور ممالک کی ترقی کا انحصار ہے۔ پھر جس طرح ایک نیند کے متوالے کو جب جھنجھوڑ دیا جاتا ہے تو وہ نیم مدہوشی کے عالم میں بہکی بہکی باتیں کرنے لگتا ہے۔ اسی طرح خواب غفلت سے بیدار ہونے والی اقوام اور غلامی کے مرض سے نجات حاصل کرنے کی خواہش مند ملل جن میں آزادی کی لہر دوڑ جاتی ہے اور جنھیں غلامی کے مضر اثرات محسوس ہونے لگتے ہیں غیر شعوری طریقہ پر سامنے آنے والی چیز کو جذاربی سے مخاطب کرنے لگتی ہے ذرا حضرت ابراہیم کا قصہ یاد کیجئے وہاں بھی تو یہی ہوا تھا —— سامنے آنے والی باعظمت چیز کو بذاربی یہی میرا پروردگار ہے۔ کہا جاتا تھا تمام اس سے کہ وہ سورج ہو یا چاند آفتاب ہو یا ماہتاب —— پھر وہاں تائید ایزدی شامل حال تھی اور نور ہدایت رہنمائی کر رہا تھا جس سے ہر ہر قدم پر سنبھل جاتے تھے اور ہر ہر لغزش پر متنبہ ہو جاتے تھے لیکن یہ اقوام بہت سی ٹھوکریں کھانے اور بڑی بڑی مصیبتیں اٹھانے کے بعد کہیں اس درجہ پر پہنچتی ہیں۔

یہ احساس جس کا میں نے تذکرہ کیا قوموں کے لئے بڑا ہی خطرناک اور واژگوں ثابت ہوتا ہے قومی ضروریات اور وقتی احتجاجات کی بنا پر سیکڑوں مدعیان ہدایت اور ہزاروں

رہنمایاں طریقت برساتی مینڈک کی طرح پیدا ہوجاتے ہیں جو قوم کی تاواقفیت و نادانی سے فائدہ اٹھاتے اور آزادی و ترقی کی دیویوں کو ظاہر بظاہر ہر قسم کے ایثار اور ہر طرح کی قربانی کرنے کو تیار ہوجاتے ہیں اور راہ کی ہر دشواری مصیبت کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہیں گو ان کی زبان پر ہر وقت قوم! قوم! اور دلیس دلیس! ہوتا ہے لیکن اگر اُن کے قلوب کو ٹٹولا جائے اور اُن کے جذبات کی پردہ دری کیجائے تو سوائے عزت و غفلت حشمت و شوکت کی خواہش اور مال و زر ہوس کی فراہمی کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ ابتداً قوم ان گندم نما جو فروش حضرات کے فریب میں آجاتی ہے لیکن زیادہ وقت نہیں گزرتا کہ دل کا کھوٹ زبان پر آجاتا ہے اور خبث باطنی کا مظاہرہ مختلف پیرائوں میں ہونے لگتا ہے۔

ان حریت نواز ان قوام و عویداران ریاست و امارت اور مدعیان نجابت و شرافت کیلئے وہ وقت نہایت ہی اہم اور نازک ہوتا ہے۔ جبکہ ایک دوسرے کی پردہ دری شروع کردیتا ہے اور بزعم خود دوسرے کے اثر و اقتدار کو ہمیشہ کیلئے ختم کردیتا ہے۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ یہ حربہ جو دوسرے کے مقابلہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ بالواسطہ یا بلاواسطہ خود اس کے اثر و رسوخ کو فنا کردیتا ہے۔

مدعیان رشد و ہدایت کی ان بے عنوانیوں اور رہنمایاں ملک و قوم کی اس بے راہ روی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قوم ان کے راز دروں سے واقف ہوجاتی ہے۔ اور ان کی بداعمالیوں اور خود غرضیوں کے باعث اُن سے بیزار ہوجاتی ہے اور اپنے پیروں پر خود کھڑے ہونے کی کوشش کرتی ہے — یہ آزادی کی دوسری منزل طلب میں دق کی بدیہی مثال اور کامیابی کی جانب پہلا قدم ہے۔ جب قوم اس حد تک بیدار ہوجاتی ہے اور احساس ترقی اس میں اس درجہ قوی ہوجاتا ہے تو اُسے ایک بار پھر ابتلا و آزمائش کا شکار ہونا پڑتا ہے قوموں کی تاریخ میں یہ زمانہ نہایت ہی خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ اس وقت ترقی یافتہ اقوام کی تقلید و تتبع کا مرض مہلک ظہور پذیر ہوتا ہے اور اس کے اثرات قوم سے منتقل افراد قوم تک میں سرایت کرجاتے ہیں، زبان و لباس سے نیک خانگی حاملات اور ذاتی تک میں اس کی جھلک نظر آنے لگتی ہے — یہی وہ زمانہ ہے کہ جس کے متعلق اس سے قبل میں لکھ آیا ہوں کہ جب غلامی کے مضر اثرات محسوس ہونے لگتے ہیں تو غیر شعوری طریقہ پر ابتقاضائے فطرت انسانی ہر آنے والی چیز کو بذاتہٖ (یہی ترقی کا راز ہے) سے مخاطب کیا جانے لگتا ہے۔ لیکن جب کسی ایک چیز کی تقلید اور کسی خاصی شہ کے تتبع سے مقصد حاصل نہیں ہوتا اور دل کی مراد بر نہیں آتی تو کسی دوسری چیز کی طرف توجہ کی جاتی ہے اور یہ نہیں وہ کہکر اس سے دل کو تسلی دے لی جاتی ہے۔ ہندوستان کی سیاسی اور اصلاحی تحریکیں اسکی بہترین مثال ہیں اور ہماری انفرادی زندگی اس کی کامیاب نظر ہے۔ (خاص)

خواجہ اسکول گزٹ

خواجہ حسن نظامی

[جناب سید ابن عربی، ایڈیٹر خواجہ اسکول گزٹ دہلی]

خواجہ حسن نظامی کے دادا حضرت مولینا سید بدرالدین اسحاق رح بخارا سے دہلی میں آئے تھے اور سنہ ہجری میں بمقام پاک پٹن ضلع منٹگمری میں انتقال ہوا اور انکی اولاد کو حضرت خواجہ نظام الدین اولیا نے دہلی میں لاکر پرورش کیا اور خواجہ حسن نظامی کا خاندان اسی وجہ سے درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا میں چھ سو برس سے آباد ہے۔

خواجہ صاحب ۲ محرم ۱۲۹۶ھ میں پیدا ہوئے انھوں نے کسی اسکول میں تعلیم نہیں پائی۔ عربی فارسی کی تعلیم دیسی مدرسوں میں ہوئی۔ بچپن میں ان کے والدین کا انتقال ہوگیا اور انھوں نے ۱۵ سال کی عمر سے اخباروں میں مضامین نویسی شروع کی اور سنہ ۱۹۰۲ء میں اپنا ایک ماہوار رسالہ نظام المشائخ جاری کیا جو آج تک جاری ہے۔ اسکے بعد بہت سے ماہوار رسالے اور ہفتہ وار اور روزانہ اخبار اردو زبان میں انھوں نے جاری کئے اور ایک انگریزی ہفتہ وار اخبار بھی جاری کیا۔ اس وقت تک ان کی لکھی ہوئی اور تالیف کردہ کتابوں کی تعداد ایک سو ستائیس تک پہنچ چکی ہے۔ اب ان کی عمر ۵۴ سال کی ہے۔

حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب کا روزنامچہ

ہندوستان میں کوئی لٹریری آدمی ایسا نہیں ہے یا کم از کم مجھے معلوم نہیں ہے جسکا روزنامچہ اخباروں میں شائع ہوتا ہو اور جسکو لاکھوں آدمی پڑھتے ہوں۔ یورپ اور امریکہ میں ایسے بہت سے مشہور آدمی ہیں جن کے روزنامچے شائع ہوتے ہیں مگر ان کی اشاعت بھی غالباً مسلسل نہیں ہوتی۔ کسی خاص زمانہ یا کسی خاص ضرورت کے وقت کسی مشہور آدمی کا روزنامچہ شائع کر دیا جاتا ہے مگر خواجہ صاحب کا روزنامچہ سالہا سال سے ہندوستان میں شائع ہو رہا ہے۔ سنہ ۱۹۰۳ء سے روزنامچہ لکھتے ہیں اور یہ سب روزنامچے قلمی موجود ہیں صرف سنہ ۱۹۰۷ء کے روزنامچہ کا اقتباس سفرنامہ ہندوستان کے نام سے ایک کتاب میں شائع ہوا ہے۔ سنہ ۱۹۱۲ء سے ان کا روزنامچہ رسالہ دین دنیا دہلی میں شائع ہونا شروع ہوا یہ پرچہ ماہوار ہے۔ اس کے بعد پندرہ روزہ رسالہ درویش دہلی میں یہ روزنامچہ چھپنے لگا۔ اور اتنا مقبول ہوا کہ درویش کی اشاعت چند مہینے میں سات ہزار ہوگئی۔ پھر ہفتہ وار اخبار منادی میں چھپنے لگا اور یہ اخبار بھی بہت جلد پانچ ہزار کی اشاعت تک پہنچ گیا۔ گجراتی زبان میں ایک مشہور اخبار احمد آباد سے نکلتا ہے جسکا نام "دین" ہے اور جو خواجہ صاحب کے ایک مرید کا اخبار ہے اس اخبار میں بھی یہ روزنامچہ

گجراتی میں ترجمہ ہوکر ہمیشہ شائع ہوتا ہے اور اس روزنامچہ کی وجہ سے اخبار مذکور کی اشاعت گجرات کاٹھیاوار اور برما اور ایسٹ افریقہ اور ساؤتھ افریقہ میں بہت بڑھ گئی ہے۔

سندھی زبان میں یہ روزنامچہ اخبار "تنظیم" جاگن میں بھی شائع ہوتا تھا۔ مگر اب وہ اخبار بند ہوگیا ہے۔

آج کل یہ روزنامچہ ماہوار رسالہ نظام المشائخ دہلی میں شائع ہوتا ہے اور رسالہ مذکور کے مالک مُلّا واحدی صاحب نے ایک ہفتہ وار اخبار جاری کرنے کا ارادہ کیا ہے جسکا نام ہی روزنامچہ ہوگا۔ کیونکہ روزنامچہ کے شایقین اس کو ہفتہ وار دیکھنا چاہتے ہیں۔

روزنامچہ کی خصوصیات

خواجہ صاحب کے روزنامچہ میں ذاتی حالات ہوتے ہیں۔ جنکا تعلق دوسروں سے بہت کم ہوتا ہے مگر اس کے باوجود خواجہ صاحب کے مخالف اور موافق دونوں نہایت شوق اور بے تابی سے روزنامچہ مسلسل پڑھنا چاہتے ہیں۔ ایک دفعہ یہ سوال شائع ہوا تھا کہ روزنامچہ کیوں قبلسند کیا جاتا ہے اور بہت لوگوں نے اسکے عجیب وغریب جواب دیئے تھے۔ مگر ایک مخالف نے نہایت دلچسپ جواب دیا تھا کہ روزنامچہ میں شاید افیموں کا ست ملا دیا جاتا ہے کہ جو ایک دفعہ پڑھ لیتا ہے پھر وہ افیمون کی طرح روزنامچہ پڑھنے کا عادی ہوجاتا ہے۔ میں جب روزنامچہ پڑھتا ہوں تو مجھے خواجہ صاحب پر بہت غصہ آتا ہے مگر کیا کروں کہ میرا دماغ چٹورا ہوگیا ہے روزنامچہ کی چاٹ چھوڑ نہیں سکتا۔"

اب خواجہ صاحب نے روزنامچہ کے عنوان مقرر کر دئے ہیں۔ سیاسی اور قومی اور فلسفۂ حیات اور ذاتی عنوانوں کے ماتحت روزنامچہ کے حصے تقسیم کر دئے ہیں۔ پہلے ایسا نہیں ہوتا تھا۔ میں نے اس مضمون کے ساتھ آج کے روزنامچہ کی ایک کاپی رکھدی ہے تاکہ آپ کے ناظرین روزنامچہ کا نمونہ دیکھ سکیں۔ جہانتک میرا خیال ہے یہ نمونہ کوئی اچھا نمونہ نہیں ہے۔ کیونکہ خواجہ صاحب آج بیمار ہیں اور بیماری کی وجہ سے اُنہوں نے وہ دلچسپ فقرے نہیں لکھے جن کو ہمیشہ روزنامچہ پڑھنے والے بارہ مصالحہ کی چاٹ سمجھ کر ڈھونڈھتے ہیں۔ امید ہے کہ ناظرین چاند کے لئے میری یہ نئی تحریر کافی ہوگی۔

---

۷ ستمبر ۱۹۳۰ء کا روزنامچہ

سیاسی کل کے اخباروں نے گاندھی جی اور گورنمنٹ کی اس خط وکتابت کو مکمل طریقہ سے شائع کیا ہے جو صلح کی گفتگو کے سلسلہ میں ہوئی تھی اور ہر جگہ اِس خط وکتابت پر رائے زنی ہو رہی ہے۔

آج دہلی میں سرکاری حمایت کا ایک بڑا جلوس نکلا تھا۔ نواب شیخ فریدالدین صاحب رئیس میرٹھ اور ایک اور مسلمان اور ہندو انگریزی جھنڈے ہاتھ میں لئے ہوئے تھے۔ اور ایک بڑا ہجوم ان کے ساتھ تھا۔ کانگریسی لوگ کہتے ہیں دیہات کے چماروں اور زمینداروں کو جمع کرلیا گیا تھا۔ اور جب یہ جلوس بازاروں میں آیا تو ہندو مسلمانوں نے دوکانیں بند کردی تھیں۔ سرکار کے وفادار کہتے ہیں یہ جلوس طبقۂ عوام کے خیالات کو ظاہر کرتا تھا کہ وہ سب گورنمنٹ کے خیرخواہ ہیں۔ صاحب رائے لوگوں کا خیال ہے کہ یہ کوشش

وقت کے بعد ہوئی ہے۔ جب کانگریسی تحریک کے سیلاب کی شروعات تھی۔ اُس وقت اِس قسم کے کام مفید ہوسکتے تھے۔ آج کل جبکہ ہر جگہ کانگریس کا اثر قائم ہوگیا ہے یہ کوشش ایسی ہی ہے جیسے زور دار سیلاب کے سامنے سیلاب بنانا۔

قومی الہ آباد کے ایک کانگریسی لیڈر سید زین العابدین صاحب سہروردی نے ایک اعلان شائع کیا ہے جسمیں ۱۸ سوال شوکت علی صاحب سے کئے ہیں اِن سوالات کا خلاصہ یہ ہے کہ پہلے آپ آزادی کے سپہ سالار تھے۔ اور اب آپ سرکاری آدمی سمجھے جاتے ہیں۔ اسکی کیا وجہ ہے؟۔ ان سوالوں میں شوکت علی صاحب کی گذشتہ تحریروں کے اقتباسات بھی دئے گئے ہیں۔ طرزِ تحریر شائستہ اور مہذب اور موثر ہے۔

آج کے اخباروں میں یہ بھی شائع ہوا ہے کہ صلح کی ناکامی مسٹر جناح کی وجہ سے ہوئی۔ اُنہوں نے وائسرائے کو صلح سے روک دیا۔ مسلمان کہتے ہیں مسٹر جناح پر یہ بہتان ہے کیونکہ مسٹر جناح مسلمانوں کے سبب سے بڑے سیاسی لیڈر اور سیاست میں بہت آزاد خیال مدبر ہیں۔

فلسفۂ حیات روپئے کی محبت سے ہر مذہب نے روکا ہے۔ مگر روپئے کی محبت دنیا کی ہر قوم میں موجود ہے۔ عرب۔ افغانستان۔ اور یہودی اور ہندو اور امریکن روپئے کی محبت میں زیادہ مشہور ہیں۔ روپئے کی محبت اور چیز ہے اور ضرورت کے لئے روپیہ حاصل کرنا اور چیز ہے۔ جو قومیں روپئے سے زیادہ محبت کرتی ہیں۔ اُن کے اندر خود غرضی اور دل کی بے اطمینانی پیدا ہوجاتی ہے۔ اور سوائے عربوں اور افغانوں کے یہودی اور ہندو اور امریکن روپئے کی محبت کی وجہ سے جنگی جذبات میں بھی کمزور معلوم ہوتے ہیں۔ اور زندگی اُس شخص کی کامیاب ہے جو رزم میں بھی مضبوط ہو اور بزم کی اہلیت بھی رکھتا ہو اور یہ دونو صفتیں اُسی انسان میں ہوتی ہیں جو روپئے سے محبت اور نفرت نہ رکھتا ہو کیونکہ نفرت بھی وہی لوگ کرتے ہیں جن کا دل کمزور ہو۔ روپیہ جمع کرنا انسان کے لئے کوئی اچھی چیز نہیں ہے۔ اور روپیہ کا بے ضرورت خرچ کرنا یا بے موقع خرچ کرنا بھی بہت بُرا ہے جو قومیں جسم کی آرایش کے لئے لباس پہنتی ہیں وہ زندگی کی آسایش سے محروم ہوجاتی ہیں۔ روپیہ کا حقیقی مقصد آسایش دل کا اطمینان ہے جو روپیہ حاصل کرکے اسکو مقررہ مقصد کے موافق خرچ کرنا جانتا ہے۔

ذاتی نزلہ کی تکلیف بہت زیادہ ہے۔ ساڑھے آٹھ بجے تک اسی حالت میں تحریری کام کرتا رہا پھر خواجہ بانو کے ساتھ دہلی گیا۔ وہ ایک بیمار خاتون کی عیادت کے لئے گئی تھیں جو سبزی منڈی میں رہتی ہیں۔ میں بھیا فقیر عشقی کے ہمراہ خان بہادر سید بہاء الدین صاحب کے مکان پر گیا جہاں مولینا سید سلیمان اشرف صاحب فاضل دینیات مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کا بیان تھا۔ دہلی کے بہت سے عمائد جمع تھے۔ مولینا نے دو گھنٹے مسلسل میلاد شریف کا بیان کیا۔ اُنکی تقریر کی دھوم تمام ہندوستان میں مشہور ہے۔ بیان بہت موثر تھا۔ بارہ بجے مجلس ختم ہوئی۔ اور میں بازار گیا۔ دو بجے تک عرس کا سامان خریدا۔ پھر خواجہ بانو اور بچوں کو ساتھ لیکر درگاہ میں واپس آیا اور عرس کے انتظامات میں شام تک مصروف رہا۔ شام کو شوری لال صاحب اور لالہ کرم چند صاحب ایڈیٹر پارس اور پرائیوٹ سکرٹری مانا ودر اور حکیم ہاجر صاحب وغیرہ احباب ملنے آئے۔ برما والے تو کالی شاہ نظامی سے رات کے دس بجے تک باتیں کیں اور برما کے کام کی رپورٹ سُنی۔ دیسی چوزندہ پی کر سو گیا۔ پانچ بجے سو بر دنگ ہاؤس میں آیا۔ بارہ ۸۱ درجہ پر تھا۔ رات کو نزلہ کی تکلیف کم رہی۔

(خاص)

خیابان

ہم گورِ غریباں میں
(۱)
مزار انشا کی تحقیق

[مسٹر شہنشاہ حسین رضوی ایم - اے - ایل - ایل بی علیگ ایم - آر - اے - ایس ایڈووکیٹ و سابق مدیر خیابان لکھنؤ]

کم و بیش تین برس ہوئے جب سید جالبؔ صاحب مرحوم کی فرمایش سے میں نے ایک طویل سلسلہ بعنوان بالا روز نامۂ ہمت کی ابتدائی اشاعتوں میں لکھا تھا۔ اور خدائے سخن میر تقی میر اور مرزا رفیع سودا کے مزاروں کی تحقیق کی تھی۔ سلسلہ بہت مقبول ہوا آخر کار اسکو دوبارہ ترتیب دیکر ایک چھوٹی کتاب کی صورت میں بمبئی بھیجدیا ہے شایع ہونے کے بعد پھر پیش کروں گا۔ قصہ یہ تھا کے لکھنؤ کے تمام بے نشان شاہیر شعرا کی قبروں کو ڈھونڈ نکالوں اور پبلک سے اپیل کروں کہ اگر یہ استحقاق رکھتے ہیں کہ انکے مزارات برقرار رکھے جاویں تو کوئی وجہ نہیں کہ ان کو حوادث کے نظر کرم پر چھوڑ دیا جاوے۔

خیر آمدم برسر مطلب!

سید انشا اللہ خاں انشا نے لکھنؤ ہی میں وفات پائی اور لکھنؤ ہی میں دفن بھی ہوئے۔ وہ کس پایہ کے شاعر تھے اور اردو شاعری میں انکا کیا رتبہ تھا اس میں ہمکو بحث نہیں ہم کو صرف اس سے تعلق ہے کہ وہ کس مقام پر دفن ہوئے اور کونسی قبر ہے۔ اسی کی ہم تحقیق کرینگے اور بس! میں نے مزار سورا کے تحت میں امام باڑہ آغا باقر جلیخاں کا تذکرہ کیا ہے۔ امام باڑہ مذکور مڈیمین مارکٹ کے عقب MEDIMAN MARKET. میں کنگ جارج ہاسپٹل کے سامنے اور کنگ اسٹریٹ کا نکڑا جو بند کیا جارہا ہے اسکے نیچے نشیب میں واقع ہے۔ تاریخی قدامت کے اعتبار سے امام باڑہ آغا باقر لکھنؤ میں دوسرا امام باڑہ ہے۔ امام باڑہ آصفیہ اسکے بعد تعمیر ہوا ہے۔ کبھی زمانہ میں عقیدت کیش افراد میں یہ بہت مقبول ہوگیا تھا۔ اور اب بھی بہت مقبول متصور کیا جاتا ہے۔ ہر پنجشنبہ کو اجتماع ہوتا ہے نوچندی کو خصوصی ہوتی ہے۔ غدر سے پہلے اسکی امارت بھی تھی لیکن آثار قدیمہ میں اب کچھ بھی باقی نہیں۔ امام باڑہ کے صحن اور گرد و پیش میں قبریں تھیں۔ اور اب بھی ہیں لیکن قیصر التواریخ پر بھروسہ کرکے کہا جاسکتا ہے کہ غدر میں پہلے تمام صحن خفتگان خاک کے مقابر سے کلو ہو چکا تھا۔ بیرونی حصہ میں کچھ قبریں نمایاں ہیں یہ سب غدر کے بعد کی ہیں۔ پرانی قبروں کے آثار باقی نہیں لیکن کوئی چپہ یا گوشہ ایسا نہیں جس میں قبر نہ ہو۔ جس زمانہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے میں پرانے قبرستانوں کی خاک چھانتا پھرتا تھا تو بعض کہن سال بزرگوں کو میرے اس مشن سے گونہ ہمدردی ہوگئی تھی۔

میں اس ہمدردی کا شکر گذار ہوں جسکی اعانت سے مجھے کامیابی ہوئی حاجی سید عابد حسین صاحب سید انشا مرحوم کے پوتے بقید حیات ہیں۔ انہوں نے متعدد بار وہ جگہ بتائی ہے اور تقریباً ہر سال حج کرتے ہیں۔ حاجی عابد حسین صاحب وہ جگہ بتاتے ہیں جہاں سید انشا کی قبر تھی۔ یہ اندر کے صحن میں واقع ہے جو بالکل ہموار اور مسطح ہے اور کسی ایک قبر کا بھی نشان باقی نہیں ہے۔

عابد حسین صاحب کے بچپن میں قبر باقی تھی اور وہ اپنے والد مرحوم کے ساتھ گاہے گاہے فاتحہ پڑھنے آیا کرتے تھے میں نے صرف عابد حسین صاحب کی شہادت پر جو ہر اعتبار سے موثق ترین ہیں اکتفا نہیں کی ہے بلکہ دوسرے باخبر اصحاب کی اطلاعات بھی فراہم کرنے کی کوشش کی ہے۔

اس سلسلہ میں پہلی شہادت نواب افضل الدولہ بہادر میر افضل علیخاں صاحب افضل عرف چھوٹے بھیا صاحب خلف نواب مظفر الدولہ بہادر مظفر علیخاں صاحب اسیر مرحوم کی ہے۔ نواب افضل الدولہ بہادر نے تقریباً دو سال ہوئے انتقال کیا۔ اسیر سے ہمارا موروثی تلمذ ہے۔ چنانچہ چھوٹے بھیا صاحب مرتے دم تک ہمارے بزرگوں اور ہم سے اپنی قدیم وضع نباہتے رہے۔

افضل مرحوم کو مزارات کی تحقیق میں خاطر خواہ دلچسپی تھی اور وہ اس موضوع پر بہت دیر گفتگو کیا کرتے تھے۔ انکو بھی سید انشا مرحوم کی قبر معلوم تھی لیکن اسطرف نشانات مزار کے معدوم ہوجانے سے صرف جگہ بتا سکتے تھے۔ مجھے ان کے ساتھ امام باڑہ جانے کا کبھی اتفاق نہیں ہوا لیکن جو پتہ کہ وہ بتاتے تھے وہ عابد حسین صاحب کے پتہ سے مطابق ہے۔ دوسری شہادت جناب مرزا کاظم حسین صاحب محشر کی ہے۔ محشر صاحب کسی رسمی تعارف کے محتاج نہیں۔ محشر صاحب بھی سید انشا کی قبر کو امام باڑہ کے اندرونی صحن میں بتلاتے ہیں لیکن یقین مقام کرنے سے قاصر ہیں اس تمام تحقیق کا نتیجہ یہ ہے کہ شہادتیں قابل اعتبار و ثوق ہیں اور ہم انکے بھروسہ پر یہ رائے قائم کرنے پر مجبور ہیں کہ سید انشا اللہ خان انشا مرحوم امام باڑہ آغا قبر کے اندرونی صحن مشرقی قنات کی دیوار سے متصل مدفون تھے۔

میں لکھنؤ کی ادبی انجمنوں سے بالعموم اور ہندوستانی اکاڈمی سے بالخصوص اپیل کرتا ہوں کہ وہ میری ان کوششوں میں میرا ہاتھ بٹائینگی اور حوصلہ افزائی کرینگی اگر میں ان بے نشانوں میں سے کسی کا نشان اور دریافت کرنے میں کامیاب ہوجاؤں تو کم از کم اس قبر پر ایک تقطیع یا لوح کندہ کرکے لگا دی جائے تاکہ مزار پھر بے نشان نہ ہونے پائے

(۲)

مزار آتش کی تحقیق

سید انشا کی طرح خواجہ حیدر علی آتش نے بھی لکھنؤ ہی میں انتقال کیا اور لکھنؤ ہی میں مدفون ہوئے۔

خواجہ آتش اس اعتبار سے ضرور خوش قسمت ہیں کہ دور حاضر میں اکثر با مذاق ادبا کو نہ صرف انکے کلام بلکہ انکی لائف میں دلچسپی پیدا ہوگئی ہے۔ آج سے بہت پہلے لکھنؤ میں آتش پرستی کی تحریک زندہ ہوچکی تھی۔ حامد علی خان حامد مرحوم (بیرسٹر) حکمت مرحوم جو ہمارے دیکھتے دیکھتے ابھرے اور لکھنؤ کے سرمایہ افتخار ہوئے آتش کے کلام پر سر دھننے لگے تھے لیکن انصاف یہ

ہے کہ آتش کی لاانفصل کی طرف انہیں سے ایک نے بھی کوئی توجہ نہ کی تھی۔ مرزا واجد حسین یاس عظیم آبادی ثم لکھنوی کا شخص ہے جس نے لکھنؤ میں وارد ہوتے ہی آتش کا تقرر شہرت بجانا شروع کر دیا۔ لکھنؤ کی شاعرپارٹی انکی مخالف تھی جس کے وجوہ دوسرے تھے مگر انصاف یہ ہے کہ یاس نے آتش کی زندگی اور کلام کو بہت اچھا کیا۔ متعدد مضامین لکھے۔ ادبی صحبتوں میں تذکرے کئے باخبر لوگوں سے ملقے اور گفتگو کرتے پھرے نتیجہ یہ ہوا کہ ہر کس و ناکس کے دل میں آتش کی طرف سے عزت و وقا پیدا ہو گیا۔ اور ہر ہر زبان پر نام آنے لگا۔ مجھے اس موضوع پر ایک حرف لکھنے کی ضرورت نہیں۔ اسلئے کہ یہ سب میرے مبحث سے خارج ہے۔ کون انکار کر سکتا ہے کہ خواجہ ہی وہ شخص ہے جس نے لکھنؤ کی پھیکی بے کیف شاعری میں چاشنی پیدا کی۔ بحقیقت تو یہ ہے کہ اگر آتش نہ ہوتا تو اس کی گذری حالت پر دہلی کے شعرا کا پلہ اسقدر بھاری تھا کہ دوسرے پلہ میں لکھنؤ کچھ کبھی نہیں تل سکتا تھا۔ خیر مجھے خوب یاد ہے کہ مرزا یاس سے اور مجھ سے پہر دن آتش کے مزار کے متعلق بھی گفتگو رہی ہے۔ یاس نے تحقیق کی تھی کہ وہ پرانے قبرستان کی خاک چھانتے پھرے تھے انھوں نے اگلے زمانہ والوں کی یادگاروں کے پاس جا جا کر استفسار حال کیا تھا۔ لہذا انکی مساعی ضرور قابل شکریہ اور قابل وقعت ہیں اور ہیں۔

لہذا مزار یاس کی تحقیق پہلی شہادت ہے۔ انکی رائے میں خواجہ کا مزار باقی نہیں لیکن اتنا ضرور تحقیق ہے کہ منصور نگر کے قریب ایک چوراہا ہے اس سے تھوڑے فاصلے پر ایک احاطہ سا ملتا ہے۔ اسی احاطہ میں خواجہ کا مکان تھا۔ اور اب مزار بھی ہے

یہ واضح رہے کہ خواجہ فقیر منش بزرگ تھے اور اسی فقر پسندی کے سبب سے انہوں نے سلطنت اودھ کی شان و شوکت کو لات ماردی۔ گھر میں تنہا رہتے تھے۔ غالباً ایک چارپائی ایک کمل اور ایک مدرسہ حقہ انکی تمام کائنات تھا۔ نواب مختار خان رند ایسے امرا ہر وقت حاضر باش رہتے تھے۔ لیکن بھلا وہ استغنا کا کہ وہ کسی کے بھی دست نگر نہ تھے۔

آتش کا مکان یا اسکے قرب وجوار میں کوئی مکان اب باقی نہیں۔ ایک لق و دق مکان پڑا ہے۔ اس میں قبروں کے آثار ضرور ہیں۔ لیکن کوئی نہیں کہہ سکتا کہ آتش کی قبر کونسی ہے

دوسری شہادت حضرت لسان القوم مولانا صفی کی ہے آپ نے اپنے بچپن میں اس احاطہ میں خواجہ کی قبر دیکھی تھی۔ لیکن اب یاد نہیں کہ وہ قبر کہاں پر تھی۔ اس کے علاوہ کوئی شہادت ممکن نہیں بہرکیف یہ امر محقق ہے کہ آتش کا مکان بھی یہیں تھا اور وہ دفن بھی یہیں ہوئے۔ لیکن کون سی قبر ہے یہ اللہ جانے۔

ایک نکتہ قابل لحاظ ہے قدیم لکھنؤ کے حالات و مقامات سے ناواقف اصحاب خیال کرینگے کہ جب شہر میں متعدد کربلائیں امام باڑے قبرستان موجود تھے تو آتش کے ایک احاطہ میں مدفون ہونے کے کیا اسباب ہو سکتے ہیں۔ پہلے نہ کوئی میونسپلٹی تھی نہ حفظان صحت کی کمیٹی تھی۔ جو کسی جگہ پر میت دفن کرنے پر پابندیاں عائد کرتی۔ لکھنؤ کے اکثر پرانے مکانوں میں لوگوں کی قبریں ہیں اس امر میں کامل آزادی تھی۔ نیز اکثر خاندانوں میں ہر والیں تھیں لہذا بہت ممکن ہے کہ یہ احاطہ جو خواجہ کے مکان کے سامنے تھا وہاں کا خاندانی قبرستان ہو ایسے حالات میں جبکہ کوئی دوسری مخالف شہادت موجود نہیں ہے۔ ہم مجبور ہیں کہ مذکورہ بالا ثبوت پر فیصلہ کر دیں کہ خواجہ حیدر علی آتش منصور نگر کی چوراہائی پر اس احاطہ میں دفن ہیں۔ افسوس!

خفتگان خاک کا ملتا نہیں کچھ بھی نشان ہائے (خاص)

خیالستان

دل کی ویرانی

[جناب اختر شیرانی، ایڈیٹر "خیالستان" لاہور]

نوحہ زارِ عبرت ہے شہرِ دل کی ویرانی
روح کی پریشانی
ظلمتِ ہوا دی میں گم ہے شمعِ عرفانی
نورِ عقلِ انسانی

شوق ہے عمارت کا کائنات میں اب بھی
نقشِ جہات میں اب بھی
خندہ زن ہیں انجم پر کاخہائے سلطانی
رشکِ باغِ رضوانی

بے چراغ اب لیکن روح و دل کے ایواں ہیں
تیرہ خاک و ویراں ہیں
ظلمتوں میں خوابیدہ ہے دیارِ انسانی
خلد زارِ انسانی

اب بھی باغ و بستاں ہیں نوبہار سے رنگیں
سبزہ زار سے رنگیں
شاخسار پر رقصاں ہے شمیمِ بستانی
نکہتِ گلستانی

پر بدل گئی حالت بزمِ قلبِ انساں کی
نوبہارِ امکاں کی
بن گئی ہے مٹ مٹ کر ایک نقشِ ویرانی
ایک داغِ حرمانی

کوہسار ہیں اب بھی شاخسار سے آباد
برگ و بار سے آباد
دامنوں میں لرزاں ہیں آبشارِ نورانی
جوئبارِ نورانی

روح و دل میں ہیں لیکن سخت آفتیں برپا
ہاں قیامتیں برپا
ہو چکی ہے اب غارت وہ فضائے بستانی
وہ صفائے روحانی

اب بھی ساغرِ خورشید جلوہ زار ایمن ہے
نور کا نشیمن ہے
اب بھی ہے شعاعوں میں اسکی شعلہ سامانی
موجِ رنگ و تابانی

روح و دل سے ہیں لیکن کل حرارتیں رخصت
وہ لطافتیں رخصت
رہ گئے ہیں سینوں میں قطرہ ہائے بارانی
پرتوِ نیستانی

اب بھی ہوتی ہے زینت ہر مکان و ایواں کی
مسکن و شبستاں کی
ہر مقام سے روشن ہے فروغِ نورانی
رونق و درخشانی

چھوڑ دی ہے انساں نے لیکن ایک مدت سے
اپنی جہل و غفلت سے
روح و دل کے ایوانوں کی بہار سامانی
زینتِ گلستانی
ساز دہر سے جاری فسق کے ترانے ہیں
حرص کے فسانے ہیں
مٹ گیا ہے دنیا سے ذوقِ پاک دامانی
نغمۂ جذبِ روحانی
ہو رہی ہے انساں میں خوئے شیطنت پیدا
اک بہیمیت بیدار
منظروں پہ عریاں ہیں پھر قوائے شیطانی
جذبہ ہائے حیوانی
برہمن سے رخصت ہیں آج گیان کی باتیں
اور دھیان کی باتیں
شیخ میں نہیں باقی شیوۂ مسلمانی
پاسِ ذوقِ ایمانی

حرص و آز کی دنیا بستی ہے خیالوں میں
پستی ہے خیالوں میں
بحرِ دل میں طوفاں زن ہے ہوس کی طغیانی
فسق کی فراوانی
دل نہیں ہیں سینوں میں عفتوں کے مدفن ہیں
عصمتوں کے مدفن ہیں
روح جسم میں ہے یا پیکرِ ہوس رانی
موجِ خونِ نفسانی
چھا رہے ہیں غفلت کے پردے پیہم انساں پر
کل فضائے امکاں پر
چند روزہ ہے مہماں عہدِ عشرتِ فانی
دورۂ تن آسانی
نوحہ زارِ عبرت ہے شہرِ دل کی ویرانی
روح کی پریشانی
ظلمتِ وادی میں گم ہے شمعِ عرفانی
نورِ عقلِ انسانی (خاص)

مشرق

[مسٹر م، حسن لطیفی، بی اے، لمعاون و ادارہ سالہ "خیالستان"]

تو مجاہد ہے نہ کر موت کی پروا مشرق
عزم بیباک سے ہو معرکہ آرا مشرق
نورِ پنہاں ہے ازل سے جو ترے سینے میں
ظلمتِ دہر سے کر اس کو ہویدا مشرق
قصرِ ہستی کی بنا ڈال نئی صورت سے
تیرے دشمن تجھے کہتے ہیں "پرانا مشرق"
جس کی تلچھٹ میں بھی ہو حبِ وطن کی مستی
اپنے رندوں کو پلا دے وہی صہبا مشرق
دیکھ وہ پردہ اٹھا صورتِ آزادی سے
دیدۂ شوق سے ہو محوِ تماشا مشرق
خود گرینگے تجھے آنکھوں سے گرانے والے
ہم سمجھتے ہیں تجھے آنکھ کا تارا مشرق
شب پرستوں کو وہ لاتا نہیں خاطر میں کبھی
جو ہوا تیری سحرگاہ کا شیدا مشرق
سرفروشی کا اسی مرد کے سر ہے سہرا
جو ہوا تیری سحرگاہ کا شیدا مشرق
یہ لطیفی کی دعا ہے کہ خدایانِ فرنگ
تیرے در پر ہوں صدا ناصیہ فرسا مشرق (خاص)

درۂ عمر

غزل

(جناب ظفر تاباں صاحب ایڈیٹر درۂ عمر دہلی)

کسقدر نازش مقصود تھی بامل میری ؛ ڈوبنے آئی تھی کشتی لب ساحل میری
اب دوبیتکدۂ سوز محبت ہے جگر ؛ دل پہ موقوف نہ تھی گرمی محفل میری
[بقیہ صفحہ ۷۰۴]

میری مشکل میں اگر سلسلہ جنبال تو ہے ؛ یا الٰہی کبھی آسان نہ ہو مشکل میری
ہے دراز رہ الفت کی بقدر ہمت ؛ رہ گئے پاؤں جہاں ہے وہی منزل میری
انتہائے سفر شوق نہ تھی میری فنا ؛ مرکے دیکھا تو ابھی دور ہے منزل میری
کچھ تو پیدا ہو سکوں جوش طلب میں تاباں ؛ میرے امکاں ہے اگر دور ہو منزل میری
(خاص)

کچھ سمجھانا چاہا۔ ان کے اشاروں کے ذریعے میں سمجھا کہ مریخ میں و چاند ہیں۔ اور ایک تو زمین سے اس قدر قریب ہے کہ اسکی کشش سے مٹی کھنچ کر اس کے ساتھ جاتی ہے اور پانی سے دلدل پیدا ہو جاتی ہے۔ جسے ہم نہریں کہتے ہیں وہ پچاس پچاس میل چوڑے دلدل ہیں جو چاند کی کشش سے معرض ظہور میں آئے ہیں۔

ان میں ایک نازنین بہت خوبصورت تھی۔ اس کے حسن کے بیان کے لئے عاشق کا تخیل اور شاعر کی قوت بیان درکار ہے۔ اور مجھ میں دونوں باتیں مفقود۔ اس کے خاموش رہنا زیادہ مناسب ہے۔ وہ میرے اشاروں کو تمام و کمال سمجھتی تھی۔ تا انیکہ ہر لفظ کے معنی جان لیتی تھی۔

یکا یک اس نے ایک طرف اشارہ کیا۔ کوئی شے جنگل میں سے نکل کر اس طرف آرہی تھی وہ کیا چیز تھی میں نہیں جانتا کیونکہ اس سے ملتا جلتا اس چیز کی دو پتلی پتلی باہیں تھیں اور دو پتلی پتلی ٹانگیں۔ اس کا پیٹ بہت بڑا تھا اس کا منہ خوفناک حد تک وسیع تھا۔ یہ شے پچھلانگیں مارتی ہوئی دھات کی چادر کے پاس پہونچی میں فوراً ایک طرف ہو گیا۔ بشیز اس کے کہ مجھے کچھ سمجھ آئے اس بلا نے دھات کا جالی کا ڈھکن اُکھاڑا۔ اور اندر سے ایک عورت کو باہر کھینچ لیا۔ اس کے بعد اس بلا نے اپنی گردن مروڑی اور پاؤں کے نیچے روند دیا۔ میں دوڑا تاکہ گولی سے اس کا خاتمہ کردوں لیکن اس عرصہ میں اس نے ایک نوجوان آدمی کو کھینچ لیا اور اس کی بھی گردن مڑور کے رکھدی۔ میں دیکھ رہا تھا کہ باقی تمام لوگ چپ چاپ سے دیکھ رہے تھے وہ اپنے ہم جنسوں کو بچانے کے لئے ذرا بھی ہاتھ پاؤں نہ ہلاتے تھے۔

اب مجھے معلوم ہوا کہ مریخ پر انسانوں کی حکومت نہیں ہے وہاں وحشی جانور حکمراں ہیں۔ انسان ان کا غلام ہے۔ وہ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں۔ انسان دم نہیں مار سکتا۔ میں نے دو تین گولیاں ماریں دین وہ بلا لڑکھڑا کے گر پڑی۔

اب میں نے پنجڑے کی طرف دیکھا۔ وہ لوگ مرے ہوئے جانور کی طرف سے تعجب سے دیکھ رہے تھے اب مجھے یہ محسوس ہوا کہ میں نے غلطی کی ہے۔ جو لڑکی میرے ہر لفظ کو سمجھتی تھی اس نے جلدی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ مقصد یہ تھا کہ بھاگ جاؤ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مریخ میں انسان جانوروں کے اس قدر مطیع ہیں کہ ان کے خلاف کچھ کر ہی نہیں سکتے۔

میں نے خدا حافظ کہا۔ اور وہاں سے رخصت ہوا۔

میں بھاگتا ہوا جا رہا تھا کہ ایک شور سا سنائی دیا۔ جس بلا کو میں نے مار دیا تھا اس کے ساتھ کی کئی بلائیں مرا تعاقب کر رہی تھیں۔ میں نے پٹیاں باندھیں اور جہاز پر چڑھ بیٹھا جسطرح مریخ تک پہونچا تھا اسی طرح زمین پر واپس گیا۔ (خاص)

دکن پنچ

ہندی اور مغربی ناٹکوں کی امتیازی خصوصیات

[جناب ڈاکٹر۔ ایچ جگناتھ پرشاد۔ بی۔ ایم۔ بی وکیل ہائی کورٹ۔ ایڈیٹر "دکن پنچ" حیدرآباد دکن]

عموماً ہندو ناٹکوں میں بھی کچھ حصہ نثر اور کچھ حصہ نظم کا ہوتا ہے اور سنسکرت و پراکرت زبانیں مخلوط ہوتی ہیں۔ ہندو ناٹکوں کی زبان بھی بہت شستہ ہوتی ہے۔

خاص طور پر قابل ذکر بات اور امتیازی خصوصیات یہ ہیں کہ ان میں زنانکاری کا جو یورپی ناٹکوں کا ماسٹر پیس ہے شاذ و نادر ہی ذکر ہوتا ہے۔ بعض ناٹکوں میں حسن و عشق کی رنگینیاں ضرور ہوتی ہیں لیکن عشق کا نتیجہ لازمی طور پر پاکبازانہ ہوتا ہے۔ دوسرے کی بیوی سے تعلق پیدا کرنا اس زمانہ میں بہت بڑا پاپ اور اخلاقی جرم سمجھا جاتا ہے۔ یورپی ڈراموں کی طرح ہمارے ناٹکوں میں بھی طوائف کا عنصر موجود ہے۔ لیکن ہندی طوائف میں وہ عریانی نہیں تھی جو یورپی طوائف کا جزو لاینفک ہے۔ اس کے سوا اس وقت ہندوستان میں طوائف وہی حیثیت رکھتی ہیں جیسے یونان میں ہیٹرا۔ اور اپنی اعلیٰ تعلیم و قابلیت کے لحاظ سے ان کا رتبہ یورپی طوائف سے بہت زیادہ تھا۔ کیونکہ تفریحی دلبستگیوں کے علاوہ وہ ترتیب اطفال کی بھی سردار تھیں۔

ہندو ناٹکوں میں البتہ واقعات خرق عادت کثرت سے پائے جاتے ہیں اور خود دیوتا اور دیویاں ان میں شریک ہوتی ہیں اور جب کسی محل وقوع پر کوئی سخت مصیبت اور مشکل آپڑتی ہے۔ تو دیوتا ہی ان مشکلات کو آسان کرتے ہیں۔

انشا کے لحاظ سے بھی ہندو ناٹک کسی طرح کم نہیں ہیں۔ ان میں کلیات کی طرف زیادہ خیال کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات جزئیات پر کوئی توجہ نہیں دیجاتی۔ اگرچہ بعض محققین کی رائے ہے کہ ہندو ناٹک یونانی سے ماخوذ ہے لیکن واقعات اس کے خلاف شہادت دیتے ہیں۔

ہندوؤں میں ایکٹروں کا درجہ اسوقت بہت اونچا سمجھا جاتا تھا اور ایکٹ بھی نہایت مہذب طریقہ پر کیا جاتا تھا۔ ناٹک کے مصنفین تو نہایت ہی بلند پایہ اور بلند خیال ہوا کرتے تھے حتی کہ بعض اوقات بادشاہ خود ڈرامے لکھتے تھے۔ چنانچہ مٹی کے گاڑی کا جو سنسکرت ڈراموں میں ایک بہترین ڈرامہ ہے اس کا مصنف شودرک مگدہ کا بادشاہ ہے۔

یوں تو ہندو ناٹکوں کی تعداد اس قدر زیادہ ہے کہ ان کی فہرست بھی مرتب کرنا مشکل امر ہے۔ ہم صرف بعض مشہور و معروف ناٹکوں پر اکتفا کرتے ہیں۔

کالیداس کے ڈراموں میں میگھ دوت۔ کمار سنبھو۔ وکرم اروشی شکنتلا وغیرہ وغیرہ ہیں۔ ان سب میں شکنتلا زیادہ تر مشہور و مقبول ہے۔ اس کا ترجمہ کئی زبانوں میں ہوا ہے۔ خود فرانسیسی میں کئی تراجم موجود ہیں۔ اس ناٹک نے یورپ میں عام مقبولیت حاصل کی۔ کیوئی اور لامارٹین جیسے قابل ڈراما نویسٹ نے اس پر عش عش کیا۔ اس ناٹک سے ہندو مصنفین کے اوصاف کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ اس میں سادگی ہے اور دوسرے مغربی ناٹکوں کی طرح اس میں مبالغہ آمیزیاں نہیں ہیں۔ طرز بیان

[بقیہ ۶۷۶ صفحہ پر دیکھیے]

دلفریب

یادِ گذشتہ

(جناب ہادی قریشی سابق ایڈیٹر "دلفریب" رہتک)

پھر کسی بھولے ہوئے کی یاد آئی ہے مجھے ؛ شکل ماضی پھر تصور نے دکھائی ہے مجھے
آہ ایام گزشتہ، آہ وہ جانِ حیات ؛ جب کہ تھا میرے لئے موجود سامانِ حیات
یاد ہیں وہ دن کہ جب تم آہ میرے پاس تھے ؛ دو جہاں کی نعمتیں تھیں یعنی پہلو میں مرے
جب تمہارے نشۂ الفت سے دل مخمور تھا ؛ جب تمہاری یاد سے سینہ مرا معمور تھا
تم سے ملکر چین پاتا تھا مرا قلبِ فگار ؛ تم سے ملنے کیلئے رہتا تھا ہر دم بیقرار
روح بڑھ جاتی تھی جب دم سامنے آتے تھے تم ؛ جب دل بیتاب کو جلوہ دکھا جاتے تھے تم
سچ بتا دو وہ زمانہ کچھ تمہیں بھی یاد ہے ؛ یاد ہے جسکی مری دنیائے دل آباد ہے
وہ زمانہ! آہ جب ہم رنج سے آزاد تھے ؛ سادہ اور معصوم دل بیفکر تھے دلشاد تھے
روئے انور پر تمہارے وہ مباحث ریزیاں ؛ جلوۂ معصوم سے ظاہر عجب خیزیاں
جب شباب و کمسنی کا پیکر رعنا تھے تم ؛ سادگی دوشیزگی کا یعنی اک جلوہ تھے تم
وہ تمہاری بھولی باتیں وہ تمہاری سادگی ؛ وہ تمہاری سادگی وہ سادگی میں دلکشی
آہ وہ دن کسقدر پرکیف تھے معصوم تھے ؛ اب حقیقت میں ہوا اظہار کہ سب ہو چکا تھا
یاد ہے وہ چاندنی راتوں میں اکثر بیٹھنا ؛ آہ بیفکری سے گھنٹوں اپنا ملکر بیٹھنا
کالی کالی وہ گھٹا میں باغ پر چھائی ہوئی ؛ جیسے پریاں اُڑ رہی ہوں بال بکھرائی ہوئی
صحنِ گلشن میں سراپا کیف سا چھایا ہوا ؛ جوشِ مستی میں کھڑا ابر مخل اترایا ہوا
آم پر بیٹھی ہوئی کوئل کی وہ دلکش صدا ؛ نالۂ رنگیں سے دیتی تھی ہمارے دل بلا
شام کو بادل گرجنے پر کبھی چلائے مور ؛ رات کو نغمہ سناتا تھا کبھی بینڈک کا شور
وہ اندھیری شب میں جگنو کا چمک جانا کبھی ؛ وہ ہمارا دوڑ کر ان کو پکڑ لانا کبھی
اب کہاں تم اب کہاں میں وہ زمانہ اب کہاں ؛ عیش و عشرت کا وہ الفت کا نشانہ اب کہاں
خواب میں بھی اب تو وہ دن بھولکر آتے نہیں ؛ عہد ماضی کی جھلک تک آہ کی دکھلاتے نہیں
کیا خبر تھی آہ ایسا تفرقہ ہو جائے گا ؛ یہ زمانہ آہ، وہ دن میں ہوا ہو جائیگا
تم ہی بتلاؤ کہ وہ دن پھر کبھی آئینگے کیا ؛ مہرباں ہو کر مجھے پھر آپ بلوائیں گے کیا

(خاص)

کالیتھ کانفرنس گزٹ

مقدس یہی مریم آسا یہی ہیں
(خواتین سے مراد)

جناب ڈاکٹر چھدامی لال قنسہ (دہلوی)، ایڈیٹر "کالیتھ کانفرنس گزٹ" گوالیار!

ہر اک کلفت و غم کا چارہ یہی ہیں ؛ ہر اک درد و دکھ کا مداوا یہی ہیں
مریضانِ غم کے مسیحا یہی ہیں ؛ مقدس یہی مریم آسا یہی ہیں
ہے جن سے مردوں کی بنیاد یہی ہیں ؛ شریکِ غم و رنج دنیا یہی ہیں
انھیں کی ہی مایا کا پرتاب ہے سب ؛ یہی آن و ا و ربل وا یہی ہیں
اگر یہ نہ ہوں۔ تو وطن بھی ہے ویرانہ ؛ وسیلہ بڑا زندگی کا یہی ہیں

نہ ہوں یہ تو گلزار بنتی ہے ویران ؛ نسیمِ گلستانِ دنیا یہی ہیں
بگانہ نہیں کوئی دنیا میں اپنا ؛ کہ بیگانوں کی یگانہ یہی ہیں
یہی جانِ آدم۔ یہی جانِ عالم ؛ یہی چارہ گر ہیں مسیحا یہی ہیں
اسے غم ہو کیا غم۔ جو غمخوار ہوں یہ ؛ کہ سامانِ عشرت سراپا یہی ہیں
زبان پر نہیں، ان کی شکوہ شکایت ؛ عجب قناعت کا پتلا یہی ہیں
بھرا جن میں صانع نے رنگ وفا ہے ؛ یہی ہیں وہ تمثال زیبا یہی ہیں
مصیبت کی کشتی ہیں گھڑیاں انھیں پر ؛ کہ جینے کا دکھ میں سہارا یہی ہیں
قمر سے یہ جو غمخوار ہوں غم ہو شادی ؛ شبِ غم میں۔ صبح تمنا یہی ہیں

(خاص)

دور آزاد

[جناب لطف لکھنوی ایڈیٹر "دور آزاد" لکھنؤ۔]

ہو موت کا احسان یہ منظور نہیں ہے — نزدیک ہے ہستی سے عدم دور نہیں ہے
پھر مائل بیداد ہوا ہے وہ ستمگر — رونا ہے اب اس کا دل رنجور نہیں ہے
شربت کی طرح نام عاشق کا بنا دو — آئین محبت کا یہ دستور نہیں ہے
درد غم فرقت سے جو مر جائیں تو اچھا — ہو ضبط یہ امکان کا مقدور نہیں ہے
توبہ نہ کریے پی کے بھی بہکی ہوئی باتیں — وہ مست نہیں اور وہ مخمور نہیں ہے
احسان خوشی کا نہ رہا خو گر غم کو — دل وصل کی امید سے مسرور نہیں ہے

(خاص)

افسانۂ موسیٰ میں عجب لطف ہے اے لطف
کس پر اثر تذکرۂ طور نہیں ہے۔

[صفحہ ۶۷۵ کا بقیہ]

دلکش اور کہانی دلچسپ و دل کو لگنے والی ہے۔

اس کے بعد پراکرت ناٹکوں میں راجہ ہرشچندر۔ نل دمن۔ ستیہ ساوتری۔ ستیہ وتی۔ دیوہ یانا۔ انسویا۔ پربلاد۔ سارنگ دھر۔ رامداس وغیرہ وغیرہ یہ سب ناٹک ایسے ہیں کہ جو اخلاق۔ عصمت۔ وفاداری اور فرمانبرداری کے احساسات و جذبات سے سراپا لبریز ہیں۔ آج کل کے یورپی ناٹکوں کی طرح اس میں عشق اور مخرب اخلاق باتوں کا شائبہ تک نہیں ہے۔ بلکہ جو کوئی بھی انسان خواہ مرد ہو یا عورت۔ جوان ہو یا بوڑھا۔ ان ناٹکوں کے دیکھنے سے ایک گونہ اخلاقی سبق حاصل کر سکتا ہے۔ برخلاف اس کے یورپی ناٹکوں اور سنیماؤں کے دیکھنے سے آج کل ہمارے ملک کے نوجوان عورتوں اور مردوں کے عادات اور اطوار جیسا کچھ ناگفتہ بہ اثر پڑ رہا ہے وہ روز روشن کی طرح عیان ہے۔

اگرچہ ڈرامہ کے فن میں یورپ نے قابل قدر اضافہ کیا ہے اور حسیات و نفسیات کی دلچسپ ترجمانی کی ہے۔ لیکن حسن و محبت کو اس قدر نازیبا پیرایہ میں ظاہر کیا ہے کہ بجائے کسی مفید درس عمل کے مطالعہ کرنے والی نگاہوں اور مشاہدہ کرنے والے دماغوں کو شہوانی جذبات کے بھڑکانے والے پیغامات ملتے ہیں جن کے اثرات سے نوجوانوں کا محفوظ رہنا محالات سے ہے۔ لیکن ہندی ڈراموں میں حسن و عشق کی تفسیر حزور کی گئی ہے مگر ایسے مہذب پیرایہ میں کہ حظ نفس کے بعد حصول خودداری اور تحفظ کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں۔

بعض ہندو ڈراموں میں مشکل کے وقت فوق العادات قوتوں یعنی دیوتاؤں وغیرہ کی جو بروقت امداد دکھائی گئی ہے ممکن ہے کہ جدید تعلیم یافتہ اس کو مبالغہ خیال کریں لیکن اس کو مبالغہ خیال کرنے کے بعد بھی خلاترسی اور ہمدردی انسانی کا سبق ضرور ملتا ہے۔

یہاں ہم نے ان چند ہندو ناٹکوں کے نام صرف بطور نمونہ پیش کئے ہیں اور اگر ہم اپنی ناٹکوں کی تفصیل بتلانا چاہیں تو ہر ایک ناٹک کی جزئی تفصیل بھی ایک دفتر بنے گی اسلئے ہم بخوف طوالت صرف اجمالی تشریح پر ہی اکتفا کرتے ہوئے اپنے مضمون کو ختم کرتے ہیں۔ (خاص)

ذوالقرنین

موجودہ صحافت

(جناب مولوی نظام الدین حسین نظامی ایڈیٹر "ذوالقرنین" بدایوں)

ہندوستان میں اخبار نویسی کا چرچا مغربی تہذیب کے ساتھ ساتھ ہوا ہے۔ ۱۸۳۵ء میں لارڈ ولیم بینٹنک کے عہد میں پریس کی آزادی کا قانون پاس ہوا۔ اس کے تیسرے ہی برس یعنی ۱۸۳۸ء میں اردو اخبار کے نام سے ایک ہفتہ وار پرچہ دہلی سے نکالا گیا۔ غالباً اردو میں یہی پہلا اخبار تھا۔ اس کے بعد آگرہ سے ایک اخبار جاری ہوا جس کا نام "سعد الاخبار" تھا۔ ۱۸۵۰ء میں لاہور کا مشہور پرچہ "کوہ نور" جاری ہوا۔ اداب یہ سب پرچے ملک عدم کا راستہ اختیار کر چکے ہیں۔ ان کے بعد ۱۸۵۹ء میں لکھنؤ سے اودھ اخبار جاری ہوا جو اب تک جاری ہے۔

اس صوبہ کے علاوہ اسی زمانہ میں بمبئی سے "کشف الاخبار" اور مدراس سے "جریدۂ روزگار" وغیرہ نکلے۔ "اخبار عام" لاہور بھی اسی زمانہ کی یادگار ہے جو اب تک جاری ہے۔ رسالوں میں "دلگداز" سب سے پرانا پرچہ ہے جس نے اردو ادب کی بہت بڑی خدمت انجام دی۔ مخزن لاہور بھی جو شیخ عبدالقادر کی ادارت میں شائع ہوتا تھا ان نامور پرچوں میں شمار ہوتا ہے۔ جس پر اردو ادب کو ناز ہے۔ "ادیب" الٰہ آباد اور العصر لکھنؤ بھی اپنے اپنے وقت پر بہت کام کر گئے دکن ریویو اور رسالہ حسن حیدر آباد کی پرانی جلدیں آج تک قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔ صبح امید نے جو لکھنؤ سے نکلا تھا اور پبلک کو سیاسی تربیت دینا جس کا خاص مقصد تھا بہت تھوڑی عمر پائی ورنہ آج تک وہ اردو داں پبلک میں صحیح سیاسی مذاق پیدا کرنے پر بجا فخر کر سکتا تھا۔ موجودہ رسالوں میں "زمانہ" کانپور۔ "الناظر" لکھنؤ "ہمایوں" لاہور۔ "معارف" اعظم گڑھ کے سوا دادِ بہت سے پرچے عالم وجود میں آ گئے ہیں۔ حال ہی میں صوبہ متحدہ کو دارالسلطنت الٰہ آباد سے "چاند" نے اپنی روشنی پھیلائی ہے جس میں تصاویر اور مضامین کا خاص انتظام کیا جاتا ہے یہ تمام پرچے زیادہ تر ادبی مذاق کی اشاعت کے مدعی ہیں لیکن نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اخباروں اور رسالوں کے مضامین میں بعض اوقات ایسی زبان استعمال کی جاتی ہے جو ٹکسالی اردو سے کہیں علٰحدہ ہوتی ہے مثلاً حکماں۔ رہائش بمعنی خیز وغیرہ الفاظ یا مذکر کو مونث اور مونث کو مذکر لکھنا اردو میں غیر معروف۔ الفاظ عربی اور سنسکرت کے داخل کرنا یہ رائے قائم کر دینے پر مجبور کرتا ہے کہ ؎

گر ہمیں مکتب و ہمیں ملا
کار طفلاں تمام خواہد شد

گذشتہ ستمبر میں ایک رسالہ نے مذکر و تانیث کے لئے مخصوص مضمون شائع کیا ہے۔ جس میں ڈھول جاگیہ۔ قلم تراش۔ میلاد۔ وعظ وغیرہ کو مونث اور قمیض نال۔ سطح وغیرہ کو مذکر لکھا ہے حالانکہ اردو میں یہ بولنا کہ ڈھول بجی۔ جماعتیہ پھٹ گئی۔ قلم تراش جاتی رہی۔ میلاد ہوئی وعظ کہی یا قمیض پھٹ گیا۔ بندوق کی نال خراب ہو گیا۔ سطح ناہموار ہو گیا۔ کس قدر مضحکہ خیز ہے۔

ادبی نقطۂ خیال کو علٰحدہ کر کے خبروں کی جامعیت اور تازگی کے لحاظ سے بھی اردو اخبارات بہت پیچھے ہیں اس ضمن میں ہم اپنے روزانہ اخباروں پر نظر ڈالتے ہیں تو دلی اور لاہور کے معدودے

چند اخبارات نے اگر چہ فری پریس یا ایسوسی ایٹڈ پریس سے براہ راست خبریں حاصل کرنے کا انتظام کر لیا ہے لیکن پھر بھی انگریزی اخبارات تو درکنار ہمارے اردو روزانہ اخبار گجراتی اور بنگالی اخباروں سے بھی مقابلہ نہیں کر سکتے حجم کے لحاظ سے بھی وہ ان کی برابر نہیں ہوتے۔ لیکن قیمت اردو روزانہ بھی انگریزی اخبارات کی برابر ہی صول کرتے ہیں۔

ہفتہ وار اخبارات کی تو نہایت ہی ردی حالت ہے۔ ہفتہ وار اخبار روزانہ سے بالکل جداگانہ چیز ہیں۔ اور ماہوار رسالوں سے بھی علیٰحدہ۔ ہفتہ وار ان دونوں کے درمیان ایک خاص حیثیت رکھنے والا موقت الشیوع پرچہ ہوتا ہے۔ لیکن ہمارے ہفتہ وار اخبار دو ایک پرچوں کے سوا ظاہری صورت شکل مضامین اور خبروں وغیرہ کی ترتیب کے لحاظ سے روزانہ کے مقلد ہوتے ہیں۔ چند سالہائے گذشتہ میں ہمعصر ریاست اخبار۔ مشیر سلطنت وغیرہ نے انگریزی ہفتہ وار اخباروں کے نمونے پر اردو دان پبلک میں اپنے ہفتہ وار پرچے پیش کئے جس میں اس زمانے کے ماہوار رسالوں کی طرح تصاویر کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔

نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس ملک میں خصوصاً ہمارے صوبہ کو وہ اہمیت حاصل نہیں جو دوسرے ملک کے پریس کو حاصل ہے۔ یہ ایک واقعہ ہے کہ جب امریکہ میں مسٹر ولسن کا صدارت پر انتخاب ہوا تو انھوں نے اخبار نویسوں کے ۹ نمایندے مدعو کر کے ان سے یہ کہا تھا کہ وہ پبلک شکایتوں اور ملکی ضروریات کو اس طرح شائع کریں جس سے حکومت کو یہ معلوم ہو جائے کہ پبلک کی واقعی ضروریات کیا ہیں اور اس طرح وہ گورنمنٹ کو عوام کی ضروریات کے مطابق پالیسی قائم کرنے میں مدد دیں۔ انگلستان میں بھی پریس کو ایک بڑی قوت سمجھا جاتا ہے۔ وہاں جو سیاسی پارٹی برسر اقتدار ہوتی ہے۔ اس کا اقتدار اس پارٹی کے اخبارات کی قوت پر منحصر ہوتا ہے۔ لیکن ہندوستان میں اردو اخبارات کی نہ کوئی قوت ہے نہ اُن کا کچھ اقتدار اس کی بڑی وجہ تو یہ ہے کہ یہاں اخبارات کی ملکیت اور ادارت زیادہ تر ایسے ہاتھوں میں ہوتی ہے جو اس کے اہل نہیں ہوتے۔ نہ ان کے پاس کافی سرمایہ ہوتا ہے جو اعلیٰ پیمانے پر اخبار چلا سکیں نہ اُن کے دل میں قوم اور ملک کا سچا درد ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض وقت وہ صحیح راستے سے ڈگمگا جاتے ہیں سنسکرت میں ایک کہاوت ہے "بھگھ شٹا لنگ نہ کروتی پاپم" جس کے معنی یہ ہیں وہ کونسا گناہ ہے جو مفلس آدمی نہیں کر گزرتا۔

سب سے بڑا گناہ جو اخباری برادری کے بعض ناعاقبت اندیش لوگوں سے صادر ہوتا ہے۔ وہ یہ ہوتا ہے کہ وہ پہلے بڑے لمبے چوڑے وعدے کر کے اخبار جاری کرتے ہیں اور پیشگی چندہ وصول ہو جانے کے بعد اخبار بند ہو جاتا ہے اور جو لوگ چندہ دیدیتے ہیں وہ اپنے داموں کو صبر کر کے بیٹھ جاتے ہیں۔ ان لوگوں کے اس طرز عمل سے تمام اخباری دنیا سے پبلک کو بدگمانی ہو جاتی ہے۔

دوسرا گناہ ہمارے بعض بھائیوں کا یہ ہوتا ہے کہ وہ بڑے بڑے لوگوں پر اپنی صحافت کا ناجائز دباؤ ڈال کر ان سے ناجائز فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ بلکہ بعض کا اصل مقصد صرف یہی ہوتا ہے۔

تیسرا گناہ اخبار نویسی کا یہ ہے کہ اپنے ذاتی عناد یا کسی دوسرے کی ناجائز طرفداری کے جوش میں بعض اخبار نویس ایسے بے قابو ہو جاتے ہیں کہ انھیں صحافت کی ذمہ داریوں کا احساس بالکل نہیں رہتا مذکورہ بالا اقسام کے صحیفہ نگاروں یا اخبار والوں کو جب اپنے کرتوت کی وجہ سے کسی مصیبت کا سامنا ہو جاتا ہے تو اس کا مقابلہ کرنے کے لئے ان کے پاس کوئی فنڈ بھی نہیں ہوتا۔

ان تمام خرابیوں کو دور کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ ایک پریس ایسوسی ایشن قائم کی جائے جو وقتاً فوقتاً خرابیوں سے بچنے

(بقیہ ۵۸۳ صفحہ پر دیکھئے)

رہبر

انقلاب

[جنبہ شاہ سید احمد سعید غفرلہٗ جناب طاہر ایڈیٹر رہبر جونپور]

انقلاب آ ہی گیا لو انقلاب آ ہی گیا
بات پر اپنی دلِ خانہ خراب آ ہی گیا

اس لفظ انقلاب نے ایک خاص سیاسی معنویت کا جامہ اختیار کر لیا ہے حالانکہ اگر بہ امعانِ نظر دیکھا جائے تو آفرینش کا ذرہ ذرہ بلکہ سالمہ سالمہ ہر لمحہ انقلاب پذیر ہے۔ جب ہم نگاہ ڈالتے ہیں تو ہمکو اس عالم کون و فساد میں تمام اشیاء دنیا اس رنگ سے گذرتی نظر آتی ہیں کہ ہر لمحہ ایک جداگانہ رنگ میں دکھائی دیتی ہیں وہ جداگانہ رنگ عالم مرئیات میں ہو یا غیر مرئیات میں۔

ایک قطرۂ آب کو لیجئے ایک خاص درجہ حرارت پر پہونچکر وہ انقلاب پذیر ہو جاتا ہے۔ حرارت قبول کرتے کرتے جب ۲۱۲ (الف) درجہ تک گرم ہو گا تو فنا کی صورت اختیار کرے گا اور دوش ہوا پر سیر کناں نہیں معلوم وہ کہاں کہاں اڑتا پھرے گا۔ اور وہی قطرۂ آب جب ۳۲ (الف) درجہ حرارت پر پہونچے گا تو ایک منجمد صورت اختیار کرے گا۔

اسی طرح کائنات کی تمام چیزیں انقلاب پذیر ہیں انسان پیدا ہونے سے لیکر عالم کہولت تک صدہا مدارج طے کرتا ہے اور جیسا کہ حکیم الٰہی نے فرمایا ہے بجائے خود ایک عالم صغیر ہے اور عالم کون و فساد کے تمام انقلابات کی ایک مثال پیش کرتا ہے۔ اسی طرح نمونہ کے طور پر ہم صدہا چیزیں لے سکتے ہیں۔

اس موقعہ پر میں محض انقلاب کی مخصوص کیفیتوں اور اُن کے اثرات کا بالاختصار ذکر کرنا چاہتا ہوں اور نمونہ کے طور پر عالم مادی یعنی طبعی مثالیں لوں گا۔

انقلاب ہمارے سامنے دو صورتوں میں نمایاں ہوتا ہے فوری اور تدریجی۔ فوری انقلاب کا اثر فوراً ظاہر ہو جاتا ہے اور تدریجی انقلاب کے نتائج جو مختلف تغیرات کی صورت میں جلوہ نما ہوتے ہیں اپنے منبع کو ظاہر نہیں کرتے لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے کہ ہر انقلاب اپنے دامن میں تعمیری اور تخریبی پہلو لئے ہوئے ہے۔

کوہ وقار ایک عام محاورہ ہے جسمیں ظاہر بظاہر اس امر کا اشارہ ہے کہ کوہستان انقلابات اثر قبول نہیں کرتے۔ فوری انقلاب کو اگر کہئے تو یہ فی الجملہ صحیح ہے۔

قریب قریب تمام دنیا کی شاعری نے اس حقیقت کی جانب طبع آزمائی کی ہے کہ چاہے کتنا ہی ابر باراں ہو کیسا ہی طوفان ہو کیسی ہی بجلیاں چمکیں مگر اک پہاڑ ہے کہ اس کو ذرا سی جنبش نہیں ہوتی مگر یہ غلط ہے۔ برف پوش ہمالیہ کی حالت کو خیال کیجئے ایک ہوکا عالم ایک سناٹا نظر آتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہزارہا سال سے یہ کیفیت ہے اور ہزارہا سال تک یہ کیفیت رہے گی۔ لیکن ایک انقلاب ہے کہ ہر لمحہ کارفرما ہے۔ برف کی بالائی تہیں ایک جانب اپنے اوپر کی ہوا کو بارد کر کے منجمد کرتی جا رہی ہیں اور اپنے ضغط اور فشار سے دوسری جانب زیریں تہوں کو مائی شکل میں منقلب کرتی رہتی ہیں۔ اسی منزل میں تعمیری اور تخریبی دونوں پہلو انقلاب کے نمایاں ہیں ایک جانب برف

پوشی بڑھتی جاتی ہے نیچے کی تہیں پانی ہو کر بہتی جاتی ہیں اسی طرح سے خود پہاڑ کی سطح دن کی گرمی رات کی سردی۔ بارش۔ ہوا۔ نباتی روئندگی اور سیل آب کے باعث کٹتی جاتی ہیں یہ فرسودگی اپنا اثر اس حد تک ظاہر کرتی ہے کہ ایک مدت گذرنے کے بعد جبلی ہیئت بالکل منقلب ہو جاتی ہے۔

اس انقلاب نے محض تخریبی عمل کو ظاہر کیا تعمیری پہلو یہ ہے کہ اسی تخریب کی بدولت میدانوں کی تفصیل ہوتی ہے پر لکین یہی جبال آتش فشاں میں جب التہاب پیدا ہوتا ہے تو شعلہ ہائے جوالہ ہوا میں اڑ اڑ کر ایک سیلابی کیفیت اختیار کرتے ہیں اور یلغار مارتے ہوئے جدھر بڑھتے ہیں جو چیز ان کی راہ میں آتی ہے اُسے خاک وسیاہ کر دیتے ہیں لیکن بطون ارض سے جو مادہ خارج ہوتا ہے یہ اسی کی انقلابی کیفیت اختیار کرتے ہیں اور یلغار مارتے ہوئے جدھر بڑھتے ہیں ہو چیز ان کی راہ میں آتی ہے اُسے خاک وسیاہ کر دیتے ہیں لیکن بطونِ ارض سے جو مادہ خارج ہوتا ہے یہ گویا کی انقلابی برکت ہے کہ ہمیں فلزات سونا۔ چاندی یا دوسری معدنی اشیاء گندھک وغیرہ ملتے ہیں جو ہزارہا تغیرات کے باعث طبقات ارض میں محو نارہ میں پائے جاتے ہیں۔ یہ انقلاب ہم کو عالم صغیر میں نظر آتا ہے یوم تولد سے لیکر یوم وفات

صفحہ ۶۸۲ کا بقیہ

تک اس کے مختلف اجزائے حیات کی تولید اور بالیدگی اور آخر دور حیات میں ان کی تعفین اور فرسودہی ہمارے سمجھنے کے لئے انقلاب کا بہترین نمونہ ہے یہ مثال تدریجی انقلاب کی تھی فوری انقلاب کی مثالیں ہم کو انسانی زندگی کے ناگہانی اور غیر معمولی واقعات میں نظر آتی ہیں۔ اکثر ایک نشاط انگیز واقعہ جسم میں ایک بالیدگی پیدا کر دیتا ہے اسی طرح ایک صدمہ خیز حادثہ اپنی تباہ کاری کے اثرات فوراً ظاہر کرتا ہے۔ یہ مثال تر النسان کے عالم حیوانی کی تھی۔

ہم النسان کے عالم روحانی۔ عالم ذہنی اور عالم اخلاقی پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ماحول کے اثر سے بہتر سے بہتر افراد نہایت ہی ابتر صورت اختیار کر لیتے ہیں اور بد تر سے بد تر افراد خوبی و خوش اسلوبی کا بہترین نمونہ پیش کرتی ہیں اسی طرح سے انقلاب کے معلومات ہم کو النسان کی ہیئت اجتماعی میں نظر آتے ہیں۔ سخت انقلابی واقعات جب بہ یکدفعہ رونما ہوتے ہیں تو النسان کے معاشرتی نظام میں تغیر عظیم واقعہ ہو جاتا ہے اور یہ تغیر کہا جا سکتا ہے کہ اپنے ابتدائی مراحل میں بلا استثناء نہایت ہی مہیب اور ہولناک نتائج پیش کرتا ہے خواہ اس کے دور رس اثرات میں النسانی معاشرت کے بہتری کا راز مضمر ہے۔

(خاص)

حیاتِ جاوداں آئی ہے جاں بازوں کے حصے میں
ہمیشہ جینے والے ہیں یہ جینے مرنے والے ہیں

ہزاروں کام ہم نے داغِ عصیاں سے نکالے ہیں
محبت میں گراں پا ہو نہ اتنا خوف رہزن سے
نہ پوچھ اے شوق منزل تو بیانِ دوریِ منزل
جو اس رستے میں لٹ جائیں بڑی تقدیر والے ہیں
کہ یہ ساتوں فلک پائے طلب کے سات چھالے ہیں

غمِ دنیا کو نسبت ہی نہیں غم ہائے الفت سے
لحاظِ ناتوانی سے یہی مقبول ہوں یارب
یہ غم سب سے الگ سب سے جدا سب سے نرالے ہیں
یہ چار اشکِ ندامت بھی مصیبت سے نکالے ہیں

دکھایا جس جگہ سب اس کو رحمت کی سند سمجھے
ملیگی جوشؔ تم کو ہنر کی داد محفل میں
مضامیں عشق کے تھے حسن کے سانچے میں ڈھالے ہیں

(خاص)

رہنمائے تعلیم

تحریک عمل اشتراک

کوا پریٹو سوسائیٹیز و مدراس

[جناب لالہ لچھمی چند ودیا رتھی، بی۔اے۔بی۔ٹی، ایم۔او۔جی۔اے چیف ایڈیٹر رہنمائے تعلیم لاہور]

تحریک عمل اشتراک ایک خاص صوبہ تک محدود نہیں۔ بلکہ ملک ہند کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پھیلی ہوئی ہے۔ مختلف صوبہ جات کے اعداد سے ظاہر ہے۔ کہ یہ مدراس۔ بمبئی۔ پنجاب اور شائد بنگال میں بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ چنانچہ۔

(۱) بمبئی میں ۲۲،۷ فی ہزار (۲) پنجاب میں ۱۹،۳ فی ہزار (۳) مدراس میں ۱۷،۶ ہزار (۴) برما میں ۱۱،۶ ہزار (۵) اور بنگال میں ۹،۶ فی ہزار۔ آبادی پر اس کے ممبران پائے جاتے ہیں ۱۹۲۵-۲۶ء میں ہندوستان بھر میں تعداد ممبران ۳ کروڑ تھی۔

اس تحریک کی اہمیت۔ مقاصد۔ طریق عمل عوام سے ایک حد تک پوشیدہ رہے ہیں۔ اسکی زیادہ تر یہ وجہ ہے۔ کہ تحریک ہذا کا حلقۂ اثر زیادہ تر دیہاتی ہے۔ کارکنان زیادہ تر زمیندار طبقہ کے لوگ ہیں۔ بالخصوص زراعتی کوا پریٹو سوسائیٹیوں اور اوں کے متعلقہ زراعتی بینک وغیرہ کی یہی حالت ہے۔ اگر چہ انڈسٹریل کوا پریٹو سوسائیٹی کے متعلق ان امور کا اعادہ نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ وہ چنداں کامیاب ثابت نہیں ہوئیں۔

آرٹیکل زیر بحث میں تحریک ہذا کے متعلق کچھ امور روشنی میں لائے جائیں گے۔ اور یہ ثابت کیا جائے گا۔ کہ مدراس میں یہ تحریک کس قدر مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ اسکے لئے اول اسکے معنی۔ اہمیت اور گذشتہ تاریخ پر سرسری نظر ڈالیں گے۔

انگریزی زبان کے لفظ OPERATION. کے معنی عمل کے ہیں۔ CO (کو) ایک پری فکس PREFIX ہے۔ جسکے معنی اشتراک (باہمی۔ مشترکہ) کے ہیں۔ پس CO-OPERATION. (کوا پریشن) کے معنے عمل اشتراک کے ہیں۔ سوسائیٹی مجموعۂ افراد ہے۔ جب ایک مجموعہ افراد اشتراک عمل سے کام کرے۔ تو اسے کوا پریٹو سوسائیٹی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ قدرت نے یہ عمل انسانی خصلت میں رکھا ہے۔ اس کائنات کی بناوٹ اس امر کی دلیل ہے۔ ہر فرد بشر (انسان وحیوان۔ چرند و پرند) اس کی عملی مثال ہے۔ انسانی جسم کی بناوٹ اس کی زندہ نظیر ہے۔ مختلف اعضائے اپنا اپنا کام کرکے انگلستان میں تھوک فروشی کی سوسائٹیاں ۱۸۶۳ء میں انفرادی طریق پر چند ممبران پر محمول تھی۔ لیکن سنہ ۱۹۱۰ء میں اسکے اعداد قابل غور ہیں۔

سرمایہ ۴۶۵ و ۸۱۵ و ۴ پونڈ۔ فروختگی ۳ ۸۳۳ و ۵۶۷ و ۲۶ پونڈ۔ منافع ۷۶۰ و ۵۴۷ پونڈ۔

سکاٹلینڈ میں اسی طرح سے ۱۹۱۰ء میں ان سوسائٹیوں کا مشترکہ سرمایہ ۳ ۵۷۳ و ۸۳۶ و ۲ پونڈ فروختگی ۱۵۸ و ۳۸۷ و ۷ پونڈ۔ منافع ۸۲۳ و ۲۹۴ پونڈ۔

ہندوستان میں تاریخ کوا پریٹو تحریک۔ اعداد متعلقہ کو فی الحال پیش کرنا ضروری نہیں۔ صرف یہ ظاہر کرنا مقصود ہے۔ کہ تحریک نے اہل ہند کی زراعتی آبادی کو ایک حد تک مستفیض کیا ہے۔ دیگر شعبوں میں اس قدر ہر دلعزیز ثابت نہیں ہوئی۔ اسکی وجوہات ہیں۔ جن پر باموقع بحث کیجائیگی۔

تحریک کوا پریٹو نے زراعتی شعبہ میں کیا کام کیا ہے۔ اور کن اصولات پر مبنی ہے؟ ان سوالوں کا مختصر جواب یہ ہے۔ کہ پنجاب کے دارالخلافہ لاہور میں پنجاب بھر کے لئے ایک مرکزی کوا پریٹو سوسائٹی ہے۔ جن کی شاخیں پنجاب بھر کے مختلف اضلاع میں قائم ہیں۔ ہر ایک سوسائٹی کے ساتھ کوا پریٹو بینک ہے۔ جس میں سوسایٹی کا سرمایہ جمع رہتا ہے۔ ان بنکوں کا تعلق سنٹرل کوا پریٹو بینک لاہور سے ہے۔ پنجاب میں ایک افسر اعلیٰ رجسٹرار کوا پریٹو سوسائٹیز ہے۔ اس کے ماتحت اضلاع میں انسپکٹران وسب انسپکٹران ہیں۔ ضلع کی ہر ایک سوسائٹی میں سرکاری یا غیر سرکاری پریزیڈنٹ ہوتا ہے۔ سوسایٹی کے ممبران زراعت پیشہ اصحاب ہیں۔ انکا سرمایہ مقرر ہے۔ جو حصص پر تقسیم ہے۔ خریداران حصص ممبر بن جاتے ہیں۔ خاص رقوم کے خریداران حصص ڈائرکٹر بنتے ہیں۔ ممبران ان میں سے منتظمان سوسائٹی انتخاب کر لیتے ہیں۔ جمع شدہ سرمایہ بینک میں جمع کر دیا جاتا ہے۔ اُسی روپیہ سے زمینداروں کو سود پر روپیہ قرض دیا جاتا ہے۔ اور آسان اقساط میں واپس لے لیا جاتا ہے۔ روپیہ کی ضمانت کاشتکاران وزمینداران کی زمین ہوتی ہے۔ ممبران کو ان کے حصص پر سالانہ منافع ملتا ہے۔ اُدھر زمینداران کی مشکلات متعلقہ قرضہ۔ بیج۔ مویشی وغیرہ حل ہو جاتی ہیں۔ اِس تحریک کے زیر اثر اناج کی دکانیں بھی کھل گئی ہیں۔ زمیندار کی پیداوار سوسائٹی خرید کر فروخت کرتی ہے۔ اِسمیں دلال خود سوسائٹی ہے۔ منافع حاصل کردہ ممبران سوسایٹی میں تقسیم ہوتا ہے۔ اس کے ماتحت کوا پریٹو تعلیمی سوسائٹیاں اور کوا پریٹو مویشی سوسائٹیاں قائم کی گئی ہیں۔

(خاص)

غزل

[پنڈت لبھورام صاحب جوش للیانی منشی فاضل ادیب فاضل ایڈیٹر رسالہ رہنمائے تعلیم لاہور]

بڑی تاثیر والے تیرے دیوانوں کے نالے ہیں
چمن والوں نے بھی اپنے گریباں پھاڑ ڈالے ہیں

ہر اک پردے میں سو جلوے ہر ایک جلوے میں سو پردے
کرشمے حسن بے پایاں کے جلتے ہیں نرالے ہیں

نہ پایا ایک بھی جوہر وفاداری و الفت کا
تری تیغ ادا کے ہم نے کوچے چھان ڈالے ہیں

فغاں میں برق سوزاں کا اثر پیدا کرے بلبل
یہ آہیں کوئی آہیں ہیں یہ نالے کوئی نالے ہیں

[بقیہ صفحہ ۶۸۱ پر دیکھئے]

رہنما

پیارے صاحب کی کارستانی

از جناب خواجہ عبدالرؤف عشرتؔ لکھنوی سابق ایڈیٹر "رہنما" و "ہما"

پیارے صاحب شریف زادے نامور باپ کے بیٹے تھے لیکن طبیعت بچپنے سے ایسی پائی تھی کہ محلے کے نیچ ذات کے لونڈوں کی صحبت پسند آتی تھی دن بھر گلی ڈنڈا سولہ گٹی۔ گولیاں کھیلا کرتے تھے، اور اس میں کبھی دھاندلی کر جاتے تھے۔ رفتہ رفتہ انٹی باز مشہور ہو گئے۔ باپ نے بہت کچھ چاہا کہ صاحبزادۂ بلند اقبال کچھ معمولی تعلیم حاصل کر لیں۔ تاکہ شرفا کی صحبت میں بیٹھنے کے قابل ہو جائیں۔ دو برس تک زبردستی اسکول بھیجا۔ لیکن صاحبزادے نے آخر یہ بوجھ اپنے سر سے اتار کر پھینک دیا۔

باپ کی صحبت میں شین قاف درست ہو گیا تھا۔ اور کچھ انگریزی الفاظ ایک خانساماں سے معمولی گفتگو کے یاد کر لئے تھے۔ اس سبب سے شرفا کی صحبت میں بیٹھنے کے لائق ہو گئے تھے۔ والد مرحوم نے اپنی عقلمندی سے ایک شریف خاندان کی لڑکی سے انکی شادی کمسنی میں کر دی تھی، جو پچاس روپیہ ماہوار کی وثیقہ دار تھی۔ ان کا خیال تھا کہ فرزند صاحب تو تعلیم حاصل نہیں کر سکا۔ اور میرے بعد بھیک مانگنے کی نوبت آئیگی۔ اس لئے یہ پچاس روپیہ ماہوار اس کی فاقہ شکنی کو کافی ہوگا پیارے صاحب نے نیچ ذات کی صحبت کے اثر سے ایک فن حاصل کر لیا تھا۔ جسے فن زباز یا دغابازی کہتے ہیں۔ اور باپ کی صحبت سے ایک فیض پایا کہ اچھی پوشاک پہن کر شرفا میں بیٹھ سکتے تھے۔ یہ دونوں ہنر آپ کی آیندہ زندگی میں مفید ثابت ہوئے۔

باپ کے مرنے کے بعد بیوی سے اَن بَن رہنے لگی۔ لکھنؤ محلہ مصاحب گنج میں انکا مکان تھا۔ مکان کے عقب میں ایک باغیچہ تھا۔ جو اُن کو باپ کی طرف سے ورثہ میں ملا تھا۔ بی بی چاہتی تھی کہ میاں نیکنامی کی زندگی بسر کریں اور شرفا کا چلن اختیار کریں۔ میاں کی صحبت میں دنیا بھر کے جواری بٹیر باز جمع رہتے تھے۔

اسی پر جھگڑا ہوتا تھا، تو اکثر ناراض ہو کر گھر سے نکل جاتے تھے۔ پردیس میں لوگوں کو چھان دیکر کچھ ٹھگ لاتے تھے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ گھر میں کچھ تکرار ہوئی۔ آپ ہینڈ بیگ لے کر گھر سے نکل کھڑے ہوئے۔ اور فیض آباد کے اسٹیشن پر اُتر پڑے۔ وہاں کے لوگوں سے پوچھا کہ یہاں کوئی اخبار بھی نکلتا ہے۔ ایک صاحب نے کہا کہ اخبار "صلح کل (روزانہ)" یہاں کا بہت مشہور ہے۔ اس کے ایڈیٹر اور مالک مولوی ابوصالح رئیس فیض آباد ہیں۔ پوچھا کس محلہ میں مکان ہے۔ معلوم ہوا کہ رکاب گنج میں بہت بھاری املاک ہے۔ اسی وقت کرایہ کی یکہی کر کے مولوی ابوصالح کے مکان پر پہونچے۔ مولوی صاحب سے مصافحہ کرنے کے بعد کہا "شاید آپ نے مجھے پہچانا نہیں۔ میں رسالہ "رنگین" کا ایڈیٹر ہوں۔ کریم یار خاں میرا نام ہے۔ اس وقت رسالہ

رنگین کی اشاعت پانچ ہزار ہے۔ کچہری میں ایک مقدمہ کی پیشی ہے۔ اس لئے یہاں آیا ہوں۔ ہینڈ بیگ ان کے سپرد کرکے کچھ کاغذات نکالکر کچہری پہنچے، وہاں سے واپس آکر ایک تار کا خرچ مولوی صاحب کو دیا، اور کہا "سٹر ابوالخیر کے نام ابھی ایک تار بھجوا دیجئے۔ کہ فوراً بذریعۂ تار دو سو روپیہ روانہ کردو۔" شام کا کھانا مولوی صاحب کے ساتھ کھایا۔

صبح کو دس بجے تک تار کا انتظار کیا۔ جب روپیہ نہ آیا تو مولوی صاحب سے کہا "کچہری کا وقت جاتا ہے۔ میرا مقدمہ خراب ہو جائیگا۔ آپ مہربانی سے مجھے دو سو روپیہ مرحمت فرمائیے۔ غالباً میرا روپیہ کل آتا ہوگا۔ وہ آپ لے لیجئیگا۔ مولوی صاحب نے بے عذر روپیہ حوالے کردیا۔

آپ وہاں سے لکھنؤ کا ٹکٹ لیکر مع الخیر مکان واپس آگئے۔ ایک مہینہ بھر بڑی فیاضی سے زندگی بسر کی۔

جب شام کو پیارے صاحب مولوی صاحب کے یہاں واپس نہ آئے۔ تو ان کو کسی قدر تشویش ہوئی۔ فوراً ایڈیٹر رسالہ "رنگین" سٹر کریم یار خاں کے نام خط بھیجا۔ "غالباً آپ کسی سخت ضرورت سے لکھنؤ واپس چلے گئے۔ مہربانی کرکے میرا دو سو روپیہ فوراً بھیجدیجئے، سخت ضرورت ہے۔"

وہاں سے جواب آیا "میں تو اس مہینے میں کہیں نہیں گیا۔ نہ کسی سے کبھی پیسہ قرض لیا۔ آپ کو شک ہوا ہوگا۔"

مولوی ابو صالح اس جواب سے خاموش رہے، اور اپنی حماقت پر افسوس کیا۔

دو چار مہینے کے بعد پھر پیسے سے تنگ ہوئے تو ڈور کی سوجھی۔ انگریزی کپڑے بنوائے۔ عینک خریدی، جیب گھڑی مول لی۔ ہینڈ بیگ ہاتھ میں لیکر ایک ستار ساتھ لیکر الہ آباد پہونچے، وہاں نورجہاں طوائف کے مکان پر گئے۔ اور اس سے کہا "غالباً تم مجھے جانتی ہو۔ میں ریشم پری کا سگا بھائی ہوں۔ حیدر آباد میں جب تم گئی تھیں، تو ہماری مہمان ہوئی تھیں۔ اس لحاظ سے مجھے تمہارے پاس آنیکا موقع ملا۔ بھاول پور کے رئیس میرے شاگرد ہیں، ان کے پاس جارہا تھا۔ راستہ میں میرا مٹی بیگ سوتے میں کسی نے نکال لیا۔ اس میں ایک ہزار روپیہ تھا۔ اب ایک پیسہ نہیں رہا۔ رئیس نے روپیہ کچھ سامان خریدنے کو بھیجا تھا۔ میرا خیال تھا کہ لکھنؤ میں دو دن قیام کرکے سب چیزیں خرید لونگا۔ اب سخت پریشانی کا سامنا ہے۔ اس وقت دو سو روپیہ مجھے قرض دیدو، میں اپنی بہن کو ابھی تار دیئے دیتا ہوں، وہ تم کو روپیہ بھیجدینگی۔" نورجہاں نے خیال کیا، کہ ریشم پری نے حیدر آباد میں ہماری بہت خاطر مدارات کی تھی۔ اگر یہ اسی کا بھائی ہے، تو اس قدر بے مروتی اچھی نہیں۔ اور پھر جب وہ اسی وقت تار دینے کو موجود ہے، تو ہمارا روپیہ بھی آجائیگا۔ اس لحاظ سے اس نے روپیہ دیدیا۔ اس نے فوراً ریشم پری کو ایک تار بھجوایا۔ اور آپ چلتے ہوئے۔

نورجہاں کے پاس روپیہ نہیں آیا۔ تو وہ سمجھ گئی، کسی دغاباز نے دھوکا دیا۔

پیارے صاحب اپنے گھر واپس آگئے، اور کچھ دنوں آرام سے زندگی بسر کی۔

ان کے محلے میں ایک رئیس مرگئے۔ ان کے بیٹوں میں تقسیم جائداد کا جھگڑا تھا۔ ابھی آپس میں فیصلہ

نہیں ہوا تھا، کہ پیارے صاحب نے ایک بات سوچی۔ ایک مفلس سید رہتے تھے، ان سے کہا "تم ایک نوٹس خدا بخش کو دو۔ کہ الٰہی بخش میری بی بی کے والد تھے۔ اس لئے اُنکی ورثہ کا دو ہزار روپیہ مجھے دیدو۔ ورنہ عدالت میں نالش کی جائیگی۔ یہ لڑکی زوجۂ اولیٰ سے ہے۔

خدا بخش ابھی اپنے بہن بھائیوں سے فیصلہ نہیں کر چکا تھا، کہ ایک آفت اس کے سر اور پڑ گئی میر صاحب کو بہت کچھ سمجھایا کہ آپ کی بی بی سے ہم سے کیا تعلق۔ ہم لوگ شیخ ہیں اور وہ سیدانی ہیں۔ میر صاحب نے کہا "تم ابھی صاحبزادے ہو، تمھارے باپ نے ایک شادی پہلے سیدانی سے کی تھی۔ اس سے یہ لڑکی ہے۔ تمھارے والد نے خود میرے ساتھ اس کی شادی کی۔

جب نوٹس کا جواب نہیں ملا، تو پیارے صاحب نے کچھ روپیہ میر صاحب کو اس وعدہ پر دیا۔ کہ عدالت سے جب روپیہ آپ کو ملے تو نصف میرا حصہ ہوگا؛ اقرار نامہ لکھوا کر مقدمہ عدالت میں دائر کر دیا۔

اب پیارے صاحب مدعا علیہ کے پاس آئے، اور اس سے کہنے لگے۔ میر صاحب نے تو زبردستی تم پر مقدمہ دائر کر دیا۔ اگرچہ فی الحقیقت مختلف البطن وہ تمھاری بہن ہے، مگر تم اندیشہ نہ کرو۔ اس مقدمہ کو میں خود اپنی طرف سے لڑونگا۔ تمھارا اس میں دو سو روپیہ خرچ ہوگا سو روپیہ مجھے اس وقت دو، کہ وکیل کر کے جواب دعویٰ لکھدوں، اور سو روپیہ بعد مقدمہ جیتنے کے دینا۔ اگر مقدمہ تمھارے خلاف فیصل ہو، تو تمھارا روپیہ واپس کر دونگا۔ اور گواہ بھی محلے کے شریف لوگوں کو لکھوا دونگا۔

خدا بخش نے دیکھا، کہ مقدمہ تو بہرحال لڑنا پڑیگا مجبور ہو کے سو روپیہ پیارے صاحب کے حوالے کیا۔ پیارے صاحب نے جواب دعویٰ میں لکھوایا: "حسینی بیگم ہماری بہن نہیں ہے۔ ہمارے باپ نے کوئی شادی پہلے نہیں کی تھی۔ البتہ ایک ماما ہمارے یہاں کھانا پکانے پر نوکر تھی۔ اس کی بیٹی کا نام حسینی تھا۔

نہ ہمارے باپ نے اس قدر جائداد چھوڑی ہے، جس میں اس کا حصہ دو ہزار کا ہو سکتا ہو۔ ستونے کی جائداد دو ہزار ہے۔ جسمیں دو لڑکے اور دو لڑکیاں وارث حقیقی ہیں"

تنقیح قائم ہونے کے بعد پیارے صاحب نے خدا بخش سے تقاضا شروع کیا۔ اور کہا "میں تو اس وقت بیمار ہوں۔ روپیہ دلوائیے، تو مقدمہ کی پیروی کر سکتا ہوں" خدا بخش نے لاکھ لاکھ کہا کہ "آپ سے ہم سے تو بعد فیصلہ عدالت کے سو روپیہ دینے کا وعدہ ہے۔ اب آپ پہلے سے روپیہ کیوں مانگتے ہیں۔ اگر خدانخواستہ مقدمہ ہار گیا، تو ہم آپ سے روپیہ کس طرح وصول کر سکتے ہیں"

پیارے صاحب نے کہا "ہم آپ کو تحریر دے سکتے ہیں، آپ ہماری جائداد سے روپیہ وصول کر لیجئیگا۔

خدا بخش نے دیکھا، کہ پیارے صاحب نے آج تک وکیل کو ایک پیسہ بھی نہیں دیا، وہ اپنی فیس ہم سے طلب کرتا ہے۔ اب سو روپیہ دیکر اس سے بھی ہاتھ دھونا پڑیگا۔ مجبور ہو کر مدعی سے کچھ روپیہ دیکر باہمی فیصلہ کر لیا۔

اس مقدمہ کے فیصلے کے روز مدعی اپنے کاغذات عدالت میں لے گیا تھا۔ جب رجسٹری ہو چکی۔ تو اس کے کاغذات ایک عزیز نے انھیں حضرت کے اغوا سے ٹھلا دیئے

وہ بیچارہ بہت حیران ہوا۔ اس کے عزیز قدرت اللہ نے بہت افسوس ظاہر کیا۔ اور کہا "پانچ روپیہ دیکر اخبار میں چھپوا دو، کہ ہمارے کاغذات عدالت دیوانی میں گم ہو گئے ہیں، جو کوئی ہم کو کاغذ لا کر دیگا، اسے بیس روپیہ انعام دیا جائیگا۔ چار روز تک اخبار میں اشتہار جاری رہا۔ آخر بیچارے نے قصد کیا، کہ پولیس میں رپورٹ لکھوا کر ڈھنڈورا پٹوایا جائے، اور انعام مقرر کیا جائے اُسی روز قدرت اللہ نے کاغذات لا کر دیئے، اور کہا "ایک آدمی لا کر دے گیا۔ ہم نے اُسے بیس روپے انعام کے دیئے غریب خدا بخش نے یہ نقصان بھی اٹھایا۔ اس میں بھی پیارے صاحب کا حصّہ تھا۔

قحط کے زمانے میں پیارے صاحب نے دو لونڈیاں لے کر پالی تھیں۔ جب یہ بڑھے ہوئے، تو وہ جوان ہوئیں۔ صورت دار حسین تھیں۔ آپ نے ان کے لئے پوشاکیں تیار کیں۔ ایک ہندو تھی، اس کا نام "پاربتی" تھا۔ دوسری مسلمان اس کا نام "خوشرنگ" تھا۔ دونوں کو عمدہ لباس سے آراستہ پیراستہ کیا۔ کانپور میں ایک مکان غیر آباد جگہ کرایہ کا لیا۔ پاربتی کو عمدہ لباس سے آراستہ کر کے گنگا جمنی پاتان غلاف چڑھا ہوا دیا۔ اور خوشرنگ کو سونے کا خاصدان سونے کی ٹٹیا دی۔ دونوں زیور سے آراستہ، ہاتھ میں سونے کے کڑے پہنے ہوئے چھم چھم کرتی ہوئی مہاجنوں کی طرف سے نکلیں۔ ایک مہاجن نے ٹوک کر پوچھا "بی مہری، تم کہاں سے آئی ہو" کہنے لگی "ہم لوگ دہلی کے قریب ایک رانی فرید آباد کی ہیں، انکے ہمراہ سیر کو آئے ہیں۔ بڑی فیاض رانی ہیں۔ اسی طرح دو دن نکلیں، تو ایک مہاجن نے کہا۔ "تمہاری رانی صاحبہ کچھ زیور اور جواہرات کی بھی خریداری کرتی ہیں" اُس نے کہا "کیوں نہیں۔ زیور اور جواہرات کا ان کو بہت شوق ہے۔ مگر لالہ انکے مطلب کے زیور تمہارے یہاں ملنا مشکل ہیں۔ دہلی سے کئی لاکھ روپیہ کا زیور خرید چکی ہیں۔ اور اب بھی انکے مطلب کی چیز مل جائے، تو خرید کر لینگی۔ اچھا کل اُنسے پوچھکر تمکو جواب دینگے"

دوسرے دن دونوں مہریاں آئیں۔ اور کہنے لگیں چلو ہمارے ساتھ اچھے اچھے جڑاؤ زیور لے چلو۔ کئی مہاجن گئے۔ دیکھا، کہ پھاٹک پر زربفت کا پردہ پڑا ہوا ہے۔ انمیں کے کئی عمدہ عمدہ زیور پیش کئے، کوئی پسند نہوا۔

دوسرے دن یہ خبر سنکر ایک بڑا اریل مہاجن آیا۔ اس نے قیمتی جواہرات کے زیور دکھائے۔ قیمت طے ہوئی۔ رانی صاحبہ نے پچاس ہزار کی چیک الہ آباد بنک کی کاٹ کر اُس کے حوالے کی۔

جب مہاجن چلا گیا، تو پیارے صاحب نے سب بیل بندھوا کر دونوں مہریوں کو میلے کپڑے پہنا کر لکھنؤ روانہ کیا آپ مکان خالی کر کے سرا میں قیام پذیر ہوئے۔

مہاجن نے اُسی روز کانپور کی شاخ میں الہ آباد بنک کی چیک پیش کی۔ بینکر نے کہا۔ اس پر اپنی دستخط کردو۔ الہ آباد سے دریافت کر کے تم کو روپیہ دیا جائیگا۔ مہاجن چیک دیکر چلا گیا۔ چار روز کے بعد الہ آباد سے جواب آیا "اِن رانی صاحبہ کا کوئی روپیہ بنک میں نہیں ہے لہذا روپیہ نہ دیا جائے۔ چیک جعلی ہے"

اب مہاجن یہ خبر سنتے ہی بہت پریشان ہوا۔ اُسی مکان پر دوڑا ہوا گیا۔ دیکھا مکان خالی ہے۔ صاحب مکان سے

پوچھا۔ اس نے کہا "ایک معمولی آدمی اور دو غریب عورتیں اس مکان میں اُترے تھے ایک مہینہ کا کرایہ پیشگی ادا کر دیا تھا۔ بیس دن کے بعد چلے گئے۔ ہم کو نہیں معلوم کہاں گئے" پولیس میں رپورٹ کی گئی۔ کچھ پتہ نہ ملا۔

پیارے صاحب نے دیکھا جب کانپور کی شورش ختم ہو گئی۔ اور اب کچھ کھٹکا نہیں رہا۔ تو بخیر و عافیت اپنے گھر واپس آئے۔ اور کچھ دنوں کے بعد زیور کے جواہرات الگ الگ فروخت کر لئے۔ لونڈیاں بھی عیش کرتی تھیں۔ آپ کھاتی تھیں، اپنے آشناؤں کو کھلاتی تھیں پیارے صاحب بھی عزت سے زندگی بسر کرتے تھے

کلّن خان جھوٹے جواہر بنانے میں مشہور تھے، مگر کبھی اپنے ہاتھ سے نہیں بیچتے تھے۔ پیارے صاحب نے فرمائش کر کے کچھ جواہرات اُن سے بنوائے۔ اور سونے کے زیورات پر اُنکو جڑوا کر کلکتہ پہنچے۔ یہی دونوں مہریاں ساتھ لیں۔ میابرج میں قیام کیا۔ دونوں شام کے وقت مہاجنی بازار میں ہوا کھانے نکلتی تھیں۔ اور بڑے ٹھسّے سے نکلتی تھیں۔ بعض دوکانداروں نے پوچھا: "کیوں بی مہری! کہاں سے آنا ہوا" تو کہتی تھیں: "نواب خورشید محل بادشاہ کی بہلی بیگم لکھنؤ سے آئی ہیں۔ انھیں کے ساتھ ہم لوگ بھی ہیں" پوچھا "کتنے نوکر ہیں" کہتے لگیں "پچاس تو صرف مہریاں ہیں۔ باقی تمام عملہ ساتھ آیا ہے۔ ہم لوگ دس پندرہ دن میں واپس جائینگے۔ کسی کسی نے پوچھا "کچھ زیور کی خریداری ہو گی" کہا "نہیں۔ زیور بیچاری کیا خریدینگی۔ ان کی تنخواہ پانچسو روپیہ ماہوار ہے۔ خود ہر مہینے میں دو چار زیور بیچکر خرچ چلاتی ہیں۔ مہاجن نے کہا "کوئی چیز نکالیں" تو ہم سے کہنا"

ایکدن شام کو آئیں۔ اور کہا: "ہماری بیگم صاحبہ کل تک جانے والی ہیں۔ یہاں کچھ قرضدار ہو گئی ہیں۔ دو چار چیزیں فروخت کرنا چاہتی ہیں۔ تم کو خریدنا ہوں۔ تو ہمارے ساتھ چلکر لے لو۔ " " " " "

دو ایک مہاجن آئے۔ مہریاں اندر سے جواہرات کے دس پانچ زیور لائیں۔ بہت حجت کے بعد سودا طے ہوا۔ پچیس ہزار کا مال مہاجنوں نے خرید لیا۔ ایک مہاجن وہیں بیٹھا رہا۔ دوسرا روپیہ لے کر آیا۔ زیور لے کر گھر گیا۔

دوسرے مہاجنوں نے بھی دیکھا۔ ایک نے کہا: "یہ سب مال جھوٹا ہے۔ اب خریدنے والے کے پیٹ میں چوہے قلابازیاں کھانے لگے۔ اچھی طرح جانچا ایک ہیرے کو زیور سے نکال کر دیکھا، تو شیشے کا تھا۔ اُسی وقت پیٹ پکڑے ہوئے کوتوالی دوڑا گیا۔ ٹیمابرج میں دوڑ لایا۔ مکان مسکونہ کو خالی پایا۔ مالک مکان کو دریافت کر کے اُن سے پتہ پوچھا۔ انھوں نے کہا "کوئی بیگم تو اس میں نہیں تھیں۔ ایک غریب سید اپنے ساتھ دو لڑکیوں کو لیکر آئے تھے۔ بادشاہ کی خدمت میں باریابی چاہتے تھے۔ کوئی ذریعہ نہ ملا۔ کل مکان خالی کر کے چلگئے ہمیں نہیں معلوم کہاں گئے" سب مہاجنوں نے مل کر بہت خاک چھانی۔ لیکن کچھ پتہ نہ چلا، اس لئے کہ پیارے صاحب تو صاحب گنج میں آرہے۔ اور لونڈیوں کو اپنے گانوں شیخ پورہ میں بھیج دیا۔

پیارے صاحب نے قانونی جعل پیدا کیا۔ سیتاپور میں ایک چھوٹا سا مکان مول لیا۔ اور وہیں ایک ہبہ نامہ اپنی بی بی کے نام اس طرح رجسٹری کرایا۔ کہ یہ مکان سیتاپور کا

جسکی چوحدی اتنی ہے۔ سمعہ اس مکان اور باغ کے جو میری ملکیت کا لکھنؤ میں ہے جس کی چوحدی یہ ہے۔ بعوض دین مہر کے ہبہ کرتا ہوں۔"

جب مکان ہبہ کر چکے تو لکھنؤ میں ایک مہاجن کے ہاتھ اپنا مکان سمعہ باغ کے پانچ ہزار روپیہ کو فروخت کیا۔

مہاجن نے ان کی بی بی سے تخلیہ مکان کو کہا۔ بی بی نے جواب دیا "مکان تو میرے دین مہر میں ہے۔ خالی کرنا کیسا؟" اس نے کہا "میں نے خریداری سے پہلے مکان کی رجسٹری کے متعلق دیکھ لیا تھا۔ کہیں ہبہ، رہن اور بیع نہیں ہے۔ سیدھی طرح مکان خالی کر دو

بی بی نے کہا "لا لہ تم نالش کرو۔ مکان میں خالی نہیں کرونگی"

مہاجن نے عدالت میں دعویٰ کیا۔ بی بی نے جواب میں رجسٹری شدہ ہبہ نامہ جسکی رجسٹری سیتاپور میں ہوئی تھی، پیش کیا۔ عدالت نے بی بی کی ملکیت قرار دیکر مہاجن کا دعویٰ خارج کر دیا

گانوں پہلے سے رہن رکھ چکے تھے۔ مہاجن اپنے روپیہ سے ہاتھ دھو بیٹھا۔

یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے، کہ ایسے شوہر کی بی بی ایسی ایماندار تھی، کہ میاں کی کمائی کے پیسے کو جس کو ناجائز سمجھتی تھی۔ صرف پچاس روپیہ مہینہ جو وثیقہ کا آتا تھا۔ اسے اپنی ذات پر صرف کرتی تھی۔

پیارے صاحب ہمیشہ ایسے ہی جعل کیا کرتے تھے، اور زندگی خوشحالی سے بسر کرتے تھے۔ جھوٹے گواہ ان کی جیب میں پڑے ہوئے تھے۔

اتنے میں ایک استاد نجوخاں نوجوان مدراس کے علاقہ سے آئے، یہ چنڈو باز تھے۔ لکھنؤ میں آکر چنڈو بازوں سے ملے۔ بیحد حیثی سے روپیہ خرچ کرتے تھے۔ لوگوں کو تعجب ہوا کہ نہ لکھے نہ پڑھے۔ نہ کوئی سوداگری کرتے ہیں نہ کسی محکمہ میں نوکر ہیں۔ جاہل آدمی اس قدر روپیہ کہاں سے لاتے ہیں کہ تمام نشہ باز انکو گھیرے رہتے ہیں۔ آخر پتہ لگاتے لگاتے ان کے ایک گہرے دوست کو معلوم ہو گیا، کہ استاد نجوخاں جو دوپہر تک گھر کے اندر سے باہر نہیں نکلتے، اور کسی سے ملاقات بھی نہیں کرتے، کچھ بناتے ضرور ہیں۔ استاد نجوخاں نے ایک دن اُن کو دس روپیہ کا نوٹ دیا، کہ اسے خوردہ کرا لاؤ۔ یہ دو پیسہ دیکر روپیہ لے آئے۔ چار روز کے بعد پھر ایک نوٹ بھنانے کو دیا یہ پھر روپیہ لے آئے۔ اسی طرح دو چار مرتبہ نوٹ بھنانے کو گئے، تو انھوں نے نظر کی، کہ ان نوٹوں میں کوئی پرانا قرسودہ نہیں ہے۔ یہ معلوم ہوتا ہے، کہ ابھی تازہ نیا بنک سے نکلکر آیا ہے۔ خیال ہوا، کہ ہو نہ ہو استاد نجوخاں دس روپیہ کا نوٹ بناتے ہیں۔ اسی خوف سے ایک دن انھوں نے کہا "استاد میں نوٹ بھنانے نہیں جاؤنگا۔ آپ کسی دوسرے آدمی کے ہاتھ بھیجدیجئے۔ منشی جوہر علی ان کے دوست تھے، ان کو نوٹ دیدیا گیا، وہ روپیہ لے آئے۔ لیکن جوہر علی نے دیکھا، کہ ہمیشہ دس روپیہ کا تازہ نوٹ استاد خوردہ کراتے ہیں۔ نہ کبھی پانچ کا ہوتا ہے، نہ بیس کا۔ اس میں ضرور کوئی راز ہے۔ اب جوہر علی نے اپنے دوستوں سے تذکرہ کرنا شروع کیا۔ پیارے صاحب تک یہ خبر پہنچی، وہ سمجھ گئے کہ استاد نجو کاریگر ہیں۔ بہت تپاک سے آکر ملے نہایت دھوم سے اپنے یہاں اُن کی دعوت کی۔ بڑی گہری دوستی

کرکے کہنے لگے، ہم بھی اس پیشہ میں کچھ واقفیت رکھتے ہیں۔ مگر استاد تم بُرا کرتے ہو، جو دس دس روپے کے کاغذ بنا کر لونڈوں کے ہاتھ خوردہ کراتے ہو۔ اس میں اندیشہ ہے۔ اوّل تو ایسے آدمی کو شہر میں رہنا نہیں چاہیئے، دوسرے لمبی رقم بنا کر کچھ دنوں تو کھایا کرو جیسے دس کے ویسے پانچسو کے محنت۔ تم دس نوٹ پانچ پانچ سو کے بنا دو، میں روپیہ نقد لا دونگا پہلے تو استاد نے اس امر کو چھپایا۔ آخر جب پیارے صاحب نے بہت سی قسمیں کھائیں، تو راز کھل گیا۔ اور ایک مہینے میں دس نوٹ پانچ پانچ سو کے بنا کر پیارے صاحب کو دیئے۔ انھوں نے اسی روز روپیہ لا دیا۔ اور کہا "میری رائے یہ ہے، کہ تم مع اپنے احباب کے ایک ویران مقام میں رہو۔ اب یہ تمام چاندو بازوں کو لیکر بنارس پہنچے۔ اور مقام فاطمان میں ایک مقبرہ کے اندر سب نے قیام کیا۔ دل کھول کر نوٹ بنانے لگے، اور یار دوست دوسرے شہر میں جا کر روپیہ لانے لگے اس میں ایک اور استاد بھی آگئے، جو چونیاں بناتے تھے، مگر اس چونی بنانے والے کا اشتہار گورنمنٹ سے ہو چکا تھا، اور خفیہ پولیس اسکی تاک میں تھی۔

سب سے پہلے یہ خبر پیارے صاحب لے کر آئے اور کہا "ان چونی بنانے والے استاد کو فوراً کسی دوسرے مقام پر بھیجدو، پولیس انکی تلاش میں ہے" چاندو باز تو کاہل ہوتے ہیں۔ انھوں نے کہا "میں اپنے اوزار باندھ کر رکھے دیتا ہوں۔ پرسوں یہاں سے چلا جاؤنگا۔ ،، ،، ،، ،، ،،

پیارے صاحب اور استاد نجو خاں تو لکھنؤ چلے آئے۔ پولیس کو خدا جانے کیسے خبر مل گئی کہ دوڑ لے کر پہنچی۔ چونی بنانے والے استاد بھی بازار کی سیر کو گئے ہوئے تھے۔ انھیں جو معلوم ہوا، کہ فاطمان میں پولیس دوڑ لے کر گئی ہے وہ تو وہیں سے رفوچکر ہوئے۔ پولیس نے جاتے ہی سب چاندو بازوں کو گرفتار کر لیا جو بالکل بے قصور تھے۔ ان میں ایک شریف خاندان میر صاحب کے فرزند بھی تھے۔ بیچارے یہ خبر سنتے ہی لکھنؤ سے دوڑے گئے، اور پولیس سے ملکر روداد شہر کی سفارش کرا کے اپنے فرزند کو حوالات سے بمشکل رہا کرایا۔ باقی سب کو چھ چھ مہینے کی اہانت جرم میں سزا ہو گئی۔ اصل سکہ بنانے والے کا پتہ نہ لگا۔ پیارے صاحب اپنے گھر میں بہت دنوں تک چھپے بیٹھے رہے۔ (خاص)

ریاست

شکست کی آواز

[جناب حنیف ہاشمی اسسٹنٹ ایڈیٹر "ریاست" دہلی]

سردیوں کی ایک شام، کلیسا اور جنرل پوسٹ آفس کے سامنے مال روڈ پر ایک کمرہ۔ بجلی کا قمقمہ روشن ہے۔ دریچے بند کر کے ہلکے سبز رنگ کے پردے چھوڑ دئے گئے ہیں صرف تین جانب ایک کھڑکی کھلی ہے اس کھڑکی کے پاس ایک پیانو رکھا ہے جس کے پہلو میں ایک قدیم وضع کی منقش کرسی ہے۔ کمرہ کے دوسرے کونہ میں سنگار میز ہے جس پر ایک ہینڈ بیگ، ایک آئینہ، ایک ارغوانی سمور ایک بلور اور ایک ہیرپن ہے اور یہ سب چیزیں ایک بے ترتیبی کے عالم میں پڑی ہیں۔ اس میز کے ساتھ ہی ایک ہلکی سی چوکی ہے۔ کمرہ کے درمیان میں ایک چھوٹی میز ہے اور بالمقابل دیوار کے قریب نیلگوں صوفہ اور دو کرسیاں ہیں۔

سنگار میز کے اوپر ایک بڑی سی رنگین تصویر آویزاں ہے۔ سائیکی نیم برہنگی کی حالت میں پھولوں کے ایک کوچ پر دراز ہے۔ تصویر میں صرف اسکی پشت دکھائی گئی ہے لیکن ایک بڑے سے آئینہ میں جو سائیکی کے سامنے رکھا ہے اسکا چہرہ، گلا، اور سینہ کا ابھار دکھائی دیتا ہے۔ پشت پر گھٹنوں سے کچھ اوپر سے لیکر ریڑھ کی ہڈی کے زیریں سرے تک حلوان کی چادر پڑی ہے۔ سائیکی کے پاؤں کی جانب کیوپڈ محویت کے عالم میں کھڑا ہے پہلو میں ترکش ہے لیکن کمان ہاتھ سے چھوٹکر گر گئی ہے۔

آہستہ سے دائیں جانب کا دروازہ کھلتا ہے اور ۱۷ یا ۱۸ سال کا ایک لڑکا داخل ہوتا ہے۔ لڑکا نہایت خوبصورت ہے اور انگریزی لباس میں ملبوس ہے چہرہ سے ایک شاعر یا مفکر معلوم ہوتا ہے۔ ایک ہاتھ میں گل بنفشہ کا ایک ننھا سا بٹن ہے۔ انداز سے ایک خمار اور والہانہ پن برستا ہے اندر داخل ہوتے ہی انگریزی وضع کی ٹوپی کو بے پروائی سے پیانو پر پھینک دیتا ہے پھولوں کے بٹن کو سنگار میز پر رکھ کر آئینہ میں ٹائی کی گرہ دیکھتا ہے۔ بوٹ کی ٹو پر سے مٹی کے داغ کو رومال سے جھاڑتا ہے اور مضطربانہ کمرہ کے طول میں ٹہلنا شروع کرتا ہے آنکھوں میں غیر انسانی چمک ہے اور معلوم ہوتا ہے وہ خواب کی وادی میں پھر رہا ہے یکایک سنگار میز کے پاس آکر کھڑا ہو جاتا ہے۔ سمور کو اٹھا کر بوسہ دیتا ہے اور دیر تک اسے منہ سے لگائے رکھتا ہے اسکی خوشبو میں سانس لیتا ہے پھر بلور کو اٹھاتا ہے اسکو چومتا ہے، ہیرپن کو بوسہ دیتا ہے اور پھر کرسی پر گھٹنوں پر کہنیاں رکھکر بیٹھ جاتا ہے اور قالین کے پھولوں پر نگاہ گاڑ دیتا ہے۔ لبوں پر ایک جانب دلکش سی مسکراہٹ ظاہر ہو ہو کر غائب ہو جاتی ہے۔ ایک

ہاتھ آنکھوں پر رکھکر سر جھکا لیتا ہے۔ مبہم سی آوازیں کچھ کہتا ہوا اُٹھتا ہے اور سائیکی کی تصویر کے مقابل کھڑا ہو جاتا ہے ہونٹ بھینچے جاتے ہیں۔ چہرہ پر درد و کرب کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ پیشانی پر شکن پڑ جاتے ہیں ایک طویل آہ بھرتا ہے اور پھر آکر کرسی پر گر جاتا ہے۔

پوسٹ آفس سے آٹھ بجے کی گونج سنائی دیتی ہے بائیں جانب کا دروازہ کھلتا ہے اور ایک سرو قد نوجوان عورت داخل ہوتی ہے عمر تیئیس کے قریب ہے۔ یہ نیگلوں خاکستری رنگ کی ساری میں ملبوس ہے باہیں کہنیوں تک عریاں ہیں۔

لڑکا ایک گھٹنہ ٹیک کر بنفشہ کا شگوفہ پیش کرتا ہے اور وہ لیکر پھر سنگار میز پر رکھ دیتی ہے۔ لڑکا وفور جذبات کے ساتھ اسکے ہاتھ کو، ساری کو، کلائیوں کو، بار بار بوسہ دیتا ہے ساری کے آنچل کو سینہ سے لگاتا ہے عورت ساتھ کی کرسی پر بے اختیاری کے ساتھ گر جاتی ہے اور لڑکا اُسکے سامنے قالین پر دوزانو ساہوکر بیٹھ جاتا ہے۔ اپنا سر اُسکے زانوں پر رکھکر کیوپڈ اور سائیکی کی تصویر کو دیکھتا ہے۔

لڑکا۔ آہ میں محسوس کرتا ہوں کہ میں اس عالم خاکی سے متعلق نہیں۔

(عورت بے چینی سے پہلو بدلتی ہے)

میری ناہید تو دیکھتی ہے۔ سائیکی اور کیوپڈ کی بلند ترین چوٹی پر تختہ ہائے گل پر دراز ہے یہ تو ہے میری پیاری اور وہ کھڑا ہے کیوپڈ لرزاں و ترساں کمان ہاتھ سے چھوٹ گئی ہے اور قریب ہے کہ وہ اپنا سر سائیکی کے قدموں پر رکھدے ..... کیا یہ تیرا قمر نہیں!

(عورت مضطربانہ حرکت کرتی ہے۔ ایک ہاتھ لڑکے کے بالوں پر پھیرتی ہے)

ہاں تیرا قمر۔ کیا میں تجھے اپنے پرشوق نغمات عشق کے بازوؤں پر آسمانوں کی بلند ترین مملکتوں میں نہیں لے گیا؟ اور کیا میں نے بھی کیوپڈ کی مانند تیری پرستش کے لئے ایک معبد تعمیر نہیں کیا اپنے جذبات الفت سے اپنی ہنگامہ آمیز آوازوں سے، اپنی ولولہ انگیز تمناؤں سے، تو جانتی ہے وہ معبد کہاں ہے میری ناہید وہ آسمان سحری کے ایک تاریک گوشہ پر نہیں جہاں ہر کس و ناکس کی نگاہیں تیری ضیائے حسن کو دیکھیں۔ دیکھیں اور اپنے خیالات کو ارضی تمناؤں سے ملوث کریں۔

(عورت کا ہاتھ اپنے تھرتھراتے ہوئے لبوں سے لگاتا ہے اور لگائے رکھتا ہے عورت اسکے تنفس کی حدت محسوس کرتی ہے اور آہستہ سے ہاتھ کھینچ لیتی ہے)

تیرا مندر تو میرا دل ہے، ناہید، اور تو دیوی ہے، اس مندر کی الہٰۃ الجمال میں لایا ہوں اپنے گیسو کہ تیرے پاؤں پر نچھاور کر دوں اور اُن کے تعطر سے قصر عشق کی فضا کو مہکا دوں۔ پھول مرجھا جاتے ہیں۔ کلیاں کملا جاتی ہیں اور خزاں کی زرد پتیاں دوش صبا پر منتشر ہوتی ہیں، میری پیاری، لیکن یہ پھول، میں تیری مقدس بارگاہ میں لایا ہوں ابدی ہیں کیونکہ یہ محبت اور پاکیزگی سے بنے گئے ہیں انھوں نے تیرے غیر فانی حسن سے اکتساب رنگ کیا ہے۔ اُن میں تیرے سنبلین گیسوؤں کی مہک ہے تیری خمار انگیز نگاہوں کی مستی اور ایک مدہوشانہ سرور تیرے زندگی بخش اور

شاداب ہونٹوں کی جان آفرینی، صرف یہی نہیں بلکہ میری محبت کی پاکیزگی، تانیا کی اور شعلہ سامانی بھی موجود ہے آہ! وہی تانیا کی اور شعلہ سامانی جو آج سے پیشتر صرف ایک بار اس دنیا میں آسمانوں سے اتری اور وہ جنت عدن کی فضاؤں میں اسوقت جب پیکر لطافت کو آدم کے پہلو سے تخلیق کیا گیا۔ آج میں وہی تانیا کی محسوس کرتا ہوں۔ وہی قیامت بدامانی اس لئے کہ میں محبت کرتا ہوں۔ اولین آدم کی مانند اور میری محبت عظیم ہے اس کی محبت کی طرح اور تجھ سے محبت کیجاتی ہے اے نسائیت کی گل رعنا اولین بار، پہلے تجھ سے کبھی محبت نہیں گئی حالانکہ تیرا دل ایک سمندر تھا محبت کا بے پایاں اور بے کراں، اتھاہ، ابدیت کا عمیق اور دریائے وقت کی موجوں کا ناپائیدار کنار!

عورت۔ (چہرہ سے اضطراب برستا ہے) قمر!

لڑکا۔ (چونک کر جیسے کسی نے خواب گراں سے بیدار کر دیا ہے) قمر! کس نے کہا قمر! ناہید آہ میرے خواب ہائے رنگین کی تعمیر!

عورت۔ قمر! (چہرہ سے اضطراب و غم کے ساتھ ایک گونہ تفکر بھی ظاہر ہوتا ہے)

لڑکا۔ قمر! ہمیشہ کے لئے تیرا قمر، عورت اور زندگی کے لئے دنیا اور ماورا کے لئے۔

عورت۔ میں جانتی ہوں لیکن .....

لڑکا۔ (چونک کر) لیکن .....

عورت۔ ایک خوفناک واقعہ ہو گیا ہے۔

لڑکا۔ (بے پروائی سے) ہونے دے میری حور، میری ملکت خیال کی ملکہ ہونے دے، طوفان آئیں۔ بجلیاں کڑکیں، آسمان ٹوٹ پڑے مجھے کیا پروا ہے۔ کیا یہ میرے لئے کافی نہیں کہ میں محبت کرتا ہوں اور اس جمیل ہستی سے محبت کرتا ہوں جو اگر چاہتی تو ایک ادائے استغنا سے مجھے محروم حیات کر دیتی۔ لیکن اس نے پذیرائی کی میرے اشک ہائے الفت کی اور ان کو جگہ دی پاکیزہ جان کر اپنے دامن میں ناہید۔ ——

عورت۔ (گھبرا کر) قمر!

لڑکا۔ ناہید! کہدے کیا میں نے اعتراف نہیں کیا کیا میں نے سر کو تیرے حضور میں خم کرتے ہوئے نہیں کہا کہ میری زندگی تشنۂ تکمیل تھی۔ میں نہ جانتا تھا زندگی کیا ہے اور اسکا مصرف کیا ہے۔ اب تک میری زندگی الٰہیات اور فلسفہ کی دشوار گذار گھاٹیوں میں گذری۔ میں نے علم الادویا کا مطالعہ کیا، زورق خیال پر بیٹھ کر مابعد الطبیعیات کی پنہائیوں میں کھو گیا —— اور کیا دنیا نے اسکا اعتراف نہیں کیا؟ کیا بڑی بڑی مجالس میں میری طرف اشارے نہیں ہوئے؟ کیا بزم مکالمہ میں میری آواز کو احترام کے ساتھ نہیں سنا گیا؟ اور کیا اس امر پر اظہار تعجب نہیں کیا گیا کہ میں نے اس نوعمری میں اسقدر علم و فضل حاصل کر لیا ہے؟ یہ سب کچھ تھا لیکن میری کیفیت بالکل ایک محبوس پرندہ کی سی تھی۔ میں ناآشنا تھا زندگی کے اس مقصد عظیم سے، جس سے تو نے مجھے متعارف کیا اور تو بھی تو اے دنیائے محبت کی شاہکار یہ نہ جانتی تھی کہ تیرے دل میں عشق و محبت کا کس قدر گراں بہا خزانہ مدفون ہے۔

عورت۔ خدا کے لئے مجھے پریشان نہ کرو میری بات سنو!۔

لڑکا۔ ناہید کیا ہوگیا ہے تمہیں۔ یہ تو میری ناہید کی آواز نہیں۔

عورت۔ میں کہہ رہی ہوں ایک خوفناک بات واقع ہوگئی ہے!

لڑکا۔ آہ! اس نے مجھے پریشان کر رکھا ہے کیا یہ امر تیرے لئے باعث اطمینان نہیں کہ قمر تیرے پاؤں میں بیٹھا ہے؟ کیا کوئی اور شے تیرے سکون کو برہم کرسکتی ہے؟

عورت۔ تمہاری نظموں کا مسودہ غائب ہوگیا ہے۔

لڑکا۔ آہ! یہ امر مجھے بے چین کئے ہوئے تھا' ناہید! تو زندگی کی تیس بہاریں دیکھ چکی ہے لیکن بھولے پن اور سادگی میں معلوم ہوتا ہے نیلوفر کے اس پھول کی مانند ہے جو سرِ شام جھیل کے پانی میں ہچکولے تو کھاتا ہے لیکن اُس کی پتیاں ابھی شب ماہ کے قطرات شبنم سے آشنا نہیں ہوتیں کیا مضائقہ ہے اگر وہ نظمیں ضایع ہوگئیں ہیں وہ شایاں نہ تھیں' اے حسن و معصومیت کی دیوی تیری بارگاہ قدس کے یہ ایک نذر تھی جو میں لایا تھا کہ تیرے پاؤں پر نچھاور کروں"

عورت۔ قمر! انکا ضایع ہونا معمولی بات نہیں ہے۔

لڑکا۔ بھولی لڑکی تو خیال کرتی ہے میں اپنے تمام الفاظ ان نظموں پر صرف کرچکا ہوں اور محبت کے جذبات فراوان اب ہجوم کرکے نوک خامہ پر نہیں آسکتے؟ کیا تیری نگاہ اب دنیائے خیال میں ہیجان برپا نہیں کرسکتی! کیا میرے احساسات لطیف مردہ ہوچکے ہیں اور میں پھر وہی بے جان اور غیر ذی روح مخلوق ہوں جو تیری آمد سے پیشتر تاریکی میں بھٹک رہی تھی؟

عورت۔ (عفو آمیز لہجہ میں) قمر! مجھے تمہاری وہی اکتسابی قابلیت کا اعتراف ہے۔ مجھے صرف یہی فکر ہے اگر وہ نظمیں کسی کو مل گئیں تو لوگ کیا کہینگے؟

لڑکا۔ یہی کہ ایک مرد نے وفور جذبات اور دل کی پاکیزگی کے ساتھ ایک عورت سے محبت کی بالکل اسی طرح جس طرح قیس عامری نے لیلیٰ کو چاہا جسطرح واثق نے عذرا سے محبت کی جس طرح فرہاد نے شیریں کے لئے جان دیدی لیکن کوئی نہ جانے سکیگا کہ وہ مرد کون تھا!

عورت۔ لیکن میں تو رسوا ہو جاؤنگی۔

لڑکا۔ ڈرتی ہے رسوائی سے! لیکن تو کیوں رسوا ہوگی؟

عورت۔ تم نے ان نظموں میں مجھے ایام دوشیزگی کے نام سے مخاطب کیا ہے۔

لڑکا۔ کیا ہے!

عورت۔ تمہاری اولین نظم جس میں تم نے اپنے خواب کی سی آرزوؤں کا اظہار کیا ہے "ناہید کی بارگاہ میں"

لڑکا۔ ہاں "ناہید کی بارگاہ میں" مجھے یاد ہے۔

عورت۔ اور میرا خیال ہے نظم سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ اعترافات الفت کا مخاطب ناہید کو ٹھہرایا گیا ہے۔

لڑکا۔ ہاں ناہید کی بارگاہ میں ہی سرِ نیاز خم کیا گیا ہے۔

عورت۔ اور دنیا جانتی ہے ناہید میرے کنوار پنے کا نام ہے۔

لڑکا (برافروختہ ہوکر) احمق عورت! تو مجھ سے توقع کرسکتی تھی میں تجھے اس نام سے مخاطب کرتا جس کا تیری مرضی کے خلاف تجھے حامل بنایا گیا؟ اور تو نے بھی اسے بادل ناخواستہ اختیار کیا کہ تو رسوم و قیود کی زنجیروں کو توڑنے کی قوت نہ رکھتی تھی۔ کیا تو نے اس شام جب "دہقان" کی تصویر دیکھنے کے بعد میں تجھے گھر چھوڑنے جا رہا تھا مجھے نہیں بتایا تھا کہ تمہاری شادی میں ارمان کا کوئی عنصر نہ تھا۔ ان تعلقات کی بنا دولت اور مرتبہ کا لحاظ تھا، تجھے پرویز سے محبت نہ تھی اور پرویز نے کبھی محبت کو فتادگی اور نیاز کے ساتھ تیرے حضور میں پیش نہیں کیا تو نے اعتراف کیا تھا، یاد ہے، تجھے ناہید کہ تو اس وقت تک محبت کی دولت فزاواں سے بالکل ہستی ذاس تھی جب تک کہ ایک اجنبی، محض اجنبی، نے آکر تجھے مملکت سماوی پیغام نہیں دیا (فکر یک لمحہ کے بعد) اور وہ اجنبی میں تھا! یہ لو کس طرح آیا میں نہیں جانتا مجھے اسکا خیال بھی نہ تھا۔

عورت۔ (خیالات میں کھو کر) کیا ہو گیا تھا قمر! تم نے یہ جرأت کیوں کی تھی؟

لڑکا۔ میں نے جرأت کیوں کی تھی، تو پوچھتی ہے؟ میں نہیں جانتا، میں نے تیرے شباب کو غمزدہ دیکھا اگرچہ یہ اب بھی شگفتہ شادمان تھا لیکن میں نے محسوس کیا جوانی کی امنگیں کسی فریب کی نذر ہو چکی ہیں۔ کسی نے تیرا دل دکھا ڈالا ہے۔ لیکن تیرا فسانۂ غم ابھی محروم ہے ذوق خواندگی اور التفات پرسش سے تیری روح شوریت تو زندہ ہے لیکن فضا میں ایک پژمردگی اور درماندگی ہے، مسموم اور حیات سوز۔ تیرا دل مرقد تو تھا موسیقی کا لیکن ویران و برباد اور خوں گشتہ۔ تو اپنے شباب کی تمام تر آرزوؤں، انگیزوں اور حسن کی تفکر آمیز صباحتوں کے ساتھ ایک پیکر تھی مایوسی اور ناکامرانی کا۔ درد و بیچارگی کی ایک تمثال، بیتا اور دکھ کا ایک بول اور آہ!..... ایک ڈھیر مٹی ہوئی آرزوؤں اور پرشباب تمناؤں کا..... (سوچتا ہے) ..... تیرے ایام تاریک تھے، ابدی ظلمت کی مانند، اس وقت میں آیا اور تو نے کہا کہ خدا نے ایک نوعمر لڑکے کو بھیجا کہ تیری زندگی کی تاریکیوں کو آفتاب مسرت کے نور سے تازیانہ سے منتشر کر دے۔ اُن کو بھگا دے۔ کیا تو نے نہیں کہا تھا دیکھو تکمیل ہوئی جاتی ہے میرے خواب ہائے پریشان کی۔

عورت۔ تو قمر یہ محبت نہ تھی؟ ہمدردی کے جذبات تھے، تم وثوق سے کہہ سکتے ہو؟ میں ان جذبات کا تجربہ نہیں کر سکتا۔ یہ صرف ہمدردی کے جذبات نہ تھے کیونکہ اس سے پیشتر بھی میں نے محسوس کیا تھا کوئی شئے ہے جو مجھے تیری جانب کھینچ رہی ہے اگرچہ تیری روح کی مظلومیت اس وقت بھی میرے سامنے ایک تمثال رحم بن کر آتی تھی اور میں بھی اپنے جذبات کی گہرائیوں میں ایک ہیجان تلطف محسوس کرتا تھا۔ مجھے یہ معلوم نہ تھا کہ اس روحی ارتعاش کا انجام محبت کے پرکیف اور سماوی جذبہ پر ہوگا۔ (سوچتا ہے اور عورت اسکے پریشان بالوں میں انگلیوں کو حرکت دیتی ہے ایک لفظ کہے بغیر آہستہ سے جھکتی ہے اور اپنے لبوں کو اسکے بالوں سے مس کرتی ہے لڑکا اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ہونٹوں سے لگاتا ہے)

عورت ۔ قمر! مجھے اعتراف ہے میں مردہ تھی خدا نے میرے جلانے کے لئے تجھے بھیجا میرے پروانے تو میرے ہی لئے تخلیق ہوا تھا۔

لڑکا۔ اور کیا تو میرے لئے تخلیق نہیں ہوئی تھی اک وحشی درندے کے لئے تجھے بنایا گیا تھا؟

ناہید میں معافی چاہتا ہوں اگر میں اسی شخص کے لئے یہ الفاظ استعمال کروں جس کو تجھ سے محبت تھی لیکن .....

عورت ۔ نہیں۔ اس کو مجھ سے محبت نہ تھی۔ وہ محض اپنے جذبات کی تسکین چاہتا تھا اور اگر میری بجائے کوئی اور عورت ہوتی تو یہ بہت ہی ممکن تھا۔

لڑکا ۔ لیکن یہ احمقانہ انسانی خواہشات کی ستم ظریفی تضحیک تھی کہ ایک نازک نسوانی دل کو معاشرتی مراتب کی قربانگاہ پر بھینٹ چڑھا دیا گیا پرویز کی نگاہیں الفت کے اس بے پایاں خزینہ کو نہ دیکھ سکتی تھیں جو تھا و قدر نے میرے لئے ودیعت کیا تھا کیونکہ وہ اسکا متلاشی نہ تھا اور وہ مستحق نہ تھا اس پارسائی و عبودیت کا جو تیرے سینہ میں متحرک ہے جس کی دھڑک کو میں نے ہم آہنگ پایا ہے اپنے دل کی دھڑک سے اسوقت جب نگاہیں ساکت تھیں لبوں پر مہر سکوت تھی لیکن ایک روح ہم آغوش ہو رہی تھی دوسری روح سے ۔ جب میری روح گھبرا گئی تھی کاوش و تفکر سے، بیزار ہو گئی تھی دنیا کی آلودگیوں کے بھیانک منظر سے ۔ جب تاریکی نے چاہا اس پر قبضہ جمائے میں نے اپنے گرد قوس قزح کا دھندلا سا غبار دیکھکر چاہا کہ میں بھی اپنے تئیں اس کے سپرد کر دوں ۔ اس وقت اسے میری محبوب ترین حور تیرے تصور نے میری رہنمائی کی اور میرے سر کو دنیا کے متحرک و مرتعش نقوش کے درمیان محض تیرے پُر گداز سینہ پر امان ملی۔

عورت ۔ آہ وہ اولین بلا انگیز جذبات!

لڑکا۔ اور تو نے دیکھا ناہید عمر کے اس تفاوت کے باوجود میں نے کس استغراق کے ساتھ تجھ سے محبت کی!

عورت ۔ میں محسوس کرتی تھی وقت کا دریا اپنی رہگذر پر لوٹ گیا ہے۔ میں آج سے پندرہ سال پیشتر کی ناہید ہوں اسقدر سحر کار تھی تیری محبت اور اسقدر قوی تھا تیرا جذبۂ عشق!

لڑکا ۔ لیکن .....

[کلیسا کے گھڑیال سے نصف گھنٹہ کی ضرب فضا میں گونجتی ہے اور عورت چونک کر کھڑی ہو جاتی ہے جلدی سے کھڑکی کے باہر جھانکتی ہے]

عورت ۔ قمر! تم کسقدر بے پروا لڑکے ہو!

لڑکا ۔ کیوں کیا ہے؟

عورت ۔ تم میری مصیبت کا تو خیال ہی نہیں کرتے!

لڑکا ۔ کیا ہوا ہے ناہید، کیا تمہاری مصیبت میری مصیبت نہیں!

عورت ۔ تمہیں مطلق پروا ہی نہیں۔ آج تمہاری محبت خواب کے افسانے معلوم ہوتی ہے۔

لڑکا ۔ میرے خدا! میری محبت محض خواب کے افسانے! ناہید جو تیرے نزدیک کچھ عرصہ پیشتر ایک

حقیقت تھی ناقابل انکار اٹل اور سر غیر متزلزل!

عورت۔ ہاں محض خواب کے افسانے تخیل کی ناکام جولانیاں (لڑکا حیرانی سے اس کے چہرہ کو تکتا ہے)

اے کاش تم وہ نظمیں نہ لکھتے!

لڑکا۔ ناہید ——— کیا تم میری ناہید نہیں؟

(آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں آواز بھرا جاتی ہے)

فضا مجھ پر تنگ ہوتی جا رہی ہے۔ یہ انجام میری والہانہ عبودیت کا۔ (خاموش ہو جاتا ہے دو آنسو قالین پر گرتے ہیں)

(عورت پھر آکر صوفہ پر بیٹھ جاتی ہے اسکا سر اپنے گھٹنوں پر رکھکر آنسو پونچھتی ہے)

عورت۔ میرے محبوب! برا نہ مان لیکن ذرا خیال تو کر۔ اگر وہ نظمیں کسی کو مل گئیں تو لوگ کیا کہینگے۔ میں نے مانا کوئی شاعر کے نام سے واقف نہ ہوگا۔ میں تو بدنام ہو جاؤنگی۔

لڑکا۔ لیکن کون جان سکے گا ان میں تجھے مخاطب کیا گیا ہے۔

عورت۔ کیوں ناہید میرا نام نہیں سب کو معلوم ہے۔ اور پھر لاہور میں میرے علاوہ کوئی بھی ناہید نہیں

لڑکا۔ کوئی بھی ناہید نہیں۔

عورت۔ ہاں کوئی ناہید نہیں اور تم جانتے ہیں میرے قمر!

لڑکا۔ آہ تو مجھے ملزم گردانتی ہے۔ حالانکہ یہ نتیجہ ہے تیری بے اعتنائی اور لاپروائی کا کیا تو ان نظموں کو حفاظت سے نہ رکھ سکتی تھی؟ کیا میرے اعترافات الفت کی تیرے دل میں اسقدر ہی منزلت تھی کہ وہ گم ہو کر ضایع ہو جائیں؟

عورت۔ (غور طلب لہجہ میں) میرے پیارے قمر! میں انھیں فرصت کے لمحات میں پڑھنا چاہتی تھی۔ میں نے انھیں اپنے بیگ میں رکھا تھا۔

لڑکا۔ بیگ سے کہاں جا سکتی ہیں، ممکن ہے کہ روپیہ نکالتے میں گر پڑی ہوں۔

عورت۔ میرا شبہہ تو پرویز کی بہن زہرہ پر ہے

لڑکا۔ زہرہ پر! وہ یہ جرأت کر سکتی ہے کہ تمہارے بیگ میں سے کچھ نکال سکے۔

عورت۔ تم زہرہ کو نہیں جانتے وہ صورت کی مسکین ہے لیکن نہایت کمینہ خصلت لڑکی ہے۔

لڑکا۔ تمہارے شک کی وجہ؟ کیوں ایک معصوم لڑکی کو متہم کرتی ہو۔

عورت۔ رہنے بھی دو معصوم لڑکی کو متہم کیوں کرتی ہو جانتے بھی ہو کچھ۔

لڑکا۔ میں نہیں جانتا لیکن میں کوئی وجہ بھی نہیں دیکھتا کہ زہرہ نے ایسی ذلیل حرکت کی ہو۔

عورت۔ کیا تم نے کبھی نہیں دیکھا وہ تمھیں کن نگاہوں سے دیکھتی ہے۔ کیا اسے رشک نہ تھا ہماری محبت پر؟ کیا وہ نہ چاہتی تھی کہ میرے بجائے تمہاری امیدوں اور تمناؤں کا مرکز وہ ہو؟ کیا تم نے کبھی غور نہیں کیا؟

لڑکا۔ مجھے احساس نہیں۔ میں نے کبھی خیال نہیں کیا کہ زہرہ میرے متعلق یہ جذبات بھی پرورش کر سکتی ہے ..... اگر یہ بھی ہو تو تم کس طرح کہہ سکتی ہو نظموں کا مسودہ اُس نے چرا لیا ہے۔

عورت ۔ ابھی چند روز ہوئے پرویز نے اسے ایک روحانی افسانہ کا فلم دیکھنے کی دعوت دی اُس نے سنیما کو مخرب اخلاق بتایا اور کہا وہ ایسی شادی شدہ عورتوں کو جانتی ہے۔ جو نوعمر لڑکوں کے ساتھ سنیما جاتی ہیں اور ان کے دل میں عشق و محبت کے جذبات پیدا کرکے اپنی زلف و رخسار کی تعریف میں اشعار سننا پسند کرتی ہیں۔

لڑکا ۔ تو اُس نے کبھی مجھے تیرے پاؤں میں بیٹھکر نظمیں سناتے دیکھا ہے؟

عورت ۔ دیکھا ہوگا ورنہ کیسے کہہ سکتی تھی اور وہ اس وقت مجھے استہزا آمیز نگاہوں سے دیکھ رہی تھی (لڑکا خاموش ہو جاتا ہے) خدا کے لئے قمر! کوئی تدبیر سوچو مجھے رسوائی سے بچاؤ۔

لڑکا ۔ میں کیا کرسکتا ہوں؟

عورت ۔ کیا تم کوئی اور ناہید تلاش نہیں کرسکتے؟ (لڑکا تڑپ کر اُٹھتا ہے اور عورت کے مقابل کھڑا ہوکر اُسے غضبناک نگاہوں سے دیکھتا ہے)

لڑکا ۔ کیا میں تیری محبت سے انکار کردوں۔ یہ چاہتی ہے تو؟

عورت ۔ قمر دیکھو میں رسوا ہو جاؤنگی۔

لڑکا ۔ آہ رسوائی کا خوف ہے اور میری محبت تیرے نزدیک کچھ نہیں۔

عورت ۔ تمہاری محبت! تمہاری محبت پر میں ہر شے قربان کرسکتی ہوں لیکن رسوائی مجھے گوارا نہیں۔ میں سوسائٹی میں ذلیل ہونا نہیں چاہتی!

لڑکا ۔ کیا کہا ہے تو نے کہ ذلیل ہو سوسائٹی میں! یہی کہ محبت کی ہے۔ اور سوسائٹی کی ذلت کی باعث یہی کیا ہے۔ محبت جرم ہے؟

عورت ۔ سادہ لوح لڑکے تو واقعات کی اہمیت کا اندازہ نہیں کرسکتا تو نہیں جانتا تو کس جرم کا مرتکب ہے۔

لڑکا ۔ آہ! کیا تو بھی مجھے مجرم خیال کرتی ہے۔ ہاں میں مجرم ہوں۔ میں مجرم ہوں اور اپنے جرم کی سزا چاہتا ہوں ناہید لیکن تیری بارگاہ سے۔ تجھے یاد ہے الفت کے اولین ایام کی تکرار۔ میں کہتا تھا۔ تم میری محبوب ہو اور تو مصر تھی میں محبوب ہوں۔ آہ! آج تو نے بھی اعتراف کرلیا۔ تو محبوب ہو مجھے تجھ سے عشق ہے۔ غمزۂ جانستاں سے میرا دل نخچیر ہوا پڑا ہے۔ ناز بے پناہ کا ناوک میرے جگر میں ترازو ہے اور بارگاہ حسن و عشق میں میری حیثیت ایک کشتنی اور گردن زدنی مجرم کی سی ہے۔

عورت ۔ ہاں تم یقیناً مجرم ہو۔ تمھیں خیال کرنا چاہئے تم کس سے عشق کر رہے ہو۔

لڑکا ۔ میں جانتا تھا! میں اپنے راہنما ستارے کو جانتا تھا!

عورت ۔ (نرمی سے) پیارے قمر! تمھیں اظہار جذبات سے پیشتر انجام پر غور کرنا چاہئے تھا۔

لڑکا ۔ تاکہ محبت ممنون ہوتی مصلحت کوشی کی!

عورت ۔ تمھیں خیال کرنا چاہئے تھا۔ تم ایک شادی شدہ عورت سے محبت کر رہے ہو۔

لڑکا ۔ کیا ہوگیا ہے تمھیں آج ناہید! تم میری ناہید نہیں ہو (سر پکڑ کر ایک کرسی پر بیٹھ جاتا ہے)

عورت ۔ میں بدل نہیں گئی قمر! لیکن تمھیں

مجھ سے قطعاً ہمدردی نہیں۔

لڑکا۔ بتاؤ میں تمہارے لئے کیا کرسکتا ہوں

عورت۔ غور کرو کوئی تدبیر سوچو جس سے میں رسوائی سے بچ جاؤں اور تم پر بھی حرف نہ آئے۔

لڑکا۔ میری سمجھ میں تو کچھ آتا نہیں مجھے جس طرح کہو میں کرنے کو تیار ہوں۔

عورت۔ مجھے بار بار یہی خیال آتا ہے، کاش تم وہ نظمیں نہ لکھتے کیا تمہارا فکر اس ذہن اس وقت کوئی تدبیر بھی نہیں سوچ سکتا؟

لڑکا۔ ہاں ایک تدبیر ہے۔ نہایت آسان اور سادہ۔ اور وہ یہ کہ جب پرویز آئے ہم اُسے واقعہ سنادیں۔

عورت۔ نادان لڑکے تو جانتا ہے پرویز یہ سن سکیگا!

لڑکا۔ میں نہیں جانتا لیکن اُسے سننا ہوگا۔ ہم سب کچھ اسے بتا دینگے اور میں اسے کہدونگا پرویز تم ناہید کے شریک زندگی نہیں ہو سکتے تم اسکی صوری اور روحی محاسن دیکھنے میں ناکام رہے ہو تم محبت اور التفات حسن کے اہل نہیں۔ اس لئے ناہید میرے ساتھ جاتی ہے اسے اسے مجھ سے محبت ہے۔ میں اسے کہدونگا پرویز ہم دونوں تمہارے ممنون ہیں کہ تم ہم دونوں کے ساتھ نہایت نہایت مہربانی سے پیش آئے۔ لیکن کہا کیا جائے میں ناہید کی محبت پر اور روح کو ان التفات پر قربان نہیں کرسکتا وہ میرے لئے پیدا ہوئی تھی اور آخر میں نے اُسے پالیا ہے۔ ہم یہ کہینگے اور آج رات اس سے ہاتھ ملا کر رخصت ہو جائیں گے۔

عورت۔ پرویز مجھے جانے دیگا! کیسی باتیں کرتے ہو۔ لڑکا۔ جانے کیوں نہ دے گا وہ تجھے محبت پر مجبور نہیں کرسکتا اُس کی حیثیت ایک مجرم کی سی ہے۔ آفتاب طلوع ہوتا ہے لیکن اُس شخص کو بصارت سے یقیناً محروم کر دیا جائیگا جو اس کی حیات بخش شعاعوں سے اپنے خانۂ چشم کو روشن نہیں کرتا۔ جس شخص میں یہ صلاحیت نہیں کہ ایک گل رعنا و نازک کو دیکھکر ایک لمحہ اُس کی رنگینیوں کے لئے وقف کر دے۔ جس کا پہلو خالی ہے اس درد آشنا دل سے جو اس کی رہگذر کو فردوس شعر و خیال بنا سکے۔ اور ..... آہ ..... جو محروم ہے اس ذوق وارفتگی اور تپش پر مستی و التفات سے جس سے آنکھیں ایک اشک خون دامن میں لیکر جہاں ہیں اور دل فیض بلا انگیزی سے۔ راز دار ہیت و وجود ہو جاتا ہے اور روح محسوس کرتی ہے کہ وہ ایک ارضی مخلوق کی تمنائے مرتعش ہی نہیں ہے بلکہ ایک جزو لاینفک بن گئی ہے۔ روح کا ..... آہ ..... زندگی کچھ بھی اس شخص کو نہ دے سکتی اور زندگی کے دامن میں اس شخص کے لئے حقیقتاً کچھ نہیں ہے جس کی جبین تا آشنا ہے سجدہ ہائے عبودیت سے عورت کا دل مقدس ترین معبد ہے خدائے "بہمن المتکبر القدوس" کا اس عالم آب و گل میں۔ کیونکہ وہ شاہکار ہے شبہات ازل کے نقاش کا۔ اور جب ہماری نگاہیں تھرتھراتی ہوئی پلکوں، لرزتے ہوئے ہونٹوں اور دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ جھک جاتی ہیں اس بارگاہ لاہوتیت میں، تو فرشتے فردوس سماوی سے مسرت بے پایاں اور نکہت جاودانی کے پھول برساتے ہیں۔ اور ٹھیک اُس لمحہ پرستار کی روح "لامحدود" اور "غیر فانی" ہو جاتی ہے "محدود" اور "فانی" سے لیکن افسوس ہے

اس شخص پر جو اس معبد کو دیکھتا تو ہے لیکن اسکا دل تاریک ہے، تاریک کہ قربانگاہ کے چراغ کی شعاعیں اسے منور کر سکیں۔ اور اس شخص کا انجام!..... ناہید مجھے مجبور ہو کر کہنا پڑتا ہے اس تابندہ روح خلیل کے الفاظ میں جس کے پرستار "محبت" کو خدا کہتے ہیں۔ اسے ابدی تاریکی میں ڈالدیا جائیگا جہاں رونا اور دانتوں کا پسینا ہوتا ہے۔ اور یہی انجام ہے نابینا اور ظالم پرویز کا جو تیری محبت کو "گناہ" سے گناہ کو آلودہ کرنے کا مرتکب ہوا ہے۔

عورت۔ میرے نادان شاعر یہ خواب کی باتیں ہیں ان کا اعادہ مجھے پرویز کی موجودگی میں نہیں کرنا چاہیئے۔

لڑکا۔ کیوں؟ کیوں نہ کرنا چاہیئے۔ جب میں محسوس کرتا ہوں میرے پاس ایک پیام ہے جو مجھے اس ناکارہ اور بیہودہ کار دنیا کو دینا ہے جس کے سینہ میں اب زندگی کی ایک چنگاری بھی باقی نہیں تو پھر اس کا ہر جگہ اور ہر وقت اعادہ کیوں نہ کروں۔ کیوں میں اسکا اعلان بام کلیسہ سے نہ کروں۔ میں نے مانا کہ وہ ایک راز ہے "اسرار خلیل" سے لیکن اسے "آذر نہادوں" سے پنہاں کیوں رکھوں؟ محض اس لئے کہ وہ روشن تر ہے "جان جبرئیل" سے اور اندیشہ ہے کہ یہ سوختنی دنیا بھڑک نہ اُٹھے؟

عورت۔ پرویز مغلوب الغضب ہے۔ تم اس کی طبیعت سے اچھی طرح آشنا نہیں۔

لڑکا۔ میں بھی اس امر کی اجازت نہیں دے سکتا کہ ایک پاکیزہ اور محبت بھری روح پر میری موجودگی میں ظلم کیا جائے میں دیکھوں گا کیا کہتا ہے وہ وحشی درندہ ——— (دانت پیستا ہے اور مکے کو صوفہ کے بازو پر مارتا ہے)

عورت۔ (قمر کے نزدیک جاکر اس کے شانوں پر اپنا لمبا بازو رکھ دیتی ہے اور اسکا سر اپنے سینہ سے لگاتی ہے) خدا کے لئے قمر کوئی ہنگامہ برپا نہ کرنا —— تم جاؤ میں یہ مصیبت خود اُٹھالوں گی۔ تم محض ایک ناداں بچے ہو۔ ایک نوخیز فلسفی اور شاعر۔ بید مجنوں یا شاخ یاسمین کے سے اعضا لئے ہوئے اور پرویز ایک مضبوط توانا دیو ہیکل کاروباری مرد ہے..... میں ڈرتی ہوں کہیں.....!

لڑکا۔ کہیں کیا؟ میرا فلسفہ ذہنی اور رومی نشوونما کے ساتھ عفوی تربیت کو بھی نظر انداز نہیں کرتا۔ اس کی بنیاد بقائے اصلح کے اصول پر ہے۔ میں لکڑی چلا سکتا ہوں۔ میں نے بڑے بڑے پہلوانوں کو نیچا دکھا دیا ہے..... اور آج کی رات پرویز کو بھی مدت تک یاد رہیگی۔

عورت۔ (لڑکے کے شانوں سے فوراً بازو اُٹھا کر اسکے سر کو اپنے سینہ پر سے ڈھکیل دیتی ہے) خدا کی پناہ! اسقدر بھیانک ارادے تم رکھتے ہو اپنے دل میں..... میں نے تم سے محبت کی ہے؟

لڑکا۔ (حیران ہو کر دیکھتا ہے) یعنی! میں قاصر ہوں تیرا مفہوم سمجھنے سے!

عورت۔ آپ معاف رکھنا مسٹر جعفری، اس اس قابل نہیں کہ کوئی خاتون آپ کے متعلق دل میں

لطیف جذبات کو جگہ دے!

لڑکا۔ (چہرہ پر درد و کرب کے آثار لئے ہوئے اور ہونٹ کو دانت سے کاٹتے ہوئے) میں اسقدر ذلیل ہوں آج تیری نگاہوں میں ناہید ـــــ کیا میں تیرا قمر نہیں؟!

عورت۔ نہیں ـــــ میں کہتی ہوں نہیں۔ میں آپ کو ایک فلسفی اور شاعر خیال کرتی تھی شاخ گل کا سا ایک پیارا بچہ اور میں نے آپ سے محبت کی اپنے دل میں جگہ دی لیکن اب جب آپ نے شاعر کے رنگین اور دلآویز ملبوس کو اتار کر ایک طرف پھینک دیا ہے اور ایک وحشی درندے کی طرح حریف کو میدان میں للکارنا چاہا ہے۔ تو بہت اچھا کیا معلوم ہو گیا مجھے کہ آپ بے ضرر دوست نہیں ہیں اور اس "پیام الفت" کی حقیقت کیا ہے جو آپ دنیا کو دینا چاہتے ہیں۔ ـــــ بہت اچھا کیا!

لڑکا۔ میری ناہید ـــــ (چکرا کر صوفہ پر گرتا ہے) ـــــ میری ناہید خدا کے لئے! تو نے تیری محبت نے مجھے آسمان تک پہنچایا۔ میں اس بلندی پر سے دنیا کو دیکھکر ہنستا تھا اب مجھے خاک پر نہ گرا۔ ناہید میری محبت کے قصر ہائے رنگین کو مسمار نہ کر۔ خدا کے لئے اگر محبت فریب ہے تو مجھے اس فریب ہی میں مبتلا رہنے دے۔

عورت۔ مسٹر جعفری آپ اس امر کو نظر انداز نہ فرمائیں کہ آپ ایک کنواری خاتون سے ہمکلام ہیں اس لئے میں ممنون ہونگی اگر آپ مجھے مسز پرویز کے نام سے مخاطب فرمائیں۔

لڑکا۔ آہ! ـــــ تصنعات اور تکلفات! میں نے ایک خواب دیکھا۔ دلفریب و کیف انگیز۔ میں نے دیکھا۔ ہم دونوں نے کیوپڈ اور سائیکی کا روپ بدلا (پھر تصویر کو دیکھکر) ہم محبت کے بازوں پر اور تمنا کی رفعتوں پر پرواز کر گئے! میں اور تو "فدائے عشق" اور "الہتہ الجمال" میری ناہید۔ لیکن اب وہ بلندی کہاں! میں اپنے تئیں تحت الثریٰ میں پاتا ہوں اسقدر عظیم ہبوط ہے میرا اور اب میں وہ قمر نہیں جو ایک وقت "نامعلوم" سے روشنی کی ایک کرن کی طرح آیا تھا۔

عورت۔ یقیناً وہ قمر ہیں۔ وہ قمر تو ایک فرشتہ تھا معصومیت اور نیکی کا۔ اسمیں یہ بربریت کہاں تھی۔

لڑکا۔ وہ قمر نہیں لیکن وہ ناہید بھی تو نہیں میں تو اس ناہید کا ماتم کرتا ہوں۔ اس ناہید نے مجھے چھوڑ دیا ہے ـــــ آوارہ اور سرگرداں ـــــ اور میں پھر وہی پیکر بے جان ہوں ـــــ مسز پرویز!

عورت۔ (خندۂ زیر لب کے ساتھ) شکریہ! آپکی ممنون ہوں! آپ نے مجھے اس نام سے مخاطب کیا۔

لڑکا۔ شکریہ! لیکن میں اس تذلیل و محرومی کا سزاوار نہ تھا۔

عورت۔ مجھے افسوس ہے ..... لیکن اب آپ ایک شریف مرد کی حیثیت سے میری فریاد رسی ـــــ (باہر سے کسی کے زینوں پر چڑھنے کی آواز سنائی دیتی ہے)

عورت۔ مسٹر پرویز آرہے ہیں آپ سنبھل کر بیٹھ جائیں۔ میں پیانو پر آجاتی ہوں۔ فرمائیے کون سی تان بلند کروں۔ ان پھولوں کو ایک طرف ہٹا دیجئے۔ اٹھئے۔ خدا کے لئے میری رسوائی کا خیال کیجئے۔

(لڑکا اٹھتا ہے۔ لیکن اب اس کے ہاتھ پاؤں میں

سکت نہیں ہے میز پر سے کل بنفشہ کے بٹن کو ایک جانب رکھ دیتا ہے اور خود ایک کرسی پر بیٹھ جاتا ہے۔ کوٹ کے شکن درست کرتا ہے پھر اُٹھ کر آئینہ میں نکٹائی کی گرہ دیکھتا ہے۔ بکھرے ہوئے پریشان بالوں کو ہاتھ سے ایک جانب کرتا ہے اور پھر آہ بھر کر کرسی پر بیٹھ جاتا ہے۔ ناہید پیانو کے مقابل بیٹھ کر ایک ہلکا سر بلند کرتی ہے۔ لوہے کے زینہ پر چڑھنے کی آواز نزدیک آتی جاتی ہے۔ ناہید گنگناتی ہے اور دروازہ کھلتا ہے ایک لحیم و شحیم شخص اندر داخل ہوتا ہے اس کی چالیس سے متجاوز ہوگی ایک ڈھیلی پتلون اور اونچا کوٹ پہنے ہوئے ہے۔ ایک ہاتھ میں چھڑی ہے دوسرے میں کاروباری آدمیوں کا سا ایک بیگ۔ توند کچھ بڑھی ہوئی آنکھیں کرنجی چہرے کے نقش و نگار بھدّے سے انداز سے شست اور کاہل الوجود لیکن نگاہوں سے حرص و آز اور عیاری جھانکتی ہے۔ سر پر سیاہ رنگ کی وہ ٹوپی ہے جسے "بابو کیپ" کہا جا سکتا ہے۔ عورت اسے دیکھکر پیانو پر ایک بار زور سے انگلیاں مارتی ہے اور چھوڑ دیتی ہے)

نو وارد (چہرہ پر فکر و مسکراہٹ لئے ہوئے) آہا مسٹر جعفری۔ میں تو خیال کر رہا تھا آپ مسز پرویز کو ایکسلیٹر میں لے گئے ہونگے۔ "دان جان" دکھایا جا رہا ہے آج شب۔ آپ کا جوش و غضب دوبالا ہو جاتا اہل دنیا کے خلاف۔

(قہر مسکراتا ہے کچھ کہنا چاہتا ہے لیکن ہونٹ تھرتھرا کر رہ جاتے ہیں۔ پرویز اپنے بیگ کو اور چھڑی کو میز پر رکھ دیتا ہے)

عورت۔ ہاں ہمارا ارادہ تھا لیکن ہم نے اپنا خیال بدل دیا۔ آج ہم تیرے لئے نہیں گئے طبیعت پژمردہ سی ہے کچھ۔ تم دوپہر کے کھانے پر کھانے پر کیوں نہیں آئے آج۔

پرویز۔ مجھے زہرہ نے ایک ضروری کام کے لئے بلایا تھا میں نے کھانا بھی وہیں کھایا۔

عورت۔ آہ بیچاری زہرہ کسقدر مصروف رہتی ہے اور اسے تمہارا کسقدر خیال رہتا ہے تمہاری بہتری کے لئے کسی امر کے لئے بلایا ہوگا؟

پرویز۔ ہاں میری اور تمہاری بہتری کے لئے

(ناہید مستفسرانہ نگاہوں سے تیری طرف دیکھتی ہے) آپ دوسرے "شو" میں بھی نہیں جا رہے کیوں! تو مسٹر جعفری مجھے آپ سے ایک ضروری امر پر گفتگو کرنا ہے آیئے آپ میرے کمرے میں آجایئے ہم مسز پرویز کو تکلیف نہیں دینگے۔

عورت۔ نہیں میرے جواہرات کھلے پڑے ہیں میں انھیں جا کر بند کرتی ہوں آپ یہیں گفتگو کر لیجئے۔ مسٹر جعفری آپ کافی کی ایک پیالی ناپسند تو نہیں کرینگے اور تم ——

لڑکا۔ شکریہ! میں محسوس نہیں کرتا کہ میں اسے اسوقت پسند کرونگا۔

(عورت میز پر سے اپنا سامان دستانے، سمور اور گل بنفشہ کا بٹن اُٹھاتی ہے اور جس دروازہ سے آئی تھی چلی جاتی ہے۔ پرویز ایک کرسی کھینچ کر قہر کے سامنے بیٹھ جاتا ہے بیگ میں سے ایک مسودہ نکال کر اس

انداز میں پڑھتا ہے گویا وہ قمر کو دکھانا چاہتا ہے۔ لیکن قمر بے اعتنائی کے ساتھ بیٹھا رہتا ہے اور مسودہ کی جانب نہیں دیکھتا۔ اپنے انداز سے یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ پرویز کے ذاتی کاغذات کو دیکھنا نہیں چاہتا۔ آخر پرویز ہی تنگ آکر سلسلہ گفتگو شروع کرتا ہے)

پرویز۔ یہ مسودہ آپ کا ہے مسٹر جعفری؟

لڑکا۔ دیکھوں تو!

(پرویز غیر مہذب انداز میں قمر کے سامنے پھینک دیتا ہے)

لڑکا۔ (مسودہ کو اُٹھا کر حجاب و تعجب آمیز مسرت کے ساتھ) یہ تو میری نظمیں ہیں دیکھا۔ میں تو پہلے ہی کہتا تھا مسٹر پرویز یہ نظمیں آپ کو دکھا دینگی۔ لیکن انھوں نے وعدہ کیا تھا کہ آپکو نہیں دکھائینگی۔ یہ میری ابتدائی نظمیں ہیں مسٹر پرویز۔

پرویز۔ نظمیں آپ کی ہی ہیں؟

لڑکا۔ میں نے نظامی گنجوی اور ورجل کی تصنیفات کے مطالعہ کے بعد لکھی تھیں کوشش یہ تھی کہ دونوں کے انداز بیان کے بین بین ایک شگفتہ طرز ادا میں مطالب کا اظہار کیا جائے۔ یونانی شعرا نے تھالیہ میں اپنے علم الاصنام کے خداوندوں کو مخاطب کیا ہے۔ میں نے ان نظموں میں رقاصۂ فلک ناہید کو مرکزی شخصیت دی ہے۔

پرویز۔ ان نظموں میں کسی زندہ عورت سے اظہار تعشق نہیں کیا گیا۔

لڑکا (کچھ شرما کر) نہیں جب مسٹر پرویز نے مجھے بتایا کہ ان کا ایام دوشیزگی کا نام بھی ناہید تھا تو میں نے اُن سے ان نظموں کا تذکرہ کیا۔ اور کہا انکا پڑھنا شاید مسٹر پرویز کے لئے باعث تفریح ہو ——— لیکن مسٹر پرویز نے وعدہ کیا تھا کہ وہ یہ نظمیں کسی کو نہ دکھائینگی میرا خیال ہے فن کے لحاظ سے اُن میں کچھ فروگذاشتیں ہیں جن کی اصلاح میں نے اس خیال سے نہیں کی کہ یہ طلوع شباب سے پیشتر کی یادگار رہینگی ——— آپ جانتے ہیں اب میں ان سے بہتر لکھ سکتا ہوں۔

پرویز۔ (غضبناک ہوکر) آپ ان سے بہتر نہیں لکھ سکتے۔

لڑکا۔ (کچھ سراسیم ہوکر) کیوں آپ ———

پرویز۔ ان نظموں میں جنسی جذبات اپنے تمام تر بلا انگیزی کے ساتھ جلوہ گر ہیں۔ ایک طوفان ہے لطافت و سرگشتگی کا کہ اللہ اچلا آتا ہے۔ شاعر کے بربط روح کا ایک ایک تار لرزاں ہے یہ نغمہ دل کی گہرائیوں سے نکلا ہے۔ ایک عمیق تفکر اور کیفیت انگیز موسیقی لئے ہوئے شاعر کو اولین جذبۂ عشق کا احساس ہوا ہے اور اُس نے معصومیت و پاکیزگی کے ساتھ اس کو نذر قرطاس کر دیا ہے۔ جذبات و خیالات اُمنڈ کر نوکِ خامہ پر آگئے ہیں۔ اور ایک بھرے کراں کی طرح بہے چلے جاتے ہیں۔ ان میں مدہوشانہ جذبات کا احساس، سوز دروں کی تلخی، سب کچھ ہے۔ سرور ہے آہ ہے نالہ ہے فغاں ہے!

لڑکا۔ (لبوں پر مردہ سی مسکراہٹ لئے ہوئے شکستہ الفاظ میں) آپکا خیال ہے مسٹر پرویز ——— یہ ——— محض

دو زندہ جاوید شعرا کے تتبع میں لکھی گئی ہیں۔

پرویز۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ ان میں میری بیوی مخاطب کیا گیا ہے۔

(لڑکے کا رنگ زرد ہو جاتا ہے۔ دل زور زور سے دھڑکتا ہے)

پرویز۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ ان میں میری بیوی کو مخاطب کیا گیا ہے۔

لڑکا۔ نہیں! یہ صحیح نہیں!

پرویز۔ اپنی تفکر انگیزی، قادر الکلامی آسمان پیما تخیل کو کیوں معتوب کرتے ہو؟ ان جذبات حسیات کی تخلیق انسانی دل میں کوئی فرضی دیوی نہیں کر سکتی میرے پاس کافی وجوہ یہ تسلیم کر لینے کے لئے موجود ہیں کہ ان کا مخاطب تمہاری طرح گوشت و پوست کی ایک مخلوق ہے جس کے دل میں بھی وہی جذبات الفت موجزن ہیں جن کا اظہار تم نے کیا ہے ورنہ تمہارے گیت تمام کے تمام بے معنی اور لغو ٹھہرتے ہیں جس کو تسلیم کرنے کے لئے میں تیار نہیں۔

لڑکا۔ میں احتجاج کرتا ہوں..... مسٹر پرویز ان جذبات کی خالق نہیں۔ ایک نادرہ کار آرٹسٹ کا کمال یہی ہے کہ وہ جذبات کو اس طرح پر خامہ کرے گویا وہ تمام تر اس پر طاری و ساری ہیں ——— مسز ——— مسٹر پرویز ان نظموں کی مرکزی شخصیت نہیں ہو سکتیں۔

پرویز۔ کیوں! وہ حسین نہیں ہے؟

لڑکا۔ ہم نے کبھی ایک دوسرے کو اس روشنی میں نہیں دیکھا..... مسٹر پرویز آپ کو خیال کرنا چاہئے آپ اس فیکدل خاتون کے متعلق کس جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔

پرویز (غضبناک ہو کر کرسی پر سے اٹھتا ہے اور پیانو کے پاس کھڑا ہوتا ہے) میں نہیں جانتا ہیں نے کہدیا ہے میں معلوم کرنا چاہتا ہوں ناہید ان نظموں کی مرکزی شخصیت کیوں نہیں ہو سکتی؟

لڑکا۔ (سنبھل کر بیٹھ جاتا ہے) کیونکہ انھیں دیکھکر میرے دل میں کبھی فریفتگی کے جذبات پیدا نہیں ہوئے ..... میں اس قسم کی بیہودہ گفتگو کے لئے تیار نہیں مسٹر پرویز۔

پرویز۔ (برآفروختہ ہو کر) اچھا تیرے دل میں کبھی فریفتگی کے جذبات پیدا نہیں ہوئے۔ ناہید کو دیکھکر ناہید کا حسن و جمال، اس کی حیا آمیز تمکنت تیرے دل کو نچیر نہیں بنا سکتی۔ تو ہے کون؟

لڑکا۔ ہاں میں اس کی سراپا حسن و تمکنت کا اسیر نہیں ہو سکا۔ تمھیں معلوم ہونا چاہئے ہماری دوستی ان جذبات سے بلند تر اور ان حسیات سے معرّہ ہے۔

پرویز۔ اس نے تیرے دل میں عشق کے بلا انگیز جذبات کی تخلیق نہیں کی تجھے ناہید سے محبت نہیں وہ تیری تمنا کا مرکز نہیں!

لڑکا۔ نہیں وہ میری آرزوؤں اور تمناؤں کا مرکز نہیں ہو سکتیں۔

پرویز۔ ذلیل کتے تو میرے سامنے ناہید کی توہین کرتا ہے۔

لڑکا۔ (گھبرا کر) اگر تم میری توہین کرنا چاہتے ہو تو تمھیں پشیمان ہونا پڑیگا۔

پرویز - حقیر و ناہنجار تو ہے کون جس کے دل کے ناہید کی سحر کار نگاہیں تسخیر نہ کر سکیں۔ سمجھا کیا ہے تو اپنے آپ کو (قمر کی جانب بڑھتا ہے اور بالکل اس کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو جاتا ہے قمر کا سر اُسکی ٹھوڑی کے قریب آتا ہے) پھر کہہ کیا سکتا ہے۔ ناہید تیری آرزوں اور تمناؤں کا مرکز نہیں ہو سکتی۔ بڑا دل لیکر آیا ہے کہیں سے! ان کی دوستی بلند تر ہے جذبات عشق سے یہ فرشتہ کھڑا ہے میرے سامنے جذبات و حسیات سے معرا ناہید کا حسن و جمال، اس کی تمکنت، حیا آمیز اور پُر وقار تمکنت، جس نے کہیں بھی صید نہیں چھوڑا۔ جس کی نگاہوں کے ساتھ کیوپڈ اڑتا ہوا جاتا ہے۔ وہ بے پناہ نگاہیں اس کے دل میں فریفتگی کے جذبات کو تخلیق نہ کر سکیں۔

[پرویز ایک ایک قدم آگے بڑھتا ہے، قمر پیچھے ہٹتا جاتا ہے یہانتک کہ اس کی پشت دیوار سے لگ جاتی ہے وہ مکّا تانکر قمر کو رسید کرتا ہے]

پرویز - ایک مرتبہ گدھا، دو، تین ہے اور ہے گا!

(قمر بھی مکے مارتا ہے جتنے عرصے میں پرویز ایک لگاتا ہے وہ دو رسید کر دیتا ہے اس دوران میں قمر کو کمرہ کے درمیان کی میز سے ٹھوکر لگتی ہے۔ پرویز دوڑ کر اُسے دبانا چاہتا ہے لیکن جلدی میں سنگار میز کا کونہ اُس کی ران پر زور سے لگتا ہے اور وہ آہ کر کے بیٹھ جاتا ہے۔ دروازہ کھلتا ہے اور ناہید پریشان بالوں کے ساتھ داخل ہوتی ہے)

عورت - بچ جانا پرویز یہ لاٹھی چلا سکتا ہے۔ چھوڑو خدا کے لئے کیا ہو گیا ہے تمھیں تم تو حیوان سے بدتر نہیں

(قمر اُٹھتا ہے اور پھر پرویز پر جھپٹنا چاہتا ہے ادھر سے پرویز اُٹھکر آتا ہے۔ ناہید دونوں کے بیچ میں آجاتی ہے اور قمر کا ہاتھ پکڑ لیتی ہے)

(مسٹر جعفری شرم نہیں آتی ایک خاتون کی موجودگی میں دست و گریباں ہوتے ہو۔

لڑکا - اور وہ دیکھو پرویز نے اب چھڑی اُٹھائی ہے مجھے مجبوراً مدافعت کرنی پڑتی ہے۔ میں اس شخص پر ہاتھ اُٹھانا نہیں چاہتا جس کا نام آپ نے اعتبار کر رکھا۔

عورت - پیارے پرویز! رکھ چھڑی ایک جانب ـــ آہ ـــ میرے خدا ـــ تم دونوں نے ایسا شرمناک منظر پیش کیا ہے (پرویز کو ایک کرسی پر بٹھاتی ہے اور قمر کا بازو اپنے بازو میں لیکر دوسری پر لیجاتی ہے)

لڑکا - میرے شانے میں شدید درد ہو رہا ہے

عورت - (شانے کو پیار سے تھپکتی ہے) نادان شاعر کسقدر شریر لڑکے ہو تم! اُٹھو پرویز سے صلح کرو۔

لڑکا - میں تو صلح کے لئے تیار ہوں۔ وہی گھور رہا ہے ابھی تک۔

عورت - مسکرا کر ـــ پرویز آؤ مسٹر جعفری سے مصافحہ کرو۔

(پرویز اپنی جگہ بیٹھا رہتا ہے اور قمر کو غضب آلود نگاہوں سے دیکھتا ہے)

لڑکا (اچانک جذبہ سے جوش میں آکر کھڑا ہو جاتا ہے) پرویز تو یا جی ہے ـــــ یا جی اور گدھا۔

(پرویز بھی اُٹھتا ہے)

میں کہتا ہوں گدھا۔ مجھے ناہید سے محبت ہے۔ میں اسے اپنے تمام تر دل کے ساتھ چاہتا ہوں وہ میری آرزوؤں اور تمناؤں کا مرکز ہے!

(پرویز پھر بیٹھ جاتا ہے) چہرہ سے اطمینان ظاہر ہوتا ہے

سنتے ہو وہ میری آرزوؤں اور تمناؤں کا مرکز ہے ہم دل و جان سے ایک دوسرے کو چاہتے ہیں۔ یہ نظمیں ــــ یہ نذر عقیدت ہیں میری "محبت" کی بارگاہ میں۔ میں جانتا ہوں یہ اسکے شایان شان نہیں۔ لیکن جو کچھ میرے سینہ میں ہے سرود ہے یا درد و کرب کی آواز خندہ بالاہے یا نالۂ جانکاہ میں نے اس کے پاؤں پر نچھاور کر دیا سن لیا تم نے۔ ہم نے ارادہ کیا تھا آج شام جب تم آؤ گے ہم دونوں ہمیشہ کے لئے چلے جائیں گے۔ تم اس قابل نہیں کہ ناہید کی سی خاتون تمہاری بیوی کہلائے۔

پرویز (اُٹھکر پرویز کے پاس جاتا ہے) مجھے آج رات کے واقعہ پر افسوس ہے میں جسقدر چاہتا ہوں مسٹر جعفری معاف کر دو مجھے لیکن اس کی ذمہ داری مجھ پر عاید نہیں ہوتی یہ تم بھی کہو گے میں خوش ہوں تم نے اعتراف کر لیا۔ مجھے ناہید کے جانستاں حسن و جمال اور بے پناہ نگاہوں پر اعتماد ہے اور میں جانتا ہوں کوئی شخص اُن کی زد میں آکر دل دئے بغیر واپس نہیں جا سکتا رہا ناہید کا تمہارے ساتھ جانا..... یہ ناہید ہی سے پوچھ لو۔

(قمر سر جھکا کر اور آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جاتا ہے۔ اس کا رنگ زرد ہوتا ہے ہونٹ خشک اور سانس اکھڑی اکھڑی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ کرسی پر سے اُٹھتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے روشنی سے اس کی نگاہیں خیرہ ہو رہی ہیں۔ لڑکھڑاتا ہوا امیر کے پاس پہنچ کر اُسپر سے اپنی ہیٹ اُٹھاتا ہے اور باہر جانا چاہتا ہے۔ پھر مڑتا ہے۔ ناہید کی جانب حسرت بھری نگاہوں سے دیکھتا ہے اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھاتا ہے۔ اسکے روبرو گھٹنے ٹیک کر ہاتھ چومتا ہے۔ ہاتھ پر آنسو کے دو قطرے گرتے ہیں)

لڑکا۔ الوداع! ناہید الوداع موت اور زندگی کے لئے الوداع!

[مڑکر جاتا اور دروازہ کھولتا ہے]

پرویز۔ مسٹر جعفری میری ایک درخواست ہے میں ان نظموں کو کتاب کی صورت میں چھپوانا چاہتا ہوں تم اسے ناہید کے نام سے معنون کرنے کی اجازت دیتے ہو۔ کتاب کی ظاہری آرائش کی طرف سے اطمینان رکھو۔

لڑکا۔ (مڑکر دیکھے بغیر) بدل و جان۔

عورت۔ اور اُس کا نام کیا ہوگا ــــ پیارے قمر!

لڑکا۔ "شکست کی آواز"

(لڑکھڑاتا ہوا چلا جاتا ہے)

(خاص)

ریاض الاخبار

بیل کی سرگزشت

(حضرت ریاضؔ خیرآبادی سابق ایڈیٹر "ریاض الاخبار")

بیل بنا کس مصیبت میں پھنسے ہم تو اب سرگزشت اپنی بیاں کس سے کریں ہم جاں نثار
دودھ میں ماں کے بھوئے ہر قوم کو بھائی بنا کر بھی یہ نہ سمجھے کہ میں ہوں شیر خوار
رکھ کے بھوکا ہم کو اپنا پیٹ سب بھرتے رہے کر کے ماتا دھوکے دیتے تھے اسے بھی بار بار
اسکو آتی تھی محبت منہ ہمارا دیکھ کر چاٹتی تھی پیار سے کس طرح وہ الفت شعار
دودھ اترے ماں کا وہ منہ بھرنے نہ پائے تھے کہ ورنہ یہ منہ تھا ہمارا دودھ کرتے زہر مار
ہم بندھے رہتے تھے تھن کو پاس ماں کے پاؤں سے پھنکے بدلے ہاں کھلی رہتی تھی چشم انتظار
دور تھا منہ سے ہمارے تھن بھی خارِ شیر بھی اور فراغ شیر سے باہر نہ جاتی کوئی دھار
ساتھ ماں کے جب چلے منہ پر چڑھی ہوائی فرضہ اب ترس آتا ہے کس کو لاکھ ہم ہوں بیقرار
آنکھ پر سب کے چڑھے جب کچھ نکالا ہاتھ پاؤں سینگ بھی آنے نہ پائی ہوگئی نظروں میں خار
نوجوانی زنگ بھی لائی تو کس آفت کا رنگ کیا کہیں اپنی خزاں ہم کیا کہیں اپنی بہار
ایک آفت جوتے کو ہل میں ہم جوتے گئے ہر طرف ہل چل گئے کیا ہو گئے سبزہ زار
کھنچنا وہ ہل جو چلتے ہوں زمیں کو پھاڑ کر گوز میں پتھر سے بھی ہو سخت ایسے نوک دار
ایک حالت پر گذر جاتے لگے دو دو پہر ماں کے تھن کا دودھ آیا ہونٹھ پر آخر شمار
آگیا بھدی جوا گاڑی کا گردن پر کبھی ہم نے گو میدان جیتے پھر بھی سمجھے اپنی بار
ہم نے کیسے کیسے پھر گڑے کنچے دلال کھنچنے پر جو ہم نے یوں اٹھایا جسطرح عصیاں کا بار
کھانے پینے کا نہ کوئی وقت تھا آرام کا ہر ٹھوکریں کھا کھا کے گرنا اور چلنا بار بار
موسم گرما میں دن کی دھوپ کبھی سخت تیز موسم سرما میں شب کی اوس کیسی ناگوار

ہم اگر تھک کر کبھی بیٹھے تو منہ چلتا رہا ہماری زندگانی پر جگالی کا مدار
خون سوکھے دیکھ کھانے کو الیخشک گھاس جس کو پی کر خون پانی ہو وہ آب ناگوار
جیتے جی گویا بھرا جاتا تھا بھوسا کھال میں سوکھے ڈنٹھل بھوک کی شدت میں کرتا زہر مار
پگھلے چربی جس سے کولھو میں کھلی اُس تیل کی وہ بھی قسمت سے مہینے میں کبھی دو چار بار
دانہ بن جاتیں تو بن جاتیں وہاں کی پھلیاں اس کا بدلہ بھی بھگتنا ہم کو تا روز شمار
آندھی آئے پانی برسے کچھ نہ چلتا رات دن ساتھ دے تو اس طرح دے گردش لیل و نہار
ہائے وہ سوجے ہوئے پھولے ہوئے کاندھے کا زخم بوجھ بھاری سخت منزل اونچی نیچی رہگزار
بے سکت پالنگ لاغر ناتواں زار و نحیف بھوکے پیاسے زخم خوردہ سینہ ریش دو ٹھکانے
رفتہ رفتہ دے دیا طاقت نے بھی بالکل جواب بیٹھکر اٹھنا ہوا مشکل ہمیں انجام کار
جان بچنے کے ذریعے جس قدر تھے سب مٹے رحم کے قابل نہیں اب بھی ہمارا حال زار
باندھ کر بیچ ہے کھلائے کون پوڑھے بیل کو وہ کون پالے ہمکو اس حالت میں اے پروردگار
وقت نازک عمر آخر جان دو بھر حال غیر سر پر اب قصاب پہنچے لے کے چھریاں اور کٹار
بات کہتے کر دئے ہر عضو کے ٹکڑے جدا قیمہ قیمہ کر دیا بیدردیوں سے جسم زار
ریشے ریشے پر ہمارے دانت تھا ہر ایک کا وہ آدمی کیا چیل کوے ٹوٹے ہم پر بیشمار
حصے بخرے ہو گئے کچھ بٹ گیا کچھ لٹ گیا گوشت اپنا لگے بوٹی ہو گیا انجام کار
کھال باقی رہ گئی تھی اسکے نقارے منڈھے شامت اعمال سے پڑتی ہے اب اس پر بھی مار
ایک ناکردہ گنہ کا حال یہ ہے اے ریاضؔ وہ بھی اک بے عقل بیلِ بے زبان بے اختیار

دیکھئے ہوتا ہے کیا ہم سے گدگاروں کا حشر
دیکھئے پائے ہیں کیا پاداش ہم سے زشت کار

(خاص)

زوالوجیکل میگزین

انسانی اخلاق کا ارتقاء

(جناب محمد افضال حسین قادری بی ایس۔ سی ایڈیٹر ماہوار زوالوجیکل میگزین علی گڈھ)

انسان اپنی جبلت کو رد سے ترقی نہ کرنے کا عادی نہیں۔ وہ اتنا برا خلاق نہیں جتنا کہ وہ اخلاق سے لاعلم ہے۔ کیونکہ جہاں سوسائٹی نہیں وہاں جرائم بھی نہیں ہوتے لہذا اچھائی اور برائی کا انحصار انسان کے ساتھیوں کے تعلقات پر ہے۔ اخلاق یا مارل کا خیال اور نیک نیتی انسان کے متوسل ہونے کا نتیجہ ہیں اجتماعی مفاد کا اقتضا ہے کہ وہ کام برائی پر جائے جس سے سب کا نقصان ہو اور اس کو اچھا اور قابل تعریف کیا جائے جو سب کو فائدہ پہونچائے۔ اسی تعریف اور مذمت کے اعتبار سے قوانین اخلاق مرتب ہوئے ہیں۔ سوسائٹی کو ہر فرد کی طرح (جس سے کہ وہ مرکب ہوتی ہے) اپنی زندگی کے لئے لڑنا اور جھگڑنا پڑتا ہے۔ چنانچہ اس کے سب ابتدائی قوانین اس کے بقا اور تحفظ کے لئے ہی بنائے جاتے ہیں۔ ایک فرقہ یا جتھے کی حفاظت اور بقا کا انحصار اس کے افراد کی باہمی ہمدردی اور محبت پر ہوتا ہے اور یہی اخلاق کی بنیاد ہے۔ جو چیز اس کو فائدہ پہونچائے اچھی ہے اور جو نقصان دہ ہو وہ بری۔

اگرچہ یک جہتی سے انسان پر کچھ بندشیں اور رکاوٹیں عائد ہو جاتی ہیں۔ یعنی ایک شخص اپنی ہر خواہش کو پورا نہیں کر سکتا (انسان نے اپنے ذاتی حقوق کی اہمیت کا خیال اپنی سوسائٹی کے حقوق کی اہمیت سے حاصل کیا) مگر سوسائٹی جب ہی قائم رہ سکتی ہے۔ جبتک انسان اپنے ساتھیوں کے ساتھ سچا رہے۔ انسانی ارتقاء DESCENT OF MAN میں ڈاروِن اخلاق کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے بتاتا ہے کہ کس طرح سے انسان کی فطری ہمدردی اس کو اپنے ساتھیوں کی عزت کرنے کی طرف لیجاتی ہے اور کس طرح اس کے کام ان کی خواہشوں سے اثر پذیر ہوتے ہیں۔ اگرچہ انسان کی بہیمی اسفل عادتیں مثلاً بھوک، سستی اور جذبۂ انتقام کافی زوردار ہوتی ہیں، مگر اتنی دیرپا اور اطمینان دہ نہیں ہوتیں جتنی اس کی اعلیٰ جبلتیں جو اس کو سوشل اور ہمدرد بناتی ہیں۔ بُری خواہشوں سے دب جانا اگرچہ وقتی مسرت بہم پہونچاتا ہے مگر اس کے بعد انسان اس کمزوری پر افسوس کرتا ہے اور آئندہ کو اس کے خلاف کام کرنے کا تہیہ کرنے لگتا ہے۔ آخر کار انسان یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ اس کے لئے دیرپا حسیات کی متابعت ضروری ہے۔ انسان کی یہ خواہش جرم یا برائی پر پشیمان ہونا جو کہ اس کے کردار اور افعال پر خیال کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کو جانوروں سے ممتاز کرتی ہے۔ جانوروں کا اخلاق صرف اس حد تک ہوتا ہے کہ وہ اس کام کو عمل میں لائیں یا اس سے پرہیز کریں جو انھیں خود کو پلٹنا یا تکلیف دہ یاد رہے۔

فرقہ یا جتھے میں اصلی قدر اس بہادری یا ایثارکی کی جاتی ہے جس سے سب کو فائدہ ہو۔ عزت اور تعریف اس کام کرنے والے کا انعام ہے جن سے افراد کے دلوں میں اپنی جماعتوں کی محبت پیدا ہوتی ہے اس طرح سے ملکی محبت کا بیج دلوں میں بویا جاتا ہے۔ کیونکہ جو شخص اپنے شہر کے ساتھ اچھائیں اپنے ملک کا ہمدرد نہیں ہو سکتا اور

جو وطن پرست نہیں وہ مخلوق انسانی کا خیر خواہ نہیں۔ یہ تخیلات جن سے یہ وسیع خوف پیدا ہو بہت آہستہ آہستہ رونما ہوتے ہیں کیونکہ ایک بڑے زمانے تک اچھائی اور برائی صرف وہی چیز رہی جو اپنے جتھے یا فرقہ کو فائدہ اور نقصان پہونچائے۔ یہاں تک کہ وہی کام کہ جو اگر اپنی جماعت میں کیا جاتا تو جرم خیال ہوتا اگر جماعت سے باہر عمل میں لایا جاتا تھا تو اچھائی شمار کیا جاتا تھا۔ چنانچہ قیصر کا یہ مشہور مقولہ جو اس نے قدیم جرمنوں سے کہا تھا کہ چوری یا ڈکیتی جو اپنے ملک سے باہر کی جائے باعث ذلت نہیں بلکہ ایک لحاظ سے قابل تعریف ہے کیونکہ اس سے ملک کے نوجوانوں میں امنگ پیدا ہوتی ہے اور کاہلی اور سستی کم ہوتی ہے اب تک بہت سی خونخوار وحشی قوموں ہی میں رائج نہیں بلکہ کچھ نہ کچھ متعصب مہذب قوموں میں بھی نمایاں ہے۔

اخلاق کا کوئی مقرر معیار نہیں جس سے کہ ہر زمانے کے اچھے اور برے کاموں کی جانچ کی جائے۔ اخلاق کا قانون انسانی نسل کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ اور انسانی ضمیر روز بروز روشن تر ہوتی جاتی ہے۔ باوجودیکہ قدیمی روایات اس قدر مقدس اور پاک قرار دی جایا کرتی ہیں اور نئی تبدیلی کا خیال نہایت برا سمجھا جاتا ہے (مثلاً بعض اشیا موروثی کا امتناع بعض دلوں کا احترام ذات پات کی پابندیاں) مگر سوسائٹی اپنی ابتدائی زمانے کی چیزوں کو رفتہ رفتہ ترک کر دیتی ہے۔

ابتدائی زمانے میں جرائم کی سزائیں ظلم اور خونخواری کی حد تک پہونچ گئی تھیں۔ یہاں تک کہ یورپ میں جعلی سکہ بنانے والوں کو قتل کر دیا جاتا تھا۔ لندن میں لاکھوں قیدی روزانہ نظر آتے تھے اور ہزاروں حبشی آئے دن نیلام ہوا کرتے تھے بہت عرصہ تک ان سزاؤں کو لوگ جائز سمجھتے رہے۔ مگر ان کا سد باب ان لوگوں کے ہاتھوں ہوا جو انسان کے حقوق میں وسیع النظری کو کام میں لاتے تھے اور جن کی وجہ سے

نرم اور شریفانہ گفتگو پھیلی۔ مہذب طرز گفتگو کے پھیلانے میں سائنس کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ کیونکہ اس میں کوئی نام صرف قدرتی لحاظ سے ہی استعمال نہیں ہوتا بلکہ انسانی زندگی کے مختلف اثرات اور کل انسانی مخلوق کے ارتباط کو بھی ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ یہ وسیع النظری انسانی ہمدردی کا حلقہ بڑھاتی ہے اور انسان کو نہ صرف بنی نوع انسان کی خدمت پر مجبور کرتی ہے بلکہ کمتر درجہ کے جانوروں کی محبت بھی اس کے دل میں پیدا کرتی ہے اگرچہ وہ برے کام جو خود غرض انسان علم کو غلط طور پر استعمال کر کے عمل میں لاتا ہے بیحد خوفناک ہوتے ہیں۔ لیکن ان فائدوں کے مقابلے میں جو دنیا کو علم سے پہونچتا ہے وہ برابر بھی نہیں۔ کسی قوم یا فرقہ کا طرز عمل خود غرضانہ یا وحشیانہ ہمیشہ تک نہیں رہ سکتا۔ بلکہ آخر میں وہ دنیا کے پسند کے موافق ہو جاتا ہے سائنس نے ہر کام کا سبب اور اس کا لازمی نتیجہ بتا کر بہت سی اخلاقی برائیوں کا علاج بتا دیا علاوہ بریں وہ کام جو جرم کہلاتا ہے۔ اکثر انسانی چیزوں کی صحیح نسبت نہ جاننے کی وجہ سے کر بیٹھتا ہے۔ یا کبھی کبھی اس میں تخیلات IMAGINATION نہ ہونے کی وجہ سے ہو جاتا ہے بڑے کاموں کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔ بڑے کاموں کی وجہ تخیل کی کمی اور حیوانات کی کمزوری ہے" ——— ہربرٹ اسپنسر کہتا ہے کہ دنیا پر حکومت کرنا یا اس میں انقلاب برپا کرنا۔ ان جذبات کا کام ہے جن کی رہبری تخیل کیا کرتا ہے۔

چونکہ اخلاق انسان کے معاشل ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا اعلیٰ ترین اخلاق ان لوگوں میں پایا جاتا ہے جو سب لوگوں کی زندگی میں حصہ لیتے ہیں۔ دنیا کے بڑے کام اس طرح سے کم ہو سکتے ہیں کہ ایک شخص کی ان فکروں میں جو انسان کی خدمت کے لئے مناسب ہوں اور ان خیالات میں جنکی خود غرضی دوسروں کو مضر نہو صحیح توازن قائم کیا جائے۔ ہم ابھی تک علم کی پہلی سیڑھی

(بقیہ ۳۸ صفحہ پر دیکھئے)

ساقی

فریب عشق

[جناب شاہد احمد صاحب بی۔اے (آنرز) ایڈیٹر "ساقی" دہلی]

شہنشاہ اکبر اعظم کی متعدد بیگمات تھیں تعدادِ ازدواج کی خاص وجہ یہ تھی کہ اُس نے مختلف ہندو والیانِ ریاست کی بیٹیوں کو اپنے حرم میں داخل کرکے اُن راجہ مہاراجاؤں کو اپنا کرلیا تھا۔ شاہی حرم مختلف نسلوں اور مذاہب کی خوبصورت عورتوں سے پُر تھا۔ اِن ہی میں ایک حسین و جمیل راجپوت مہارانی بھی تھی۔

حسین مہارانی ایک نامور راجپوت گھرانے کی لڑکی تھی۔ پُرانے رسم و رواج کے مطابق مہاراجہ نے اپنی بیٹی کے لئے کئی سہیلیاں۔ خواصیں۔ غلام۔ رکاب بردار اور گویئے غرضکہ جملہ سامانِ عیش و نشاط فراہم کرکے ساتھ کردئے تھے تاکہ زندگی کے اس نئے دور میں اُس نازوں کی پالی لڑکی کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچنے پائے۔

راجپوت مہارانی نے اپنے بچپن کے گھر کو چھوڑا۔ اپنی سہیلیوں سے بچشم گریاں جدا ہوئی۔ سلطنت مغلیہ کے دارالسلطنت آگرہ میں شادی رچائی گئی۔ جسوقت مہارانی شاہی حرم میں داخل ہوئی تو اکبر کی دیگر ازدواج نے بنظر استعجاب اس کمسن لڑکی کا مشاہدہ کیا جو اکبر کی محبت میں انکی برابر یا شاید کچھ زیادہ ہی کی شریک قرار پائی تھی۔ بعض نے اس عروس نو کے بھولے چہرے کو جسمیں کہ بچپن جھلک رہی تھی دیکھکر چہ میگوئیاں شروع کیں اور دل میں خوش تھیں کہ اس بچی سے کسی قسم کے سوکنا پے کا خطرہ نہیں کہ وہ کمسن اُنکے مقابلہ میں کچھ بھی حقیقت نہ رکھتی تھی۔

نوعمر مہارانی اکبر کی بیویوں کو دیکھکر پہنچی جاتی تھی۔ اُن میں سے بعض کسقدر خوبصورت اور کسقدر شاندار تھیں! بعض کسقدر جامہ زیب! بعض کسقدر جمیل تھیں! پھر یہ کہ سب کی سب اُس سے عمر میں کہیں بڑی تھیں۔ مہارانی اپنے شاہی دولہا کو ایک بار پھر دیکھنے کی متمنی تھی۔ جس کی سحر بار آنکھوں نے اس کی اقلیم دل کو اُسی وقت فتح کرلیا تھا جبکہ وہ پہلی ہی بار چار ہوئی تھیں تھوڑی ہی دیر بعد اکبر حرم شاہی میں داخل ہوا اور راجپوت مہارانی ہی کو انتخاب سے سرفراز فرمایا۔ اُنکی کمسنی نے جلد ہی محبت کی صورت اختیار کرلی۔ اور بیگمات یہ سن کر ہکا بکا رہ گئیں کہ وہ شرمیلی کم عمر دلھن بادشاہ سلامت کی منظور نظر بن گئی۔

راجپوت مہارانی کی خواصوں میں ایک مغنیہ بھی تھی۔ یہ خواص اپنی مہارانی کی طرح نہایت خاموش اور کم سخن تھی۔ اپنے خداداد کمال موسیقی سے مہارانی کی دلجوئی کیا کرتی تھی۔ اُس کی سریلی آواز کا ترنم اُن گانوں میں

ایک روح پھونک دیتا تھا جنمیں کہ راجپوت شجاعت کے کارناموں اور مہارانی کے وطن کا تذکرہ ہوتا تھا۔ اُسکے گانے بجانے میں مہارانی کچھ اسقدر محو ہو جاتی تھی کہ اُسکو دنیا و مافیہا کی کچھ بھی خبر نہ رہتی تھی۔ راجپوت مہارانی کی تنہائی کی گھڑیاں ایسی انہماک میں گزر جاتی تھیں حاسد بیگمات اُسکی پُرکیف حالت کو غور سے دیکھتی تھیں۔ مسکراتی تھیں۔ اور کانا پھوسی کیا کرتی تھیں اکبر کے کان بھرے گئے۔ اُسے بھی کچھ شبہہ گذرا اور ایک دن مہارانی سے ذکر چھیڑ ہی دیا۔

اکبر ۔ میری پیاری راجپوت بیگم! مجھے تمہاری اس خواص سے کچھ نفرت سی ہو گئی ہے۔

مہارانی ۔ جہاں پناہ! اگر سوء ادب نہ ہو تو میں پوچھوں کہ اس منافرت کے اسباب کیا ہیں؟ آخر اس بچاری نے ایسی کونسی خطا کی ہے جو حضور کی ناگواری خاطر کی باعث ہیں؟

اکبر ۔ نہیں! کچھ نہیں!! صرف یہ کہ تم اُسپر بہت مہربان ہو۔ جب کبھی وہ اپنا ستار بجا کر گاتی ہے تو تم مجھ کو بھول جاتی ہو۔ اور وہ ہے کہ ہر وقت تمہارے دم کے ساتھ رہتی ہے۔ مجھے تمہاری اسقدر محویت بُری معلوم ہوتی ہے کہ تم مجھ کو بھی فراموش کر بیٹھو۔

مہارانی ۔ حضور پر نور! مجھے موسیقی سے عشق ہے۔ جب آنجناب میرے پاس نہیں ہوتے تو پہاڑ سا وقت کاٹے نہیں کٹتا اس عذر سے شہنشاہ کی کچھ تسلی ہو گئی اور کچھ عرصہ تک اکبر نے خواص کا ذکر نہ کیا۔ مگر حرم کی افواہیں بڑھتی گئیں۔ اکبر نے پھر مہارانی سے شکایت کی اور تاکید بھی کی کہ اُس خواص کو ہر وقت اپنے ساتھ نہ رہنے دے۔ کوئی وجہ نہ تھی کہ اُس خواص سے بہتر گانے بجانے والوں کی موجودگی میں خصوصیت کے ساتھ اُسی مغنیہ کو ترجیح دی جائے۔

دوپہر کا وقت تھا۔ راجپوت بیگم کے محل میں وہی خواص بیٹھی ستار کے ساتھ وقت کے راگ الاپ رہی تھی ستار پر خواص کا ہاتھ تیزی سے چل رہا تھا۔ اُس کی آواز میں ایک خاص لوچ اور درد تھا جس میں کہ مردانہ سوز و گداز کی سی رنگینی تھی۔ اس پر راجپوت شجاعت کے کارناموں کا ذکر اور بھی قیامت ڈھا رہا تھا۔ مہارانی پر کیفیت طاری تھی۔ ایک ایک لفظ اُس کے دل میں اترا جاتا تھا۔ مہارانی ایسی حالت گم شدگی میں تھی کہ ناگاہ اکبر اُس کے محل میں داخل ہوا۔ مہارانی اپنے نازک ہاتھ سے سر کو سہارا دے بیٹھی تھی۔ اور اپنی نرگسی آنکھوں سے شبنم ریزی کر رہی تھی۔ اکبر کی نظریں پھر خواص پر پڑیں۔ اُس کی اونچی پاٹ دار آواز کمرے میں گونج رہی تھی اور اسکی نظریں مہارانی کے چہرے پر گڑھی ہوئی تھیں۔ اکبر نے دل میں طرح طرح کے وسوسے آنے لگے "کیا اسقدر بھاری اور اونچی آواز ایک عورت کی ہو سکتی ہے؟"

اکبر نے آگے بڑھکر خواص کو ہٹ جانے کا حکم دیا وہ گھبرا کر جلدی سے کھڑی ہوئی اور لڑکھڑاتی ہوئی کمرے سے نکل گئی۔ اکبر نے پھر اپنی بیوی سے سختی کے لہجہ میں کہا۔ "مجھے اس لڑکی سے نفرت ہے آئندہ میں اسکو تمہارے پاس نہ دیکھوں"

مہارانی مسکرائی اور اکبر کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں

لے کر کہنے لگی۔

جہاں پناہ! آخر اسقدر عتاب کس لئے ہے؟ عالیجاہ کیا آپ کی آنکھوں پر محبت کا ایسا گہرہ پردہ پڑ گیا؟ کیا حضور ملاحظہ نہیں فرماتے کہ صرف آپ ہی میری عالم زندگی کے آفتاب درخشاں ہیں۔ میں تو صرف موسیقی کی وجہ اسکو پسند کرتی ہوں۔ میرے پیارے آقا! آپ مجھ کو اس دلبستگی سے محروم نہ فرمائینگے حضور کی عدم موجودگی میں میرا وقت اسی کی وجہ سے گزر جاتا ہے۔ مگر اکبر کا دل نہ پسیجا۔

اکبر۔ مجھے اس لڑکی سے قطعی نفرت ہے۔ خبردار آئندہ اسکو اپنے محل میں نہ بلانا۔

راجپوت بیگم نے ملتجی نگاہوں سے اکبر کی طرف دیکھا۔

مہارانی۔ میرے اچھے آقا! آپ ناراض نہ ہوں جب آپ نہیں ہوتے تو وقت کاٹے نہیں کٹتا۔ اور تنہائی کی گھڑیاں میرا دم الٹا دیتی ہیں۔ حضور میری تقصیر سے درگزر فرمائیں اور میری اس دلی آرزو کو رد نہ کریں۔ اُس کے گانے سے میرا جی بہلتا ہے۔ آہ! میرے مالک! میرے پیارے سرتاج! مجھے صرف آپ ہی سے عشق ہے۔ وہ خواص ہماری محبت میں ہرگز مخل نہیں ہو سکتی۔

مہارانی کے محبت آمیز کلمات اُسکے بھولے چہرے اور بچپن کی سادگی نے اکبر کے چہرے سے خفگی کے آثار کو مٹا دیا اور بات کسی گزری ہو گئی۔

چند ہی دن بعد اکبر یکایک پھر داخل ہوا۔ مہارانی مسہری پر نیم دراز تھی اور اُسکے قدموں کے قریب وہ خواص بیٹھی ہوئی بدستور سابق گا بجا رہی تھی۔ ایک شعر مہارانی کے قلب و جگر میں ترازو ہو رہا تھا۔ اور اکبر کے داخل ہونے کی اسکو مطلق خبر نہ ہوئی۔ کچھ دیر تک اکبر ان دونوں کو دیکھتا رہا۔ پھر مسہری کی طرف بڑھکر اُس نے کڑک کر کہا۔

"حکم عدولی! یہ خواص یہاں کیوں آئی؟"

مہارانی بادشاہ کی آواز سن کر چونک پڑی اور جلدی سے تعظیم کے لئے سروقد کھڑی ہو گئی۔

"مہارانی۔ جہاں پناہ! خطا معاف! میں نے حضور کو تشریف لاتے ہوئے نہیں دیکھا"۔

اکبر۔ ہاں! اس سے تمھیں کیا سروکار کہ میں آؤں یا نہ آؤں۔

مہارانی کی مسکراہٹ اکبر کے تیور دیکھکر معدوم ہو گئی۔

اکبر۔ وہ خواص یہاں کیوں گا رہی تھی۔ جب میں نے تمکو منع کر دیا تھا کہ اُسکو یہاں نہ بلانا تو پھر تم نے کیسے اُسے یہاں دوبارہ آنے دیا؟ کیا میرا حکم اتنی بھی وقعت نہیں رکھتا؟ میرے حکم سے سرتابی!

مہارانی۔ جہاں پناہ! میرے سرتاج! میرا التجا سنئے۔

مہارانی کی آواز خوف سے رک گئی اکبر کے چہرہ پر نفرت اور غصہ کے آثار نمایاں تھے۔

اکبر (گرجکر) میں تمہارا کوئی عذر سننا نہیں چاہتا۔ تم نے حکم عدولی کی اور بس مجھے تمہارے باہمی طرز اختلاط اور بے تکلفی کی بنا پر یقین ہے کہ تمہاری مغنیہ عورت نہیں ہے بلکہ تمہارا کوئی عاشق زنانہ بھیس میں ہے اور تم ایک عصمت فروش بیوی ہو"۔

کسی پر بجلی گرنے کا وہ اثر نہ ہوتا جو اکبر کی اس

مختصر تقریر نے مہارانی پر کیا۔ مہارانی ایک سکتہ کے عالم میں کھڑی اکبر کے مُنہ کو تکتی رہی بہزار دقت سنبھلی اور اکبر کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لیکر کہنے لگی۔

میرے سرتاج! میرے مجازی خدا! بادشاہ سلامت آپ کیا فرما رہے ہیں"؟

مگر غضب آلود اکبر نے اُس کے ہاتھوں کو جھٹک کر کہا۔

بس! بس! خاموش!! مجھے یقین ہے کہ یہ تمہارا عاشق ہے

اکبر کا غصہ بڑھتا گیا اور اُسکے منہ سے سخت کلمات جاری تھے۔ مہارانی دونوں ہاتھوں سے اپنا دل تھامے ہوئے کھڑی اپنے جیتے شوہر کے اتہامات سُن رہی تھی۔ مگر اکبر اور مہارانی کے تعجب و حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب اُنھوں نے دیکھا کہ مغنیہ آگے بڑھکر کہنے لگی۔

جہاں پناہ بجا ارشاد فرماتے ہیں میں مرد ہی ہوں"

مہارانی مغلوب الغضب بادشاہ کے قدموں میں گر پڑی اور اپنی معصومیت کا اظہار کرنے لگی مگر اکبر کے چہرے پر ایک حقارت آمیز مسکراہٹ رقص کر رہی تھی اور یہ کہتا ہوا الگ ہٹ گیا کہ :-

"مجھے اس کی حقیقت معلوم تھی"

مغنیہ نے مودبانہ عرض کیا جہاں پناہ اگر جان بخشی فرمائیں تو اصل واقعہ بیان کروں اور آپ دونوں کی غلط فہمی دور ہو جائے

اکبر۔ دونوں کی! تم نے سوانگ خوب بھرا ہے اچھی بات ہے۔ ہم اس تماشہ کا آخری منظر بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔ تمھیں جو کچھ کہنا ہے جلدی کہو"۔

تماشئی مغنیہ نے ہاتھ جوڑ کر عرض کرنا شروع کیا!۔

بادشاہ سلامت! جب مہارانی صاحبہ کا بچپن تھا میں راج محل میں روزآنہ آیا جایا کرتا تھا۔ مہارانی۔ راجہ اور اُنکے بھائی بہنوں کے ساتھ کھیلا کرتا تھا۔ مہارانی صاحبہ کی طرف میرا دل کھنچا جاتا تھا۔ اُنکا خیال ہر وقت میرے دلمیں رہنے لگا۔ مہارانی صاحبہ کو اسکا علم نہ تھا کہ میں خفیہ طور پر اُنکو دیوی سمجھتا ہوں اور اُنکی پرستش کرتا ہوں۔ زمانہ گزرتا گیا اور ہماری عمریں بھی بڑھ گئیں۔ مجھے راج محل میں جانے سے روک دیا گیا۔ مگر اس سے میری پرستش میں کمی نہیں ہوئی بلکہ آگ اور بھڑک اُٹھی۔ مہارانی صاحبہ گو آنکھوں سے دور تھیں مگر میرے دل میں ہر وقت موجود تھیں۔ جب یہ خبر پھیلی کہ مہارانی صاحبہ آپ سے منسوب ہونے والی ہیں اور مہارانی صاحبہ کی دلآویزی کے لئے ایک مغنیہ کی ضرورت ہے تو میں نے مصمم ارادہ کر لیا کہ خواہ مجھے اپنی جان سے ہاتھ ہی دھونے پڑیں مگر میں مغنیہ کا بھیس بدل کر ضرور مہارانی کے ساتھ جاؤنگا۔ میں اپنے ارادہ میں کامیاب ہوا۔ نہ اسمیں کسی نے میری امداد کی اور نہ کسی کو کانوں کان اس واقعہ کی خبر ہوئی یہاں تک کہ مہارانی صاحبہ کو بھی آج سے پہلے اس کا علم نہ تھا۔ مہارانی صاحبہ قطعی معصوم ہیں مجھ ہی کو مورد عتاب قرار دیجئے۔ ان کے دل پر صرف حضور ہی کی محبت طاری و ساری ہے۔ میرے لئے صرف اُنکی قربت اور موسیقی سے اُن کی دلجوئی کرنا کافی تھا۔ جہاں پناہ یقین فرمائیں میرا ایک ایک لفظ صحیح ہے۔

مصنوعی مغنیہ خاموش ہو گئی مگر اکبر کا غصہ اب بھی کم نہ ہوا تھا۔ سختی سے بولا۔

تم دونوں نے نہایت چالاکی سے اپنا اپنا پارٹ ادا کیا۔ مگر اب یہ کرشمہ سازیاں ظاہر ہوگئی ہیں۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ تمہاری جھوٹی کہانی کا یقین کر لونگا؟

مغنی۔ جہاں پناہ کو اختیار ہے میری کہانی سچی ہے مہارانی صاحبہ کو میرے بھیس کی خبر نہ تھی۔ وہ قطعی بیگناہ ہیں۔ مہارانی صاحبہ آپکا۔ اور صرف آپ ہی کا دم بھرتی ہیں۔

مغنی آبدیدہ آنکھوں سے فرش پر پڑی ہوئی مہارانی کی طرف دیکھتا رہا۔ پھر اپنا ستارے کر کمرہ سے باہر نکل گیا۔ اکبر کو اس عجیب و غریب کہانی کا یقین نہ آتا تھا۔ اُس نے مہارانی کی طرف قہر کی نگاہوں سے دیکھا۔ مہارانی کی ایک آنکھ ساون اور ایک بھادوں بنی ہوئی تھی۔

اکبر۔ مجھے غلط فہمی تھی کہ تمکو مجھ سے محبت ہے اور تم ایک باعصمت بیوی ہو مگر تم مجھ کو ابتک دھوکہ دیتی رہیں اور میں تم سے محبت کرتا رہا۔

مہارانی۔ میرے سرتاج! میں پرماتما کو حاضر ناظر جان کر کہتی ہوں کہ مغنی نے جو کچھ کہا سچ ہے۔ میں بے قصور ہوں۔ مجھ کو ہرگز ہرگز اُس کی شخصیت کا علم نہ تھا۔ مجھے صرف آپ سے محبت ہے اور مرتے دم تک رہیگی۔

مہارانی نے ایک بار پھر اکبر کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لینا چاہا مگر اکبر جھٹک کر الگ ہوگیا۔

اکبر۔ خبردار! خبردار! میرے قریب نہ آؤ۔ مجھکو مت چھوؤ۔ مجھے یہ تر باجر سر لپسند نہیں۔ میں نے تمہاری عفت مآبی پر اعتماد کیا تھا مگر تم نے اپنی عصمت فروشی کا یقین دلا دیا۔

مہارانی۔ (روکر) نہیں! نہیں! جہاں پناہ میں آپ کی وفادار بیوی ہوں۔ میں نے آپکو دھوکہ نہیں دیا۔ پرماتما مجھے اس گھڑی موت۔ میری زندگی صرف آپ کی محبت سے وابستہ ہے۔ اس دل میں صرف ایک چیز ہے اور وہ آپ کی محبت ہے۔

اکبر۔ پھر تم نے میرا حکم کیوں نہ مانا؟ جب میں نے ایک دفعہ تم کو منع کر دیا تھا کہ مغنیہ کو یہاں نہ آنے دینا تو تم نے سرتابی کیسے کی؟

مہارانی۔ جہاں پناہ! مجھے موسیقی سے عشق ہے آپ کی عدم موجودگی میں میرا وقت کاٹے نہیں کٹتا تھا اس سوہان روح کا واحد علاج موسیقی ہی ثابت ہوئی آپ کو یاد ہوگا جسدن مغنیہ کی ممانعت آپ نے کی تھی میں نے آپ سے پرزور التجا کی تھی آپ نے کوئی جواب نہیں بخشا جسکو میں نے الخاموشی نیم رضا پر معمول کیا ورنہ حکم عدولی کی مجھے کب مجال ہے۔

اکبر۔ نہیں! نہیں! مجھے تمہارا اعتبار نہیں ہے ثبوت پورا پورا مل چکا ہے۔ آئندہ میں کبھی تمہارے پاس نہ آونگا اور نہ تمکو دیکھونگا"۔

مہارانی۔ ہائے ایسا نہ کہیئے۔ آپ ہی میری روح رواں ہیں۔ آپ بغیر میرا خیال محال ہے۔ مجھ پر اعتبار کیجئے یقین کیجئے اور ۔۔۔۔۔۔۔"

اکبر۔ خاموش! یہ غمزے مجھ پر کامیاب نہ ہونگے میں کبھی درگزر نہیں کر سکتا۔

اکبر نے نفرت سے منہ پھیر لیا اور باہر نکل گیا

اکبر کے چلے جانے کے بعد مہارانی فرش پر سے اُٹھی اُس کے حسین چہرے پر مردنی چھائی ہوئی تھی۔ اور اُس کی

غزالی آنکھیں روحانی اذیت کی غمازی کر رہی تھیں۔

اس واقعہ اور شہنشاہ کے عتاب کی خبر آگ کی طرح سے شاہی حرم میں پھیل گئی۔ کنیزاور بیگمات مہارانی کے محل میں داخل ہونے لگیں یہاں تک کہ محل بھر گیا۔ باوجود اتنے بڑے اجتماع کے کسی متنفس کے بولنے کی آواز نہ آتی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مہارانی کے اندوہ گیں چہرے نے اُنکے لبوں پر مہر سکوت ثبت کر دی تھی۔

مہارانی نے ایک کنیز کو قلم اور کاغذ لانے کا اشارہ کیا۔ پھر ایک حسرت آمیز نگاہ اُنپر ڈالی جو اُس کو گھیرے ہوئے کھڑی تھیں اور زہرہ گداز لہجہ میں کہنے لگی۔

"میں اپنے سرتاج کو اپنی محبت کا ثبوت دیتی ہوں"

مہارانی نے تیزی سے اپنا ایک بازو عریاں کیا اور اپنی کمر سے ایک مرصع پیش قبض نکال کر اپنے نقرئی بازو میں پیوست کر دیا۔ خون تلّل تلّل بہنے لگا۔ مہارانی نے قلم میں خون کا شوب لیا اور لکھا:۔

"میرے سرتاج! میرے مالک! میں اپنی عصمت اور عفت پر جان قربان کر رہی ہوں"

ناظرات میں سے کسی کی مجال نہ تھی کہ مہارانی کا ہاتھ تھام لے۔ مہارانی کا یہ فعل اُس کے بدطن شوہر کی پرستش اور اپنی عفت مآبی کے باب میں تھا۔ مہارانی ثابت کرنا چاہتی ہے کہ اُسکا ہر ہر قطرۂ خون اور اُس کی کائنات ہستی کا ایک ایک ذرہ صرف اکبر اور اکبر ہی کے لئے وقف تھا۔ وہ راجپوت تھی جو عزت کو جان پر ترجیح دیتے ہیں مہارانی کے خون کے ساتھ ساتھ روح بھی سلب ہوتی جا رہی تھی ناظرات مبہوت کھڑی واقعہ کی اہمیت کو سمجھ رہی تھیں۔ ایسی عورت کی زندگی ہی کیا ہے؟ ایک بیوی جس کی عصمت پر مشتبہ نظریں ڈالی گئی ہوں!

مہارانی نے کاغذ ایک کنیز کو دیکر کہا

"بادشاہ سلامت کو پہنچا دو کسی اور کو نہ دینا"۔

کنیز نامۂ خونی لیکر اُڑی اور چشم زدن میں اکبر کی حضوری میں جا پہنچی۔ اکبر نے غضب آلود آنکھوں سے اُسکا مطالعہ لیا ـــــ دوبارہ پڑھا ـــــ مہک حقیقت حال اُسپر منکشف ہو کر سوہان روح بن گئی۔ اکبر خود نیم راجپوت تھا۔ اُس نے اب مہارانی کی معصومیت کو محسوس کیا۔ رنج و غم سے مغلوب ہو کر وہ رقت تمام مہارانی کے محل میں داخل ہوا۔

مہارانی مسہری پر دراز تھی۔ خون جاری تھا مگر تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد ایک بوند ٹپک جاتی تھی گویا چشمۂ حیات اب بند ہونے والا تھا۔ اکبر نے موت سے ہمکنار مہارانی کو اپنی آغوش میں لیا اور اپنی زود اعتقادی اور کوتاہ فہمی پر اظہار ندامت کرتا رہا۔ پھر رقت آمیز لہجہ میں کہنے لگا "میری راجپوت بیگم! للہ مجھے معاف کر دو۔ میں ایسے گناہ کا مرتکب ہوا ہوں جس کا کفارہ کسی طرح ادا نہیں کر سکتا آہ میری عقل پر پردہ پڑ گیا تھا"۔

اکبر کے خفیف ہی سے مہارانی کے چہرے پر سرخی کی ایک لہر دوڑ گئی۔ اُس کی آنکھیں کمزوری سے بند ہو گئیں تھیں مگر اکبر کی آواز سنتے ہی کھل گئیں۔۔۔ آنکھوں کا چار ہونا تھا کہ اکبر عرق انفعال میں غرق ہو گیا۔ مہارانی کے زرد لبوں میں ایک خفیف سی جنبش ہوئی۔

ایک آہ سرد ـــــ ایک ارتعاش جسدی ـــــ اور

[بقیہ صفحہ ۷۱۶ پر دیکھئے]

سدرشن

زمزمۂ تغزل

[جناب والا امر چند قیس جالندھری ایڈیٹر لطیف سدرشن لاہور]

سمجھا اسے جو درد سمجھ کا قصور تھا ۔ اتنا ہی تقریب تھا جتنا کہ دور تھا
مستی میں جن دنوں دل مدہوش چور تھا ۔ ہر پیکر خیال مجسم سرور تھا
سر اپنا آپ پھوڑ لیا بے شعور تھا ۔ فرہاد کے دماغ میں شاید فتور تھا
دیکھا نہ غور سے یہ نظر کا قصور تھا ۔ ہر ذرہ در نہ غیرت صد کوہ طور تھا
کچھ اسکا پاس بھی تجھے ساقی ضرور تھا ۔ جو وقت میکشی تری محفل سے دور تھا
دوری کا مجھکو یار سے شکوہ ضرور تھا ۔ لیکن یہ پاس وضع محبت سے دور تھا
ایفائے عہد غیر سے مانا ضرور تھا ۔ کچھ ہم سے بھی تو آپکا وعدہ حضور تھا
رکھی نگاہ لطف کی امید آپ سے ۔ یہ اس قصور دار کا پہلا قصور تھا
وہ اک نگاہ ناز کی گردش دکھا گئی ۔ جو انقلاب گردش دوراں سے دور تھا
روٹھے ہوئے کو خاک میں مل کر منا گیا ۔ مرحوم طفل اشک بڑا بے شعور تھا
تم جس سے کہہ رہے تھے ذرا دیر صبر کر ۔ کس خوش نصیب کا وہ دل ناصبور تھا
مرتے ہیں آپ پر یہ ہمارا قصور تھا ۔ مرتے تھے آپ پر یہ ہمارا قصور تھا
اب تو نہیں تو کچھ بھی نہیں اے نگاہ شوق ۔ تیرے ہی نور سے مری آنکھوں میں نور تھا
غم ہو کہ درد ہو کسی کا خیال ہو ۔ جو دل میں رہ گیا وہی دلکا سرور تھا
شوخی کسی کی خاک میں اسکو ملا گئی ۔ جس دل پہ ناز تھا مجھے جس پر غرور تھا
تم بے قصور تھے مری جاں بے قصور ہو ۔ ہم ہیں قصور وار ہمارا قصور تھا
یوں ہی پڑے ہیں مے سے قرابے بھرے ہوئے ۔ ساقی کا آج بزم میں ہونا ضرور تھا
سچ ہے شکستگی بھی خوشی کی دلیل ہے ۔ جو چور تھا نشے میں وہی پرسرور تھا
جو کچھ ہوئیں یہیں سے خطائیں ہوئیں درست ۔ جو کچھ قصور تھا وہ ہمارا قصور تھا
یہ سب نگاہ اہل نظر ہی کا فیض ہے ۔ انداز و ناز کا تھیں کسے شعور تھا
آج اک نگاہ ناز نے دیوانہ کر دیا ۔ کل کی ہے بات قیس بڑا بے شعور تھا

(خاص)

[صفحہ ۷۱۵ کا بقیہ]

مہارانی کی منتہ و معصوم روح عناصر کی قیود سے آزاد ہو گئی اور ایک ملکوتی تبسم اُس کے چہرے پر چھا گیا

بیگمات اور کنیزیں خاموشی سے باہر نکل آئیں اور اکبر مردہ مہارانی کے ساتھ اکیلا رہ گیا۔

اکبر کے حسین چہرے سے ایک عرصہ تک حرمان و اندوہ کے آثار ترشح ہوتے رہے۔ خوبصورت راجپوت بیگم ـــــ جس سے اُسے عشق تھا اور پھر جسکی موت کا باعث اُس کی بدگمانی ہوئی ـــــــ کی یاد گار میں ایک شاندار مقبرہ تعمیر کرایا۔ اکثر رات کے سناٹے میں اُس مقبرہ کی سمت سے نقلی مغنیہ کی سامعہ نواز آواز اُس کے ستار کا پرکیف نرنم اکبر کے کانوں میں گونجا کرتا تھا۔ ستار کا ہر زخمہ اکبر کے تارِ رگِ جاں پر مضراب ستم کا کام کرتا تھا اور یہ کیفیت عرصۂ دراز تک جاری رہی۔

(خاص)

سحبان

مریم زنّاریہ ڈرامہ کا ایک سین

(جناب مولوی کیفی صاحب چڑیا کوٹی سابق ایڈیٹر سحبان و العلم وغیرہ)

(شہزادی مریم قید خانے میں بیڑی اور ہتھکڑی کے ساتھ)

شہزادی مریم - آہ! پیارے نورالدین تم دنیا میں نہیں، شہید ہو کر عشق کی راہ سے حوروں کی آغوش میں پہونچ گئے تم خون میں نہا کر دنیا کی آلائشوں سے پاک ہو گئے اور خدا کے سامنے سرخرو ہو گئے۔

تمہارا وہ خون جو زمین پر بیگناہ گرایا گیا۔ قیامت تک ظلم وستم کے افسانوں کی سرخیاں بنے گا۔

اے شہید نورالدین کی پاک روح! مریم، مجبور اور مایوس مریم، زندگی سے بیزار مریم! تیرے عشق میں ان زنجیروں کو وفاداری کی نشان سمجھتی ہے۔ اے فرشتو! میری آواز میرے سچے جذبات جنت میں نورالدین کے پاس پہونچا دو اور بتا دو کہ جب تک دم میں دم ہے۔ عزم عشق میں ثابت قدم ہے اور جب دنیا سے آئے گی تو تمہاری محبت کو زاد راہ بنائے گی۔ ہائے

(غزل)

یوں قفس سے زور دست باغباں دیکھا کئے
آشیاں اجڑا کیا ہم بے زباں دیکھا کئے
آشیاں جس شاخ پر تھا بجلیاں گرتی رہیں
روز ہم حسرت سے سوئے آسماں دیکھا کئے
اس کی محفل میں ہے یہ آداب خودداری کا رنگ
ہم سلگ کر بجھ گئے اور مہرباں دیکھا کئے
اس کے در پر بات رکھ لی اضطراب شوق نے
سر پٹک کر مر گئے، ہم پاسباں دیکھا کئے
آہ! بندہ کس قدر مجبور ہے، زمین سخت ہے آسمان دور ہے ؎

غم فراق کی مجھ کو دوا نہیں ملتی
تمام ڈھونڈھ رہی ہوں قضا نہیں ملتی

(بختیار رک آتا ہے)

بختیار رک - (مسکرا کر) شہزادی صاحبہ! اب آپ کی زندگی اور موت میرے ہاتھ میں ہے۔

شہزادی - خدا کی پناہ! یہ کیا کہا۔ فانی انسان کسی کی موت اور جہاں کا مختار شان پروردگار۔

بختیار رک - کیا آپ نے دیکھا اور سنا نہیں ہے بادشاہ نے جو کچھ کہا برملا نہیں ہے۔

شہزادی - بیشک! برملا ہے لیکن یہ سب کچھ خدا ہی کی مرضی ہے۔ انسان اگر زمانیت کا دعویٰ کرے تو جھوٹے غرور کی خود غرضی ہے۔

بختیار رک - میں آپ کے ساتھ ہر قسم کی رعایت کرنے کو تیار ہوں بلکہ بادشاہ سے معافی دلوانے کا ذمہ دار ہوں لیکن ـــ"

شہزادی - (تعجب سے) لیکن کیا؟

بختیارک - یہ کہ میری محبت قبول کیجئے۔

شہزادی - (غضب ناک ہوکر) اُف! او ننگِ اسلام! بوالہوسی کے شیطان مجسم تو نے یہ کیا کہا۔

بختیارک - میں نے جو کچھ کہا اب بھی کہتا ہوں اور کہتا رہوں گا یہاں تک کہ آپ ماننے پر مجبور ہوں۔

شہزادی - یہ خیال ناممکن! محال! او ملعون تو دنیا میں ہوسی سے عمر بھر سر ٹکراتا رہیگا اور جب دنیا سے جائے گا تو رو سیاہ ہو جائے گا۔

بختیارک - کیا میں اس سودا گر بچے ٹکر گدا سے بہتر نہیں۔

شہزادی - او نابکار۔ بوالہوسی کے مقابلے میں عشق صادق کو ذلیل کرتا ہے۔ بچوں کی سی دلیل کرتا ہے۔

بختیارک - رسی جل گئی اور بل نہ گیا۔ ابھی سودائے خام کا خلل نہ گیا۔ کیا مجھکو معلوم نہیں کہ میرے ایک اشارے میں تیری بدزبانی خاک میں مل جائے گی آناً فاناً جان سے جائے گی۔

شہزادی - تو جان لینے کی دھمکی اس کو دیتا ہے جس کو زندگی وبال ہے

بختیارک - اچھا میں دیکھتا ہوں اس کا کمال تک خیال ہے۔

(دستک دیتا ہے مسرور آتا ہے)

بختیارک - (مسرور سے) مسرور! جا اور کوڑے لیکر دو جلادوں کو بلا لا۔ (مسرور جاتا ہے)

بختیارک - (شہزادی سے) شہزادی صاحبہ! اپنی جوانی پر رحم کیجئے۔ اب بھی کہنا مان لیجئے۔ ورنہ پچھتائے گا۔

شہزادی - او عذاب کے فرشتے! دنیا کے کتے۔ دسترخوان کی چھوٹی ہوئی جھوٹی ہڈیوں کے چبانے والے تو نے دیکھے کہاں ہیں جان پر کھیل جانے والے۔

(مسرور جلادوں کو لیکر آتا ہے)

بختیارک - کہئے اب شہزادی صاحبہ! اب کیا رائے ہے۔

شہزادی - وہی جو پہلے تھی۔

بختیارک - (مسرور سے) اس کو قید خانے سے باہر لا۔

(مسرور باہر لاتا ہے)

بختیارک - اس طرح نہ مانے گی۔ اچھا جلاّد! اس کے ہاتھوں پیٹھ اور گردن پر کوڑے لگاؤ۔

(جلاد مارتے ہیں اور خون کے فوارے اڑتے ہیں)

شہزادی - (استقلال سے) ؎

بجرم عشق توام می کشند دغوغا نیست
تو نیز برسر بامِ آ کہ خوش تماشا نیست

بہے ہوئے خون کو چہرے پر ملتی ہے اور کہتی ہے عشق کی نماز کے لئے یہی وضو ہے ؎

نہ نماز آتی ہے ہمکو نہ وضو آتا ہے
سجدہ کر لیتے ہیں جب سامنے تو آتا ہے

عشق کی زینت کے لئے یہ گلکاری۔ اصلی شان ہماری ہے ؎

بھرے جیب و دامن میں اپنے لہو ہیں
ادھر دیکھ اے عشق ہم سرخرو ہیں

اے فلک پیر! اے خوبیٔ تقدیر! للہ کل کے لئے کچھ اٹھا نہ رکھ۔ قسم بھی لگا نہ رکھ۔ اے محبت کی آزمائشوں کی آگ دنیا کی آلائشوں کو جلا دے۔ زر خالص بنا دے۔ تاکہ کل ہم خدا کے سامنے پاک صاف ہو کر جائیں۔

بختیارک - (جلادوں سے) آج اتنا ہی کافی ہے (مسرور سے) مسرور! لیجا اس پگلی کو پھر اسی جہنم میں پھر دے۔

(مسرور سر یم کو قید خانے میں لیجا کر بند کر دیتا ہے)

(مسرور۔ جلاّد۔ بختیارک جاتے ہیں)

(جاری)

سروش

یادِ محبوب

[جناب محمد عنایت خان صاحب حیرتؔ ایڈیٹر رسالہ سروش لاہور]

پارہائے دل تھے میرے دیدۂ خونبار میں ؛ اور میں تنہا کھڑی تھی دامن کہسار میں
پھول چنتا تھا محبت کے دل کیف آشنا ؛ ہر برنِ منہ سے نکلتی تھی ترنم کی صدا
چھپ گیا مغرب میں جا کر آفتاب زرنگار ؛ ہو گئی معمور ظلمت سے فضائے کوہسار
خواب راحت کے مزے لیتی تھی تمہیں کائنات ؛ میں نے آنکھوں میں گزاری آہ وہ فرقت کی رات
چودھویں کا چاند بام فلک پر ضو فشاں ؛ جنت الفردوس تھا انوار سے سارا جہاں
ایک دنیا جب شراب عیش سے مدہوش تھی ؛ میں تری یاد محبت نا شناسوں تھی
نغمہ مرغ سحر تھا دعوت کام حیات ؛ دے رہا تھا مثل انسانوں کو پیغام حیات
مہر کی آمد تھی شب کی تیرگی میں اضطراب ؛ اس تغیر سے نہ ٹوٹا وہ طلسم ارتباط
کیف تھا اک لایزول نغمہ اضداد میں
برشب آخر بھی گذری آہ تیری یاد میں

(خاص)

صبح

[جناب اخگر جالندھری بی۔اے مدیر رسالہ سروش لاہور]

کس ادا سے کس ناز سے ہے صبح صادق کی نمود ؛ اک طلسم نور نے توڑا ہے دنیا کا جمود
کھل گئیں آنکھیں ہوا جب نور قدرت کا ورود ؛ تختۂ گلشن بنا آئینۂ بزم وجود
واہ کیا دلکش ہے منظر واہ کیا نظارہ ہے ؛ ہر گل صحن چمن اک نور کا فوارہ ہے
کچھ نئی سج دھج نرالی شان سے آئی ہے تو ؛ روح کو میری پیام زندگی لائی ہے تو
مضطرب حالوں کا سامانِ شکیبائی ہے تو ؛ گوش گل کے واسطے آواز شہنائی ہے تو
رونق گلزار ہے تو رنگ بن کر گل میں ہے ؛ درد کی صورت میں پنہاں شیون بلبل میں ہے
آفتاب صبح نکلا وہ اُفق سے دیکھ لو ؛ روشنی اس میں سوا چودہ طبق سے دیکھ لو
کیسا منظر ہے یہ تم رنگ شفق سے دیکھ لو ؛ دیکھ لو اے ہمدمو چشم حق سے دیکھ لو
کس قدر ہے فرحت افزا صبح صادق کی بہار ؛ ہے ترا ٹوٹا آنکھ کو ایسی ہوا ہے خوشگوار
کیسا دلکش ہے یہ نظارہ کہ جس کو دیکھ کر ؛ روح ہوتی ہے تر و تازہ تو خوش قلب و جگر
دیکھنے والوں کو بھی رہتی نہیں اپنی خبر ؛ ہم نے اکثر یہ فضائے صبح کا دیکھا اثر

صبح صادق کی ہواؤں میں تاثیر شراب
ساغرِ صہبا کا ہم پلہ ہے جامِ آفتاب

(خاص)

پریم مندر

[جناب خواجہ عبدالکریم ایم۔اے۔ رکن ادارہ "سروش" لاہور]

پنڈت پران ناتھ جی دبلے پتلے مگر دراز قد تھے، جب دیکھو فکروں کے اتھاہ سمندروں میں غوطہ زن ہیں۔ مگر بڑے راسخ الاعتقاد، کیا مجال کہ کبھی لغزش ہوتی ہو۔ انھیں بڑا مان تھا، ایشور کی خواہشات، ایشور کی مرضی، ایشور کے مقاصد سے واقف،

جب اپنے مندر کے گرد لہلہاتے کھیتوں کے قریب سے نکلتے ہوئے گزرتے تو اُن کے دل میں اکثر یہ سوال دھوئیں کی طرح اُٹھتا۔ "ایشور نے ایسا کیوں کیا ہے؟" اور اس کے جواب کے لئے بہت دیر تک سر دُھنتے ہوئے خود ایشور بنجاتے اور جواب پالیتے۔ کبھی اُن کی زبان سے یہ نہ نکلا تھا "یہ پریشر تیرے ارادوں تک کوئی نہیں پہنچ سکتا" بلکہ یہ کہتے "میں پریشر کا داسی ہوں، اور میرا یہ فرض ہے کہ اُس کی قدرتوں کو دلائل سے ثابت کروں، قدرت کی ہر چیز اُن کے نزدیک کسی خاص مقصد کے لئے پیدا کی گئی تھی، دماغ میں ہر وقت "کیوں اور کیونکہ" کی کشمکش رہتی، صبح صادق اس لئے بنائی گئی ہے کہ ہم جاگتے ہی باغ باغ ہو جائیں۔ دن فصلوں کے پکانے کے لئے۔ مینہہ کھیتوں کو سیراب کرنے کے لئے، شام نیند کی تیاری کے لئے۔ اور کالی راتیں سونے کے لئے،

چاروں موسم زراعت کی کل ضروریات کے لئے کافی تھے، پنڈت جی کو کبھی خیال نہ آیا تھا کہ قدرت یونہی بلاوجہ کام کرتی ہے۔ اور تمام ذی جان چیزیں وقت و موسم کے سنگین قوانین کے تابع ہیں۔

انھیں عورت سے نفرت تھی ـــــ دلی بیر و حقارت "عورت، مجھے تجھ سے کیا کام"؟ وہ ناک بھوں چڑھا کر کہا کرتے۔ "سچ ہے عورت دیکھتے ہی انسان کو خیال گذرتا ہے۔ پرماتما بھی عورت کو اپنے ہاتھوں سے بناکر پچھتاتے ہونگے" ارے ـــــ یہ عورت . . . . عورت ذات . . . . کبھی کبھی پوتر نہیں ہوسکتی۔ یہ وہی ہے جس نے دنیا کے سب سے پہلے انسان کو گمراہ کیا تھا۔ اور آج بھی یہ اُسی طرح مردوں کو تباہ کرنے کا کام کرتی ہے . . . . ایک کمزور و ناتوان . . . . . خوبصورت ناگن . . . . خطرناک . . . . اس کے شیریں ہونٹوں میں زہر بھری ہے"۔

پنڈت جی کو کئی بار اقتباس ہوا تھا کہ عورتوں نے انھیں ترچھی نگاہوں سے دیکھا ہے ـــــ مگر وہ اپنے آپ کو ایسا مضبوط و مستحکم قلعہ سمجھتے تھے کہ یہ تیر و تفنگ بیکار رہتے۔ اُن کی رائے میں عورت کے پاس سے گزرنا بڑی جان جوکھوں کا کام تھا۔ وہ کہا کرتے "جب عورت اپنے پھول سے نازک ہونٹ کھولتی ہے اور ہرن سے چمکدار آنکھوں سے تیر پھینکتی ہے تو شکار خود بخود اُس کے بازوؤں میں آجاتا ہے . . . . ہے رام . . . . عورت ایک جال ہے . . . . جال جس میں مرد کا قابو میں آجانا کوئی مشکل نہیں۔

اگر انھیں عورتوں سے کچھ لگاؤ بھی تھا تو دیوی داسیوں سے، جنھیں دعدوں اور حلفوں نے بے ضرر کر رکھا تھا۔ مگر یہ اُن سے بھی ترش روئی سے پیش آتے کیونکہ وہ محسوس کرتے تھے "اُن کے عاجز و زنجیر بستہ دلوں کی

عمیق گہرائیوں میں ابھی تک وہ ابدی محبت ہے جو مجھ ایسے ایشور بھگت تک پہنچ جاتی ہے۔

"ہے پرماتما ان کی بلوری سی آنکھوں میں پوتر گنگا جھلکتی ہے، جب یہ مسکراتی ہیں تو پھول شرما جاتے ہیں۔ ان کی ہنسی مندر کی گھنٹیوں کی آواز سے زیادہ دلکش ہے .... مگر یہ عورتیں ہیں .... اور ان کے ستیوں میں وہ پریم ہے .... جو گنگا جل کی طرح پوتر نہیں ہوسکتی .... پر نہیں ہوسکتی .... دیوی کی پوجا .... ایشور کی بھگتی .... ! ان میں نہیں ہوسکتی۔ یہ میری جھڑکیاں سنکر آنکھیں نیچی کرلیتی ہیں، اور امرت بھرے نینوں سے آنسو موتی بن کر گلاب سے ہونٹوں پر اوس کی طرح پڑتے ہیں .... تو کبھی ترس آجاتا ہے .... آہ مگر یہ عورت ذات ہیں۔ دیوی کے چرنوں میں چکدار پیشانیاں رگڑ رگڑ کر مندر کا پوتر فرش بھرسٹ کردیتی ہیں"۔

بس پنڈت جی کو ان سے ایسی نفرت ہوچکی تھی کہ جب کسی عورت کا سایہ بھی ان پر پڑجاتا تو جلدی جلدی گنگا کنارے جاکر اشنان کرتے۔

پنڈت جی کی ایک بھانجی تھی جو قریب ایک جھونپڑے میں اپنی ماں کے پاس رہتی۔ پنڈت جی کی یہ کوشش تھی کہ کسی طرح یہ لڑکی بھی دیوی داسیوں میں شامل ہوجائے۔

یہ من موہنی۔ کامنی سی۔ چینی کی مورت ابھی بہار کے نوشگفتہ پھول کی طرح تھی۔ جب پنڈت جی اپنا دیا کھیان سناتے تو یہ ہنس دیتی، اور جب تیور بدل کر اسے گھورتے تو یہ اُن سے چمٹ جاتی — اور جب یہ اُسے اپنے سے علیحدہ کرنے کی کوشش کرتے تو بدن میں پُوری محبت کی ایک لہر بجلی کی طرح دوڑ جاتی جو ہر آدمی کے دل میں سو رہی ہوتی ہے"۔

جب وہ ہرے ہرے کھیتوں میں سے گذرتے، اور لڑکی ساتھ ساتھ ہوتی تو وہ اُس سے ایشور .... اپنے ایشور کے گن گاتے۔ مگر یہ لڑکی پنڈت جی کی باتیں دل کے کانوں سے سننے کے بجائے۔ یہ کاس کے نیلے منڈل، سبز مخملی گھاس۔ خوشنما پھولوں کو دیکھتی جاتی۔ خوشی سے چہرہ کھلا ہوتا۔ اور آنکھوں میں بھی خوشی جھلملاتی ہوئی دکھائی دیتی۔ کبھی کسی اڑی اڑی تتلی اور کبھی کالے بھنورے کو پکڑ کر لے آتی۔ "دیکھو ماموں جی، یہ کس قدر خوبصورت ہے۔ دل چاہتا ہے کہ اسے چومتی رہوں، پنڈت جی لڑکی کو کپڑے کوڑنے اور پھول چومتے دیکھ کر بگڑ جاتے۔ دل ہی دل میں کہتے:۔

"سچ ہے، عورت کا دل کونپل کی طرح نازک ہوتا ہے"

ایک دن بوڑھی لکشمی نے، ہانپتے کانپتے پنڈت جی سے آکر کہا۔ "تمہاری بھانجی .... مہاراج ... ایک نوجوان سے محبت کرتی ہے"۔

پنڈت جی کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔ رنج و غصہ سے سانس نہ نکلتا تھا۔ آنکھیں آگ کے انگاروں کی طرح دیکھنے لگیں۔ ہاتھ سے چاندی کی گڑگڑی گر پڑی۔

جب ذرا حواس درست ہوئے تو چلّا اُٹھے۔

اوری کم بخت .... تم کیا بک رہی ہو .... او خواہ مخواہ جھوٹ مت بولو۔ رام تمہیں غارت کردینگے"۔

مگر بڑھیا نے دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا :- پنڈت جی مہاراج ، پرماتما مجھے کوڑھی کرے اگر میں جھوٹ بولوں۔ میں سچ کہتی ہوں۔ جب مہاراج . . . . . تمہاری بہن رات نیند کی گود میں سو رہی ہوتی ہے تو یہ سندر لڑکی دبے پاؤں چوری چوری گھر سے باہر نکل جاتی ہے۔ اور دریا کے قریب اُس پاپی نوجوان سے جا ملتی ہے۔ میں یہ نہیں کہتی کہ تم میرا یونہی اعتبار کرلو بلکہ رات خود اپنی آنکھوں سے بارہ اور دو بجے کے درمیان جاکر لیلا دیکھ لو۔

پنڈت جی لڑکھڑاتے ہوئے اُٹھ کھڑے ہوئے اور کمرے میں جلدی جلدی ٹہلنے لگے۔

آج دن پہاڑ ہوگیا۔ دیوی کی پوجا بھی یاد نہ رہی۔ کھانا بھی نہ کھایا۔ "میری بچی کو کوئی دھوکا دے رہا ہے۔ آہ اُسے پاپ کے غار میں ڈھکیل رہا ہے۔ بدنصیب . . . . ماں باپ سے پوچھے بغیر خود ہی رشتہ کر رہی ہے۔ دنیا کیا کہیگی ، پنڈت جی کی بھانجی . . . . . .

رات دس بجے تو پنڈت جی نے ایک موٹا ڈنڈا اُٹھالیا۔ اور باہر جانے کو اپنی قوت بازو کے آزمانے کا خیال آیا۔ پاس ایک چارپائی پڑی تھی۔ گھما کر ڈنڈا اُس پر اتنے زور سے مارا کہ چارپائی ٹوٹ گئی . . . . . اور ناتحانہ انداز سے گھر سے باہر نکل آئے۔

باہر چاندنی کی نوری چادر چاروں طرف پھیلی ہوئی تھی۔ آخاہ! چاندنی نے کیا جادو کر رکھا ہے۔ سیاہ درخت . . . رنگین پھول . . . . دھانی کھیت۔ مندر کے سنہری کلس ، غریب کی جھونپڑی۔ امیر کی حویلی . . . . سب یکساں نہار رہے ہیں۔ پھلوں سے لدے ہوئے درخت قطار در قطار کھڑے ایک دوسرے کے گلوں میں باہیں ڈالے خوشی سے جھوم رہے ہیں"۔

اِن خیالوں میں مگن پنڈت جی کو اپنی بھانجی بھی بھول گئی۔ جب کھلے میدانوں میں پہنچے تو ایک جگہ کھڑے ہوگئے۔ اور چاندنی کی بہار سے لطف اندوز ہونے لگے۔ پپیہے اور دور سے بلبلوں کی آواز دل میں موسیقی پیدا کر رہی تھی۔ آنکھیں نشۂ نیند سے مخمور ہونے لگیں۔

پنڈت جی چلے جا رہے تھے۔ ایشور جانے دل کیوں بیٹھا جا رہا تھا۔ ہاتھ پاؤں میں سکت نہ رہی۔ جی میں آئی کہ یہیں بیٹھ کر اس سنسار کے مالک کی بھگتی کریں۔

آگے ایک کائی اور ناچتی ہوئی ندی کے ساتھ ساتھ سفیدے کے درخت دست بستہ کھڑے تھے۔ اور پتوں میں سے چاند کی سنہری کرنیں چھن چھن کر ندی کے چمکدار موتیوں سے لپٹ رہی تھیں۔

پھر پنڈت جی رُک گئے۔ اور اُن کی روح کی گہرائیوں میں ایک ہیجان سا پیدا ہوگیا . . . . . .

"ایشور نے یہ چاندنی رات کیوں بنائی ہے؟ رات تو سونے کے لئے ہے۔ سب کچھ بھول جانے کے لئے۔ اِن سے کیوں زیادہ پیاری ہے؟ صبح اور شام سے زیادہ سہانی ، زیادہ دلکش ، اور یہ چاند اس قدر حسین ، اس قدر شاندار . . . . . سورج تو جھلس دیتا ہے۔ دِن کی روشنی میں یہ لطف کہاں ! . . . نازک نازک پھول۔ ہری ہری کونپلیں۔ ندی کی اُچھلتی ہوئی چاندنی ، سب اس رات کی دُلہن سے لپٹ جانے کے لئے تڑپ رہے ہیں۔ یہ خوش الحان پرندے ایسی رات میں کیوں نہیں

آرام کی نیند سو جائے؟ یہ کسے گانا سنا رہے ہیں؟؟

دُنیا نے یہ آدھا گھونگٹ کیوں لے رکھا ہے؟ دل کیوں دھک دھک کرتا ہے۔ روح کیوں تڑپ رہی ہے؟ جسم پر کیوں کپکپی طاری ہے؟؟

انسان کو یہ سندر رات کے جلوے دیکھنے کیوں نصیب نہیں ہوتے؟ نیند انھیں اپنی گود میں کیوں سلائے رکھتی ہے؟ یہ نظارے، یہ دلکش چہچہے کس لئے ہیں؟ نیلا آسمان کیوں حُسن برسا رہا ہے؟

پنڈت جی حیران تھے۔

دُور . . . . ندی کی دوسری جانب . . . . دو درخت بغلگیر ہو رہے تھے اور اُن کے نیچے دو سائے۔

مرد دراز قد تھا۔ اور اپنی محبوبہ کے گلے میں باہیں ڈالے کھڑا تھا۔ نوری پیشانی جو دیوی کے چرنوں میں ہزاروں بار جھک چکی تھی اُس کے بار بار بوسے لیتا۔ اُنھوں نے اس بے جان منظر میں یک لخت جان ڈال دی۔ یہی معلوم ہوتا تھا گویا دست قدرت نے خاص ان محبت کے متوالوں کے لئے یہ چوکھٹ بنائی ہے۔ دونوں ہی اس دنیا کے باشندے تھے۔ جن کے لئے یہ سحر آفریں سکون اور رات بنائے گئے تھے۔ اور دونوں ہی پنڈت جی کی جانب خراماں خراماں بڑھنے لگے۔ گویا پرماتما کی طرف سے پنڈت جی کے پرانے سوال۔ ایشور نے یہ کیوں بنایا ہے؟ کا مجسم جواب تھے۔

پنڈت جی مَیت ہنسے کھڑے رہے . . . . . حیران و پریشان . . . . ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے۔ دل دھک دھک کر رہا تھا . . . . . او ہے بھگوان یہ کون ہیں . . . . . کرشن مہاراج! . . اور اُن کی رادھا! ندیا کنارے اپنی پریم بنسری کا راگ چھیڑیں گے؟

پنڈت جی کی رگ رگ میں خوشی اور محبت کی لہر موجزن ہوگئی۔ اور دل ہی دل میں کہنے لگے۔

"شاید پرماتما نے اپنی دیا سے یہ راتیں اپنے بندوں کے پریم کی پردہ پوشی کے لئے بنائی ہیں"۔

پنڈت جی انھیں ایک دوسرے کی باہوں میں باہیں ڈالے آتے دیکھ کر ایک درخت کی اوٹ میں چھپ گئے۔ یقیناً یہ اُن کی بھانجی تھی، مگر انہیں خیال پیدا ہوا کہ یہ کوئی پاپ نہیں کر رہی۔ پاپن اور پاپی بھگوان کے دربار میں جہاں چندرما نے اپنی پوتر چادر بچھائی ہے۔ جہاں بوڑھے بوڑھے درخت دربان بن کر کھڑے ہیں، جہاں کوئل ترندی ناچ رہی ہے، پرندے . . . . بھگوان کے گن گا رہے ہیں . . . . . کوئی پاپی نہیں رہ سکتا، یہاں میں ہی پاپی ہوں، یہ وہ مندر ہے جہاں بھگوان کی پوجا ہوتی ہے۔ یہ پریم مندر ہے۔ میرے یہاں پاؤں جل جائیں گے"۔

پنڈت جی درختوں کے پیچھے پیچھے ہوتے ہوئے سر پہ پاؤں رکھ کر ایسے بھاگے کہ پھر مڑ کر بھی نہ دیکھا۔

(خاص)

قلعۂ گولکنڈہ

(چند لمحے قلعہ گولکنڈہ کی ویران فضاؤں میں)

[جناب محشر عابدی آنریری ایڈیٹر سروش]

تک رہا ہوں کچھ عجب عالم میں قلعہ کے کھنڈر
اک سکوتِ مضمحل سا چھا رہا ہے قلب پر

شورشِ دنیا کے ہنگامے یہاں خوابیدہ ہیں
نغمۂ دمے کے پری خانے یہاں خوابیدہ ہیں

فتحِ اصرار کے سب زمزمے خوابیدہ ہیں
رنجش و پیکار کے سب ہمہمے خوابیدہ ہیں

جوشِ نصرت اور دولت کی ہوس خوابیدہ ہے
روحِ دل خوابیدہ ہے تارِ نفس خوابیدہ ہے

جذبۂ تمکیں و سطوت کا جہاں خوابیدہ ہے
ہر مکیں خوابیدہ ہے ہر اک مکاں خوابیدہ ہے

زندگی کی کشمکش، شوقِ بقا خوابیدہ ہے
ظلم و نفرت اور غم کا بھی خدا خوابیدہ ہے

سطح پر بحرِ الم کی بلبلے اٹھتے نہیں
قافلے ارمان و خواہش کے یہاں لٹتے نہیں

دھرم ہے عالم میں پتھر کے انھیں انبار کی
ہاں انھیں کہنہ، شکستہ سے در و دیوار کی

چپہ چپہ نشۂ عظمت سے یاں سرشار ہے
گوشہ گوشہ رزم شاہی کا علم بردار ہے

اب بھی ہر گل سے یہاں آتی ہے بوئے تمکنت
پتہ پتہ ہے یہاں کا راز دارِ سلطنت

اس پہ قرباں نوعِ انسانی ہوئی ہے بیشمار
اس کی خاطر خون کے دریا بہے ہیں لاکھ بار

مظہرِ شانِ شہی ہے قلعہ کا بالا حصار
اک فنا کا درس ہے جاہ و حشم کا یہ مزار

نازنیں شہزادیاں زینت دہِ گلزار تھیں
اِن ہی گلزاروں میں سجتی بزمِ بادہ خوار تھیں

حسرت اک پیہم ٹپکتی ہے در و دیوار سے
اک صدائے غم نکلتی ہے در و دیوار سے

سازِ عشرت میں نوا ہیرا ہیں نغمے سوگوار
دامنِ اقبال ہے زد میں فلک کی تار تار

نغمۂ بہجت سے ہر دم گونجتی تھی جو فضا
اُس پہ ہر جانب سحابِ یاس ہے چھایا ہوا

قصر سب سنسان ہیں باغ و چمن ویران ہیں
بیگموں کے خوشنما اُجڑے پڑے دالان ہیں

ذرہ ذرہ میں صدائے درد یہ مستور ہے
یعنی جو پیدا ہوا مرنے پہ وہ مجبور ہے

پتہ پتہ اس چمن کا ہے سراپا اک زباں
جو لباسِ خاموشی ہی میں ہے یوں افسانہ خواں

[بقیہ ۷۲۷ صفحہ پر دیکھیے]

سہیل یمن

یادِ رفتگان

[جناب مولینا سید ظفر مہدی صاحب گہرایڈیٹر رسالہ سہیل یمن لکھنؤ]

میرے زندگی کے روشن لمحات افکار و مصائب کے تاریک گھٹاؤں سے دھندلے ہو چکے تھے، اور میرے قلم کی گردشیں حوادث کی تیرِ تصادم سے مضمحل ہو چکی تھیں، نہ وہ اگلے سے محرکات باقی تھے جو میدان عمل کی خاک چھنواتیں اور نہ وہ پہلے سے جذبات ہی تھے جو معرکۂ صحافت کی یکہ تازی کو دوسروں سے منوائیں۔ میری نبض شاعری دو دچراغ کشتہ تھی، اور میرا تخیل پریشانیوں کی منزل، ایسی صورت میں مضمون نگاری کیسی، اور شعر طرازی کیا، مگر بھلا ہو اُن لوگونکا جنکے پے در پے خطوط اور پیہم اصرار نے راتوں کی نیند حرام کر دی۔

جناب منشی کنہیا لال صاحب ایڈوکیٹ مدیر رسالہ "چاند" کا شکر گذار ہوں کہ انھوں نے مجھ ایسے حیرت سامان کی پریشانیوں میں اس جمعیت خاطر کا اضافہ اپنے اصرار بے پایاں سے فرمایا۔

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

تو کیا لکھوں، آجکل کی عریاں ادبیت میرے نزدیک بے نتیجہ اور تشنہ انجام ہے، اسکے نگار خانۂ چین ہی کے لئے چھوڑئے ——— پھر کیا ——— یہی کہ ایک سلسلہ ایسا قائم کروں کہ دنیا ان گزرے ہوئے افراد کے کارناموں کو دیکھ کر اپنے معلومات میں اضافہ کرے اور جسمیں "ادب" اور تاریخ دونوں ہوں۔

شاعری اور اوسکے لوازم سے بحث نہ کرونگا کیونکہ یہ بیحد سیراب ہے اور پھر تشنہ، ہے، اُن کا تذکرہ کروں گا جنکو دنیا بھول گئی اور اُنکے ابھارے ہوئے نقوش ورق عالم کے ساتھ الٹ بھی گئے اور فنا بھی ہوتے جاتے ہیں۔

درحقیقت زبان اُردو فارسی شاعری اور فارسی زبان کی ممنوع احسان ہے، آج اگر وہ اپنا دامن کھینچ لے تو پھر ورق سادہ نظر آتا ہے، لہذا ان لوگونکا تذکرہ اس محل پر معیوب نہ ہوگا جنھوں نے اسمیں حصہ لیا۔

مجھے ان محققین سے بھی تعجب ہے جنھوں نے شعرالعجم لکھتے ہوئے صرف مشاہیر شعرا کا خیال رکھا اور سیکڑوں ایسے آئینے جن پر زمانے کے انقلاب نے گمنامی کا غبار ڈالدیا تھا، اُنکو نظر انداز کر دیا، لہذا جو کچھ بھی لکھا گیا وہ غیر بسیط اور تشنہ تکمیل من مزید ہے۔

ضمیری کی شاعری

شہر اصفہان میں اس شاعر کی ولادت ہوئی، انکا نام کمال الدین حسین تھا، انکا کلام پاکیزگی جذبات

نمکینی کلام، شیرینی مذاق، سلاست بیان، باریکی مضامین، اور ظرافت طبع کا ایک بسوط مجموعہ تھا، چونکہ علم رمل کے ماہر تھے لہذا اسی مناسبت سے اپنا تخلص "ضمیری" رکھا۔ آپ کے تصنیفات کی فہرست طویل ہے مگر افسوس ہے کہ آج انمیں سے ایک کا بھی پتہ نہیں۔ ان کی چھ مثنویاں حسب ذیل تھیں۔

ناز و نیاز۔ بہار و خزاں۔ وامق و عذرا لیلیٰ و مجنوں۔ حسنۃ الاخبار۔ سکندر نامہ۔ آپ کا مدون کلام بڑی جستجو کے بعد سات دیوانوں میں منقسم ہو کر پایا جا سکا جنکے نام یہ ہیں اور جو مفقود ہیں۔ سفینۂ اقبال، صورت حال، کنز الاقوال، عشق بیزوال، صیقل ملال، عذر مقال، قدسس خیال۔

اسکے علاوہ بھی سعدی کے کلام کے مقابلہ میں انھوں نے چار دیوان مرتب کئے جو طاہرات، صنائع بدائع الشعر، اور نہایۃ السحر کے نام سے موسوم ہوئے۔

یوہیں خواجہ حافظ کے دیوان کے مقابلہ میں ایک دیوان مرتب کیا جسکا نام "عیون الزلال" رکھا۔ آصفی مروی کے دیوان کے مقابلہ میں جو کلام تھا اسکا نام "سحر حلال" رکھا۔ بابا شہیدی قمی کے کلام کے مقابلہ میں جو دیوان تھا اسکا نام "نجستہ فال" رکھا، امیر ہمایوں اسفرائنی کے دیوان کا مقابلہ "لوامع خیال" سے کیا، مرزا اشرف جہاں کے دیوان کا مقابل، دیوان "ہدایت وصال" کو بنایا، "منتہائے کمال" اس دیوان کا نام رکھا جو کمال نجندی کے مقابلہ میں لکھا، اور امیر خسرو دہلوی اور میر حسن دہلوی کے مقابلے میں جو دو اوین مرتب کئے اُن کا نام "معشوق لایزال" اور "حسن مآل" رکھا۔

غرضکہ اسقدر بسوط کلام اور مصنفات کا پتہ چلتا ہے کہ انسان کی عمر انکے دیکھنے کے لئے کافی نہیں ہو سکتی انکی پُرگوئی اور ان کا زور کلام بتا دیتا ہے مراد و معانی انکے اشعار کے دیکھنے سے واضح و آشکار ہے یہاں چند شعر ہدیہ ناظرین کئے جاتے ہیں۔

ایک جگہ پر برگشتگی قسمت، اپنوں کی بیوفائی، آہ کا الٹا اثر، اور ناکامی دل کو اس پیرایہ میں بیان فرماتے ہیں۔

سیلاب سرشک از در ادمی بردم آہ
عمرے اثر گریہ بے حاصلم این است

کہیں معشوق کی بیوفائی اور اپنی وفا کا تذکرا اس انداز سے ہوتا ہے کہ اس سے بہتر طریقہ ادا ناممکن ہے، فرماتے ہیں۔

ہرگاہ میبرد م کہ شکایت کنم زتو
چوں گوش میکنم بزمانم دعاے تست

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ محبوب دوسرے کا غصہ اس پر اُتارتا ہے، جسکو سمجھتا ہے کہ یہ میرے بار ناز کا متحمل ہے، اس مطلب کو یوں ادا کرتے ہیں۔

رود با دیگراں درخشم و برمن دامن افشاند
غبار درد دل از ہر کس کہ دارد برمن افشاند

کبھی تسلی یاس اور تسکین نومیدی کے لئے حسن تعلیل سے یوں مدد لیتے ہیں۔

شادم کہ دادۂ وعدہ بفردائے محشرم
کاں روز ہیچ وعدہ بفردا نمی شود

کبھی جذبات صحیح عشق اور واردات قلب اور واقعہ نگاری پر یوں صیقل کرتے ہیں کہ دل اس کے باریکی

معانی سے عہدہ برآنہیں ہوسکتا۔ فرماتے ہیں۔

فریاد ازاں لحظہ کہ در دلم آن شوخ
پرسد زمن و قوتِ گفتار نباشد

کبھی معشوق کی بیوفائی کو وفا کے سانچے میں ڈھال کے صورت تسکین پیدا کرتے ہیں۔

نہ دادہ وعدۂ وصلم بروز حشر ضمیری
زبیم آنکہ مبادا امیدوار بمیرم

کبھی ناکام حسرت بنکر نامرادی کا ماتم کرتے ہیں اور کچھ اس انداز میں جذبۂ دل کا اظہار ہوتا ہے کہ خدا کی پناہ۔ فرماتے ہیں۔

علاج درد ضمیری نہ شد نمی دانم
کہ گفتہ بود کہ دردش دوا پذیر مباد

معشوق کا اخلاق یاس انجام اور محبوب کا بعد وفا بے وفا ہوجانا پہلے کرم و الطاف دلچسپ نظارے پھر دلشکن عدم التفات کے نتائج، اس پیرایہ میں بیان کئے جاتے ہیں جو محبوب کے کیرکٹر پر یا یوں کہوں کہ فطرت معشوق پر روشنی ڈالتے ہیں، درحقیقت ضمیری سے بہتر آج تک اس مطلب کو کسی شاعر نے نہیں ادا کیا، چنانچہ کہتے ہیں۔

چو می بینم کسے از کوے او دل شاد می آید
فریبے کز وے اول خوردہ بودم یاد می آید

اس شعر کو بعض نامور مورخین نے نظیری کی طرف منسوب کیا ہے حالانکہ یہ ایک بڑی لغزش ہے درحقیقت یہ شعر ضمیری کا ہے ایسی لغزشیں ایک شیر دل اور جسور محقق و مورخ سے بکثرت ہوئی ہیں، انشاء اللہ کبھی وقت آئیگا کہ وہ اذہان دنیا کے سامنے پیش کی جائیں۔ (خاص)

[صفحہ ۲۴ کا بقیہ]

دیدۂ بینا اگر ہے نور سے دیکھو ہمیں
لوحِ دل پر نقش کردو، تم سے جو کچھ ہم کہیں

اک زمانہ تھا کہ ہم میں تابش و تنویر تھی
ہستیٔ ناچیز رخشاں حُسن کی تصویر تھی

ہم نے دیکھا ہے عروج و عظمتِ صد تاجدار
اور دلکش محفلیں رنگ و طرب کی بیشمار

دبدبہ اور رعب سے جنکے لرزتا تھا جہاں
جنکے غصہ سے سہم کر کانپتے تھے آسماں

عظمتوں کے کارنامے جنکے سب بیدار ہیں
حکمرانی کے فسانے جنکے سب بیدار ہیں

آج لیکن تاجور اور تخت وہ باقی نہیں
مٹ گئی سب شان و شوکت وہ شہنشاہی نہیں

وہ نگاریں قصر سارے ہوگئے معدوم اب
قلعہ اور اُس کے نظارے ہوگئے معدوم اب

بعض گنبد کہہ رہے ہیں یہ زبانِ حال سے
عارضی تھی ان کی ثروت عارضی اقبال تھے

اے بشر تجھ میں نہاں ہے جاودانی زندگی
دہر کی رنگینیاں ہیں ایک فانی زندگی

ساتھ تیرے کچھ سوا نیکی کے جا سکتا نہیں
سرمدی، فانی کو تو، ہرگز بنا سکتا نہیں

(خاص)

سیاست

کامریڈ لینن

محسن عالم

[جناب حکیم مظفر حسین ابجر دہلوی سابق ایڈیٹر سیاست]

تختۂ مشقِ ستم۔ سرمایہ کا مزدور تھا — روس کیا؟ سارا جہاں ہی ظلم سے معمور تھا
کیا بتاؤں! کیا تھی دنیا سے زبوں کی کیفیت — حیف! موقفِ جبر و استبداد تھی انسانیت
دفعتاً لینن کے دل میں درد انسانی اٹھا — حال اہلِ مزد کا اس سے نہیں دیکھا گیا
زر پرستوں کے مقابل آڈٹا بس وہ جری — اس نے اہلِ مزد کی، دہقان کی تنظیم کی
رشاہی، نے باندھی ظلم پر کس کر کمر — خیر اب اس کو حکومت نہ آتی تھی نظر
دوستوں نے اس کے جھیلیں! آہ کیا کیا سختیاں — قید کا ٹی ٹر اور پائیں اکثروں نے پھانسیاں
آہ۔ کیا کیا ظلم اس محبوب انساں پر ہوا — آخرش لینن کو بھیجا زار نے سیبیریا
کون واقف ہے کہ زار روس نے کیا کیا کیا — قدرت حق کو مگر کچھ اور ہی منظور تھا
دفعتاً کھایا جو پلٹا انقلاب دہر نے — زار کو غارت کیا فوراً خدا کے قہر نے

روس میں لینن کا تازہ شان سے جھنڈا اٹھا
بول بالا ہو گیا دنیا میں بس مزدور کا

(خاص)

[صفحہ ۷۰۹ کا بقیہ]

پر ہیں لیکن اتنا ضرور جانتے ہیں کہ اپنے گذشتہ زمانے کی خدمات کا اعتراف کریں اور آیندہ کے لئے اپنے فرائض کو پہچانیں۔ ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اچھائیوں کو ترقی اور برائیوں کو دبائیں۔ تاکہ انسانی نسل کا مستقبل ہمارے ہاتھوں سے تباہ نہ ہو۔ نفس پر فتحیابی کا ذریعہ اطاعت مندی ہے اور اطاعت مندی علم سے پیدا ہوتی ہے۔ اگر اس کا علم ہو کہ ایک انسان دوسروں کی زندگی خوشگوار اور پریشان بنا سکتا ہے ہم میں صحیح کام کی رغبت پیدا نہیں کر سکتا تو پھر اور کوئی طریقہ نیک کام کی رغبت دلانے کا نہیں ہو سکتا۔ زندگی بعد موت کی جزا اور سزا کا یقین اب انسان میں دن بدن کم ہو رہا ہے۔ ان کے دور ہونے نے اُن کی قوت کو گھٹا دیا ہے۔ زندگی کیلئے چھوٹے چھوٹے اصول کافی ہیں۔ تمام قوانین اور تمام علم اخلاقیات کے سبق اس زریں اصول میں پوشیدہ ہیں کہ اگر انسان اپنے ضمیر کے ساتھ سچا ہے تو وہ دوسروں کے ساتھ بُرا نہیں ہو سکتا۔

(خاص)

شاعر

حُسن کا پہلا تیر

(متعلق تصویر)

(جناب منظر صدیقی، اکبر آبادی، ایڈیٹر "شاعر" آگرہ)

جب مذاقِ آدمیت میں خلش پیدا نہ تھی
جب دلوں میں درد کی کوئی روش پیدا نہ تھی

لذتِ بیداد سے جب آدمی واقف نہ تھا
"ہائے و ہُو" سے جب نظامِ زندگی واقف نہ تھا

جب فقط پھولوں کی خوشبو مایۂ تفریح تھی
فطرتِ خارِ محبت تشنۂ تشریح تھی

جب چمن میں پھول تھے اور نہ تھا ان میں گداز
تھی صدائے نغمہ لیکن سوزِ غم سے بے نیاز

جب نہ تھا آگاہ کوئی دردِ کی رُوداد سے
کان تھے ناآشنا ہنگامۂ فریاد سے

دل تھے سینوں میں مگر، ان میں کوئی جذبہ نہ تھا
زندگانی تھی مگر، اسمیں کوئی جلوہ نہ تھا

جب نہ تھی پرواز کی طاقت تخیل کے لئے
کوئی دامن تھا نہ اشکوں کے تحمل کے لئے

جب نہ تھی خلوت کدوں میں کیف و رعنائی کی بُو
تھے سبُو، لیکن نہ کرتا تھا کوئی اُن سے وضو

کائناتِ سادہ سادہ تشنۂ جذبات تھی
روح پر ہر وقت طاری اک اندھیری رات تھی

دفعتاً انگڑائی سی لی عظمتِ تخلیق نے
دردِ کی بنیاد ڈالی فطرتِ تخلیق نے

عشق کا ناوک ڈبو کر روح میں انسان کی
بجلیاں چمکائیں سینوں میں انوکھی شان کی

آدمی کو کر دیا لذت شناسِ زندگی
حسن کو پہنا دیا رنگیں لباسِ زندگی

تیر اندازی کے جذبے حُسن پر طاری کئے
دردِ کے پیغام بزمِ عشق میں جاری کئے

حُسن کا چہرہ خطوط و رنگ و بُو سے بھر دیا
آئینے کو پھول کلیوں کا مرقع کر دیا

بخشدیں رعنائیاں ہر پیکرِ معصوم کو
کر دیا وابستہ اُن سے عشق کے مقسوم کو

بے مجابانہ شبابِ حُسن و رعنائی بڑھا
انجمن در انجمن لے لے کے انگڑائی بڑھا

حُسنِ غارتگر جب اس ترکیب سے قائل ہوا
ہستیٔ عالم کی جانب ناگہاں مائل ہوا

تیر تاروں سے لئے اور چاند سے مانگی کماں
اس ادا سے پھر نظر آیا قریب کہکشاں

بزمِ عالم پر نظر کی، کھینچ کر اک تیر کو
کر لیا آخر نیازِ و عشق کی تصویر کو

حُسن نے اک تیر پھینکا آزمانے کے لئے
تھا وہی کافی مگر سارے زمانے کے لئے

ہو گیا انسان لذت آشنائے درد دل
شب کی خاموشی میں گونج اُٹھی صدائے درد دل

اب خلش ہر دل میں تھی، دل تھا خلش اندوزِ عشق
ناوکِ دلدوزِ حسن و سینۂ پُر سوزِ عشق

قلبِ انساں کے لئے جو باعثِ تسخیر تھا
حُسن کے رنگین ترکش کا وہ "پہلا تیر" تھا

(خاص)

شعاع

تابش جمال

(جناب مگیشور ناتھ ورما، بتیاب سابق چیف ایڈیٹر "شعاع" دہلی)

جھٹپٹے کا وقت ہو اور ڈوبتا ہو آفتاب
آتی ہو لیلائے شب بھی اوڑھ کر کالی نقاب
اور شکستہ جھونپڑے میں کوئی مجنوں بھی کہیں
منتظر ہو دمبدم بڑھتا ہو اس کا اضطراب
کر بک شب تاب اُڑ کر ایک بیک ہو شعلہ بار
ہنس پڑے ناکام الفت دیکھ کر دیوانہ وار
آہ! بساط نیلگوں سے دھندلے تارے ٹوٹ کر
پھر بڑھا دیں دل جلے شوریدہ سر کا انتشار
زرد رو آغوش گردوں میں ہو لرزاں ماہتاب
چاندنی کی سرد لہریں کھا رہی ہوں پیچ و تاب
طالب دیدار جاناں کا مگر ہو رنگ غیر
اُس کی نظروں میں یہ منظر آہ ہو مثل حباب

(قطعہ بند)

زار و گریاں حسرت و غم کا چڑھا کر اک ایاغ
تھرتھراتے ہاتھ سے روشن کرے ٹوٹا چراغ
ڈالے زلف عنبریں شانوں پہ کالے کی طرح
نازمیں اک آکے کر دے مضطرب کو باغ باغ
چشم مجنوں ٹھہر جائے سامنے اس کے محال
تاب کس کی ہے کہ دیکھے تابش حسن و جمال

(خاص)

وشواش

منزل کا پتہ ملتا نہیں

(جناب لالہ امرناتھ سیٹھا ایڈیٹر روزانہ "وشواش" دہلی)

کون کہتا ہے کہ محنت کا صلہ ملتا نہیں
ڈھونڈھنے پر آئے جب انساں تو کیا ملتا نہیں
ہیں سر منزل مگر سودائیانِ جستجو
پھر بھی کہتے ہیں کہ منزل کا پتہ ملتا نہیں
کل تھا اٹھا ولولہ جس دل میں ہائے آج وہ
ڈھونڈھتا ہوں اس کو میں اس کا پتہ ملتا نہیں
رنگ لائے گی کسی دن یہ تو محنت آپ کی
اس گھڑی مانا کہ کوئی آسرا ملتا نہیں
مت ذرا گھبرائیے ہو گمراہ سے بھٹکے ہوئے
خضر مل جاتے ہیں جس کو راستہ ملتا نہیں

(خاص)

صبح بنارس

گورِ غریباں

(جناب نواب سید اسد اللہ خاں صاحب شوق سابق رکن ارادۂ اخبار صبح بنارس)

چشمِ عبرت سے ذرا دیکھ سوئے نقش و نگار ۔ آپ ہو جائے گا روشن کہ دو روزہ ہے بہار
غور سے کیجئے تو گورِ غریباں پہ نظر ۔ ذرہ ذرہ میں تڑپتے ہیں ہزاروں دل زار
جھاڑ کانٹوں کے اگی ہیں ہریالیاں اُن کے ۔ جو شب و روز کیا کرتے تھے سیر گلزار
کہیں اکھڑے ہوئے تعویذ لحد کی ہیں پڑے ۔ دل صد چاک کی صورت کہیں قبریں ہیں نگار
وائے حسرت کہیں ٹوٹے ہوئے رکھے ہیں چراغ ۔ کہیں بکھرے ہوئے پروانوں کے پر عبرت زار
دل کے فردوں کی نمائش ہے گورِ ویراں کہیں ۔ استخواں سے کہیں رہ رہ کے نکلتے ہیں نگار
بے ثباتی کہیں رو رو کے لحد پر آ کر ۔ سوزشِ غم سے کہیں شمع لحد پر خونبار
بیکسی خاک اُڑاتی ہے کہیں تربت پر ۔ برگِ خشکیدہ پڑا روتا ہے کہیں یادِ بہار
ہو گئی چاند سی وہ شکل نہ خاک نہاں ۔ سامنے رکھ کے جو آئینہ کو کرتے تھے سنگار
ایک حالت میں بسر کرتے ہیں سلطان و گدا ۔ کوئے محکوم کسی کا نہ کسی کا سردار
انقلابات زمانہ سے یہ دل مردہ ہیں ۔ صبح محشر بھی کبھی ہم نہ کو نہ دیکھا بیدار
نہ تو آئینہ کی حاجت ہے نہ شانہ سے غرض ۔ ساری آلائشیں دنیا کی یہاں ہے بیکار
مسکرا کر لبِ خاموش سے گل کہتے ہیں ۔ کیا ہوئی آج تمہارے وہ جوانی کی بہار
صاحب قبر سے یہ دیکھ کے پوچھا میں نے ۔ خواب راحت میں ہو مدہوش کہ کچھ ہوش ہے یار

کبھی آتے ہیں اس عالم میں نظر شمس و قمر ۔ شمع جلتی ہے کبھی رہتا ہے یا تیرہ و تار
کیسی آبادی ہے کیسی ہے یہاں کی خلقت ۔ پھول کس رنگ کو کیسے ہیں یہاں کے گلزار
ملنے جلنے کیلئے آتے ہیں احباب کبھی ۔ کون دیتا ہے تجھے آب و غذا اے غمخوار
آئی آواز کہ سب حال ہے تجھ پر روشن ۔ بس کہ ناگفتہ ہیں اے دوست یہاں کے اسرار
ہمنشیں ہے کوئی اپنا نہ انیس و ہمدم ۔ ساتھ ہیں اپنے عمل اور لحد تیرہ و تار
یاد تو ہوگی تجھے وہ مری نازک بدنی ۔ ہار بھی پھولوں کا ہوتا تھا وہاں مجھ پر بار
جانتا خوب ہے تو سب وہ نفاست میری ۔ صاف پوشاک بدلتا تھا میں دن میں کئی بار
بال الجھے ہوئے ہیں کون کرے شانہ کشی ۔ نہ تو مشاطہ ہے کوئی نہ کوئی آئینہ دار
پرسشِ اعمال کی اور قبر کی وہ تاریکی ۔ یہ سمجھتے تھے ملیگا ہمیں مرتے پہ قرار
شمع تربت ہے نہ کچھ پھول کی چادر ہے مزار ۔ ہم نے مانا کہ لحد پر ہے نہ گلوں کا انبار
ڈال دے لاکے کوئی پھول کی چادر ہم پر ۔ اپنے اجڑے ہوئے گلشن میں یہ تیرگی بہار
شمع بالیں پہ جو جلتی ہے جلی کب تک ۔ وہ بھی ہو جائے گی رہ رہ کے مگر تیرہ و تار
غیر تو غیر ہے اپنوں کی بھری ہیں آنکھیں ۔ فاتحہ کو کوئی آئے یہ بہت ہے دشوار
نہ ہمیں تاب سخن تم کو نہ فرصت اتنی ۔ کہ کروں حال گذشتہ کا کچھ اپنے اظہار
لیکن اے دوست مری تجھ سے مزار ہے اتنی ۔ فاتحہ پڑھ کے مری قبر پہ جانا اک بار
بات رہ جائے گی اور وقت گذر جائے گا ۔ کہ زمانہ کو نہیں ہے کسی صورت سے قرار
جانتے سب ہیں کہ انجام یہی ہے سب کا ۔ کیسی غفلت ہے کہ اب بھی نہیں ہوتے بیدار

(خاص)

صحیفہ

رباعیات

[جناب میرزا یگانہ لکھنوی سابق "ایڈیٹر صحیفہ" و "اودھ اخبار لکھنؤ"]

دل کے ہاتھوں خراب رہتے ہی بنی — افتاد پڑی جیسی سہتے ہی بنی ✻
ہم تیری تلاش میں کہیں کے نہ رہے — کعبہ کو بھی خیر بات کہتے ہی بنی ✻

مر مر کے مسافر سر منزل پہونچا — وللہ پہونچا تو سہی مگر بہ مشکل پہونچا
دیکھے کوئی اس درد طلب کی پرواز — دل ایک تڑپ میں تا در دل پہونچا

دل تھا غنچہ مگر بکسنے کے لئے — وللہ ہنستوں کو دیکھکر ترسنے کے لئے
کھلنے کی ہوس میں اور چہرہ بگڑا — منہ چاہئے کھل کھلا کے ہنسنے کے لئے

دکھ درد کے ماروں کا نصیبہ جاگا — وللہ گھر بولتا ہے آج دلدر بھاگا
دن کاٹے ہیں گن گن کے اسی دن کیلئے — ساجن آتے ہیں راستا دے کاگا

آرام سے سوتا ہے کوئی کمل میں — وللہ منگل کوئی گاتا ہے پڑا جنگل میں
میں ماہی بے آب مجھے چین کہاں — اک موج پریشاں ہوں عجب ہلچل میں

کرنا جو کچھ تھا کر چکے اپنے حساب — وللہ بھرنا جو کچھ تھا بھر چکے اپنے حساب
اب دل ہی نہیں تو موت کا ڈر کیسا — مرنا بر حق ہے مر چکے اپنے حساب

[صفحہ ۷۳۵ کا بقیہ]

(خاص)

اور بیچاری بھی رکھتا ہے۔ جو کہ اس سے صرف اسکی ذات بنا دیتا ہے۔ اور وہ الزام اپنے سر تھوپتے ہیں۔ اپنے کئی طرح محبت کرتے ہیں۔ اس کے وعدوں کیلئے نہیں۔ اس دیوتا پر نہیں۔ وہ بھی کہتے ہیں کہ میں بری طرح کھیلا کی سنگین ضربیب انھیں گرا دیتی ہے۔ تو یہ اس کی پرستش اپنی ذات کو وہ نکتہ چینی کا مورد بناتے ہیں۔ مگر اپنے خدا کے میں سرنگوں ہو جاتے ہیں۔ یہ معبود بیرحمی سے انھیں تلاش خلاف ایک حرف بھی زبان پر نہیں لاتے۔ (خاص)

صوفی

آپ بیتی

[جناب محمد الدین ایڈیٹر "صوفی" پنڈوی بہاؤالدین]

میری زندگی بہت سے نوجوان کیلئے سبق آموز ثابت ہو گی۔ اسلئے کسی مضمون لکھنے کی نسبت میں اپنے حالات بعض اندراج بھیج رہا ہوں۔ میں خود ساختہ یا آدمی ہوں گو میرا عقیدہ یہ ہے کہ سب کچھ خدا کی طرف سے ہوتا ہے اور کوئی آدمی اپنی شاندار مستقبل کو خود نہیں بنا سکتا لیکن یہ امر علیحدہ بحث طلب ہے۔

میں ضلع گجرات کے ایک گاؤں کلاں میں جون ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوا۔ بچپن میں والدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ مکانات اور زرعی آراضی دریائے چناب کی سیلاب و طغیانی کی نذر ہو گئے۔ اور میں بالکل بے دست و پا رہ گیا مڈل کے امتحان میں پنجاب بھر میں اول رہا۔ اور سرکاری وظیفہ حاصل کر کے اسلامیہ کالج لاہور میں داخل ہوا۔ اپنی تعلیم کے دوران میں گھر سے ایک پیسہ نہیں لیا۔ کیونکہ والدین زندہ نہ تھے اور گھر و بار برباد ہو گیا تھا۔ جب دسویں جماعت میں پڑھتا تھا۔ تو عبدالرحمٰن مرحوم کے حالات زندگی اردو میں لکھے۔ امیر مرحوم کے میر منشی چوہدری سلطان محمد خاں بیرسٹر کابل سے بھاگ کر آئے تو ان کے پاس میر مرحوم کے حالات کے نوٹ تھے۔ جو ان کے برادر چودھری ضیاء الدین صاحب کی مہربانی سے جو میرے کلاس فیلو تھے۔ مجھے ۶۰ گھنٹہ کے لئے عاریتہً ملگئے انکی مدد سے میں نے امیر عبدالرحمن ولی افغانستان کے حالات پر ایک کتاب لکھی جو $\frac{۳۰۰×۲۰}{۱۶}$ کے قریباً ڈیڑھ سو صفحوں پر اخبار عام نے جو اس زمانہ میں پنجاب صرف واحد روزانہ اردو اخبار بہت کتاب کا حق تصنیف لیکر آٹھ سو روپیہ ملا۔ یہ میری پہلی تصنیف اور امیر صاحب کے متعلق پہلی کتاب تھی۔ جو چھپ کر شایع ہوئی۔ اسکے بعد اسکے متعدد شایع ہوئے اور پھر انگریزی اور اسکے بعد فارسی اور اردو زبانوں میں مختلف لوگوں نے آپ کے حالات لکھے۔ طالب علمی کے ایام میں اخبار عام کے کئی انگریزی مضامین کے تراجم اجرت پر کر کے اپنا خرچ چلاتا تھا۔

تعلیم سے فارغ ہو کر میں نے ایک معمولی سی سرکاری ملازمت کر لی۔ لیکن اسکو اپنے طبیعت کے موافق نہ پا کر مستعفی ہو گیا۔ اور اخبار ہندوستان کے دفتر میں لالہ دینا ناتھ جی کے ساتھ بصدارت ایڈیٹر کام کرنے گیا۔ چند یوم کے بعد مجھے اخبار کا منیجر مقرر کیا گیا۔ یہاں مجھے ایک دوست نے آب حیات کا نسخہ بتایا۔ لالہ دینا ناتھ جی کی اجازت سے میں نے اپنا کام بھی ساتھ ساتھ شروع کر دیا۔ تین ماہ کے بعد میرے پاس ایک ہزار روپیہ جمع ہو گیا۔ اور میں نے ہندوستان کی منیجری لالہ دینا ناتھ جو ایڈیٹر دفتر پیمانہ و ہندوستان کے مشورہ سے آپکے چھوٹے بھائی کے حوالہ کر کے خورشیدی

ضیاء الدین میں آب حیات کا کام جاری کیا۔ اور تین روپیہ ماہوار کا ایک مکان کرایہ پر لیا۔ پہلے میں اپنے کام کا خود ہی مالک۔ خود ہی کلرک خود ہی بیرا اور چپراسی تھا۔ آج کے سے قریباً پچیس آدمی میرے دفتر میں کام کرتے تھے آب حیات کی کامیابی سے مجھے اپنا علیحدہ پرچہ جاری کرنیکا خیال پیدا ہوا۔ اور جنوری ۱۹۰۸ء میں صوفی جاری کیا۔ ابتدا میں ملک کے تمام مشہور مضمون نگار اسمیں مضمون لکھتے تھے۔ کیونکہ زمانہ۔ خوبی اور صوفی ہی قابل ذکر پرچے تھے۔ ۱۹۱۴ء میں صوفی کی مستقل اشاعت دس ہزار ہوگئی۔ کہیں پر متعدد پرچے نکلتے جانے سے اسکی اشاعت کو بہت نقصان پہونچا۔ لیکن پھر بھی پانچ ہزار چھپتا ہے۔ میرے آب حیات اور صوفی کی آمد سے قریباً دس ہزار روپیہ کی آراضی خریدی گئی کچھ مکانات بنوائے

ملک محمد اسلم صاحب کو تعلیم کی غرض سے انگلستان بھیجا۔ جہاں سے وہ کیمبرج یونیورسٹی کا ایم۔ اے اور ایل ایل بی کا بیرسٹر ایٹ لا ہوکر پچھلے سال واپس آیا ہے۔

میں خود اس پچاس سال کی عمر میں بھی اسی طرح محنت کرتا ہوں جیسا کہ جوانی میں محنت کرتا تھا۔ گرمیوں میں بھی رات کو مطالعہ اور تصنیف و تالیف کا کام کرتا تھا۔

۱۹۲۷ء میں میں نے صوفی پرنٹنگ کمپنی لمیٹڈ کے نام سے ایک تجارتی فرم قائم کیا۔ جس نے بہت سے مفید کتابیں شائع کیں۔ اور ملک کے تمام اخبارات اور جرائد اور بڑے آدمیوں سے اپنی مفید خدمات کی وجہ سے خراج تحسین حاصل کیا۔ ۱۹۲۸ء میں اس کمپنی کی ایک شاخ لاہور میں قائم کی گئی جہاں آتشزدگی سے کئی ہزار کا مال جل گیا اور کمپنی کے کارکنان کو ناقابل تلافی نقصان پہونچا۔ خدا کرے یہ کمپنی جلد پہر سے اپنی سابق حالت پر آجاوے۔ میری کامیابی میں خدائے فضل کے ساتھ میری شبانہ روز محنت اور استقلال کو بہت کچھ دخل ہے۔ آج کل میں عدالت پنچایت اور لوکل زمیندار بنک کا پریسیڈنٹ کوآپریٹو کمیشن شاپ کا منیجنگ ڈائرکٹر اور اپنے شہر کا میونسپل کمشنر ہوں۔ (خاص)

قمار بازی

[مترجمہ ملک محمد اکرام خاں (مرحوم) سابق ایڈیٹر "صوفی"]

قمار باز کیلئے قمار بازی روح رواں اور سرچشمہ حیات سے کم نہیں۔ اسکے لئے یہ ایسی ہی اہم اور ضروری شے ہے جیسے عاشق کیلئے معشوق اور مے خوار کیلئے شراب۔ کچھ لوگ قمار بازی کا حلف اسطرح اٹھاتے ہیں جسطرح کہ عشاق محبت اور وفاداری کا۔

مجھے یہ علم نہیں کہ کس شخص نے دو جہاز رانوں کے قصہ کو ایجاد کیا جو کہ جوا کھیلنے کے اتنے مشتاق تھے۔ کہ جب ایک مرتبہ ان کا جہاز غرق ہوگیا۔ اور وہ بے شمار مصائب کا سامنا کرنے کے بعد ایک ویل مچھل پر سوار ہونے میں کامیاب ہوئے توجوں ہی وہ وہاں بیٹھے۔ انہوں نے کھیلنے کا سامان جیبوں سے نکالا اور کھیلنا شروع کر دیا۔ اس قصہ میں اصلیت سے بھی زیادہ سچائی ہے۔ ہر ایک جوا باز ان جہاز رانوں کی مانند ہے۔

دراصل کھیل میں ہی کوئی ایسا راز پنہاں ہے۔ جو جوی اشخاص کے جذبات کو نہایت شدت سے برانگیختہ کرتا ہے کیا دوست کو دعوت دینا کوئی معمولی سی خوشی ہے۔ کیا یہ خوشی کیف و لذت سے خالی ہو سکتی ہے۔ جبکہ کھلاڑی

ایک سکینڈ میں سال ہا سال بلکہ عمر بھر کے امید و بیم کے خطرات کی منازل مجھے کر دیتا ہے۔

میری عمر ابھی دس سال کی نہیں تھی۔ جبکہ ہماری چوتھے کلاس کے ماسٹر ایم۔ گرینی نیٹ نے ہمیں آدمی اور جن کا افسانہ پڑھکر سنایا۔ اب بھی مجھے یہ قصہ اسی طرح یاد ہے۔ جیسے کہ میں نے اسے کل ہی پڑھا تھا۔

جن ایک لڑکے کو دھاگے کا گولا دیتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ یہ تمہارا رشتۂ حیات ہے۔ اسے پھینو اور جب تمہیں کسی مصیبت کا سامنا ہو۔ اسے نکالو اور کھولنا شروع کر دو کہ تمہارے دن جلدی یا آہستہ اسی نسبت سے گذریں گے جسطرح کہ تم اسے جلدی یا آہستہ کھولو گے۔ لیکن اگر تم اس سے کام نہیں لوگے تو تمہاری عمر میں کوئی کمی بیشی واقع نہیں ہوگی۔ لڑکے نے دھاگا لے لیا۔ اور اسے کھولا۔ وہ فوراً عالم شباب میں پہنچ گیا۔ پھر اسنے اور زیادہ کھولا اور اپنی محبوبہ سے شادی کر لی۔ اسکے بعد اسنے اور زیادہ کھولا تو اپنے بچوں کو عالم شباب میں عزت و شہرت حاصل کرتے دیکھا۔ مصائب اور بیماری کا زمانہ ختم کرنے کیلئے پھر اسنے کھولا تو اپنے کو عالم پیری میں پایا۔ جن سے ملاقات کے بعد وہ صرف چار ماہ اور چھ دن زندہ رہا۔ ہاں تو یہ کھیل کیا ہے۔ ایک فن ہے جو کہ ایک سکینڈ کے اندر ایسے ایسے تغیرات عمل میں لاتا ہے۔ جن سے تقدیر گھنٹوں۔ مہینوں۔ اور سالوں میں عہدہ برآ ہو سکتی ہے۔ یہ ایک ہنر ہے جن سے عمر بھر کے منتشر جذبات و حسیات ایک لمحہ کے اندر یکجا جمع ہو جاتے ہیں۔ چند لمحوں میں تمام عمر زندگی بسر کرنے کا یہ ایک بھید ہے۔ مختصر یہ ہے کہ جن کے دھاگے کا گولا ہے۔ کھیل کیا ہے قسمت سے سینہ بہ سینہ جنگ ہے۔ اس میں متنازعہ چیز روپیہ ہوتا ہے۔ جو کہ تھوڑے عرصے میں ہر شے کا آرام و آسائش بہم پہنچانے کی قدرت رکھتا ہے۔ ہر کھیلاڑی کا یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید دوسرا کارڈ تبدیل ہو اور گیند اسطرح گردش کرے کہ اسے باغات۔ جنگلات۔ محلات۔ قلع اور جاگیریں مل جاویں۔ ہاں اس چھوٹے سے گیند کے رقص کے اندر وسیع جاگیریں اور فلک پوش محلات پنہاں ہیں۔ یہی نہیں بلکہ اسکے اندر خزانہ ہائے فن و ہنر۔ بیش بہا اشیا اور گراں بہا جواہر موجود ہیں۔ نہیں بلکہ اس کے اندر اس سے بھی زیادہ نعمتیں موجود ہیں۔ اس کے اندر ان سب چیزوں کا خواب اور پیشینگوئی میں موجود ہے۔ اور آپ چاہتے ہیں کہ میں اسے کھیلنا چھوڑ دوں کھلاڑی کو کھیل اگر غیر محدود امید یں دلاتا رہتا۔ اور ہر بار اس کا خندہ پیشانی سے استقبال کیا کرتا۔ تو یقیناً اس سے ایسی مجنونانہ محنت نہ کی جاتی۔ لیکن اس کے ناخن آہنی ہیں۔ یہ ظالم اور خوفناک ہے۔ معمولی سی ادا پر اس کا عطیہ مفلسی۔ بربادی اور رسوائی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسکے پجاری اس کی پرستش کرتے ہیں۔ تمام زبردست ارادوں اور خواہشوں کی تہ میں خطرہ ہی ایک ایسی چیز ہے جو دلکشی کا سبب ہوتا ہے۔ مسرت کبھی تکمیل نہیں پا سکتی جب تک کہ قصر مذلت پیش نظر نہ ہو۔ خطرے اور مسرت کی آمیزش ہی مخمور ی کا باعث ہے۔ اور اس کھیل سے کوئی چیز زیادہ خطرناک نہیں۔ یہ عطا کرتا ہے پھر واپس سے لیتا ہے۔ اس کی منطق عام انسانوں کی منطق نہیں ہے یہ گونگا۔ اندھا۔ بہرہ ہے۔ یہ سب سے زیادہ زبردست قوت ہے۔ یہ ان کا خدا ہے۔ یہ اپنے معتقد

[بقیہ صفحہ ۷۳۲ پر دیکھئے]

نسیم سحر

شب ماہتاب

(جناب عنایت اللہ شوق سابق ایڈیٹر نسیم سحر راولپنڈی)

سکوت شب کو فسوں نے اجاگر کر دیا ہے۔ نظام فطرت کے دبدبے نے فضا کو خاموشی کو دیئے خمار آلود چشم ساقی نشاط سے چھلک رہی ہے۔ شباب کی نیند آ رہی ہے نظارے مستی ٹپک رہی ہے جمال کی ہر چیز کو سیاہی نے اپنی رنگت میں رنگ دیا ہے۔ عروس شب کو جہاں نے اپنی کنار الفت میں لے لیا ہے چمن میں پھولوں کو اور بلبل کو خاموشی و سلاطینی ہر ایک گوشے پر سطوت شب نے اپنا پرتو بچھا دیا ہے

جہاں خاموش بن گئی ہے فضائے ہنگامہ زار دنیا

طلسم حیرت بنا ہوا ہے سکوت بے اختیار دنیا

فلک پر سیارگان ماہتاب نے بھائی ہے اپنی محفل اور بیٹھا لیا مسند حکومت کے تخت زریں پر ماہ کامل بہار میں چاندنی کے کھیتوں کی لطف جنت کا سماں پیش نظر میں ہے فردوس کا عالم شگوفہ نور کھل رہا ہے خمار ہر چشم و کسیں میں جھلک اٹھا بادہ ازل کا نگاہ ساقی سے ٹپکا پڑتا ہے نوید کیف ہا تو نوں کا طلسم بست ہے چاندنی میں فضائے دلچسپ کا گلستاں ہے بہر جس کے دامن میں دور سرور نغمہ اطراف کی ننھی پریاں کیسوئے درختوں کی پتیوں سے تھرکی تو رقص چین بن رہی ہے زمیں لباس عروس کا نقشہ قلمکار بن رہی ہے بنے ہوئے فیض نور ماہتاب سے ہیں سبز برگ و بار بھی۔ کہ جیسے پھولوں پہ باغ عالم کے آگئی ہو بہار بھی میں چمک سے کلیوں نے اپنی اپنی رگ رگ میں کا لیا ہے شگوفہ مہتاب سے فضائے جہاں کو تسخیر کر لیا ہے حریف بجلی کی ہو رہی ہے تمہارے ساتھ ہو گا کہ سبزہ ساحل کا چپکے چپکے ٹپکیاں لے رہا ہے دل کو لئے ہوئے دامان بیکسی میں منہ ارہا ہو تو خاطر فروغ کا ماہتاباں کے نور سے جگمگا اٹھے قطرہ ہائے شبنم

اثر کے عکس لطیف آب رواں میں دریائے نور بنکر۔ فضائے روشن میں چاند کا پیمانہ بھرا ہوا نظر ہوا کی جنبش سے عکس میں بھر دیا ہے تبسم کا جو ہر پرشہ کہ اپنے دامن میں جیسے ابر میں لو دیتی ہو سیماب کا سمندر

خموش صحرا کی وادیوں میں لطیف چاندنی ہو گئی ہے سرد و افسوز ہو گئی ہے زمین نغمہ میں سایوں سایوں نظام فطرت سے ارضی صحرا پہ نور کی چادریں بچھائیں۔ لطیف سا ایک قہقہہ کر کے کوہ و حوریں عرش بریں سے اتریں اٹھائے مژگان شاخ مہتاب پر چہ مغرب چل رہی ہے جو کچھ ایسے نغمے تخیل رہا ہے میرا کہ عرض فطرت مچل رہا ہے

زمیں سے عرش بریں تلک ایک نور پھیلا ہوا ہے گویا

کہ جس کی گہرائیوں میں کچھ دیکھتے ہی بیتاب ہے کلیجا

تصور ان کا کوئی ہو تو جگمگا میں سرگرم جستجو ہوں۔ غضب خدا کا ہوا کیف انتظار میں کا ہم آرزو ہوا یہ فریب عشق فتنہ سامان کی رائیں سنسان ویرانیوں میں بہار فردوس کی جہاں پا رہا ہوں میں کیسوئے گلوں میں کس کا حسن لطیف دنیائے شوق میں مطمح نظر ہے۔ لطافتوں کا لحاظ ہے چاند ہی جمعت میں ہم مخبر ہے

وہ چاند چشم لطافتوں کا کہ نور جس سے ابل رہا ہے

فضائے خاموش دشت کو عالم منور بنا چکا ہے

کیسی افسوس چاندنی کے کھیتوں میں کاش ہر چھوٹے پتا میں فضا میں پھر اسکی ایک بدیدہ نیا کہ چاند کا پرتو لیا کرے محبت کا وہ پیدا دلوں میں امروں کی نغمہ ریزی۔ تمنائے آنکھوں میں حسن پرورش کی فضا دنیا کی لطف خیز کا وہ متحد اتفاق پیدا ہوتا ابد پھر نہ ہم جدا ہو لبقا میں ارواحوں کا وصل ہو جو جیسے فلک پر تڑپتے ہوں

مگر کماں شوق میری قسمت کہ یا ؤں یہ فرصت مقصد

ہجوم بیتابیوں کا ہے اور رہ چلا ہوں تڑپا تڑپا کر

(خاص)

عربک کالج میگزین

بدنصیب کا خط

(جناب پروفیسر سید منظور حسن صاحب ایم اے چیف ایڈیٹر عربک کالج میگزین دہلی)

ہندوستان کی مذموم رسومات میں سب سے زیادہ بری رسم نارضامندی کی شادی اور تعلیم یافتہ لڑکیوں کو جاہل شوہروں کے سپرد کر دینا ہے۔ ہماری آنکھوں میں جہالت کا ایسا پردہ پڑا ہے کہ پیش بینی اور تمیز نیک و بد نگاہوں سے قطعاً مفقود ہو گئی ہے لیکن اس ناعاقبت اندیشی کا شکار وہ ناکردہ گناہ خواتین بنتی ہیں جو اپنے انفاس زندگی جہالت اور ظلم کی تاریکی میں گذار رہی ہیں۔

ذیل میں ایک تعلیم یافتہ لڑکی کا خط درج کیا جاتا ہے جو والدین کی طمع اور حرص کے باعث ایک ظالم شوہر کے ہاتھوں میں پڑ گئی ہے اور اپنی بے بسی اور بیکسی کی حالت کا نقشہ ایک لڑکپن کی سہیلی کے سامنے کھینچتی ہے۔ گو نقار خانے میں طوطی کی آواز کا سنائی دینا تو ناممکن ہے۔ لیکن شاید یہ جذبات کسی حد تک اہل ملک کے قلوب سے انصاف اور رحم کی درخواست کریں۔ فاعتبروا یا اولو الابصار۔

مانا دلیل سود اگر ہے فضول بکنا
دیوانہ تھا اگر میں ناصح کو کیا ہوا تھا

پیاری حمیدہ۔ خدا تمہارے دل کو اطمینان اور خوشی سے معمور رکھے تمہارا نامۂ محبت آج صبح کو ملا کیا کہوں تمہارے خطوط کے آنے سے دل کو کس قدر خوشی ہوتی ہے۔ یہ سمجھ لو کہ بچپن کا طریق زندگی پچھلی رات کے خواب کی طرح نظر کے سامنے آکھڑا ہوتا ہے۔ ہائے وہ آزادانہ زندگی ہم عمر اور پاکباز سہیلیوں کا مجمع۔ وہ مذاق وہ شوخیاں آئینہ ہو جاتی ہیں تمہاری شادی کے واقعات جو صفحۂ دل پر نہ مٹنے والے نقش و نگار بنکر جم گئے ہیں یاد آ آ کر تڑپا دیتے ہیں۔ وہ چوتھی کی شب کو ہم سب کا تمہارے کمرے میں اکٹھا ہو کر تم کو چھڑانا تمہارا بگڑ کر منہ پھیر لینا۔ لیکن میرے گدگدانے سے لب لعلین کے پردوں سے دُر دنداں کی لڑیوں کا عیاں ہونا اور وہ دست تبسم سے شیشۂ سکوت کا پاش پاش ہو جانا۔ جب یاد آتا ہے تو کلیجہ پر سانپ لوٹ جاتا ہے۔ ہماری حمیدہ سچ پوچھو تو میں اس وقت تمہاری قسمت پر رشک کرتی تھی۔ ہاں ہاں صاف کیوں نہ کہوں رشک کرتی تھی کس لئے اس کا جواب تم اپنے دل سے پوچھو!

حمیدہ! خدا نے جیسا قابل اور محنتی شوہر تم کو دیا ہے اگر اس سے نصف لائق شوہر بھی مجھکو مل جاتا تو میں خود کو نہایت خوش قسمت خیال کرتی اور خداوند کریم کا ہزار ہزار شکر کرتی لیکن افسوس والدین کے ظلم سے۔ نہیں نہیں میری بدقسمتی سے مجھکو ایسے کے پالے ڈالا جو تمہارے قابل شوہر کی ضد ہے۔ ہائے کیا کیا امنگیں اور کیا کیا ولولے تھے جن کو قسمت نے پامال کر ڈالا۔

تمہارا پیارا خط آتا ہے۔ میرا دل ہزار رنج و تعب میں بھی

گرفتار ہوتا ہے لیکن لفافہ کے ہاتھ میں آتے ہی کسی کی زلفہائے عنبریں کی عطر بیز امواج خوشبو اس کو شگفتہ کر دیتی ہے۔ اس کاغذ کے چھوٹے سے ٹکڑے میں نہ معلوم کونسا برقی اثر و لوشیدہ ہے جو بجرخوں میں تلاطم۔ دماغ کی امواج تخیل میں مدوجزر اور سست رفتار دل کی حرکت میں تیزی پیدا کر دیتا ہے۔ میں ممکن الوجود احتیاط سے اس کو کھولتی ہوں تو اُف! کسی کے پان خوردہ دہن کا سُرخ سُرخ لعاب نظر کے سامنے آکر جسم و جاں کو ہیجان میں لے آتا ہے۔ اس ایک لمحہ میں چشم زدن میں طائر تخیل نہ معلوم کہاں سے کہاں پرواز کر جاتا ہے اور نظر کے سامنے واقعات گذشتہ کے نہ معلوم کتنے مرقع آجاتے ہیں۔ میں ایک ٹھنڈی سانس بھر کر لکھنے کی میز کی طرف جاتی ہوں۔ کرسی پر بیٹھتی ہوں۔ نگاہیں بجلی کی طرح سرنامہ پر پڑتی ہیں تو ازدلی کے الفاظ لکھے ہوئے پاتی ہوں۔ ہائے وہ دلی جس کو مجھے بھی کبھی وطن کہنے کا استحقاق حاصل تھا۔ جس کی سرزمیں ہمارے ارمانوں اور امیدوں کا گہوارہ تھی۔ جس سے جدا ہونے کا خیال تو درکنار ہمارے خیالات بھی صرف اس کے چند محلّوں تک محدود تھے۔ پیاری حمیدہ! اب خیال آتا ہے کہ اس کی خاک کا ذرّہ ذرّہ بوسہ دینے کے قابل تھا اس کے ہر ہر حصّہ زمین سے محبت اور وفا کی بو آتی تھی۔ افسوس میرے ناقدر شناس دل نے اس بیش بہا سرزمیں کی کچھ قدر نہ کی۔ اف! اب دلّی کو وطن کہتے ہوئے بھی نہ معلوم کیوں طبیعت میں وحشت پیدا ہوتی ہے۔ پیاری حمیدہ! کیا اچھا ہوتا اگر تم اس نام کو سرنامہ پر لکھ کر میرے زخمہائے دل پر نمک پاشی نہ کریں۔

قفس میں برگ گل رکھنے سے اے صیاد کیا حاصل
دلانا بلبلوں کو پھر چمن کی یاد کیسا حاصل

سرنامہ سے القاب پر نظر پہونچتی ہے تو پہلی سطر دیکھکر دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے اُف لکھا ہے۔ پیاری رشیدہ الہ العالمین تمہارے دل کو دائمی راحت اور اطمینان بخشے۔ ہائے حمیدہ! تم میرے مزاج سے واقف ہوتے پر بھی مجھکو ایسی دعا دیتی ہو۔ اس میں شک نہیں کہ یہ تمہارے پاک اور صاف دل سے نکلے ہوئے سچے الفاظ ہیں لیکن آہ! میرا دل رنج سہتے سہتے اور صدمات اٹھاتے اٹھاتے ان کا اس قدر عادی ہوگیا ہے کہ خوشی اور اطمینان کے نام سے بھی متنفر ہے۔

حمیدہ! اگر راحت اور اطمینان میری قسمت میں ہوتا تو مرا رشتہ زندگی بھی تمہارے شوہر کے ایسے کسی قابل خاوند کے دامن سے وابستہ ہوتا لیکن اب مجھکو یقین ہو گیا ہے کہ میں دنیا میں صرف مصیبتیں سہنے اور بلاکشی کرنے کے لئے پیدا ہوئی ہوں اور ان ہر دو فرائض کو میں صبر اور شکر کے ساتھ انجام دوں گی۔

حمیدہ۔ عورت کی زندگی مثل ایک کشتی کے ہے۔ جسطرح کشتی کی رفتار کو قائم رکھنے کے لئے اچھے ملاح اور موافق ہوا کی ضرورت ہوتی ہے عورت کی زندگی کے لئے بھی اچھے شوہر اور اسباب فارغ البالی کا موجود ہونا لازمی ہے۔ اس کے بغیر اس کا ساحل اطمینان کو پہنچنا ناممکن ہے۔ خدا کا شکر کرو کہ اس نے یہ دونوں چیزیں تمکو عطا فرمائی ہیں لیکن میری عمر کی کشتی ایک مہروش ناخدا کے ہاتھ میں ہے جس میں دنیا کے بدترین عیوب شراب خواری اور عیاشی موجود ہیں۔

آہ حمیدہ اس بات کو میرا ہی دل خوب سمجھ سکتا ہے کہ شوہر کے چال چلن کی خرابی زیادہ جانکاہ ہوتی ہے یا مال و دولت کی عدم موجودگی۔ خدا نے اپنے لاانتہا احسان سے

مجھکو کافی دولت عطا فرمائی ہے لیکن شوہر کے چال چلن کی خرابی کے باعث یہ دولت مثل اسی مصنوعی آنکھ کے ہے جسمیں مطلقاً قوت بینائی نہ ہو یا وہ شمع جس میں زور نہ ہو آہ سودا کے یہ اشعار مجھ پر کتنے صادق آتے ہیں۔

نے بلبل چمن نہ گل نو دمیدہ ہوں میں موسم بہار میں شاخ بریدہ ہوں
خنداں بہ شکل شیشہ و گریاں بشکل جام ہوں اس مکیدہ میں آہ عبث آفریدہ ہوں

میں کیا کہوں کہ کون ہوں سودا بقول درد
جو کچھ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں

حمیدہ میری یہ حالت اُن والدین کے لئے قابل عبرت ہے جو مال و دولت کے عوض اپنی لڑکیوں کو بدچلنی شوہروں کے ہاتھ فروخت کر دیتے ہیں لیکن میں سوائے اپنی تقدیر کی شکایت کرنے کے اور کسی کا کیا گلا کر سکتی ہوں۔

کچھ خطا گل کی ہے اصغر نہ قصور صیاد
سب کرشمہ یہ مری گردش تقدیر کے ہیں

آگے چل کر تم لکھتی ہو عرصہ سے تمہاری خیریت نہ معلوم ہونے کے باعث دل از حد متفکر ہے نہ معلوم تاخیر جواب کا کیا باعث ہے۔ ہائے حمیدہ تمہارے ان الفاظ کا جواب لکھتے ہوئے جسم میں رعشہ پیدا ہوتا ہے اور قلم ہاتھ سے چھوٹا جاتا ہے۔ یہ تو تم جانتی ہو کہ تمہارے دو لمحا بھائی کی علمی قابلیت کتنی وسیع ہے۔ اس کو پورے طور پر واضح کرنے کے لئے صرف اتنا کہنا کافی ہوگا کہ اگر وہ مجھکو کبھی کسی کاغذ پر کچھ لکھتے ہوئے دیکھ لیتے ہیں تو اس کو فوراً بلا سوچے سمجھے چاک کر دیتے ہیں کہ نہ معلوم اس تحریر میں میں کون سے بڑے بڑے راز پنہاں ہوں اور کس کے نام ہو یہی حال اس خط کا ہوا جو میں تم کو بھیجنا چاہتی تھی۔ قریباً دس روز کا عرصہ گذرا دوپہر کا وقت تھا۔ تمام مکان سنسان تھا میں کرسی پر بیٹھی ہوئی تمہارے محبت نامہ کا جواب لکھ رہی تھی کہ یکایک ڈیوڑھی سے بھاری بھاری قدموں کی آواز آئی اور میں ہوش بھی نہ سنبھالنے پائی تھی۔ کہ وہ شراب کے نشہ میں مست جھومتے ہوئے میری طرف آئے۔ خط دیکھکر کہ غصہ کی نگاہ سے میری طرف دیکھا جس سے میرا تمام جسم کانپ گیا۔ خط کو چھینا اور چاک کرکے پھینکدیا۔ اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ قلم کو توڑ توڑ کر شیشہ کے قلمدان کو زمین پر پٹک کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور قہر کی نگاہوں سے مجھکو گھورتے رہے بلا کچھ کہے سنے باہر چلے گئے

آہ حمیدہ غور تو کرو جس شخص کا تین دن کے بعد گھر میں آنے پر بھی بیوی سے یہ برتاؤ ہو اس کی محبت اور وقعت ایک شریف خاتون کے دل میں کہاں تک ہو سکتی ہے افسوس ایسی ایسی ہزارہا مثالوں کے روزانہ دیکھنے پر بھی صدہا والدین اپنی لڑکیوں کو مال و دولت کے اوپر قربان کر دیتے ہیں۔ کاش خداوند کریم ان کے دماغوں میں پیش بینی کی قوت عطا فرمائے اور ایسے جاہل شوہروں کے دلوں میں معاملہ فہمی اور عقل سلیم کا مادہ پیدا کرے ہائے ہندوستانی خواتین جو ایسے موقعوں پر زبان سے کوئی حرف شکایت نکالنے سے بھی مجبور رہیں۔

پیاری حمیدہ دیکھ لینا یہ آفتیں جواب میرے لئے عذاب جان اور سوہان روح ہو رہی ہیں ایک دن میری جان لیکر جائیں گی۔

تمہارے خط کا سلسلہ آگے ایسے شروع ہوتا ہے آجکل عذرا اور لیلیٰ یہاں آئی ہوئی ہیں تین سال قبل کی صحبتوں کا کچھ کچھ لطف آرہا ہے۔ تم ہوتیں تو یقیناً اس سے بھی

زیادہ لطف حاصل ہوتا افسوس تمہارے نہ ہونے سے ہماری محبت بالکل پژمردہ ہے کیا تم براہ مہربانی جواباً تحریر کر سکتی ہو کہ اس موقعہ پر تمہارا آنا ممکن ہے یا نہیں عذرا اور لیلیٰ تسلیم عرض کرتی ہیں۔

عذرا اور لیلیٰ کی موجودگی سے میں جانتی ہوں کہ کیسا لطف ہوگا اور یقیناً اگر میری زندگی تین سال قبل کی زندگی ہوتی تو ایسے موقعہ پر میرا یہاں ٹھہرنا ناممکن تھا۔ لیکن اول تو تمہارے دولھا بھائی کی وحشت بھری طبیعت ہی سے تمہارے پاس پہونچنے کی اجازت حاصل کرنا ناممکن ہے۔ دوسرے اب میری زندگی پہلی سی زندگی نہیں رہی۔

حمیدہ رشیدہ اب پہلی سی رشیدہ نہیں رہی اس کے مذاق نالہائے غم سے اس کے اندازانہ قہقہے رنج آمیز اور سرد آہوں سے اس کی عیش وراحت رنج ومصیبت میں تبدیل ہوگئے ہیں۔ ایسی حالت میں اگر میں تمہاری آزادانہ صحبت میں شریک بھی ہوئی تو بجائے رونق محفل ہونے کے سبب آزردگی اور موجب پریشانی ہوں گی کیونکہ کسی نے کہا ہے

افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را

عذرا اور لیلیٰ کی یاد آوری کی ممنون ہوں۔ افسوس طبیعت تم سے اور اُن سے ملنے کے لئے بہت بیچین ہے لیکن اسباب خانگی سدراہ ہیں اگر گردش تقدیر نے کبھی مہلت دی تو شاید ملاقات ہوجائے ورنہ نارسائی بخت کے سوا کسی کی کیا شکایت۔

خط کو ختم کرنے سے پہلے میری نگاہ تمہارے محبت نامہ کے حصہ نثر میں پر پڑتی ہے تو بے اختیار دل بھر آتا ہے سینہ سے ایک عجیب قسم کا درد اٹھتا ہے اور طبیعت بیساختہ رونے کو چاہتی ہے۔ تمہاری بچپن کی سہیلی حمیدہ، یہ الفاظ دل پر تیر ونشتر کا کام کرتے ہیں۔ وہ عیش اور خوشیاں مٹ گئیں۔ اب تو غم والم رنج ومصیبت کے نشتر ہیں اور تمہاری رشیدہ کی رگ جان افسوس شادی ہونے سے پہلے میں شادی کو کیا چیز سمجھتی تھی۔ لیکن یہ شادی میرے حق میں غمی کا موجب ہوئی۔ آہ جو مرقعۂ زندگی قوت متخیلہ سے صفحۂ دل پر کھینچا تھا وہ نقش برآب ثابت ہوا۔ اب معلوم ہوا کہ۔

پنہاں تھا دام سخت قریب آشیانے کے
اُڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے

خیر اب گذشتہ زمانہ کی یاد سے زخمہائے جگر پر نمک پاشی کرنے سے کیا فائدہ۔ قسمت کی تحریر پوری ہوچکی۔ میں راہ رضا پر چلوں گی اور اپنے بقیہ انفاس زندگی کو جسطرح بھی ہوگا گزار دوں گی۔

حمیدہ۔ میں سچ کہتی ہوں کہ اس جاں ستان زندگی سے عاجز آکر بارہا میں نے خودکشی کا ارادہ بھی کیا۔ صرف ارادہ ہی نہیں بلکہ زہر ہلاہل کا پیالہ میرے لبوں تک پہونچ چکا ہے۔ میرا دل مطلقاً موت سے ہراساں نہ تھا اور میں پوری طرح اپنے دم واپسیں تک اس کے ساتھ استقلال اور صبر سے لڑنے کو تیار تھی۔ لیکن یکایک مذہب اور شرع کی پابندیوں نے میرے ہاتھ کو روک لیا اور مجھکو رنج والم کے تنگ وتاریک غار میں گھٹ گھٹ کر مر جانے کے لئے چھوڑ دیا۔

آہ حمیدہ! کیا اچھا ہوتا اگر میں خودکشی کرکے زبردست اور ناعاقبت اندیش والدین کیلئے ایک سبق آموز داستان چھوڑ جاتی۔ سچ کہنا کیا اس وقت بھی ابا جان اپنے کئے پر پشیمان نہ ہوتے۔ نہیں نہیں ہوتے اور ضرور ہوتے۔

آخر میں اب میں تم سے اس قدر سمع خراشی کی معافی چاہتی ہوں لیکن ان باتوں کا اظہار بجز تمہارے دوسرے سے ہونا ناممکن تھا اس لئے افسانۂ دل سنانے میں تم ہی کو مخاطب کیا۔ (والسلام) (ناصر)

عزیز

عزیز اماں

(جناب بشیر احمد صاحب بشری یوردہنی ایڈیٹر رسالہ عزیز بمبئی)

شفیق اماں!

تمہارے دم کی شمع جو اس شفقت محبت اور غمخواری کے تیل سے جل رہی ہے اس کی روشنی میں میں اپنی طوفان رسیدہ کشتی حیات کو بحر عوادف کی بے پایاں وسعتوں میں گھر کر زیست کی پر ہول آلام و متلاطم منزلیں طے کر رہا ہوں۔

اماں! افکار و تردد ات کی طوفانی موجیں میری زندگی کی ناؤ کو زیر و زبر کر رہی ہیں۔ اور اندوہ و صعوبات کی بے پناہ لہروں کے تھپڑوں سے میری ننھی ناؤ ہچکولے کھائے جا رہی ہے۔

لیکن اماں۔ میں ان میں سے کسی ایک کی پروا نہیں کرتا۔ کیونکہ تمہارے دم کا دیا برابر جل رہا ہے۔ سمندر میں لاکھ طوفان آئیں۔ ہزار تلاطم پیدا ہوں۔ موجیں خطرناک صورت اختیار کر کے دیو ہیکل بن جائیں۔ مجھے ان میں سے کسی ایک کی پروا نہیں۔ کیونکہ اماں! تمہاری شمع حیات برابر جل رہی ہے میں اپنی کشتی کو سمندر کی خوفناک گرداب میں برابر چلائے جاؤں گا۔ طوفان کی خطرناکیوں اور ان کی زبردست طاقتوں سے کھیلوں گا اور مہلک موجوں و کوہ پیکر لہروں کے سینوں کو چیرتا ہوا اپنی مسافت طے کرتا رہوں گا۔

مگر پیاری اماں۔ یہ سب اس وقت تک جبتک تمہاری زندگی کا دیا جل کر اپنی مقدس و شفاف روشنی سے میری ڈھارس قائم کئے ہوئے ہے۔ لیکن اماں جوں ہی یہ شمع بجھ کر سمندر میں تاریکی پھیل جائے گی۔

تو میں اپنی کشتی کو چلانے سے قطعی قاصر ہو جاؤں گا۔ اور پھر نہ معلوم میری کشتی اس وقت اپنے منزل کے رُخ سے ہٹ کر کہاں کہاں بھٹکی پھرے گی۔ اس لئے .....

عزیز اماں! میری آرزو ہے کہ تمہارے شمع حیات کے بجھ جانے سے پہلے میری زندگی کی ناؤ موت کے چٹان سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جائے اور بحر عدم کی گہرائیاں میری زندگی کی ناؤ کے پرزوں کو اپنی بے کراں وسعتوں میں ایسا جذب کر لیں کہ خدا کی مقدس زمین میری کشتیٔ حیات کے تنکر تنکر سے پاک ہو جائے۔

(خاص)

عزت دولت میں نہیں قابلیت میں ہے

(جناب بدیع الزماں صاحب ایڈیٹر عزیز گورکھپور)

بادشاہ نہیں، وزیر نہیں، راجہ مہاراجہ نہیں تعلقہ دار نہیں، مگر دنیا، دنیا کے بڑے بڑے لوگ عام پبلک کیا چیز ہے رؤسا و تعلقہ دار کس گنتی شمار میں ہیں۔ بڑے بڑے راجہ مہاراجہ والیان ملک کو بھی طاق پر رکھئے، جرمنی فرانس انگلینڈ روس اور دنیا کے تمام آزاد اور عزت رکھنے والے مقامات کی اونچی اونچی شخصیتیں جن کی بلند نگاہوں کے سامنے

عرش کے تارے نیچے ہیں۔ بلا بلا کے اس مہمان کے لئے کچھ بچھ جاتے ہیں۔ آنکھیں بچھاتے ہیں۔ دل بچھا دیتے ہیں کہ۔

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

وہ ممالک جہاں کے عام لوگ ہمارے نوابوں سے کہیں زیادہ آن بان سے رہتے ہیں۔ ہاں وہ ممالک جہاں دولت پھٹ پڑی ہے۔ جہاں چوبیس گھنٹے آٹھ پہر ہن برستا رہتا ہے اس مفلس ہندوستاں کی وہ شاہانہ آؤ بھگت کرتے ہیں کہ بڑے بڑے راجاؤں کو نصیب نہیں۔ سمجھتے ہیں کہ آنے والے نے اُن کی زمین کو چار چاند لگا دئے آسمان پر پہنچا دیا آسمان بنا دیا۔ ذروں نے تلوؤں کو نہیں جوتوں کے تلوں کو چوم کر تاروں کی چمک پائی۔ دمک اُٹھے یہ کیوں کہ۔

عزت دولت میں نہیں قابلیت میں ہے

گاندھی، فاقوں پر فاقے کرنے والا گاندھی بھکاری گاندھی غریب ہندوستان کا رہنے والا گاندھی۔ تاجداروں سے ٹکر لیتا ہے۔ نہیں نہیں ٹکر دیتا ہے۔ بہتوں کو مان لینا پڑتا ہے کہ آج کل یہی لنگوٹی باز دنیا کا سب سے بڑا آدمی ہے۔

بڑی بڑی شانیں رکھنے والے شہنشاہ جن کی مٹھی میں دنیا ہے اس سے ملتے ہیں اور کس تکلف سے اور بے تکلف ملتے ہیں اور گھڑیوں بات چیت کرتے ہیں دنیا کے معاملات پر سلطنتوں کے بارے میں قوم و ملک کے واسطے۔

ہے کوئی راجہ مہاراجہ کہ اس مثال میں پیش کیا جا سکے اس لئے کہ:۔

عزت دولت میں نہیں قابلیت میں ہے

زندۂ جاوید! مگر چار دن کی زندگی میں دھتکاریں اور پھٹکاریں سننے والا سرسید ملعون و مردود کا خطاب پانے والا سرسید، فاجر نہیں کافر ٹھہرایا جانے والا سرسید اپنوں اور بیگانوں کے بیجا..... طعنے سننے والا سرسید زندگی بھر رات دن اپنی قوم مگر خون کی پیاسی قوم کے لئے تلملانے والا سرسید اٹھتا ہے اور کچھ کر گزرتا ہے کہ شاہی قومیں رکھنے والوں سے نہ بن پڑتا۔ اُٹھ کھڑا ہوتا ہے اور بگڑی ہوئی قوم سُنتی ہوئی قوم کے درد کا درماں بن جاتا ہے درماں بھی تیر تکا نہیں تیر بہدف۔

آج یہی پاک روح علم بن کر پھیلی ہوئی ہے عزت کے رنگ میں نظر آ رہی ہے۔

آج وقار کی کرسیوں پر بیٹھنے والا معزز عہدوں پر ممتاز ہونے والا عزت کا تاج سر پر رکھنے والا مسلمان اسی کی عظمت کا گواہ ہے۔

وہ نہیں ہے مگر آج بھی اس کی عزت اور محبت اپنے پرائے سب کے دل میں ہے یہ کیوں؟ اس لئے کہ۔

عزت دولت سے نہیں قابلیت سے ہے

نام کسی نے کاہے کو سنا ہوگا بندہ دل ایک گمنام گاؤں کا رہنے والا شبلی اعلیٰ درجہ کا تعلیم یافتہ اور ہر طرح کے علم و فن سے مالا مال ہو کر عمل کے میدان میں قدم رکھتا ہے کہ عزت کے انمول موتیوں سے شہرت کا دامن بھر دیا جاتا ہے جس کا ایک ایک کارنامہ چاند بنکر چمک رہا ہے اور دنیا کو جگمگا رہا ہے۔

شہرت، دنیا تک کی شہرت عزت فاضلوں کے دلوں میں رہنے والی عزت ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دامن سے بندھ گئی یہ کیوں اس لئے کہ۔

عزت دولت میں نہیں قابلیت میں ہے

تاجروں کو دنیا بھلا دے گی۔ لیکن ان خاک نشینوں کی یاد پتھر کی لکیر ہے یہ نام مٹنے کیلئے نہیں ابھرے ہیں۔ یہ لالچ کی عزت نہیں۔ خود باڈی کی عزت نہیں مرد و عورت کی عزت نہیں۔ علم و فضل کی عزت ہے۔

علم خدا کی عنایت ہے اور یہ عزت خدا کی دین یہی عزت عزتوں کا تاج اور ترجیحوں کی ترجیح ہے

(خاص)

علی گڑھ انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

ریل سے کچلے ہوئے ایک مزدور کو دیکھکر

(پروفیسر ضیاء احمد صاحب بی اے چیف ایڈیٹر علی گڑھ انٹرمیڈیٹ کالج میگزین)

اے ہلاک شیوۂ بے مہرئے سرمایہ دار ۔ اے قتیل خنجر جور و جفائے روزگار
خود ہے ایذا کش گر دنیا کو راحت تجھسے ہے ۔ گرچہ تو مزدور ہے شاہوں کی دولت تجھسے ہے
کامیاب رزم ہستی میں تیری آزرم سے ۔ کشت ہے سرسبز ان کے تیرے خون گرم سے
اُن کے حق میں نغمۂ شادی فغان درد ہے ۔ گرمی محفل کا باعث تیرے آہ سرد ہے
قصرلعلوں میں ہے تیرے سوز غم کی روشنی ۔ کارخانوں میں ہے اُن کے تیرے دم کی روشنی
تو مصاف زندگانی میں ہے گرم سعی کار ۔ تو نہ ہو گر تو بدل جائے نظام کارزار
تو نے دنیا سے مٹایا ہے عمل بیدار کا ۔ تو نے انساں کو سکھایا ہے سبق ایثار کا
تیرے طرز کار سے گو سب کو انکار ہے ۔ تو بتاتا ہے کہ الکاسب حبیب اللہ ہے
خاک و خوں میں دیکھکر تیرے تن مجروح کو ۔ کیا بتاؤں کس قدر صدمہ ہے میری روح کو
کر رہا تھا بے خبر تو ریل کی پٹری پہ کام ۔ آ گئی اتنے میں گاڑی موت کا لیکر پیام
کار کن بھی خواب میں تھے تیرے قسمت کی طرح ۔ ریل بھی تیزی پہ تھی میری طبیعت کیطرح
گرچہ کی بچنے کی کوشش تو نے بہر انداز سے ۔ ہو گیا پامال آہن کے خرام ناز سے
آہ تیری شکل اس پر مردنی چھائی ہوئی ۔ حسرتاً آنکھیں یہ نظر آتی ہیں پتھرائی ہوئی
تیرے اعضائے نحیف اور جسم ناتواں ۔ دے رہے ہیں صاف تیرے فقر و فاقہ کا بیاں
چند گز کے ایک لنگ کہنہ تیرے جسم پر ۔ ہے ترے روداد ناداری کی شرح مختصر
سانس یہ اکھڑی ہوئی یہ مرتے دم کی ہچکیاں ۔ ہیں تری ناکام ہستی کی مکمل داستاں
شام کو ہوں گے زن و فرزند تیرے چشم براہ ۔ راہ دیکھیں گی تری ہو کر سراپا انتظار
کیا خبر ہو گی انھیں یوں ان کی قسمت سو گئی ۔ ان کے امیدوں کی بستی آج ویراں ہو گئی
کوئی دولتمند جب کرتا ہے دنیا سے سفر ۔ محو ماتم ہوتا ہے ہر شخص اس کے موت پر
ملک میں ہوتا ہے اک ہنگامۂ محشر بپا ۔ رسم ماتم کیلئے ہوتے ہیں جلسے جا بجا
مرثیوں میں کرتے ہیں سخن اظہار یاس ۔ ہر طرف سے تعزیت کی ہوتی ہے تجویز پاس
اک تری میت ہے جس پر رو نے والا بھی نہیں ۔ آ کے دو آنسو بہاتا کوئی اتفاقاً بھی نہیں
بیکسی ہے وقف ماتم یکہ و صد پاش پر ۔ یا دل شاعر ہے تیرا لاش ہے تیری فرش پر

(خاص)

علی گڈھ پنچ

ناک میں دم

[جناب جمال صابری مدیر علی گڈھ پنچ "علی گڈھ"]

برف سے زیادہ ٹھنڈی اور روئی سے بہت زیادہ ملائم ہوا میں ہم پلنگ کو گلے لگائے پڑے تھے اور پلنگ ہمیں کہ ہماری پڑوسن کی مرغی کے پر بچی مرغے نے بجھن کی ٹیپ لگانی شروع کر دی۔

نیند ایکدم ہماری آنکھوں کے در بے سے نکل کر بھاگی لہذا ہم فوراً ہی ہوشیار ہو گئے اور کروٹ بدلکر دانتوں کو پیسکر پھر ہم نے نیند کو دبا لیا اور بند کر دی۔ مگر صاحب وہ پھر کھل گئی ہم نے پھر وہی عمل کیا۔

اُدھر بے صبر مرغا اپنی بے سُری راگنی الاپتا رہا اور اِدھر ہم مزے مزے میں پلنگ پر بیلن بنکر دری اور چادر کی پوریاں اور روٹیاں بناتے اور بیلتے رہے۔ ابھی ہمارا بیلن ختم بھی نہ ہوا تھا کہ دوسری پڑوسن کا مرغا بھی میدان جنگ میں کود پڑا اور لگا نے لگا نعرے پہ نعرہ بلند کرنے لگا آسمان کیطرف تھوتھڑی اٹھا اٹھا کر وہی حرکت ناشائستہ جو پہلا مرغا کر رہا تھا۔

اپنی مرغی کے نانا کی قسم یہ سلسلہ تار کے کھمبوں کی طرح بڑھتا ہی چلا گیا۔ جسکے گھنٹے کم ہونے اور ختم ہونے کا کوئی موقع نہ رہا۔ جب ہم مرغوں کی اس گلے بازی اور تانا روں روں سے تنگ آنے لگے تو مجبوراً منہ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے جماہی لیتے ہوئے انگلیاں چٹخاتے ہوئے اور بال پھٹکارتے ہوئے پلنگ سے اوچھل کر کرسی پر جلوہ گر ہو گئے یا جاڑے یا براحمان ہو گئے اور پھر سوچنے لگے کہ ہم بھی ہیں کچھ۔

ہماری قسمت کی بُرائی دیکھئے کہ مرغے اب بھی وہی گیت گا رہے تھے۔ اب ہمیں معلوم ہوا کہ واقعی مرغے تو مرغے ہی ہوتے ہیں وہ کبھی کسی کی پرواہ نہیں کرتے۔ چاہے کوئی سو رہا ہو یا رو رہا ہو مر رہا ہو یا جی رہا ہو۔۔۔ انھیں اپنے وقت پر گلا پھاڑنے سے مطلب اور غرض۔ ہم بہت عرصہ تک سن سنکر تلملاتے رہے۔ آخر مرغے یہاں تک مزے میں آئے کہ انہوں نے اپنے اپنے حلق کو توپیں بنا بناکر آواز کے گولے چلانے شروع کر دیئے۔ ہمارے جی میں آیا کہ جھاڑو کے تنکوں کی سینکین لیکر ہم بھی باقاعدہ جنگ شروع کر دیں اور ان مرغوں کو بتا دیں کہ ہماری طاقت بھی روس اور جرمنی سے کم نہیں ہے۔ مگر ہمیں یکایک ہندوستان کی غریبی اور مفلسی کا خیال آگیا۔ اور آخر یہ کہتے ہوئے کمرہ کے اندر روانہ ہو گئے کہ

ان مرغوں نے تو ناک میں دم کر دیا۔

ہم ابھی سگریٹ کے دھوئیں سے کمرہ کے اندر بادل بنا رہے تھے کہ ہماری "وہ" بھی اپنی دراز چوٹی اور اسکے ساتھ کیا کیا سنبھالتی ہوئی اٹھکر بیٹھ گئیں اور بالکل انگریزی کا حرف "S" بن گئیں۔ آنکھیں ملکر آواز کی گردن پر سوار ہوتی نظر آئیں۔ تیزی سے بولیں۔

"ارے تنواں پانی لا"

ہم چپکے بیٹھے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے کہ اللہ خیر کیجو کہیں بیگم صاحبہ سگریٹ کا دھواں نہ دیکھ لیں ورنہ بزرگوں سے زیادہ ناراض ہونا اپنا فرض سمجھ لیں گی اور بتا دینگی کہ کسی جورو کا خاوند بیٹے کا باپ، خسر کا داماد، سالے کا بہنوئی بننا معمولی بات نہیں۔ یہ ڈگری ٹانگوں کی جگہ سر اور سر کی جگہ ٹانگیں ہو جانے کے بعد نصیب ہوتی ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہمارے نوکر تنّو اں کی مالکہ اور ہمارے خسر صاحب طول عمرہٗ کی چہیتی بیوی کے پیارے بیٹے کی حقیقی بہن بڑے ہی ناز و انداز اور نخروں کو لئے ہوئے ہماری طرف اس طرح تشریف لائیں جس طرح کسی پر لیر پا سوار ہوتا ہے۔

یہ دیکھ کر ہم باقاعدہ ہو گئے اور فوراً گرسی چھوڑ کر سلوٹ بجا لائے۔ ہماری اس تمیز اور شرافت کا انھیں ذرہ بھر خیال نہ ہوا کیونکہ وہ لڑتے لڑتے سو گئی تھیں بھلا اب جاگ کر کیوں نہ لڑتیں آخر بگڑ کر بولیں۔

کیوں جی ساری ابھی تک نہیں آئی رات کو بھی بھوں آئے اچھا اب بازار جا کر فوراً لادو ورنہ آدھی روٹی ملیگی۔

یہ سنکر ہم اسطرح کانپنے لگے جیسے کہ کوئی پرانا موٹر اسٹارٹ کر دیا جاتا ہے۔ اسی حالت میں ہم نے گذارش کی کہ۔ کیا واقعی اگر ہم اسوقت ساری نہ لائے تو آدھی ملیگی۔

انہوں نے کہا:۔

"ہاں ہاں ہاں ہاں ہاں ——"

ہم نے خوشامد کے ساتھ کہا۔

"اجی شام کو لا دینگے۔"

انہوں نے غصہ پر سوار ہو کر کہا۔

"ابھی ابھی ابھی ابھی ابھی"

ہم مجبور ہو کر بولے ا——

"ذرا ٹھہر تو جائیے۔"

وہ بھڑک کر بولیں ا——

"نہیں نہیں نہیں نہیں نہیں نہیں"

ہم نے دل ہی دل میں ہاتھ جوڑ کر عرض کیا ا——

"سن تو لیجئے" دیکھئے شام کو"

وہ آگ بگولہ ہو کر کھڑی ہو گئیں اور کہنے لگیں ا——

"نہیں سنتے نہیں سنتے نہیں سنتے"

جب ہم نے دیکھا کہ ہماری بیگم صاحبہ زاد لطفہٗ کا دماغ اسوقت بات بوائل انڈے کیطرح آدھا کچا آدھا پکا ہو رہا ہے اور اگر اب ہم نے زیادہ کہا سنا تو ضرور ہمیں اپنی کھوپڑی۔ این۔ ڈبلیو۔ آر۔ کے ورکشاپ میں مرمت کے لئے بھیجنی پڑیگی تو بس فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے بازار کی طرف ناک کی سیدھ میں چل دیئے کہ

تم نے تو ناک میں دم کر دیا

ساری لا کر ساری روٹی کھا کر اسطرح اپنے دفتر کی کرسی پر آ کر ڈٹ گئے جیسے کہ بلجیم کا قلعہ فتح کر کے آئے ہیں۔ یہاں آ کر ہم نے خواہ مخواہ الٹ پلٹ شروع کر دی ابھی اس الٹ پلٹ کو تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ گھنٹی سنکر ہمارا پتلون ڈھیلا ہو گیا۔ سمجھا کہ شاید پھر بیوی صاحبہ مدظلہا کی کوئی فرمائش ٹیلیفون لیکر آئی مگر شکر کہ خیال غلط نکلا ٹیلیفون پر کوئی دوسرا تھا۔

پہلے وہی رسمی ہلو ہلو ہوئی اس کے بعد کسی نے ہم سے سوال کیا سنا ہے کہ آج صبح اٹلی میں زبردست زلزلہ آیا ہے آپ کو اس کے متعلق کچھ معلوم ہے۔

ہم حیران رہ گئے اور سوچنے لگے کہ یہ سوال کرنے والا

[بقیہ صفحہ ۷۵۷ پر دیکھئے]

علی گڈھ یونیورسٹی میگزین

حُبّ الوطنی

[مترجمہ جناب ذکر یا فیاضی ایم اے، ایڈیٹر علی گڈھ یونیورسٹی میگزین]

جمہوریہ جرمنی کا صدر جو شاہی زمانہ میں جرمن افواج کا سپہ سالار تھا اپنی کرسی میں بھکا اور ایک نئے سگار کو روشن کیا۔

فیلڈ مارشل ہیرن برگ نے دھوئیں کے بادل اڑاتے ہوئے کہا "ہاں تو آپکا یہ خیال ہے کہ فرانسیسی دوسری قوتوں کے ساتھ تعاون کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ آخر قلب میں اس یکایک تبدیلی کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟"

وزیر خارجہ جو گھٹنوں پر کاغذ رکھے ہوئے تھے۔ اُس نے پریشانی کے عالم میں کہا "جناب والا ایکو معلوم ہو کہ ان لوگوں کو یہ اعتراض ہے کہ ہمارے نئے جنگی جہازوں کی موجودگی صلحنامہ کے بالکل خلاف ہے اور اسپیر لٹرن وراف کی جوشیلی تقریریں۔ اس نے یہ جملہ اس طرح ادا کیا کہ گویا وہ اس مسئلہ پر زیادہ گفتگو فضول سمجھتا تھا۔ اُس نے کہا کہ دراصل بات یہ ہے کہ وہ ہم سے خوف زدہ ہیں اور اُن کو ذرا سا بہانہ بھی دریائے رائن اور اُس کے پل پر زیادہ مدت تک قابض رہنے کے لئے عذر معقول ہوگا۔"

"آڈ" بڈھے سپاہی نے اپنی تیز بھونسلی آنکھوں سے جنکے سامنے بڑے بڑے افسر کانپ اُٹھتے تھے۔ وزیر کو تکتے ہوئے کہا۔ اسکا علم تو اٹھیں مہینوں سے ہے۔ اور یہ تبدیلی جو واقع ہوئی ہے ابھی دو ہفتہ کی بات ہے۔ اسکا سبب کچھ اور ہی ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ تم اس سے واقف ہو" وہ اُٹھ کھڑا ہوا اور اس سیاست داں کو اُس نظر سے دیکھتا رہا۔ جس میں محبت آمیز تعظیم اور تمسخر انگیز نفرت دونوں شامل تھیں۔ اُس نے کہا۔

"میں خوب جانتا ہوں کہ تم سب سیاست داں لوگوں کا یہی خیال ہے کہ ایک سپاہی جو سیاست میں داخل رہتا ہے اس ہاتھی کی مانند ہے جو پیانوں بجانے کی کوشش کرتا ہے" وہ ایک کھسیانی ہنسی سے کہتا رہا۔ لیکن حضرات آپکو مجھ پر بھروسہ کرنا ہی ہوگا۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں آپ کی امداد کروں۔ میں ریاست کا سردار ہوں اور میں آپ سے تمام واقعات کو معلوم کرنا چاہتا ہوں" اس نے سخت لہجہ میں کہا۔

وزیر خارجہ نے کنکھیوں سے اُس کی طرف دیکھا۔ اس کے سردار نے اس کی دکھتی ہوئی رگ پکڑ لیا تھا۔ اسکو تمام عمر اس بات کی تعلیم دی گئی تھی کہ سپاہی سوائے معمولی کام کرنے کے اہم ذمہ داریوں کے اہل نہیں ہوا کرتے اسلئے وہ ہمیشہ بھول جاتا تھا کہ جتنا تیز زندہ ہوتا ہے اتنا ہی مضبوط ہاتھ اسکے پکڑنے کو بھی ہونا چاہیئے۔ وان ہیرش صدر جمہوریہ کو اس کی دماغی قابلیت کی کمی کے باعث زیادہ وقعت کی نظر سے نہیں دیکھتا تھا۔ وہ اس حقیقت کو نظر انداز کئے ہوئے تھا کہ ایسے آدمی کی امداد کے بغیر جیسا کہ اسٹرنبرگ ہو اور جو عام طور پر قابل اعتماد ہے اور سب لوگ اُس کی تعظیم کرتے ہیں۔ وہ خود بھی اس عزت سے کچھ عرصہ پیشتر الگ ہو گیا تھا

وہ فوراً اچھل کر کھڑا ہو گیا۔ اور کہنے لگا "مجھے امید ہے کہ مجھے کبھی اس امر کی ضرورت پیش نہیں آئیگی کہ کوئی یہ بتائے کہ صدر جمہوریہ کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیئے اور میرے کیا فرائض ہیں"۔ یہ کہکر اُس نے خوب جھک کر سلام کیا۔ اگر میں ایسا بدنصیب ہوں کہ جناب والا اعتبار کے قابل نہیں سمجھتے"۔ اس موقعہ پر دان اسٹربنرگ نے دخل دیتے ہوئے کہا "میرے عزیز دوست!" اس کے جُھریوں والے چہرہ سے اُس فاتحانہ تبسم کا اظہار ہوا جس کے باعث وہ ہر طبقہ کے لوگوں میں ہر دلعزیز تھا۔ ذرا تشریف تو رکھئے۔ لیجئے یہ دوسرا شکار موجود ہے ہاں تو مجھ جیسے معمر سپاہی کو دماغ کی بڑی ضرورت ہے اور جو ایسا خوش قسمت ہو اُس کے خیر خواہ مشیر تم جیسے شخص ہوں"۔

وان پرش نے دوبارہ سلام کیا۔ ہنسا اور بیٹھ گیا وہ اس تعریف سے خوش تو تھا۔ مگر اُسے غصہ تھا کہ اُس نے ایسے شخص سے تکلم کیا جسے وہ ہمیشہ قابل نفرت خیال کرتا تھا۔ جب وہ آیا تھا تو اُس کا ارادہ زیادہ دیر گفتگو کرنیکا نہ تھا۔ لیکن اب کوئی مفر نہ تھا۔ اُس نے اپنی پریشانی کو اخلاق کے بہانے سے چھپانا چاہا۔ اور جب دونوں اطمینان سے آرام کرسیوں پر جو انگیٹھی کے پاس بچھی تھیں بیٹھ گئے تو اُس نے بالآخر کہا۔ جناب کا خیال ٹھیک ہے کہ کوئی اور ہی وجہ ہے لیکن وہ ایسی غیر یقینی ہے کہ اُس کے متعلق گفتگو کرنا تحصیل حاصل ہے۔

"تاہم میں سُننا چاہتا ہوں"۔

مجھے خیال ہے کہ آپ کی اپنے بھانجے کاؤنٹ ارنم سے جبکہ وہ ایک ماہ کا عرصہ ہوا برلن میں موجود تھا۔ خوب ملاقات ہوئی تھی۔ یہ ایک عجیب سا سکول معلوم ہوتا ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ اپنے اسکے خیالات کا کیا جائزہ لیا"۔ صدر نے غور کیا "اُس کے خیالات! ہوں۔ لیکن پرش صاحب میں نہیں سمجھ سکتا کہ اس سے آپ کی کیا غرض ہے۔ مگر چونکہ آپ مجھ سے دریافت کرتے ہیں تو میں بتانا چاہتا ہوں کہ وہ بالکل آزاد خیال اور خوش و خرم نظر آتا تھا۔ اور گذشتہ ایام کی بہ نسبت اب زیادہ ہوشیار معلوم ہوتا تھا"۔ بالکل بجا ارشاد ہے۔ کاؤنٹ جیسے علمدوست شخص کے متعلق جو کہ پچھلے دو سال سے متعلق ہے اپنے معمول واقع سائنسیا میں ہر وقت مصروف تحقیقات رہتا ہے اور اپنے خاندان کے علاوہ کسی فرد سے کوئی واسطہ نہیں رکھتا۔ یہ خیال کر کے آپ کو تعجب نہیں ہوتا کہ اُس کا میلان طبع اس طرف کیوں رجوع ہو گیا۔

بیشک پھر اسکا کیا مطلب ہے"؟ سیاست داں آگے کی طرف جھکا۔ اور کہا "کیا ایسے آدمی میں اس قسم کی تبدیلی کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ اپنے مقصد میں جسکی اُسے مدت سے تلاش تھی کامیاب ہو گیا ہے اب ایک کامیاب تجربہ کے بعد چھٹیاں منا رہا ہے"۔

"ہوں۔ لیکن وہ کس مقصد کی تلاش میں تھا جہاں تک مجھے علم ہے لڑائی کے ابتدا سے اُس نے اپنی تمام توجہ زراعتی کیمیا اور اجزاء زرخیزی وغیرہ کے معلوم کرنے کی طرف منعطف کر دی تھی"۔

بجا ہے۔ لیکن ذرا اسے بھی تو سن لیجئے جب وہ شہر میں تھا تو اُس نے رات کے وقت دعوت کی اور مدعوین

میں میرا نوجوان سکریٹری جارج مان اور ہلدا ہسلنگ ایکسپرس بھی شامل تھیں" آہا ہا۔ وہ عورت"۔ بوڑھے نے اپنی بھنوؤں کو اُٹھائے ہوئے کہا۔ لیکن ڈون پرش نے اس فقرہ کو نظر انداز کر دیا۔ کاؤنٹ ارنم کے دوستوں سے اسے کوئی دلچسپی نہ تھی اگر اُنکا موضوع گفتگو غیر ملکی سیاست سے نہ ہوتا۔ شام نہایت خوشگوار اور فرحت بخش تھی اور کاؤنٹ نے اپنا حق مہمان نوازی ادا کر دیا۔ لیکن شراب کے دور کے بعد آپ کے بھانجے صاحب نے ایک عجیب بات کہی۔ اُسنے کہا کہ دشمنان جرمنی کو خبردار رہنا چاہیئے کہ اُن پر یکایک تباہی نازل ہونے والی ہے جیسا کہ صاف آسمان میں بجلی کڑکتی ہے۔

صاف آسمان میں بجلی کڑکتی ہے" آخر اس سے اُس کا کیا مطلب تھا۔ اسٹرنبرگ نے پریشان ہو کر دریافت کیا۔ کارل نہ تو مذہبی آدمی ہے اور نہ شرالمقام کے موقعہ پر سنجیدگی بگھارنے کا عادی۔ مجھے اس کا یقین ہے۔ کیا اُسنے کچھ اور بھی کہا تھا"؟

"اور تو کچھ نہیں۔ کیونکہ اُس نے فوراً محسوس کیا کہ اُس کا طرز عمل ناشایستہ تھا۔ اُسنے لبوں پر مہر خاموشی لگالی"۔

میں اُس کی تہ تک پہنچ کر رہونگا" اسٹرنبرگ نے کہا" اچھا پھر بعد میں کیا واقعہ ہوا؟ کیا آپ کو معلوم ہے کہ پچھلے دو ہفتوں میں کاؤنٹ کے محل میں زبردستی داخل ہونے کی دو مرتبہ کوششیں کی گئی ہیں پہلی دفعہ تو عادی اور پیشہ ور چور تھا۔ جس نے اقرار کیا کہ اُسے ایک مشہور بین الاقوامی جاسوس نے ہدایت کی تھی۔ اور دوسری مرتبہ خود جاسوس بنا جسے کاؤنٹ کے کتے نے قریب قریب پھاڑ ڈالا ہوتا۔ اور میرا خیال ہے کہ خود کاؤنٹ بھی ابھی تک خطرے سے باہر نہیں ہوا وزیر نے کہا۔

۔ اب میں تمام معاملہ کے نزدیک پہنچ گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی غیر شخص نے اس گفتگو کو سن لیا" صدر نے سیٹی بجاتے ہوئے کہا۔

"ہمیں زیادہ کدو کاوش کی ضرورت پیش نہیں آئی"۔ پرش نے بات کو کاٹتے ہوئے کہا" ہلدا اور فرانسیسی فوجی سکریٹری کے جو ایک چالاک شخص کی بہت گہرے تعلقات ہیں۔

تھوڑی دیر خاموش رہی۔ اسی اثناء میں اسٹرنبرگ نے اسی حیرت انگیز انکشاف کو باغ میں محفوظ کرنے کی کوشش کی۔" مجھے فوراً کارل سے ملاقات کرنی چاہیئے اور اس حقیقت کو معلوم کرنا چاہیئے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ چاہے اصل معاملہ کچھ ہی ہو جو کچھ اسوقت معلوم ہوا ہے یہ بین الاقوامی تعلقات کی موجودہ صورت میں بہت اہمیت پکڑ جانے والا معاملہ ہے"۔ اس نے پاس والی گھنٹی کو بجایا ایک سکریٹری ہاتھ میں لفافہ لئے ہوئے اندر داخل ہوا۔ اور صدر کو دیکھکر کہا حضور والا یہ تار ابھی ابھی موصول ہوا ہے"۔ اور حکم کا منتظر رہا۔ بڈھے سردار نے لفافہ کھولا۔ اور حیرت سے سانس لینے لگا۔" پرس۔ لو سنو!! وہ گھبرا کر بولا اس سے زیادہ حیرت افزا خوش نصیبی کا موقع دوسرا نہیں ہو سکتا۔ لیکن ٹھہرو" وہ فوراً بولا جب اُسے یہ خیال کہ کمرہ میں وہ دونوں تنہا نہ تھے۔" تم خود اسے پڑھ لو"۔ وزیر خارجہ نے تار کو لیا اور پڑھا۔

ہز ایکسلنسی صدر صاحب برلن

میں آج برلن آؤنگا۔ کیا آپ مجھ سے فوراً ایک ضروری بین الاقوامی مسئلہ پر گفتگو کر سکتے ہیں۔
کارل ارنم :۔

اسٹربرگ نے سکریٹری سے خطاب کرتے ہوئے کہا "دیکھو جب ارنم یہاں آئیں تو فوراً اطلاع کرنا وہ آج تشریف لانے والے ہیں" نوجوان نے سلام کیا اور چلا گیا۔ اور پھر دوسرے لمحہ داخل ہوا۔ جناب عالی کاؤنٹ تشریف لے آئے ہیں" اُس نے کہا۔ صدر نے مستفسرانہ انداز میں پرش کی طرف دیکھا۔ جسے پاؤ گھنٹہ کے بعد وزیر سے ملاقات کے وعدہ کا خیال آگیا۔ وہ اُٹھا اور سلام کے بعد زور دیکر کہنے لگا۔ مجھے توقع ہے کہ حضور والا عنقریب کوئی خوشخبری سنائیں گے"۔ صدر بھی کھڑا ہو گیا بیشک مجھے بھی یہی امید ہے"۔ اُس نے جواب دیا۔ پھر اُس نے سکریٹری کو حکم دیا کہ وزیر کو باہر جانے دو اور کاؤنٹ آنے دے۔ ایک نہایت مختصر واقعہ کے بعد مندرجہ ذیل بحث کا کمرہ میں آغاز ہوا۔

کاؤنٹ کارل ولن آرنم۔ اسٹربرگ کی عزیز بہن کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ اس کی عمر تخمیناً ۴۰ سال تھی لیکن عمر کے لحاظ سے زیادہ معمر معلوم ہوتا تھا اُسکے بال پیشانی پر سے سفید ہو چکے تھے اور چہرے پر جھریاں پڑ چکی تھیں۔ اور اگر ایک طرف اُس کی بلند پیشانی اُس کی عقلمندی اور دماغی طاقتوں کی مظہر تھی تو دوسری طرف گہری سیاہ آنکھیں عمیق جوانی کی آگ ہمیشہ روشن رہتی تھی۔ اور سیدھی ناک باریک اور سوتواں ہونٹوں اور سخت جبڑے سے پختگی ارادہ کا پتہ چلتا تھا۔ وہ بالکل سیدھا ساکت کھڑا رہا۔ حالانکہ زخم کے باعث جو اُسے ہز مین محافظ کی بندوق سے ایک موقع پر پہنچا تھا۔ اُسکی ٹانگ لنگ کرتی تھی کیمیاوی تحقیقات میں کام کرنے سے اُسے نمایاں خدمات وطن کی انجام دی تھیں۔ صلح کے بعد وہ پھر ایک مرتبہ سلیشیا کے قلعہ میں جا گزیں ہو گیا۔ تاکہ تنہائی و غربت میں اپنی زندگی معمل میں گزار دے۔ وہ خاموش لمبے سنجیدہ مزاج اور متفکر قسم کا آدمی تھا۔

صدر نے اپنے خواہرزادہ کو تپاک سے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ "پیارے کارل" اُس نے متبسمانہ انداز میں کہا" یہ کیا دلکش تعجب ہے کہ پہلے تو تمہارا تار ملا اور پھر فوراً ہی تم خود آ گئے۔ اچھا اب گھر کی خیر ہنت بتاؤ۔ سیسلی۔ بچے اور میری عزیزہ مینا کا کیا رنگ ڈھنگ ہے"۔ اور اُسے کرسی پر کھینچ بٹھایا۔ اور سگار اور شراب سے اسکی تواضع کی۔

وہ سب بخریت ہیں اور آپ کو سلام عرض کیا ہے کاؤنٹ نے مختصر الفاظ میں جواب دیا" آخر لمحہ میں نے طیارہ سے آنے کے لئے طے کیا تاکہ وقت کی بچت ہو سکے کل میں نے رائین لینڈ اور فرانسیسیوں کے جھگڑے کی بابت پڑھا تھا اور اسی لئے میں حاضر ہوا ہوں" فرنچ اور رائین لینڈ؟ اُسکے ماموں نے پوچھا۔ یہ تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہے۔ یہ صحیح ہے۔ لیکن بھلا برلن میں تمہاری موجودگی سے جمہوریت کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ میرے عزیز پہلے اس کا جواب دو۔ یکایک اُس کی نگاہ ایک بڑے صندوق پر پڑی۔ جو بادامی کاغذ میں لپٹا ہوا تھا۔ اور جو کارل نے کرسی کے قریب رکھدیا تھا۔

اوہو۔ کیا یہ کوئی تحفہ ہے جو تم میرے لئے لائے ہو اس نے دریافت کیا۔ کیا اس میں وہ سامان موجود ہے جسکی بدولت مجھے برلن کی نمائش سے اناج کا انعام ملے گا۔ یا یہ کوئی پراسرار شعاع ہے جس کے ذریعہ تم مادر وطن کے دشمنوں کی دھجیاں فضائے آسمان تک اڑا دوگے" یہ کہکر وہ کرسی میں لیٹ گیا۔

"لیکن ان لفظوں کا اثر مہمان پر غیر معمولی ہوا۔ وہ اچھل پڑا اس کے چہرے پر کسی قسم کے رنگ کا اثر نہ تھا۔ وہ اپنے ماموں کی طرف منہ کھولے ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔ پھر دروازہ کی طرف جھپٹا اسکو مقفل کیا اور کنجی اپنی جیب میں رکھ لی۔ بڈھے نے اس حرکت پر کچھ زیادہ استعجاب کا اظہار نہیں کیا آہستہ آہستہ کہنے لگا۔ "ہوں پہلے اسکو ٹھکانے سر لگایا ایک بڈھے بیوقوف سپاہی کے لئے یہی بس ہے۔

اس کا بھانجہ بھی اپنی کرسی پر لیٹ گیا۔ اور شراب اور پانی کا ایک گلاس چڑھا کر کانپتے ہوئے ہاتھوں سے سگار کو روشن کرنے لگا "خدا محفوظ رکھے" اس نے کہا۔ معلوم ہوتا ہے کہ راز افشا ہوگیا ورنہ آپکو کیسے علم ہوا"۔

"میرے بچے صبر کرو صبر۔ پریشانی کی کوئی وجہ نہیں" بڈھے نے ہنستے ہوئے کہا "خوش قسمتی یا محض اتفاقیہ انکشاف جو چاہو سمجھو۔ میں تمھیں اس واقعہ سے مطلع کئے دیتا ہوں" اور اس نے اپنی اور وزیر خارجہ کی گفتگو کا خلاصہ بتانا شروع کیا۔

کاؤنٹ کو اب قدرے سکون ہوا "اگر کل حقیقت یہی ہے تو پھر خطرے کی کوئی بات نہیں"۔ اس نے کہا "لیکن میرے خواب وخیال میں بھی کبھی یہ بات نہیں آئی تھی کہ وہ شخص ایسے چلتے پرزے ہیں خدا ہی ان سے سمجھے۔ ان کے جو جی میں آئے کریں اب ان کا وقت قریب ہی آگیا ہے"۔ وہ کرسی میں آگے کی طرف جھکا اور اس کی آواز پست ہوگئی۔ "جناب آپکو معلوم ہے کہ ناقابل مقابلہ طاقت اجتماع کے کیا معنی ہیں؟ ان بیوقار موتمروں کا خاتمہ اور پیرس میں ہماری شرائط کی جیت انشاء اللہ۔

ناقابل شکست طاقت۔ کارل اس سے تمہارا یہ مطلب تو نہیں:۔

"جی ہاں۔ صلح کے بعد سے اسی ڈومیٹر بن میں منہمک ہوں۔ ابھی ایک ماہ کا عرصہ ہوا کہ محض اتفاقیہ طور پر مجھ پر اسکا انکشاف ہوا پچاس پچاس میل کے گردے کے ہر قسم کے آتش گیر اور حرب کو میں نے ناقابل استعمال کر دیا ہے۔

کیا وہ بھیگ گیا"۔

بھیگ گیا نہیں تو۔ ایسی تباہ کن اور حیرت انگیز مذاقیہ چیز کوئی واقع نہیں ہوئی۔ بلکہ ہر وہ مسالہ جس پر شعاع کا اثر ہو جائے گا کام نہیں کر سکے گا۔ کیونکہ اسکے اجزاء کی خاصیت ہی میں تبدیلی ہو جائیگی۔ مجھے افسوس ہی کہ معاملہ ذرا ٹھہرا ہے۔ لیکن آپکو صندوق کے تمام کاغذات سے ضروری حالات بجز چند نازک و دقیق مسائل کے معلوم ہو جائینگے"۔

اسٹرنبرگ نے چہرہ کو صاف کیا۔ ہاں یہ ہی ایک سپاہی کا جو سنگ پارس جو فوجی اختراعات کا بادآدم ہے اور جواب اسکے ہاتھ اور وہ تذبذب میں تھا کہ آیا اسے اس کی ضرورت تھی یا نہیں۔ اپنی غیر محدود اور لاتعداد ذمہ داریوں کا احساس کرکے جو اس بڑی عمر میں اس پر عائد تھیں جبکہ بہت سے آدمی قبروں میں سوتے ہیں یا گھروں میں معمولی زندگی بسر کرتے ہیں اور جو نہ صرف دوسروں مصیبت کا باعث

مبصر

مدیران اخبار و رسائل ہی اس مشکل کو حل کریں

(جناب حکیم آشفتہ صاحب مدیر رسالہ مبصر لکھنؤ)

آپ کی ادبی دلچسپیاں اظہر من الشمس ہیں کیونکہ آپ اپنے اوقات عزیز کا بڑا حصہ خدمت ادب میں صرف کرتے ہیں حقیقی ذوق نہ ہونے پر اس زحمت شاقہ کا امکان اگر محال نہیں تو مشکل ضرور تھا۔ کیا آپ بھی موجودہ دور کو ادب اردو کیلئے دور زریں خیال فرماتے ہیں۔ کیا آپ کی رائے میں بھی اردو علمی زبانوں کی برادری میں بیٹھنے کے قابل ہو گئی۔ کیا آپ کے خیال میں اتنی استعداد اس میں پیدا ہو گئی کہ مستقبل قریب میں یہ امید کیجائے کہ یہ بھی دوسری علمی زبانوں کی طرح عام خصوصیات علمی و ادبی سے مالا مال ہو جائے گی۔

اگر جواب اثبات میں ہے تو میری التماس سے اپنی ذات گرامی کو بالاتر اور میرے سوالات کے جوابات دینے سے اپنے قلم کو بے نیاز سمجھیگا۔ خدا آپ کو یہ شیخ چلی کی تمنائیں مبارک کرے اور اگر جواب نفی میں ہے تو بحیثیت مدیر آپ بھی کچھ ذمہ داریاں اپنے لئے محسوس کرتے ہیں۔ کچھ آپ کے ذوق ادب نے ایسے بھی فرائض متعلق کئے ہیں؛ تو وہ کیا صرف اس قدر ہیں کہ آپ چند جزو کا رسالہ یا چند ورق کا اخبار نکالدیں اور طرح طرح کے گل بوٹوں اور رنگین ٹائٹل پیجوں سے آراستہ کردیں یا وقتی طور سے دل لبھانے والے چند اوراق تصویروں کے بڑھا دیں اور پرچوں کے اوراق بھرنے کیلئے ہر قسم کے رطب و یابس مضامین عجیب و غریب قسم کی محیر العقول نظمیں جنکے بیشتر اشعار علم معانی و بیان کے ماتحت یا فصاحت و بلاغت کے معیار پر تو کجا "اوزان و قوافی" کی بھی پابندیوں سے بے نیاز ہیں۔ شائع کردیں اگر آپ کی نظر میں یہی خدمت ادب ہے تو ضرور آپ نے زبان کی خدمت کی اور یقیناً آپ کی زبان شاہراہ ترقی پر ہے۔ بیشک اس نقطۂ نظر سے ایک نہ ایک دن ضرور آپ اپنی زبان کو علمی زبانوں کا سرتاج بنادیں گے آپ کے بعد آپ کی آنے والی نسلیں آپ کے ثمرہ محنت سے فیضیاب ہونگی آپ یقیناً ان کے لئے بہت عمدہ زبان کا سرمایہ چھوڑ جائیں گے جس کو بجائے اردو کے "ست پنچ کنا زائد مناسب ہوگا جسمیں بھانت بھانت کے الفاظ ہونگے۔ جس میں سنجیدہ اور متین پست اور سوقی الفاظ میں کوئی امتیاز ہی نہ ہوگا۔ جس کی نثر میں سوائے ادبھی ہوئی گیتوں کے اور کچھ نظر ہی نہ آئے گا۔ جس کی نظموں کو نظم اور نثر دونوں لفظوں سے تعبیر کرنا صحیح ہوگا۔

آپ ملک کے اکثر ادبی پرچوں کو (بعض کو چھوڑ کر) باعتبار مضامین نظم و نثر آخر کس نظر سے دیکھتے ہیں ہر ورچہ پر آپ کا نقد و تبصرہ یہ بتاتا ہے کہ ہر ورچہ آپ کی نظر میں ادب اردو کا علم بردار ہے۔ جن پرچوں کے مضامین نظم و نثر میں صدہا موٹے موٹے اغلاط موجود ہیں اُن کی بھی آپ نے حد کی تعریف کی ہے۔ اور ان اغلاط کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے۔ افسوس

یہ آپ نے زبان کی خدمت کی ہے۔

آئیے میں آپ کو آپ کے خدمات کی کچھ معمولی سی تفصیل پھر بتا دوں۔ (۱) آپ نے اکثر مضمون نگاروں کے اغلاط کی تصدیق کر کے اپنی طرف سے ہمیشہ کے لئے زبان میں غلطیوں کا اضافہ کر دیا۔ (۲) پرچوں کے غلط انتخاب اور مدیر کی غلطیوں کو چھپا کر درحقیقت آپ نے مدیر اور رسالہ دونوں کو نقصان پہنچایا۔ آئندہ پھر مضمون نگار اس قسم کے غلط مضامین لکھے گا اور چھاپنے والے چھاپیں گے اور اغلاط کی تقلید کرنے والے تقلید کرینگے اس طرح آپ کی بدولت ایک غلط چیز زبان میں نشر پائے گی۔ سچ بتائیے کہ یہ آپ نے زبان کی خدمت کی اور اس کو سنوارا یا درحقیقت اس کو تباہ و برباد کیا (۳) صاحب مضمون بھی اپنی غلطی پر متنبہ نہوا اور آئندہ اس سے زیادہ اغلاط کا ارتکاب کرے گا ابھی تو اس کا ایک ہی مضمون اور ایک ہی نظم شائع ہوئی ہے جس کی اشاعت کے قبل وہ یقیناً کسی قدر جھجکتا بھی ہوگا لیکن آپ کی مہر تصدیق کے بعد اب وہ بالکل مطمئن ہے اور اب قریب قریب ہر اخبار اور رسالے میں اس کی "رنگینیٔ تیتری" والی نظم اور "عریان بہکارنی والا افسانہ ضرور نظر آئیگا اور چار ہی دن میں رقاصہ تیتری اور ننگی بھکارنی" زبان کے فصیح الفاظ میں شامل ہو جائیں گے۔ (۴) اور ایسی حالت میں جبکہ آپ نے خود بھی اپنے پرچہ میں اسی قسم کے مضامین بغیر انتخاب شائع فرمائے ہیں تو پھر آپ کو نقد و تبصرہ میں بھی کوئی حق اعتراض کا دوسروں پر نہیں رہتا۔ اور بلا واسطہ بجائے تعمیر زبان کے تخریب زبان کی ذمہ داری خود آپ ہی پر عائد ہوتی ہے۔ (۵) اگرچہ اس مسئلہ کا حل کہ کیونکر اصلاح کیجائے اور الفاظ و اصطلاحات جدیدہ میں کون کون الفاظ و محاورات زبان کے لئے قابل قبول و لائق تقلید ہیں اور کون کون قابل ترک ہیں مشکل ہے مگر شاید اس کے تسلیم کرنے میں آپ کو بھی عذر نہ ہوگا کہ اسی مسئلہ پر زبان کی بنیاد اور مستقبل کا دار و مدار ہے۔ (۶) یہ جو روزمرہ قلم و نشر کے سلسلہ میں صوت غیر مانوس۔ اجنبی۔ متعدد۔ معرب۔ مجہول النسب۔ مجہول الحال غیر لغوی۔ غیر اصطلاحی۔ غلط سلط الفاظ آپ کے ملاحظہ سے گزرتے رہتے ہیں کیا آپ کی رائے میں اردو کے لئے قابل قبول ہیں۔ نہیں اور کبھی نہیں جب یہ مسلم ہے تو آج تک آپ نے کونسا لائحہ عمل اس سیلاب بلا کے روکنے کے واسطے تجویز کیا خاموش خدمت جو انفرادی طور سے انجام دی جا سکتی تھی وہ تو انتخاب اور نقد و تبصرہ کی صورت میں تھی اور ہو سکتی تھی جو کسی قدر آپ کی ذمہ داری کو ہلکا ضرور کر دیتی لیکن اگر آپ نے یہ خدمت بھی انجام نہیں دی تو پھر یہ کہنا مشکل ہوگا کہ آپ بہی خواہ اردو ہیں اور اردو کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ (۷) میرے محترم معاصرین تھوڑی دیر کے لئے انصاف کی روشنی میں دماغ اور عقل سے کام لیجئے اور میری گستاخیوں کو معاف کر دیجئے اگر میری التماس صحیح اور حقیقت پر مبنی ہے تو آئیے ہم آپ ملکر معاصرانہ ذہنیت کے ساتھ ایک لکارآمد برادری قائم کریں اور ایک مناسب لائحہ عمل تجویز کریں پھر اس پر عمل کرنے کے لئے ملک بھر کے ارباب قلم کو دعوت دیں سب سے بہتر صورت تو یہ تھی کہ سب ایک مقام پر جمع ہو کر اس کا فیصلہ کرتے مگر ہر شخص عدیم الفرصت ہے اور یہ صورت کسی قدر مشکل ہے۔ لہٰذا آسان صورت یہ ہے کہ میرے اس تجویز پر تمام مدیران اخبار و رسائل غور فرمائیں اور مناسب ترمیم و تنقیح کے بعد ایک نقطہ پر متحد ہو جائیں۔

میری تجویز یہ ہے کہ ابھی صرف ایک جماعت اخبار و رسائل کے مدیران سے منتخب کیجائے جو زبان کے جدید اور مخترع الفاظ کے جائز الاستعمال و ناجائز الاستعمال ہونے کا قطعی فیصلہ کرتی رہے اور اس پر عمل یوں کیا جائے کہ پھر وہ الفاظ خواہ کسی سربرآوردہ شخص ہی کے مضمون میں کیوں نہ ہوں شائع نہ ہو سکیں۔ اور ہر مدیر اپنے اختیارات امتیازی سے اس کو نکالدے۔ اور ہر پرچہ ان الفاظ کی ایک فہرست یعنی جو قابل قبول ہیں یا قابل ترک اپنے رسائل و اخبار میں شائع کرتا رہے تھوڑے عرصہ تک یہ صورت ملک میں ضرور قابل اعتراض و نکتہ چینی رہے گی لیکن بعد میں تمام ارباب قلم اس جماعت کا احترام کرنے پر مجبور ہوں گے اور خود بھی اس میں شرکت کی تمنا کریں گے۔

پہلے ایک فہرست مرتب کیجائے پھر اس میں بلا خوف تردید ایمانداری سے ایک معقول جماعت کا انتخاب کر لیا جائے اور ان سے استدعا کیجائے۔ میری رائے سے بہتر اگر اور کوئی صورت نکلے تو میں اس کو بسر و چشم منظور کیجائے تاکہ نتیجہ خیز اور اصول پر مبنی ہو — ورنہ انفرادی حیثیت تو کسی طرح کامیاب نہیں ہو سکتی۔

(خاص)

حسن سیرت اور عشق صادق

(جناب سراج الحسن صاحب سراج صادق الاخباری مبر لکھنؤ)

حسن کی تصویر کا ایک یکسر رخ ہے لاجواب بیشک ہے یہ لیکن تو قف کر نگاہ انتخاب

دیکھ ابھی آئینہ حیرت نہ بن دل کی طرح ؛ اس نگینے کو پرکھنا چاہئے اچھی طرح
قد آدم ایک آئینہ ہے تیرے سامنے ؛ دیکھ تو یہ کونسی دنیا ہے تیرے سامنے

(۲)

کوندتی ہے حسن کی بجلی جہاں تابی ہے پلک ؛ نرگسی آنکھوں میں ہے روشن ستارہ کی چمک
دانت ہیرے کے کنکینے میں کہ موتی کی لڑی ؛ لب میں نازک یا گلابی پھول کی آبھکھڑی
بجلیوں کی لہر ہے موج تبسم میں نہاں ؛ سیکڑوں مفہوم ہیں اک جنبش لب سے عیاں
ہر ادا دلچسپ ہر انداز دل آویز ہے ؛ شرم میں ڈوبی ہر نگہ آفت قیامت خیز ہے
آخر عشق دیکھا نہیں جاتا ہے ظالم حسن کا ؛ ہے جوانی باڑھ پر ہے رنگ بھی نکھرا ہوا

(۳)

یہ تو سب سچ ہے مگر چار دن کی ہے بہار ؛ بے مہک یہ پھول ہیں یہ رنگ ہے ناپائیدار
بوالہوس ہے وہ جو ان رنگینیوں پر جان دے ؛ بندگی میں ان بتوں کی مفت میں ایمان دے
چار دن کی چاندنی ہے حسن ظاہر کا فریب ؛ دل پہ قابو رکھ نہ توڑ آئینہ صبر و شکیب
ایسے عاشق کی محبت کا نہیں کچھ اعتبار ؛ جس کی الفت کا ہوا ان دلچسپیوں پر انحصار
حسن ظاہری ہی فقط مرکز محبت کا نہیں ؛ عشق کی توہین ہے یہ طور الفت کا نہیں

(۴)

وقت جب گزرے گا بدلے گی زمانہ کی ہوا ؛ رنگ بھی روغن بھی سب اڑ جائیگا تصویر کا
روغن جب وقت ہو گا حیرت انگیز انقلاب ؛ جب تجھے معلوم ہو گا تھا یہ پانی یا سراب
حسن کے گلزار میں جسدن خزاں آجائیگی ؛ ساری الفت ساری دلچسپی فنا ہو جائیگی
بوالہوس کیا ہو گا پھر تیری محبت کا کمال ؛ سیکڑوں پڑ جائیں گے آئینۂ الفت میں بال

(۵)

محبوبۂ آفاقی میرا پیام الفت بھی تو دیکھ ؛ حسن صورت دیکھتا ہے حسن سیرت بھی تو دیکھ
ہے مگر اک شرط یہ بھی عشق صادق چاہئے ؛ شیشۂ اس تصویر دلکش کی موافق چاہئے
وہ محبت کیا ہے جو اک عالم پر قابو نہ چلے ؛ کچھ نہیں کس کام کا وہ کیف جو دائم نہیں

(خاص)

مخزن

کہسار کی دو تصویریں

(جناب حفیظ جالندھری ایڈیٹر مخزن، لاہور)

کس قدر ہنگامہ پرور ہے سکوت کوہسار ۔ کارپردازانِ قدرت ہیں یہاں مصروف کار
فرحتوں پر فرحتیں ہیں بستیوں پر بستیاں ۔ اس طرح آباد ہیں نورانیوں کی بستیاں
اک بڑے قانون کی تعمیل ہوتی ہے یہاں ۔ قسمت آب و ہوا تبدیل ہوتی ہے یہاں
گوشے گوشے میں ہیں قائم کارخانے ابر کے ۔ بن رہے ہیں تن رہے ہیں شامیانے ابر کے
وقت بیچارہ یہاں پابند ہے مجبور ہے ۔ اس مشقت گاہ کا ادنیٰ سا اک مزدور ہے
آسماں گردش میں ہیں دو کام کرنے کے لئے ۔ صبح کرنے کے لئے یا شام کرنے کے لئے

(صبح)

صبح کا یہ فرض ہے معمول پر آیا کرے ۔ جس قدر سونا فراہم ہو سکے لایا کرے
لے کے آتی ہے زر خالص کی کانیں ہر بحر ۔ ڈالکے رکھ دیتی ہے سونے کی چٹانیں شرق پر
کیمیا ساز ان چرخ اٹھتے ہیں اپنے کام کو ۔ آگ کی بھٹی میں رکھتے ہیں طلائے خام کو
دفعتاً شعلے نظر آتے ہیں یا رنگیں دھوئیں ۔ چوٹیاں مشرق کی ہو جاتی ہیں آتش فشاں
دیکھتے ہی دیکھتے ہوتا ہے سونے کا یہاں ۔ کوئی شے گھلی ہوئی کچھ قرمزی کچھ لال لال
حکم یہ ہے اس میں جو ناقص ہے چھن جایا کرے ۔ اور باقی اک طلسمی گنبد بن جایا کرے

بعض چابکدست شاگرد ان استادِ اول کے کرتے ہیں اس گنبد میں نیرنگ پھر یہ کیا عمل
اب پہاڑوں سے ابھرتا ہے یہ بقعہ نور کا ۔ یہ حسن خود کرتا ہے نظارا قریب و دور کا
کارگہ کا جائزہ لیتے ہیں اٹھکر نور بافت ۔ ذرے ذرے پر چڑھا دیتے ہیں نورانی غلاف
یہ طلسمی گنبد برساتی ہے ناز آمیز نور ۔ زندگی کی گرم بازاری کا ہوتا ہے ظہور

(شام)

رفتہ رفتہ سرخیوں پر چھا گیا کالا غبار ۔ مٹ گیا رنگ شفق مرجھا گیا یہ لالہ زار
نور کے ذریں ایوانوں میں تالے پڑ گئے ۔ ارغوانی بدلیوں کے رنگ کالے پڑ گئے
شام آئی ہے سکوں کا جال پھیلائے ہوئے ۔ ساحرہ بیٹھی ہے کالے بال بکھرائے ہوئے
بے زباں خاموشیاں جاگیں صدائیں سو گئیں ۔ شور شیں چپ ہو گئیں خاموشیوں کو گھو گئیں
کوہ پر ظلمات کی پریوں نے پر پھیلا دئے ۔ ہر طرف تاریک دامن کھول کر پھیلا دئے
ایک پراسرار خاموشی فضا میں بس گئی ۔ اک سبک رفتار خاموشی ہوا میں بس گئی
جھاڑیاں کالی ردائیں اوڑھ کر چپ ہو گئیں ۔ بند کلیاں اپنی خوشبو سے لپٹ کر سو گئیں
اسطرح اونچے پہاڑوں میں گڑی ہیں داوداں ۔ جسطرح دیووں کے گھر میں قید ہوں شہزادیاں
منظر کہسار پر اسدم یہ ہوتا ہے گماں ۔ اونٹ ہیں بیٹھے ہوئے اترا ہوا ہے کارواں
یا گھٹائیں ہیں کہ اطلس سرد ہو کر جم گئیں ۔ یا در یا پھر آندھیاں ہیں چلتے چلتے تھم گئیں
یا کنار چرخ خاموش ہیں اشجار سرسبز کے ۔ خیمہ بوسیدہ میں پیوند ہیں بانات کے

(خاص)

مرقع

اسرار محبت

(جناب مقبول حسین صاحب وسیم بلگرامی ایڈیٹر "مرقع" لکھنؤ)

ہائے جوانی دیوانی کیسی ظالم ہوتی ہے
جاکر دکھ دیجاتی ہے آکر کانٹے بوتی ہے

شمع شام فرقت کو دیکھ کے حسرت ہوتی ہے
میں رونے سے عاجز ہوں اور شب بھر روتی ہے

پھول کسی پر ہنستے ہیں اور شمع کسی پر روتی ہے
ہائے عجب شے عالم ہستی قبر کی منزل ہوتی ہے

آب نرالی رکھتا ہے دانہ دانہ اشکوں کا
راز ابھی یہ مخفی ہے پتھر ہے یا موتی ہے

چشم حقیقت پیدا کر پھر دنیا پر ڈال نظر
ہر صحرا میں گلبن ہے، ہر دریا میں موتی ہے

بلبل خوش گل خنداں، باغ میں ہے در عشرت
شبنم نے کیا دیکھا ہے تا بہ سحر کیوں روتی ہے

جس عالم میں عاشق ہے بالا ہے وہ دونوں سے
مرنا کس کو کہتے ہیں، ہستی کیسی ہوتی ہے

عشق کے دو سرمائے ہیں چشم پرنم، اشک غم
موتیوں کا وہ دریا ہے یہ دریا کا موتی ہے

اپنی اپنی قسمت سے سب عاجز ہیں دنیا میں
عشق کی دنیا روتی ہے حسن کی دنیا سوتی ہے

قبر پہ ناحق روتے ہو یاد عہد ماضی میں
اب چونکے ہو غفلت سے جب میری قسمت سوتی ہے

دامن کیا چھوئے گا ہاتھ سے خون بلبل کے
ناحق شبنم راتوں کو رنگ وفا تو دھوتی ہے

کہنہ حقیقت پالینا ہوش میں رہ کر ناممکن
کھوتا ہوں تو ملتی ہے ملتا ہوں تو کھوتی ہے

میری تمہاری حالت میں فرق اتنا ہے غور کرو
تم پر دنیا ہنستی ہے مجھکو دنیا روتی ہے

شبنم تیرے آنسو کو اشک سے میرے کیا نسبت
قطرہ پر بھی قطرہ ہے موتی پر بھی موتی ہے

وسیم جو کل تک ساتھی تھے آج وہ اپنے دشمن ہیں
دنیا اس کو کہتے ہیں دنیا ایسی ہوتی ہے

(خاص)

مُبلغ

مسلمان کیوں تباہ ہو رہے ہیں

[جناب مولوی سید علی داور صاحب ایڈیٹر رسالہ "مبلغ" لکھنؤ]

یہ ایک سوال ہے جو آج اقوام عالم کی ہر فرد کی زبان پر ہے اور وہ لوگ جو در در قومی رہ گئے ہوئے اسلام دوست ہیں اسباب نزول دریافت کر رہے ہیں۔ لیکن افسوس اس کا ہے کہ جب کوئی سبب بتایا جاتا ہے تو سید ان عمل میں ایک بھی نہیں آتا، اور ورق سادہ رہتا ہے۔

اسلام کا سب سے بہترین جو مسلمانوں کی ترقی کے صدہا راز لئے ہوئے تھا "اتحاد" تھا جس کی صورت دیکھنے کو آنکھیں ترس گئیں۔ ہی مسلمانوں کی ترقی کا سیارہ رشتہ وار تھا کا آلہ تھا، جسکو ہم نے ایسا بھلایا، کہ کبھی اس کی سمت توجہ نہیں کرتے۔ حالانکہ یہ اپنی جگہ طے ہے، لہ دنیا میں متحد رہنے والی قومیں معراج کمال پر پہونچکر ہم سے آگے بڑھ گئی ہیں، لیکن ہمارے پیروؤں میں تفاخل کی بیڑیاں ایسی پڑی ہوئی ہیں کہ آگے قدم بڑھنے وانام نہیں جانتے۔ نظام عالم اسی اتحاد پر موقوف ہے پودے سب خوشنما ہیں مگر چمن جب ہی کہا جاتا ہے جب بیلا چنبیلی، گلاب ایک کیاری میں ہوں، اور شمیم سے شانہ کو ممنون احسان بنائیں۔ پھول جتنے ہیں، اُن کی بھینی بھینی خوشبو دماغ کو معطر کرتی ہے، مگر گلدستہ اسی وقت ہوگا جب ایک دوسرے سے منسلک کئے جائیں۔ کوئی عمارت بن کر کبھی تیار نہیں ہوئی، جب تک ایک خشت دوسری خشت کے پہلو میں جگہ نہ پائے۔ اسلام کے افراد کسی ایک نقطۂ خیال پر قائم ہونے سے جسے رشد و نما اور روز مسرت دیکھنے سے محروم ہیں ان کا بگھرا ہوا شیرازہ تاوقتیکہ اجتماعی شکل اختیار نہ کرے نظروں کو اپنی جانب جذب نہیں کر سکتا۔ اور اسلام کا موجودہ قصر اتفاق نہ ہونیکی وجہ سے اپنی بنیاد پر قائم نہ ہو کر متزلزل ہے مسلمانو اس عمارت کو منہدم ہونے سے بچاؤ اور شیر و شکر ہو کر ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاؤ تمہارے اسلام اور بانی اسلام نے یہی سبق دیا تھا جس کو تم نے بھلا دیا۔ اگر اتفاق کا جوہر تم میں پیدا ہو گیا۔ تو پستی کا منہ سیاہ کبھی سامنے نہ آئیگا۔ اب بھی خواب غفلت سے چونکو۔ اور مذہب کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو بچاؤ۔

(خاص)

مشرق

غزل

[جناب حکیم برجمن صاحب مرحوم ایڈیٹر اخبار "مشرق" گورکھپور]

کان نازک ہیں مرے گلفام کے — بالیاں پتے ہوں ہلکے کام کے
اب تو صورت دیکھ کر میری حسین — بیٹھ جاتے ہیں کلیجا تھام کے
غیر کی ناکامیاں تھیں جس قدر — آگئیں حصے میں مجھ ناکام کے
میری صورت دیکھ کر تم نزع میں — خیر ہے! کیوں چلدیئے دل تھام کے
رفتہ رفتہ دل کو تسکیں ہوگئی — کام آئی یاس مجھ ناکام کے
قاصدوں کو گالیاں دے کر کہا — مستحق تم ہو اسی انعام کے
قبر میں جی بھر کے برہم سوئیے — تھے بہت ترسے ہوئے آرام کے

(خاص)

موٹر کار

غزل

[جناب خیر پوروی سابق اسسٹنٹ ایڈیٹر اخبار "مشرق" و رسالہ "موٹر کار" گورکھپور]

اسے اُڑ کے لینا ہے دامن کسی کا — کرے خاک ادب خاک مدفن کسی کا
بڑھی ہے بہت برق کی بیقراری — ہے مدنظر کیا نشیمن کسی کا
رہیگا نہ یہ دُہرے آنچل سے دب کر — بُری طرح اُبھرا ہے جوبن کسی کا
شباب آکے برپا کریگا قیامت — کہ ہے آفت جاں لڑکپن کسی کا
انھیں چین سے شب کو سونے نہ دیگا — یہ نالہ کسی کا یہ شیون کسی کا
اٹھائیگا محشر میں شر خیر کیا کیا — جو ہاتھ آگیا اس کے دامن کسی کا

(خاص)

مستانہ جوگی

گانا سننے والے جانور

(جناب صوفی بشمبھی پرشاد صاحب ایڈیٹر رسالہ مستانہ جوگی لاہور)

راگ اور گانے کا نہ صرف حضرت انسان ہی مشتاق ہے۔ بلکہ جانور اور پرندے بھی گانے کو بڑے شوق سے سنتے ہیں۔ تھوڑا عرصہ ہوا لندن کے چڑیا گھر میں چند تجربات کئے گئے تھے۔ گویوں کا ایک گروہ اپنے آواز اور ساز بجاتا ہوا ہر ایک خانے کے قریب جاتا تھا۔ مختلف جانوروں پر گانے کا مختلف اثر ہوتا تھا مثلاً گینڈا بالکل گانے کی طرف دھیان نہیں دیتا تھا۔ خواہ کوئی سی سُر نکالی جائے۔ شیر ہر ایک راگ کو نہایت شوق سے سنتے تھے۔ خواہ وہ اپنی کھیل میں کس قدر مشغول ہوتے گانا سننے کے لئے وہ کھیل کو ضرور بند کر دیتے تھے۔ گیدڑ جب ساز کی آواز کو سنتے تھے تو وہ آسمان کی طرف کر کے زور سے چیخ لگاتے تھے۔ جب کوئی غم پیدا کرنے والا راگ چیتے کو سنایا جاتا تھا تو وہ غم محسوس کرتا تھا اور جب خوشی کا راگ سنایا جاتا تھا تو وہ خوش ہوتا تھا۔

پانی کے ذخیرے کے پاس جب ساز بجائے گئے تو مچھلیاں پانی کی سطح پر آ گئے۔ حتیٰ کہ جزیرے کے تمام جانور کناروں کے نزدیک آ گئے اور سر باہر نکال کر آواز کو سننے میں محو ہو گئے۔ کیکڑے مثلاً بچھو اور مکڑیاں بھی راگ کی طرف رجوع ہوتی تھیں۔ تمام پرندے راگ کی طرف دھیان نہیں دیتے تھے بلکہ راگ سے تکالیف محسوس کرتے تھے۔

اصلی امر یہ ہے کہ جو لوگ ایک گروہ کو پسند ہوتا ہے وہ دوسروں کو پسند نہیں آتا۔ مثلاً جب بجلی کی مشین چل رہی ہو تو مذکر مجھ اس آواز سن کر اس کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ شاید وہ انجن کی آواز کو مونث مچھر کی آواز سمجھ کر اس کے نزدیک آتے ہیں۔ اور انجن پر بیٹھ کر شہید ہو جاتے ہیں۔

مکڑیاں راگ کو بہت پسند کرتی ہیں۔ کئی سازوں کی آوازیں انھیں ایسی پسند آتی ہیں کہ وہ اپنی چھپنے والی جگہوں سے باہر نکل کر زمین پر ناچنے لگتی ہیں۔ ایک بار کا ذکر ہے کہ ایک قیدی اپنی تنہائی سے تنگ آ گیا۔ آخر کار وہ گا گا کر اپنا دل خوش کرنے لگا جیل میں ایک مکڑی بھی اس کا گانا سنا کرتی تھی۔ جب وہ قیدی گاتا تو مکڑی اس کے پاس آ کر بیٹھ جاتی۔ آخر کار جیل کے داروغہ کو یہ حال معلوم ہوا اس نے قیدی کو کہا کہ مجھے بھی یہ تماشہ دکھایا جائے۔ جب کاسۂ پرست ہونے والی مکڑی قیدی کے نزدیک آئی تو داروغہ نے اسے پاؤں سے کچل دیا۔

اس میں بالکل شک نہیں ہے کہ بعض جانوروں پر راگ سے وجد کی حالت طاری ہو جاتی ہے۔ بعض مقدس کتابوں کی کہانیاں انھیں بنیادوں پر لکھی گئی ہیں۔ مثلاً مقدس پرانوں میں کئی جگہ جانوروں کا راگ کے ذریعہ مست ہو جانا لکھا ہے عام لوگ جانتے ہیں کہ سانپ بین پر مست ہو جاتے ہیں اور مداری اس قسم کا تماشا بھی دکھاتے ہیں۔ لیکن سائنسدانوں نے معلوم کیا ہے کہ کسی قسم کا کوئی سانپ بھی راگ کا شوقین نہیں ہوتا۔ سانپ بہرا

[بقیہ صفحہ ۷۹۰ پر ملاحظہ کیجئے]

مشاعرہ

صہبائے ہند کے چند جام

(جناب سید ظہیر الدین احمد علوی۔ ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی۔ وکیل و مدیر اعزازی رسالہ شاعر فرخ آباد)

اردو دنیائے صحافت میں اُردو کے شعرائے گذشتہ اکثر زندہ نظر آتے ہیں اور اردو شاعری کو بسا اوقات مختلف حیثیتوں سے نمایاں کیا جاتا ہے۔ لیکن افسوس کہ ملک کی قدیم ترین زبان بھاشا اور اس کے سخن گو حضرات کے تذکروں کی صدائیں اس فضا میں کبھی منت کش گوش نہیں ہوتیں۔ درحقیقت یہ عام بدمذاقی اردو اہل قلم کے دامن معلومات و قدر دانی پر ایک بدنما داغ ہے اگر حضرت نیاز فتحپوری مدیر "نگار" لکھنؤ کی جذبات بھاشا عالم وجود میں نہ آئی ہوتی اور بعض اہل نظر سے ضمناً شعر و شعرائے بھاشا کا ذکر اپنی مؤقر تصانیف میں نہ کیا ہوتا تو اردو عالم تصنیف و تالیف ان جواہر پاروں سے مفلس محض اور اردو پبلک بھاشا کی ایک سرسری جھلک سے بھی قطعی محروم رہ جاتی۔

شاید۔ اسی عام عدم توجہی کا باعث ہے کہ ہماری شاعری یا تو عرب و فارس کی ملکی خصوصیات سے لبریز رہی یا یورپین چاشنی سے ہمکنار ہو کر اب ترقی یافتہ کہلانے لگی ہے حالانکہ اگر قدیم ملکی اجزائے ٹٹولے جاتے تو طرز ادا تشبیہات۔ تلمیحات اور استعارات کا اسقدر زبردست دیسی سرمایہ ہاتھ آجاتا کہ ہمیں پدیشی ساز و سامان سے نگار اردو کی آرائش و زیبائش کی ضرورت ہی پیش نہ آئی اور مغربی نمائندوں و خلاف مذاق کیفیات کی پیروی کئے بغیر ہم اپنی شاعری کو اس پایہ پر پہونچا دیتے کہ جو آج شیکسپیر۔ ملٹن۔ ہائی موٹر۔ گوئٹے اور شیلے وغیرہ ہی کی خوشہ چینی کے بعد بھی میسر نہیں۔

میرا یہ مقصد نہیں ہے کہ اردو شاعری ملکی خصوصیات سے قطعی معرا اور ممالک خارجہ کی ادبی کیفیات کا ایک خوشگوار مرکب ہے۔ کیونکہ اس میں جابجا ملکی آثار و علامات پائے جاتے ہیں اور بیرونی خیالات دیسی سانچہ میں ڈھلکر مانوس ہو گئے ہیں۔ تاہم ملکی شاعری کی کیفیات کو اردو میں حل کرنے کے سلسلہ میں سواد اعظم اردو کو دخل نہیں بلکہ یہ چند اُن قدیم مسلم شعراء کی مختتوں کا طفیل ہے جنھوں نے بھاشا میں استادانہ شان پیدا کی۔ یا چند اُن قدیم ہندو شعرا، فارسی کی جگر کاویوں کا صدقہ جنھوں نے فارس کے درخت میں ہندی قلم لگائی تھی۔ عالم طور پر کبھی اس طرف توجہ خاص سے کام نہیں لیا گیا۔

کاش اردو دنیا نے ملکی چند در چند پراکرتوں (مثلاً بنگالی مرہٹی۔ اوڑیا تامل۔ تلنگی اور مارواڑی وغیرہ) میں سے صرف قدیم ترقی یافتہ زبان برج بھاشا ہی کو بنگاہ غائر مطالعہ کیا ہوتا تو وہ فرسودہ خیالات اور پامال مضامین کے نئے نئے قالبوں میں ڈھالنے اور اسی قسم کی دوسری جدت طرازیوں کے بجائے بیشمار نئے خیالات انوکھے مضامین۔ نئے طرز ادا اچھوتی تشبیہوں۔ جدید استعاروں اور رنگارنگ جدتوں سے اردو شاعری کو مالا مال کر کے برادران وطن کے لئے ایک ایسی وجہ مشترک پیدا کر چکی ہوتی جو اُن کی نظر میں اردو کو اس قدر نہ کھٹکنے دیتی۔

اس کمی اور کوتاہی پر جس قدر خامہ فرسائی کیجائے کم ہے۔ اس لئے صرف اسی اشارہ پر اکتفا کرتے ہوئے میں اولا بھاشا کی مختصر خصوصیات شاعری نذر ناظرین کرتا ہوں اور اُس کے بعد صہبائے بھاشا کے چند پرکیف جام۔

خصوصیات بھاشا (۱) بھاشا میں عربی طور پر عورت مرد سے اور مرد عورت سے اظہار عشق کرتا ہے اور عموماً عشق جائز یعنی میاں بی بی سے اور بی بی میاں سے۔ اس زبان میں اردو فارسی کیطرح ضمائر کا مصلحتی استعمال اور طرز ادا سامعین کو امرد پرستی کے مغالطہ میں نہیں ڈالتا۔

(۲) تخاطب عورت کی جانب سے ہوتا ہے۔

(۳) سلامت۔ سادگی۔ لوچ اور ترنم کی حیثیت سے یہ زبان روح تغزل ہے۔

(۴) اس زبان کی تشبیہات باوجود ندرت کے عام فہم ملکی محسوسات کے مطابق اور ایسی ہوتی ہیں کہ سامع کا ذہن بآسانی کے ساتھ اُن کی طرف منتقل ہو جائے۔ نہ بعض ہمارے شعراء اور شعراء فارس کی طرح کہ اُن کی تشبیہیں اور استعارے اپنی غرابت میں اس قدر بلند اور برتر ہوتے ہیں کہ سننے والا کرتے کرتے اپنا پلیوں خون خشک کر دے اور نتیجہ میں کوہ کندن و کاہ برون کے سوا ہیچ۔ بعض اوقات اتنی بھی لذت ہاتھ نہیں آتی جو عالم فکر میں جلے ہوئے خون کی کمی کو اپنی دلخوش کن مسرتوں سے پورا کر دے۔

(۵) حسن انداز بیان کی بدولت یہ زبان دستاویز نا پذیر ہے۔ اس کا ہر بیان میں ایک بات پیدا کر دیتا ہے۔ اگر وہ پپیہے کو فی المثل "پپیہا" کہئے تب بھی اُس میں ایک ایسی ادا ضرور ہوگی کہ دل لوٹ جائے گا۔

(۶) اس کی شاعری دائرۂ فطرت سے بال برابر بھی متجاوز نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تیر تاثیر آئینہ تمدن اور جام جہاں نما بند ہے

[نوٹ۔ مجھے خصوصیات بھاشا قلمبند کرنے کے ذیل میں آپ بیتا آزاد اور جذبات بھاشا نیاز فتحپوری سے استفادہ کرنیکا اقرار ہے]

جام اول (جذباتِ قلب)

(دوہا)

پیا آیو نو بال تن باڑھیو ہرش بلاس نیہ رتھم۔ بارہ دن اٹھے جیہ لو تو کامنا سا

ترجمہ۔ شوہر کے آنے پر اُس عروس دوشیزہ کے جسم میں جذبۂ وصل اس طرح جوش زن ہوا جیسے پہلی بارش کے قطروں سے تپتی ہوئی زمین میں (ذاتِ روح) خوشبو (اُمنگ) نا شروع ہوتی ہیں)

کتنا کیف آور خیال اور جذبات قلبی کی کتنی سچی تصویر ہے جیون بسیوشی سوہاگ کیسی فطری اور بے تکلف تشبیہ ہے۔

جام دوم (فطری حسن نیوڈی اور شباب کا عالم)

کبت

انجن دے نکسے نت سنہینن ۔ ؛ منجن کے ات رنگ سنوارے
روپ گمان بھری مگ میں ؛ پگ ہی کے انگوٹھا انو سوارے
جوبن کے مدسے متی رام ؛ بھی دمتوارن لوگ نہارے
جانت چلی یہ بہانت گلی ؛ بہتری الکن انچرانہ سنوارے

ترجمہ۔ مرگیں آنکھوں میں ہمیشہ سرمہ استعمال کرنے والی ہر عضو بدن کو سادے ہوئے فسل کی خرمن سے۔ وہ مخمور حسن حسینہ راستہ میں انگوٹھے کی انوٹھوں سے سنوارنے کے بہانے سے جا بجا جھکتی ہوئی صبہائے شباب سے سرمست متوالوں کی طرح گلیوں میں ادھر اُدھر جھومتی جھامتی چلی جا رہی ہے جس کے کھلے ہوئے بال (کندھوں پر پڑے ہوئے ہیں) اور سینہ سے انچل سرکا ہوا ہے (اُسے اسکے سنبھالنے کا بھی خیال نہیں)

(بقیہ صفحہ ۸۰ پر دیکھئے)

معیار

شراب

[السان القوم جناب مولانا سید علی نقی صاحب رکن ادارت "معیار" لکھنؤ]

محفل ہے گرم، وعظ ہے ترکِ شراب پر — برسیگا آج ابرِ قلم آفتاب پر
رندانِ پاکباز کی محفل ہی اور ہے — ساقی کا اس میں دخل، نہ ساغر کا دور ہے
ہیں عقل کے مرید، عقیدت اسی کی ہے — کھنچے ہوئے ہیں پیرِ مغاں سے ہاتھ لگتی ہے آگ، بادۂ احمر کو دیکھکر — آنکھوں میں خون اترتا ہے ساغر کو دیکھکر
انگور کے سڑے ہوئے شیرے کو یہ مزاج — کھنچتا ہے اور بڑھتے ہیں جب بستا اعتیاج
خود بیگسار، اگر نہ کریں گلگساریاں — مل جائیں خاک میں ابھی کل آبکاریاں
یہ آبِ شر ہے، جسکو سمجھتے ہو تم شراب — بے شبہ ہے وہ بشر، جو کرے اس سے اجتناب
کیوں مُنہ لگائے عقل سے جب اس سے بَیر ہے — انسان اس کے شر سے بچے، یہ بجز ہے
جو چیز آدمی کو بناتی ہو جانور — از روئے عقل ہے، وہ نہایت ہی پُرخطر
طاؤس کے بھی اس میں ہیں، بندر کے بھی خواص — کچھ شیر، کچھ سُور کے، خصائل ہیں اقتباص
پی کر شراب ہوتی ہے جب نشہ کی ترنگ — طاؤس کی بہار، دکھاتا ہے رُخ کا رنگ
بڑھ جاتی ہیں جب اور ڈرامے کی برکتیں — انسان کرنے لگتا ہے بندر کی حرکتیں
بدمستیوں سے ہوتی ہے جسوقت عقل زیر — مُنھ بھلا کے بادہ خوار چھپتا ہے مثلِ شیر
پھر مستی خمار کا ہوتا ہے خود شکار — مانندِ خوک بدنفسی لب سے آٹھکار
مست و خراب ہو کے لگاتا ہے جب یہ لوٹ — قے میں لتھڑ کے بنتا ہے ناپاکیوں کی پوٹ
رہتا نہیں غریب کو پھر تن بدن کا ہوش — سنہ تکتے جائیں، صورتِ تصویر بے خموش
اک نشہ شراب میں گویا ہیں چار رنگ — میکش بدلتا رہتا ہے بے اختیار رنگ
المختصر یہ ہیں برکاتِ خواص نے — زردے کے دیدہ جو خریدے وہ کون ہے؟
ویسی شراب ہو کہ شراب ولایتی — دونوں، مضرِ صحت و اخلاق ہیں صفی

جس آبِ تلخ سے ہو عیاں زہر کا اثر — کیونکر نہ ہو وہ مہلکِ دماغ و دل و جگر
خانہ خراب شے، کہ سمجھتے ہو جس کو تم — سرچشمہ بے حیائی و دیوانگی کا ہے
ہے بعض بعض شیشیں پسندوں کا یہ خیال — نافع ہے، پیئیں اگر اس کو باعتدال
لیکن یہ محض جوشِ خیالاتِ خام ہے — پینے میں اعتدال! اسی میں کلام ہے
وہ بادہ عنب ہو کہ ہو بادۂ مویز — پی کر پھر اعتدال کی رہتی نہیں تمیز
پینا شراب کا کوئی فرزانگی نہیں — کیا ہے زوالِ عقل جو دیوانگی نہیں
رُسوا ہر ایک مذہب و ملت میں ہے شراب — عقلاً بھی ہے خراب، نقلاً بھی یہ خراب
مشہور تھا کہ جنگ میں دیتی ہے مدد یورپ کے واقعات نے اسکی بھی کی رد
انگور کیا بُرے ہیں، انھیں کیوں نہ کھائیے؟ — پی لیجئے نچوڑ کے رس، کیوں سڑائیے
ہر چیز جب وہ ہو مستعفن، خراب ہے — سونگھو خمیرِ خمر کو کیا جواب ہے؟
ہے گندہ مادے سے ناپاک کی کشید — اس کا عوق ہو پاک، یہ منطق بھی ہے جدید
جب اس کے مادے میں عفونت بھی بھری ہے — خالی حرام ہی یہ نہیں ہے، نجس بھی ہے
اُمّ الخبائث، اس کا لقب ہے اسی لئے — ناپاک ہے، مُضر ہے، نہ کوئی اسے پیئے
مے کی مضرتوں سے بچیں تاکہ خاص و عام — کردی گئی شریعتِ اسلام میں حرام
ہیں جملہ مسکرات، کم و بیش اسی طرح — جائز نہیں ہے اُن کا تصرف کسی طرح
انسان کو اکل و شرب میں لازم ہے احتیاط — دے رنج و الم نہ کہیں عارضی نشاط
رکھے جو شغلِ ورزش و پرہیز آدمی — ہرگز نہ ہو گی عمر طبیعی میں پھر کمی
آب و غذائے سادہ پہ کرتے ہیں جو بسر — آسودہ، تندرست، وہ رہتے ہیں عمر بھر
لیکن اگر کسی کی چٹوری ہوئی زباں — دولت کا بھی زیاں ہو، صحت کا بھی زیاں
پرہیزگار ایک ہو، اک رند بولہوس — وہ سو برس جئیگا، تو یہ ساٹھ ہی برس
دعوت کی میز، بس یہ غذائیں ہوں خشک و تر — بیماریوں کا گھر ہے، نہ جاؤ کبھی اُدھر
ہر جانور کی ایک غذا، اور اسی میں مست — ذاتِ شریف حضرتِ انسان ہے کم پرست

ماہی و مرغ پر زنِ بقولات پر یہ بند — کھا جائیں کل چرند اڑا جائیں سب پرند
ہر چیز نوشِ جاں انھیں ہوتی ہیں کب پیر — حتّٰی کہ چھوڑتے نہیں جھریوں کے بیر
یہ گوشت خوار بھی ہیں نباتات خوار بھی — کھیتی کا بھی مزہ انھیں ذوقِ شکار بھی

"جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی" — انگور تن کے کھائے تو سو جمی شراب کی
توبہ شکن تھی آتشِ محلول کا مزہ — کانٹا لگا تو بھول گئے پھول کا مزہ
ذوقِ سرور ہے تو پھر ایسی پئیں شراب — ذرے کو جس کا نشہ بناتا ہے آفتاب
وہ مے کہ جس کے نشہ سے مخمور نشائیں — وہ مے کہ جس کا نور دو عالم کی زیب و زیں
وہ مے کہ جس کی حد زمیں تک ہے آسماں — سب اس کے جرعہ خوار سبک پا و گرگراں

باندھا جب اُس نے زور تو گرنے لگے گھونے لگے — دریا سے اٹھ کے ابرِ سیہ جھومنے لگے
ہر موج اُسکی مشربِ مخصوص بن گئی — ہر قوم کو دکھائی اُسی نے روشِ نئی
رضواں کا باغ اسی کا جلو خانہ ایک ہے — کوثر اسی شراب کا پیمانہ ایک ہے
وہ مے کہ جسکی اہل طریقت کو جستجو — جس سے مہکا ہے مجاز و حقیقت سے رنگ و بو
وہ مے جو موجزن ہے فضائے محیط میں — طوفاں خروش ظرفِ عمیق و بسیط میں

وہ مے جو آخری ہے ذریعہ نجات کا
لبِ لباب، خلاصہ کائنات کا

(خاص)

انتظارِ یار

[جناب سید محمد جعفر حسین عرف محمد صاحب بہار، مدیر رسالہ "سعید" لکھنؤ]

زیست بھی مشکل ہے میری موت بھی دشوار ہے — کشمکشِ ارماں کی ہے اور انتظارِ یار ہے
درد کیا ہے روح ہے غم کیا ہے نام زندگی — دل ازل ہی سے حریصِ لذتِ آزار ہے
کیا دھرا ہے طور پر موسیٰ سے کہدو برملا — میرے ساتھ آئیں جو لیں حسرتِ دیدار ہے
وادیٔ ایمن میں جانے کی ضرورت ہی نہیں — ذرہ ذرہ کوئے جاناں کا تجلی زار ہے
ہے رہینِ عشق ازل سے میرا قلبِ داغدار — خاک ہو جائے مگر پھر سطحِ انوار ہے
چارہ گر ہے بے خبر میں درد سے بے چین ہوں — پردہ پوشِ حالتِ دل زخم وا مستار ہے
اک زباں کی تیزیوں نے قطع کر دی بیخ و بن — دیکھتا ہوں جس طرف تلوار ہی تلوار ہے

مرنیوالوں میرا بھی سے ہو گیا اپنا شمار — زندگی کا لطف جس سے تھا وہ دل بیمار ہے
نارسا ہونے کا صدمہ کیوں نہ سوہانِ روح — دل جریحِ شکوہ ہے شکوہ سوہ بیزار ہے
اے مرنے والو قیامت کا کسے کیا انتظار — دیکھنا یہ ہے کہ کتنی حسرتِ دیدار ہے
سامنے آ بھی اب آخر کہاں تک یہ حجاب — ہم ادھر ہیں تم اُدھر بیچ میں دیوار ہے
نارسا ناموں نے ہم کو پست ہمت کر دیا — تم جہاں ہو اس جگہ اپنی پہنچ دشوار ہے
موت کا ہر وقت کھٹکا درد کا ہر وقت ساتھ — زندگی اپنی بجائے خود بھی ایک آزار ہے
کوئی دیتا ہے تسلی کوئی دیتا ہے دعا — ایک ہنگامہ قریبِ بسترِ بیمار ہے
ہنس دیا کوئی تو کیا رونے لگا کوئی تو کیا — ہر طرح سے حالِ دل ناقابلِ اظہار ہے
ناقبول خلق مجھ سا کوئی عالم میں نہیں — موت کو بھی میرے پاس آنے سے عار انکار ہے
لازمی یہ ہے کہ دنیائے محبت ہو تباہ — تیرا ہر تیر نگاہ ناز دل کے پار ہے
دل پریشاں جان مضطر چشمِ گریاں بیقرار — الغرض جو کچھ بھی ہے اپنی جگہ پر بار ہے
صورتِ اسید آتی ہے نظر رونے کے بعد — چارہ سازِ چشمِ گریاں آنسوؤں کا تار ہے
مصلحت سمجھا میں تیری اے مری غفلت شعار — بیخودی میری بتاتی ہے کہ تو ہشیار ہے

انتظارِ یار کا غم ہے بہار اب دم کے ساتھ
ہر فغاں اک روگ ہے ہر نالہ اک آزار ہے

(خاص)

الکشن

[جناب سید مقبول حسین صاحب ظریف رکن ادارت "سعید" لکھنؤ]

ہوائے مغربی ہے تجھ میں کتنا جذبِ پنہانی — وہ مرہم ہند و کافر اور مسلماں کی مسلمانی
سمندر پھاند کر اک لہر پہنچی ہند میں آئی — پہونچکر جسنے ٹھنڈا کر دیا سب جوشِ ایمانی
جہاں جائے سے باہر ہو گئی اللہ ری آزادی — ابھی تھوڑی سی تھی باقی تھی تعلیم نسوانی
برھیگی روشنی جتنی خود اتنا جائیگا سایہ — نظر آئیگی ہر شے اُن کی جلووں کی فراوانی
نظر باندھے جوانی ہو گئی اُس کی دیوانی — ابھی تو گھنٹیوں چلنے لگا ہے شوقِ عریانی
سمجھ آتا اس کا کچھ میں نئی تعلیم کا کیا کہنا — کہ یکساں ہو گئی صورت زنانہ اور مردانہ

امتیں معلوم کس مٹی سے پیدا ہو گئے ریڈ ۔ بھوکتے پھرتے ہیں ہر سو خیس کی ہے فراوانی
بڑھ رہی دیکھو ادھر اک انجمن سازی کا فتنہ ہے جتھہ بندی سے ہر گوشہ میں پیدا شر سامانی
بجائے خود الکشن کم نہ تھا میونسپلٹی کا اب اس پر اور طرّہ کونسلوں کی حلقہ بندانی
یہ معجونِ مرکب نہد کو کیا نفع بخشیگی کہ ترکیب اس کی انگریزی ہوا اور اجزا یونانی
سیاست کے سمندر میں تموّج ہے تلاطم ہے الٰہی خیر کرنا سر سے اُونچا ہو گیا پانی
الکشن کیا مفادِ قوم کا اپنے تحفظ ہے الکشن کیا فقط اک امتحانِ عقلِ انسانی
یہ سب انکے لئے کچھ در قومی دل میں ہو جیکے یہ انکا حق ہے ہو چشمِ بصیرت جنکی نورانی
تعصّب کے رمد سے پاک اُن کو دیں آنکھیں وہ چُن لیتی ہیں ابھی چیز اپنی ہو کر بیگانی
اخوت کا سبق جو دے گیا تھا رہبرِ کامل جنھیں ہو یاد وہ سب ہیں مرادِ شاخوانی
جہاں بے لوث کوشش فی سبیل اللہ ہوتی ہے وہاں پیدا نمو کس طرح ہر مشکل میں آسانی
وہی اصلی نمائندہ ہے جس کو درد قومی ہو کرے سعیِ عمل سے رات دن اپنا لہو پانی
فقط وہ ولت کے پرتے پر وکالت قوم کی کرنا یہ نا سمجھی ہے نادانی ہے نادانی
ڈنر و پکر نیابت قوم کی لینا تو آساں ہے مگر مشکل ہے چرواہے کو گلہ کی نگہبانی
نمود و نام کی خاطر اگر کونسل میں جانا ہو تو ایسی ممبری کی عمر کم ہوتی ہے نظر آنی
اگر بے لوث خدمت قوم کی منظور ہے تجھکو تو پہلے ترک کر راحت طلب و ذوقِ آسانی
ارے موٹر نشیں اللہ اتنا تو بتا تا جا کبھی نادار ہمجنسوں کے در کی خاک بھی چھانی
جو خدمت قوم کی کرنا ہو دل میں در دپیدا کر ارے او بیخبر نادانف ایذائے رسانی
نیابت جنگلی فنی تال کی چوٹی پر کرنا ہے اُبھارا نکو بھی پستی سے ہمدردیٔ انسانی
کہیں ایسا نہو ٹھنڈک سے جمد دی ٹھٹھر جائے کہیں ایسا نہو جم جائے چشمِ لطف کا پانی
بھلا دینا اسکو جب ڈنکانے کو تو بیٹھے ہے تیری قوم فاقہ کش کو کیا ایذا آموحانی
چھپنا چاہنے والوں کی بخت کا قصد ق ہے یہ سب تو کھلا رہا ہے جو مرغزار اور بریانی
جہاز قوم کا گر ناخدا اپنے کا دعویٰ ہے تو دل مضبوط رکھنا جب ہو اچھی ہو طوفانی
خدا حافظ نصیحت یار و کھنا پیرِ دانا کی چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی
جو خدمت طلب ہیں اُن کو بھی الکشن کی ضرورت ہے نام ال ہی کوئی بدلہ اُجرت انھیں مجاز ہیں تاحالی
بھلا اگر بس چلکو کام اپنے علوے نڈی سے بدلے کے نادانی انھیں کیا اقتباس تنکے بدلے کے نادانی

مٹا دو قوم کو تم جہاں کریں جو فرقہ بندی پر تو ایسے دوسروں کی استخوانی آنکھ ہے کانی
انھیں کیا ترجمانی قوم کی جو کر نہ جاتا ہے کچھ اُس میں مادہ ہے یا فقط شکل نہ ہولانی
اگر پتھر کے اسٹیچو کو رکھدیں جاکے کرسی پر تو یہ بیگانہ خاک درد قوم کی جانی
بہت بکتر سنیگا اور کیا خود بھی بولیگا کریگا ترجمانی سب کی یا اپنی گمس رانی
وہ کیا سمجھے بھلا قانون کے باریک نکتوں کو فقط بس اور تو تک ختم ہو جسکی زباندانی
جو بے سمجھے اٹھا ہے ہاتھ جب رائیں گنی جائیں تو اسٹیشن کا سگنل ہے وہ ممبر ظلم کا بانی
لکیریں بیٹھ کے کھینچا کرے پنسل سے کاغذ پر یہ جسکا مشغلہ کونسل میں ہو لاروا و نادانی
سوال اُس کے اگر ہونگے تو بس اس قسم کے ہونگے گورنمنٹ اسکو بتلادے براہ لطف سلطانی
کہ ابکی فصل میں سرخاب یا دانیں بہت آئیں زیادہ آجکل صوبہ کی ہے کس جنس میں پانی
ڈنر ہم دیں تو کتنی مرغیوں کا صرف ہے اس میں اگر پا جائیں بھوسے سے خطاب رائی دخانی
بڑا گھاٹا ہوا اسسال چمڑے کی تجارت میں ہر کے جب سے جوتے چلگئے کثرت سے جاپانی
بندھے فٹ وٹر سے اک اور انکم ٹیکس کے اوپر کہ جس سے مال وزر کی ہو خزانہ میں فراوانی
کمیشن بہر تحقیقات اس کا بھی معین ہو کہ پرنالوں سے کے گیلن بہار سات میں پانی
کوئی فہرست رکھی جائیگی کیا میز پر اسکی بنا دینگے فقط یا ہو م ممبر ہی بہ آسانی
کہ ان سب ڈیوٹیوں کی آخری تعداد کتنی ہے حکومت کی طرف سے مارتے ہیں جنکو ہتھانی
زراعت کی جو وہ دشمن تو یہ تخوار انصاف کا انھیں دونوں سے ہے لاحق تر دد پر پشانی
بنایا جائے کچھ مارنے کا بھی نیا صیغہ ہے یہ تھا سا ظالم کثرت امرات کا بانی
لگائی جائے اک خفیہ پولیس اس کام پر فوراً جو یہ جانچے کہ یہ خلقت پہاڑی ہے کہ میدانی
جہاں مجمع ہو ان کا اور یہ اسپیچ دیتے ہوں یہ خاموشی سے کرتی جائے نوٹ انکی ہر جو زبانی
خبر دے ضلع کے حاکم کو فوراً اس بلا دی کی فلاں کچھ بیگانا آج اتنا خون انسانی
نظر رکھے ہر اک حرکت پہ ان آوارہ گردوں کی کسی صورت سے انکو پھانس دے تا قید مکانی
رفاہ عام کی دو چار باتیں ہم نے بتلا دیں نہیں تو ایسی تجویزوں کی ہے فہرست طولانی
جہاں یہ قوم کی حالت ہو پھر اسکی شکایت کیا گراں ہے عقلمندی اور بہت مدت کی نادانی
مرا دردِ پست اندر دل اگر گویم بیاں کردن بیان کردن نا ظریف ساں نہیں زیبائے روحانی

(خاص)

معیار الانشاد

غزل

[جناب ابوالمعظم نواب سراج الدین احمد خاں صاحب سائل دہلوی سابق ایڈیٹر رسالہ انشا حیدرآباد]

خوب وہ بے تعبیر خواب دے بیٹھے — کوسنے بے حساب دے بیٹھے
بحر الفت میں مجھکو ورس فنا — تھا جو دینا حساب دے بیٹھے
لے اڑھے شیخ داغ سجدہ پر — نقد ایماں جناب دے بیٹھے
ڈالدی ہم نے میکدے کی بنا — محتسب کو شراب دے بیٹھے
بے تمنا کیا عدو کو شہید — مفت کا تم ثواب دے بیٹھے
غایت لطف سے وہ آج خطاب — مجھکو خانہ خراب دے بیٹھے

کس توقع پر اون سے ہوائے سوال — جب وہ کورا جواب دے بیٹھے
بزم میں خبر نہیں ساقی — کسکو جام شراب دے بیٹھے
تیرے در کے سوا مرے دہاں کہاں — موت ہے جسکو جواب دے بیٹھے
واگر چشم و دل سے سوز و گداز — اک شراب اک کباب دے بیٹھے
بے دہانی کا حد بھی دیکھ لیا — ایک کے سو جواب دے بیٹھے
ہے یہ اندھیر کنہ تو یہ ہے — ہم شب ماہتاب دے بیٹھے
مینتی کی ہوس نہ ہوا تنی — جس سے ہستی جواب دے بیٹھے
چشم و دل وہ جو منتظر رہ کر — نذر آرام و خواب دے بیٹھے
حکم نشو و نمائے سبزہ و گل — فطرہ افغان سحاب دے بیٹھے
جب کیا کچھ سوال سائل نے — آڑا ٹیڑھا جواب دے بیٹھے

[صفحہ ۸۵ کا بقیہ]

کے مالکان مشترکہ سرمایہ کی کمپنی بنا کر کام چلائیں۔ تو اپنی اپنی ڈفلی اور اپنا اپنا راگ کا مقولہ ان کے حسب حال صحیح ثابت نہ ہوگا۔

اگر پانچ آدمی مل کر ایک کارخانہ نہیں چلا سکتے تو دو سو آدمی صوبہ کی حکومت کیسے چلا سکیں گے۔ قومی اور ملکی معاملات کے اہتمام میں اعتبار باہم اگر امر لابدی ہے۔ اور وہ آپس میں مل جل کر کام کرنے ہی سے پیدا ہو سکتا ہے!

ہفتہ وار اخبارات بھی جو خاص خاص مقاصد سے جاری ہیں مشترکہ سرمایہ کی چھوٹی چھوٹی کمپنیاں بنا کر بہت عمدگی سے اخبار چلا سکتے ہیں۔ اس وقت بہت اخبارات مالی مشکلات کے شکار ہیں۔ یہ اس آفت سے بآسانی رستگاری حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر سب اخبار والے باہم ملکر اتحاد سے کام کریں۔ اخبار بجائے خویش ایک مختصر سی ریاست ہے جس کے کئی شعبے ہیں۔ ایک آدمی پوری توجہ کے ساتھ سارے کام کی نگرانی نہیں کر سکتا۔ مضامین نگاری کرے۔ یا کارخانہ اور سوداگروں سے خط و کتابت کر کے اشتہارات حاصل کرے یا شکایتی خطوط کی طرف دھیان دے۔ مشترکہ کمپنی قائم ہونے کی صورت میں سارا کام منقسم ہو سکتا ہے۔ حصہ دار بڑے بڑے کام آپس میں بانٹ کر بخوبی چلا سکتے ہیں جس سے نفع کثیر حاصل ہوگا۔ اور کامیابی یقینی ہے

(خاص)

مکتبہ

شرر اور اردو ناول

(جناب عبدالقادر صاحب سروری ایم اے ال ال بی ایڈیٹر مکتبہ حیدرآباد)

نقاد کی دور رس نگاہیں ممکن ہے کہ کسی مصنف کو سمجھنے میں غلطی کر جائیں۔ لیکن عوام کی رائے اپنے محبوب اور مقبول مصنف کو ڈھونڈھنے میں بہت کم غلطی کرتی ہے۔ نقاد اپنے ساختہ اصولوں کی الجھن میں پڑ کر حقیقت کے راستہ سے بھٹک سکتا ہے۔ سیرامن، نذیر احمد، سرشار، شرر وغیرہ کو افسانہ نگاروں کے ایک کثیر گروہ سے سب سے پہلے عوام نے ڈھونڈ نکالا۔ جو تصفیہ یہ پہلے کر چکے ہیں، اب نقاد اس کی توثیق کر رہے ہیں۔ شرر اردو کے ان چند غیر فانی ناول نگاروں میں سے ہیں۔ جن کی عظمت پر عوام اور نقاد دونوں متفق ہیں

موجودہ اردو ناول کے پیش رو حافظ نذیر احمد ہیں۔ لیکن سرشار اور شرر نے بھی اس کی بنیاد ی خدمت انجام دی۔ یہ تینوں اردو کے جدید ناول نگار ہیں لیکن ان کے کارناموں پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ ان میں ہر لحاظ سے بڑا فرق ہے۔ حافظ نذیر احمد حقیقت کی طرف زیادہ مائل ہیں۔ اور سرشار حقیقت کے ساتھ رومانیت کو بھی ہر جگہ برقرار رکھتے ہیں۔ شرر کا میدان عمل ان دونوں سے بالکل مختلف ہے۔

شرر نے اردو ناول کے لئے وہی کام کیا۔ جو سر والٹر اسکاٹ نے انگریزی ناول کے لئے کیا تھا۔ سر والٹر اسکاٹ سے پہلے انگریزی ناول ادبیات کا اہم جزو سمجھا جاتا تھا ادیبوں نقادوں اور عام قارئین کے دل میں ناول کی ایسی وقعت جاگزیں نہیں تھی جیسی کہ آجکل ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں پہلے تو یہ کہ انگریزی ناول کی ابتدا سے لیکر اسکاٹ کے زمانے تک کوئی ایسا پرجوش، دلچسپی لینے والا اور خصوصی ناول نگار نہیں پیدا ہوا تھا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اسکاٹ نے اپنے متقدمین کے مقابلہ میں ناول کے لئے زیادہ اہم اور بے حد مقبول موضوع انتخاب کیا۔ اس کے تقریباً تمام ناول اسکاٹستان کی تاریخ پر ہیں یہ چیزیں خود اسکاٹ کے مخصوص اسلوب اور ذاتی خصوصیات کے ساتھ ملکر انگریزی ناول کے لئے عہد آفرین ثابت ہوئیں۔ انگریزی ناول کا رتبہ اس قدر بلند ہوگیا جس قدر ادبیات کی دیگر اصناف جیسے ڈراما یا نظم کا تھا۔ اسکاٹ کی وجہ سے خود ناول نگاروں کے مرتبہ میں بھی زیادتی ہوئی۔

ان امور کو نظر میں رکھ کر شرر اور ان کے کارناموں کا مطالعہ کیجئے تو معلوم ہوگا کہ متذکرہ بالا امور یہاں بھی اتفاق سے تمام و کمال جمع ہو گئے ہیں۔ شرر سے پہلے اردو ناول نے مغربی کے تمام ہی مدارج کیوں نہ طے کر لئے ہوں، لیکن اس کی وقعت اور بلند آہنگی کی ابتدا شرر کے عہد سے ہوتی ہے چنانچہ وہ لوگ جو سرشار کو شرر پر ترجیح دینے کی کوشش کرتے ہیں اس کا تصفیہ کرتے وقت ان کے ذہن میں سرشار مانوس موضوع اور ان کی دلچسپی زیادہ وزنی ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھی خیالات کی الجھن اس امر کا تصفیہ کرنے نہیں دیتی کہ خصوصیات میں سرشار، شرر پر تفوق رکھتے ہیں اور کونسی خوبیاں ایسی ہیں جو شرر کے کارناموں میں سرشار سے زیادہ موجود ہیں۔ مجموعی حیثیت سے شرر اور سرشار کا مقابلہ نہ ہو سکے۔ تو کم از کم

کا میدان عمل اس قدر مختلف ہے جس قدر میر تقی میر اور میر انیس کا۔ حافظ نذیر احمد اور پنڈت رتن ناتھ سرشار اردو ناول کے اولین اور عیسوی دور کی پیداوار ہیں۔ اس لئے ان میں ایسے دور کی تمام خصوصیات موجود ہیں۔ شرر کے کارناموں میں موجودہ ناول زیادہ پختہ صورت میں جلوہ گر ہوا ہے۔

یہاں ایک بات خاص طور پر توجہ طلب یہ ہے کہ تقابلی کارناموں کی اہمیت کو بڑھانے اور گھٹانے میں بڑا اثر رکھتا ہے۔ سرشار کے ناول اپنے تمام خوبیوں کے باوجود اپنے زمانہ میں اہمیت کے اس احساس کو پیدا نہیں کر سکتے تھے، جو شرر کی ناولوں کے شایع ہونے کے بعد پیدا ہوا۔ اس میں شبہہ نہیں کہ مغربی ناول کی تقلید میں لکھنے کی سب سے پہلے کوشش نذیر احمد نے اور اس کے بعد سرشار نے کی۔ اور یہ کہ سرشار کے کارنامے مغربی ناول سے زیادہ شابہ ہے۔ لیکن ان دونوں میں موجودہ ناول کی پختگی کا فقدان ہے۔ نذیر احمد کی تصانیف سے موجودہ مغربی ناول کا پورا خاکہ کبھی ذہن نشین نہیں ہوسکتا۔ گو وہ فنی ابجا انگریزی سے آگاہی رکھتے تھے۔ اور غالب قیاس یہ ہے کہ وہ انگریزی ناول سے متاثر بھی ہوئے اسی اثر کے تحت انہوں نے عشقیہ اور اخلاقی قصوں کی طرف توجہ کی۔ لیکن ناول کے تمام اجزا سے وہ پوری طرح ناآشنا تھے۔ کردار نگاری میں انہیں بہت بڑی مہارت حاصل تھی لیکن کرداروں کی فطری اٹھان۔ پلاٹ کی ترتیب۔ اور ناول کی مجموعی فضا کا پتہ ان کے قصوں میں نہیں ملتا۔ یہی امور موجودہ ناول کے بڑے اجزا ہیں۔ حافظ صاحب کے قصے قدیم داستان اور موجودہ ناول کی درمیانی کڑی ہیں۔ گو یہ دونوں کا بہترین ماحصل یہی سہی۔ قریب قریب یہی حال سرشار کا بھی ہے۔ موجودہ ناول کی جو کمی ان کے پاس ہے وہ اس فن کے نقاد کی نظر میں آسانی سے نمایاں ہوجاتی ہے۔ کرداروں میں استقلال، ان کا فطری اٹھان، بیانات میں یکسانیت اور تسلسل سرشار کے پاس بھی ایک حد تک مفقود ہے۔ سرشار اپنے زمانہ کی پیداوار تھے اس لئے اس دور کی تمام خصوصیات ان کی ناولوں میں موجود رہیں گی۔ لیکن اس کے باوجود تاریخی حیثیت سے نذیر احمد اور سرشار کے ناول اردو میں اسی قدر اہم جس قدر اسکاٹ اور فیلڈنگ کے انگریزی میں۔ اسکاٹ اور فیلڈنگ کی طرح نذیر احمد اور سرشار کی ناولوں میں بھی موجودہ مکمل ناول کی وہ مجموعی فضا مفقود ہے جو اس کے کافی ارتقا کا لازمی نتیجہ ہے۔ ممکن ہے کہ ناول کے سخت نقادان کے کارناموں کو موجودہ ناول کے زمرہ میں شریک کرنے سے بھی پس وپیش کریں۔ قدیم داستانوں کی کافی جھلک ان کے قصوں میں موجود ہے گو یہ قصے عموماً حقیقت اور فطرت پر مبنی کئے گئے ہیں۔ اور فوق فطری عناصر سے بھی ان میں بہت کم کام لیا گیا ہے تاہم یہ پورے مماثل حیات بھی نہیں۔ ان کے پاس اکثر ہیرو ایسے ہیں جن کی زندگی غیر متوقع، غیر معمولی۔ اور غیر عادتی واقعات کا ایک سلسلہ معلوم ہوتی ہے اس امر میں سرشار کے ناول خاص طور پر توجہ کے محتاج ہیں" سیر کہسار" ان کی اچھی ناولوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ لیکن وہ بھی اس قسم کے بعض اسقام سے بالکل خالی نہیں ہے۔ "سیر کہسار" کے ہیرو نواب عسکری نے پہاڑ جانے میں جس قدر کردار بدلی ہیں وہ بلحاظ فطرت ممکن سہی لیکن عادتاً کبھی ایسا نہیں ہوسکتا۔ پہاڑ کی حالت دریافت کرنے کا جب انہیں

خیال پیدا ہو جاتا ہے تو پھر مصنف لگاتار پسے لوگوں کو کیے بعد دیگرے پیش کرتا جاتا ہے جو پہاڑ ہی کی گفتگو چھیڑ دیتے ہیں یہ چیز ہیں ممکن ہے کہ داستان کا حسن ہوں لیکن موجودہ ناول ان کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

شرر، نذیر احمد اور سرشار کے عہد سے قریب ترین ناول نگار ہیں۔ گو منشی سجاد حسین اڈیٹر "اودھ پنچ" ان سے کچھ پہلے صحافت کے میدان میں آچکے تھے۔ لیکن ان کے ناول بعد کی پیداوار ہیں۔ خود ان کا اخبار ۱۸۷۷ء میں جاری ہوا تھا۔ ان کا پہلا ناول اس کے کچھ عرصے بعد پیش ہوا۔ اس لئے ان کے ناول جدید دور کا پتہ دیتے ہیں۔

انگریزی اور فرانسیسی زبانوں سے زیادہ واقف ہونے کے سبب شرر اپنے ناول کو زیادہ مکمل صورت میں پیش کر سکے۔ ممکن ہے کہ اس وقت زمانہ بھی شرر کے ناولوں کا سرگرم استقبال کرنے کے لئے زیادہ تیار ہو گیا ہو لیکن ہم کسی حال میں بھی شرر کی ذاتی کوششوں کو نہیں بھول سکتے۔ شرر کا اہم تاریخی موضوع، ان کے مخصوص اسلوب کے ساتھ دھل پا کر ناول کو عوام میں مقبول اور ذی وقعت صنف ادب بنانے میں بے حد کامیاب ہوا۔ غور کیجئے، تو معلوم ہو گا کہ متقدمین کے کارناموں کی وقعت بھی شرر اور ان کے معاصر ناول نگاروں کے قصوں کے اضافی اور تقابلی تعلق کی بدولت ہے۔ یہ چیز شاید اس طرح زیادہ واضح طور پر سمجھ میں آسکے گی۔ نذیر احمد اور سرشار کے بعد ایک شرر کے بجائے انہیں کے جیسے یا انہیں کے مقلد افسانہ نگار پیدا ہوتے تو تکرار یکسانیت کی وجہ سے کوئی کسی سے تمیز نہ ہو سکتا۔ نذیر احمد اور سرشار کے قصے بھی ایک انبوہ کثیر کے اجزا بن کر رہ جاتے۔

حقیقت یہ ہے کہ شرر کی ادبی کوششوں میں سب سے بہتر چیز ان کے تاریخی ناول ہیں۔ ان میں شرر نے اپنا پورا کمال دکھایا ہے۔ اور انہیں کی بدولت شرر کو تحقیقی ناول نگار کا رتبہ ملتا ہے۔ اگر اس قسم کے کارنامے نہ چھوڑتے تو شرر باوجود اپنی مختلف الموضوع تصنیفات کے اردو ادبیات میں عرصہ تک زندہ نہیں رہ سکتے تھے۔

شرر کی توجہ تاریخی ناول کی طرف منعطف ہونے کا ایک دلچسپ واقعہ مسٹر سکسینہ نے اپنی قابل قدر تصنیف "تاریخ ادبیات اردو" میں بیان کیا ہے۔ ایک دفعہ شرر ریل میں سفر کر رہے تھے حسن اتفاق سے سر والٹر اسکاٹ کا ناول "طلسمن" ان کے پاس تھا۔ اس میں صلیبی جنگوں کے واقعات بیان گئے ہیں لیکن اسکاٹ نے انہیں جس طرح موڑ توڑ کر پیش کیا ہے وہ تاریخ اسلام کے متعلم سے مخفی نہیں ہے۔ شرر کو یہ طریقہ نہایت جارحانہ معلوم ہوا اس لئے اولین فرصت میں غلط فہمیوں کو دور کرنے کی غرض سے ناول "ملک العزیز ورجنا" لکھا گیا۔ ممکن ہے کہ وجہ تحریک انتقامی ہو لیکن ناول سے اس کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ بہر حال اس ناول کی کامیابی نے شرر کے حوصلہ بلند کر دئے اور ان کی ادبی مساعی کے لئے ایک بہتر میدان ہاتھ آگیا۔

مسٹر سکسینہ کے قول کے مطابق اردو میں مغربی طرز کا یہ پہلا تاریخی ناول تھا۔ جس میں مغربی ناول کی اکثر و بیشتر خصوصیات موجود تھیں۔ مسٹر سکسینہ نے بڑی کاوش سے شرر کے کارناموں کو زمانی ترتیب میں بھی پیش کیا ہے۔ موجودہ نقاد کو اس کی سخت ضرورت تھی کہ وہ مصنف کے ذہنی ارتقا کا پتہ چلا سکے

شرر کا پہلا تاریخی ناول ۱۸۸۷ء میں لکھا گیا اور آخری ناول ۱۹۲۶ء میں۔ اس طرح ان کی ادبی مساعی تقریباً تیس سال کے عرصہ پر حاوی ہے۔ ہم یہاں صرف تاریخی ناولوں کو لیں گے

زمانی ترتیب میں پیش کرتے ہیں۔

ملک العزیز ورجنا (۱۸۸۲ء) حسن انجلینا (۱۸۸۹ء) منصور موہنا (۱۸۹۰ء) فلورا فلورنڈا (۱۸۹۳ء) فردوس بریں (۱۸۹۵ء) ایام عرب (۱۸۹۷ء) مقدس نازنیں (۱۸۹۸ء) شوقین ملکہ (۱۹۰۵ء) قیس ولبنیٰ (۱۹۰۸ء) ماہ ملک (۱۹۰۹ء) فلپانا (۱۹۱۰ء) زوال بغداد (۱۹۱۲ء) رومۃ الکبریٰ (۱۹۱۴ء) الفانسو (۱۹۱۵ء) مفتوح فاتح (۱۹۱۶ء) بایک خرمی (۱۹۱۶ء) جویائے حق (۱۹۱۷ء-۱۹۱۹ء) لعبت چین (۱۹۱۹ء) عزیزہ مصر (۱۹۲۰ء) طاہرہ (۱۹۲۳ء) مینا بازار (۱۹۲۵ء) نیکی کا پھل (۱۹۲۶ء)

یہ ناولیں سب کی سب تاریخ اسلام پر ہیں۔ ان میں بڑی خوبی یہ ہے کہ تاریخ اسلام کے کسی نہ کسی عہد آفرین دور سے تعلق رکھتی ہیں۔ تاریخی واقعات کے لحاظ سے ان کی ترتیب حسب ذیل ہوگی۔

رومۃ الکبریٰ (روم پر گاتھوں کا حملہ ۴۰۸ء) ایام عرب (عرب سپین کی قبل اسلام کی تاریخ) جویائے حق (آنحضرت کی پیدائش ۵۷۰ء) فلپانا (خلافت عثمان ۶۵۰ء) لعبت چین (خلافت راشدہ کے ایک نوجوان عرب کا واقعہ) قیس ولبنیٰ (معاویہ کے عہد کا عرفی قصہ) فتح اندلس (اسپین میں اسلامی سلطنت کا آغاز) منصور موہنا (سلطان محمود غزنوی کا ہندوستان پر حملے) نیکی کا پھل (خلیفہ سلیمان بن عبدالملک کے عہد کا واقعہ) مفتوح فاتح (۷۱۱ء میں اسپین کے حالات) بایک خرمی (معتصم باللہ عباسی کی خلافت کا زمانہ) مقدس نازنیں (اسلامی اسپین کا زمانہ) عزیزہ مصر (بنی طولون مصر کا زمانہ) ماہ ملک (سلطان غیاث الدین غوری کی دختر کا عشق سعد الملک کے ساتھ ۱۱۹۲ء) زوال بغداد (بنی عباس کی تباہی کی روداد) فلورا فلورنڈا (زوال اسپین) حسن انجلینا (روس کی طرف مسلمانوں کی پیش قدمی) ملک العزیز ورجنا (سلطان صلاح الدین کے فرزند کے حالات۔ پہلی صلیبی لڑائی) شوقین ملکہ (دوسری صلیبی جنگ کا ایک عشقیہ قصہ)

اب ہم شرر کی ناولوں کی جانچ اور ان کے فن کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ شرر کی عظمت تک پہونچنے کا سب سے سہل طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ ہم ناول کے تمام اجزا اور ان کی خوبی کے معیاروں کو نظر میں رکھ کر شرر کی ناولوں کو ان پر جانچنے کی کوشش کریں۔ اس طرح مجموعی حیثیت سے جو کام مشکل اور پیچیدہ نظر آتا ہے، اس ترکیب سے آسان اور ہلکا ہوجائے گا۔ یہ تو ناممکن ہے کہ ناول کی تمام معیاری خوبیاں شرر کے پاس مجموعی طور پر موجود ہوں، بعض خصوصیات ایسی ہیں، جن میں ان کو تخصیصی امتیاز حاصل ہے اس کے ساتھ ہی ساتھ بعض اسقام بھی ان کی ناولوں میں موجود ہیں۔ ہم ان دو پہلوؤں کو اس طرح پیش کرنے کی کوشش کریں گے کہ ان کا موازنہ بھی ہوجائے۔

موضوع شرر کے اکثر ناولوں کا موضوع تاریخ اسلام ہے۔ اسلامی تاریخ سے انہیں زیادہ دلچسپی تھی لیکن یہ بات ذہن نشین رہے کہ جس نقطہ نظر سے ایک تاریخی ناول نگار تاریخ کا مطالعہ کرتا ہے، وہ بالکل مختلف ہے عام مورخین کے نقطہ نظر سے۔ ناول نگار کو سنین، حکمرانوں کے مختلف سلسلوں۔ سلطنت کے عروج وزوال اور حکومت کے سیاسی نظامات سے زیادہ تعلق نہیں ہے۔ وہ ان امور کو اپنے قصے کی صرف عقبی زمین بناتا ہے۔ تاکہ کرداروں کی چلت پھرت کے لئے ایک فضا پیدا ہوجائے۔ وہ اپنے ہیرو اور ہیروئن کی خانگی زندگی پر زیادہ وقت صرف کرتا ہے۔ اس کی مورخ کو قطعاً ضرورت نہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ناول نگار کی نظر تمام تر تاریخ کے ایسے گوشوں کی تلاش میں

رہتی ہے، جن سے وہ زیادہ سے زیادہ رومانیت پیدا کر سکے۔ شرر نے جس ہوشیاری سے اپنے موقعوں کا انتخاب کیا ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس بات کا خاص لحاظ رکھتے تھے کہ ہر واقعہ ایسا ایسا ہو جس سے کوئی قومی عہد شروع ہوتا ہو مثلاً فتح اندلس، فتح صقلیہ (الفانسو) زوال بغداد، جو یائے حق (آغاز اسلام) فتح سندھ (منصورہ مہبتا) صلیبی جنگوں کے معرکے (ملک العزیز ورجنا، شوقین بلکم) وغیرہ۔ تاریخ اسلام کی وسیع تحریکات اور قومی عہود سے واقف ہونے کا گر ایک شخص آسان طریقہ ڈھونڈھنا چاہے تو ہمارے خیال میں وہ شرر کی ناولوں کو اسی ترتیب کے ساتھ پڑھ سکتا ہے۔ جس ترتیب میں ہم نے ان کو اوپر جوڑا ہے۔

ایک سوال یہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ شرر نے تاریخ اسلام کو اپنی ناولوں کا موضوع تو بنایا لیکن انہوں نے تاریخی متابعت کے ساتھ کہاں تک صداقت کو ملحوظ رکھا ہے؟ تاریخی ناول کے متعلق یہ سوال ہمیشہ ضروری ہے اور ناول نگار کی حقیقی عظمت تک پہنچنے کے لئے اس سے بڑی مدد ملتی ہے۔ شرر کی نظر تاریخ اسلام پر بے حد حادی تھی گو تنقیدی نہ ہو۔ سوائے چند علما کے جن کے نام انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں ہندوستان میں کوئی قدیم یا جدید عالم تاریخ اسلام کی معلومات میں شرر کا مقابل نہیں تھا۔ پھر شرر کے مذاق ناول نگاری نے انہیں بعض ایسے تاریک گوشوں میں بھی گھسایا جہاں سے انہیں کسی رومان خیز واقعہ کے دستیاب ہو جانے کی توقع تھی۔ ممکن ہے کہ ان گوشوں اور زاویوں میں ایک عام مورخ اپنا وقت ضایع کرنا فضول سمجھے لیکن شرر کی حد تک یہ تلاش ان کے لئے مفید اور ضروری تھی۔ اور حق یہ ہے کہ ان کی جستجو اکثر مقامات میں کامیاب رہی۔ اس میں شک نہیں کہ اپنی معلومات کے لئے شرر عموماً عربی مورخین کے حادی کارناموں کے ممنون منت ہیں۔ عربوں نے جو تاریخ نگاری میں ضرب المثل ہیں، اپنی تاریخوں میں کسی انسانی ادارے کو نہیں چھوڑا۔ لیکن اس کے باوجود شرر کی تلاش کی اہمیت گھٹ نہیں سکتی۔ خصوصاً جب ہم خیال کرتے ہیں کہ بعض ضمنی مگر مفید مطلب واقعات کے لئے انہیں بیسیوں تاریخیں ٹٹولنی پڑی ہونگی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ شرر نے بہت سے کھانچے اپنی تخیل کی مدد سے پر کئے ہوں لیکن اس سے ان کی ناول نگاری پر کوئی حرف نہیں آسکتا۔ مورخ کو اشخاص کی خانگی زندگیوں سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ اور اسی کی ناول نگار کو زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ اس خلیج کو پاٹنے کے لئے نقاداں فن نے تاریخی ناول نگار کو اس کی اجازت دے رکھی ہے کہ وہ تاریخی اشخاص قصہ کی خانگی زندگیوں میں حسب ضرورت تبدیلی کر سکتا ہے۔ صرف مخصوص عہد کی اسپرٹ، وسیع تحریکات اور مسلمہ تاریخی حقایق سے تعرض کرنے کی ممانعت ہے۔ اگر کسی مصنف کے ناول میں ان امور کا پورا پورا لحاظ رکھا گیا ہو تو اس کی اہمیت بڑھ جاتی ہے اس اعتبار سے شرر خاص عظمت کے مالک ہیں۔ پہلے تو انہوں نے انتخاب ہی ایسے واقعات کا کیا ہے جہاں تاریخ اور رومان دونوں گتھے ہوئے ملتے ہیں۔ تاریخ سے وسیع اور جزئی واقفیت ہونے سے ان کے ناول اختلافات اور تاریخی اغلاط سے قطعاً بری ہیں۔ تاریخی اسپرٹ، تمدن اور معاشرتی حالات کے ساتھ وسیع تطابق کا جو ثبوت یہاں ملتا ہے وہ بہترین مغربی تاریخی ناولوں ہی میں پایا جاتا ہے۔ "ایام عرب" میں جاہلیت کی حقیقی فضا کے جو نقشے یکے بعد دیگرے نظر کے سامنے پیش ہوتے ہیں وہ حیرت افزا ہیں۔

غرض موضوع کے اعتبار سے تاریخی ناول دوسری ناولوں پر ہمیشہ فوقیت رکھتا ہے۔ اسی لئے اردو ناول نگاروں سے شرر کا مقابلہ کرتے وقت ہم اس پہلو کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔

پلاٹ موضوع ناول کے لئے ایک خارجی چیز ہے۔ لیکن پلاٹ کا تعلق ناول سے ویسا ہی ہے جیسا جسم کا نمود سے۔ شرر پہلے اردو ناول نگار ہیں جو مغربی پلاٹ کی ترتیب کے گر سے فی الجملہ آگاہ تھے۔ شرر کے چند پلاٹ کے سوا جو سادہ ہیں باقی تمام پلاٹ مخلوط ہیں۔ پلاٹ کے لحاظ سے شرر کے جو ناول بہترین سمجھے جا سکتے ہیں وہ مغربی ناولوں سے کسی طرح پیچھے نہیں ہیں۔ ان میں وہ تمام خوبیاں، الجھاؤ اور سلجھاؤ اور چالاکی موجود ہے جو مغربی پلاٹوں کا طرہ امتیاز ہے۔ اس کا سبب ظاہر ہے۔ شرر مغربی ناولوں کے فن کو اچھی طرح سمجھ گئے تھے۔

ماہرین فن افسانہ نے پلاٹوں کو دو طرح پر تقسیم کیا ہے ایک پلاٹ وہ ہے جن میں صرف ایک ہی حیات کے واقعات مسلسل اور بغیر دوسروں کے حالات کی مداخلت کے بیان کئے جائیں ایسے پلاٹ کو سمپل یا سادہ پلاٹ کہتے ہیں۔ لیکن وہ پلاٹ جنمیں کئی اشخاص کے حالات یا کئی زندگیوں کے خاکے ایک دوسرے کے اندر یا باہر بیان کئے جائیں، مخلوط یا "کمپلکس" پلاٹ کہلاتے ہیں قصہ در قصہ بیان کرنا اس میں داخل نہیں ہے۔ یہ قدیم داستانوں کا اصول تھا۔ موجودہ مخلوط پلاٹ ایسے ہو جن میں ایک سلسلہ واقعات دوسرے کے ساتھ الجھا اور گتھا ہوا ہوتا ہے۔ سادہ پلاٹ کی مثال شرر کا ناول "ایام عرب" ہے۔ مخلوط پلاٹ کئی ناولوں کے ہیں جن میں "فردوس بریں" خاص طور پر قابل ذکر ہے نقادان فن نے مخلوط پلاٹ کو سادہ پلاٹ پر ترجیح دی ہے۔ کیونکہ اس میں مصنف کی چالاکی کا زیادہ کڑا امتحان ہوتا ہے اور پڑھنے والے بھی اس سے زیادہ لطف اندوز ہوتے ہیں۔ مخلوط پلاٹ کی ترتیب میں ناول نگار کو کئی امور کا لحاظ رکھنا پڑتا ہے پہلے تو یہ کہ تخلیط ایسی نہ ہو جو بے معنی معمہ ہو جائے یا صبر آزما پیچیدگی معلوم ہونے لگے۔ اور واقعات کے سلسلے اتنے زیادہ بھی نہ ہوں کہ ذہن وقت واحد میں انہیں محفوظ رکھنے کا بار نہ اٹھا سکے۔ بعض وقت تھوڑی سی بے احتیاطی بھی ایک اچھے پلاٹ کو ضایع کر دیتی ہے۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار کے ناول "پی کہاں" کا پلاٹ تو بظاہر مختصر ہے۔ لیکن راز کو آخر تک قائم رکھنے کی مصنف نے جو کوشش کی ہے اس کی وجہ سے ناول ایک معمولی قابلیت والے کو معمہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ بعض امور تو آخر تک صاف ہی نہیں ہوتے تھا (climax) تک اتنے راز جمع ہو گئے ہیں کہ وقت واحد میں سب کو کھول دینے کے لئے بعض میں تکلفات سے کام لینا پڑا ہے

سادہ پلاٹ بعض مرتبہ بے مزہ ہو جاتے ہیں۔ "ایام عرب" کے مناظر میں تنوع رومان اور دلستگی نہ ہوتی تو اس میں ناول پن بہت کم باقی رہتی۔ اور لحاظ سے یہ ناول کتنا ہی قابل قدر سہی لیکن بہت ادنیٰ ہے۔

شرر کے بہت کم پلاٹ سادہ ہیں۔ "دلکش" "دلچسپ" جو بائے حق" آغا صادق کی شادی" "بدر النسا کی مصیبت" کے پلاٹ کہلا سکتے ہیں۔ یہ کچھ دلچسپ بھی نہیں ہیں۔ چند ناول ایسے ہیں جن کے پلاٹ مخلوط بھی ہیں لیکن کہیں کہیں تکلف کس بدرنگی پیدا ہو گئی ہے۔ گو شرر کا مخصوص اسلوب اس کو دور کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن سقم جھلک جاتا ہے "عزیزہ مصر" "ملک العزیز ورجینا" "فلپانا" "یوسف و زلیخا" وغیرہ کے پلاٹ اسی قسم کے ہیں لیکن دو تین کے سوا شرر کے بہترین ناول وہی ہیں جن کے پلاٹ بھی بہترین ہیں، مجموعی حیثیت سے شرر کے پاس اعلیٰ پلاٹ کی تعداد بہت ہے۔ "مقدس نارنس" "فلورا فلورنڈا" "الفانسو" "فتوح فاتح" "شاہ ملک"

"فردوس بریں" وغیرہ بہترین پلاٹ والے قصوں کے اچھے نمونے ہیں۔ یہ پلاٹ سب کے سب مخلوط ہیں اور ان کے واقعات میں اس قدر فطری وابستگی ہے کہ ایک واقعہ دوسرے کا لازمی نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔

غرض پلاٹ کی خوبی کے لحاظ سے شرر اپنے آگے اور اکثر پچھلے نامہ نگاروں پر فوقیت رکھتے ہیں۔ وقت اور مقام کے قیود ان کی یکسانیت قائم رکھنے میں شرر بہت کم غلطی کرتے ہیں

کردار پلاٹ کے علاوہ قصے کا دوسرا اہم رکن کردار ہے۔ پلاٹ درحقیقت کردار ہی کے افعال اور حرکات ماحصل ہوتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ اچھے پلاٹ میں بٹھائے ہوئے کردار بھی اچھے ہوں۔ اس کا ثبوت خود شرر کی ناولوں سے ملتا ہے۔ شرر کے پلاٹ یعنی خاکوں کی خوبی تو مسلم ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ شرر جیسا قابل قدر مصنف اور ناول نگار کردار نگاری میں اپنے پیش رؤوں سے بھی پیچھے ہے۔ کردار نگاری میں حافظ نذیر احمد کو بہت کم اردو ناول نگار پہنچ سکتے ہیں۔ ان کے بعض ادبی کردار اردو افسانوں اور اردو ادب کا قابل قدر سرمایہ ہیں ہم اس موضوع پر اپنے کسی مضمون میں کافی بحث کر چکے ہیں یہاں صرف یہ دکھانا مقصود ہے کہ تقابلی حیثیت سے شرر کی کردار نگاری اہمیت کے کس پایہ پر ہے۔

کردار نگاری میں سرشار، شرر سے بہت آگے ہیں۔ ان کے کردار بھی قصے کی زمین میں گہرے بٹھائے ہوئے ہوتے ہیں ذیلی کرداروں کا تو ذکر نہیں لیکن اصلی کردار عموماً ممتاز خصوصیات سے مملو اور حیات انسانی کا عکس ہوتے ہیں ان میں جدت اور ندرت بھی پائی جاتی ہے۔ گو کبھی کبھی یہ ندرت اصول فطرت سے متغائر ہو گئی ہے۔ فسانہ آزاد کا اصلی کردار آزاد دنیا کے تمام کرداروں سے ممتاز اور اپنا ذاتی اور نمایاں وجود رکھتا ہے۔ یہی چیز کرداروں کی زندگی کا سرمایہ ہے۔ "سیر کہسار" کا نواب عسکری بھی مثالی (Type) کردار کا اچھا نمونہ ہے۔ گو مبالغہ سے خالی نہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ شرر اپنے موضوع کی چھان بین۔ اور تاریخی صداقت کو قائم رکھنے میں اس قدر محو ہو جاتے تھے کہ اپنے کرداروں کو پائدار اور ممتاز بنانے کا انہیں موقع ہی نہ مل سکا۔ اردو میں یہ اپنی طرز کے واحد ناول نگار ہیں۔ ان کا اتباع کسی سے بھی نہ ہو سکا۔ اس لئے یہ بے حد قرین قیاس ہے کہ انہوں نے موضوع ہی پر تمام تر توجہ صرف کر دی۔ لیکن ایک منشی نقاد کے پاس یہ وجہ عذر بن کر پیش نہیں ہو سکتی۔ گو موضوع اس کو قبول کرنے کے لئے تیار بھی ہو جائے۔

کرداروں کی نوعیت شرر کے کردار مختلف قومیت کے اور مسلمانوں کے مختلف طبقوں پر مشتمل ہیں۔ ان میں جاہلیت کے عرب بھی ہیں۔ سبھی بھی ہیں، خلفاء اور خلافت راشدہ کے مسلمان بھی ہیں۔ افریقی ہیں، حبشی ہیں۔ اسپینی ہیں۔ اطالوی ہیں، یونانی ہیں، ایرانی ہیں، رومی ہیں۔ ترکی اور ہندی ہیں۔ غرض ہر طرح کے مسلمان اور غیر مسلمان سب ہی ہیں۔ پھر ان میں بادشاہ ہیں، امراء ہیں۔ سپاہی ہیں اور ادنیٰ طبقے کے افراد۔ عمر کے لحاظ سے بھی ان میں بچے ہیں، جوان ہیں اور بوڑھے۔ لیکن اگر وہ کہیں کسی قدر کردار کی گہرائیوں تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں تو صرف عرب اور ایرانی ہیں۔ ان سے وہ بخوبی واقف تھے۔ یہاں بھی شرر کی فضا محدود ہے۔ امیروں، بادشاہوں اور ادنیٰ خدمتگاروں سے زیادہ وہ فوجی عہدہ داروں کے کردار خوبی اور صداقت کے ساتھ پیش کر سکتے ہیں۔ فوجی عہدہ داروں میں

بھی بوڑھے اور معمران ان کے احاطہ امکان سے خارج ہیں۔ صرف نوجوان افسروں کی حد تک شرر کی کردار نگاری بے حد کامیاب ہے۔

مثال کے لئے عمرو، زہیر، عیسیٰ، موسیٰ، طارق، حسن، عزیز منصور، عثمان وغیرہ پہلی نظر میں منتخب ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کے کرداروں کو شرر کی ناولوں سے اگر خارج کر دیں تو اس امین شرر کے پاس ایک بڑے صفر کے سوا اور کچھ باقی نہیں رہتا۔ اس لئے شرر کی کردار نگاری کو سمجھنے سے پہلے اس امر کا جاننا ضروری ہے۔ ان کی اس خصوصیت نے بعض اچھے کردار اور بہت سی جنگوں کے نفیس مرقع اردو میں پیدا کر دئے ہیں۔ اس پہلو پر نظر رکھ کر اگر شرر کا مطالعہ کیا جائے تو یقین ہے ان کی ناولوں کی خوبی کو سمجھنے میں دشواری نہیں ہوگی۔

شرر کے نمایاں کرداروں کے منتخب کر لینے اور ان کی مشترک خصوصیت کو معلوم کر لینے کے بعد بھی اس بحث کا سب سے بڑا مسئلہ حل طلب رہ جاتا ہے کہ شرر کی کردار نگاری کا اصول کیا ہے؟ یہ اصول بہت صاف ہے۔ شرر بہترین موقعوں کے کردار پیدا کرنے کے باوجود، ان کی سیرتوں کی گہرائیوں تک نہیں پہنچتے۔ ان کے مخصوص جذبات اور احساس کو نہیں ٹٹولتے۔ مختصر یہ کہ ان میں انفرادیت نہیں پیدا کر سکتے یہی وجہ ہے کہ ان کے اکثر اور بہترین کرداروں میں سے کوئی بھی ایک دوسرے سے صاف ممیز نہیں معلوم ہوتا۔ تمام ناولوں کو غور سے پڑھنے کے بعد بھی شرر کا ایک کردار دوسرے کردار سے گڈمڈ ہو جاتا ہے۔ وہ اپنا کوئی مستقل اور انفرادی وجود قاری کے ذہن میں نہیں حاصل کر سکتا۔ جو خصوصیات ایک ناول کے ہیرو میں ہیں۔ کم و بیش وہی دوسرے دوسرے ناول کے ہیرو میں بھی موجود ہیں۔ غور سے دیکھئے تو عمرو، زہیر، عزیز، منصور، عثمان، طارق، موسیٰ، عیسیٰ، میں ناموں کا فرق اور واقعات اور فضا کے اختلاف کے سوا کوئی مابہ الامتیاز نہیں۔ اس لئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ شرر اپنی ناولوں میں ایک منصور، ایک عزیز ایک عثمان اور ایک عمر کا کردار نہیں پیش کرتے تھے۔ بلکہ وہ ہر جگہ ایک جری بلند حوصلہ اور عاشق مزاج فوجی عہدہ دار کا تصوری کردار پیدا کرتے ہیں۔ کردار نگاری کی حد تک ان میں تصوریت (Idealism) بہت ہے۔ یہی ان کی کردار نگاری کا اصول ہے۔ ان کے اچھے کرداروں کا ایک ضابطہ (فارمولا) ہم ان چار خصوصیات سے بتا سکتے ہیں (۱) نوعمری (۲) جوانمردی (۳) اقتدار (۴) عشق، اس مختصر سے مضمون میں مختلف کرداروں کو لیکر متغائر اور متشابہ سیرتوں پر روشنی ڈالنے کی گنجائش نہیں ہے

عورتوں کے کردار اب ہم شرر کی کردار نگاری کے دوسرے اور مساوی اہم پہلو کی طرف قارئین کرام کی توجہ منعطف کرتے ہیں۔ شرر نے عورتوں کے کردار بھی بہت پیش کئے ہیں۔ بلکہ ان کا کوئی ناول ہیروئن سے خالی نہیں ہے۔ حبیبہ، حلیمہ، قلورا، اگنس، ضیا، رجنا، موہنا، ماہ ملک، کے نام ان کی ایک اہم مختصر سی فہرست ہے۔ یہ کردار بہت ذی اقتدار عورتوں کے بلکہ اکثر شہزادیوں کے ہیں۔ ان میں ایک روئے کے سوا سب نوعمر ہیں مردوں کی دو خصوصیات یہاں بھی بحال ہیں۔ اقتدار اور نوعمری۔ حسن تو ان دونوں کا لازمی زیور ہے۔ بعض عورتوں کو شرر نے دلیری اور جوانمردی کا لباس بھی پہنایا ہے۔ لیکن یہ ان کی عمومی خصوصیت نہیں۔ اس کے علاوہ کوئی اور بات ایسی نہیں جو شرر کے نسائی کرداروں کو مردوں سے ممتاز کر سکے۔ لہٰذا اگر ہم شرر کی نسائی کردار نگاری کو اہتر سمجھیں تو غلطی نہ کریں گے۔ شرر کے ناول دلیری اور رومانیت کا مخزن ہیں۔ نسائی جذبات اور احساسات کی ترجمانی ان سے

کما حقہ نہیں ہو سکتی تھی۔ یہ کام راشد الخیری اور نذیر احمد خوب انجام دیتے ہیں۔

شرر کے نسائی کرداروں کے اس وسیع گروہ نے جو ہموار سطح پیدا کی ہے اس سے اگر کوئی سر ذرا اونچا ہے تو وہ فلورنڈا ہے۔ اس کی کردار کشی میں شرر نے ایک غیر عادی ندت کا ثبوت دیا ہے۔ اس کا سبب حیا فروشی کا اشتمال ہے جو فلورنڈا کی ایک خصوصیت تھی۔

غرض اگر ہم انفرادیت سے قطع نظر کر سکیں تو پھر شرر کے کرداروں کو پسند کرنے کی نظر پیدا کر سکتی ہے۔ عوام ان کے کرداروں کو اب تک پسند کرتے ہیں کیونکہ وہ نقاد نہیں ہیں۔ وہ یہ نہیں جان سکتے کہ شرر کے کرداروں کی دلچسپی صرف تاریخی اور رومانی فضا کے چھو جانے سے بڑھ گئی ہے۔ اور تاریخی بھی وہ مسلمانوں کے عروج کی ہے!

قوت بیانیہ | شرر کی ناولوں میں پلاٹ سے بھی زیادہ جو چیز زیادہ سرمایہ دار ہے وہ ان کی قوت بیانیہ ہے۔ یہ وہ میدان ہے جس میں اردو افسانہ نویس بہت کم شرر کے مقابل ٹھہر سکتے ہیں اچھے اور خوبصورت بیانات نذیر احمد اور پھر سرشار کے قصوں میں موجود ہیں۔ لیکن شرر کے بیانات کی نوعیت ان دونوں سے بالکل جدا ہے۔

شرر سے متعلق قوت بیانیہ کا استعمال ایک مخصوص معنے رکھتا ہے۔ ورنہ جیسے ہم نے ابھی کہا ہے نذیر احمد اور سرشار کے سامنے ان کی پیش نہیں جا سکتی۔ نذیر احمد اپنے اطراف کی اشیاء اور ماحول کی چیزوں کو نہایت جزئی طور پر پیش کر سکتے تھے۔ سرشار بھی کم و بیش کرتے ہیں۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں۔ ان دونوں کمالوں کے بیانات کا تعلق معاصرانہ زندگی سے ہے جس کی آسانی ظاہر ہے۔ اس دار و مدار تمامتر مشاہدے اور انتخاب پر ہے۔ زبان بھی صاف ستھری ہو تو اس میں چار چاند لگ جاتے ہیں لیکن جہاں بیانات کا تعلق ایک بلکہ ڈیڑھ ہزار سال قبل کی تاریخ سے ہو وہاں ناول نگار کا کام کس قدر دشوار ہو جاتا ہے یہاں مشاہدے سے کام چل سکتا ہے اور نہ انتخاب ہی کا موقع ہے۔ اس میں تو مردہ اجسام میں روح پھونکنے کی ضرورت ہے۔ تاریخ سے صرف اشارے حاصل کر کے قوت تمیز اور قوت تخیل کی مدد سے ان اشاروں کو پھیلانا پڑتا ہے۔ قدیم تاریخی فضا کو اسی دور کے تمدن اور معاشرت سے پُر کرنا ایک باکمال مصنف کے سوا کسی اور سے ناممکن ہے۔ تاریخی ناول نگار کا کام اسی قدر اہم ہے جس قدر اس مصنف کا جو تصویر کے خاکے میں رنگ آمیزی کرتا ہے۔ خاکہ درحقیقت تاریخ ہے اور رنگ اس میں چلتی پھرتی تصویریں ہیں۔ یہ کام اس قدر مہتم بالشان ہے کہ اس کی بدولت اسکاٹ نہ صرف عوام میں عزت کی نظروں سے دیکھا جاتا تھا بلکہ حکومت سے بھی اس نے خراج سربلندی حاصل کیا۔

شرر کی قوت بیانیہ کے راز سے واقف ہو جانے کے بعد قارئین کو ہم اس کی امتیازی خصوصیات کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ اس کو غور سے ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ یہی وہ بنیاد ہے جس پر شرر کے ناول کی عمارت کھڑی ہوئی ہے۔

اپنی بہت سی جدت طرازیوں کی طرح شرر نے وقت موسم اور مقامی کیفیت کو اپنے خاص اسلوب میں عوام سے بہت مانوس بنا دیتا ہے۔ ناول میں کسی موقع کو سمجھانے، کرداروں کے جذبات کو واضح کرنے یا ماحول کا اثر دکھانے

کی غرض سے گرد و پیش کے حالات، موسمی کیفیات کو بیان کرتے ہیں۔ اس طرح کی توضیحات اور بیانات کی خوبی یہ ہے کہ وہ ناول میں کوئی زیادہ اور بے مصرف چیز نہ معلوم ہوں۔ شرر اس گر سے خوب واقف ہیں۔ وہ جا بجا ان چیزوں سے مدد لیتے ہیں۔ کو بعض مقامات پر اپنے بیانات سے ناول کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ لیکن جہاں یہ بیانات ناول کا جزو بن جاتے ہیں، خوبی میں اپنی آپ نظیر ہوتے ہیں" زوال بغداد" کا افتتاحی منظر جو دریائے دجلہ کے کنارے پر پیش کیا گیا ہے۔ یا "مفتوح فاتح" کا صحرائی سماں جو کوہ پری نیز کی اصلی دلچسپی کو کئی گونہ بڑھا دیتا ہے۔ مثال کی طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح کے بیشمار مناظر شرر کی ناولوں میں موجود ہیں شرر کی ناولوں کو پڑھنے والوں میں بڑی تعداد ایسے ہی لوگوں کی ہے جو ان سحر طراز بیانات سے متاثر رہے۔ شرر اپنی عبارت آرائی کے ذریعہ ان مناظر کے بیان میں بڑی رومانیت پیدا کر دیتے ہیں۔ توضیح کے لئے انہیں برجستہ تشبیہیں ملجاتی ہیں۔ پھر حسن و عشق کا چٹخارہ بھی ان میں کسی نہ طرح طرح پیدا کر دیا جاتا ہے۔

یہ اسلوب بیان اب سادہ نگار فطرت کے متلاشیوں کو ذرا ناگوار معلوم ہونے لگا ہے۔ کیونکہ اس میں بعض جگہ تکلف کی جھلک نظر آنے لگتی ہے۔ لیکن رومانیت کے متلاشیوں کو ان سے کبھی سیری نہیں ہوتی، وہ ہر وقت "ہل من مزید" ہی کے نعرے لگاتے رہتے ہیں۔ ان کی رنگین عبارتوں کا اثر نوجوانوں کے لئے بڑا مسحور کن ہوتا ہے۔ موسم کی کیفیات، وقت کا سماں، فطری مناظر، غرض ہر جگہ شرر نے اس اسلوب کو نبھایا ہے۔ اور اکثر نوعمر مصنفین نے ان کی تقلید کی کوشش کی ہے۔

ایک خاص چیز جس کے پیش کرنے میں شرر کو ید طولیٰ حاصل ہے۔ جگہ اور مقام ہے۔ گذرگاہوں، راستوں اور محلوں کے بیان میں وہ ایسی جزئیات تک پہنچ جاتے ہیں کہ گویا ان کی ساری عمر انہیں مقامات پر بسر ہوئی ہے۔ یہ سب وہ اپنے تخیل کی مدد سے کرتے ہیں۔ لیکن پڑھنے والے کو صداقت کے سوا اور کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ممالک اسلامیہ کی نہ صرف تاریخ سے بلکہ اس کے جغرافیہ پر بھی اس کی تمام تفصیلات کے ساتھ حاوی ہیں۔ کبھی تو وہ صحرائے عرب کی سیر کراتے ہیں جہاں لق و دق میدانوں کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ لیکن جب کبھی کوئی شاداب خطہ نظر آجاتا ہے جان میں جان آجاتی ہے۔ کبھی پری نیز کی گھاسوں میں قاری کو لیکر گھس جاتے ہیں اور جب تک اس کے بہترین گوشے نہ دکھالیں چین نہیں لیتے۔ معتصم باللہ کا بغداد بھی ان سے دور نہیں۔ فسطونیہ، قرطبہ، طلیطلہ کی تمام گلی کوچوں سے یہ واقف ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ اس حیثیت سے شرر کی ناولوں کا مطالعہ بے حد دلچسپ ہے۔

معاشرت اور تمدن جیسے اوپر لکھا گیا ہے معاشرت اور تمدن اگر معاصرانہ نہ ہو تو اس کو صداقت کے ساتھ پیش کرنا بہت زیادہ مشکل نہیں ہے۔ ناول نگار کو حرف مشاہدے اور انتخاب سے کام لینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ لیکن تاریخی ناول نگار کی بساط میں بصارت اور بصیرت دونوں کی ضرورت ہے۔ مطالعہ سے معلوم کرنے کے بعد انہیں از سر نو اور تازہ زندگی عطا کرتی ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ شرر نے یہ خدمت نہایت خوبی سے انجام دی ہے۔ ان کی بہترین ناول سو تا وہی ہیں۔ جن میں یہ بصیرت افروزی منتہا کو پہنچ گئی ہے۔ اس وصف میں "ایام عرب" کو کوئی

کوئی دوسرا ناول نہیں پہنچ سکا۔ اس ناول میں شرر نے جاہلیت کے عربوں اور ان کے تمدن کو ہمارے لئے زندہ کر دیا ہے۔ گو کوئی خاص شخص قصہ ہمارے ذہن یا ہمارے جذبات پر قابو نہیں پا سکتا لیکن ایک تمثیلی عرب (Hero) کو خاص عربی فضا میں ہم جگہ جگہ چلتے پھرتے دیکھتے ہیں۔ بیسیوں مثالوں میں سے ہم صرف بازارِ عکاظ کے مشاعرے کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔ یہاں اور ہر جگہ تاریخ اسلام کے متعلم کے لئے کوئی چیز غیر مانوس نہیں ہے۔ بلکہ یہی وہ مقام ہے جہاں پہنچ کر متعلم تاریخ بھی کہہ اٹھتا ہے۔ ؎

اگر یک سرِ موئے برتر پرم ✻ فروغ تجلی بسوزد پرم

جنگ کے مرقعے | میر انیس نے مرثیوں میں اور شرر نے ناول میں جنگ کے جس قدر مرقعے پیش کئے ہیں ان کے آدھے بھی کسی دوسرے مصنف کے پاس نہیں ملتے۔ میر انیس کے پاس تو یہ ایک حد تک مقصد بن گئے تھے۔ اس لئے ان کے سرانجام میں انیس نے بڑی کوشش سے کام لیا۔ لیکن شرر کے پاس یہ کسی اور مقصد کا ذریعہ تھے۔ اس لئے انہیں ان پر زیادہ توجہ صرف کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ تاہم نثر میں جنگ کے مرقعے پیش کرنا شرر کا ایک مخصوص وصف بن گیا ہے۔

شرر کی تمام ناولیں مہماتی ہیں۔ ہم نے پہلے کسی مقام پر اس کا ذکر کیا ہے کہ شرر نے اپنے قصوں کے لئے عموماً وہی موقع انتخاب کئے ہیں جن سے کوئی قومی جہاد شروع ہوتا ہے۔ اسی لئے انہیں بغیر جنگ و جدل کے گزر ہی نہیں اور یہی وجہ تھی کہ ان کے تمام اشخاص قصہ بلکہ بعض نسوانی کردار بھی سپاہانہ وضع کے بن گئے ہیں۔

شرر مسلمانوں خصوصاً عربوں کی جنگوں کے تمام قواعد و ضوابط اور اس ادارے کی اسپرٹ سے اچھی طرح واقف تھے۔ عربوں کے حربی لباس، ہتھیار، آئین جنگ، تقسیم فوج، اقسام جنگ کی تفصیلات وہ اکثر جگہ پیش کرتے ہیں۔ کہیں کہیں وہ جنگجو عربوں کی فطرت تک بھی پہنچنے کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ شرر فطرت کے اچھے متعلم نہ تھے۔ ورنہ ان کی جنگوں میں بڑی جان پڑ جاتی اور انیس کی طرح یہ مرقع دلچسپی اور انفرادی خصوصیات سے مملو ہو جاتے۔ شرر کے پاس لڑائی کے مرقعوں کی کثرت کے باوجود بہت ممکن ہے آئندہ کوئی دوسرا ناول نگار اپنی جنگوں کی کیفیت سے انکو شکست دیدے۔

خاتمہ | غرض موضوع کے لحاظ سے شرر کی ناولیں اردو میں اپنی قسم کی پہلی چیز ہیں۔ شرر ہی آج تک اس میدان کے تنہا مالک ہیں۔ یہاں کوئی دوسرا ان کا مدمقابل نہیں۔ پلاٹ کی ترتیب میں انہیں خاص مہارت تھی جو سوائے مغربی افسانہ نگاروں کے اور کسی کے پاس کم دیکھی جاتی ہے۔ پلاٹ کے بنانے میں شرر اپنے تمام پیشرو اور اکثر بعد کے ناول نگاروں پر فوقیت رکھتے ہیں۔ کردار جو ناول کا ایک اہم جزو ہے شرر کے پاس اپنی سطحیت کی وجہ سے انفرادیت سے عاری بن گئے ہیں۔ یہی وہ نازک مقام ہے جہاں شرر کا ایک ناآشنا تضاد بھی انگلی رکھ سکتا ہے۔ اور اس کو پھیلا اور بڑھا کر ان کی اہمیت کے گھٹانے کا در پے ہو سکتا ہے۔ تاہم ہم نے ان کے کردار کی خصوصیت بیان کر دی ہے۔ یہ انفرادیت نہیں ہے بلکہ ان کے کردار ایک قوم اور ایک طبقہ کے نمائندے ہوتے ہیں۔ شرر کا خاص اسلوب اور قوت بیانیہ جس میں تاریخی صداقت، مقامی تفصیلات اور مناظر کے بیانات کو بڑا دخل ہے، شرر کی ناولوں کا سرمایہ امتیاز ہیں۔ اس میں شرر کے پاس ایک جزو زیادہ اور ایک جزو کم ہے

منظر نگاری میں ہر جگہ حسن و عشق کی تشبیہات اور استعارات کا استعمال کہیں کہیں بیان کو گھٹا دیتا ہے۔ ایک کمی جو ناول نگار کے پاس قابل معافی نہیں سمجھی جا سکتی یہ ہے کہ شرر کی عبارتوں میں حسن، لطافت اور خوش مذاقی کا فقدان ہے۔ جس سے سارا ناول باوجود رنگینی عبارت کے سنجیدگی اور یکسانیت کا مرقع بنجاتا ہے۔ فن لطف اور ادب لطیف کی ایک بڑی خدمت مسرت انگیزی بھی ہے۔

شرر کی ناولوں کے باقی دوسرے اجزا کوئی خاص طور پر قابل ذکر نہیں۔ ان کے مکالمے سنجیدہ ہیں۔ لیکن نذیر احمد یا سرشار کی طرح زبان اور محاوروں کی طرح دلبستگیوں اور چٹخاروں سے خالی۔ عورتوں کی گفتگو بھی نسائی امتیازات سے بڑی حد تک خالی ہے۔ گو اس چیز کو ہم مکالمے کے سقم میں نہیں گنا سکتے، لیکن یہ ضرور ہے کہ اس کی موجودگی شرر کی ناولوں کو زیادہ دلچسپ بنا دیتی۔

یہ حیثیت مجموعی شرر کے افسانوی کارنامے، اپنی بعض کوتاہیوں کے باوجود اردو ادب میں عدیم المثال اور اپنی آپ نظیر ہیں۔ وہ افسانہ نویسی کی جس شاہ راہ پر ہیں۔ دوسروں سے خالی ہے۔ یہ راستہ نہایت دشوار گذار تھا لیکن شرر نے اس میں اس قدر دلچسپیاں پیدا کر دی ہیں کہ ہم ہر جگہ نئے تاریخی عجائبات، رنگ برنگ کے نقش و نگار سے دوچار ہوتے رہتے ہیں اور راستہ کی دشواری یعنی موضوع کی خشکی کا خیال لئے بغیر ہی منزلیں طے کر لیتے ہیں۔

یہ خصوصیات ہیں جو شرر کو ایک طرف تو عوام میں مقبول بنا رہی ہیں، دوسری طرف نقادان فن کی محفلوں میں وقعت کی جگہ دلا رہی ہیں نیز سنجیدگی متعلین ادت کی جد وجہد کے لئے بیسیوں نئی بات کھول دیتی ہے۔ یہی خوبیاں ہیں جو ان ادبی شہ کاروں کو اردو زبان کا امتیازی سرمایہ بنا کر نہ صرف تاریخی حیثیت سے بلکہ خود اپنی ذاتی دلچسپیوں کی بدولت انہیں ہر عصر تک قائم رکھنے کی ذمہ دار بن گئی ہیں۔ (خاص)

ترجمہ۔ ایک بار نہیں اکثر ایک نہیں (بلکہ) دنیا کے بیشتر معمولی نہیں بلکہ صاحب فہم مقصد جتلا اپنے کمال فن پر ناز تھا دعوے کیساتھ اس کی شبیہ کھینچنے بیٹھے مگر اظہار عاجزی و اقرار لاچاری کر کے دست کش ہو گئے (بہرحال اس کی) تصویر نہ کھینچنا تھی کھینچی یکتائی معشوق کو کس ندرت کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے۔

(جام پنجم معشوق کی بے اعتنائی) دوہا

ہر حریم ایسی کری جم کمان شر یوہ کھینچ اپنی اور کو وار یو ین دور

ترجمہ۔ پہلے تو معشوق نے نگاہ لطف ڈالکر عاشق کو اپنی طرف مائل کر لیا اور جب عاشق مست محبت ہو گیا تو اس کو اتنی دور کر دیا کہ پھر اسکی خبر تک نہ لی جسطرح تیر کمان میں رکھکر پہلے کان تک کھینچتے ہیں اور پھر جب چھوڑتے ہیں تو وہ اتنی دور گرتا ہے کہ کبھی اس تک پہنچ ہی نہیں سکتا کمان کی تمثیل دیکر کس قدر دلفریب اور موثر تارک خیالی سے کام لیا گیا ہے۔

اس امر کی بہت سخت ضرورت ہے کہ اردو سے مذاق رکھنے والی ہستیاں بہت جلد ادب بھاشا کے مطالعہ کی جانب متوجہ ہو جائیں اور اس سدا رنگا رنگ مضامین سے گلدستہ اردو کو دلا دیر بنانے کی کوشش کریں اس طرح یکایک ایک بیحد العقول طریقہ سے اردو ادبیات میں ایک خاص نمایاں اور دلچسپ اضافہ ہو جائیگا جو اسکے حسن میں چار چاند لگا دے گا۔

(خاص)

منادی

قبرستان کی چاندنی

[جناب مولانا خواجہ حسن نظامی صاحب سابق ایڈیٹر "منادی" دہلی]

مخلوق کے رنگیلے شہنشاہ محمد شاہ نے ماہتابی جشن رچایا۔ چمن میں چودھویں رات کے چاند کی بہار دیکھی۔ سفید چاندنیاں بچھائی گئیں۔ شہنشاہ نے اور درباریوں نے سفید لباس پہنے انگوٹھیاں بھی چاندی کی سفید تھیں۔ اور ان کے نگینے بھی سفید تھے۔ چاند آسمان پر چمک رہا تھا۔ اور مخلوق کے عیش پرست شہنشاہ کے رنگیلے پن کو دیکھ رہا تھا۔ چاندی کی صراحیاں اور چاندی کے گلاس مجلس میں گردش کر رہے تھے۔ گوری عورتیں ناچ رہی تھیں۔

میں نے تاریخ کے سفید اوراق میں کالے حرفوں کے ذریعہ اس عیاشی کا حال پڑھا، تو زوال سلطنت کی تصویر آنکھوں کے سامنے کھچ گئی۔ میں سو گیا۔ برسات کی رات تھی۔ تیرھویں تاریخ کا دن ختم ہو گیا تھا۔ آسمان پر بادل نہ تھے۔ پھر وہی چاند چمک رہا تھا جس نے دہلی کے لال قلعہ میں ماہتابی جشن دیکھا تھا رات کے ۲ بجے میں اپنی لوہے کی چارپائی سے اُٹھا۔ چھروالی کا پردہ ہٹایا، اور چاند کے ٹکڑے کو دیکھنے لگا۔ اس کے دیکھنے سے آدمی بیوقوف بن جاتے ہیں۔ انسانی حکیموں کا یہ قول ہے۔ مگر چاند نے مجھ سے کہا۔ اس بے عقلی کے آس پاس عقل و حکمت بھی موجود ہوتی ہے۔ کوئی چاند کے ذریعہ عقل و حکمت کی طرف چلتا ہے، اور کوئی بے عقلی قبول کر لیتا ہے۔ میں اُٹھا۔ بالاخانہ سے اترا۔ جو درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے برابر ہے، اور درگاہ میں گیا۔ حضرت کے مزار کے پائیں محمد شاہ بادشاہ کی قبر ہے، اور سنگ مرمر کا نہایت خوبصورت سقرہ بنا ہوا ہے کواڑ بھی سنگ مرمر کے ہیں۔ اس کے قریب شہنشاہ شاہجہاں کی فلاسفر بیٹی جہاں آرا بیگم سوتی تھی، جس کے سرہانے یہ شعر لکھا ہوا ہے

بغیر سبزہ نپوشد کسے مزار مرا کہ قبر پوش غریباں ہمیں گیاہ بس ست

بائیں طرف مغلوں کے آخری بادشاہ بہادر شاہ ابوظفر کے دو بھائی مرزا سلیم اور مرزا بابر کی قبریں تھیں۔ اور یہ سب سفید سنگ مرمر کا سامان تھا۔ اور چودھویں رات کی چاندنی سنگ مرمر کی سفیدی کو جگمگا رہی تھی۔ درگاہ کے درویش کچھ سوتے تھے کچھ یاد الٰہی میں مصروف تھے۔ میں چپ چاپ محمد شاہ رنگیلے اور جہاں آرا بیگم اور مرزا سلیم کی قبروں کو کھڑا دیکھتا رہا۔ چاند آسمان سے اپنی دھیمی اور سُریلی آواز میں ان مرنے والوں کو پکار رہا تھا۔ مگر اُن میں سے کوئی بھی جواب نہ دیتا تھا۔ ہر چیز چپ تھی۔ پانسو برس کا پرانا املی کا درخت بھی چپ تھا۔ ہوا بند تھی پتہ بھی نہ ہلتا تھا۔ البتہ گذشتہ تاریخ بول رہی تھی۔ مگر اُس کی آواز بھی خاموش تھی۔ یکایک میں نے دیکھا، کہ چھوٹی چھوٹی چند مینڈکیاں شہنشاہ ہند کی قبر پر پھر رہی ہیں۔ کبھی اُچھل کر سرہانے جاتی ہیں، کبھی پھدک کر پائینتی آتی ہیں شہنشاہ کی روح خبر نہیں کہاں ہے، اس کے درباری معلوم نہیں کن قبروں میں دفن ہیں۔ کوئی چوبدار کوئی دری نوکر پاس نہیں ہے۔ مگر میں ہوں بشکل انسان۔ ڈارون کی تحقیقات کے بموجب میں بھی پہلے مینڈک تھا۔ بڑھتے بڑھتے بندر بنا۔ پھر آدمی مشہور

[بقیہ صفحہ ۸۰۹ پر دیکھئے]

مان سرور

کفارہ

(افسانہ)

جناب منشی گوری شنکر لال صاحب اختر رئیس زادہ ایڈیٹر رسالہ "مان سرور" لاہور

مرن مئی نے ہنستے ہنستے کتنے ہی زیور پہنے۔ خوش وضع اور قیمتی لباس زیب تن کیا۔ اور شوہر کے ساتھ موٹر میں سوار ہوئی۔ اس نے اتنا عطر لگایا، کہ جس طرف سے موٹر نکل جاتا تھا۔ تمام راستہ معطر ہو جاتا تھا۔ اس کا شوہر تیزی سے موٹر چلا رہا تھا۔

شوہر اُسے بہت پیار کرتا تھا۔ دم بھر کے لئے آنکھوں سے جُدا نہ ہونے دیتا۔ اس کے بناؤ سنگار کے لئے نئی نئی چیزیں تلاش کر کے بازار سے لاتا۔ مگر اہل برادری کے خوف، اور محلہ والوں کی چہ میگوئیوں کے خیال سے اسے کبھی حوصلہ نہ ہوتا، کہ اپنے ساتھ موٹر میں بٹھا کر سیر کے لئے لے جائے۔ آج بہت دنوں بعد یہ موقع نصیب ہوا۔ وہ پھولی نہ سماتی تھی۔ خوشی کی انتہا نہ تھی۔

قلعہ کے میدان میں مرن مئی نے کتنے ہی نظارے دیکھے، صاحب میم، پارسی، عیسائی، مارواڑی غرض ہر قوم کے لوگ سیر کر رہے تھے۔ الہ آباد جیسے عظیم الشان شہر میں دیکھنے، اور اُن سے محظوظ ہونے والے مناظر کی کمی کہاں؟ دیکھنے کو مرن مئی نے بہت کچھ دیکھا۔ مگر سمجھ میں بہت کم آیا۔ کیونکہ اس کا شوہر

(صفحہ ۸۰۸ کا بقیہ)

اب دیکھا ہوں کہ مینڈکوں کی شکل میں بھی یہاں ہوں۔ اور آدمی کی صورت میں بھی یہاں ہوں، اور محمد شاہ کے انجام کو دیکھ رہا ہوں یہ ایسا انجام ہے، کہ ہر بادشاہ کو چاہے وہ عاقل ہو یا غافل ہو، اور ہر فلاسفر کو، اور ہر ادنیٰ و اعلیٰ کو، اور ہر حسین و بدشکل کو بادل ناخواستہ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ متبابی جشن والا بادشاہ جشن کے وقت اچھا تھا، یا اب اچھا ہے، مجھے اس پر غور کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں تو آج کی رات قبرستان کا ایک ایسا متبابی جشن دیکھنے آیا ہوں جو بغیر کسی خرچ اور اہتمام کے مجھے حاصل ہے جہاں آرا بیگم کی مجلس نظر آ رہی ہے، وہ شبنم کا کرتہ پہنے مجلس میں جا رہی تھی۔ کافوری شمع کرتہ میں لگی اور جل گئی۔ مرزا جہانگیر نے سٹین صاحب ریزیڈنٹ کے گولی ماری وہ بچ گئے گولی ٹوپی میں لگی۔ قید ہو کر الہ آباد گئے۔ مر کر یہاں آئے۔

اس سب قبروں کی ایک تاریخ ہے، اور اس تاریخ میں ایک عبرت ہے اور نصیحت ہے۔ میں ان مینڈکوں سے کہتا ہوں، جو شکار کی تاک میں دوڑ رہی ہیں۔ کہ دنیا میں بڑے شکاری بادشاہ ہوتے دوسروں کا ملک چھین لیتے ہیں۔ اپنی عزت کے لئے دوسروں کی عزت۔ اپنے آرام کے لئے دوسروں کا آرام اپنی خوشی کے لئے دوسروں کی خوشی برباد کر دیتے ہیں۔ تمہارا شکار چھوٹے چھوٹے کیڑے ہیں۔ وہ بھی دنیا میں عزت اور خوشی اور آرام کی زندگی بسر کرنے کے لئے آتے ہیں۔ مگر تم اُن کو کھا جاتی ہو۔ تم کو سانپ کھا جاتا ہے۔ سانپ کو مور کھا جاتا ہے۔ مور کو آدمی کھا جاتا ہے۔ آدمی کو بادشاہ کھا جاتا ہے۔ اور بادشاہ کو یہ قبر کھا جاتی ہے، پھر ہٹ۔ گھر چل۔ یہ بادشاہ قبر و فنا کا نوالہ ہیں۔ یہ بادشاہ دوسروں کو نوالہ بناتے تھے۔ آج بے جان خاک کا نوالا بنے ہوئے پڑے ہیں۔ اب سوچ کر تو کسی کا نوالہ بنا، نہ کسی کا نوالہ بن۔ تاکہ زندگی کا راز تجھ پر کھولا جائے۔ (خاص)

آگے بیٹھا ہوا موٹر چلا رہا تھا۔ وہ اندر اکیلی تھی۔

چوک کے موڑ پر آکر گاڑی یکبارگی رک گئی۔ کسی درد آلود جگر خراش آواز نے اس کا کلیجہ دہلا دیا۔ اس کے شوہر مسٹر کرشن کمار فوراً موٹر سے اُترے، کھڑکی سے سر نکال کر مرن مئی نے دیکھا، کہ کوئی آٹھ دس سالہ بچہ خون میں لت پت ہو کر درد سے تڑپ رہا ہے۔ اور راستہ کے پتھروں پر لوٹ رہا ہے۔ اس کا غمناک، مایوس چہرہ دیکھ کر مرن مئی کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ ایسی بدرسنہ شکل آجتک اس کی نگاہوں سے نہ گذری تھی۔

جب چند آدمیوں نے مل کر اس لڑکے کو اٹھایا، تو معلوم ہوا۔ کہ اس کے پائیں پاؤں کی ہڈی بالکل چُور چُور ہو گئی ہے۔

(۲)

مرن مئی سوچتی تھی۔ کیا میں نے کبھی کوئی پاپ کیا ہے۔ مگر ہر چند سوچنے پر بھی اُسے کوئی بات یاد نہ آتی تھی۔ جب دیدۂ و دانستہ اس نے کبھی کسی کو کوئی تکلیف نہیں پہنچائی، تو پھر اس کے لڑکے کو اتنی تکلیف کیوں ہے؟ ہر چند سوچنے پر بھی وہ اس کا فیصلہ نہ کر سکی جب مسٹر کرشن کمار غصہ میں آکر نوکروں پر ناراض ہوتے، تو مرن مئی بار بار نہایت منت و خوشامد سے نوکروں کے ساتھ نرمی کا سلوک کرنے کی درخواست کرتی۔ یہی نہیں، بلکہ انھیں علیحدہ بلا کر کچھ روپے بھی دے دیتی تھی۔ کتنی ہی غریب عورتیں اس کی امداد سے گذر اوقات کرتی تھیں۔ ان تمام خیر و خیرات کے باوجود بھی اس کا بچہ کیوں بیمار ہے؟ اس کا باعث سمجھ میں نہ آتا تھا۔

پریشانی اور الجھن کی وجہ سے جیسے تمام مکان کی ایک ایک چیز زبان حال سے اُسے لعنت ملامت کر رہی تھی۔ وہ دل ہی دل میں کہتی تھی کہ حقیقتاً ان قیمتی چیزوں میں قطعی سکھ نہیں۔ کیا بدحیثیت جھونپڑی اور کٹی میں بھی بہت سکھ ہے؟

بیوی کو مغموم اور ہراساں دیکھ کر کرشن کمار نے کہا۔ "مرن! تم اس قدر پریشان کیوں ہو؟ ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں۔ کہ پریم کمار بہت جلد اچھا ہو جائیگا۔" مرن مئی نے ڈاکٹر پر بداعتقادی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ "میں بڑی پاپن ہوں۔ ایسا نہ ہوتا تو ....."

کرشن کمار نے ہنستے ہوئے سمجھایا۔ "فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ مرن مئی جیسی نیک عورتیں دنیا میں بہت کم ہیں۔" مرن مئی کو شوہر کی یہ بات کچھ ٹھیک نہ معلوم ہوئی۔ اس نے کہا۔ "نہیں۔ کوئی نہ کوئی قصور ہوا ہے۔ میرا دل بار بار کہہ رہا ہے، کہ مجھ سے ضرور کوئی نہ کوئی گناہ سرزد ہوا ہے۔ اور بغیر گناہ کا کفارہ ادا کئے ہوئے بچہ اچھا نہیں ہوگا۔"

"اس خیالی گناہ کا کفارہ کیونکر ہوگا۔" کرشن کمار بھی سوچنے لگا۔

بہت سی باتوں کے بعد یہ طے پایا، کہ دوسرے دن علی الصباح مرن مئی گھاٹ پر جا کر دیوی کے درشن کریگی۔ اور واپسی میں ہر فقیر کو ایک ایک چونی تقسیم کریگی۔

(۳)

جیسے بھڑوں کو چھیڑ کر ان سے بچنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح تیرتھوں میں بھکاریوں پر رحم کرنے سے جان بچانا بھی محال ہو جاتا ہے۔ جوں ہی مئی نے سب سے پہلے گنگا اشنان کیا۔ بیش قیمت ساڑی پہنی۔ اور بالوں کی کھلی ہوئی لٹیں پشت پر ڈالے ہوئے جب اُس نے فقیروں کو چونی تقسیم کرنی شروع کی، تو پہلے اُسے کچھ خوشی ملی۔ مگر جب آخر میں ان لوگوں نے "ماتا! تمہاری جے ہو۔ رانی جی! آپ کا سکھ بڑھے" وغیرہ دعائیہ فقرے کہہ کر اُسے گھیر لیا۔ تو اسے جے یا سکھ پانے کی کچھ بھی امید نہ رہی۔ ایک حریص فقیر نے گھوم پھر کر اس سے تین چار چونیاں اینٹھ لیں۔ جو لوگ اپاہج کا بل الوجود تھے، وہ اس مجمع کو چیر کر اس کے پاس تک نہ پہنچ سکے۔ چنانچہ جو جس قدر طاقتور تھا، اُسی قدر زیادہ فائدہ ہوا۔ دنیا میں ہر جگہ طاقتور ہی کی فتح ہے۔

بالآخر مرن مئی نے گھبرا کر موٹر کا دروازہ بند کر لیا۔
کرشن کمار نے ہنستے ہوئے پوچھا: "کیوں کیا شوق پورا ہو گیا؟"
مرن مئی مسکرائی۔ اس وقت کرشن کمار کی مشتاق نگاہوں میں اس کا حسن نو بہار نہایت دلپذیر نظر آتا تھا۔ اس نے بچہ کو گود میں اٹھا لیا۔ اور بار بار اس کا منہ چوم کر کہا: "اب پریم کمار کو آرام ہو جائیگا۔" بچہ بھی ہنس پڑا۔ باہر سے جے جے کار کی آوازیں آنے لگیں۔ کرشن کمار نے بیوی کو پھر اس طرف مخاطب نہ ہونے دیا۔

انھوں نے موٹر کا ہارن بجایا۔ موٹر چلا۔

مرن مئی نے بھگوتی کے مندر کی جانب دیکھ کر نہایت عقیدت سے پرنام کیا۔

عین اسی وقت کسی نے کان آشنا لہجہ میں کہا: "ماں اجے ہو!"

مرن مئی نے چونک کر دیکھا۔ دس بارہ برس کا ایک لنگڑا لڑکا لاٹھی کے سہارے کھڑا ہوا کہہ رہا تھا: "ماتا! آپ کی جے ہو۔"

مرن مئی کو احساس ہوا۔ جیسے اس نے پہلے بھی کبھی یہ آواز سنی ہے۔ یہ درد مند شکل پہلے بھی کبھی دیکھی ہے۔ کچھ دیر تک وہ اسی غور و خوض میں رہی۔ اسے یاد آگیا۔ کہ اسی بات کے کفارہ کے لئے تکلف اٹھا رہی ہے۔ بادلوں کی مانند [illegible] علاوہ دماغ بھی ہیرو ہے۔ لیکن جب تک دل کسی چیز کو قبول نہ کرے، وہ شاہراہ دماغ سے کسی طرح گذر ہی نہیں سکتی، انسانی جذبات میں تحریک و اشتعال پیدا کرنیکا دل ہی ایک زبردست آلہ ہے۔ خواہ اس سے اچھے خیالات پیدا ہوں، اور خواہ مواقب و تاریخ کے اعتبار سے بُرے جذبات اور تخیل کی نمائش ہوتی ہو۔ اس کا تعلق ماحول اور عمدہ تربیت پر منحصر ہے۔ بہر حال دل کی مبارک ہستی، ایک عجیب ہستی ہے۔ جس کے پرتو پر ہر اچھی بُری صورت کا عکس فوراً آجاتا ہے۔ حقیقت میں نظریں اچھی طرح جانتی ہیں۔ کہ دل ایک نعمت ہے، اور وہ نعمت بھی کسی نعمت جس کے وجود پر دنیا کی تمام دلچسپیاں موقوف ہیں۔ اگر دل غمگین ہوتا ہے، تو کائنات کا ایک ایک ذرہ اداس اور غمگین نظر آتا ہے۔ اور اگر دل حقیقتاً خوش ہے، تو قید خانہ کی چار دیواری میں بھی مسرت و نشاط کی کیف آفریں لہریں موج زن نظر آتی ہیں۔

(خاص)

گاڑی سے اتر کر لڑکے کے پاس پہنچی اور اس سے دریافت کیا: "بیٹا! تمہارا پاؤں کیسے ٹوٹا؟"

لڑکے نے مغموم لہجہ میں کہا: "موٹر سے۔"

"کتنے دن ہوئے؟"

"دو برس"

"کہاں؟"

"چوک کے موڑ پر"

مرن مئی نے چھنے ہوئے گلے سے پوچھا: "تم بھیک کیوں مانگتے ہو؟"

لڑکے نے کبیدہ خاطر لہجہ میں کہا: "ماں جی کیا کروں۔ ابھی میں ہسپتال میں ہی تھا کہ ماں کا سایہ ہمیشہ کے لئے سر سے اٹھ گیا۔ اس وقت دنیا میں میرا کوئی نہیں ہے۔ ماں! کیا لنگڑا شخص کچھ کام کر سکتا ہے؟"

مرن مئی نے آنسو پونچھتے پونچھتے کہا: "نہیں۔"

وہ لڑکے کا ہاتھ پکڑ کر اسے گاڑی کے پاس لائی۔ اور بولی: "جسودھرا جی تھی وہ مل گیا۔ پاپا کا پتہ چل گیا ہماری موٹر سے ہی لنگڑا ہو کر یہ لڑکا بھکاری بنگیا ہے۔"

کرشن کمار یہ سن کر کانپ اٹھے۔ مرن مئی نے کسی قدر جوش سے کہا: "آج سے یہ ہمارے ہی مکان پر رہیگا۔ کیوں؟"

کرشن کمار نے کہا: "ضرور۔"

شوہر اور بیوی دونوں نے مل کر لنگڑے لڑکے کو موٹر میں بٹھا لیا۔

(خاص)

میخانہ

جوشِ مستی

(جناب اسد انصاری ایڈیٹر میخانہ، لکھنؤ)

کس غضب کا یا الٰہی موسم برسات ہے ؛ کیوں نہیں چھوٹے ساقی شاخِ گل کیا بات ہے
ہے ادائے لطف ساقی کی نگاہِ قہر میں ؛ ہر طرف مستی ہی مستی چھا رہی ہے دہر میں
مست ہے ہر شہ زمانہ کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

میکشوں کے فیض سے زاہد بھی میکش ہو گئے ؛ تا بہ فرمانِ ساقی سارے مرکش ہو گئے
فصلِ گل نے متقی کو کر دیا تقویٰ شکن ؛ واعظوں کو جوشِ مستی نے کیا توبہ شکن
مست ہے ہر شہ زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

آج کیا ہے نامحوں نے کیوں نصیحت چھوڑ دی ؛ کیا سبب ہے عابدوں نے کیوں عبادت چھوڑ دی
کیوں نسیم جانفزا پھرتی ہے اترائی ہوئی ؛ کس لئے ہر شخص پر مستی ہی چھائی ہوئی
مست ہے ہر شہ زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

کیوں چلے آتے ہیں سب بے خود میخانہ کی سمت ؛ خود بخود بڑھنے لگے کیوں ہاتھ پیمانے کی سمت
بے خودی کیوں کر رہی ہے حکمرانی ہوش پر ؛ زلفیں دم بھی نہیں کیوں نرگسوں کی ہوش پر
مست ہے ہر شہ زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

میکدہ پیاسا ہے کیوں ہر سو چھایا ہوا ؛ مے کشوں پر آج کیوں واعظ ہے گرمایا ہوا
شیخ جی کو رشک ہے کیوں میکشوں کے حال پر ؛ مست ہو کر جھومتے ہیں پھول کیوں ہر ڈال پر
مست ہے ہر شہ زمانہ کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

جوشِ مے میں ساقیا بھی ہے تکیش بھی ہر سبو جوشِ مے میں ؛ کیا قیامت ہے بپا دنیائے مے رو جوش میں
جس کو دیکھو بیخود و سرمست ہے مخمور ہے ؛ منزلِ عقل خرد زندوں سے کوسوں دور ہے
مست ہے ہر شے زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

میکدے کی سمت سب جاتے ہیں گر مائے بہت ؛ واعظ نادان کیا دیکھے کہیں ہو گمراہ ہوئے
طالبِ دیدارِ ساقی کو تو دید ہے ؛ فصلِ گل ہے جوشِ بادہ کششوں کی عید ہے
مست ہے ہر شہ زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

ذرہ ذرہ عالمِ ایجاد کا مستی میں ہے ؛ زندگی کا لطف کچھ مخمور کی ہستی میں ہے
میکدہ پر ادھی اودی ہے گھٹا چھائی ہوئی ؛ باغ و صحرا پر ہے مستی کی ادا چھائی ہوئی
مست ہے ہر شہ زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

میکشی ہے اپنے دم سے میکشی کے دم سے ہم ؛ اپنا عالم ہے جدا اور ہیں جدا عالم سے
فصلِ گل ہے رات دن پینا پلانا چاہئے ؛ اے اسدؔ مستی کی اک دنیا بسانا چاہئے
مست ہے ہر شہ زمانے کی زمانہ مست ہے
بلبلوں کا شور قمری کا ترانہ مست ہے

(خاص)

نظام المشائخ

خوشی

[جناب مولانا واحدی، ایڈیٹر "نظام المشائخ" دہلی]

دنیا کی کوئی نعمت ایسی نہیں ہے۔ جس کے حاصل کرنے کی ہر شخص کو خواہش ہو، کوئی کسی نعمت کو پسند کرتا ہے، اور کوئی کسی نعمت کو۔ پھر پسندیدہ نعمت بھی ایک وقت ناپسندیدہ بنجاتی ہے۔ اولاد کتنی بڑی نعمت ہے۔ اور انسان اس کے لئے کیا کیا جتن کرتا ہے۔ لیکن میں بہت سے انسانوں کو جانتا ہوں، جنھیں اولاد سے کچھ بھی رغبت نہیں ہے۔ اور ایسے تو بے شمار ہیں۔ جو کبھی اولاد کے دیوانے تھے، اور بعد میں اولاد کے دشمن ہو گئے۔ اولاد کی نالائقی کی وجہ سے، اولاد کی ماں کے مرجانے کے سبب سے، یا اولاد کے سلسلہ میں کمانے کی فکر جو زیادہ کرنی پڑی اس لئے، بہرحال وجہ سے بحث نہیں۔ مگر یہ واقعہ ہے، کہ اولاد جیسی نعمت بھی ہمیشہ محبوب نہیں ہوتی، اور اولاد بھی کوئی مستقل محبوب شے نہیں ہے۔ جن کی ہم خود اولاد ہیں یعنی ہمارے ماں باپ، اور جس نے درحقیقت ہمیں پیدا کیا ہے، یعنی ہمارا خالق اور خدا یہ بھی مستقلاً محبوب نہیں ہیں۔ کھانا بھی محبوب نہیں ہے، پینا بھی محبوب نہیں ہے، پہننا بھی محبوب نہیں ہے۔ احباب بھی محبوب نہیں ہیں۔ بیوی بھی محبوب نہیں ہے۔ غرض کوئی نعمت مستقلاً اور حقیقتاً محبوب نہیں ہے۔ اور کوئی نعمت ایسی نہیں ہے جس کے حاصل کرنے کی ہر شخص کو خواہش ہو کوئی کسی نعمت کو پسند کرتا ہے تو کوئی کسی نعمت کو۔ پھر پسندیدہ نعمت بھی دوسرے وقت ناپسندیدہ بنجاتی ہے۔ وہی شخص جو تندرستی میں کھانے کا بڑا شوقین ہوتا ہے بیماری میں کھانے کے نام سے گھبرانے لگتا ہے۔ لیکن ہاں ایک نعمت ہے جو ہر شخص کو پسند ہے۔ جس کی ہر شخص کو خواہش ہے، اور جس کا انسان ہمیشہ مبتلا رہتا ہے۔ کسی آن اُس سے علیحدگی نہیں چاہتا۔ بلکہ اسی کے لئے خدا سے تعلق رکھتا ہے۔ ماں باپ سے تعلق رکھتا ہے، بیوی بچوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اور وہ نعمت اگر اُسے خدا سے بے تعلقی میں میسر آتی معلوم ہوتی ہے، تو خدا سے بے تعلق ہو جاتا ہے، ماں باپ سے بے تعلق ہونے میں نظر آتی ہے، تو مادر پدر سے آزاد ہو جاتا ہے۔ بیوی بچوں کی ترک میں دکھائی دیتی ہے، تو بیوی بچوں کو چھوڑ دیتا ہے۔ آپ سمجھے، وہ نعمت کون سی ہے، اُس نعمت کا کیا نام ہے، اُس کا نام ہے "خوشی"۔ یہ اگر راحت میں ملتی ہے، تو انسان راحت کی طلب کرتا ہے۔ اور اگر تکلیف میں ملتی ہے، تو انسان تکلیف کو تکلیف نہیں سمجھتا۔ لوگ خدا کو مقصود بالذات کہتے ہیں مگر میں تو کہتا ہوں، کہ خدا کے حصول اور خدا کے وصال کا کسی کو خیال بھی نہ آئے۔ اگر خدا کے حصول اور خدا کی وصال کی تہ میں خوشی موجود نہ ہو۔ اور جہاں یہ خوشی موجود نہیں ہوتی وہاں خدا کے حصول اور خدا کے وصال کا خیال آنا بھی نہیں۔ دینی و دنیاوی خوشیوں کی بابت اگر یہ عقیدہ نہ ہو کہ سب خدا کی عنایت و مہربانی سے حاصل ہوتی ہے، تو ہم کبھی خدا کی پرواہ نہ کریں۔ چنانچہ جن کا یہ عقیدہ نہیں ہوتا۔ تو وہ

پرواہ نہیں کرتے بلکہ پرواہ کرنیوالوں کا مذاق اڑاتے ہیں۔ غرضکہ خوشی ہر ایک ہی اہم نعمت ہے جس کے لئے انسان اس نعمت کے بنانے والے اور اُس نعمت کے دینے والے کو بھی نظر انداز کر دیتا ہے، مگر یہ عجب بات ہے، کہ نعمتوں میں سے کوئی نہ کوئی نعمت ہر شخص کو حاصل ہوتی ہے۔ کسی کے ہاں اولاد نہیں ہے تو دولت وافر ہے۔ کسی کے پاس دولت نہیں ہے، تو وہ اولاد سے مالا مال ہے مگر حاصل نہیں ہوتی، تو یہی خوشی حاصل نہیں ہوتی۔ دنیا کی تمام نعمتیں کسی گھر میں جمع ہو جائیں، تب بھی اس کے رہنے والے خوشی کو ترستے دکھائی دینگے، بات یہ ہے، کہ خدا سے بغیر معاملہ کئے خوشی کا ملنا ناممکن ہے، خدا چاہتا ہے، کہ تم اسکی بتائی ہوئی برائیوں سے بچو۔ اور اسکی بتائی ہوئی اچھائی کو اختیار کرو۔ اگر تم اسکی مرضی کے مطابق چلو گے، تو وہ بھی تمہاری خواہش کو پوری کر دیگا۔ ورنہ تمام سامان عیش مہیا ہو جانیکے باوجود بھی کوئی خلش ایسی باقی رہیگی، کہ عیش کو منغص کر دیگی۔ سب سے بڑی اچھائی اور سب سے بڑی نیکی خدا کے نزدیک خدا کی مخلوق کی خدمت ہے۔

جو لوگ خدا کی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں، اور خدا کی مخلوق کے کام آتے ہیں، انھیں خوشی ضرور حاصل ہوتی ہے۔ اور حقیقی خوشی سے وہی شاد کام ہوتے ہیں، جس کا دوسرے لوگ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ آپ شاید فرمائیں، کہ ہر شخص ملک اور قوم کی رہنمائی کا اہل نہیں ہوتا، اور ہر شخص خادم بنجائے، تو مخدوم کون ہو؟ لہذا خوشی چند ہی لوگوں کے لئے رہ گئی، لیکن میری مراد رہنمائی سے نہیں ہے رہنما تو اکثر رہنمائی کا احسان جتاتے وقت اپنی ایسی ایسی پریشانیوں کا اظہار کرتے ہیں۔ جن سے بفضل خدا عوام محفوظ ہیں۔ میرے سامنے وہ بزرگ ہستیاں ہیں، جو خواہ پوری انسانی آبادی کی اپنی تعلیم اور اپنی رہنمائی سے خدمت کر رہی ہوں۔ یا صرف اپنے بیوی بچوں کو پال کر انسانی آبادی کے ایک چھوٹے سے جزو کی خدمت انجام دے رہی ہوں۔ لیکن اُنکے دل میں خدمت خلق اللہ کا جذبہ ہے۔ ایسی ہستیاں خوشی سے محروم نہیں ہوتیں۔ اگر وہ مسلسل خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ تو اُنکی خوشی کا سلسلہ بھی نہیں ٹوٹتا۔ اور اگر کبھی کبھی اُن کے دل میں یہ جذبہ پیدا ہوتا ہے، تو جذبہ کے وقت اور جذبہ کے مطابق عمل کرتے وقت ان کو خوشی قطعی حاصل ہوتی ہے۔ ایک بوجھ اٹھانیوالے کے بوجھ کو سہارا دیکر بھی انسان اپنی پتلون کی شکن کے بگڑنے سے بے نیاز ہو سکتا ہے۔ لوگ گناہ میں مسرت کو تلاش کیا کرتے ہیں، لیکن گناہ میں مسرت کی تلاش سے بڑھکر کوئی حماقت نہیں ہے

پاپ میں چین کہاں! خوشی کے خواہاں ہو، تو نیکی کرو۔ اور سب سے بڑی نیکی یہ ہے، کہ اپنے آپ کو تج دو اور ان کے کام آؤ، جو تمھارے کام کے محتاج اور ضرورتمند ہیں۔

کرم جنس ہے یاں دستگیری ناتوانوں کی
خرید اکر ملیں جتنی دعائیں نیم جانوں کی (خاص)

نظر

دل

[جناب امین سلونوی، سابق ایڈیٹر "نظر" لکھنؤ]

دل کیا ہے؟ دنیا کے تمام بڑے بڑے عقلاء، فیلسوف حکما اور شعراء نے اپنے اپنے نظریات کے مطابق اپنے اپنے خیالات پیش کر دیئے ہیں۔ اور مختلف طریقوں سے اسکی ماہیت پر غور کر چکے ہیں اور الگ الگ اپنے قیاس و خیال سے اس کا تجزیہ بھی کر چکے ہیں۔ وہ بسکا فی ہے۔ اس لئے اس وقت اس کے متعلق کسی طولانی خطبہ کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ دل ایک ایسی چیز ہے جس سے ہر وقت ہر انسان کو سابقہ رہتا ہے۔ چنانچہ بقدر فکر ہر ذہن اور ہر دماغ نے اسکے متعلق کچھ نہ کچھ خیال آرائی کی ہے۔ بظاہر ایک پارۂ گوشت، اور یہی ایک مشتِ خاک انسان کی امید و بیم کا مسکن، دنیا بھر کی آرزوؤں کا خزانہ ہے۔ جس پر تمام تکالیف و مصائب، آرام و راحت کا دار و مدار ہے۔ سطح سے اور بلند ہو نیکے بعد اس کے احترام کا درجہ خانۂ خدا کی صورت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اور پھر یہ معلوم ہونے لگتا ہے، کہ دنیا کی ساری برکتیں ساری نعمتیں ایک دل کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔ اور یہ سچ بھی ہے۔ کہ اس کی وسعتوں میں ہماری ساری زندگی کا راز مخفی ہے۔ اللہ اللہ ایک پارۂ گوشت کی یہ حقیقت، ایک مشتِ خاک کی یہ وقعت، دنیا کے تمام تکلفات، اسکی تمام خواہشات، صرف دل کی جنبشوں پر موقوف ہیں۔ اس کی ہر تحریک کہیں تو باغ و بہار کا مظاہرہ کرتی ہے، اور کہیں اجڑے اور سنسان محلوں کا نمونہ پیش کر کے درسِ عبرت دیتی ہے، کہیں سید ان کارزار کا ہنگامہ برپا کرتی ہے۔ کہیں فتح و کامرانی کی محفلیں سنوارتی ہے۔ کہیں باعث تفریح، اور کہیں موجب تکلیف بن جاتی ہے۔ کہیں اس کی ادا ؤں میں اس قدر دلکشی نظر آتی ہے، کہ انسان بیخود ہو جاتا ہے۔ کہیں اس درجہ پر غرور کہ ہفت اقلیم کی سلطنت کو ٹھکرا دینے کے لئے تیار ہو جاتی ہے۔ کہیں ظالم کے لباس میں، اور کہیں مظلوم کی صورت میں۔ اور ایک بے چین ناداں بچہ، کہیں نہایت تند خو درندہ، کہیں یہی راہبر و راہنما، کہیں غارتگروں کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ جس شخص نے دنیائے عشق و محبت کی سیر کی ہوگی اُسے اسکے تغیرات کا حال خوب معلوم ہوا ہوگا۔

انسان کی ہر خیالی قوت اور ہر قسم کا ادراک گو مختلف ذرائع سے حاصل ہوتا ہے۔ لیکن قوت سے فعل میں آنے کا دل ہی کی سلسلہ جنبانیوں پر موقوف ہوتا ہے۔ گویا دل ایک ایسا آئینہ ہے، کہ جس پر تمام دنیا کی کیفیات کا عکس آ جاتا ہے، اور اس سے مختلف اثرات، مختلف صورتیں ظہور میں آتی ہیں۔ سب سے پہلے انسان پر اگر کسی کیفیت کا اثر ہوتا ہے، تو وہ اثر پہلے دل کی قبولیت کا شرف حاصل کرتا ہے۔ اس کے بعد محسوسات کی طرف منتقل ہوتا ہے۔ یہ ایک ایسا اصول مسئلہ ہے، کہ جس سے شاذ ہی کسی کو انحراف ہو سکے۔ کسی چیز کی اتحاد، کسی بات کا خلود، کسی فعل کا وقوع ہونا، یہ تمام دل کی حسیات سے متعلق ہیں۔ اور اگرچہ انسانی جسم میں دل کے

[بقیہ صفحہ ۸۱۶ پر دیکھئے]

نظّارہ

چاند

اک فلک کا چاند ہے اور اک ہمارا چاند ہے

(جناب ظفر عباس صاحب فضل ایڈیٹر "نظّارہ" لکھنؤ)

حُسن سے اور عشق سے کس طرح کا ہے سازباز — آسماں تک کھنچ کے پہنچا کس طرح اُلفت کا ساز
یہ نہیں وہ صورتیں جن میں ہو شکل امتیاز — ہے اُدھر رنگِ شفق لال اس طرف چشمِ نیاز
خود ہی تو بتلا دے ایدل کون پیارا چاند ہے — اک فلک کا چاند ہے اور اک ہمارا چاند ہے

اس طرف ہے بامِ خانہ اور اُدھر بامِ فلک — اس طرف گھنگھور گیسو اور اُدھر شامِ فلک
اس طرف زلفوں کی گرہیں اور اُدھر دامِ فلک — سانولے گوری تمہیں ہے کون لے بامِ فلک
خود ہی تو بتلا دے ایدل کون پیارا چاند ہے — اک فلک کا چاند ہے اور اک ہمارا چاند ہے

چاندنی ہے ہم اُدھر اور چشم قاتل اس طرف — ڈوب پر تو اُس طرف بسملے کی منزل اس طرف
ماہ کامل اُس طرف اس کا مقابل اس طرف — صبح کا تارا اُدھر ہے اور یہ دل اس طرف
خود ہی تو بتلا دے ایدل کون پیارا چاند ہے — اک فلک کا چاند ہے اور اک ہمارا چاند ہے

مست بھری آنکھیں بھی ہیں ڈوبے بھی ہیں لال اس طرف — اُس طرف ہلکی سیاہی چہرے کا خال اس طرف
اُس طرف کالی گھٹائیں اور گھنگھالے بال اس طرف — چودھویں رات اُس طرف وہ چودھواں سال اس طرف
خود ہی تو بتلا دے ایدل کون پیارا چاند ہے — اک فلک کا چاند ہے اور اک ہمارا چاند ہے

یوں مقابل چودھویں شب میں زمیں و آسماں — دیکھکر تصویر حیرت بن گیا سارا جہاں
فضل یہ تو حد سے بڑھتا ہے مرے دل کا گماں — اُس طرف ہالہ اِدھر انگڑائی لینے کا سماں
خود ہی تو بتلا دے ایدل کون پیارا چاند ہے — اک فلک کا چاند ہے اور اک ہمارا چاند ہے

(خاص)

نرگس

قدم قدم پر میری موت

(جناب تبسّم نظامی ایڈیٹر رسالہ "نرگس" لکھنؤ)

فطرت پردہ دار نے مارا — حُسن کے انتظار نے مارا
ہم سکوں میں بھی بے قرار رہے — درد بن کر قرار نے مارا
ایک دن ہو تو صبر بھی کر لیں — وعدۂ بار بار نے مارا
ہوئی دنیا ہلاکِ حُسنِ بہار — مجھے یادِ بہار نے مارا
کی اگر احتیاط خندۂ گُل — تو نوائے ہزار نے مارا
ٹکٹکیوں سے شراب برسا کر — ایک مستِ خمار نے مارا
اپنے مرکز پہ بے قرار ہوں میں — گردشِ روزگار نے مارا
کس کو کس کو نشانِ منزل دیں — پرسشِ رہگذار نے مارا
بھولی بھولی حسین شکلوں میں — چھپ کے اک پردہ دار نے مارا
ستمِ یار کی شکایت کیا — دل ناکردہ کار نے مارا
خارِ گلشن بھی دل میں بیٹھ گیا — تیر کیا بہار نے مارا
آپ کے اعتبار نے لوٹا — آپ کے انتظار نے مارا

اے تبسّم شہیدِ فطرت ہوں
زندگی کے خمار نے مارا

(خاص)

نگار

ایک شاعر کا افسانۂ حیات

(جناب نیاز محمد خاں صاحب نیاز فتحپوری ایڈیٹر نگار لکھنؤ)

(۱)

جیوپٹر سو رہا ہے۔ دیویاں آہستہ آہستہ خوابگاہ الوہیت کے قریب جاتی ہیں اور پھر دبے پاؤں واپس آتی ہیں۔ پردار کنیزیں۔ حد درجہ سبک پرواز کے خلوت گاہ مقدس کے چاروں طرف چکر لگاتی ہیں اور لوٹ جاتی ہیں۔

آفتاب بلند ہو کر کوہ اولمپس کی چوٹی کو زرنگار بنا رہا ہے چڑیاں اپنے اپنے آشیانوں سے نکل کر ادھر ادھر اڑ رہی ہیں کسان ہل لیکر کھیتوں میں پہونچ گئے ہیں لکڑہارے کلہاڑیاں لئے ہوئے خشک درختوں کی جستجو میں اپنے جھونپڑوں سے باہر نکل رہے ہیں پھول کھل چکے ہیں۔ سبزۂ شبنم سے لمک اٹھا ہے چشموں کی روانی میں تیزی پیدا ہو چلی ہے۔ الغرض ساری کائنات پیدا ہو چکی ہے لیکن جیوپٹر ہنوز محو خواب ہے۔ کیونکہ بارگاہ خداوندی کے مطرب گنگ ہیں۔ اُن کے ساز خاموش ہیں اور وہ موسیقی جس کی نازک موجیں، جیوپٹر کی نیند میں تھرتھری پیدا کر کے اس کو بیدار کیا کرتی تھیں آج نہ مغنی کے گلے سے پیدا ہوتی ہے۔ نہ بربط کے تاروں سے۔

(۲)

دولت کی دیوی :—

اے شاعر۔ بغیر تیرے موسیقی سوگوار ہے اور جیوپٹر ابھی تک بیدار نہیں ہوا۔ سنا ہے کہ شاعر دولت کا شیدا ہوتا ہے۔ اس لئے سب نے مجھے منتخب کر کے تیرے پاس بھیجا ہے کہ تجھے منا کر دربار میں لے چلوں اور اگر تو چاہے تو اس کے عوض دنیا کی دولت تیرے آگے ڈال دوں۔

یہ کہکر اس نے اپنے لانبے سیاہ بال نچوڑے اور شاعر کے قدموں پر موتیوں کا ڈھیر اگ گیا۔ شاعر نے جو بالکل خاموش و دوتا ہاتھوں سے سر تھامے بیٹھا تھا۔ نگاہ اٹھا کر اوپر دیکھا اور پھر اسی طرح گردن جھکائی۔ دیوی اس کا یہ انداز دیکھ کر ہنس پڑی اور بیشمار نقرئی پھول شاعر کے سامنے بکھر گئے۔

شاعر بدستور خاموش رہا اور دیوی یہ سمجھکر کہ شاید وہ اس سے بھی زیادہ کچھ چاہتا ہے آگے بڑھی اور بولی — "اے شاعر اگر تو اس پر بھی راضی نہیں تو میں تجھے دنیا کی سب سے زیادہ قیمتی چیز میں دینے کے لئے آمادہ ہوں جو سوائے جیوپٹر کے کسی اور کا حصہ نہیں — ہاں، میں اپنے لبوں کا یاقوت۔ کانوں کا صدف دانتوں کا ہیرا اور ان سب سے بڑھکر اپنے سینہ و شانہ کا نرم اور لچیلا سونا بھی تیری سپردگی میں دینے کے لئے راضی ہوں۔ لیکن خدا کے لئے تو میرے ساتھ چل اور جیوپٹر کو کسی طرح بیدار کر۔

یہ کہکر وہ شاعر کی آغوش میں مچلنے ہی والی تھی کہ اس نے خشونت کے ساتھ ہٹا دیا اور بولا۔ نہیں مجھے ان میں سے کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ اور نہ میں تیرے ساتھ چل سکتا ہوں کیونکہ میری شاعری خود ابتک محو خواب ہے۔

(۳)

شہرت کی دیوی :—

اے شاعر میں جانتی تھی کہ تجھے منانے کے لئے مجھی کو آنا پڑے گا۔ سچ ہے تجھے دولت کی کیا پرواہ ہو سکتی ہے۔ تیرا دماغ خود بے بہا خزینہ ہے بہترین جواہر کا۔ تجھے تو صرف شہرت درکار ہے سو میں ایک تحفہ تیرے واسطے لائی ہوں اسے قبول کر۔

یہ کہہ کر اس نے ایک نہایت نازک حباب جس میں قوس قزح کے تمام رنگ جھلک رہے تھے آنچل میں رکھ کر پیش کیا اور بولی اے شاعر دیکھ اس کے اندر کیا نظر آتا ہے ذرا غور کر۔ تمام آسمان و زمین میں تیرا ہی نام جلی حرفوں سے لکھا ہوا نظر آتا ہے بادلوں کی روشنیوں میں، شفق کی رنگینیوں میں پہاڑوں کی بلندیوں وادیوں کی وسعتوں اور سمندر کی گہرائیوں میں ہر جگہ تو ہی تو ہے لے یہ حباب اپنے پاس رکھ اور میرے ساتھ دربار میں چل۔

شاعر نے برہمی کے ساتھ اس حباب رنگیں کو زمیں پر ٹپک دیا اور وہ چور چور ہو گیا۔ شاعر نے پیشانی پر شکن ڈال کر کہا۔ اے دیوی مجھے ناپائیدار شہرت و عزت کی ضرورت نہیں میں تو کچھ ایسی چیز چاہتا ہوں جو میری روح کو بیدار کر سکے۔ میں تیرے ساتھ چل کر کیا کروں جبکہ میری شاعری مجھ سے گم ہو گئی ہے

(۴)

شعر و موسیقی کی دیوی :—

اے شاعر، آج تو کیوں اس قدر افسردہ ہے۔ کیا تیرا ملکۂ شعری مضمحل ہو گیا ہے۔ کیا اب تیرا کوئی خیال موسیقی قبول کر کے تیری زبان سے شعر بن کر نہیں نکلتا۔ وہ تو مجھے معلوم تھا کہ جبتک میں نہ آؤں گی تو رازِ دل کسی سے نہ کہے گا دولت تیرے سامنے کیا چیز ہے شہرت کی کیا حقیقت ہے۔ اچھا اب اس سوگ کو دور کر اور مجھے اپنی آغوش میں لیکر اپنے سینہ کو شاعری سے بھر لے۔ میرے لبوں کو چوم کر اپنی شاعری میں آلہانہ ترنم پیدا کر لے، ہاں میری آنکھیں چوم لے تاکہ تو اپنے کلام سے لوگوں پر جادو کر سکے لب بہ لب ملا لے تاکہ تیری ہر شاعرانہ تخیل موج بادہ بن کر نکلے۔

یہ کہکر دیوی اپنے نازک ہاتھ بڑھائے ہوئے اس کے قریب پہونچی۔ لیکن شاعر نے اُسے روک دیا اور بولا مجھے ایسی آورد کی شاعری درکار نہیں۔ یہ شاعری تو تیرے سینہ و آغوش تیرے لب و چشم کی ہوگی نہ کہ میرے دل کی جا مجھے پریشان نہ کر کہ آج میری روح کیفیات کے اعتبار سے بالکل تہیدست ہے۔

۵

حسن و شباب کی دیوی :—

اے شاعر مجھسے زیادہ واقف الحال دنیائے شعر کا اور کون ہو سکتا ہے میں جانتی تھی کہ نہ تو دولت کے فریب میں آنے والا ہے نہ شہرت کے سیمیائی وجود مٹنے والا اسی طرح میں اس رمز سے بھی واقف ہوں کہ جب تک حسن کا احساس نہ ہو نہ سچا شعر پیدا ہو سکتا ہے نہ حقیقی، اس لئے اے میرے اچھے شاعر گردن اٹھا، نگاہ اونچی کر اور جنگل کے اس سکون میں اپنی آغوش کو حسن سے بھر لے۔

یہ کہکر حسن کی دیوی تمام اُن مقدس صباحتوں کے ساتھ جو فردوس ہی کے یاسمن زاروں سے حاصل ہو سکتی ہیں۔ تمام ان پاکیزہ نزاکتوں کے ساتھ جو کوثر و سبیل ہی کی موجوں سے استعارہ ہو سکتی ہیں۔ تمام ان رنگینیوں کے ساتھ جنھیں صرف بہار جنت ہی پیش کر سکتی ہے۔ تمام اُن کیفیتوں سرشاریوں اور اداہائے جانستاں کے ساتھ جو صرف نوخیز شباب ہی میں نظر آ سکتی ہیں۔ لبوں سے شراب ٹپکاتی ہوئی آنکھوں سے جادو جگاتی ہوئی اعضاء میں خواہش سپردگی۔ جوش جوانی میں التماس فشار اور سینہ کی عریانیوں

دعوت لذات بے اندازہ لئے ہوئے، مدہوشانہ والہانہ، کورانہ، آگے بڑھی تاکہ نوجوان شاعر کے سراپا میں آگ لگا دے، پانی کر کے بہا دے۔ اس کی روح کو بیچین کر کے باہر لے آئے، مگر قبل اس کے کہ یہ نکلیاں شاعر کے خرمن حوش سے اپنا خراج وصول کریں، شاعر نے آہستگی سے ہاتھ بڑھا کر اُسے روک دیا اور بولا۔

اے دیوی مجھے حسن کی قوتوں کا اعتراف ہے اس لئے تو اُن اداؤں سے کام نہ لے جن سے میں ناآشنا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ میں تجھے دیکھ کر کانپنے لگوں، تھرتھرانے لگوں، لیکن میرے جسم کی کپکپی مجھے ہلاک تو کر سکتی ہے، لیکن کسی شعر میں تبدیل نہیں ہو سکتی میری روح افسردہ ہے۔ میرا دل برف سے زیادہ سرد ہے۔ ایسا سرد کہ شاید اب کوئی دنیاوی شعلہ اس میں گرمی پیدا نہیں کر سکتا۔ تو جا اور کسی دوسرے کہ شاعر نہیں ملا۔ کیونکہ تیری تو ہیں مجھے گوارا نہیں۔"

(۶)

شاعر تھک کر سو گیا۔ نیند اس کی روح کو سیر کراتی ہوئی الیشیا کے اس سب سے بڑے جزیرہ نما میں لے گئے جسے وحشی جاہل اور غیر مہذب کہا جاتا ہے۔

رات کا پچھلا پہر ہے اور سارا گانوں سوائے اس حصۂ آبادی کے جسے عورت سے تعمیر کیا جاتا ہے، سو رہا ہے۔ ہر گھر سے چکی کی غمگین آواز آ رہی ہے اور اسی کے ساتھ نرم و سادہ موسیقی معصوم سروں میں کبھی کبھی بلند ہو کر شاعر کی روح کو کسی خاص غور و فکر میں مبتلا کر دیتی ہے۔

صبح کا وقت ہے۔ مرد خشمگیں چہرہ لئے ہوئے اٹھتا ہے اور عورت کو آواز دیتا ہے۔ وہ جو برتن پھیلائے ہوئے انھیں صاف کر رہی ہے۔ اپنے بچوں کا منہ دھلا رہی ہے اپنے انہماک سے نہیں سنتی۔ مرد خونخوارانہ انداز سے آگے بڑھتا ہے اور اس کے نازک جسم کو سخت آزار پہونچاتا ہے وہ خاموشی سے اس ستم کو برداشت کر رہی ہے اور پھر مکان کے ایک گوشہ میں ہاتھوں کی ٹوٹی ہوئی چوڑیاں ڈالکر کلائی کا خون پونچھ رہی ہے اور روتی جاتی ہے۔ مرد چھوٹے چھوٹے معصوم بچوں پر غصہ نکالتا ہے اور انھیں اپنی قوی ہاتھوں کی ضرب سے لہولہان کر کے گھر سے باہر نکال دیتا ہے۔ عورت اپنے جگر کے ٹکڑوں کا یہ حال گھونگھٹ کے اندر ہی اندر کنکھیوں سے دیکھتی جاتی ہے اور خاموش کھڑی کانپ رہی ہے۔ شام کو وہی ظالم مرد کسی اور گانوں چلا جاتا ہے اور رات کو اس کی وہی مظلوم عورت جب تنہائی میں کچھ گنگناتی ہے تو صرف یہ کہ۔

تجھ بن پیا کچھو نہ سہائے

شاعر جاگ اٹھتا ہے لیکن ایک کراہ کے ساتھ ایک ایسی آہ کے ساتھ جو کبھی اس کے دل سے نہ نکلتی تھی۔ جیوپٹر کے مطربوں اور مغنیوں کے سازمیں نغمہ دوڑنے لگتا ہے لیکن اس مزاحم جگر خراش و دلدوز کہ اولمپس کی فضا میں اس سے قبل کبھی نہ گونجا تھا۔ جیوپٹر بیدار ہوتا ہے۔ لیکن ایسی شدید فسردگی لئے ہوئے جو کبھی اس سے پہلے اس پر طاری نہ ہوئی تھی۔ دیویاں جب شاعر کی تلاش میں پھر صحرا کی طرف جاتی ہیں تو اس کو پتھر پر سر رکھے ہوئے اطمینان کی نیند میں مصروف پاتی ہیں۔ مگر اس حال میں کہ اس کا کلیجہ شق نظر آتا ہے اور دل سینہ سے باہر۔

(خاص)

نوبہار

سوسائٹی کے ایک فرد کا فرض

[جناب عظیم الکریم عباسی بی۔ اے ایڈیٹر "نوبہار" جیلپور]

سوسائٹی کے ایک فرد کے کیا فرائض ہیں؟ یہی سوال ہے جسکے متعلق مندرجہ ذیل سطور میں عرض کرونگا۔ مگر اس سوال پر بحث کرنے سے قبل مختصراً یہ معلوم کرنا نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے کہ سوسائٹی کی ابتدا کب اور کیوں ہوئی۔ کیونکہ اسی کے پردے میں اس کے ایک فرد کے فرائض پوشیدہ ہیں۔

ایک وقت ایسا بھی تھا کہ لوگ "ملکیت" کے لفظ سے بالکل ناآشنا تھے۔ جو شخص جو چیز چاہتا تھا استعمال کرتا تھا۔ سب کو سب چیزوں پر اختیار تھا۔ ہر شخص اپنی قابلیت، ہمت اور طاقت کے بموجب چیزوں کا استعمال کرتا تھا۔ گویا لوگ قدرت کے قانون پر زندگی بسر کرتے تھے اپنے ہمسایوں کا کچھ خیال نہ کرتے تھے۔ مگر رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ اس میں تبدیلیاں ہوتی رہیں اور ایک زمانہ وہ آیا کہ لوگوں نے آپس میں اس بات کا فیصلہ کر لیا کہ روئے زمین اور اس کی پیداوار کو آپس میں تقسیم کر لیں اور جو جسکے حصے میں آئے وہ اسے خود اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرے جس میں کسی دوسرے شخص کو کسی قسم کا دخل نہ ہوگا۔ اگر کوئی ایسی بات آپڑے جس سے اسکے سکون میں فرق آجائے تو اسکی سوسائٹی کے باقی افراد اسکی مدد کریں۔ اسی سلسلے میں انہوں نے کچھ قانون بھی بنا لئے جن پر پابند رہنا ہر ایک کا فرض ہوگیا۔ اس طرح دل سوسائٹی کی ابتدا ہوئی اور لوگ "ہماری" "ملکیت" "تمہاری" "ملکیت" کے الفاظ سے روشناس کئے گئے۔ وہ شخص زیادہ مال کا مالک بن بیٹھا جو دوسروں سے زیادہ محنتی، ہوشیار، قابل اور چالاک تھا۔ گویا ملکیت کی بنا محنت پر رکھی گئی۔

سول سوسائٹی نے کسطرح اور کون کون سے قانون بنائے اور انھیں کس طرح جاری کیا؟ کن کن طریقوں پر وہ کمزور اشخاص کو طاقتور لوگوں کے مضبوط شکنجوں سے نجات دلاتے تھے؟ کس طرح انہوں نے دولت حاصل کی؟ ——— یہ ایسے سوالات ہیں جن کے لئے بہت وقت اور دقت کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ باتیں انکے دلوں پر نقش کر دی گئی تھیں کہ

(۱) قدرت نے کسی کو بڑا اور کسی کو چھوٹا پیدا نہیں کیا۔

(۲) مساوات کا قانون قدرت ہی کی طرف سے جاری کیا گیا ہے

(۳) سول سوسائٹی کی ابتدا تمام لوگوں کے فائدے کے لئے ہوئی۔ کوئی دوسرا مقصد مدنظر نہ تھا۔

(۴) اگر سول سوسائٹی فائدہ کے بجائے نقصان کا باعث ہو تو وہی قدرتی زندگی (جسکا بیان اوپر ہو چکا ہے) بہتر ہے۔

(۵) سول سوسائٹی میں حق اور فرائض کا چولی دامن کا ساتھ ہے اگر کسی کو اسکا حق نہیں ملیگا تو سوسائٹی کیلئے اس پر کوئی فرض نہ ہوگا۔

اسلئے سول سوسائٹی کے ایک فرد کی حیثیت سے پہلے ہمیں یہ معلوم کرنا چاہئے کہ ہمارا حق کیا ہے کیونکہ ہمارا پہلا کام یہ ہے کہ اپنے حقوق برقرار رکھیں۔ سوسائٹی میں ہمارے حقوق مندرجہ ذیل ہو سکتے ہیں۔

(۱) آزادی سے اپنی زندگی بسر کرنا اور اپنی دولت استعمال کرنا۔

(۲) اپنی جسمانی اور دماغی طاقت کو آزادی سے کام میں لانا اس طرح کہ قانون کے خلاف بھی نہو۔

(۳) قانون سازی میں ہماری شرکت ——— یہی تمام حقوق سے بڑھکر اور ضروری ہے۔ اگر یہ حق ہمیں نہیں ملا تو سمجھ لینا چاہئے کہ کوئی حق ہمیں نہیں ملا۔ یہ ہمارا قدرتی حق ہے۔ کیونکہ جب ہم اپنی تمام چیزیں جس میں ہمارا جسم بھی شامل ہے سوسائٹی کی حکومت کے لئے وقف کر دیتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ ہمیں اسکی قانون سازی میں شریک نہ کیا جائے۔ جنکی پابندی ہر فرد پر فرض ہے۔؟

اس حق کا طریقہ ہر ملک میں اور ایک ہی ملک میں مختلف اوقات میں جدا رہا ہے۔ عموماً یہ کیا جاتا ہے کہ مختلف گروہوں میں سے ایک شخص منتخب کر لیا جاتا ہے (انتخاب کرنے والا وہی گروہ ہوتا ہے) یہ شخص اپنے گروہ کا نمایندہ ہوتا ہے اور اسکی جانب سے بحث کرتا ہے۔ جب کسی قانون پر بحث ہوتی ہے تو تمام لوگ ایک ہی رائے قائم نہیں کرتے بلکہ مختلف رائیں پیش کرتے ہیں۔ ان میں وہی رائے تسلیم کی جاتی ہے جس پر سب سے زیادہ لوگوں کو اتفاق ہو۔

اس کام میں ان لوگوں کا کوئی حق نہیں ہوتا جنھوں نے قانون کے خلاف کبھی کوئی بات کی ہو اور جو پاگل ہوتے ہیں وہ بھی اس میں شریک نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ ایسے لوگ قانون کی نگاہ میں مردہ ہوتے ہیں اور قانون کا ان پر کوئی اثر نہیں ہو سکتا۔ ان کے علاوہ ہر شخص کو حق ہے کہ وہ اس میں شرکت کی کوشش کرے یہ ناانصافی ہوگی اگر صرف دولتمند اشخاص ہی اس سے فائدہ اٹھائیں اگر غریبی اور امیری میں امتیاز کیا جائے اس حالت میں بھی مزدور پیشہ لوگوں کو امیروں پر ترجیح دینا چاہئے کیونکہ دولت محنت اور مزدوری کا نتیجہ ہوتی ہے نہ کہ محنت اور مزدوری دولت کا۔ قدرت نے تمام لوگوں کو برابر حقوق دیئے ہیں اور قانون کی نگاہ میں بھی انھیں برابر ہونا چاہئے۔ انصاف بھی یہی کہتا ہے۔ لیکن اگر قانون سازی میں صرف ایک ہی گروہ کی شرکت ہو تو کیا ان مساوی حقوق میں فرق نہیں آتا؟ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ دشمن کے خلاف اپنے ملک و قوم کی حفاظت میں حصہ لے اور جس سوسائٹی میں یہ فرض تسلیم نہیں کیا گیا اسکا ملک آزاد نہیں کہا سکتا۔ لیکن یہ کس منہ سے کہا جائیگا کہ اپنے ملک و قوم کی حفاظت میں حصہ لینا ہر شخص کا فرض ہے جب کہ قانون سازی میں کچھ لوگ حصہ لیتے ہیں اور کچھ اس حق سے محروم کر دیئے جائیں؟ اور کس اصول پر مساوی حقوق کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے؟ جس طرح امیروں کے جسم و جان ہوتی ہے اسیطرح غریبوں کی بھی ہوتی ہے۔ اول الذکر کی طرح آخر الذکر کے بھی بال بچے ہوتے ہیں جب انہیں ایذا پہنچائی جاتی ہے تو انکے دل میں بھی درد ہوتا ہے اور آنسو بہتے ہیں۔ کیا اس پر بھی انھیں اس حق سے محروم کر دینا چاہئے اگر ایسی حالت میں کسی مزدور سے لڑائی پر جانے کو کہو گے تو وہ یہ جواب دیگا:۔ جناب! میں کیوں اپنی جان خطرہ میں ڈالوں۔؟ میرے پاس کچھ ملکیت بھی نہیں جسکا مجھے ڈر ہو۔ دشمن میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ میں جسطرح آج کل رہتا ہوں اسطرح اسوقت بھی ہونگا تم لوگوں کے قبضہ میں ساری زمین ہے۔ تم ہی قانون بناتے ہو اور میرا کچھ خیال نہیں کرتے تم جیسا چاہتے ہو۔ مجھے سزا دیتے ہو تمہارا کہنا ہے کہ چونکہ میرے پاس کچھ ملکیت نہیں اسلئے میں قانون سازی میں شریک نہیں ہو سکتا۔ پھر تم کس بنا پر مجھ سے کہتے ہو کہ تم لڑائی پر جاؤ:۔ اس کا جواب، بجز خاموشی اور شرمندگی کے کیا ہوگا انصاف بھی یہی کہتا ہے کہ وہ کیوں لڑائی پر جائیں کیا قانون اور ملک کی حفاظت کے لئے ——— قانون جس کے بنانے میں انھیں کوئی دخل نہ تھا۔ اور ملک جس کے وہ مالک نہیں؟ کیا یہی انصاف ہے کہ غریبوں کو لڑائی پر جانے کے لئے مجبور کیا جائے۔ تاکہ ملک کی

حفاظت ہو اور بعد میں ان سے کہدیا جائے کہ تم قانون بنانے میں شریک نہیں ہو سکتے۔ اسلئے کہ تم اس قابل نہیں ہو تم بدمعاش، کمینہ یا مجرم ہو بلکہ صرف اسلئے کہ تمہارے پاس کچھ ملکیت نہیں ؟ جب انکے پاس ملکیت نہیں تو وہ کیوں اپنی جان بلاوجہ خطرہ میں ڈالیں کیا صرف اسوجہ سے انکو انکے قدرتی حق سے محروم کر دیا جائے کہ وہ غریب ہیں ؟ کیا اچھا مقولہ ہے ! غریبوں کو اسوجہ سے حقیر مت سمجھو کہ وہ غریب ہیں "۔

میرے دوستو ۔ یہی وہ بات ہے جس پر تمہیں ثابت قدم رہنا چاہیئے ۔ ایسے بہت سے لوگ ہیں جو امیروں کی طرفداری کرنے میں پیش پیش نظر آتے ہیں اور انکی تعداد ان سے زیادہ ہے جو تباہ شدہ امیروں کی برائیاں طشت از بام کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے ۔ لیکن تمہارا فرض یہ ہے کہ تم مزدور پیشہ اور غریب لوگوں کی قدر کرو اور انکے حقوق انکو دلاؤ ۔ مفلس کوئی جرم یا گناہ نہیں ہے ۔ اتنا ضرور ہے کہ یہ ان ہی کے افعال کا نتیجہ ہے ۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تم انھیں اور زیادہ تکلیف پہنچاؤ یہی انکے لئے کیا کم سزا ہے ۔ دنیا میں ہمیشہ سے غربت کا اثر رہا ہے اور ہمیشہ رہیگا انسان کے وجود کے لئے یہ ضروری ہے کہ اسکا ایک بہت بڑا حصہ مزدوری کرکے کھائے ۔ اسلئے تمہیں ان سے نفرت نہیں کرنا چاہیئے ۔ ان کی وجہ سے تمہیں فائدہ ہوتا ہے ۔ یہ ان ہی کی محنت کا نتیجہ ہے کہ تم لذیذ غذائیں کھاتے ہو ۔ آرام سے عالیشان حویلیوں میں رہتے ہو اور عیش کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہو ۔ اسلئے تمہارا بھی فرض یہ ہے کہ تم انکے ساتھ مہربانی سے پیش آؤ اور انکے حقوق انھیں دلاؤ ۔

چنانچہ ہر سول سوسائٹی کے فرد کا یہ فرض ہے کہ وہ مزدور پیشہ لوگوں کے حقوق کا بھی خیال رکھے جیسا کہ تمام بڑی بڑی سوسائٹیوں میں دیکھا جاتا ہے اگر کسی سوسائٹی میں یہ بات نہیں تو اسکا وجود باعث ننگ ہے جو لوگ اپنے اس حق کو بغیر چوں و چرا کئے چھوڑ بیٹھتے ہیں اور غلامی کی زندگی پر اسکو ترجیح دیتے ہیں انکی ہستی ہمیشہ ذلالت کی گہرائیوں میں پڑی سسکتی رہتی ہے ۔ وہ صرف اپنے ہی پر نہیں بلکہ اپنی اولاد پر بھی ظلم کرتے ہیں ۔ ایک باپ کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تندرستی کا خیال رکھے اور ان کے آرام کے لئے کافی اسباب مہیا کردے ۔ لیکن اگر انکی زندگی اس قسم کی غلامی میں بسر ہو تو یہ ساز و سامان اور تندرستی کس کام آئیگی

جو برائیاں اور بداخلاقیاں تمہاری قوم میں بہت کثرت سے پائی جاتی ہوں انکے دفع کرنے کیلئے دو چیزوں کی سخت ضرورت ہے ——— صبر اور استقلال ۔ اگر ان بلاؤں سے اپنی قوم کو ہمیشہ کے لئے نجات دلانا چاہتے ہو تو رفتہ رفتہ انکی جڑیں کاٹنا شروع کرو ۔ غیر ممکن ہے کہ تم ان کا وجود ایک ہی وار میں نیست و نابود کردو اگر بے صبری سے کام لوگے تو کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ اکثر ہمدرد ان قوم یہ چاہتے ہیں کہ یہ خرابیاں قلیل عرصہ میں رفع ہو جائیں ۔ لیکن جب انھیں اس میں ناکامی ہوتی ہے تو وہ اسکا سارا الزام دوسروں پر کہتے ہیں اور انھیں نامرد بناتے ہیں ۔ کیا ایسے لوگ ملک و قوم کے حقیقی جاں نثار کہلائے جاسکتے ہیں ؟ ہرگز نہیں ۔ ان کے فعل سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کام وہ ظاہرہ ملک کے لئے کرتے ہیں ۔ مگر اس کے پردے میں ان ہی کا فائدہ مدنظر ہوتا ہے ۔ اکثر ایسے جاں نثار بھی دیکھے جاتے ہیں جنکے مقصد میں خود غرضی کی بو تو ضرور آتی ہے گمراہی نہیں ۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ نتیجہ پر جلد پہنچ جائیں اور انکا مقصد جلد بر آئے تاکہ وہ بھی اس سے کچھ فائدہ اٹھالیں ۔ لیکن جب ناکام رہتے ہیں تو دوسروں کو اسکے نہ کر سکنے کا ملزم ٹھہراتے ہیں ۔ حالانکہ خود بھی نہیں کر سکتے ۔ انکے

[بقیہ صفحہ ۸۳۳ پر دیکھئے]

آنریبل جسٹس سر عبدالقادر ' سرپرست '' ادبی دنیا ''

حکیم سید شمس الله قادری ' ایڈیٹر '' تاریخ ''

راجہ صاحب سوامی لچھمن پرشاد ' ایڈیٹر '' مستانہ جوگی ''

مسٹر مرزا حسن بقائی ' ایڈیٹر '' پیشوا ''

مسٹر مرتضیٰ احمد خاں محمد زائی، ایڈیٹر
"افغانستان"

پروفیسر سید محمد ضامن علی رکن ادارت "ہندوستانی
اکیڈیمی جرنل"



مسٹر سید زواز عباس، ایڈیٹر "الہ آباد یونیورسٹی
اردو ایسوسی ایشن میگزین"

مسٹر وحید الدین احمد، ایڈیٹر "آئینہ"

مسٹر ایم - اے - رحمان ' مالک '' نورجہاں ''



ڈاکٹر پورن سنگھ ہنراٹوری ' ایڈیٹر '' چمن ''

مسٹر جمال صابری ' ایڈیٹر '' علی گڑھ پنچ ''

مسٹر ظفر ہاشمی ' ایڈیٹر '' چمنستان ''

ڈاکٹر سعید احمد ، ایڈیٹر ''کامیابی''

مسٹر ھادی قریشی ، ایڈیٹر ''دلفریب''



مسٹر ذکریا نیاضی ، ایڈیٹر ''عالم گڈہ میگزین''



مسٹر اے ۔ سروری ، ایڈیٹر ''مکتبہ''

مسٹر شیونرائن بھٹناگر ، ایڈیٹر '' بھارت '' و '' وطن ''

مسٹر بسم نظامی ، ایڈیٹر '' ٹرگس ''

مسٹر جمیل بیگ مظفر ، رکن ادارت '' جام جہان نما ''

مسٹر اشرف صبوحی ، ایڈیٹر '' ارمغان ''

مسٹر مظفر صدیقی ، ایڈیٹر '' شاعر ''

مسٹر ایم - حارث ، ایڈیٹر '' اجمل ''

مسٹر امرچند تیس ، ایڈیٹر '' سدرشن ''

مسٹر خیر بہروزی ، ایڈیٹر '' موٹرکار ''

پروفیسر امرناتھ جھا ' ایڈیٹر '' الٰہ آباد یونیورسٹی میگزین ''

پروفیسر ظفر تابان ' ایڈیٹر '' درۂ عمر ''



مسٹر لبھو رام جوش ' ایڈیٹر '' رہنمائے تعلیم ''



حکیم آشفتہ صاحب ' ایڈیٹر '' مرتصر ''

مسٹر لچھمی چند ودیارتھی ' ایڈیٹر '' رہنمائے تعلیم ''

مسٹر احمد سعید خاں ' ایڈیٹر '' رہبر ''

مسٹر امرناتھ سیتھا ' ایڈیٹر '' رشواعی ''

ڈاکٹر غلام احمد خاں ' ایڈیٹر '' انڈین فسٹاریکل جرنل ''

نورجہان

عورتوں کا مستقبل

[جناب عزیز الرحمٰن صاحب چیف ایڈیٹر "نورجہاں" لاہور]

خوش قسمتی سے اس وقت ہمارے سامنے دنیا کے انتہائی ترقی یافتہ ممالک امریکہ، انگلستان۔ فرانس۔ اور روس وغیرہ کی زندہ مثالیں۔ موجود ہیں۔ اگر ہم ذرا سی ہوشمندی سے کام لیں تو ہم دوسروں کے تجربوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نقصان سے بچ سکتے ہیں۔ ہم اس وقت ایک ایسی دہلیز پر کھڑے ہیں جس پر دو دروازے ہیں اور دونوں الگ الگ سمتوں کو پہنچاتے ہیں۔ یہ کہ ہم کس دروازہ سے کس راستہ پر گامزن ہوتے ہیں۔ ہماری عقلمندی یا بیوقوفی پر دال کریگا۔ ان ممالک نے جن کا بیان کیا گیا ہے تعلیم و ترقی نسواں کے مسائل میں پہلے تو بہت غلطیاں کھائی ہیں۔ لیکن بہت دیر کے بعد انکو اس بات کا احساس ہوا ہے کہ لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم اور ان کی معاشری زندگی میں فرق ہونا چاہئے۔ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ دونوں کو ایک ہی دنیا میں رہنا اور بسنا ہے اور آپس میں لگر گذارہ کرنا ہے لیکن اگر غور سے دیکھا جائے اور قدرت کے منشا کا لحاظ رکھا جائے تو ہر ذی ہوش اس امر کا اعتراف کریگا کہ ہر دو کے فرائض جداگانہ اور ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں۔ اس لئے یہ لازم آتا ہے کہ لڑکیوں کو لڑکوں کے نصاب تعلیم اور انکی کتابوں کی غلامانہ تقلید نہ کرنی چاہئے۔ یقیناً یہ نہایت نامناسب اور غیر موزوں ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم کا فیصلہ ایسے امتحانوں کی تیاری پر موقوف ہو۔ جن کے نصاب میں سب نہیں تو بہت کثرت سے ایسے مضامین چھوڑ دیئے گئے جو ہم لوگ لڑکیوں کے پڑھنے کے لئے بہت ہی ضروری سمجھتے ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ لڑکیوں کے نصاب تعلیم کا ایک جداگانہ معیار قائم کریں۔ ان کی تعلیم میں اور خانہ داری فنون۔ لطیفہ۔ زبان دانی جیسے مضامین تو انین صحت و تندرستی۔ لازماً ہونا چاہئیں جو انکو سمجھدار بیوی اور قابل ماں بننے میں مدد دیں۔ اور ان کے نظریئے کو بھی وسیع کر سکیں۔ ہماری عورتوں کو اندھی رہنمانہ بننا چاہئے، بلکہ روشنی، ہمت اور امید کی پیامبر بننا چاہئے۔ تمدن و معاشرت قوم میں یہ کام عورت ہی کا ہے کہ وہ اپنے زمانہ کی اچھی باتوں کو نئی روشنی کی پسندیدہ باتوں میں ملا دے۔ ہمارا مقصد تعلیم ایسا ہونا چاہئے جو ایک عورت کو اپنے گھر کے اندر زیادہ مفید طریقے سے اور خوش خوش رہنا سکھلا دے۔ نہ کہ اسے گھر سے باہر نکال دے۔ جو اسے خانگی زندگی کو چھوڑ کر گھر سے باہر رہنے کی زندگی و مشاغل کی ترغیب نہ دے۔

ایک بات اور ہے جو نصاب تعلیم کے مسئلہ سے کسی طرح کم اہمیت نہیں رکھتی۔ لیکن افسوس ہے کہ اسکا اکثر بلکہ بیشتر زنانہ مدارس میں خیال نہیں رکھا جاتا۔ وہ یہ ہے کہ مدرسے جانیوالی لڑکیوں کو متواتر کئی کئی گھنٹے تک بلا خوراک یا تھوڑی خوراک پر مدرسے میں ٹھیرنا پڑتا ہے۔ جو ان کی صحت کے لئے نہایت مضر ثابت ہو رہا ہے۔ اس معاملہ میں مدرسہ کے اندر سرکاری

(بقیہ صفحہ ۸۲۴ پر دیکھئے)

نوشیروان

ستارۂ صبح

(جناب منشی بلدیو سہائے صاحب صحرائی سروری، سابق ایڈیٹر "نوشیروان" گوجرانوالہ)

"ستارۂ صبح" دامنِ صبح میں پڑا جھلملا رہا ہے — اسے فلک پر کوئی فرشتہ پیامِ رخصت سنا رہا ہے
جو انتظامِ نجوم میں ساری رات بیدار رہ چکا تھا — وہ داغ فرمانے قافلے کو وہ میر بادہ بھی جا رہا ہے
بکھیر کر جس کو کہکشاں نے تجلیِ شب بنا دیا تھا — ستارہ صبح میں سمٹ کر وہ رنگِ محفل سما رہا ہے
فلک کا وہ برق وش مغنی جسے سنوارا کیف کہئے — کھڑا ہوا مرکزِ سکوں پر سحر کے کچھ گیت گا رہا ہے

فضا سکوں سے بھری ہوئی ہے نسیم کی موجِ مشکبو سے
چمن کے گوشے بسے ہوئے ہیں نوائے طوطی کی "تو ہی تو" سے

"ستارۂ صبح" پر نگاہیں جمی ہوئی ہیں مسافروں کی — مچل رہی ہے امنگ بیداریوں کی، پلکوں میں رہروں کی
وہ کوئی آغوشِ شوق سے اٹھ کے اپنا رختِ سفر اٹھا رہا ہے — وہ خوش نصیبانِ وصل کے دل پہ چڑھائی ہے ولولوں کی
وہ پھر طلوعِ سحر کی مستی دماغِ عالم پہ چھا رہی ہے — شکست کے انتظام میں ہیں وہ مستیاں دیر خوابیوں کی
ستارۂ صبح کے چمکتے ہی عالمِ نور پھوٹ نکلا — ظہور کے طلعتوں کے شانے سے زلف سلجھائی ظلمتوں کی

سحر عروسِ صبح کی طرح سوا داؤں سے آ رہی ہے!
کرن کرن مسکرا رہی ہے، سہاگ کے گیت گا رہی ہے

مری سن اے صبح کے ستارے کہ اک چراغِ سحر ہوں میں بھی — تری طرح محفلِ جہاں سے ارادہ کوشِ سفر ہوں میں بھی
وہ انجمن جس پہ کیف کا انحصار تھا لٹ چکی ہے — تری طرح منتظر کسی کا سپہرِ رہگذر ہوں میں بھی
ہوں منتظر جلد صبح آئے، مجھے پیامِ اجل سنائے — حواس کھو چکے ہیں میرے خمار سے منتشر ہوں میں بھی
فنا کی بے کیفیوں سے میرا بدل چکا ہے نظامِ ہستی — اگرچہ تیری طرح "سوادِ حیات" پر جلوہ گر ہوں میں بھی

ہے میری تیری اب ایک حالت اگرچہ کچھ فرق تو یہی ہے!
کہ تیری آنکھوں میں "نیند" ہے تو، مری نگاہوں میں موت بھی ہے

ٹھہر ٹھہر صبح کے ستارے کہ میں ہوں یادِ رکاب گویا — محیطِ ان زندگی کی بیداریوں میں ہوں مثلِ خواب گویا
ادھر کھلی آنکھ اُدھر جو دیکھا تو ختم تھی زندگی کی مستی — کہ تھا بہارِ نکی بے وفا ایک رات میرا شباب گویا
ارے کہیں مضطرب نہ کر دے مجھے یہ تیرا خرامِ تنہا — سمجھ رہا ہوں کہ میرے ہی دل پہ ہو رہا ہے عذاب گویا
ٹھہر! کہ آویزشِ مجازی سے دامن اپنا ذرا چھڑا لوں — پھر ایک نغمہ کی طرح چھیڑوں گا تیرا اتارِ رکاب گویا

"فلک" پہ اے صبح کے ستارے ابھی نہ ہرگز خموش ہونا
کہ ہے ترے ساتھ ہی مجھے بھی جہان سے چہرہ پوش ہونا

(خاص)

نیرنگ

شہیدِ وطن

[جناب پروفیسر اکبر حیدری ایم اے ایس (لندن) نگراں ترتیب رسالہ "نیرنگ" دہلی]

اک گل افسردہ فرشِ خاک پر تھا محوِ خواب — جب مری نظروں پڑیں اس منظرِ غمناک پر
کانپ اٹھا میرے پہلو میں دلِ پر اضطراب — اُف گلِ سرسبد و صحنِ چمن کی خاک پر
خواب کے ذروں میں خوابیدہ تھی برقِ جمال
آہ! یہ انجامِ رعنائی، یہ ہستی کا مآل

میں نے اس گل کو اٹھا کر رکھ لیا آغوش میں — میری آنکھیں اشکِ خونابہ فشاں سے بگھو گئیں
کچھ سکوں پیدا ہوا مرے دلِ پرجوش میں — آنسوؤں کی چند بوندیں کام اپنا کر گئیں
دامنِ گل میں سمایا اشکِ خونابہ فشاں
جاگ اٹھیں از سرِ نو پھولوں کی سب پتیاں

موت کے آغوش میں اک زندگی پیدا ہوئی — رنگِ گل جو زرد تھا اب ارغوانی ہو گیا
دیکھتے ہی دیکھتے پژمردگی جاتی رہی — از سرِ نو وہ فضا آغوشِ منظر ہو گیا
جاگ اٹھا خوابِ راحت سے جہانِ رنگ و بو
اور مجھ سے اس طرح گویا ہوا جوشِ نمو

اے اَلَم اندیش شاعر! اے امینِ زندگی — تو نے کیوں اس خوابِ راحت سے اٹھایا ہے مجھے
مضمحل کرتی ہے تجھ کو کیوں مری افسردگی — تیرے اشکِ خونفشاں نے کیوں جگایا ہے مجھے
زندگی بھر دی ہے کیوں میرے دلِ خاموش میں
تو نے مجھ کو کیوں اٹھا کر رکھ لیا آغوش میں

کیا سناؤں میں تجھے اپنی روداد حیات — کیا بتاؤں کیا تھا میری زندگی کا مدعا
آب و گل میں جلوہ گر تھی زندگیٔ بے ثبات — رنگ و بو تھے میرے ہر انداز میں جلوہ نما
خود نمائی کی مری دلیس مگر خواہش نہ تھی
خود پرستی کی مری فطرت میں گنجائش نہ تھی

میں امانت دارِ حق تھا حق پرستی کے لئے — منتظر تھی بزمِ گلشن مجھ سے ہر ایثار کی
میں نے دنیا کو دکھائے رنگ بو کے تجربے — میں نے اپنے خون سے نشو و نمائے خار کی
میری نکہت سے معطر ہو گئی بزمِ نسیم
میں نے گلشن بانوں کو سکھلا دی تسلیم

میری ہستی وقف ہے صحنِ چمن کے واسطے — میں فنا ہو کر سماؤں گا چمن کی خاک میں
جان دی دینے مگر اپنے وطن کے واسطے — زندگی پیدا کروں گا میں وطن کی خاک میں
آب و گل میں جذب ہو کر گل کھلاؤں گا یہی
ذرّے ذرّے میں مرے پنہاں ہے روحِ زندگی

الوداع اب اے اَلَم اندیش شاعر الوداع! — اہلِ دنیا کو سنا جا کر خدا میرا پیام
زندگی بیکار ہے، بے سود ہے ہر اجتماع — قلبِ انساں میں نہ جب تک ہو وطن کا احترام
خدمتِ خاکِ وطن انساں کا پہلا فرض ہے
جان دے کر جو ادا ہو تا ہے یہ وہ قرض ہے

دیکھتے ہی دیکھتے وہ پھول پھر مرجھا گیا — میرے احساسات میں پھر اہتزازِ حبِّ وطن
زندگی کا فلسفہ میری سمجھ میں آ گیا — اب میری نظروں میں تھا پھر رنگِ چمن
میں نے آہستہ سے اس گل کو زمیں پر رکھ دیا
یعنی جس جا سے اٹھایا تھا وہیں پر رکھ دیا (خاص)

بہارِ زندگی

[مولانا مخمور رحمانی ایڈیٹر رسالہ "نیرنگ" دہلی]

اے دلِ دردآشنا! اے رازدارِ زندگی — زندگی سے ہے بری گویا بہارِ زندگی
پھر دلِ پرشوق ہے سنت گذارِ زندگی — پھر تجسّم ہے کسی کا رازدارِ زندگی
لغزشوں سے بچ کے چل اے رہروِ راہِ حیات — گلستاں سنجا نگیا خارِ رہِ زندگی
لالہ و گل سے غرض کیا باغبانِ زیست کو — موت کی آنکھوں سے دیکھ گلزارِ زندگی
اے خوشا وہ دل کہ جس کا مدعا کوئی نہیں — نے نثارِ آرزو ہے نے شکارِ زندگی
جس جھلک سے ذرّہ ہائے طور کو لرزش ہوئی — دل اسی پرتو سے ہے آئینہ دارِ زندگی
دل کو انہا رات تھا ازل سے ہمنشیں — کیا عجب گر اٹھایا اُس نے بارِ زندگی
دیدۂ خونبار کی اللہ رے گلکاریاں — دامنِ صد چاک ہے یا لالہ زارِ زندگی
ایک انگڑائی میں مرگ و زیست کے عقدے کھلے — ہو گئی آساں گرانے مدعا رِ زندگی
رفتہ رفتہ ہو گیا تبدیل آئینِ حیات — مٹتے مٹتے مٹ گئے نقش و نگارِ زندگی
عرصۂ فانی سے جانا ہوں سوئے راہِ بقا — دور ہو فطرت کے دامن سے غبارِ زندگی
زندگی ہے اک کشاکشِ ہستی و موہوم کی
موت ہی بنتی ہے عشرت پردہ دارِ زندگی (خاص)

نیرنگ خیال

دنیا کی سب سے پہلی ایجاد

(جناب حکیم محمد یوسف حسن چیف ایڈیٹر رسالہ نیرنگ خیال لاہور)

آہ زمانہ جس کو تاریخی کتب میں لوہے کا زمانہ کہتے ہیں۔ جبکہ آدم کی اولاد پتھروں کے آلات سے تدریجی ترقی کرتی ہوئی لوہے کی اشیا بنانے لگی تھی۔ انسان اپنی قوت لایموت کے لئے جنگلوں میں جاکر جانوروں کو پتھر مار کر شکار نہیں کھیلتا تھا بلکہ لوہے کی ایک لمبی اور موٹی سلاخ سے کام لینے لگا تھا جس کو وہ کبھی لکڑی میں گاڑ لیتا اور کبھی ایسے ہی کندھے پر اٹھائے پھرتا تھا۔

ان دنوں بڑے بڑے شہروں اور قصبوں کا وجود نہ تھا بلکہ جنگل کے قریب اور پانی کے کنارے منتشر طور پر دس دس بیس بیس جھونپڑیاں دیکھی جاتی تھیں۔ دریاؤں سے مچھلی اور پانی آسانی سے مل سکتا تھا جنگلوں سے پھل پھول پتے اور شکار کے قابل جانور بہ افراد ملتے تھے۔ اس لئے انسانوں کا ڈیرا ایسے ہی مقامات پر جما ہوتا تھا۔ جہاں یہ ایسا وافر تعداد میں مل سکتی ہوں۔

بحیرہ خضر کے قریب ایک گنجان جنگل کے کنارے پہاڑی کے دامن میں چند جھونپڑیاں تھیں چاروں طرف سبزہ لہک رہا تھا۔ سبزہ سے ڈھکی ہوئی پہاڑی دور سے ایک زمردین سہرہ معلوم ہوتی تھیں۔ چھوٹی چھوٹی ندیاں تھوڑے تھوڑے فاصلہ سے بحیرہ خضر میں آکر گرتی تھیں۔ کہیں آبشار تھے۔ کہیں چشمے تھے۔ انسان اور حیوان آزادی سے دوڑتے پھرتے تھے۔

ایک دن جبکہ آسمان پر بادل جھوم جھوم کر جمع ہو رہے تھے ٹھنڈی اور خوشگوار ہوا شگفتگی اور زندگی پھیلا رہی تھی۔ ان جھونپڑیوں سے ایک نوجوان باہر نکلا۔ اس کے بال شانوں پر بکھرے ہوئے تھے چھوٹی چھوٹی مونچھیں سرخ و سپید چہرہ پر بھلی معلوم ہوتی تھیں۔ بازو کھلے ہوئے تھے چھاتی اور پشت پر چیتے کی کھال کا ایک ٹکڑا اس انداز سے لپٹا ہوا تھا کہ دور سے ایک آتشیں کرتا معلوم ہوتا تھا۔ کمر میں ایک موٹا رسہ لپیٹے ہوئے تھا جس میں لوہے کے دو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لٹک رہے تھے جو شاید ہی چھری کی طرح کاٹنے کے کام آتے ہیں۔ کمر کے نیچے ایک موٹا سا کپڑا گھٹنوں تک پہنے ہوئے تھا۔ لیکن پنڈلیاں برہنہ تھیں۔ اور پاؤں میں اس سے بنی ہوئی تھی۔

نوجوان کے ہاتھ میں تین انچ موٹی اور ڈیڑھ گز لمبی لوہے کی سلاخ تھی۔ جو عصا کا کام دے رہی تھی۔ اس نے سر کو اونچا کر کے قدرت کے اُن مناظر پر ایک مالکانہ حیثیت سے نگاہ ڈالی جو اس کے گرد و پیش پھیلے ہوئے تھے۔ وہ آسمان پر جمع ہونے والے بادلوں کو دیکھ کر زیر لب مسکرایا اس نے لوہے کی سلاخ کو ایک دو بار ہوا میں گھمایا اور پھر کچھ سوچ کر بے پروائی سے سامنے کی پہاڑیوں کی طرف چل دیا۔

پہاڑی کے نیچے پہنچ کر اُس نے ادھر اُدھر دیکھا۔ گویا کسی کی تلاش و جستجو میں ہے۔ اُس نے وحشیانہ انداز میں دو تین دفعہ چیخ کر "اوشی" "اوشی" پکارا لیکن جب کوئی جواب نہ آیا تو وہ ناامید ہو کر ایک چٹان پر بیٹھ گیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا

کہ وہ کسی کے انتظار میں ہے۔

بادل کی گرج۔ بجلی کی چمک اور ننھی ننھی بوندوں کی پھوار اس کی توجہ اپنی طرف نہ کھینچ سکی۔ وہ بالکل خاموش ایک بت کیطرح چٹان پر بیٹھا ہوا تھا۔ کہ ایک پتھر اس کی پیٹھ پر لگا۔ وہ محویت سے چونک پڑا اور اس نے سر اٹھا کر اوپر کی طرف دیکھا۔

سر کوہ ایک نوجوان حسینہ کھڑی مسکرا رہی تھی۔ اس کے سفید سفید دانت موتیوں کی طرح چمک رہے تھے۔ اس نے دونوں ہاتھ پھیلا دئے گویا نوجوانوں کو وہیں سے اپنی آغوش میں کھینچ لینا چاہتی ہے۔ "باغاز"

باغاز نے کہا۔ اوشی! اوشی فرط مسرت سے ناچنے لگی اور باغاز جلدی جلدی چٹانوں کو پھاندتا ہوا پہاڑی پر چڑھنے لگا یہاں تک کہ باغاز اوشی کی آغوش میں تھا۔

اوشی "میری محبت! تم دیر سے کیوں آئے؟"

باغاز "تم دیر سے آئی ہو۔ جب بکریاں گھر واپس آتی ہیں اور میں دودھ کرمان کے آگے رکھتا ہوں تو پھر تمہارے پاس آنے کا وقت ہو جاتا ہے۔ اور میں اس جگہ پہونچ جاتا ہوں میں نہیں تم دیر سے آتی ہو"

اوشی "وہ کیوں۔ جب ابا گوشت بھون کر ہمیں کھلاتے ہیں تو میں بھی کھا کر فوراً تمہارے پاس چلی آتی ہوں"

اس کے بعد وہ پہاڑی سے نیچے اترنے لگے۔ عورت ایک لمبا لبادہ اوڑھے ہوئے تھی۔ بازو اور پنڈلیوں کا کچھ حصہ ننگا تھا۔ پاؤں برہنہ تھے۔ ہاتھ میں باغاز کی طرح لوہے کی ایک سلاخ تھی۔ اوشی آگے آگے اور باغاز اس کے پیچھے پیچھے تھا۔ جب اوشی باغاز کا ہاتھ تھام لیتی اور اس کو کسی بڑی چٹان کے پھاندنے میں امداد دیتی تو باغاز اظہار تشکر میں اس کا منہ چوم لیتا۔ اس وقت اوشی کی بڑی بڑی سیاہ آنکھوں سے محبت کے شعلے نکلنے لگتے۔ وہ باغاز کو بغل میں لیکر زور سے دباتی۔ اس کے بالوں۔ اس کی پیشانی اور ہاتھوں پر بوسے دیتی تھی۔

وہ ایک چشمے کے کنارے پہونچے جس کا سرد اور شیریں پانی دونوں نے پیا۔ اوشی ایک درخت سے شہتوت توڑ لائی اور باغاز کو پیش کئے اس کے بعد ٹھنڈے چشمے میں پاؤں لٹکا کر دونوں بیٹھ گئے اور پیار محبت کی باتیں کرنے لگے۔

باغاز "تم میرے ساتھ شادی کب کرو گی؟"

اوشی "جب کوئی تحفہ میرے لئے لاؤ گے"

باغاز "میں تمہارے شایاں شان تحفہ لاؤں گا"

دونوں آدھ گھنٹہ تک چشمہ کے کنارے بیٹھے رہے۔ باتیں کرتے رہے۔ اور جب رات کی تاریکی ان کو جدا کرنے لگی تو اوشی نے باغاز کے بالوں اور ہاتھوں پر بوسے دئے اور اپنی لوہے کی سلاخ کو اسکی سلاخ پر اس زور سے مارا کہ چنگاریاں نکلنے لگیں۔ اس نے اسے شادی کا تحفہ جلد لانے کی تاکید کی۔

باغاز سر جھکائے ہوئے اپنی جھونپڑی کی طرف جا رہا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ اوشی کو کونسا تحفہ نظر کرے جس سے وہ خوش ہو کر اس سے شادی کرے۔ وہ پہاڑی چٹانوں اور کھنڈروں سے گذر رہا تھا کہ اس کی نظر ایک سفید چمکیلی چیز پر پڑی۔ اس نے اٹھا کر دیکھا وہ چاندی کی تھی۔ اس نے کہا اوہو سفید لوہا اس سے بہتر اور کیا تحفہ ہو سکتا ہے۔ وہ فرط مسرت سے اچھل پڑا اور رات بھر اسے اس خیال سے نیند نہ آئی کہ وہ صبح اس نرم اور سفید لوہے کا تار رکھ کر اپنی محبوبہ کی انگلیوں پر لپیٹے گا۔

دوسرا دن آیا۔ سفید لوہے کے صاف کرنے میں صرف کرنا پڑا اور اوشی کے پاس جانے سے قبل اس نے ایک موٹا تار

تیار کر لیا جس کو اپنی انگلی کے گرد لپیٹ کر اپنے ایک گول چھلا سا بنا لیا۔

وہ دونوں حسب معمول پہاڑی کے دامن میں ملے۔ اوشی اُسے پہاڑ کی چوٹی پر لے گئی جہاں اس نے بہت سے پھل جمع کر رکھے تھے جو باغاز اور اوشی نے مل کر کھائے۔ جب پیار و محبت کی باتیں ہو نے لگیں تو باغاز نے فرط مسرت سے بیتاب ہو کر کہا میں شادی کا تحفہ لایا ہوں۔

اوشی تعجب اور مسرت سے باغاز کی طرف دیکھنے لگی۔ وہ اس سے لپٹ گئی اور پھر ہاتھ پکڑ کر مستانہ وار رقص کرنے لگی۔ اُس نے باغاز کا منہ چوم کر کہا۔ "لاؤ میرا تحفہ"

باغاز نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے چاندی کا چھلا نکالا اور پیش کیا۔ اوشی کا چہرہ جو خوشی و مسرت سے سرخ ہو رہا تھا زرد ہو گیا۔ اس نے چھلے کو دو چار بار الٹ پلٹ کر دیکھا اور کہا "یہ لوہا" ہے یہ میں آلود بیمار لوہا۔ میں اسے تحفہ۔ نہیں میں اسے قبول نہیں کر سکتی" اور اس نے چھلے کو پھینک دیا۔

باغاز کی آنکھیں چھلے پر لگی ہوئی تھیں۔ اُس نے دیکھا کہ ایک ہلکی سی آواز کے ساتھ جو صرف باغاز سے سنی تھی چھلا پہاڑی پتھروں پر سے لڑھکتا گرد شیں کرتا اور چکر کاٹتا ہوا پہاڑی کے دامن میں کسی غار میں جا گرا۔ باغاز ٹکٹکی باندھے ہوئے اس چھلے کو دیکھ رہا تھا۔ اوشی غصہ بھری نگاہوں سے باغاز کو دیکھتی ہوئی واپس چلی گئی۔

دنیا باغاز کی آنکھوں میں تاریک ہو رہی تھی۔ وہ بت بنا بیٹھا تھا۔ اگر اُسے کوئی چیز نظر آ رہی تھی تو صرف لڑھکتا اور چکر کاٹتا ہوا چاندی کا چھلا۔

چٹان پر خدا جانے وہ کتنا عرصہ بیٹھا رہا۔ کس وقت اٹھا اور گھر گیا۔ لیکن جب اس کے اوسان بجا ہوئے تو وہ جھونپڑی میں لیٹا ہوا تھا۔ کل کے واقعہ کی یاد ابھی اس کے دماغ میں تازہ تھی۔

وہ اپنی ناکامی پر دل کھول کھول کر رویا۔ اور آنسوؤں نے جب دل کی روشنی کو دھندلا کر دیا تو اس جھلملاہٹ میں بھی اُسے چاندی کا چھلا لڑھکتا ہوا نظر آ رہا تھا۔

سارا دن اسی سوچ بچار میں گذر گیا کہ اُسے کیا کرنا چاہئے آج وہ اوشی سے ملنے بھی نہیں گیا اور اپنی جھونپڑی کے سامنے سر جھکائے بیٹھا رہا۔

غروب آفتاب کے وقت ہی وہ اپنی جھونپڑی میں جا کر لیٹ گیا اور لیٹتے ہی اُسے نیند آ گئی۔ لیکن پریشان خواب رات بھر اسے تکلیف دیتے رہے وہ دیکھتا تھا کہ چھلا پہاڑی پتھروں پر سے لڑھکتا اور گرد شیں کاٹتا ہوا گر رہا ہے۔ خواب میں چھلے کا جسم اس قدر بڑھ گیا کہ وہ اسے ایک خالی کیا ہوا چاند معلوم ہونے لگا۔ کبھی وہ اس ہالے کی شکل اختیار کر لیتا جو چاند کے گرد دیکھا جاتا ہے۔ اور جس سے قدیم زمانہ میں بارش کا اندازہ لگایا جاتا تھا۔ کبھی وہ دیکھتا کہ اس چھلے پر اوشی اور باغاز دونوں بیٹھے ہوئے لڑھک رہے ہیں آپس میں ہنستے ہیں اور کھیلتے ہیں۔ اس نے ایک قہقہہ لگایا۔ اس کی آنکھ کھل گئی۔ آسمان پر زرد ستارہ چمک رہا تھا۔ وہ بستر سے اٹھ بیٹھا اس کی طبیعت میں ایک ولولہ اور جوش سا پیدا ہوا اس نے کہا اگر اتنا بڑا چھلا بن سکے جس پر بیٹھ کر اوشی اور باغاز دونوں پہاڑ کی سے لڑھکا کریں تو اس تحفہ کو اوشی ضرور قبول کر لیگی۔ واقعی ایک ننھا سا برص آلود چھلا اوشی کی توہین تھی۔

کئی دن رات کی محنت شاقہ کے بعد باغاز نے لوہے کا ایک بہت بڑا چھلا تیار کیا۔ یہ ایک موٹی سلاخ تھی جس کو گول بنا لیا گیا تھا۔ بڑی سوچ بچار کے بعد اس نے لکڑی کے ٹکڑے کاٹ کاٹ کر چھلے کے اندر لگائے اور لوہے کی سلاخ میں بڑے بڑے چھید لگائے۔ پھر ان چھیدوں میں سے لکڑی کے ٹکڑے گذار کر اس

بڑے پہیے کے درمیان سب کو ایک مرکز پر ملا دیا۔ اور اس مرکز سے اس نے دو ٹکڑے دائیں بائیں نکالے۔ پھر لڑھکانے سے یہ بڑا اچھا لڑھکنے اور چکر کاٹنے لگا اور بیٹھنے کی جگہ بھی مل گئی۔

ہر روز باغاز اُسے لڑھکاتا ہوا باہر بھاتا تھا۔ لیکن اس کو اس طرح میں کامیابی نہ ہوتی تھی کہ اس کے اوپر بیٹھکر اسے لڑھکا سکے۔ ایک دن وہ اس کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ دور سے اوشی نے باغاز کو اس عجیب آلہ کے ساتھ کھیلتے دیکھا۔ اس نے چلاکر اُسے ٹھہرنے کو کہا اور خود دوڑی ہوئی باغاز کے پاس آئی۔ وہ اس ایجاد کو دیکھکر بہت خوش ہوئی وہ اس کے ساتھ کھیلتی رہی۔ وہ اس کو لڑھکاتی رہی اور باغاز سے پوچھتی تھی کہ اس کا مقصد کیا ہے؟ باغاز نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تم اور میں دونوں اس پر بیٹھ کر لڑھکیں۔

اوشی سوچ میں پڑ گئی۔ اُس نے اچھل کر کہا کہ اگر ایک ایسا آلہ اور بنا دو تو دونوں کو بیک بار لڑھکانے سے تمہارا مطلب حاصل ہو سکتا ہے۔

ایک مہینہ کی محنت شاقہ کے بعد باغاز نے دوسرا پہیہ (Wheel) بنایا اور اوشی نے دونوں کو ایک لکڑی سے جوڑ دیا۔ اب یہ آلہ گھومتا تو نہ تھا لیکن گھسٹتا ضرور تھا۔ کبھی باغاز اوپر بیٹھتا تو اوشی ڈھکیلتی تھی اور کبھی اوشی بیٹھتی اور باغاز اُسے کھینچتا تھا۔ اوشی نے دنیا کی سب سے بڑی اور پہلی ایجاد کا نام پہیہ رکھا۔

باغاز نے کہا یہ میری ایجاد ہے اور میں تمہیں تحفہ دیتا ہوں۔

اوشی نے کہا کہ اس ایجاد میں نصف حصہ میرا ہے۔ عورت اور مرد دنیا میں انسانی زندگی کے دو پہیے ہیں۔ اسی طرح اس پہیہ کی ایجاد میں بھی نصف کام تمہارا اور نصف میرا ہے۔ میں تمہارے تحفہ کو قبول کرتی ہوں اور بقیہ نصف حصہ کو تمہیں بطور تحفہ پیش کرتی ہوں۔

دوسرے دن جب دونوں اس پہیہ گاڑی پر بیٹھکر کھیلتے ہوئے گھومتے تھے تو گرد و نواح کی جھونپڑیوں کے تمام انسان جمع ہو گئے۔ انھوں نے دونوں کو مبارکباد دی۔ اور سب لوگوں نے انھیں سجدہ لیا۔ ایک بوڑھے بزرگ نے آگے بڑھکر باغاز کو "کرا" کا خطاب دیا۔ اور آئندہ کے لئے اس کا نام کرا باغاز قرار پایا۔ گاؤں والوں نے اُسے ایک خچر انعام دیا۔ جس کو دو رسوں کے ساتھ اس دو پہیہ گاڑی میں باندھا گیا۔ جو آہستہ آہستہ اوشی اور کرا باغاز کو کھینچتا ہوا اس کے مکان تک لے گیا۔ جس کے آگے عورتیں مرد اور بچے ناچ رہے تھے۔ یہ دنیا کا پہلا پہیہ اور پہلی گاڑی تھی جو ایک کامیاب طبیعت کی ایجاد تھی۔ آج اس پہیے کی ارتقائی تاریخ نے عہد حاضرہ کی تہذیب و تمدن کو یکسر بدل ڈالا ہے۔ اور دنیا کا ہر متمدن ملک اور اس کا ہر ترقی پذیر کام اس پہیہ کا مرہون منت ہے۔ (خاص)

[بقیہ صفحہ ۴۲۳]

خربوزہ اور لڑکیوں کے والدین کی شمولیت سے کھانا یا ناشتے کا کچھ ایسا انتظام ہونا چاہئے کہ پڑھائی اور مدرسہ میں حاضری کے گھنٹوں کے درمیان ناشتہ کا وقفہ رکھا جائے جس میں سب لڑکیوں کو کوئی ایسی خوراک یا ناشتہ دیا جائے۔ جو ان کے قویٰ کو قوت بخشے اور ان کے دل و دماغ کو تر و تازہ رکھ سکے۔ ہم دیکھ رہے ہیں ان کی گڈھے دار آنکھیں پچکے ہوئے رخسار اور مرجھائے ہوئے چہرے ملک کی آئندہ نسل کی صحت کے ضامن نہیں ہو سکتے۔

امید ہے وہ حضرات جن کے ہاتھ میں اسوقت محکمۂ تعلیم کی باگیں ہیں اور قوم و ملک کے وہ افراد جو تعلیم و ترقی نسواں کے حامی ہیں ان امور پر توجہ دیں گے اور اپنے پورے پورے رسوخ و اثر سے کام لیکر ان مقاصد کے حاصل کرنے کی سعی فرمائینگے۔ (خاص)

نئی روشنی

بہتر شرافت اور انتقام

(جناب حسرت لکھنوی ایڈیٹر "نئی روشنی" دہلی)

جمیل اپنے ڈرائنگ روم میں پھنسا ہوا کسی خاص مسئلہ پر غور کر رہا ہے اور اس کے اضطراب و حرکات سے صاف نمایاں ہے کہ مسئلہ نہایت پیچیدہ ہے۔ کبھی خود بخود بڑبڑاتا ہے کبھی اس کے دست و پا چشم و ابرو میں اضطراری جنبش پیدا ہوتی ہے۔ آخر میں اُس نے خط لکھنے کا بیڑا اٹھایا اور تھوڑی دیر تک قلم کو ہونٹوں میں دبائے رکھنے کے بعد حسب ذیل خط لکھا۔

بدرہ! خوش رہو؟ تم شاید جمیل کی رحمدلی سے توقع رکھتی ہوگی کہ وہ تمہارے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کر دے گا۔ اور شاید جمیل کی جگہ کوئی دوسرا ہوتا تو تمہارے خیال کی تصدیق ہو جاتی۔ لیکن تم نے اس پر غور نہیں کیا کہ جمیل کے پہلو میں شریف دل ہے جو اس کی ہر وقت رہنمائی کرتا رہتا ہے۔ وہ ہرگز ایسا مشورہ نہیں دے سکتا جس پر غیر شریفانہ یا تنگ انسانیت فعل کا اطلاق ہو سکے۔ دیکھو بدرہ تمہاری ضد نادانی پر مبنی ہے میں تم کو یقین دلاتا ہوں کہ تم جس قدر خوبصورت ہو۔ تعلیم یافتہ ہو۔ ایک معزز خاندان کی رکن ناموس ہو۔ معاف کرنا۔ اسی قدر ناعاقبت اندیش۔ اور نسوانی اعلیٰ صفات سے بے پروا ہو۔ تم کو اپنے مستقبل۔ اپنی پوزیشن پر غور کرنا چاہئے منٹوں میں یہ خط ملفوف کیا گیا۔ چھٹن چھوکرے کو دیکر ہدایت کی کہ یہ خط کسی کے سامنے نہیں تنہائی میں بدرہ کو دیدے ایک گھنٹہ نہ گذرا ہوگا کہ وہی چھوکرا خوبصورت لفافے میں بند خط۔ محو خیال جمیل کے روبرو میز پر رکھ کے اُلٹے پاؤں کمرہ سے باہر چلا گیا۔

جمیل کی محویت کم ہوئی تو اس کی نظر لفافہ پر پڑی فوراً کھول کے پڑھا جس کے عنوان کی ہیبت سے لرز گیا۔

چیلنج

مرعی شرافت جمیل

تمہاری سلامتی چاہنے کے بعد آج مجھے چند سطروں میں اپنے تمام جذبات کی تفسیر کرنا ہے جس کے لئے خود بھی بیتاب ہوں تاکہ تمہارے واسطے انتباہ ہو۔ سب سے پہلے تو یہ کہنا ہے کہ تمہارے پہلو میں یا تو دل نہیں اور اگر ہے تو کیف بادہ الفت سے خالی اس لئے کہ نسوانی حد داری کو خیرباد کر کے میں نے (جس کے حسن و جمال کے تم خود بھی قائل ہو اور بارہا کہہ چکے کہ اگر موقع ملتا تو میں پرستش کرتا) واردات قلب کا اظہار کیا ہے انھیں بیدردی سے ٹھکرایا ہی نہیں بلکہ ناصحانہ روش اختیار کی اور میرے جذبہ نسوانی کو غیرت دلانی میں نہایت صفائی سے کہتی ہوں کہ تم کو اپنے بیدار کی شکست کا مستقبل قریب میں اعتراف کرنا پڑے گا۔ میں اپنی توہین پر صبر نہیں کر سکتی میرے محسوسات انتقام پر برابر ابھار رہے ہیں۔

(بدر)

جمیل کے مضطرب دل پر اس خط کے ہر فقرہ کی وہ کاری

ضرب پڑی کہ صابر و جابر ہونے کے باوجود اس کے منہ سے آہ نکل گئی۔ اس خط کو لفافہ میں بند کر کے جیب میں رکھا۔ اور ڈرائنگ روم سے نکل کے کوٹھی کے سامنے والی طولانی سڑک پر بے قصد وارادہ چل کھڑا ہوا۔

اس کی محویت اس وقت تک کم نہ ہوئی جب تک اُسے دریا کی مستانہ لہروں کے دیوار قلعہ سے ٹکرانے کی نغمہ خیز صدا اس کے کانوں میں نہ آئی۔ شام کا وقت قریب تھا۔ طیور آشیانوں کی طرف جانے میں عاجل اور سورج کی سنہری شعاعیں مست خرام لہروں پر طلائی چادر بچھائے ہوئے ہیں۔

یہ سہانا اور جاذب نظر منظر اس کی توجہ اپنی طرف منعطف نہ کر سکا اور وہ بے تکلف ریت کے قدرتی فرش پر بیٹھ کے اپنی خیالی الجھن کی ادھیڑ بن میں مصروف ہو گیا۔ شام ہوئی رفتہ رفتہ رات کی تاریکی بڑھنے لگی۔ جمیل کو کچھ ہوش کہ خود فراموشی کے عالم میں کہاں بیٹھا ہے۔ قریب و بعید کے سلسلہ وار لہلہانے والے مینڈک اگرچہ زمین کو سر پر اٹھائے ہوئے تھے اور ایک ہنگامہ ان کی بے سُری اور بے تکی آوازوں سے برپا تھا۔ مگر جمیل کے نزدیک ایک سکوت تھا کہ وہ سکون قلب سے پوری توجہ کے ساتھ ذہنی مسئلہ پر دل ہی دل میں بحث کر رہا تھا۔

نصف سے زیادہ رات گذر چکی مگر جمیل کی محویت میں کوئی تغیر نہیں ہوا اور شائد رات بھر گذر جاتی۔ ناگاہ ٹورچ لائٹ کی شفاف اور تیز روشنی اس کے چہرہ پر اس طرح پڑی کہ نیم باز آنکھوں میں شعاعیں سما گئیں۔ اب اس نے سر اٹھایا اور آنکھیں کھول کے بغور دیکھا۔ روشنی غائب ہو چکی تھی کسی قدر فاصلہ کے نیچے کی چند خفیف آوازیں اس کے کانوں میں آئیں۔ اور تاریکی میں بہت غور کرنے پر میدان نیر تاروں کی ہلکی سی روشنی دو تین سیاہ سائے متحرک نظر آئے۔ جمیل نے لاحول پڑھی اور خود بخود کہا! یہ میرا وہم ہے۔ ورنہ یہاں اسوقت کون ہو سکتا ہے (آسمان کی طرف دیکھکر) نصف شب متجاوز ہو چکی۔ اوہ ساری رات گذر جائے۔ دفعتاً پھر اس کے چہرہ پر لائٹ پڑی کہ اس کی آنکھیں چوندھا گئیں مگر دوسرے سکنڈ میں کچھ نہ تھا اب جمیل کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور معاً اسے خیال آیا کہ جس جگہ میں بیٹھا ہوں گھاٹ ہے۔ قریب ہی کہیں مسان ہو گا۔ ممکن ہے ارواح جنسنہ مجھے تنہا دیکھ کے دق کرنا چاہتی ہوں۔

جمیل نے اس خیال کو دل سے نکالا چاہا مگر نہ نکلا وہ مضبوط اور جری ہونے کے باوجود وہم میں گرفتار ہو گیا۔ اس کے خیال کی تبدیلی کے ساتھ حواسوں میں بھی اختلال پڑ چکا تھا۔ اسلئے اپنے مقام سے اٹھا اور جس طرف سے روشنی آئی تھی۔ سیاہ مجسمے متحرک نظر آئے۔ اس نے چاہا کہ راستہ کترائے نکل جائے۔ مگر وہ متحرک پیکر خطوط متوازی کی طرح اُس کے ساتھ تھے جمیل نے کچھ سورتیں اور آیتیں پڑھ کے اپنے اوپر دم کیں اور رفتار تیز کر دی۔

جب ایک بڑی کوٹھی کی پشت پر پہونچا تو اُس نے دیکھا کہ متحرک سیاہ مجسمے اب اُس کی طرف نظر نہیں آتے۔ اس نے خیال کیا کہ یقیناً خبیث روحیں تھیں جو آبادی کے قریب پہونچ کے واپس گئیں۔ ٹورچ لائٹ کو وہ اگیا بیتال کا کرشمہ سمجھا۔

کوٹھی کے صدر دروازہ سے کوئی پچاس قدم کے فاصلہ پر ایک عظیم الشان پیپل کا درخت تھا۔ اس کے نیچے روشنی دیکھ کے جمیل نے اپنی رفتار اور سست کر دی اور بھوت پلید کا خیال اس کے دل سے بالکل دور ہو چکا ہے۔ اس نے دیکھا کہ ایک حسین و جمیل دوشیزہ پیتل کی تھالی میں پوجے کا

سامان رکھے ہوئے پیپل کی جڑ کے پاس بیٹھی ہے اور نہایت آزادمندانہ و معصومانہ انداز سے کچھ پھول چڑھا رہی ہے۔

جمیل اسی جگہ ٹھٹکا تھا کہ اُس مہ جبین حور پیکر نے بڑی بڑی شرمیلی اور خوبصورت آنکھوں سے جمیل کی طرف دیکھا اس کی بے گناہ نگاہوں میں حیا کے ساتھ شوخی اور دلبری کا بھی شائبہ تھا۔ جمیل جھجکا اور چاہا کہ قدم بڑھائے۔

نازنین نے اپنی ترنم خیز آواز میں کہا باخدا کے نیک بندے اگر شہر کی طرف جانے کا ارادہ ہے تو میں بھی ساتھ ساتھ چلوں گی آنے کو تو آگئی اور بڑی دیر سے اس سوچ میں تھی کہ واپس کیونکر جاؤں گی۔ شکر ہے کہ تم کو فرشتہ بنا کے بھیجا گیا۔ کیا ایک بیکس عورت کے ساتھ آپ اتنی ہمدردی کریں گے۔

جمیل نے نہایت متانت سے جواب دیا کہ بڑی خوشی سے اس میں میرا کیا نقصان ہے چلئے۔

"ذرا ٹھہر جائیے میں پوجا سے فراغت کرلوں۔ زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ اور صرف ہوں گے۔

حسین پوجارن حشر سامان خرام و فتنہ پیما انداز سے تھالی کاندھے پر رکھ کے جس پر چوکہ دیا روشن تھا۔ جمیل کے پاس سے گذری اور جمیل کے قامت زیبا پر ایک غلط انداز نظر ڈالی تو جمیل اس کے رعب حسن سے کانپ گیا۔

تھوڑی دور چل کے جب کہ آبادی کے کنارے پر دونوں راہرو پہونچے تھے حسینہ نے کہا۔ بس اب آپ جا سکتے ہیں یہاں سے میرا غریب خانہ قریب ہے۔ معاف کیجئے گا آپ کو بڑی تکلیف ہوئی۔

"جمیل حسن و جمال کی دیوی مجھے کیوں شرمندہ کرتی ہے میں نے تو کوئی خدمت ہی نہیں کی۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس وقت مجھے کس کی ہمروہی کا فخر حاصل ہے" حسینہ نے مسکرا کے کہا۔ ایک دردمند عورت کے ساتھ جس کو آپ کی ہمدردی کی ضرورت تھی۔ اس نوجوان بھولے اور طرحدار جوان اپنے دین و مذہب کا واسطہ کوئی ایسی یادگار نہ چھوڑ جو میرے دل کو صدمہ پہونچائیں۔ آہ مجھ بدبخت میں نہ ایسے جذبات ہیں نہ کشش یہ تو آپ ہی کے خس کی گہرائیت ہے کہ حسن و خاشاک دل کھنچے جاتے ہیں۔ تبسم کے ساتھ نگاہیں نیچی کرکے۔ کیا ایک مجہول و نامعلوم عورت کے جذبات کا آپ احترام کرنیکو تیار ہیں۔ جمیل نے جواب دیا جہاں تک شرافت اجازت دے گی اے معصوم حسن امید کہ معصیت کی دعوت مجھے نہ دیجائے گی۔ اچھا تو رخصت؟ یہ کہہ کر وہ حسین عورت قریب کی گلی میں بجلی کی طرح کوند کے چلی گئی۔ جمیل فوراً بڑھا کہ دیکھے کس مکان میں جاتی ہے۔ مگر اس کوشش میں ناکام رہا۔

بنگلہ پر پہونچ کے جمیل نے سلیپنگ سوٹ پہنا اور مسہری پر لیٹ کے گذشتہ واقعہ پر غور کرنے لگا۔ اس پر غنودگی سی طاری تھی کہ کمرہ میں کسی کے آنے کی ہلکی چاپ معلوم ہوئی اس نے آنکھیں نہیں کھولیں بلکہ کان لگا دیئے بڑ لیمپ کی خفیف روشنی اور کامل سکوت تھا لیکن چاپ کا احساس برابر ہو رہا تھا جمیل نے گوشہ چشم سے دیکھا تو خوبصورت پجارن کا ہوبہو نقشہ نظر آیا۔ وہ ہڑبڑا کے اٹھا اور اسے گمان ہوا کہ کوئی دروازہ کی طرف گیا۔ دروازہ پر گیا تو کوئی نہ تھا۔ لاحول کرکے پھر مسہری پر دراز ہوگیا۔ اپنے سرہانے خفیف تنفس کا اس کے کانوں کو ادراک ہوا اور معاً بستر پر اُٹھ بیٹھا اسی لمحہ میں ایک نازک ہاتھ اس کے نتھنوں سے مس ہوا اور تھرتھرا کے اپنے بستر پر گر پڑا۔

جمیل دو ماہ کی شدید علالت کے بعد آج اس قابل ہوا ہے کہ اٹھ کے بیٹھا اور گذشتہ واقعات پر غور کرنا چاہا مگر یادداشت اس قدر کمزور ہوگئی تھی کہ کچھ نہ یاد آیا البتہ بچارن کی تصویر اس کی چشم تصور کے سامنے تھی۔

مولوی وکیل احمد صاحب جمیل کے والد کمرہ میں آئے یہ نہایت کامیاب وکیل تھے اور جمیل ان کا اکلوتا بیٹا تھا بی اے پاس کرنے کے بعد اس نے اپنے آبائی پیشہ کی طرف توجہ کی اور امتحان دے چکا تھا ہنوز نتیجہ کا انتظار تھا کہ بیمار ہوگیا۔

بیٹا جمیل تم امتحان میں کامیاب ہوگئے۔ اور شکر ہے کہ خدا نے صحت بھی دی۔ میں چاہتا ہوں کہ اس سلسلہ میں تمہارے فرض سے ادا ہو جاؤں۔ بدرہ خاتون میرے بھائی کی نشانی اور تمہاری دیکھی ہوئی تمام صوری و معنوی خوبیوں سے آراستہ لڑکی ہے۔ میرے خیال میں اس سے زیادہ موزوں اور مناسب جوڑ ناممکن ہے۔ اگر تم کو کوئی عذر ہو تو صاف صاف کہہ دو۔

جمیل نے خاموش ہو کے سر جھکا لیا۔ گویا رضامندی کی دلیل تھی۔ ایک ہفتہ کے بعد مسٹر جمیل احمد اور بدرہ خاتون کا شرعی عقد ہوگیا۔ دعوت ولیمہ شان سے عمل میں آئی جس میں روزہ اقارب احباب اور روساء امراء سب ہی شامل تھے۔

جمیل جبکہ عروسی میں داخل ہوا تو بجائے بنی سنوری حسین دولھن بدرہ کے اس نے دیکھا خوبصورت بچارن اُسی لباس میں پیتل کی تھالی پر چمک روشن کئے گھونگھٹ نکالے عروس کی مسہری کے پاس استادہ ہے۔ جمیل کے رونگٹے کھڑے ہوگئے اور دریا کے کنارے سے بنگلہ پہونچنے تک کے تمام واقعات سامنے آگئے۔ اُس نے اُلٹے پاؤں پلٹنا چاہا لیکن بچارن نے گھونگھٹ کے اندر سے اس کے کیفیات کا مشاہدہ کر لیا اور برقزدہ کی طرح جست کر کے جمیل کے پاس پہونچ گئی۔ وہ لرز گیا اور قریب تھا کہ منہ سے چیخ نکل جائے لیکن بچارن نے گھونگھٹ الٹا تو بدرہ کا چاند سا چہرہ دکھائی دیا۔ اوہ فریب دھوکا جمیل کے منہ سے نکلا۔ اور انتقام، انتقام بدرہ کی زبان سے نکلا اس کے بعد دونوں ہم آغوش ہوگئے

(بقیہ صفحہ ۸۳۲) جاں نثاروں کا ایک گروہ ہوتا ہے جو ان دونوں سے بڑھ چڑھ کے ہوتا ہے۔ اگر اس قسم کے جاں نثار اپنے مقصد میں ناکام رہتے ہیں تو ان کی دلی تمنا یہی ہوتی ہے کہ اُن کا ملک ہمیشہ غلامی کے شکنجے میں پھنسا رہے۔ وہ دوسرے کے ہاتھوں سے آزاد ہوتا نہیں دیکھ سکتے۔ ان کی ناکامی کی وجہ صرف یہ ہوتی ہے کہ اُن میں نہ تو اس کام کی قابلیت ہی ہوتی ہے نہ صلاحیت، مگر اُن کا خود غرض دل یہ کبھی گوارا نہیں کر سکتا کہ اُن کا ملک آزاد ہو، اور اُن کی نالائقی دوسروں پر ظاہر ہو جائے۔ اس قسم کے لوگ نفرت کے قابل ہیں مندرجہ بالا تینوں قسم کے جاں نثار ہمارے ملک میں کثرت سے ملینگے۔ حقیقی جاں نثار وہی ہوتے ہیں جو اپنا کام صبر و استقلال کے ساتھ کرتے جاتے ہیں۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ ان کی کوششوں کا زریں نتیجہ اگر وہ نہ دیکھ سکیں تو کوئی مضائقہ نہیں آئندہ آنے والی نسلیں دیکھ لینگی۔ فتح ایسے ہی لوگوں کی ہوتی ہے۔ یہ قصہ بہت مشہور ہے کہ ایک ضعیف مالی کھجور کا درخت اپنے باغ میں لگا رہا تھا کسی نے اُس سے دریافت کیا: "تم کیوں اسکے لگانے کی تکلیف کر رہے ہو۔ کیونکہ تم بہت جلد مر جاؤ گے اور اس کا پھل نہیں کھا سکو گے" اس نے جواب دیا: "کوئی مضائقہ نہیں اگر میں نہیں کھا سکوں گا تو میرے بچے تو کھائینگے" یہی اُصول ان جاں نثاروں کے مدنظر ہوتا ہے۔ مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایسی ہستیاں ہمارے یہاں بہت کم ہیں۔ (خاص)

ہمایوں

خیالات

(جناب میاں بشیر احمد صاحب بیرسٹرایٹ لا۔ ایڈیٹر "ہمایوں" لاہور)

اپنا رہبر بنوں آپ۔ لیکن اس تھکے ماندے مسافر کو کبھی آرام لینے دوں اور پھر کبھی اُسے چل لینے دوں جدھر بھی چلے۔

میں جو اری کا رہبر آج بنا مجھے کیا معلوم کیسی شکلیں ہیں جن سے یہ پہنچا یہاں تک۔ اس میں کیا کچھ کمزوریاں تھیں۔ پھر رستے کی کوفت ہمراہیوں کا مزاج واقعات حادثات اور اس کی محدود قوتیں کن کن سے اسے واسطہ پڑا اور اس پر کیا کچھ گذری۔ اس کے دل نے اس کے جسم پر اس کے جسم نے اس کے دماغ پر کیا کیا مہربانیاں کیا کیا ظلم کئے۔ مجھے جو آج اس کا رہبر بنتا ہوں مجھے کیا معلوم دنیا کی زندگی میں یہ سب کچھ رنگینیوں کے ڈورے پھینکے جاتے ہیں۔ دنیا والوں پر کہ جو انھیں تھام لیں وہ اوپر کو اوپر ہی اوپر چڑھے جائیں۔ ان کی زندگی عام زندگی سے بلند بالا ہوتی جائے۔ وہ معمولی باتوں کے اندر غیر معمولی کی جھلک دیکھ پائیں اور روز بروز دیکھتے رہیں ـــــ یوں میں اپنے آپ کا رہبر تو بنوں ضرور ہی لیکن اسے اور اس کے کام کو اور اس کے میدان کو اور اس کی لغزشوں کو بھی نیچا اور ادنیٰ نہ سمجھ لوں اس کو حقارت اور نفرت سے نہ دیکھوں بلکہ محبت کی عینک خود اور اسے بھی لگا کر مشقت کی گھاٹیوں میں سے مسرت کے پھولوں کے بیچوں بیچ عین اُن آسمانی چشموں کے پاس سے ہوتے ہوئے نت نئی زندگیوں کے وہ نظارے خود بھی دیکھوں اور اسے بھی دکھاؤں جو ہر موڑ پر دیکھنے والوں کے لئے یوں بے تاب ہیں اپنے سکون کے اندر بھی جیسے کوئی شرمیلی پاک دامن اپنے اُس والہ و شیدا کے لئے جس کی زندگی عبارت ہو۔ سچی محبت اور سچی خدمت اور سچی مسرت ہے۔ (خاص)

صبحہ

(جناب منصور احمد صاحب جانٹ ایڈیٹر "ہمایوں" لاہور)

عبدالمسیح اناج کی اُس پرانی کوٹھی کے پاس ایک بڑے سے پتھر پر بیٹھا تھا جو روز بروز اب کھنڈر ہوتی جا رہی تھی۔ اس کی نگاہیں اس پکی سڑک پر جمی ہوئی تھیں۔ جو حسن آغا کی جاگیر سے ہو کر ریلوے سٹیشن تک گئی تھی۔ اور جس کے دونوں طرف ببول کے درختوں کی دو سیدھی قطاریں دور تک عجیب بہار دکھا رہی تھیں۔ سڑک پر بچے اپنے مویشی ہانکنے لئے جا رہے تھے۔ مرد بچے کندھوں پر ڈالے گزر رہے تھے اور عورتیں خاموشی سے اپنے کندھوں کے پیچھے پیچھے چل رہی تھیں عبدالمسیح کی آنکھیں ان لوگوں میں کسی کو ڈھونڈ رہی تھیں۔

یکایک اس کا چہرہ ایک پرمسرت مسکراہٹ سے جگمگا اٹھا اور اس کے خوبصورت ہموار سفید دانت نظر آنے لگے۔ وہ اٹھ بیٹھا۔ اس کا قد کیسا بلند اس کا جسم کتنا سڈول اور اس کا چہرہ کتنا خوبصورت تھا۔ اس نے کمر کے گرد ایک ڈوری اتنی کس کر باندھ رکھی تھی کہ اس کا بے آب و رنگ لباس کھنچ کر اونچا ہو گیا تھا اور اس کے بڑے بڑے ٹخنے اور موٹی ٹانگیں نظر آنے لگی تھیں اس نے

پکار کر کہا۔

صبحہ ..... صبحہ ..... اری صبحہ! .... یہاں آؤ"

ایک لڑکی نے مڑ کر اس طرف دیکھا جس طرف سے آواز آ رہی تھی۔ عبدالسمیع کو دیکھتے ہی اس نے پہچان لیا۔ ایک شیریں تبسم اس کے ہونٹوں پر دوڑ گیا۔ جسے اُس نے جھٹ اپنے نقاب میں چھپا لیا۔ وہ اپنے گدھے کے پیچھے پیچھے چلی جا رہی تھی۔ جس کی پشت پر دو خالی ٹوکریاں رہتی تھیں۔ صبحہ نے ایک پتلی سی چھڑی سے دو تین دفعہ اُسے مارا جس سے گدھا اس کا مطلب سمجھ کر فوراً گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔ عبدالسمیع نے نصف راستے میں جا ملنے کے لئے وہ سڑک چھوڑ کر ایک ٹوٹی پھوٹی پگڈنڈی پر ہو لی۔ جو ایک چھوٹی سی نہر کے ساتھ ساتھ جاتی تھی۔ اپنی خاموش طبیعت اور ضبط شدید کے باوجود اس کے جذبات بے قابو ہو رہے تھے۔ اُس نے اُن کو چھپانے کے لئے نقاب سے اپنا منہ بالکل ڈھانپ لیا۔ جب وہ اس کے پاس پہنچ گئی تو دونوں پھر تاج کی پرانی کوٹھی کی طرف چل دئے۔ بڑے پتھر کے پاس پہونچ کر وہ ٹھہر گئے

عبدالسمیع نے اپنا سر متفکرانہ انداز سے جھکا لیا۔ جیسے وہ سوچ رہا تھا کہ کیا ہے اس کا چہرہ مغموم سا نظر آ رہا تھا۔ آخر کچھ دیر کے بعد اس نے کہا۔

"صبحہ" میں نے کئی دن سے تمہیں حسن آغا کے گھر میں نہیں دیکھا۔ کیا تمہاری کسی سے لڑائی ہو گئی ہے یا کسی اور وجہ سے تم نہیں آئیں جو مجھے معلوم نہیں۔

صبحہ نے چہرے سے نقاب اٹھا دیا اور مضطرانہ اپنے لباس کو توڑنے موڑنے لگی۔ اُس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا کہے عبدالسمیع کھڑا اس کے روئے پر درحسن سے اپنی آنکھوں کی تشنگی فرو کر رہا تھا۔ وہ ایک صاف دل لڑکی تھی ہوشیار۔ مخلص اور اس کے افعال و اطوار کی کوئی بات پوشیدہ نہ تھی۔ اعتقاد میں پختہ تھی اور اپنے نفس پر اُسے پورا اعتماد تھا۔ عبدالسمیع کو وہ حسن آغا کے ہاں سے جاننے لگی تھی جہاں وہ نوکر تھی وہیں عبدالسمیع بھی ملازم تھا اور حسن آغا کو اس پر بڑا اعتبار تھا وہیں یہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگے تھے۔ ایک دوسرے سے اس قدر مانوس ہو گئے تھے کہ ان پر انگلیاں اٹھنے لگی تھیں لڑکی کے رشتہ داروں نے اس بات کا تذکرہ لڑکی کے باپ سے کر دیا۔

صبحہ کا باپ عبدالسمیع کا رتبہ اپنی لڑکی سے بہت کم سمجھتا تھا اس کی نگاہ گاؤں کے رئیس کے لڑکے پر تھی جو ایک باحیثیت نوجوان تھا۔ امیر اور خوش پوش جو اس کی لڑکی کو پسند کرتا تھا اور اس نے اپنی بیوی بنانے کے عوض اس کے باپ کو تیس پونڈ ادا کرنے کے لئے تیار تھا۔ اس کے مقابلے میں عبدالسمیع کی محبت بہت بڑی توہین تھی اور جب اُس نے صبحہ کے باپ کو اپنے لئے پیغام دیا تو اُسے سختی سے جواب دے دیا گیا اور یہ دھمکی بھی دی گئی کہ اگر وہ پھر اُن کے ہاں آئے گا تو اُسے بُری طرح گھر سے نکال دیا جائے گا۔

عبدالسمیع اس سلوک سے شرمندہ اور مغموم ہو کر اپنے آقا کے گھر واپس چلا گیا۔ لیکن اُس نے فیصلہ کر لیا کہ اس واقعے کے متعلق ایک لفظ بھی صبحہ سے نہ کہے گا۔ اور کچھ بھی کیوں نہ ہو جائے وہ صبحہ کی محبت کو اپنے دل سے جدا نہ کرے گا۔

عبدالسمیع کو ہر شخص شریف اور دیانت دار خیال کرتا تھا اور اس کا آقا اُس پہ بڑا مہربان تھا۔

صبحہ دیر تک خاموش رہی۔ آخر عبدالسمیع نے محبت آمیز نظروں سے اُس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

صبحہ تم بیمار تھیں؟ ..... اور تم اپنے کام پر کب واپس آؤ گی۔

صبیحہ نے غم اور افسوس کے انداز میں زمین کی طرف دیکھتے ہوئے آہستہ سے کہا۔

اب میں حسن آغا کے ہاں اپنے کام پر واپس نہیں آؤں گی۔

یہ الفاظ سن کر عبدالسمیع کی آنکھیں غصے سے سُرخ ہوگئیں اور اس نے درشت اور کرخت لہجے میں کہا۔

"اچھا! اب تم حسن آغا کے ہاں نہیں آؤ گی؟ یہ کس نے کہا؟"

"میرے باپ نے"

"کیوں؟"

اس لئے کہ اُسے ہماری محبت کا علم ہوگیا ہے۔

اور اسی لئے وہ ہمیں جدا کرنا چاہتا ہے"

"ہاں" ہمیشہ کے لئے

ناممکن!"

ناممکن کیسے؟ اور ....."

یکایک وہ خاموش ہوگئی۔

عبدالسمیع نے قیافے سے اس کی بات معلوم کرلی اور غضب آمیز آواز میں بولا۔ صبیحہ شرماؤ نہیں اور جس بات کو تم چھپانے کی کوشش کر رہی ہو اُسے کہہ ڈالو۔ کہہ ڈالو کہ تمہاری نسبت کسی کے لڑکے سے ہوگئی ہے ..... لیکن میں تم سے قسم کھا کر کہتا ہوں اُسے اپنا گلا گھٹتا ہوا معلوم ہوا۔ اس کی آنکھیں شعلے کی طرح سرخ ہوگئیں اور اس کی رگیں ڈوری کی طرح نمودار ہوگئیں۔ اس نے اپنے گلے کی خشکی کو نگلتے ہوئے بھاری آواز میں کہا۔

میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ شادی کبھی نہ ہوگی۔ ....

کبھی نہیں، کبھی نہیں ..... جب تک میں زندہ ہوں تم میرے سوا اور کسی کی نہیں ہو سکتیں"

یہ پہلا موقع تھا کہ صبیحہ نے عبدالسمیع کو ایسے درشت لہجے میں بولتے اور ایسی وحشیانہ صورت بنائے دیکھا تھا۔ وہ سخت ڈر گئی اور اس نے اسی وقت اپنی آنکھیں اس کی طرف سے پھیر لیں ..... کیا یہ وہی عبدالسمیع تھا۔ وہی خاموش صابر و شاکر انسان جس نے آج تک اپنی زندگی نہایت امن و صلح سے گزاری تھی اور کبھی کسی سے لڑا جھگڑا نہ تھا؟

عبدالسمیع بڑی مشکل سے سانس لے رہا تھا اور اس طرح کانپ رہا تھا جیسے اُسے سخت بخار چڑھ رہا ہے۔ کچھ دیر کے بعد جب یہ کیفیت گزر گئی اور وہ اپنے آپ میں آگیا تو صبیحہ نے آہستہ اور نرم آواز میں کہا۔

عبدالسمیع تم مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ ..... کیا تم چاہتے ہو کہ میں اپنے باپ کی نافرمانی کروں؟ ..... میں ایسی بات کیونکر کر سکتی ہوں؟"

اس نے جواب دیا" پھر یہ کہو کہ تمہیں مجھ سے محبت نہیں ہے۔ "صبیحہ"

لڑکی ایک لمحہ کے لئے خاموش رہی پھر یکایک آنسو اُس کی آنکھوں سے بہنے لگے جن کو دیکھ کر عبدالسمیع کو ایسا معلوم ہوا جیسے اس کے دل میں کسی نے چھری چبھو دی ہے۔ اب اس کی آنکھوں سے غصے کے بجائے رحم ٹپک رہا ہے۔ اس نے بڑھ کر صبیحہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور وہ دونوں پرانی کوٹھی کے اندر چلے گئے۔ وہاں صبیحہ کو اس نے گھاس کے ایک تودے پر بٹھا دیا اور اس کے آنسو خشک کئے پھر پشیمانی کے لہجے میں کہنے لگا۔

صبیحہ رو نہیں۔ تمہارے یہ آنسو میرے دل میں سوراخ کر رہے ہیں۔ مجھے تمہاری محبت کا یقین ہے۔ لیکن کسی اور سے تمہاری نسبت کا خیال میرے لئے ناقابل برداشت ہے اور اب

توڑنے کے لئے میں وہ سب کچھ کر گزروں گا جو میری طاقت میں ہے۔ میں تمہارے باپ سے ملوں گا اور اُسے اس پر آمادہ کرنے کی کوشش کروں گا کہ وہ مجھے قبول کرلے گا۔۔۔ یقیناً۔۔۔ یقیناً"

صبیحہ نے سر اٹھایا اس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے جب اُس نے کہا۔ تم خالی خولی محبت پیش کرکے اُسے کس طرح راضی کرلوگے۔ کیا تم نے ایک دفعہ کہہ کر جواب صاف نہیں لے لیا؟ اور کیا تم سمجھتے ہو کہ مجھے تمہاری اس کارروائی کا علم نہیں؟

عبدالسمیع کچھ کہنا چاہتا تھا مگر ہجوم جذبات نے اُس کا گلا بند کر دیا۔ تھوڑی دیر تک وہ حیران کھڑا رہا۔ کبھی اس کی آنکھیں امید کی روشنی سے چمک اٹھتی تھیں اور کبھی مایوسی کے اندھیرے سے تاریک ہو جاتی تھیں۔ آخر نامعلوم طریقے سے اس کے منہ سے یہ الفاظ نکل گئے۔

لیکن اس دفعہ میرے پاس ذرائع موجود ہیں۔"

کیا ذرائع ہے؟"

عبدالسمیع نے ذرا سے تامل اور خاموشی کے بعد چاروں طرف نگاہ دوڑائی اور پھر صبیحہ کے کان میں کہا۔

میں نے مہر کی رقم فراہم کرلی ہے۔

صبیحہ نے آستین سے اپنی آنکھیں اور اپنی ناک خشک کی اس کا چہرہ ایک شگفتہ تبسم سے جگمگا اٹھا۔ اس نے حیران ہو کر پوچھا۔

عبدالسمیع سچ کہو ..... تم مہر ادا کرسکو گے ....

تیس پونڈ؟

ہاں وہ میری جیب میں ہیں ..... تمہیں دکھا دوں؟

جیب میں ہاتھ ڈال کر اس نے نوٹوں کا ایک پلندہ نکالا اور لرزتے ہوئے ہاتھوں اور کانپتی ہوئی زبان سے اُن کو گننے لگا جب وہ اُن کو گن چکا تو اس نے صبیحہ کی طرف گھبرائی ہوئی نظروں سے دیکھا اور کہا۔"

یہ سب تمہارے ہیں۔ صبیحہ تمہارا مہر جو میں تمہارے باپ کو دوں گا۔ ان کو اپنے ہاتھوں میں لے کر دیکھو .... لو .... لو"

وہ اُس کو نوٹ اپنے ہاتھوں میں لینے پر مجبور کرتا رہا لیکن صبیحہ بے حس و حرکت کھڑی رہی یکایک اس کا تبسم غائب ہو گیا اور اس کی آنکھیں متفکر نظر آنے لگیں۔ اس نے سنجیدہ ہو کر پوچھا۔ تم نے اتنی بڑی رقم کہاں سے لی؟ سب جانتے ہیں کہ تم بہت غریب ہو۔

یہ ایک تیڑھا دلیرانہ اور غیر متوقع سوال تھا جس نے عبدالسمیع کو حد درجہ پریشان کر دیا۔ اس کی بھویں تن گئیں۔ چہرہ سرخ ہو گیا اور اس نے غصے کے لہجے میں کہا۔ تمہیں اس سے کیا کہ میں نے یہ رقم کہاں سے لی۔ یہ میرا اپنا معاملہ ہے۔ کیا تمہارے اطمینان کے لئے یہ کافی نہیں کہ میں اس پر قابض ہوں؟ یہ نوٹ میرے ہیں اور میں ان کو تمہارے مہر کے طور پر تمہارے باپ کے حوالے کر دوں گا۔

صبیحہ اُسی طرح متوحش میں ڈوبی ہوئی بولی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنے آپ سے باتیں کر رہی ہے۔

تمہارے باپ مویشی بھی تو نہیں جن کو بیچ کر تم نے یہ روپیہ حاصل کیا ہو۔ نہ تمہارے کوئی رشتہ دار ہیں جنھوں نے تمہیں قرض دیا ہو۔ باقی رہا آقا وہ اتنا فیاض تو ہے نہیں کہ تمہیں تمہاری تنخواہ کے علاوہ بھی کچھ دے۔

صبیحہ کا چہرہ یکایک مرجھا گیا۔ خوف زدہ نظروں سے اس کی طرف دیکھتی ہوئی وہ آگے بڑھی دھیمی آواز میں کہنے لگی۔

نہیں تم ایسا ہرگز نہیں کر سکتے ..... ناممکن ..لیکن تم کانپ کیوں رہے ہو؟" پھر یکایک حقیقت کو پا کر وہ چلائی۔ یہ نوٹ تمہارے نہیں ہیں .... انھیں چھوڑ دو۔ یہ حسن آغا کے ہیں۔ وہی تیس پونڈ جو چند دن گزرے اس کے گھر سے چوری ہو گئے تھے۔

یہ سن کر عبدالمسیح کا چہرہ اتر گیا اور اُس نے غصہ میں آکر کہا۔ "تم پاگل تو نہیں ہو گئیں ہا..... میں چور ہوں۔ تم مجھ پر چوری کا الزام لگاتی ہو۔"

پھر تم نے اتنی بڑی رقم کہاں سے لی؟"

عبدالمسیح نے ہکلاتے ہوئے چند الفاظ کہے جو بالکل سمجھے نہ جا سکے۔ ایک کریہہ اور وحشیانہ کیفیت اس کے چہرے پر چھا گئی جس کے پیچھے صبیحہ کو شرم اور پشیمانی صاف نظر آ رہی تھیں۔ عبدالمسیح کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہو گئیں ناکامی اور ذلت کے آنسوؤں سے اُس وقت صبیحہ کے سامنے ایک کمزور و ناتواں عورت کے سامنے سرکش مرد کی شکست کامل کا نقشہ تھا۔ وہ اب اس سے ڈرتی نہ تھی بلکہ رحم کی نظروں سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اس نے آگے بڑھ کر دونوں ہاتھ اس کے کندھوں پر رکھ دئے اور اُسے تسلی دینے کی کوشش کرنے لگی۔ اس نے کہا۔

عبدالمسیح مجھ سے خفا نہ ہو۔ مجھے تم سے محبت ہے اور تمہاری بہتری اور خوشی کی خواہش ہے۔ یہ رقم اس کے مالک کو واپس دے دو۔ ایسے روپے پر خدا کی لعنت ہوتی ہے اور وہ کبھی خیر و برکت کا موجب نہیں ہوتا۔ تم ضرور اسے واپس کر دو اور خدا تمہارا یہ قصور معاف کر دے گا۔ عبدالمسیح ضرور تم ایک نیک آدمی ہو اور ہر شخص تمہیں راست باز اور امانت دار سمجھتا ہے۔ اپنی شہرت کو داغ مت لگاؤ مجھ سے وعدہ کرو کہ تم یہ رقم چپکے سے اس کے مالک تک پہنچا دو گے۔

صبیحہ رونے لگی اور اپنے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں چھپا کر اس نے سسکیاں بھرتے ہوئے کہا۔ میں ہرگز ہرگز چوری کا روپیہ اپنے مہر میں قبول نہ کروں گی۔ خدا ہماری شادی کو کبھی مبارک نہ کرے گا۔ میں ایسی چیز ہرگز قبول نہ کروں گی۔

عبدالمسیح نے اس کے قریب ہو کر جوش سے کہا۔ اور میں بھی یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ تمہیں مجھ سے جدا کر دیا جائے اور یہ قصور بھی نہیں کر سکتا کہ تم کسی دوسرے شخص کی بیوی بنو یہی وجہ ہے کہ میں نے ایسا گناہ کیا اور اپنے آقا اور محسن کی چوری کی۔ یہ بالکل سچ ہے کہ میں نے چوری کی اور میں ایسا کرنے میں حق بجانب تھا۔ میں ایک غریب اور بے یار و مددگار انسان ہوں۔ اور میرا رقیب امیر اور طاقتور ہے وہ یقیناً کامیاب ہو گا اور مجھے ہزیمت اٹھانی پڑے گی۔ بتاؤ اور وہ کون سا حربہ ہے جس سے میں اُس کے ساتھ بزدآزما ہو سکتا ہوں؟ تم تصور بھی نہیں کر سکتی کہ میرا اس وقت کیا حال ہوا جب میں نے اس کے ساتھ تمہاری نسبت کے متعلق سنا میں قریب قریب پاگل ہو گیا اور تمام رات میں نے اپنے گھر کے دروازے کے سامنے آنکھوں ہی آنکھوں میں کاٹ دی۔

یکایک یہ خیال میرے دل میں آیا میں نہیں جانتا کہاں سے شاید شیطان میرے کان میں کچھ پھونک رہا تھا۔ وہ اس معاملہ میں بڑا اچھا مشیر ثابت ہوا۔ کیونکہ اس نے مجھے تمہارے حصول کا طریقہ بتا دیا اُسی وقت مجھ کو یاد آیا کہ دو دن ہوئے حسن آغا کو اس کی جاگیر کے ایک حصے کی آمد میں سے پچاس پونڈ وصول ہوئے ہیں۔ مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ یہ

رقم ابھی اس پیٹی ہی میں پڑی ہے جو اس کے کمرے میں رکھی رہتی ہے اسی وقت میں اٹھ کھڑا ہوا میں نے اپنے آپ سے کہا۔ تیس پونڈ کی میرے آقا کے آگے کیا حقیقت ہے جس کا بیشمار روپیہ بنک میں جمع ہے اور جو غریب کسانوں سے بے اندازہ سود وصول کرتا ہے۔ لیکن میرے لئے یہ رقم بڑی اہمیت رکھتی ہے میری خوشی کا انحصار ہی اس پر ہے۔ اس طرح میں نے یہ چوری کی صبحہ میں نے یہ سب کچھ تمہارے لئے کیا۔ مجھے معاف کردو جیسا کہ مجھے امید ہے کہ خدا بھی مجھے معاف کر دے گا جس کے آگے میں توبہ کروں گا اور دعا کروں گا کہ وہ میرے اس گناہ عظیم کو بخش دے جو میری عمر بھر کا ایک ہی گناہ ہے۔

صبحہ رو رو کر اس کی باتیں سنتی رہی۔ پھر یکایک اس کو عبدالمسیح کا گرم سانس اپنے چہرے کے قریب پہنچتا ہوا معلوم ہوا۔ یہاں تک کہ اس کے ہونٹ اس کے رخسار سے چھونے لگے عبدالمسیح نے نوٹ اس کے ہاتھ میں دینے کی کوشش کرتے ہوئے بدلی ہوئی اور خوف زدہ آواز میں کہا۔

صبحہ میں تم سے محبت کرتا ہوں اور تمہارا پرستار رہوں گا میرے لئے یہ ناممکن ہے کہ میں تمہارے بغیر زندہ رہوں۔ تم میری روح ہو۔ تم میری آنکھوں کا نور ہو۔ اور تم میرے دل کی مسرت ہو۔ صبحہ یہ نوٹ لے لو اور ان کا جو چاہے کرو۔ ان کو لے لو۔

یہ کہہ کر اس نے اُسے چوم لیا۔ صبحہ کو ایسا معلوم ہوا جیسے اُسے سانپ نے ڈس لیا ہے۔ اسی وقت نوٹوں کا پلندہ بھی اس کے ہاتھوں سے چھوا جس نے اُن کو آگ کے شعلے کی طرح بھڑکا دیا۔ وہ چیخ مار کر جلدی سے پرے ہٹ گئی اور کہنے لگی۔

مجھے تنہا چھوڑ دو۔ اور اُس وقت تک ہرگز میرے قریب آنے کی جرأت نہ کرو جب تک تمہاری یہ موجودہ حالت قائم ہے۔ اس وقت مجھے تمہارا دیکھنا بھی ناگوار ہے۔ یہ نوٹ جا کر اپنے آقا کو دے دو۔ اگر تم پھر ان کو میرے ہاتھوں میں دینے کی کوشش کرو گے تو میں ان کو پھاڑ کر پارہ پارہ کر دوں گی۔ ابھی یہاں سے چلے جاؤ اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو میں فوراً چلا کر لوگوں کو مدد کے لئے بلا لوں گی۔

اس وقت صبحہ کے سامنے غریب اور مسکین عبدالمسیح نہ تھا بلکہ اس سے ایک بالکل مختلف آدمی وہ آدمی جسے اس نے اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا جو اس وحشی درندے سے مشابہ تھا جس کی بڑی بڑی آنکھوں میں خون ابل رہا ہو۔ اور جس کے سُرخ چہرے سے شعلے برس رہے ہوں۔ یکایک اس نے اس فوری اور خوفناک تبدیلی کا مظاہرہ شروع کر دیا جو اس کی روح میں واقع ہو چکی تھی۔ اس نے اُس کی تقریر کا ایک لفظ بھی نہ سمجھا اور نیم شعوری حالت میں اس کی طرف بڑھتا گیا۔ مگر اس کے ساتھ ہی وہ بھی پیچھے ہٹتی گئی۔ صبحہ نے مدد کے لئے پکارنے کو منہ کھولا مگر معاً اس نے اپنے آپ کو ایک وحشی آغوش میں جکڑا ہوا پایا۔

دونوں میں بڑی کشمکش ہوئی آخر صبحہ نے خیال کیا کہ اب وہ مغلوب ہو چلی ہے۔ بار بار وہ مدد کے لئے چلانے لگتی لیکن بار بار عبدالمسیح کا ہاتھ اُس کی پکار کو روک دیتا پھر بھی کبھی کبھی اُس کی زبان سے چند ٹوٹے پھوٹے الفاظ اور جملے ادا ہو جاتے وہ کہتی مجھے چھوڑ دو۔ . . . . . میرا تم سے کوئی واسطہ نہیں۔ . . . . میں تم سے نفرت کرتی ہوں . . . . . مجھے تم سے گھن آتی ہے۔

جس کا جواب وہ بڑے کرخت اور ظالمانہ لہجے میں دیتا۔

"تم کسی دوسرے شخص کی نہیں ہو سکتیں تم میری ہو . . . . .

مجھے تم سے محبت ہے ..... اور تمہیں مجھ سے محبت کرنی ہوگی... مجھ سے !

آخر صبحہ ایک ایسی زور کی چیخ مارنے میں کامیاب ہوگئی۔ جس سے ساری کوٹھی گونج اُٹھی۔ خوف زدہ عبدالمسیح نے سمجھا کہ ایک لحظہ میں ہر طرف سے مدد آپہنچے گی۔ اور خیال کیا کہ لوگ اس کی گرفت سے لڑکی کو چھڑا کر اس کے رقیب کے حوالہ کر دینگے اور اُسے گرفتار کر کے قید خانے میں بھجوا دیں گے۔ یکایک اُس کے دل میں ایک خیال آیا جس سے تین باتیں اُس کے سامنے آگئیں۔ اول یہ کہ لڑکی محض اس کے ساتھ کھیل رہی تھی۔ دوسری یہ کہ اُسے شکست ہوگی اور اس کا رقیب کامیاب ہوگا تیسری یہ کہ گاؤں کے تمام لوگ اُس کی ذلت پر ہنسیں گے اور اس کا منہ چڑائیں گے۔ وہ سر سے پیر تک کانپ رہا تھا کہ اس پر ایک اور احساس طاری ہوا جو اس کی روح کی تہ سے اٹھا اور جس نے اس کی ہستی تک کو بدل کر رکھ دیا۔ نا معلوم طور پر اُس نے ایک ہاتھ سے لڑکی کی گردن کو زور سے دبایا اور دوسرے ہاتھ سے جو اس کے منہ پر تھا اور سختی سے اُس کی چیخ پکار کو روکے ہوئے تھا اس کا گلا بالکل ہی گھونٹ دیا اور لگاتار کہتا رہا۔

میں تمہیں کبھی نہیں چھوڑوں گا ..... تم کبھی کسی دوسرے سے شادی نہیں کر سکو گی ..... مجھے تم سے محبت ہے میں تمہیں کبھی اپنا راز افشا نہیں کرنے دوں گا ... تمہیں مجھ سے محبت کرنی ہوگی۔

یکایک لڑکی کی قوت جواب دے گئی اور عبدالمسیح نے یہ سمجھ کر کہ اس نے مدافعت ترک کر دی ہے اس کو چھوڑ دیا۔ اس کے چھوڑتے ہی وہ گھاس کے ڈھیر پر گر پڑی اور پھر اس نے کوئی حرکت نہ کی۔

کچھ دیر تک عبدالمسیح بغیر یہ سمجھے ہوئے کہ کیا ہو گیا صبحہ کو گھاس کے ڈھیر پر پڑا ہوا دیکھتا رہا۔ بتدریج اس کا دماغ اپنی اصلی حالت پر آگیا اور سر سے پیر تک کانپتے ہوئے وہ جھپٹ کر نہایت تردد اور احتیاط سے اس کا معائنہ کرنے لگا۔ کئی بار اُس نے آہستہ آہستہ اس کو ہلایا اور بھرائی ہوئی آواز میں اُس کو پکارا۔ پھر یک لخت وہ چلا اُٹھا۔

یہ میں نے نہیں کیا ..... نہیں، نہیں ..... یہ میں نہ تھا۔

وہ رونے اور واویلا کرنے لگا اور خاک میں لوٹنے اور تیز ناخنوں سے اپنے منہ کو نوچنے لگا۔

اتفاقاً اس وقت حسن آغا کوٹھی کے پاس سے گزر رہا تھا۔ وہ کھیتوں میں سے ہوتے ہوئے قریب ترین راستے سے مغرب کی نماز کے لئے مسجد کو جا رہا تھا۔ اور نہایت انہماک سے اپنی تسبیح پر کچھ پڑھ رہا تھا۔ وہ معمول کے مطابق اپنی بڑی ٹوپی جو اس کے کانوں کو بھی تقریباً ڈھانپ لیتی تھی اور پھٹا پرانا سیاہ جبہ پہنے ہوئے تھا۔ چلتے چلتے اسے کوٹھی میں سے ایک خوفناک آواز آئی۔ اس نے جلدی سے اپنا سر اٹھایا۔ اور غور سے سننے لگا تسبیح خیال اُسے بالکل بھول گیا آواز بار بار آرہی تھی۔ حسن آغا آواز کی طرف بڑھتا چلا گیا۔ کوٹھی کے دروازے پر پہنچ کر اس نے دیکھا کہ عبدالمسیح ایک زخمی کتے کی طرح رینگ رہا ہے اور بھاری آواز میں کراہ رہا ہے۔ سخت حیران ہو کر اس نے پوچھا۔

عبدالمسیح تمہیں کیا ہوا تمہیں کس نے اس بُری طرح زخمی کیا ہے۔

عبدالمسیح نے پوری پوری آواز سے چلا کر اور زار زار رو کر کہا۔

صبحہ مر گئی ہے میرے آقا اور اُسے میں نے ہی مارا ہے

[بقیہ ۸۴۳ صفحہ پر دیکھئے]

ہمدرد قوم

رامناتھ کا خط

[جناب لیکھرام کوڑے مل آنند سابق ایڈیٹر رسالہ "ہمدرد قوم" مظفر نگر]

رامناتھ ایک ۶ - ۷ سال کا بالک تھا۔ کہ جس کا باپ اسکی پیدائش سے چند ماہ پہلے راہی ملک عدم ہو چکا تھا۔ اسکی غریب والدہ محنت مزدوری کرکے اوقات بسر کرتی اور اپنے اکلوتے بچے کو پالتی تھی۔ بیوہ عورتوں کی جو حالت ہندوستان میں ہو رہی ہے وہ ناقابل بیان ہے بیچاری رامناتھ کی ماتا کوسلیا کی بھی یہی حالت تھی کہ کسی کا اناج پیس دیتی کسی کے کپڑے سی دیتی کبھی کپاس اوٹکر اور کبھی چرخہ چلاکر محنت مزدوری سے کچھ پیسے حاصل کر لیا کرتی تھی اور اسی میں اپنا اور اپنے نورچشم رامناتھ کا بمشکل تمام پیٹ بھر لیتی اور پھٹا پرانا جو کپڑا مل جاتا اسی میں اپنا اور اپنے بچہ کا تن ڈھانپ لیا کرتی تھی۔ بہت مشکل سے گذر ہو رہا تھا جس شہر میں رامناتھ کی یہ بیوہ والدہ رہتی تھی۔ وہاں پر میونسپلٹی کی طرف سے لازمی تعلیم کا سسٹم تھا۔ اسلئے رامناتھ نے بھی ایک پرائمری اسکول میں جاکر کچھ کچھ پڑھنا لکھنا شروع کر دیا تھا۔

مگر جب وہ اپنے دیگر ساتھی لڑکوں کو اچھے کپڑوں میں ملبوس دیکھتا یا انکو مٹھائی اور چاٹ وغیرہ کھاتے دیکھتا تھا تو اسکا جی بھی ویسے ہی کپڑے اور ویسی ہی مٹھائی وغیرہ کھانے کو چاہا کرتا تھا۔ لیکن بیچارہ کیا کرتا۔ بجز اس کے کہ اپنی دگیا اور غریب ماں سے التجائیں کرتا تھا کہ مجھکو بھی پیسے دیدے اور اور ویسے ہی عمدہ کپڑے پہنا دے۔

اسکی کوسلیا ماتا۔ کہاں سے اچھے کپڑے دیتی اور کہاں سے مٹھائی وغیرہ کھلاتی۔ وہاں تو روٹیوں کا بھی گذر مشکل سے ہو رہا تھا۔ رات کے ایک ایک دو۔ دو بجے تک جبکہ تمام عالم پر سناٹا چھایا رہتا ہے اور لوگ میٹھی نیند سویا کرتے ہیں۔ کوشلیا اپنے مکان میں تنہا سوت کاتا کرتی تھی دو طرف صبح ہی ہی۔ ۵ بجے سے اٹھکر چکی چلاتی اور گھر کے کام کاج میں لگ جایا کرتی تھی۔ جب وہ اپنے معصوم بچے رامناتھ کو اچھے کپڑوں یا مٹھائی وغیرہ کیلئے مچلتا دیکھتی تو خون جگر پی کر ٹھنڈی سانسیں بھرنے لگتی اور جوں توں کرکے ٹال مٹول کر دیتی تھی۔

ایکدن دسہرہ کا تیوہار تھا۔ محلہ کے لڑکے اچھے اچھے کپڑوں کو پہنے نئے نئے کھلونے لئے پھر رہے تھے۔ کوئی باجہ بجا رہا تھا۔ کوئی گاڑی چلا رہا تھا۔ کسی کے ہاتھ میں مٹھائی تھی۔ کسی کے پاس پیسے تھے۔ ہنستے کودتے اور اچھلتے ہوئے پھر رہے تھے رامناتھ کے پاس وہی پھٹا پرانا اور میلا کرتہ تھا۔ نہ اسکے پاس کوئی پیسہ تھا نہ کھلونا۔ دوسرے ساتھی لڑکوں کی اس چہل پہل کو دیکھکر اس کا دل بھی للچا آیا چنانچہ وہ بہت اداس چہرہ بنائے ہوئے اپنی ماتا کے پاس گیا اور بضد ہوا کہ مجھکو نئے کپڑے پہنا دے اور بازار سے کھلونے اور مٹھائی خرید دے۔ بیچاری کوشلیا نے جب اپنے معصوم اور ننھے بچہ کی اس ضد کو دیکھا۔ تو رو پڑی۔ رامناتھ نے جب دیکھا کہ ماتا کی آنکھوں سے آنسو

بوچھ رہا ہے تو وہ رونے لگا اور بولا کہ ماتا جی تم کیوں روتی ہو اور مجھکو ویسے ہی کپڑے۔ کھلونے اور مٹھائی کیوں نہیں دیتی ہو جیسا کہ محلہ اور شہر کے دوسرے لڑکوں کو مل رہے ہیں۔ کوشلیا نے آنسو پونچھکر پھر ٹال ٹولی کرنا چاہا مگر اسمرتبہ رامناتھ نہیں مانا اور بضد ہوا کہ یا تو وہ اسکو بھی ویسے کپڑے وغیرہ دیوے جیسا کہ دوسرے لڑکوں کو انکی ماتاؤں نے پہنایا تھا یا وجہ بتلادے کہ وہ ایسا کیوں نہیں کرتی۔ جب کوشلیا نے دیکھا کہ آج رامناتھ کسی طرح بہلتا ہی نہیں ہے تو بہت اداس ہوئی اور بچہ کا منہ چوم کر بولی۔ بیٹا میرے پاس تمہارے پہننا نیکو اچھے کپڑے نہیں ہیں۔ میرے پاس روپیہ یا پیسہ نہیں ہے کہ جن سے میں تم کھلونے یا مٹھائی خرید دوں۔

رامناتھ۔ محلہ کے دوسرے لڑکوں کی ماتاؤں کے پاس تو ہیں ان کے پاس کہاں سے آگئے۔

کوشلیا۔ نے روکر جواب دیا۔ بیٹا ان کی ماتاؤں کو ان بچوں کے پتا جی نے دیئے ہیں۔

رامناتھ۔ پھر میرے پتا جی تم کو کیوں نہیں دیتے ہیں!

کوشلیا۔ تمہارے پتا جی یہاں نہیں ہیں وہ اس لئے نہیں دیتے ہیں۔

رامناتھ۔ پھر میرے پتا جی کہاں ہیں مجھکو بتلاؤ۔ میں ان سے ہی مانگوں گا۔

کوشلیا۔ تمہارے پتا جی بھگوان کے پاس چلے گئے ہیں!

رامناتھ۔ بھگوان کہاں رہتے ہیں۔

کوشلیا۔ بھگوان سواگ لوک میں رہتے ہیں۔

رامناتھ۔ کیا میرے پتا جی بھی سواگ لوک میں بھگوان کے پاس ہی موجود ہیں۔

کوشلیا نے آبدیدہ ہوکر جواب دیا ہاں وہ بھی وہیں موجود ہیں یہ جواب سنکر بالک رامناتھ چپ ہوگیا اور وہانسے اٹھکر دوسری جگہ جابیٹھا اور وہاں پر اس نے ایک کاغذ پر حسب ذیل خط لکھا۔

میرے پتا جی۔ تم میری ماتا کو میرے واسطے اچھے کپڑے کیوں نہیں دیتے ہو۔ میرے لئے میری ماتا کو مٹھائی اور پیسے اور کھلونے۔ جیسا کہ میرے محلہ کے دوسرے میرے ساتھی لڑکوں کے پتا جی دیتے ہیں۔ کیوں نہیں دیتے ہو۔ پتا جی میرا جی بھی کپڑے پہننے کو چاہتا ہے۔ اور میرا دل بھی کھلونے کیطرف مائل ہے۔ میرے لئے بھی ویسے ہی کپڑے۔ کھلونے اور مٹھائی بھیجدو اور پیسہ بھی بھیجدو اور تم بھی آجاؤ۔ اور مجھکو اپنے ساتھ لے جاکر تماشے دکھلایا کرو جیسے میرے ساتھی لڑکوں کو ان کے پتا جی دکھلایا کرتے ہیں۔ آپ کا رامناتھ

اس خط کو لکھکر اس نے ایک سادہ لفافہ میں بند کیا اور اس پر حسب ذیل پتہ لکھا۔

بمقام سواگ لوک۔ بوقت بھگوان جی کے پہونچکر میرے پتا جی کو ملے۔

اس لفافہ کو لیکر وہ ڈاکخانہ پہونچا۔ اور لفافہ کو لیٹر بکس میں ڈالنا چاہا۔ لیکن لیٹر بکس تک اسکا چھوٹا ہاتھ نہیں پہونچنے پایا اسلئے وہ کود کودکر اس لفافہ کو لیٹر بکس میں ڈالنے کی کوشش کرنے لگا۔ مگر کامیاب نہیں ہوا۔ اتنے میں وہاں پر ایک شریف اور نیک بزرگ کا گذر ہوا۔ رامناتھ نے ان سے درخواست کی کہ مہربانی فرماکر میرا لفافہ لیٹر بکس میں ڈالدیجئے میرا ہاتھ نہیں جاتا ہے اس فرشتہ خصلت بزرگ نے اس بچے کے ہاتھ سے لفافہ لیکر لیٹر بکس میں ڈالنا چاہا۔ لیکن لفافہ پر سواگ لوک کا پتہ پڑھکر اسکو

شوق ہوا کہ وہ خط کے مضمون کو بھی مطالعہ کرے۔ چنانچہ اس نے لفافہ کھولکر اسکو بھی پڑھا۔ خط کو پڑھکر اسکے دل میں ایک درد پیدا ہوگیا۔ اور رو پڑا۔ اور اسکے دلمیں خیال آیا کہ اگر میں مرجاؤں اور میرے بچے اور میری زوجہ کی بھی ایسی ہی حالت ہوجاوے جیسا کہ اس وقت رامناتھ بالک کی اور اسکی والدہ کی ہورہی ہے تو میری روح کسقدر بیقرار ہوگی۔ اس خیال نے بزرگ کو بیقرار کردیا اور رامناتھ کے اوپر بہت رحم آیا۔ رامناتھ کو بہت تسلی و تشفی دیکر یہ کہا کہ تمہارے پتاجی نے مجھکو بھیجا ہے۔ اور مجھکو حکم دیا ہے کہ جس جس چیز کی تمکو ضرورت ہو اس کو میں مہیا کردوں۔ بتلاؤ کیا کیا سامان لینا چاہتے ہو۔ یہ سنکر اور اس کے پیار کو دیکھکر رامناتھ بہت خوش ہوا۔ کیونکہ اس غریب بچہ سے تو خواب میں بھی کسی نے اسطرح پیار کی باتیں نہیں کی تھیں۔ اس کے بعد اسکو بازار میں لیگیا۔ اور بہت اچھے اچھے کپڑے۔ کھلونے اور مٹھائی خرید کر دی اور اسکے ہمراہ اسکے مکان پر جاکر اسکی ماتا کو شلیا سے یہ کہا کہ آج سے تم میری دھرم کی بہن ہو۔ تیرے اس بچے رامناتھ کو میں اپنا بچہ سمجھوں گا۔ اب تم بالکل بے فکر ہوجاؤ۔ میں اس کی تعلیم و تربیت اپنے خرچ سے کرونگا۔ اسکو اور تمکو جس جس سامان کی ضرورت ہوا کریگی میں بہم پہونچا رہونگا۔ اور ہمیشہ دیکھ بھال کہونگا اور اس نے ایک سو روپیہ کا نوٹ کوشلیا کے سپرد کردیا جس چیز کی ضرورت پڑے منگواتے رہنا۔ اسکی ماں سخت حیران تھی اور سوچ رہی تھی کہ کیا میں یہ خواب دیکھ رہی ہوں۔ مجھ بدقسمت بیوہ کی تو صبح صبح کوئی صورت دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا ہے۔ یہ اسقدر مہربانیاں کرنیوالا دیوتا۔ پرماتما نے کہاں سے بھیجدیا ہے۔

بالآخر اس بزرگ انسان نے اسکی کافی دلجوئی کردی۔ اور چلا گیا اسکے بعد وہ ماہ بماہ پچاس روپیہ ماہوار بطور وظیفہ ان کے پاس بھیجتا رہا۔ اور گاہے بگاہے خود بھی آآکر ملتا رہا اور رامناتھ کو مثل اپنی اولاد کے پیار کیا کرتا تھا اور جس جس چیز کی ضرورت سمجھتا رہا علاوہ پچاس روپیہ ماہوار کے وہ اشیا بھی انکو بہم پہونچا رہا۔ رامناتھ رفتہ رفتہ بڑا ہوگیا۔ اور تحصیل علم سے بھی فارغ ہوچکا ہے۔ اب رامناتھ اسی بزرگ فرشتہ خصلت انسان کی ریاست میں منیجر ہے اور ہزار ہا روپیوں کا مالک ہے لیکن وہ ہر وقت بھی اپنی اس پرانی حالت کو نہیں بھولا اور اپنی آمدنی کا بہت بڑا حصہ غریب غربا اور خاصکر یتیم بچوں اور بیوہ عورتوں کی امداد میں خرچ کرتا رہتا ہے۔

سچ ہے پرماتما کی بادشاہت میں وہ ہی داخل ہوتے ہیں جو دل کے غریب اور روح کے پاک۔ اور پرماتما ان کی ہی دعاؤں اور پرارتھناؤں کو قبول کرتے ہیں جو بمثل رامناتھ کے معصوم ہوتے ہیں —

(خاص)

[صفحہ ۸۴۴]

دھی میں جاکر اس کی نقش دیکھ لو اور تمھارے نوٹ جو میں نے پڑھ لئے وہ بھی وہیں پڑے ہیں اس نے بھی اپنے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر چبانا اور خاک میں لوٹنا اور رونا اور واویلا کرنا شروع کردیا۔

حیران ہو کر حسن آغا نے کوٹھی کے اندر جھانکا جہاں لڑکی کا جسم گھاس پر پڑا ہوا تھا اس کے قیمتی نوٹ نقش کے آس پاس بکھرے ہوئے تھے۔ وہ کوٹھی کے اندر جانا چاہتا تھا لیکن ہوتک کی ہیبت اُسے داخل ہونے سے روکتی تھی اپنی ساری دلیری کو اپنے دونوں ہاتھوں سے مجتمع کرکے اس نے آنکھیں بند کرلیں۔ اور اندر گھس گیا۔ پھر ٹٹول ٹٹول کر اُس نے اپنے نوٹ جمع کرنے شروع کئے یہاں تک کہ ایک دفعہ اس کا ہاتھ لڑکی کی سرد گردن سے چھو گیا وہ اچھل کر کھڑا ہوگیا اور چلا چلا کر کہنے لگا۔

"پکڑو..... پکڑو! چور پکڑو..... چور کو پکڑو..... خونی کو پکڑو..... خونی!"

(خاص)

ہمدم

صحافتِ اُردو عنفوانِ شباب میں

(جناب رحم علی الہاشمی سابق ایڈیٹر ہمدم، لکھنؤ)

گذشتہ بیس سال کے اندر صحافتِ اُردو میں کیا انقلابات رونما ہوئے یہ ایک درد انگیز داستان ہے اور پھر اتنی مختصر بھی نہیں کہ ماہوار رسالہ کے ایک مضمون کی چار دیواری میں محدود ہو سکے اس لئے کہ یہ بیس سال اتنے گوناگوں تغیرات اور انقلاب انگیز واقعات کے حامل ہیں کہ اس کے پیشتر کی ایک صدی بھی اتنے تغیرات اور واقعات پیش نہ کر سکے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ اُردو صحافت کے لئے یہ زمانہ عنفوان شباب کا ہے جو زندگی کی نیرنگیوں اور تلوّن مزاجیوں کا خاص زمانہ ہوتا ہے۔ قدرت کا قانون افراد اور ادارات پر یکساں عمل کرتا ہے۔ اس لئے جس طرح ایک انسان کی زندگی کی سرگذشت اس دور کی سب سے زیادہ مشکل ہوتی ہے اسی طرح ادارات کی واردات بھی اس دور میں تبصرہ و تحلیل کی گرفت سے دور دور بھاگتی ہے۔ اُردو صحافت کی ابتدا تو حال کی نہیں ہے بلکہ آج سے تقریباً سو سال پیشتر اس کا جنم ہو چکا تھا اور ۱۸۹۰ء میں ملک کے اکثر حصّوں سے کئی اخبارات نکل رہے تھے۔ بلکہ اگر ہم اپنی تحقیقات کا دائرہ ذرا اور وسیع کریں تو ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اخبار کا وجود ہندوستان میں کئی صدی پیشتر سے تھا۔ اور اُردو اخبار بھی سلاطین اودھ کے دور حکومت میں رواج پا چکے تھے۔ لیکن بیسویں صدی کے آغاز تک اُردو صحافت جس حالت میں تھی اُسے بچپن ہی کی حالت کہنا چاہئے اور آغاز شباب کی کیفیات اس شعبہ میں اس صدی کے چند سال گذرنے کے بعد پیدا ہوئیں۔ اس دور طفلی کی یادگار اس وقت صرف ایک اودھ اخبار لکھنؤ زندہ ہے۔

یہ کہنا کہ آج عنفوانِ شباب کے بیس پچیس سال گذارنے کے بعد صحافتِ اُردو نے بھرپور جوانی کے دور میں قدم رکھا ہے ابھی غالباً قبل از وقت ہوگا۔ اس لئے کہ ابھی تک اس فن سے یا اس میں کام کرنے والوں کے مزاج سے عموماً وہ تلون دور نہیں ہوا جو الھڑپن کے زمانہ کی خصوصیت ہے۔ یہ ضرور ہے کہ اس زمانہ میں بعض اُردو صحیفہ نگار اور اخبارات ایسے پیدا ہوئے جو ان کیفیات کی سطح سے قدرے بلند تھے۔ لیکن اول تو ان کی تعداد اس وسیع ملک میں ایک دو سے زیادہ نہیں ہے اور دوسرے ان کے کارنامے اس قابل نہیں ہیں۔ کہ متمدن دنیا میں صحافت کا جو معیار قائم کیا گیا ہے اس کی سطح پر رکھے جا سکیں۔ سید جالب دہلوی مرحوم بابو رام رچھپال شیدا مولوی محبوب عالم، مولینا ظفر علی خاں قاضی عبد الغفار مولنا محمد علی۔ مولنا ابوالکلام وغیرہ اس دور کے چند ممتاز افراد ہیں۔ لیکن ان میں سے صرف آخر الذکر دو حضرات ایسے ہیں جنھوں نے اُردو صحافت کو متمدن دنیا کے معیار صحافت پر پہونچانے کی کوشش کی اور مولنا ابوالکلام آزاد بہت

بڑی حد تک اس میں کامیاب بھی ہوئے۔ لیکن ہماری قوم کی ناقدر شناسی کا یہ عالم ہے کہ آج ان دونوں کی کوششیں محض افسانہ کی شکل میں باقی ہیں۔ جو اخبارات ان حضرات نے اُردو صحیفہ نگاروں کے لئے نمونہ بنا کر پیش کئے وہ سیلاب حوادث کے نذر ہو گئے اور اس وقت ہمارے سامنے نہ یہ اخبارات ہیں اور نہ ان کی مثال۔ سردار دیوان سنگھ مفتوں مستحق ستائش ہیں کہ انھوں نے کم از کم ظاہری شکل وصورت میں اُردو صحافت کے معیار کو بہت کچھ بلند کیا اور متمدن ممالک کے اعلیٰ اخبارات کے دوش بدوش کھڑا کر دیا۔ لیکن مضامین اور مواد کے لحاظ سے ابھی ریاست میں بہت کچھ اصلاح کی ضرورت ہے اس کی وجہ شائد یہ ہے کہ ملک میں اعلیٰ استعداد کے کام کرنے والوں کی کمی ہے اور محض ایک مورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔

اس اثنا میں ہندوستان کے مختلف مقامات سے پچاسوں نہیں بلکہ سیکڑوں اُردو اخبارات جاری ہوئے اور کم وبیش مختصر زندگی بسر کر کے فنا ہو گئے۔ یہ کہنا کہ ان تمام اخبارات میں زندہ رہنے کی استعداد ہی نہ تھی غالباً اکثر صورتوں میں صحیح نہ ہوگا۔ خاصکر بعض اخبارات کے متعلق ہمیں علم ہے کہ اُن میں زندہ رہنے اور ترقی کرنے کی صلاحیت موجود تھی۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ ان میں سے بعض اخبارات نے اپنے مستقل نقش ونگار دنیائے صحافت میں چھوڑے ہیں جن کی تقلید موجودہ نسل میں کی جا رہی ہے اور میرے خیال میں اس تقلید سے اُردو صحافت کا معیار مائل بہ ترقی ہے۔ اس سلسلہ میں الہلال و پیغام و جمہور (کلکتہ) ہمدرد (دہلی) زمیندار (لاہور) نئی روشنی (الٰہ آباد) سیارہ واُخوت وہمدم (لکھنؤ) حریت واستقلال (کانپور) کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اور اُن میں اول الذکر دو اخبارات کے علاوہ باقی سب روزانہ تھے ان میں سب سے زیادہ قابل تماشا روزنامہ "زمیندار" ہے جو باد مخالف کے شدید جھونکوں کے باوجود اپنی شمع حیات کو روشن کئے ہوئے ہے خدا کرے اسکو روز افزوں ترقی حاصل ہو۔ اس کے بعد معتاد حیات میں سب سے زیادہ حصہ ہمدم (لکھنؤ) کو حاصل ہوا جو تقریباً سولہ سال زندہ رہ کر پریس آرڈیننس کا شکار رہوا۔ اب پھر اس کے احیاء کی کوششیں کیجا رہی ہیں۔ لیکن معلوم نہیں کہ یہ اپنے نئے دور میں ہمدم ہی ہوگا۔ یا اسی نام کا کوئی اور اخبار جو نام کے سوا کسی اور بات میں اصل سے مشابہ نہ ہوگا۔ بہرحال اگر جدید ہمدم کا اعلان صحیح ہے تو ان سطور کے قارئین کرام تک پہونچنے کے پیشتر اس کا اظہار ہو جائے گا۔

ان اخبارات نے آنے والی نسلوں کے لئے کیا نقش ونگار چھوڑے یہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے اور اسی کے فوائد مطالعہ پر ہندوستان میں صحافت اُردو کے مستقبل کا انحصار ہے تفصیل اس کی ذرا طویل ہوگی۔ لیکن اس کا ذکر اگر مختصراً بھی نہ کیا گیا تو یہ مضمون نامکمل رہ جائے گا اس لئے میں صرف اشارہ کے طور پر بعض اہم باتوں کا ذکر کر دینا چاہتا ہوں۔ آزاد نگاری، اصابت رائے، خبروں کا اہتمام وانتظام، ترتیب وصحت مضامین، ظاہری شکل وصورت اور ارزانی یہ چند وہ معیار ہیں جن سے کسی اخبار کا حسن وقبح جانچا جاتا ہے۔ لیکن جن اخباروں کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے انمیں الہلال وجمہور کے علاوہ کوئی بھی ایسے نہیں ہیں جو مندرجہ بالا معیار کے تین سے زیادہ اصول پر پورے اُتر سکیں اور یہ فہرست اُن اخبارات کی تھی جو میرے نزدیک اپنے معاصرین میں خاص امتیاز رکھتے تھے۔ اگر اس فہرست میں ذرا اور اضافہ کیا جائے تو بہت سے

اخبارات ایسے ملیں گے جو اس معیار کے ایک اعشاریہ بھی پورے نہ اتریں گے اور خاص لطف کی بات یہ ہے کہ اس اہم نقص کے باوجود انھوں نے اپنی قوت حیات کا مظاہرہ مندرجہ بالا اخبارات سے زیادہ کیا۔

گذشتہ دور کی تاریخ کے متعلق اس سے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ داستان ایک ضخیم کتاب کی محتاج ہے اور گو اس میں شک نہیں کہ یہ نہایت ہی دلچسپ اور نصیحت آموز ہوگی تاہم اس کے لئے جس فرصت اور سرمایہ کی ضرورت ہے اس سے میں اس وقت بالکل خالی ہوں اس لئے اس خیال پر قناعت کرتا ہوں کہ جس مقصد کے لئے میں نے یہ مضمون لکھا ہے اس کے لئے مندرجہ بالا مختصر اشارہ کافی ہے

اب یہ سوال پیدا ہوگا کہ زمانہ حال میں صحافت اُردو کا رجحان کیا ہے اور اس کی مشکلات اور ضروریات کیا ہیں۔ میں نے اوپر جو حالات بیان کئے ہیں ان کو دیکھتے ہوئے رجحان کا صحیح اندازہ کرنا مشکل ہے اور اس کے لئے ابھی کم از کم دس سال اور انتظار کرنا پڑے گا۔ اس لئے کہ ابھی صحافت اُردو کے آغاز شباب کا دور ختم نہیں ہوا۔ اور اس وقت اس کی اصل خصوصیت نیرنگی اور تلون ہے۔ جس سے اصلی رجحان کی علامات نمایاں نہیں ہوتیں۔ اس لئے میں اسکی تحقیق کی بے سود کوشش کرنے کے بجائے صحافت اُردو کی مشکلات اور ضروریات کو لیتا ہوں جن کی طرف ملک کے ارباب حل عقد اور خصوصاً ممتاز اہل جرائد کو توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔

مشکلات کے سلسلہ میں سب سے پہلے ہمیں خریداروں کی کمی کے مسئلہ پر توجہ کرنا ہے اور دوسرا مسئلہ قابل اور ذی استعداد کارکنوں کا قریب قریب قطعی فقدان ہے۔ خریداروں کی کمی کا یہ عالم ہے کہ لکھنؤ جیسے بڑے شہر میں جو اُردو زبان کا منبع و مرکز ہے اور جہاں ایسے مرد اور عورتوں کی تعداد جو اُردو اخبار پڑھ سکیں ایک لاکھ کے لگ بھگ ہوگی اسی لکھنؤ میں ایک دو نہیں بلکہ پانچ اُردو روزانہ اخبار نکلتے ہیں لیکن ان سب کی مجموعی اشاعت شہر کے اندر دو ہزار بھی نہیں ہے۔ روزنامہ ہمدم کی تقلید میں لکھنؤ کے ان تمام اخباروں نے اپنی متعاہی ہر کی کی قیمت دو پیسہ فی پرچہ کر دی ہے اور یہ قیمت ایسی ہے کہ آٹھ آنہ روز کمانے والا آخر دور بھی ایک اخبار روز خرید سکتا ہے۔ لیکن ہماری قومی پستی اور جمود کا یہ حال ہے کہ مزدور تو الگ رہے۔ بڑی بڑی جائداد رکھنے والے رئیس اور سیکڑوں روپیہ ماہوار وظیفہ پانے والے نواب بھی دنیا کے حالات سے بے خبر رہنا باعث فخر سمجھتے ہیں اور دو پیسے کا اخبار خریدنا گوارا نہیں کرتے اس صورت حال کی اصلاح مسلسل کوشش اور دوا دوش سے ہو سکتی ہے اور شروع میں خود ایڈیٹر صاحبان کو اپنے حلقہ اثر میں یہ پروپیگنڈا کرنا چاہئے کہ اُردو دان لوگ اُردو اخبارات پڑھنے کا ذوق پیدا کریں۔ لیکن اس سلسلہ میں ذرا وسعت نظر اختیار کرنے کی ضرورت ہے اور وہ یہ کہ ایڈیٹر صاحبان خود اپنا اخبار خریدنے پر لوگوں کو مجبور نہ کریں بلکہ اخبار بند کرنے کا کام خریداروں کی مرضی پر چھوڑ دیں جس وقت اخبار بیں طبقہ کی معقول تعداد اس طرح پیدا ہو جائے گی اُس وقت اس کا نفع ہر اخبار کو پہونچے گا۔

قابل اور ذی استعداد کارکنوں کی فراہمی کا مسئلہ ذرا اس سے بھی زیادہ دقت طلب ہے اور چونکہ صحافت کے مستقبل کا سارا انحصار اخبارات میں کام کرنے والے عملہ کی قابلیت پر ہے اس لئے مالکان اخبار و ایڈیٹران کو اس طرف خاص

توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اس وقت عموماً اُردو اخبارات کا عملہ ایسے لوگوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جو ناکافی تعلیم یا سفارش کی وجہ سے کسی دوسرے محکمہ میں جگہ نہیں پا سکتے اور چونکہ اخبار نویسی کا کام ابھی ذریعہ معاش کی حد تک نہیں پہونچا ہے بلکہ اس کی صورت ایک مشن کی سی ہے۔ اس لئے ایسے کام کرنے والے اخباری ملازمت سے بہت جلد بد دل ہو جاتے ہیں۔ اور ادھر اُدھر بھاگنے کی کوشش کرنے لگتے ہیں اور جس وقت ان کو کہیں موقعہ ملجاتا ہے اُسی وقت اخباری زندگی کو خیرباد کہدیتے ہیں۔ اس کی اصلاح کے لئے مالکان اخبار اور کارکنان اخبار میں اتحاد عمل کی ضرورت ہے اور وہ اس طرح کہ مالکان اخبار اخبار کی ملازمت کو اس کی موجودہ غیر استوار حالت سے نکالیں اور مستعد کام کرنے والوں کے لئے یکسوئی کے ساتھ کام کرنے کا دراز یادہ موقع بہم پہونچائیں۔ اسی کے ساتھ جو لوگ اخبار نویسی کا فن اختیار کریں انھیں اس فن کی تمام دینگیوں کو سمجھ کر اس میں قدم رکھنا چاہئے اور ایک دفعہ اس میں داخل ہو کر پھر اپنی مشق بڑھانے اور اس فن کے معیار کو بلند کرنے کے لئے یکسوئی اور مستعدی کے ساتھ کام شروع کر دینا چاہئے۔

صحافت اُردو کی ضروریات میں سب سے پہلی وہی چیز ہے جس کی دوسرے کاروبار میں بھی ضرورت ہے یعنی سرمایہ۔ عالم طور پر جو اخبارات نکلتے ہیں وہ کارکنوں کی ناتجربہ کاری یا بعض دیگر اسباب کی وجہ سے کافی سرمایہ جمع کر کے کام نہیں شروع کرتے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جس وقت تک یہ قلیل سرمایہ چلتا ہے اُس وقت تک اخبار بھی چلتا ہے اور اس کے ختم ہونے کے بعد اخبار بھی ختم ہو جاتا ہے۔ یا اگر زندہ رہتا ہے تو اس کی حالت اس گداگر کی سی ہو جاتی ہے۔ جو ایک پیسہ کی خیرات کے لئے ذلیل سی ذلیل حرکات کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ اُس وقت سے پھر ایسے اخبار کا وجود ملک و قوم کیلئے مفید ہونے کے بجائے نہایت ہی خطرناک ہو جاتا ہے اور اس سے معیار صحافت بلند ہونے کے بجائے اور پستی کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔

دوسری اہم ضرورت قابل اور تجربہ کار اخبار نویسوں کی فراہمی کے لئے اُن کی تربیت کا انتظام کرنا ہے اس سلسلہ میں میرا خیال ذرا عام لوگوں سے مختلف ہے اس لئے کہ میں اُن لوگوں کی تائید نہیں کرتا جو فن صحافت کی تعلیم کے لئے کالج کی ضرورت سمجھتے ہیں۔ میرے نزدیک اخبار نویسی کی تعلیم کے لئے بہترین درسگاہ خود اخبار کا دفتر ہے بشرطیکہ اس دفتر میں واقعی قابل اور ذی استعداد لوگ موجود ہوں اور وہ یا تو ممالک متحدہ کے اخباری کام کا عملی تجربہ رکھتے ہوں۔ یا ایسے لوگوں کے ساتھ کافی مدت تک کام کر چکے ہوں جو صحافتی دنیا کے اعلیٰ ترین جرائد میں کام کا عملی تجربہ رکھتے ہوں۔ ایسے افراد کی عملہ میں موجودگی کا اخلاقی اثر خود اتنا ہوگا جو برسہا برس کی رسمی تعلیم سے زیادہ کارآمد ہوگا۔ اس لئے ملک کے ذی استطاعت حضرات کو جو اُردو زبان اور اُردو صحافت سے دلچسپی رکھتے ہیں معقول سرمایہ جمع کر کے کسی ایک یا دو مرکزی مقام پر بہترین تربیت یافتہ عملہ کی زیر نگرانی اُردو اخبار نکالنے کی کوشش کرنا چاہئے تاکہ یہ اخبار ہندوستان کے لئے صحافت اردو کا ایک قابل تقلید نمونہ بننے کے علاوہ آئندہ نسل کے لئے قابل اور ذی استعداد اخبار نویسوں کی تربیت کا بھی کام دے اور یہ مقصد بذات خود اتنا اہم ہے کہ اس کے لئے سرمایہ دار حضرات کو جس مالی ایثار کی ضرورت ہوگی وہ آئندہ کے فوائد کے لحاظ سے بالکل ہی حقیر ہے کیا ہمارے متمول روسا اور تاجرین اور امراء اور والیان ملک جو اُردو زبان کی حمایت کے اتنے لمبے چوڑے دعوے کرتے رہتے ہیں اس کام کیلئے اتنی حقیر مالی قربانی بھی نہیں کر سکتے۔ (اخاد

ہندوستان

اردو اخبارات کی ترقی و توسیع

بیسویں صدی کے دوران میں

[جناب ٹھاکر جے۔ آر۔ رائے سابق ایڈیٹر "ہندوستان" و "جانبٹ" ایڈیٹر "ٹریبیون" لاہور]

اردو اخبارات اور رسائل میں جو ترقی اور توسیع گذشتہ تیئس سال میں ہوئی ہے۔ اس پر ایک مختصر مضمون میں بحث کرنا قریب قریب محال ہے۔ اجمالی تذکرہ ہی لازماً اکٹھا کرنا پڑتا ہے

اخبارات اور ترقی تمدن کی تحریک ۔ انگریزی تعلیم اور مغرب والوں کے ساتھ میل جول ہونے کے باعث ہمارے خیالات میں اہم انقلاب واقع ہو گیا ہے۔ قریب قریب تمام باتوں میں مغربی تمدن ہی کا اثر پایا جاتا ہے۔ بلاد مغرب میں اخبارات اور رسالے ضروریات زندگی میں داخل ہیں۔ جمہور ملک کی نگاہوں میں انکی جیسی وسیع و اعلےٰ وقعت ہے۔ اس سے یہ خوب عیاں ہے کہ اخبارات کا اثر اقتدار ناقابل بیان ہے۔ اہل مغرب کو اس امر کا اعتراف ہے کہ اخبارات امن عالم۔ ترقی افراد۔ انقلاب حکومت اور اصلاح تمدن کے محرک ہوتے ہیں۔ جس کا مطلب دوسرے لفظوں میں یہ ہے کہ ترقی تمدن اور اصلاح قومی کا معیار اخبارات ہیں اگر کسی قوم یا ملک کی ترقی کا اندازہ کرنا ہے۔ تو اس کے اخبارات کی حالت پر نگاہ ڈالنا چاہیے۔ جس سے یہ امر خوب ظاہر ہوتا ہے۔ آیا افراد قوم اور ابنائے ملک کوئیں (مینڈک ہیں) یا روشن خیال اور شستہ مذاق۔ اگر اس قابل قدر معیار کو مدنظر رکھ کر گذشتہ تیئس سال پر نظر غائر ڈالی جائے۔ تو اردو اخبارات کی خدمات حسنہ قدر شناسی کے واسطے موزوں الفاظ وضع کرنے میں خاص دشواری روما ہوتی ہے۔ بلا مبالغہ یہ دور ہر قسم کی ترقیوں کا زمانہ ہے۔ تجارت اور صنعت۔ تعلیم اور سوشیل رفارم۔ قومی بیداری اور انکی حقوق کی تبدریج توسیع اور نیز ہمارے مشاغل زیست کے تمام شعبوں میں قابل تحسین ترقی نظر آتی ہے۔ یہ اقلیدس کی کثیر الاضلاع شکل کی مانند ہے۔ جس کا عکس اخباروں کی مقبولیت اور توسیع میں دکھائی دیتا ہے۔ بعبارت دیگر یوں کہنا چاہیے کہ ہر قسم کی ملکی ترقی اور قومی اقبال مندی کے محرک اور نمائندے اخبارات اور رسائل ہیں جن کی ہستی سے شہر اور قصبات سے قطع نظر دیہات اور دور افتادہ مقامات کما حقہٗ آشنا ہیں۔ بطور کلیہ یہ دعویٰ پیش کیا جا سکتا ہے۔ کہ ملکی ترقی اور قومی اصلاح کا کوئی کام اخباروں کی استمداد کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ ان ہی کے وسیلہ سے عوام کے دل و دماغ پر گرفت حاصل ہو سکتی ہے اور ان کے خیالات میں تغیر پیدا ہو سکتا ہے۔ ان کے جذبات کی اصلاح اور خواہشات کا تزکیہ بھی جرائد ہی کی وساطت سے ممکن العمل ہے۔ اسی وجہ سے اخبارات ہر قسم کی ترقی کے محرک اور اصلاح کے بانی ہو سکتے ہیں۔ بلکہ انکی تحریک سے بہترین قومی مفاد مرتب ہوتے ہیں اور پچھلے تیئس سال کی ترقی اور بہتری کا جزو اعظم باسانی تمام اخباروں کی ہستی سے منسوب کیا جاتا ہے۔

اخبار نویسی کا دور اول اور اسکی خصوصیات ۔ بیسویں صدی

کا اخباری عروج اور ایڈیٹری اقبال تین بڑے طبقات میں تقسیم ہوسکتا ہے۔ (۱) پہلا دور انیسویں صدی کے آخری سالوں سے منسلک ہے اور ۱۹۱۰ء میں ختم ہوتا ہے اس عہد میں میدان اخبار نویسی میں کوئی غیر ملکی واقعہ رونما نہیں ہوا۔ جسے ترقی کو تحریک عظیم پہونچی ہو۔ انیسویں صدی کے آخری سالوں میں جو مزاج اہل ادب اور وقائع نگار کا تھا۔ اسے بیسویں صدی کے ابتدا سے کوئی امتیازی تحریک نصیب نہیں ہوئی۔ اس وجہ سے کم و بیش ترقی کی ایک سی رفتار رہی۔ اخباروں کے ایڈیٹروں کے ذہنی مزاج نے ہی کوئی نمایاں اور قابل تعریف انقلاب قبول نہیں کیا۔ پنجاب[1] کے اخباروں کی بابت یہ بات خصوصیت سے قابل ذکر ہے کہ مولوی حاجی محبوب عالم صاحب نے ہفتہ وار پیسہ اخبار اور انتخاب لاجواب کے اجرا سے ایک کارنمایاں انجام دیا۔ جس سے اردو اخبار نویسی کی کایا پلٹ گئی۔ مولوی صاحب موصوف نے سیاحت مغرب کے دوران میں اخبار نویسی کی جو ممتاز اور قابل قدر خصوصیات ملاحظہ فرمائی تھیں۔ ان کی روشنی میں اردو جرائد کی کہنہ سال روش میں معتدبہ اصلاح فرما کر اپنے معاصرین پر احسان گرامی کیا التزام مضامین اور مفید معلومات کی اشاعت کے ساتھ ہی اخبار نویسی کے فرایض اور نصیب العین کو بلند کر دیا جس سے بالواسطہ اگلے وقتوں کے ذاتیات کو جو استعمال کے واسطہ راستہ صاف ہوگیا۔ بیسویں صدی کے دوران میں اردو اخباروں کو جو ترقی نصیب ہوئی ہے۔ اس کی تحریک ابتدائی مولوی محبوب عالم کی مساعی حسنہ سے بہم پہونچی تھی۔ جب کبھی اردو اخبار نویسی کی تاریخ مرتب ہوگی۔ تو مورخ کو مولوی صاحب موصوف کی مبارک کوششوں کی اہمیت کو تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا۔ پیسہ اخبار کے خاندان میں کئی اخبار ظہور پذیر ہوئے۔ بچوں کے واسطے ایک اخبار اور ایک عورتوں کے واسطے بھی جاری ہوا۔ جو کچھ عرصہ کے بعد بند ہوگیا تھا۔ جنگ روس و جاپان کے وقت تک خاص شان سے چلتا رہا اس کا خاتمہ ناموافق ملکی خیالات کے سبب سے وقوع میں آیا تھا۔ پیسہ اخبار نے انگریزی کتابوں کے تراجم بھی شائع کر کے اردو دان پبلک کی بڑی ضرورت پوری کی ہر مضمون کی بیسیوں کتابیں شایع ہوئیں۔ رسالے اور اخبارات مطبع پیسہ اخبار میں چھپنے لگے۔ پیسہ اخبار دور اول کے شروع ہی سے اردو اخبار نویسی کا اسکول ہوگیا۔ جہاں نہ صرف پنجاب ہی کے نوجوان داخل ہوکر ایڈیٹر۔ وقائع نگار اور اہتمام اخبار سیکھتے رہے۔ بلکہ اردو زبان پر ناز کرنے والے شہروں کے جوان بخت بھی بھرتی ہوکر اپنا نوشت و خواند کا شوق پورا کرتے رہے جو نوجوان پیسہ اخبار کے اسٹاف میں معمولی فرائض انجام دینے پر رکھے جاتے تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد وہ پنجاب اور یو۔پی کے اخباروں کے ایڈیٹر بنے۔ بعضوں نے اپنے اخبارات جاری کئے۔ اور اردو اخبار نویسی کی نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان اصحاب میں لالہ دینا ناتھ صاحب حافظ آبادی کا اسم گرامی خصوصیت سے قابل ذکر ہے۔ آپ تین چار سال تک پیسہ اخبار میں رہے۔ پھر آپ نے علیحدگی اختیار کر کے اپنا اخبار ہندوستان نکالا۔ جو دور اول کے ہفتہ وار اخباروں میں اپنی قسم کا پہلا تھا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں اسے جو قبولیت عامہ حاصل ہوئی تھی۔ وہ اپنی نظیر آپ ہے۔ کایا پلٹ کا جو مبارک کام مولوی محبوب عالم صاحب نے شروع کیا تھا۔ لالہ دینا ناتھ

[1] راقم مضمون ہذا کے سامنے پنجاب کے حالات خصوصیت سے ہیں۔ یو۔پی والوں کی اخباری اولوالعزمیوں کی اہمیت اور قدر و قیمت کو مقدار اندازہ کرنا مقصود نہیں ہے۔ راقم کا ذاتی تجربہ دیگر صوبوں کی بابت محدود ہے۔

جی نے اسے پایہ تکمیل تک پہونچا دیا۔ معاصرین کو ہندوستان کی مدح کے سوا چارہ نہ رہا مگر بعض اخباروں نے ہٹ دھرمی کھو یا مصلحت خاص۔ اپنی روش میں ترمیم کرنے میں کوتاہی کی اس وجہ سے اس بازی میں پیچھے رہ گئے۔

شیخ عبدالقادر صاحب بی۔ اے نے جواب آنریبل جسٹس سر عبدالقادر مشہور ہیں۔ بیسویں صدی کے مشروع میں رسالہ مخزن کی بنیاد ڈالی جو اپنی قسم کا نرالا تھا۔ اس سے رسالوں کی دنیا میں خاص انقلاب واقع ہو گیا۔ کچھ عرصہ کے بعد مخزن بند ہو گیا۔ اس کا پھر اجرا ہوا۔ مگر شیخ صاحب موصوف کا اس سے کوئی واسطہ نہیں رہا۔ جب آپ بیرسٹری پاس کرنے کو ولایت تشریف لے گئے۔ تو رسالہ دوسروں کے سپرد کرنا پڑا تھا۔

۱۹۰۲ء میں پنجاب میں دو روزانے اخبار عام اور پیسہ تھے۔ اور یو۔ پی میں اودھ اخبار تھا۔ ان کے سوا اور کسی کو قبولیت عامہ کا امتیاز نصیب نہ ہوا تھا۔ پنجاب کے ہفتہ وار اخباروں میں قابل ذکر اخبار عام ہے۔ جو غالباً نصف صدی سے قائم چلا آتا ہے۔ پنڈت گوپی ناتھ کے زمانہ میں اسے بڑی نیک نامی اور شہرت نصیب ہوئی تھی۔ دور و نزدیک اس کا بڑا چرچا تھا۔ پنڈت جی کی شوخ زبان اور نرالی طرز تحریر سے اسے چار چاند لگ گئے تھے۔ اخبار عام کے شائقین بے صبری سے انتظار کرتے رہتے تھے۔ ہفتہ وار اردو اخباروں میں یہ سب سے پرانا ہے۔ گو اودھ اخبار روزانہ یا ہفتہ وار جرائد میں سب سے پرانا شمار ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں کوہ نور وطن۔ صدائے ہند گل زار ہند۔ رفیق ہند۔ لاہور۔ میں صادق الاخبار۔ بہاولپور میں۔ جو دھویں صدی میں۔ راول پنڈی میں۔ کبھی نہلے اخبار۔ کبھی نہلے میں۔ نور افشاں۔ لامیانہ میں بہت پرانے اخبارات تھے۔ اور ان میں سے بعض اب تک موجود ہیں۔ ان کے سوا آریہ گزٹ۔ پنجاب سماچار۔ پنجۂ فولاد۔ انتخاب لاجواب۔ راجپوت گزٹ۔ تہذیب النسواں۔ بچوں کا اخبار شریف ——— بہادر لاہور۔ میں۔ تحفہ سرحد۔ سرحد میں زمیندار۔ کرم آباد (گجرات والا) وکٹوریہ پیپر۔ سیال کوٹ میں حق پسند۔ وکیل۔ اور آہلو والیہ گزٹ۔ امرتسر میں۔ روآیہ ہوشیار پور۔ میں ست دھرم پرچارک جالندھر میں۔ آرمی نیوز اور سول ملیٹری نیوز۔ لامیانہ میں میں شایع ہوتا تھا۔ دہلی میں مرزا حیرت کا اخبار کرزن گزٹ۔ افضل الاخبار۔ اور ولی پنچ وغیرہ تھے۔ رسالوں میں مخزن کے علاوہ رسالہ آزاد لاہور سے نکلتا تھا۔ اس زمانہ کے یو۔ پی کے ہفتہ وار اخباروں میں قابل ذکر شحنۂ ہند اور انیس ہند۔ (میرٹھ) مجز خالم رہبر و نیر اعظم (مراد آباد) رویل کہنڈ گزٹ۔ اور آریہ پتر کہ (بریلی) اودھ اخبار۔ اودھ پنچ۔ اور ہندوستانی (لکھنؤ) کانپور گزٹ۔ کان پور۔ البشیر (اٹاوہ) آگرہ اخبار آگرہ) مشرق اور ریاض الاخبار۔ (گورکھپور) اور الخلیل وغیرہ ہیں۔ راجپور کا مشہور اخبار دبدبۂ سکندری۔ اور بدایون میں ذوالقرنین تھا۔ اکتوبر ۱۹۰۲ء میں ہندوستان بزم ہستی میں آیا تھا جو دور اول کے ہفتہ وار اخبارات میں سب سے نرالا اور نئے طریقہ اخبار نویسی کا نمایندہ سمجھا جاتا ہے۔ انڈیا۔ گو جیران والہ سے اور سوراج۔ الہ آباد سے اس طبقہ کے انتہائی جذبات کی ترجمانی کیواسطے جاری ہوا تھا۔ جو پہلے انتہا پسند قوم پرست پھر انارکسٹ اور پیچھے بالشویکی انقلاب پسند کہلائے گو اس وقت کی ہوا ان کے راس نہ آئی۔ یا یوں کہنا چاہیے۔ کہ جان مارلے (وزیر ہند) اور لارڈ منٹو کی پالیسی اسے اخباروں

کی ہستی کے سراسر متبائن تھی۔ دور اول کے آخیر تک پیسہ اخبار لاہور میں اور اودھ اخبار لکھنؤ میں روزانہ اخبارات کے فرائض انجام دیتے رہے۔ اول تو کوئی نیا روزانہ نکلا ہی نہیں۔ اگر جاری ہی ہوا تو لاہور کے مہینوں کے بچے کی طرح جلد عدم آباد کو صدبار گیا۔ نہ تو اس کی ضرورت ثابت ہوئی۔ اور نہ ہی زادراہ سے آراستہ تھا۔ اسی طرح کئی ہفتہ وار اخبارات اور رسائل بھی نکلے۔ اور پھر مٹ گئے۔ البتہ زمانہ کو بغیر معمولی قبولیت حاصل ہوئی۔ اور وہ پرانے دم خم کے ساتھ قائم چلا جاتا ہے۔ ترقی لاہور سے نکلا۔ اور چند برس کے بعد بند ہوگیا۔ اس دور میں پنجاب میں مسلمان اخبار نویسوں نے اردو نویسی کی ترقی میں ہندوؤں سے زیادہ نمایاں حصہ لیا ہے۔ پیسہ اخبار کے علاوہ وطن (لاہور) جس کے بانی مولوی انشاء اللہ خاں مرحوم تھے۔ اور وکیل (امرتسر) جس کے بانی اور مہتمم شیخ غلام محمد خاں تھے۔ سب سے زیادہ قابل ذکر ہیں۔ زمیندار کے بانی میاں سراج الدین زبردست شخصیت کے اخبار نویس تھے۔ دہلی میں مرزا حیرت۔ لکھنؤ میں منشی گنگا پرشاد ورما۔ اور گورکھپور میں حکیم برہم اور میرٹھ میں مجدا اسوقت شمنہ ہند والے نرالی مگر واجب التعظیم ہستیاں ہیں۔ ہندوؤں میں سب سے پہلے پنڈت گوپی ناتھ جی اور ان کے بڑے بھائی پنڈت گوبند سہائے۔ اور نئے دور میں لالہ دینا ناتھ جی عجیب و غریب شخصیتیں ہیں۔

دور ثانی کی نرالی خصوصیات۔ دور ثانی کا آغاز ۱۹۱۰ء میں اور اختتام ۱۹۲۰ء میں ہوتا ہے۔ یہ دور زیادہ تر روزانہ اخباروں کی شہرت اور ہر دل عزیزی کا زمانہ ہے۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ عجیب و غریب واقعات سے اخباروں کی جڑھ بنتی ہے چنانچہ ۱۹۱۱ء میں اٹلی کے حملہ طرابلس سے مسلمانان ہند میں ہیجان پیدا ہوگیا۔ اسوجہ سے وطن زمیندار اور وکیل روزانہ ہوگئے اس کے ساتھ ہی جنگ بلقان و ترکی کا مشغلہ بھی ہاتھ آگیا۔ لیکن جب یہ دونوں دلچسپیاں مفقود ہوگئیں۔ تو روزانہ اخباروں کی کساد بازاری ہوگئی۔ وطن اپنی سابقہ اشاعت ہفتہ واری پر چارہا۔ مگر پیسہ اخبار اور زمیندار اور نیز وکیل چلتے رہے۔ زمیندار کے مالک و ایڈیٹر سیاحت یورپ سے تیز خیالات سے سرشار ہو کر آئے تھے۔ اس وجہ سے زمیندار کو خاص اہمیت اور قبولیت عامہ نصیب ہوگئی۔ کیونکہ مولانا ظفر علی خاں ہندو مسلم اتحاد کے بڑے سرگرم وکیل ہوگئے تھے اپنے اخبار میں پھڑکتے نام کے مضامین لکھتے تھے اور دھواں دھار لکچروں میں دونوں گروہوں کو اختلافات دربار کرنے کی تلقین کرتے تھے تھوڑے روز کے لئے پنڈت ہری لال شرما نے روزانہ ہجر نکالا تھا۔ اور پنجاب کے کمرشل شاعر اور اہل قلم لالہ بانکے دیال نے لاہور میں آکر جنگ سیال روزانہ جاری کیا تھا۔ مگر پبلک نے خاطر خواہ سرپرستی نہ کی۔ اس وجہ سے یہ دونوں اخبار جلانا بود ہوگئے

فروری ۱۹۱۳ء میں لالہ دینا ناتھ جی نے دیش اور پنڈت ہری لال شرما نے ہندو روزانہ جاری کیا۔ دسمبر ۱۹۱۲ء میں لارڈ ہارڈنگ پر اسمی داخلہ دہلی کے وقت کسی نابکار نے جو بم پھینکا تھا۔ اس کا مقدمہ ۱۹۱۳ء میں دہلی میں چلا۔ جس سے عوام میں بیحد دلچسپی پیدا ہوگئی۔ ایک خاص آدمی مقدمہ کی کیفیت بذریعہ تار اور مراسلہ ہم پہونچانے کو عدالت دہلی میں تعینات کیا گیا۔ اول مرتبہ اردو روزانہ ہمدرد چار پانچ ہزار کے ماہین شایع ہونے لگا۔ ہمدرد تو چند مہینے کے بعد بند ہوگیا۔ مگر دیش جاری رہا۔ جب اگست ۱۹۱۴ء میں یورپ میں جنگ عظیم شروع ہوئی تو زمیندار روزانہ بہت ہی

دورِ ثالث کی ممتاز شوکت۔ ولایتی اخبار و کا تتبع۔ دورِ ثالث (۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۶ء تک) باقی دونوں سے نرالا اور ارفع ہے۔ یہ روزانہ اور ہفتہ وار اخبارات اور رسائل کا شان دار دور ہے۔ نصب العین اخبار نویسی بہت بلند ہو گیا ہے۔ اور مغرب والوں کی مانند بنتا جاتا ہے۔ عوام پہلے سے کہیں بڑھ کر اخباروں کے شایق نظر آتے ہیں۔ پڑھے لکھے دونوں کے درمیان عجب قسم کی بے داری پائی جاتی ہے۔ جس کی جھلک اخباروں کے کالموں میں دکھائی دیتی ہے۔ ہر شعبۂ زیست میں چستی و چالاکی اور جوش پایا جاتا ہے۔ جس کی تحریک اخباروں سے پہونچی ہے۔ اشاعت کے لحاظ سے یہ دور سابقہ دوروں سے کہیں بڑھا ہوا ہے۔ اخبار نویس اپنی ذمہ داری کا احساس پہلے سے کہیں زیادہ ظاہر کرتے ہیں۔

لالہ لاجپت رائے جی نے مشترکہ سرمایہ سے بندے ماترم ۱۹۲۰ء میں نئی قومی سپرٹ کی نمایندگی کے واسطے جاری کیا تھا کیسری ۱۹۰۸ء میں لالہ شام لال کپور کی ایڈیٹری میں لاہور سے طبع ہونا شروع ہوا تھا۔ نان کوآپریشن (عدم تعاون) کے زمانہ میں ۱۹۲۱ء میں بندے ماترم کی اشاعت ۱۷ ہزار تک اور پرتاپ و کیسری کی بارہ بارہ ہزار تک جا پہونچی تھی۔ ویشیش اور پبلک اور پیسہ اخبار کی بے حد بے قدری ہو گئی۔ مگر مینڈار اور ہمدرد کی ہر دل عزیزی بھی ہندو اخباروں سے کچھ کم نہ تھی سیاست اور انقلاب (لاہور) اسی دور میں جاری ہوئے۔ لالہ خوش حال چند نے ملاپ ۱۹۲۳ء میں جاری کیا تھا۔ جو اب شمالی ہند کے اخباروں کا سرتاجی ہونے کا دعوے دار ہے۔ کانپور اور امرتسر اور دہلی میں بھی روزانے اخباری ہوئے۔ مگر جلد بند ہو گئے۔ لاہور کا سب سے پرانا روزانہ اخبار پیسہ اور ویشیش و پبلک اور دہلی کا ہمدرد اور پرانا اخبار ہمدرد اب بالکل بند ہو گئے ہیں۔ دہلی کا روزانہ پرچہ اور لاہور کا ملاپ۔ قریب قریب ایک ہی وقت میں نکلتے تھے۔ اور ان ہی کا ہمعصر ہند و بھی تھا۔ جو کچھ عرصہ تک بند ہو گیا۔

دورِ ثالث کے روزانہ اخباروں کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ ایجنسیوں کی وساطت سے ملکی اور غیر ملکی خبریں حاصل کی جاتی ہیں اور ان کے بدلے انھیں ہر مہینے مقدرہ رقم نذر کرنا پڑتی ہے۔ علاوہ ازیں مختلف مقامات میں اپنے نامہ نگار تعینات کر رکھے ہیں۔ بعض اہم واقعات کی چھان بین اور بعض تھرتھری پیدا کرنے والے مقدمات کی کارروائیاں شایع کرنے میں بڑی چابکدستی اور مستعدی سے کام لیا جاتا ہے۔ یہ پہلو بہت قابل قدر ہے۔ دوسری بڑی خصوصیت یہ ہے کہ تصاویر شایع کی جاتی ہیں جو سب اخباروں میں تو نہیں۔ مگر لاہور کے بعض اخباروں نے اس میں پیش قدمی کر دی ہے۔ تیسری بات غور طلب یہ ہے کہ روزانہ اخباروں نے سنڈے اڈیشن شروع کر دیے ہیں۔ اور بعض مخصوص اڈیشن بھی ہفتہ کے دوران میں طبع کیے جاتے ہیں جو انگریزی اخباروں کی تقلید ہے۔ چوتھی نمایاں بات فرقہ وارانہ استدعا ہے۔ اہل اخبار اپنے مذہبوں کی سرپرستی حاصل کرنے کے واسطے ایسے واقعات شایع کرتے ہیں۔ اور مصالح لگا کر ایسے طریقہ سے پیش کرتے ہیں جس سے عوام کے مذہبی جذبات اشتعال پاتے ہیں۔ یہ قابل افسوس روش پنجاب کے اخباروں میں خصوصیت سے نمایاں ہے۔ فرقہ وارانہ جذبات کی برانگیختگی نیک نامی اور مالی آسودگی کا ٹوٹکہ تصور کیا جاتا ہے۔

دورِ حاضرہ کے ہفتہ وار اخباروں کی حالت بھی بہت بدل گئی ہے۔ تصاویر اور اضافے ان کی ایک قابل قدر خصوصیت ہے۔ تاریخی۔ علمی۔ سائنسی اور اقتصادی مضامین اور پولیٹکل

مباحث کی تفصیلی بحث دوسری مضامین خصوصیت ہے۔ اس لحاظ سے یہ برطانیہ کے ہفتہ وار اخباروں کی تقلید کر رہے ہیں۔ ریاست۔ دہلی۔ اس امر میں سب پر بڑھ گیا ہے پہلے اور دوسرے دور میں ہفتہ وار اخبار وں میں خبریں اور واقعات کا لب لباب پیش کیا جاتا ہے۔ جواب پنجاب کے بہت سے اخبار کی میں عنقا کی حیثیت رکھتا ہے۔ مگر یو۔ پی میں اب تک پرانی روش غالب ہے۔ گذشتہ دس سال کے دوران میں بہت سے ہفتہ وار اخبار جاری ہوئے۔ پھر جلد ہی بند ہو گئے ان میں سے گئی اب تک کامیابی سے چل رہے ہیں۔ دور حاضرہ میں رسالوں کی جیسی بھرمار دیکھنے میں آتی ہے۔ ویسی کبھی نہ دیکھی گئی تھی۔ اچھے اچھے رسالے جاری ہوئے اور کامیابی سے چل رہے ہیں۔ اور اپنی ہستی کا مقصد خیر و خوبی سے انجام دیتے ہیں سب سے پرانے رسالوں میں زمانہ۔ کانپور۔ دیکھ کہو۔ لکھنؤ اور بعض اور رسالے ہیں۔ نئے رسالوں میں ہمایوں۔ اور شباب اردو۔ نیرنگ وغیرہ لاہور میں۔ اور دیگر رسالے دوسرے شہروں سے نکلتے ہیں۔

جنوبی ہند میں اردو جرائد کا سب سے بڑا مرکز حیدرآباد دکن ہے۔ جہاں سے بعض روزانہ اور ہفتہ وار اخبارات شائع ہوتے ہیں۔ انجمن ترقی اردو کے تمام رسالے اورنگ آباد میں طبع ہوتے ہیں۔ مدراس۔ بستی۔ اور کلکتہ سے وقتاً فوقتاً اردو کے جرائد نکلتے رہے ہیں۔ مگر ان کی چنداں وقعت نہیں اشاعت بہت محدود ہے۔ اثر و اقتدار عنقا کے برابر ہے لیکن سب سے بڑا زور پنجاب اور یو۔ پی ہی میں ہے

اردو اخبار نویسی کی کوتاہیاں اور اصلاح و ترقی کی تجاویز

تینتیس سالہ اخبار نویسی کے اجمالی تذکرہ کے بعد یہ خالی از لطف نہ ہوگا۔ اگر اردو اخباروں کی خامیوں پر سرسری نگاہ ڈال کر انکی اصلاح کی تجاویز پیش کی جائیں۔

(۱) عدم مشارکت عمل کے بعد ہندو مسلم کشیدگی و قوع میں آئی۔ جس سے اکثر اخباروں نے اپنی اپنی قوم کے افراد کے جذبات دینی کو مشتعل کر کے مستفید ہونے میں بڑی چابکدستی ظاہر کی ہے اور کر رہے ہیں۔ گویا ہندو مسلم کشیدگی بڑھانے والے اخبارات ہیں حقیقی ترجمان اخبارات عوام کے خیالات کی ترجمانی نہیں کرتے۔ بلکہ اہل اخبار خود مغالطہ میں مبتلا ہیں اور یہ گمان کرتے ہیں۔ کہ ہم جمہور کی نمایندگی کرتے ہیں۔ لیکن افسوس یہ ہے۔ کہ عوام کے خیالات اور ضروریات سے جتنے وہ بے بہرہ ہیں۔ اتنا اور کوئی نہیں ہوگا۔ چند خطوط جو کسی مضمون کے موافق یا مخالف ڈاک سے موصول ہوتے ہیں۔ یا دو چار آدمی کسی سوال کے متعلق جو رائے ایڈیٹر صاحب کے روبرو ظاہر کرتے ہیں۔ وہ عام رائے کا آئینہ نہیں ہو سکتی ایڈیٹر لوگ ایسے موقع پر شاذ ہی جاتے ہیں۔ جہاں عوام کا جم غفیر ہے۔ وہ تھرڈ کلاس کی گاڑی میں کبھی سفر نہیں کرتے جہاں وہ عوام کے اصل خیالات سے آگاہ ہو سکیں۔ (۲) اہل دیہات کی خواہشات سے ایڈیٹر کلیتہً ناآشنا ہیں۔ دفتروں کے بابوؤں اور شہر کے دوکان داروں کو "عوام" فرض کر نا بڑی بھاری نادانی ہے۔ (۳) ایڈیٹر صاحبان ہمیشہ اپنے موافق پہلو دکھانے کے کوشاں رہتے ہیں۔ دوسرا پہلو دکھانے کی ان میں اخلاقی جرأت نہیں۔ انصاف اور حق کا یہ اقتضا ہے کہ موافق اور مخالف دونوں پہلو پبلک کے روبرو پیش کئے جائیں (۴) پولیٹیکل معاملات سب سے زیادہ خیال کیا جاتا ہے۔ اور ایڈیٹر اپنے ایڈیٹریل کالم

ہیں اسی پر سب سے زیادہ زور دیتے ہیں۔ حال آں کہ تجارتی صنعتی۔ زراعتی۔ سوشیل مباحث سے عوام کو بے حد دلچسپی ہوتی ہے۔ (۶) خود ایڈیٹر کسی اہم مسئلہ کو شاذ ہی مطالعہ کرتے ہیں ان کے دفتر میں شمار و اعداد یا انسائیکلو پیڈیا یا دیگر مسائل کی مستند کتابیں نہیں ہوتیں۔ اسوجہ سے مضمکہ خیز لاعلمی سے جو جی میں آتا ہے اناپ شناپ لکھ دیا جاتا ہے۔ اس سے اہل علم اور اہل الرائے کے نزدیک اردو اخبارات کی چنداں وقعت نہیں ہوتی۔ ایڈیٹوریل اسٹاف میں بھی بیشتر ایسے آدمی بھرتی کئے جاتے ہیں۔ جو انگریزی اور اردو سے کماحقہ آشنا نہ ہونے کے ساتھ اصول اخبار نویسی سے ناواقف ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کے معلومات نہایت محدود اور رائے جو تجم واقعات اور اعداد پر مبنی ہونی چاہئے بالکل خام ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے اردو اخبارات کی تحریر مستند اور قابل اعتبار نہیں سمجھی جاسکتی۔

(۷) ہمارے اخباروں کے دفتروں کی بد انتظامی ضرب المثل ہے اور یہ بد انتظامی اخباروں کی ترقی اور نیک نامی اور اثر کے وسعت کے راستہ میں بڑی بھاری رکاوٹ ہے۔ اس کا بڑا سبب یہ ہے کہ اہل قلم طبعاً انتظامی صلاحیت میں تھی دست ہوتے ہیں۔ وہ حتی الوسع اس سے گریز کرتے ہیں۔ جو آدمی منیجر مقرر کئے جاتے ہیں۔ وہ تجربہ اور احساس ذمہ داری اور تعلیم میں کوتاہ ہوتے ہیں۔ انجام یہ ہوتا ہے کہ ایڈیٹر کی مساعی جمیلہ خاک میں مل جاتی ہے۔

خریداروں کے شکائتی خطوط آدمی میں پھینک دیئے جاتے ہیں۔ اگر خریدار پیشگی منی آرڈر بھیج دیتا ہے۔ تو اس کے نام اخبار جاری نہیں ہوتا۔ اگر کوئی خریدار کسی اور جگہ پر اخبار طلب کرتا ہے۔ تو نہیں پہونچتا۔ بار بار لکھتا ہے مگر جواب نہیں ملتا۔ آخر کار چپ ہو رہتا ہے۔ اس کا تلخ تجربہ اس کے دوستوں کو بھی بدگماں کر دیتا ہے۔ بعض ایڈیٹر اور مالک کسی آدمی کے خط کا جواب دینا کسر شان سمجھتے ہیں۔ مجھے خود اس کا تجربہ بارہا ہو رہا ہے۔ سوآراج کے مطالبہ میں اخبارات سب سے بڑھے ہوئے ہیں۔ اور انتظام دفتر کی یہ کیفیت ہے کہ اس پر "باہر دیکھکر کہو پنج ہزاری" کی کہاوت خوب چسپاں ہوتی ہے۔ اردو اخبارات ہی اس آفت کا شکار نہیں ہیں۔ بلکہ چوتھائی صدی کے ذاتی تجربہ کی بنا پر یہ کہنے کو تیار ہوں کہ ہمارے انگریزی زبان کے اخبارات اور رسائل جن کے ایڈیٹر مالک اور منیجر ہمارے ہندوستانی بھائی ہیں۔ اس آفت کی دست برد سے بالا نہیں ہیں۔ اہلیت انتظام کی کمی بہیئت مجموعی سب اخباروں کا قابل افسوس خاصہ ہے۔ روپیہ کے دین لین میں بھی پرلے درجہ کی بے قاعدگی پائی جاتی ہے

(۸) زوزانے اردو اخباروں کی قیمت مشہور انگریزی اخباروں سے کم نہیں ہے۔ ہمارے مان ٹربیوں ہندو ہیرلڈ اور مسلم آوٹلک۔ ملاپ اور پرتاپ وغیرہ کی قیمت فی پرچہ ایک آنہ ہے۔ حال آں کہ ٹربیوں میں جتنا میٹر ہوتا ہے اس سے اردو کے تین روزانے بھرے جاسکتے ہیں۔ اگر عوام کو روشن خیال بنانا اور پھر ان کے درمیان اتحاد و یک جہتی پیدا کر کے راہ راست پر چلانا اخبارات کا فرض ہو۔ تو قیمت میں تخفیف امر ضروری ہے۔ گراں قیمت ترقی کے راستہ میں رکاوٹ ہے۔ (۹) جو بات دوکان داروں میں عائد ہوتی ہے۔ وہی اخباروں پر بھی چسپاں ہوتی ہے۔ بالعموم اول وہ اسی بات پر قانع رہتے ہیں۔ کہ ان کی دوکان

شہر بھر میں سب سے بڑی شمار ہو۔ اس قسم کی تمنا اخبار والوں کے دل میں بھی ہے۔ وہ شہروں کے باہر بہت کم جاتے ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ قصبات اور دیہات جہاں روزانہ ڈاک جاتی ہے۔ اخبار پہونچتا رہے۔ تاکہ اہل دیہات دنیا کے حالات سے پوری آگاہی حاصل کریں۔

تجاویز اصلاح ۔ اصلاح اور ترقی کے واسطے میرے نزدیک حسب ذیل تجاویز مفید ثابت ہوں گی۔ اگر انھیں اخباروں کے مالک۔ ایڈیٹر اور دیگر کارکن سوچ سمجھ کر عملی صورت دیں۔

(۱) بطور کلیہ یہ امر تسلیم کرنا لازمی ہے کہ ہر ایک کام یا فن سیکھنے کیواسطے تجربہ کار ماہر کی شاگردی کرنا پڑتی ہے۔ ان پڑھ آدمی اس اصول کے قائل اور کاربند ہیں۔ فوٹوگرافی اور دیگر تمام مفید ہنر پہلے استادوں سے سیکھتے ہیں یورپ اور امریکہ میں کروڑپتیوں کے لڑکے دوسرے کارخانوں اور کوٹھیوں میں ادنی کلارکوں کے پہلو بہ پہلو کام سیکھتے ہیں تب اپنے کارخانے کا اہتمام ہاتھ میں لیتے ہیں۔ گو وہ بی۔ اے۔ ایم۔ اے کی ڈگریاں حاصل کرکے دوسرے ملکوں کی سیاحت ہی کرتے ہیں۔ مگر وہ کاروبار کے لایق نہیں سمجھے جاتے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک ہر ایک پڑھا لکھا اپنے کو اخبار کی ایڈیٹری اور مینجری کے اہل سمجھتا ہے۔ اور تربیت خاص سراسر فضول گماں کرتا ہے۔ حال آں کہ تفصیل یہ ہے کہ مضمون نگاری اور ایڈیٹری بھی ایک خاص فن ہے جس کے ساتھ بڑی اور نازک ذمہ داریاں وابستہ ہیں۔ مالکان اخبارات کو اچھے تعلیم یافتہ۔ تجربہ کار اور کام سے واقف آدمی ایڈیٹری کے واسطے منتخب کرنے چاہئیں۔ اسی طرح ایڈیٹر ڈیل اسٹاف میں بھی ایسے تربیت یافتہ آدمی بھرتی کرنے چاہئیں جنھوں نے پہلے کہیں کام کیا ہو۔ البتہ ایک آدھ اناڑی بھی تربیت کے واسطے رکھا جاسکتا ہے۔ اس سے کام کا معیار اور اخبار نویسی ذمہ داری کا احساس بہت بڑھ سکتا ہے۔ جو بات شایع ہوگی۔ دستند ہوگی۔ اور عوام کے خیالات کا آئینہ بھی ہوسکتی ہے۔ اگر ایڈیٹر اہل الرائے سے گفتگو کرنے کے علاوہ ایسے مجمع میں اکثر جایا کرے جہاں لوگ بکثرت جمع ہوں تحریر میں اسلوب پیدا ہوجائیگا۔ اور رائے پختہ اور نتیجہ وفراز کے غور پر مبنی ہوگی۔ اگر جمہور کے جذبات کی نمایندگی امر ضروری اور اخبار کا فرض اولی ہو تو ایڈیٹر کو ہر طبقہ کے باخبر اور بلند خیال لوگوں سے ذاتی ملاقات کرنا چاہئے۔ مالکان اخبارات کی یہ چال کہ سواسو روپئے کے ایڈیٹر کو برطرف کرکے اس کے اسّی روپئے پانے والے اسسٹنٹ کو ایڈیٹر بنایا جاتا ہے۔ ہرگز نفع آور ثابت نہیں ہوسکتی۔ یہ مفید کفایت شعاری اور مصلحت کے سراسر نقیض ہے۔ جو اخبارات ہندوستان بھر کے و نیکلر اخباروں میں کثیر الاشاعت ہونے کے مدعی ہوں انھیں خبروں کے سوا ماہروں سے خاص خاص مسائل پر معقول معاوضہ دے کر مضامین لینے کا انتظام کرنا چاہئے جس سے ان کی شہرت اور اثر بلند پایہ اصحاب کی نگاہوں میں بڑھے گا۔ اور ان کی آرا خاص وقعت حاصل کریں۔

(۲) مالکان اخبارات کو انتظام کی طرف توجہ خاص توجہ دینا چاہئے۔ جس کی خوبی پر منافع اور نیک نامی اور اثر واقتدار موقوف ہے چھپیس سال کے تجربہ اور مشاہدہ اور غور وفکر کے بعد میں اس نتیجہ پر پہونچا ہوں۔ کہ اردو

(نیز انگریزی) اخباروں کی ناکامی اور تنزل کا ایک بڑا سبب دفتر کی اندھیر نگری ہے۔ اس قصہ سے یہ لازم ہے کہ اچھے تجربہ کار اور انتظامی اہلیت سے آراستہ اور روشن خیال آدمی مقرر کرنے چاہئیں۔ اخبار کی آمدنی کا ایک بڑا وسیلہ اشتہارات ہوتے ہیں۔ اگر تربیت یافتہ گرجویٹ لگائے جائیں۔ تو تاجروں سے خط و کتابت کرکے اشتہار حاصل کرکے مستفید ہو سکتے ہیں۔ مگر یہ بسا ضروری ہے۔ کہ اخبار کے دفتر میں قرینہ اور قاعدہ ہو۔ ملازموں کے مشاہرے۔ ترقی۔ رخصت اور تقسیم منافع کا خاص اہتمام ہو۔ تاکہ کام کرنے والوں کو دلی شوق اور ذمہ داری سے کام کرنے کا حوصلہ ہو۔ فی زمانہ ایف۔ اے اور بی۔ اے بکثرت دستیاب ہو سکتے ہیں۔ جب آپ اور باتوں میں ولایتی اخباروں کی تقلید کرتے ہیں۔ تو کیا وجہ ہے۔ کہ دفتر کے قاعدہ اور انتظام میں آپ ان کی پیروی نہ کریں خوش انتظامی اور سلیقہ شعاری پر مالی کامیابی کا تمام تر انحصار ہے۔ اس پر ساری توجہ مرکوز ہونا چاہئے۔

(۳) اردو اخباروں کی قیمت بمقابلہ انگریزی اخباروں کے زیادہ ہے۔ اس کی تخفیف اخبارات کی ترقی اور توسیع اشاعت کی معاون ہوگی۔ اس مقصد سے بہترین مشینری اور کم خرچ طریق طباعت سے کام لینا ضروری ہے ایسی مشینیں بہم پہونچ سکتی ہیں۔ جو ایک گھنٹہ میں موجودہ چھاپہ خانہ کی دو تیا نو سی مشینوں سے دگنا اور اس سے بھی زیادہ چھاپ سکتی ہیں۔ تعلیق تائپ تیار ہونے میں عرصہ درکار ہے۔ اس لئے کاتبوں سے کام لینا لازم ہے۔ مگر اور باتوں میں کفایت ہو سکتی ہے جس سے اخبار تیار کرنے کا خرچ بخوبی گھٹ سکتا ہے۔

(۴) اخر میں اردو اخبارات کی ترقی و رینک نامی اور اثر و اقتدار کی توسیع کے واسطے یہ لازم ہوگا کہ بھان متی کا تماشا دکھانے والوں کی طرز عمل سے قطع مل جل کر کام چلایا جائے۔ ہماری مراد یہ ہے کہ لاہور میں اب پانچ ہندو روزانے عوام کی پرستی حاصل کئے ہوئے ہیں اور یہ پانچوں اپنے کو نیشنلسٹ (قوم پرست) مشہر کرتے ہیں۔ اگر یہ سب مل کر ایک بڑی کمپنی بنالیں۔ اور ایک قوم پرست روزانہ اور دوسرا ہفتہ وار ایک تاہانہ رسالہ اور اپنے مقصد کی کتابیں شایع کرے۔ تو کام بڑا شاندار اور منافع حاصل ہوگا۔ اور اخبار کی اشاعت خاص کوشش سے ان کی مجموعی اشاعت سے دگنی تگنی ہو سکتی ہے۔ ان کے موجودہ مالک ایڈیٹر ایک ایک ضروری کام اپنے ہاتھ میں لیکر پوری توجہ کے ساتھ کام انجام دے سکتے ہیں۔ کمپنی نئی مشینری منگا کر اعلیٰ پایہ کا پریس بھی چلا سکتی ہے مشترکہ سرمایہ کی کمپنی میں استقلال ہوگا۔ اور اس کے کاروبار پر عوام کو پورا بھروسہ ہوگا۔ ایک آدمی اشاعت کا اہتمام کر سکتا ہے۔ اور دوسرا اعلیٰ منتظم۔ تیسرا پریس کا منیجر چوتھا کتابوں کا ذمہ دار بن سکتا ہے۔ بیسوں آدمیوں کے واسطے روزگار بہم پہونچ سکتا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ ہوگا کہ دنیا پر ہماری صداقت انتظامی روشن ہو جائے گی۔ اگر ہم اپنے معمولی کاروبار اچھی طرح انجام نہیں دے سکتے تو ملک کی حکومت کیسے چل سکتی ہے۔

اسی طرح لاہور کے تین روزانے مسلم اخبارات ایک مشترکہ کمپنی بنا کر اپنے اخبار چلا سکتے ہیں اگر اخبارات

(بقیہ صفحہ ۹۵۷ پر دیکھئے)

ہندوستانی اکیڈیمی جرنل

شہزادوں کا امتحان

جناب ڈاکٹر اے صدیقی صدر شعبۂ عربی و فارسی الٰہ آباد یونیورسٹی و رکن ادارہ ہندوستانی اکیڈیمی جرنل

تاریخ اور کہانی دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ دنیا میں قدر دونوں کی ہے۔ مگر یہ بتانا مشکل ہے کہ زیادہ قدر کس کی ہے۔ بچوں کو ہمیشہ اور بوڑھوں کو کبھی کبھی کہانی زیادہ پسند ہوتی ہے۔ یہی مزاج والوں اور علم کے قدر شناسوں کے ہاں تاریخ کے چرچے ہیں، کہانی کہنے اور سننے والا دونوں گنہگار۔ بعضے ثقہ لوگ تو اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ اگر دھوکے سے بھی کہانی کے کچھ لفظ اُنکے کانوں تک پہنچ جائیں تو بغیر کفارہ دیے انھیں چین نہ آئے۔ ان سے اُتر کر کچھ لوگ ایسے ہیں کہ تحقیق کے جوش میں ہر کہانی کو سُن کر ناک بھوں چڑھاتے ہیں، اور واہیات، مزخرفات کہہ کر ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہیں۔ پھر بھی اہل قلم کا ایک گروہ ایسا ہے جو کہانیوں کو پسند ہی نہیں کرتا۔ بلکہ اُن کو قوموں کی دماغی زندگی کے ضروریات میں سے جانتا ہے۔ اِسی گروہ میں سے ایسے لوگ بھی ہوتے چلے آئے ہیں جنھوں نے اعلیٰ سے اعلیٰ اخلاقی اور روحانی تعلیم کا ذریعہ کہانی ہی کو بنایا ہے۔ ہندوستان میں کلیلہ ودمنہ کا مصنف، ایران میں شیخ سعدیؒ، روم میں مولانا جلال الدین رومیؒ اِسی گروہ میں سے تھے۔

کہانیاں بھی کئی قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک تو وہ جن کا مقصود صرف بچوں کا بہلانا ہوتا ہے کہ کہانی ختم نہیں ہونے پائی اور وہ سو گئے۔ اور اگر نہ سوئے تو جب تک کہانی ہوتی رہی ہنستے رہے اور ختم ہو گئی تو فوراً دوسری کا تقاضا شروع ہو گیا۔ ایک کہانی وہ ہوتی ہے جسے سن کر ہوشمند لوگ بھی کہیں کہ خوب ہے۔ کہانیاں سچ مچ کے واقعے نہیں ہوتیں مگر اُن کی خوبی کی دلیل ہی ہے کہ آدمی اُن کو جب تک سنتا رہے اُس کو یہی خیال ہو کہ گویا یہ سب ایسے واقعات بیان ہو رہے ہیں جو سچ مچ بیت چکے ہیں۔ اِسی طرح کی کہانیوں کی ایک اور قسم بھی ہے جسے ہم "تاریخی کہانی" کہتے ہیں۔ تاریخی کہانی کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ واقعات تاریخی ہوں اور اُن میں رنگ کہانی کا سا دیا جائے۔ تاکہ مزے کے بیچ دھوکے میں آکر انھیں کہانی ہی سمجھیں اور کہانی کے بہانے انھیں تاریخ کے واقعات یاد ہو جائیں۔ دوسری صورت یہ کہ اُس کے واقعات کے متعلق ہم یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ وہ حقیقت میں گذرے بھی تھے۔ مگر جن تاریخی اشخاص کے متعلق وہ کہانی گڑھی گئی ہے اُن پر وہ ایسی چسپاں ہوتی ہے کہ اُسے سراسر جھوٹ کہہ دینا مشکل ہوتا ہے۔ جو کہانی ہم تمھیں آج سنائینگے، وہ اِسی آخری قسم کی ایک تاریخی کہانی ہے:-

شاہ جہاں بادشاہ ایکدن اپنے خلوتخانے میں بیٹھا کچھ سوچ رہا تھا کہ خدمتگار نے آکر عرض کی "وزیر صاحب حاضر ہیں"۔ بادشاہ نے ارشاد فرمایا: "بلالو"۔ سعد اللہ خاں وزیر اعظم

حاضر ہوئے تو بیٹھنے کا اشارہ پاکر آداب بجا لائے۔ سعد اللہ خاں نے بادشاہ سلامت کو فکرمند پایا اور سہما ہوا جوڑ کر عرض کی: "نصیب اعدا کچھ فکر و اسنگیر معلوم ہوتی ہے۔"

شاہ جہاں: "ہاں، سعد خاں تم ٹھیک سمجھے۔ میں اس امر پر اکثر غور کیا کرتا ہوں اور آج تک فیصلہ نہ کر سکا کہ اپنے چاروں بیٹوں میں سے کس کو ولی عہد کروں؟"

سعد اللہ خاں چپ ہو کر کچھ سوچنے لگتا ہے۔

شاہ جہاں: "تمھاری رائے میں چاروں میں کون سب سے بہتر ہے؟"

سعد اللہ خاں (ہاتھ جوڑ کر): "حضور کا اقبال بلند رہے فدوی کی کیا مجال کہ شہزادگان والا تبار کا ایک دوسرے سے مقابلہ کرے۔"

شاہ جہاں: "بڑی مشکل ہے۔ میں خود فیصلہ نہیں کر سکتا سو اُس کی تو وجہ یہ ہے، کہ باپ کے نزدیک سب بیٹے برابر ہیں۔ تم سے پوچھتا ہوں تو تم اپنی رائے ظاہر کرنا مصلحت نہیں جانتے۔"

سعد اللہ خاں: "بجا ارشاد ہے۔ پیر مرشد کو جس طرح شفقتِ پدری مانع ہے۔ اُسی طرح اِس فدوی کو سوءِ ادب کا خیال کوئی رائے قائم نہیں کرنے دیتا۔"

شاہ جہاں: "سوءِ ادب کا خیال! اِن ڈھکوسلوں سے کیا فائدہ؟ وہ پھر بھی بچے ہیں اور تم بوڑھے آدمی ہو، سلطنت کے وفادار ہو، عقیل اور مدبّر ہو، رائے تمھاری ہر معاملے میں صائب ہوتی ہے۔ اِن لڑکوں کو تم نے بچپن سے دیکھا ہے۔ ایک ایک کی اُفتادِ مزاج سے واقف ہو، بھلا میں کیسے مان لوں کہ تم اُن کی اہلیت یا نااہلی کے متعلق کوئی رائے ہی نہیں رکھتے؟ اگر تم اس امر میں کوئی رائے نہیں رکھتے تو اس کے معنے یہ ہوئے کہ میں کسی سے صلاح مشورہ نہیں کر سکتا۔"

سعد اللہ خاں: "حضور اگر فدوی کی گستاخی معاف فرمائی جائے تو ــــ تو عرض کرے ــــ"

شاہ جہاں: "میں تم سے رائے پوچھ رہا ہوں۔ اپنا خیال ظاہر کر دینے میں تم کو اس درجہ پس و پیش کیوں ہے؟"

سعد اللہ خاں: "فدوی کی کیا مجال کہ اپنے خیال کے بیان کرنے میں پس و پیش کرے، مگر معاملہ بہت اہم اور نازک ہے۔ اِس خاص نظر سے فدوی نے کبھی شاہزادگانِ والا تبار کی قابلیتوں پر غور کیا، اور نہ اُن کو جانچا۔"

شاہ جہاں: "یہ ٹھیک ہے۔ میرا منشا یہ نہیں کہ تم اِسی وقت جواب دو۔ سوچ کر جواب دینا، مگر جلد۔"

سعد اللہ خاں (ہاتھ جوڑ کر): "جو ارشاد عالی (دبی زبان سے) مگر ــــ"

شاہ جہاں: "کیوں؟ ابھی کچھ خلجان باقی ہے؟ دو تین دن غور کر لو، اُس کے بعد اپنی رائے بیان کرنا۔"

سعد اللہ خاں چپ رہ جاتا ہے۔

شاہ جہاں: "اگر اور کچھ کہنا ہے تو کہو، اور بے کھٹکے کہو۔"

سعد اللہ خاں (ہاتھ جوڑ کر): "فدوی کو زیادہ تکلف اِس وجہ سے ہے، کہ پوری جانچ کے بغیر ایسے اہم معاملے میں رائے دینا ممکن نہیں۔ اور مجھ نمکخوار کا امتحان لینا صاحبزادگانِ والا مرتبت کی شان کے خلاف ہوگا۔"

شاہ جہاں (غصّے کے لہجے میں): "سعد اللہ خاں! آج تم کو کیا ہو گیا ہے؟ میں اُن باپوں میں نہیں ہوں، جو اولاد کے ناز اُٹھا کر اُنھیں خراب کرتے ہیں۔ تمھاری رائے پر عمل کیا جائے، تو شہزادوں کی تعلیم و تربیت کچھ بھی نہ ہو سکے۔ میں تم کو حکم دیتا ہوں کہ چاروں لڑکوں کا سخت امتحان لو، اور جس طرح تم مناسب سمجھو۔ کیا تم نہیں جانتے کہ مجھے

ایک دن اپنے مالک کے سامنے کھڑے ہو کر اس کا جواب دینا پڑیگا کہ میں نے اپنی رعایا کی فلاح کا کیا انتظام کیا؟ ملک کو کیسے شخص کے ہاتھ میں دیا۔ وہاں یہ عذر ہرگز نہ سُنا جائیگا کہ میرے نزدیک چاروں برابر تھے، اُنھیں میں سے ایک کو کر دیا۔"

سعد اللہ خاں: "بجا ارشاد۔"

سعد اللہ خاں پر رقت طاری ہو جاتی ہے۔ شاہ جہاں بھی آبدیدہ ہو جاتا ہے اور بھرائی ہوئی آواز میں یوں کہتا ہے:-

"جاؤ، اب امتحان کا انتظام کرو۔ دیکھو امتحان سخت ہو۔ کسی قسم کی رو رعایت کو ہرگز دخل نہ دینا۔ کل آکر مجھے بتانا، کہ تم نے کیا انتظام کیا ہے اور امتحان لینے کی کیا تدبیریں سوچی ہیں۔"

سعد اللہ خاں (ہاتھ جوڑ کر): "ایسا ہی ہوگا۔" (اشارہ پاکر آداب بجا لاتا ہے اور رخصت ہوتا ہے۔)

دوسرے دن فجر کی نماز اور وظیفے سے بادشاہ سلامت نے جوں ہی فراغت پائی، سعد اللہ خاں کو یاد فرمایا۔ تھوڑی ہی دیر گذری تھی، کہ وزیر صاحب حاضر ہو کر آداب بجا لائے۔ شاہ جہاں نے بیتابی سے پوچھا: "کہو کیا بندوبست کیا؟"

سعد اللہ خاں (ہاتھ جوڑ کر): "چاروں صاحب بغیر فدوی کو اطلاع کیئے ہوئے کسی سے نہ ملیں سوا چند ملازموں کے جو نامزد کر دیے جائینگے۔ کسی کو شاہزادوں کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ جو خاصہ فدوی تجویز کریگا۔ اُسکے سوا کھانے پینے کی کوئی چیز وہاں تک نہ پہنچ سکیگی۔ ایک پرچہ نویس ہر وقت حاضر رہیگا۔ جس کے ذریعے سے فدوی کو سب حالات معلوم ہوتے رہینگے۔"

شاہ جہاں: "نہایت مناسب۔ اچھا۔"

سعد اللہ خاں آداب بجا لاکر رخصت ہونے لگتا ہے۔

شاہ جہاں: "مگر دیکھو، کوئی کمی نہ کرنا۔ جانچ پوری ہو۔"

سعد اللہ خاں کے چلے جانیکے بعد شاہ جہاں نے چاروں بیٹوں کے پاس کہلا بھیجا، کہ ہم نے سعد اللہ خاں کو تمھارا امتحان لینے کا حکم دیا ہے۔ جو کچھ وہ کہیں، اُس کی پوری پابندی کی جائے۔"

جوں ہی سعد اللہ خاں کو اس پیام کی خبر پہنچی۔ اُس نے اپنے احکام جاری کر دیے۔ زیادہ دیر نہ ہوئی تھی کہ اُسے معلوم ہوا کہ سارے محل میں کھلبلی مچی ہوئی ہے، اور ہر طرف چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔ پرچہ نویس نے جو خبر دی اُس سے معلوم ہوا کہ دارا شکوہ نے نہ صرف سعد اللہ خاں کو بُرا بھلا کہا، بلکہ باپ کی شان میں بھی نا ملائم کلمے زبان پر آئے۔ شجاع اور مُراد نے بھی سخت غصے کا اظہار کیا۔ مگر عالمگیر نے کوئی رائے نہیں ظاہر کی۔ مسکرا کر چپ ہو گیا۔ اور بدستور اپنے اشغال میں مشغول رہا۔ کچے پکائے کھانے کے بجائے کچی جنس کو پسند کیا۔

اُن تینوں صاحبوں کا یہ حال تھا کہ سعد اللہ خاں کا بھیجا ہوا جو کھانا آتا اُسے پھینکوا دیا کرتے۔ نوکروں کے ذریعے سے کھانے کا انتظام ہوتا اور ایک ایک کی جگہ چار چار خرچ ہوتے اور اخراجات بھی تھوڑے دنوں تک حسب معمول جاری رہے۔ مگر آٹھ ہی سات دن بعد شہزادوں کو معلوم ہوا کہ تحویل میں کچھ باقی نہیں۔ مقرب نوکروں نے عرض کی کہ سرکار کچھ فکر کریں روپے کا انتظام ہو جائیگا۔ دو چار روز یوں گذرے اس کے بعد انھیں نوکروں نے عرض کی کہ سرکار اگر حکم ہو، تو کسی مہاجن سے معاملہ کر لیا جائے۔ اس تجویز پر خوشنودی کا اظہار ہوا اور ایک کے

بجائے دو دینے کا وعدہ۔ غرض کہ اِس محاصرے کو پندرہ دن گذر گئے۔ سعد اللہ خاں کو رتی رتی حال معلوم ہوتا تھا۔ وہ چشم پوشی کرتا رہا، لیکن رفتہ رفتہ بندش سخت کرنے لگا۔ جب ایک ہفتہ باقی رہا، تو جو کھانا سعد اللہ خاں کے حکم سے آتا تھا وہ بہت ہی ادنیٰ درجے کا ہوتا تھا اور اتنا کم کہ آدمی کا پیٹ مشکل سے بھرے۔ یہ تو وہ جانتا ہی تھا کہ کھانے کی اِس کمی یا خرابی کا کوئی اثر شہزادوں پر نہ ہوگا۔ اِس لیئے کہ مہاجن کے یہاں سے انتظام کافی ہے۔ جب امتحان کی مدت کے ختم ہونے میں صرف چار دن باقی رہے تو بجائے دو وقت کے کھانا ایک ہی وقت آنے لگا۔ اواخیر کے دو دن کھانے کی قسم سے کوئی چیز سعد اللہ خاں نے بھیجی ہی نہیں۔ خدا خدا کر کے امتحان کے ختم ہونے کا دن آیا۔ سعد اللہ خاں فجر کی نماز پڑھ کر شہزادے دارا شکوہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دارا شکوہ بہت ہی اخلاق سے پیش آیا۔ حد سے زیادہ آؤ بھگت کی۔ بات بات پر وزیر صاحب کی قابلیت اور خوش تدبیری کا راگ گاتا۔ رخصت ہونے سے پہلے خلعت ہفت پارچہ عطا فرمایا۔ وہاں سے اٹھ کے سعد اللہ خاں سلطان شجاع اور سلطان مُراد کے حضور میں حاضر ہوا۔ وہ بھی بے حد تواضع سے پیش آئے۔ بلکہ مُراد نے تو جب وزیر صاحب کے آنے کی خبر سُنی تو اُنکے استقبال کو دوڑ پڑا۔ اور بڑے تپاک سے لیجا کر صدر میں بٹھایا۔ قصہ مختصر تینوں سرکاروں سے بھاری بھاری خلعت پاکر سعد اللہ خاں عالمگیر کے دربار دولت کی طرف چلا۔ دروازے پر پہنچا تو کسی خدمتگار تک نے بات نہ پوچھی ڈیوڑھی کے اندر قدم رکھا تو ایک چوبدار نظر پڑا۔ دریافت کیا۔ کہ شہزادے صاحب کہاں تشریف رکھتے ہیں۔ جواب ملا کہ سب سے اوپر کی منزل میں جلوہ افروز ہیں۔ سعد اللہ خاں ایک تو بوڑھا آدمی دوسرے موٹا، پان سات زینوں کی چڑھائی اُس غریب کے لیئے مصیبت ہوگئی۔ مگر مرتا کیا نہ کرتا، چڑھنا شروع کیا، ایک زینہ طے کر چکتا تو تھوڑی دیر دم لیتا اور پھر آگے بڑھتا۔ خدا خدا کر کے آخری زینے پر پہنچا اور یہ امید بندھی کہ اب جلد آرام سے بیٹھنے کا موقع ملیگا۔ لیکن اُسے کیسی کچھ مایوسی ہوئی ہوگی جب وہ زینے کے دروازے سے نکل کر صحن میں پہنچا اور دیکھا کہ اُس ساری منزل میں نہ کوئی فرش ہے نہ چٹائی۔ سامنے ہی کے رواق میں ایک سیتل پاٹی کی جانماز بچھی ہے۔ جس پر خود بدولت بیٹھے کلام اللہ کی تلاوت میں مصروف ہیں۔ اب تو سعد اللہ خاں بہت گھبرایا اور دل میں کہنے لگا کہ اور سب کا تو میں نے امتحان لیا مگر اِس نے میرا امتحان لے لیا۔ اب دیکھا چاہیے یہ حضرت تلاوت سے کب فارغ ہوں اور کب میری فریاد کو پہنچیں ایک ایک گھڑی ایک ایک دن کے برابر معلوم ہو رہی تھی مگر "قہر درویش بر جانِ درویش" کھڑا رہا۔ بڑی دیر کے بعد عالمگیر نے تلاوت ختم کی اور سر اٹھایا تو خدمتگار سے ناخوشی کا اظہار کیا۔ اور وزیر صاحب سے یوں کہنے لگا "آپ کو ناحق تکلیف اُٹھانا پڑی مجھے اطلاع ہو گئی ہوتی تو میں خود نیچے چلا آتا۔ اور ویسے بھی تلاوت کے بعد میں نیچے چلا جایا کرتا ہوں۔" سعد اللہ خاں نے ہاتھ جوڑ کر عرض کی "اِن لوگوں کی خطا نہیں، فدوی نے اِس کو خلاف ادب سمجھا کہ حضور کو تکلیف دے۔" عالمگیر نے معمولی مزاج پرسی کی اور پوچھا "آپ نے کسی خاص غرض سے تکلیف کی؟" سعد اللہ خاں نے جواب دیا "صرف شرف حضوری مقصود تھا۔ بہت دنوں سے حاضر ہونے کا موقع نہیں ملا تھا۔"

عالمگیر: "کہیئے شہر کا کیا حال ہے؟"

سعد اللہ خاں: "حضور کے اقبال سے ہر طرف خوشحالی اور امن کا عمل ہے"

عالمگیر: "الحمدللہ آج کل غلے کا کیا بھاؤ ہے؟"

سعد اللہ خاں: "حضور گیہوں تین من کا بک رہا ہے اور چاول ـــ"

عالمگیر (بات کاٹ کر): "نہیں، میں ان چیزوں کو نہیں پوچھ رہا ہوں غریب رعایا کے کھانے کے غلوں کا نرخ معلوم کرنا چاہتا ہوں"

سعد اللہ خاں یہ سن کر سناٹے میں رہ گیا اور معذرت کے طور پر کہنے لگا: "فدوی کا حافظہ اس وقت یاری نہیں دیتا"

اس پر عالمگیر نے پند و نصیحت کا ایک دفتر کھول دیا اور سعد اللہ خاں کو وزیروں کے فرائض پر ایسا سبق دیا کہ وہ تمام عمر نہ بھولا ہوگا۔ اس کے بعد عالمگیر نے رخصت ہونے کی اجازت دی۔ سعد اللہ خاں نے ہاتھ جوڑ کر عرض کی: "آج صبح کو فدوی حضور کے برادران والا تبار کے حضور میں بھی حاضر ہوا۔ تینوں صاحبوں نے گراں مایہ خلعت سے اس ذرۂ بے مقدار کو سرفرازی بخشی۔ فدوی کی بڑی بدنصیبی ہوگی اگر اس دربار سے خالی ہاتھ جانا پڑا" یہ سن کر عالمگیر مسکرا دیا اور کہنے لگا: "خلعت کسی کارگزاری پر دیا جاتا ہے۔ اس کا کوئی محل تو ہے نہیں، لیکن میں آپ کی استدعا کو رد نہیں کرنا چاہتا۔ اس لیے بلبوس خاص عطا کیا جاتا ہے" یہ کہہ کر اپنا بینی پاک جو گزی کا ہاتھ بھر کپڑا تھا سعد اللہ خاں کو اٹھا دیا۔ سعد اللہ خاں نے سات سلام کر کے اُسے لیا اور آنکھوں سے لگایا، سر پر رکھا، اور دعائیں دیں۔ عالمگیر نے کہا: "میں یہ پھر کیے دیتا ہوں، کہ یہ خلعت آپ کو صرف اس وجہ سے دیا گیا ہے کہ میں نے آپ کی بات کو رد کرنا پسند نہیں کیا۔ اور میرے بھائیوں نے جو خلعت دیے وہ آپ کی خوشامد میں دیے اس لیے کہ وہ تو مہینے بھر سے بھوکوں مر رہے تھے۔ یہاں اس کی مطلق ضرورت نہیں، میں جو پہلے کھاتا تھا اب بھی کھاتا ہوں، بلکہ اگر یہی صورت رہے جو اس وقت ہے اور آپ جنس بھیجنا بند رکھیں تو میرے خزانے میں ابھی اتنی جنس بچی رکھی ہے کہ کئی روز چلیگی۔ اس کے بعد خدا رزاق ہے" نوکر کو اشارہ کیا۔ اس نے ایک بڑا ٹسکا سامنے لاکر رکھ دیا۔ کھولا گیا تو بھرا ہوا تھا اور اس کے اندر ایک کاغذ بھی رکھا تھا وہ نکال کر عالمگیر نے سعد اللہ خاں کے ہاتھ میں دے دیا اور کہا: "یہ اس جنس کی آمد و خرچ کا حساب ہے، جو آپکے حکم سے روزانہ آیا کرتی تھی۔ اس حساب سے ابھی دس دن کا آذوقہ باقی ہے" سعد اللہ خاں نے گردن جھکا لی اور کہا: "فدوی کی مجال نہ تھی کہ ایسی گستاخی کرتا لیکن ضرورت مجبور کر دیا کرتی ہے"

عالمگیر: "میں آپ سے شکایت نہیں کرتا، نہ مجھے اسکا کوئی رنج ہے"

سعد اللہ خاں نے سلام کیا اور رخصت ہوا۔

بادشاہ سلامت کو بھی خبر پہنچی کہ امتحان ختم ہوا، مگر یہ نہ معلوم ہوا کہ نتیجہ کیا نکلا۔ خلوت کے وقت سعد اللہ خاں کی یاد ہوئی۔ سعد اللہ خاں جانتا تھا کہ جلد بلایا جائیگا۔ اس لیے تیار ہی بیٹھا تھا۔ امتحان کا نتیجہ ذہن میں ترتیب دے چکا تھا۔ طلبی کی خبر آئی تو فوراً ابوچے پر سوار ہو کر محل کو روانہ ہوا۔ شاہی خلوتخانے میں داخل ہو کر آداب بجا لایا۔ بادشاہ سلامت نے خندہ پیشانی سے جواب دیا اور قریب بیٹھنے کا حکم فرمایا۔ ذرا دیر بعد یوں ارشاد ہوا: "کہو امتحان ختم ہو گیا؟"

سعد اللہ خاں: "حضور"

شاہ جہاں (مسکرا کر): "نتیجہ سننے کے ہم بھی مشتاق ہیں"

سعد اللہ خاں: "اجازت ہو تو فدوی تفصیل سے عرض کرے"

شاہ جہاں: "ضرور"

سعد اللہ خاں: "فدوی نے جو یہ خاص طریقہ اختیار کیا، اس کا سبب یہ تھا کہ کسی کتاب کی عبارتیں یاد ہونے یا کسی علم

کے مسائل مستحضر ہونے کی جانچ تو تھی ہی نہیں۔ دیکھنا یہ تھا کہ جب مشکلات اور تکلیفوں کا سامنا ہو تو طبیعت کا رنگ کیا ہوتا ہے۔ اور اُن مشکلوں کا مقابلہ کرنے کے لیئے کیا تدبیریں عمل میں لائی جاتی ہیں۔ فدوی نے یہ خیال کیا کہ شہزادوں کے لیے سب سے بڑی مصیبت اُسی وقت ہوتی ہے جب اُن کے خزانے خالی ہوں اور خرچ کرنے کو روپیہ پاس نہو، جس پر تکلف کھانے کی بچپن سے عادت رہی ہو اُس کی جگہ بہت معمولی قسم کا کھانا میسر آئے اور وہ بھی نہایت کمی کے ساتھ، اِس کے علاوہ وہ حکومت بھی باقی نہ رہے جس کے وہ عادی تھے بلکہ کوئی دوسرا شخص جو رتبے میں اُن سے کم ہو اُن پر حکومت کرے، اِن تمام باتوں کو مدنظر رکھ کر فدوی کی سمجھ میں یہ تدبیر آئی کہ نظربندی کی سی صورت پیدا کر دی جائے، اور پھر یہ اندازہ کیا جائے کہ کون صاحب اپنے وقار کو قائم رکھ کر اِن دقتوں کو جھیل سکے اور جو تدبیریں اختیار کیں اُن سے ہوشمندی اور کردار کی قوت ظاہر ہوتی ہے یا سراسیمگی اور کمزوری۔"

شاہ جہاں: "بیشک یہی طریقہ درست تھا اور اِس پر اِس وقت بحث کرنیکی ذرا بھی ضرورت نہیں۔ میں یہ جانتا تھا کہ جانچ کا جو ڈھنگ تم اختیار کرو گے وہ مناسب ہوگا اور اگر مجھ کو تم پر پورا بھروسا نہ ہوتا تو میں تم سے امتحان لینے کو کہتا ہی نہیں۔"

سعد اللہ خاں: "حضور کی ذرہ نوازی ہے ورنہ غلام کس قابل ہے؟"

شاہ جہاں: "ہاں، تو بتاؤ کیا رائے قائم کی؟"

سعد اللہ خاں: "پورا ایک مہینا یہ مصنوعی نظربندی قائم رہی۔ روز کی خبر فدوی کو پہنچتی تھی جس سے معلوم ہوتا تھا کہ بمیت برہمی کا اظہار فرمایا جا رہا ہے اور ایسے کلمات استعمال ہوتے ہیں جو شاہانہ شخصیتوں کے لیے کسی طرح زیبا نہیں۔ تدبیر یہ کی گئی کہ جو خاصہ فدوی اپنے اہتمام میں تیار کرا کر بھیجتا تھا وہ پھنکوا دیا جاتا تھا۔ اور حسب عادت پر تکلف کھانے پکوائے جاتے تھے۔ جب روپئے کی کمی پڑی تو مہاجنوں سے بہت سخت شرح سود پر قرض لیا گیا۔ کفایت کی طرف مطلق توجہ نہیں کی گئی، بلکہ نوکر چاکروں کو نفع حاصل کرنیکا بڑا موقع ہاتھ آیا۔ اور ایک ایک کی جگہ دس دس خرچ ہوئے۔ جب آج صبح کو فدوی درِ دولت پر حاضر ہوا تو حد سے زیادہ تپاک اور غیر معمولی عنایت اور مرحمت سے تواضع کی گئی، اِس حد تک کہ حفظ مراتب کا خیال بھی بالائے طاق رکھ دیا گیا۔ اِس بے مقدار کی ایسی تعریف و توصیف کی گئی جس کے مقابلے میں شاعروں کا مبالغہ بھی گرد تھا۔ نہایت قیمتی خلعت فدوی کو ملے اور یہ نہ معلوم ہوا کہ کس کارنمایاں کے جلو میں۔ اور لطف یہ کہ یہ معلوم تھا کہ جو کلے غلام کے متعلق غلام کی غیر موجودگی میں روزمرہ استعمال ہوا کرتے تھے اُنکی خبر فدوی کو پہنچتی رہتی تھی۔ غرض کہ اِس مہینے بھر میں ایک بات بھی ایسی ظہور میں نہیں آئی جس کے بارے میں یہ کہا جا سکے کہ شہزادوں کی شان کے مطابق تھی۔ کوئی تدبیر ایسی عمل میں نہیں آئی جس کو ہم تدبیر کا نام بھی دے سکیں، سوا ایک عالمگیر کے سب صاحبوں کا ایک ہی سا حال تھا۔ سب سے آخر میں فدوی اُن کی حضور میں حاضر ہوا۔ وہاں پہنچ کر دیکھا تو جو حال ہمیشہ سے تھا اب بھی ہے۔ وہی جاہ و جلال اور وہی سادگی، وہی مشاغل، وہی باضابطگی۔ مجھ بوڑھے کا ساتویں منزل تک سیڑھیاں چڑھتے چڑھتے فشار ہو گیا۔ اوپر پہنچ کر دیکھا تو نہ بیٹھنے کی جگہ نہ لوٹنے کی مجال۔ اب سمجھ میں آئی کہ یہ اِس خطا کار کی بداعمالیوں کی پاداش تھی۔ کم سے کم آدھا گھنٹا کھڑا رہا۔ تب حضرت کلام اللہ کی تلاوت سے فارغ ہو کر متوجہ ہوئے۔ خدمتگاروں پر ناخوش ہوئے کہ وزیر صاحب کو یہاں تک

[بقیہ صفحہ ۸۶۴ پر دیکھئے]

نشاطِ روح

[جناب مولانا اصغر حسین صاحب اصغر گونڈوی ایڈیٹر "ہندوستانی اکیڈیمی جرنل" الٰہ آباد]

مئے بیرنگ کا سورنگ سے رسوا ہونا — کبھی میکش، کبھی ساقی، کبھی مینا ہونا
از ازل تا بابد محوِ تماشا ہونا — میں وہ ہوں جس کو نہ مرنا ہے نہ پیدا ہونا
سارے عالم میں ہے بیتابیٔ و شورش برپا — ہائے اس شوخ کا ہمشکلِ تمنا ہونا
فصلِ گل کیا ہے؟ یہ معراج ہے آب و گل کی — مری رگ رگ کو مبارک رگِ سودا ہونا
کہہ کے کچھ لالہ و گل رکھ لیا پردہ میں نے — مجھ سے دیکھا نہ گیا حسن کا رسوا ہونا
دہر ہی سے وہ نمایاں بھی ہے پنہاں بھی ہے — جیسے صہبا کے لئے پردۂ مینا ہونا
تری شوخی، تری نیرنگِ ادائی کے نثار — اک نئی جان ہے تجدیدِ تمنا ہونا
جلوۂ حسن کو ہے چشمِ تحیر کی طلب — کس کی قسمت میں ہے محرومِ تماشا ہونا
اس سے بڑھ کر کوئی بے راہ روی کیا ہوگی — گامِ پرشوق کا منزل سے شناسا ہونا
مائلِ شعر و غزل پھر ہے طبیعت اصغر — ابھی کچھ اور مقدر میں ہے رسوا ہونا

(خاص)

[صفحہ ۸۶۳ کا بقیہ]

تکلیف دی، مجھے نہ اطلاع کردی کہ میں خود پہنچ کر ملتا۔ یہ اس مصیبت زدہ کی اشک شوئی تھی، جس پر فردوی کو خود ہی آئندہ معذرت سی کرنی پڑی۔ اس طرح یہ معاملہ شہزادے صاحب کی فتح اور اس جہاندیدہ کی شکست پر ہوا۔ اُس کے بعد گفتگو مختلف علمی اور مالی امور پر شروع ہوئی، اور اس خصوص میں بھی جیت انھیں کی رہی۔ غلے کا رخ پوچھ کر اُنھوں نے امتحان لے لیا۔ اور یہ ایسی کڑی مار تھی، جس پر فردوی عمر بھر شرمندہ رہیگا۔ آخر میں جب فردوی نے دیکھا کہ تین بار گاہوں سے خلعت ہفت پارچہ اور مرصع سر پیچ سے سرفراز ہو چکا ہے اور چوتھی بار گاہ سے خالی خولی لوٹ رہا ہے تو کلیجہ نے نہ مانا اور ساری غیرت کو بالائے طاق رکھ کر حرفِ مطلب زبان پر لایا۔ بجائے خلعت کے ٹکا سا جواب پایا، اپنا سا منھ لیکر رہ گیا۔ اپنے جی میں اپنے تئیں ملامت کرتا تھا کہ یہ تو نے کیا بے محل استدعا کی! حیران تھا کہ یہ حضرت کس طرح مٹھاؤں، خود بدولت نے بشاشے سے دل کی کیفیت کو ظاہر کر فرمایا: "خیر میرے سوال کو ہم پر دین کرتے، ملبوسِ خاص عطا کرتے ہیں"۔ اس نیم جان کی جان میں جان آگئی۔ پچھلی کلفتیں ایک ہی فقرے میں کافور ہوگئیں۔ مگر جب ہاتھ بڑھایا تو گزی کا آدھ گز ٹکڑا تھا۔ گفتگو کے سلسلے میں ایک مناسب موقع پر یہ بھی جتا دیا کہ ابھی اگر آٹھ دس دن تو کھانے کو کچھ نہ بھیجتا تو بھی مجھے پروانہ ہوتی۔ مہینے بھر سے جو آؤ ذقہ آمار رہا اُس کے جمع اور خرچ کا حساب یہ موجود ہے۔ یہ مختصر سا حال ہے اُس امتحان کا جو آج ختم ہوا۔ اُن تینوں صاحبوں نے اس بات کا پورا ثبوت دے دیا، کہ جب اُن کے پیتنم کے سامان کو وجود ہوں اور اُس کے سارے ذرائع مہیا، تو وہ اپنے ظاہری وقار کو قائم رکھ سکتے ہیں نہیں تو خیر و عافیت۔ بخلاف اس کے چھوٹے صاحب نے وہ اصول قائم کر رکھے ہیں اور زندگی کا وہ اسلوب اختیار کیا ہے، جس کے مقابلے میں ہر حملہ کرنیوالے کی شکست یقینی ہے۔ اس امتحان میں ہر قدم پر بلند اقبال شاہزادے نے اپنی برتری اور متین کی کمزوری اس خوبصورتی سے اور اس شان سے ثابت کی ہے جو فردوی کے تو حاشیۂ خیال میں بھی نہ تھی ++++++++++

(خاص)

تحریر کی ماہیت

[جناب محمد نعیم الرحمٰن صاحب ایم اے رکن ادارت "ہندوستانی اکیڈیمی جرنل" الہ آباد]

تہذیب و تمدن نے ہمیں اس قدر طویل زمانہ سے تحریر اور اُس کی ظاہری وضع اور شان سے آشنا کر رکھا ہے کہ ہمیں کبھی اس کا خیال بھی نہیں آتا، اور اگر آتا بھی ہے تو نہایت شاذ و نادر موقعوں پر، کہ ہماری تحریر — عام اس سے کہ وہ انسان کی کسی برادری یا قوم کی ہو — کیسی کچھ عجیب و غریب اور پراسرار چیز ہے۔ آج بیسویں صدی کے ایک چوتھائی حصے کے گذرنے کے بعد، اگر کوئی شخص اپنے اس دعوی کو ثابت کر دیتا ہے کہ وہ کسی کے خیال کی رَو کو اپنے ذہن کے نہاں خانہ میں وصول کر کے اس کے خیالات کو "پڑھ" کر بیان کر سکتا ہے، تو ہم اُسے صاحب کمال اور اس کے "کمال" کو کرامات سمجھتے ہیں۔ اگر اسی تناسب سے اس پر غور کیا جائے تو ہمیں اس کا اعتراف کرنا پڑیگا کہ انسان کی (ہر جداگانہ) برادری میں جس شخص نے پہلے پہل پتھر، لکڑی یا پتوں پر کچھ اُلٹے سیدھے نشان بنائے ہونگے اور انھیں اوروں کے سامنے "پڑھ" کر سنایا ہوگا، وہ شخص حقیقت میں بہت بڑا صاحب کمال تھا اور اس کا یہ فعل واقعی ایک زبردست کرامات کا درجہ رکھتا تھا۔ وہ چند عجیب عجیب سے نشان بنا کر اور ان کو پڑھ کر اپنے ہمچشموں اور ہمعصروں پر "جادو" کر دیتا تھا — وہ لوگ اس کی شخصیت اور اس کے اس کمال سے "مسحور" ہو جاتے تھے؛ اس کے وہ "نقش" بالکل "سحر" کا کام کرتے تھے! پھر اسی لحاظ سے ہماری اس کرامات، ہمارے اس معجزے پر بھی غور کیجئے کہ ہم اب سے سینکڑوں اور ہزاروں برس پہلے کے انسانوں کے بنائے ہوئے نشانات — آپ انھیں نشان، نقش، خط، تحریر، لکھائی جو کچھ چاہیں کہیں — کو دیکھ اور پڑھ کر نہ صرف ان کے حالات اور اور خیالات کا پتہ لگا لیتے ہیں، بلکہ کچھ وثوق کے ساتھ یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ وہ کیا الفاظ بولتے تھے اور ان کا کیا تلفظ کرتے تھے!

تحریر کی سب سے پہلی غرض اور قریب ترین غایت یہ ہے کہ ہم اس کے ذریعے سے اپنے الفاظ کی ایک ایسی تصویر کھینچ سکیں جو نہ صرف یہ کہ ہماری آواز کو ثابت اور قائم کر دے، بلکہ اسے ضبط کر کے ہمارے مقام اور ہمارے وقت سے دور، اور بہت دور، مقام اور وقت تک پہنچا دے۔ اسی غرض کو پورا کرنے کے لئے ہمارے زمانے میں دو چیزیں اور ایجاد ہوئی ہیں: گراموفون اور ٹیلیفون۔ یہ دونوں بھی ایسے وسیلے ہیں، جن سے ہم اپنے الفاظ اور اپنی آواز کو دور ترین مقامات تک پہنچا سکتے ہیں؛ لیکن اُن میں وہ پائداری نہیں پائی جاتی جو تحریر میں ہے۔ آواز اور تلفظ یہ دونوں پیدا کرتے ہیں، لیکن وہ آواز ہوا میں منتشر اور گم ہو جاتی ہے۔ علاوہ اس کے گراموفون کے نقش بھی تو آخر ایک قسم کی تحریر ہی ہیں؛ اور ٹیلیفون کے پردی میں سے نکلنے والی آواز بھی تحریر کی دست نگر ہوتی ہے۔ اس طرح یہ دونوں بغیر تحریر کے گویا بیکار ہیں۔ ممکن ہے کہ ہمارے بعد کسی زمانہ میں اس قسم کے کتب خانے ایجاد ہوں، جن میں ہماری کتابوں کی جگہ صرف گراموفون کے ریکارڈ ہی رکھے ہوں؛ لیکن ابھی تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ، بہ نسبت ریکارڈوں کے، کاغذ — اور وہ بھی نفیس ترین اور باریک ترین کاغذ — کے ورقوں کی مجلد کتابیں ان آوازوں اور لفظوں کے قائم و دائم رکھنے کا بہتر اور زیادہ سہل وسیلہ ہیں، اور ان میں جگہ بھی کم صرف ہوتی ہے۔

اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ریکارڈ کے دو "صفحے" ہمارے کاغذی صفحوں سے زیادہ مواد کے حامل نہیں ہو سکتے۔

حقیقت میں تحریر چند ایسے خود ساختہ نشانوں کے ایک سلسلے کا نام ہے، جن کی شکلوں کو اپنے موضوع (معنی) سے ایک ایسا علاقہ ہوتا ہے جو آنکھوں کے ذریعے سمجھ میں آسکتا ہے۔ یہ نشان ترقی کرتے ہوئے جن درجوں سے گذرے ہیں وہ غالباً یہ ہیں: سب سے پہلے درجے میں یہ محسوس چیزوں کی سادہ تصویریں یا خاکے تھے، جیسے آدمی، مکان، گھوڑا، درخت وغیرہ کی تصویریں؛ دوسرے درجے میں انھوں نے ایسی شکلیں اختیار کیں، جن کو تصویر تو نہیں بلکہ محض "علامت" کہنا چاہئے، مثلاً "زاویہ" کا اظہار کرنے کے لئے اہل اقلیدس کے کی علامت بناتے ہیں، اس کے بعد کے درجے میں صوتی شکلیں پیدا ہوئیں، جن سے زبان کی اصلی آوازوں کا پتہ لگتا ہے۔ پھر یہ ہوا کہ آوازیں بدلتی رہیں، مگر ان کی نشانیاں مستقل طور پر قائم رہیں؛ اور اس طرح ایک ایسا طرز تحریر یا رسم خط پیدا ہوا جس میں زیادہ تر "صوتی" اور کمتر "صوری" حیثیت موجود تھی۔ یہ سب سے آخر کی اور وہ صورت ہے جو ہم آجکل استعمال کر رہے ہیں، اور جن کو ہم "حرف ہجا" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

ان حروف تک پہنچ جانے کے بعد غور کیجئیگا تو معلوم ہوگا کہ تحریر کے اس طرز کو اختیار کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہم نے اپنی زبان کی کل آوازوں کے اظہار کے لئے چند علامتیں یا نشانیاں مقرر کرلیں یہ علامتیں لفظوں کی نہیں ہیں، بلکہ ان میں سے ہر ایک ایک آواز کے لئے موضوع ہے۔ یہی نہیں، بلکہ ہم نے ان علامتوں میں سے تقریباً ہر ایک کو مختلف صورتیں دے رکھی ہیں۔ مثال کے طور پر ب کے حرف ہی لیجئے، جیسے ہم ب، بـ، بـد، اور بـا ـــ سب ہی طرح لکھتے ہیں؛ لیکن ہر صورت میں اس کا نام "بے" ہی ہے۔ پھر یہ بھی ممکن ہے (اور ایسا ہوتا بھی ہے) کہ ہر ایک لکھنے والا ان کو اپنے اپنے خاص طرز پر لکھے؛ مگر اب ان سب صورتوں کو "بے" ہی کہتے ہیں، اور ایک ہی طرح اُس کا تلفظ کرتے ہیں، کہیں فرق نہیں ہوتا۔ یہی حال ہمارے حرف ہجا کے اور سب حرفوں کا بھی ہے۔ لیکن یہ بھی نہ بھولنا چاہئے کہ جب ہم اُردو کی عبارت پڑھتے ہیں، تو ہماری نگاہ ہر ہر حرف پر اٹک یا جم نہیں جاتی ہے، بلکہ ہم کئی کئی حرفوں کے ایک مجموعے، یعنی ایک ایک لفظ کو نہایت تیزی کے ساتھ آنکھوں سے دیکھتے اور معاً اس کا مجموعی تلفظ سمجھتے جاتے ہیں! اور یہ تلفظ کا سمجھنا بھی ایسا ہے گویا ہم کسی کو اُن الفاظ کو بولتے اور ادا کرتے ہوئے سُن بھی رہے ہیں۔ اسی طرح الفاظ کے مجموعے، یعنی جملے اور فقرے، بھی ہماری آنکھوں اور (اُن کے ساتھ ہی ساتھ) کانوں کے ذریعے ذہن میں اُترتے اور قائم ہوتے جاتے ہیں۔ پڑھنے کی تو یہ صورت ہے؛ مگر جب آپ لکھنے بیٹھتے ہیں، تو ایک ایک حرف نہیں بلکہ ایک دم سے ایک ایک لفظ لکھتے ہیں، گو آپ کو بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے ہر لفظ کا ہر حرف ایک خاص آواز کے لئے بنا ہے اور وہ وہی آواز ہے جسے آپ اُس وقت استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اور یہ کیفیت نہ صرف آپ کی مادری زبان کی ہے؛ بلکہ اس کے علاوہ اور کوئی اجنبی زبان بھی آپ لکھتے ہیں، تو آپ ایک ایک لفظ ہی لکھتے ہیں ـــ یعنی یہ کہ آپ کو یہ معلوم ہے کہ مختلف حرفوں کے ملاپ سے کیا کیا آواز پیدا ہوتی ہے۔ اگر آپ نے کبھی کسی جہاز میں ایک شخص کو جھنڈی ہلا ہلا کر پیغام بھیجتے اور دوسرے جہاز میں ایک اور شخص کو اسے دیکھ کر سمجھتے اور پھر اُسی طرح جواب دیتے دیکھا ہے، تو آپ بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کہ لکھنے اور پڑھنے والے کی حالت بالکل وہی ہے جو جھنڈی سے

پیغام بھیجنے اور پانے والے کی ہوتی ہے۔ "پانے والے" کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو جو بات اس سے کہی گئی ہے وہ محض چند ایسی علامتوں کا مجموعہ ہے جو آنکھ سے نظر آسکتی ہیں؛ اور "پیغام بھیجنے والے" کے نقطۂ نظر سے دیکھئے تو وہ صرف چند حرکتوں کا مجموعہ ہے۔ اسی طرح "لکھنے والے" کے نقطۂ نظر سے تحریر گویا اُس کے ہاتھ کی چند حرکتوں یا اس کے چند اشاروں کا تحریری اظہار ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تحریر میں حرکت کو جو دخل ہے، وہی لکھنے والے کی شخصیت کی خصوصیت ہے، چنانچہ یہ خصوصیت "دستخط" میں بہت صاف نظر آتی ہے، کیونکہ دستخط گویا اپنے لکھنے والے کے سر اور آنکھ کا اشارہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ لکھنے والا کہتا ہے کہ "میں بول رہا ہوں"۔ لیکن اس حقیقت کو بھی فراموش نہ کرنا چاہئے کہ لفظوں کی یہ شان کہ ان میں حرکت کا ایک شائبہ ہے اور اُس سے پڑھنے والے کی آنکھ کا جو تعلق ہے، وہ پھر براہ راست اُن آوازوں سے بھی ایک زبردست علاقہ رکھتا ہے، جن سے پڑھنے والے کے کان آشنا ہوتے ہیں۔ اس کا اندازہ یوں ہو سکتا ہے کہ آپ جب کوئی عبارت پڑھتے ہیں تو پڑھتے پڑھتے آپ (بغیر غور کئے) برابر اپنے ذہن میں یہ سمجھتے رہتے ہیں کہ ان تمام حرفوں (بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ لفظوں اور فقروں) کے تلفظ کی آواز بھی آپ کے کانوں میں آرہی ہے: اور جس قدر تیزی سے آپ عبارت پڑھتے ہیں اتنی ہی تیزی سے وہ آوازیں بھی آرہی ہیں ــــ حالانکہ اگر آپ بولنا چاہیں تو شاید اتنی سُرعت سے بول نہ سکینگے۔

ایک تحریر اور اس کے پڑھنے میں جو نفسیاتی علاقہ ہے وہ بہت ہی نازک اور دلچسپ ہے۔ فرض کیجئے میں "کرشن راؤ" لکھتا ہوں۔ لکھتے وقت مجھے خیال آتا ہے کہ یہ کسی آدمی کا نام ہے۔ اس نام میں دو لفظ ہیں: کرشن اور راؤ۔ ان میں سے ہر ایک کے تلفظ میں ایک جُدا آواز کا احساس ہوتا ہے؛ لیکن دونوں مل کر ایک آدمی کے نام کا تصور ذہن میں پیدا کر دیتے ہیں۔ پھر جب یہ الفاظ میں کسی کو پڑھ کر سناتا ہوں، تو سننے والے کو بھی ایک شخص کے وجود کا احساس ہوتا ہے، اور ساتھ ہی یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ وہ شخص مرد ہے اور یہ کہ غالباً وہ مدراس کا باشندہ ہے۔ اب غور کیجئے کہ صرف دو لفظ "کرشن راؤ" لکھنے میں کتنی مختلف اور متفرق چیزوں اور اُن کی تصویریں میرے ذہن میں وارد ہوگئیں: نام، انسان، مرد، مدراسی شخص۔ پھر یہ سلسلہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا بلکہ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ہی ساتھ اس کی تمام خصوصیتیں بھی ہیں جن کا تصور اُن کے ساتھ ہی ذہن پر طاری ہو جاتا ہے۔ اس پورے سلسلے کی تفصیل کسی قدر طویل ہے! آپ ان تمام تصورات کی تقسیم اور تفریق کیجئے گا تو معلوم ہوگا کہ وہ تین قسم کی ہیں: ایک تو وہ تصویر ہے جو ان خارجی خصوصیات کے اضافے سے پیدا ہوتی ہے جو "کرشن راؤ" کے سات عدد حرفوں کی ظاہری شکل پر مبنی ہیں؛ دوسری وہ تصویر ہے جو ان دو لفظوں کے (حرفوں کے مخلوط) تلفظ سے ذہن کے اندر پیدا ہوتی ہے؛ تیسری وہ تصویر ہے جو تصور، نگاہ، حرکت یا اشارہ اور سماعت، ان چاروں سے ملکر ذہن پر نقش ہوتی ہے۔ تھوڑی سی دیر کے لئے اس پر غور کیجئے کہ نگاہ، حرکت اور سماعت کا یہ مخلوط اثر (جس میں سے ہر ایک کا جداگانہ طور پر بھی آسانی سے احساس کیا جا سکتا ہے) کس قدر پُرلطف اور کیسا دلچسپ ہے!

بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کاغذ کے ورق پر لفظوں کے لکھ دینے کا عمل "ادبیات" کا بہت کچھ اہم لازمہ نہیں ہے؛ مگر اس حقیقت سے کیونکر انکار ہو سکتا ہے کہ اگر کوئی شخص مصنف اور مؤلف، جن کو صحیح معنوں میں مصنف یا مؤلف کہا جا سکتا ہے، واقعی یہی سمجھتے ہیں کہ

تصنیف، تالیف اور انشا کے ہر مفہوم میں ہر ہر لفظ اور اس کے ہر ہر حرف کی تحریر کا عمل ضرور شامل ہے۔ "منشی" اور "انشا" کے لفظوں ہی پر غور کیجئے کہ ان میں ایک ایک حرف کی سنجیدگی اور متانت کا مفہوم موجود ہے! ہاں اتنا ضرور تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ عموماً روزانہ اور ہر وقت کی تحریر میں اس امر کا زیادہ لحاظ نہیں ہوتا کہ ہماری تحریر کی ظاہری علامتوں (یعنی حرفوں) میں آواز اور سماعت کا بھی کچھ دخل ہے، اور یہ کہ یہی حرف اور لفظ حقیقت میں ہمارے خیال اور مافی الضمیر کے صحیح نمائندے ہیں۔ بات اصل میں یہ ہے کہ ہم ان علامتوں یعنی حرفوں کو کاغذ پر لکھتے ہوئے ان کا حرکاتی تعلق تو گویا بھول جاتے ہیں، مگر خود اُن ہی حرفوں کو اپنے مافی الضمیر کا بدل یا اُس کے برابر سمجھ لیتے ہیں۔ اس کی مثال یوں سمجھئے کہ جب ہم کسی غیر زبان ـــــ مثلاً انگریزی ـــــ کی تحصیل کے ابتدائی درجوں میں ہوتے ہیں اور ہم انگریزی کی کسی عبارت کو پھر اپنی انگریزی عبارت میں بیان کرنا چاہتے ہیں تو پہلے اپنے ذہن میں اُس خیال کو اردو ہی میں ادا کرتے ہیں، پھر انگریزی میں اُس کا ترجمہ کر کے کاغذ پر لکھتے ہیں؛ لیکن مشق کی کثرت اور مزاولت کے بعد ایک وقت ایسا بھی آجاتا ہے کہ ہم کوشش اور کاوش کے بغیر ہی اپنا مافی الضمیر براہ راست انگریزی زبان ہی میں ادا کر دینے پر قادر ہو جاتے ہیں، اور رفتہ رفتہ انگریزی بھی ہر لحاظ سے درست بول اور لکھ سکتے ہیں۔ یہ تو عام تجربہ کی بات ہے کہ عموماً تحریر اور تقریر کی زبان مختلف سمجھی جاتی ہے، اور تقریباً ہر شخص اس کا اعتراف کر سکتا ہے کہ بہ نسبت بولنے کے لکھنے میں زیادہ آزادی اور صفائی سے کام لیا جا سکتا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ لکھتے وقت ہر ایک حرف اس مجموعی حیثیت اور طاقت کے ساتھ ہمارے سامنے ہوتا ہے کہ ہم نہ صرف یہ کہ اُس کی صورت دیکھ سکتے بلکہ اس کے اندر جو آواز پنہاں ہے اُسے اپنے ہوش کے کانوں سن بھی سکتے ہیں: نگاہ اور سماعت کی یہ لطیف اور نازک سازش تحریر میں جو لطف اور حُسن پیدا کرتی ہے اور الفاظ اور پھر الفاظ سے مرکب ہو کر جُملے، جو ایک موسیقی کا سماں باندھ دیتے ہیں، اور اس طرح رُوح کو جو سرور اور لذت حاصل ہوتی ہے وہ کچھ انھیں کو خوب معلوم ہے جو انشا اور تحریر کے دیوانے اور اپنے قلم کے دھنی ہیں!

تحریر اور اس کے مختلف حصوں کا کان اور آنکھ سے جو تعلق ہے، وہ ہر لکھنے والے کے لئے مختلف ہوتا ہے۔ بعض لوگوں کا ذہن لکھتے وقت حروف کی صورتوں سے، اور بعض ان حروف کی آواز سے زیادہ تعلق رکھتا ہے۔ یہ فرق مختلف لکھنے والوں کی تحریروں کے مطالعہ سے سمجھ میں آسکتا ہے۔ بعض ایسے ہیں کہ جو لکھتے ہوئے ہر ہر حرف اور ہر ہر شوشے کا خیال رکھتے ہیں؛ مگر چونکہ وہ حروف کی آواز پر زیادہ نہیں جاتے اس لئے "اصرار" کو "اسرار" یا "نذر" کو "نظر" وغیرہ لکھ جاتے ہیں۔ اور دوسرے ہیں کہ جن کا حال اس کے برعکس ہے؛ وہ لکھینگے بالکل درست، مگر حروف ادھورے اور شوشے جا و بیجا سب ہی طرح کے بنتے چلے جائینگے۔ ناولوں اور ڈراموں کے مصنفوں سے اگر دریافت کیجئے تو وہ آپ کو بتائینگے کہ اشخاص کی گفتگو لکھتے وقت وہ واقعی کچھ ایسا محسوس کرتے ہیں کہ لفظ اور ان کی آوازیں، بلکہ بولنے والے کی آنکھ، اور اس کے ہونٹ اور ہاتھ کی حرکت تک اُن کے سامنے ہیں: گویا وہ ہونٹوں کو ہلتا ہوا دیکھ رہے ہیں اور لفظوں کی آواز ان کے کان میں صاف صاف آرہی ہے۔ اب متواتر اُن کے "اشخاص" کی تقریریں سنتے چلے جائیے، کیسی مربوط اور مسلسل ہوتی ہیں؛ اور جہاں کہیں یہ ربط، یہ علاقہ، یہ سلسلہ ٹوٹتا یا ڈھیلا ہوتا نظر آئے یقین کر لیجئے کہ وہ مقامات وہ ہیں کہ جہاں

کسی سبب سے لکھنے والے کا ذہن سُست ہو گیا ہے، اور اس کی آنکھ اور اس کے کان پوری طرح اس کا ساتھ نہیں دے رہے ہیں۔ اس سے آپ بڑی خوبی اور آسانی سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ شاعر ــــ شرط یہ ہے کہ وہ حقیقی معنی میں شاعر ہو، محض تُک ملانے والا نہ ہو ــــ اپنے آپ کو اپنے مناظر اور محسوسات میں کس خوبی، کس کمال کے ساتھ گُم کر دیتا ہے؛ اور یہی وجہ ہے کہ اُس کا ایک ایک لفظ سننے والے کے "جگر کے پار" ہوتا ہے!

اس تمام گفتگو سے اتنا تو ضرور معلوم ہو گیا کہ ادبیات کا مادہ ــــ حروف، الفاظ، جملے ــــ کسی قدر مختلف اور متفرق عناصر سے ترکیب پاتا ہے۔ کسی ایک کتاب کا تصور کیجئے، اور اس کا تجزیہ کرتے ہوئے اس کے باب، اس کی فصل، پھر فصل کے ہر ایک جزو، ہر فقرے، جملے اور لفظ سے ہوتے ہوئے حرف تک پہنچ جائیے؛ اور اب غور کیجئے کہ جب ایک ایک حرف اور اس کی آواز اپنے اندر تخیل، فکر، حس اور منظر کی ایک دُنیا لئے ہوئے ہے، تو کُل کتاب کس بلا کی چیز نہ ہو گی! بہت گہرائی تک نہ جائیے، موٹی سی چیز "لفظ" ہی کو لیجئے اور اس کو تحریر کی بنا اور اصل سمجھ کر اندازہ کیجئے کہ اس کی ماہیت اور اہمیت کیا ہے۔ عملی طور پر دیکھا جائے تو لفظ مجموعہ ہے چند آوازوں کا۔ یا یوں کہئے کہ چند آوازیں مل کر ایک لفظ پیدا کرتی ہیں، اور یہ آوازیں اتنی ہی ہیں جتنے کہ ہماری زبان کے حروف تہجی ہیں۔ ہم نے ان ہی چند گنی چنی آوازوں کو طرح طرح سے اُلٹ پھیر کے ملا رکھا ہے۔ اسی گھول میل سے ہم طرح طرح کے (تقریباً بے شمار) "معنی" پیدا کر لیتے ہیں؛ اور یہی "معنی" ہیں جو ہمیں اپنے "خیال" یا مافی الضمیر کو ظاہر اور اُسے دوسروں کے ذہن پر نقش کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ہر لفظ ایک خیال، ایک معنی کا حامل ہے؛ اور جب کئی لفظ مل کر ایک جملہ، فقرہ یا فصل کی صورت میں نمودار ہوتے ہیں، تو خیالات اور معانی کا ایک سمندر کا سمندر موجیں مارتا ہوا ہمارے سامنے آجاتا ہے۔ اسی سلسلے میں ان الفاظ کو بھی یاد رکھنا چاہیئے جن کے خاص خاص معنی ہوتے ہیں، مثلاً مختلف فنون کی اصطلاحیں، یا وہ الفاظ جن کو صرف و نحو کی اصطلاح میں "حروف" کہتے ہیں۔ ایسے الفاظ کے سوا ہماری روزمرہ کی بول چال کے بہت سے الفاظ ایسے ہیں جو ایک سے زیادہ معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ نہ صرف یہ کہ اپنی زبان کا ایک لفظ کئی کئی معنی اپنے اندر لئے ہوتا ہے، بلکہ اجنبی زبانوں کے الفاظ بھی اپنے اصلی اور نقلی معنوں میں اگر اُن سے مل جاتے ہیں اور یہ کیفیت دوبالا ہو جاتی ہے۔ الفاظ کی یہ نیرنگی اور ان میں جو ایک پوشیدہ ہے ان کی یہ گوناگوں موسیقی لطف اور کیف کی ایک دنیا آنکھوں اور کانوں کے سامنے پیش کر دی جاتی ہے۔ یہی الفاظ کی نشست اور ترتیب، یہی بندش کی خوبی کسی بولنے یا لکھنے والے کی فصاحت، بلاغت اور قوتِ ادا کا پتہ دیتی ہے۔ شاعر اور نثر نگار کا کمال اسی سے کھلتا ہے۔ لطیفوں، پھبتیوں اور پہیلیوں میں اسی سے جان پڑتی ہے۔ ہمارے الفاظ کی یہی شان اور یہی کیفیت ہے جسے ہم "حقیقت" اور "مجاز" کہتے ہیں، جس کو ہم نے تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل اور صنائع و بدائع کی بیسیوں قسموں کے نام سے موسوم کر رکھا ہے، جسے ہم "قافیہ" سجع اور وزن کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ مختصر یہ کہ یہی وہ چیز ہے جس کے وسیلے سے آپ "شاعری" کرتے ہیں اور بقول نظامی عروضی[1] کے "چھوٹی سی بات کو بڑا اور بڑی بات کو چھوٹا، اچھے کو بُرا اور بُرے کو اچھا ثابت کر دکھاتے ہیں اور "غضب اور شہوت کی قوتوں کو اس طرح برانگیختہ کر دیتے ہیں کہ طبیعتوں میں انقباض اور انبساط پیدا کر کے اِس دُنیا کے

[1] "چہار مقالہ" کا دوسرا مقالہ، تمہید۔

نظام میں بڑے بڑے کاموں اور واقعوں کا سبب" پیدا کر دیتے ہیں۔

لفظ کا پورا مفہوم اس پر منحصر ہے کہ اُسے فقرے اور عبارت میں کیا جگہ دی گئی ہے۔ یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ کوئی لفظ بذاتِ خود تنہا پورے معنے دیتا یا دے سکتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ بعض وقت ہمارے فقرے میں صرف ایک ہی لفظ ہوتا ہے۔ جیسے کسی سوال کے جواب میں صرف "ہاں" یا "نہیں" کہا جائے، یا مثلاً یہ کہ اس سوال کے جواب میں کہ "کمرے میں کون ہے؟" صرف یہ کہا جائے کہ "بشیر" یا "تم کل کہاں گئے تھے؟" کے جواب میں کوئی کہے کہ "شاہ گنج"۔ لیکن تھوڑے ہی غور سے یہ امر واضح ہو جائیگا کہ ان سب اور اسی قسم کی تمام صورتوں میں یہ ایک ایک لفظ حقیقت میں پورے پورے فقرے کا ایک لفظ ہے اور باقی سب لفظ محذوف ہو گئے ہیں۔ تقریر (اور تحریر) میں فقروں سے کسی طرح گزر نہیں ہو سکتا ہے، اور فقرے لفظوں سے مرکب ہوتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ لفظوں کی ترکیب سے فقرہ بنتا ہے، یہ نہیں ہو سکتا کہ چند لفظوں کو جس طرح چاہا، پاس پاس رکھ دیا اور اُسے فقرہ کے نام سے موسوم کر دیا! مثلاً "میں نے کل بازار میں گذرتے ہوئے ایک عجیب تماشا دیکھا" کو تو آپ فقرہ کہہ سکتے ہیں، مگر "کل بازار ہوئے عجیب نے گزرتے تماشا میں دیکھا میں ایک" کو ہرگز یہ نام نہ دینگے۔ ہر لفظ کو دوسرے سے کوئی خاص تعلق ہے، اور ہر لفظ ایک خاص جگہ ہی میں رہ کر اپنے سابق اور لاحق لفظ سے مل کر کچھ معنی دیتا اور دے سکتا ہے۔ اس تعلق کو درہم برہم کر دیجئے، معنی بھی غائب ہوئے جاتے ہیں۔ یوں کہنا چاہئے کہ ہر لفظ کی یہ حالت ہوتی ہے کہ جب تک کہ وہ اور لفظوں کے ساتھ، اور وہ بھی اپنی خاص جگہ میں، نہ ہو وہ بالکل مُردہ ہے۔ خیال کی صورت ایک رو کی سی ہے؛ وہ زندہ ہے، حرکت کرتا ہے، آگے بڑھتا ہے۔ اس کے اظہار کے لئے، اُسے مجسّا جاگتا، چلتا پھرتا دکھانے کے لئے زندہ لفظوں کی ضرورت ہے نہ کہ مُردہ کی۔ مثال کے لئے لفظ "ہاتھی" کو لیجئے (اس کے موضوع لہٗ سے بحث نہ کیجئے)۔ اس میں معنی ہیں، ضرور ہیں؛ لیکن ایسا ہی لفظ کیسا ٹھوس، جما ہوا، بے جان سا معلوم ہوتا ہے۔ مگر اسی کو "ہاتھی نے جھک کر بادشاہ کو سلام کیا" میں دیکھئے؛ صاف معلوم ہوتا ہے کہ لفظ میں جان پڑ گئی۔ اس لئے کہ اب اُسے جھکنے سے، بادشاہ سے اور سلام سے ایک تعلق پیدا ہو گیا، اور وہ زندہ ہو کر ہمارے سامنے آ کھڑا ہوا۔ ہر لفظ اپنے اندر ایک معنی رکھتا ہے، اور وہ معنی بھی شکل، وضع، صفت، حالت اور انداز کی تصویروں پر حاوی ہوتے ہیں؛ اور جب ایک فقرے میں ہر لفظ اپنی اُن تمام کیفیتوں اور خصوصیتوں کے ساتھ ایک خاص ترتیب سے مل جاتے ہیں، تو ایک اور وسیع منظر ذہن کی آنکھ کے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ پھر اسی سے ایک ایک فصل، ایک ایک باب اور ایک ایک کتاب کی دنیا کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ اور خصوصاً جب ہم کو یہ بھی یاد آ جاتا ہے کہ ہر لفظ کا ہر حرف اپنی آواز کی موسیقی لئے ہوئے موجود ہے، تو غور کا مقام ہے کہ آنکھ، کان، ہونٹ اور ذہن سے گذر کر پڑھنے والے کی کُل ہستی، اُس کے وجود، اس کی رُوح کے لئے کتنی بڑی جنت کا سامان مع اپنی تمام تفصیل کے فراہم ہو جاتا ہے۔

لفظ سے گذر کر جب ہم "فقرہ" پر پہنچتے ہیں، تو اس میں بھی کیفیت نظر آتی ہے کہ گو ہر فقرہ بذاتِ خود ایک معنی، ایک مفہوم کا حامل ہے؛ لیکن پھر بھی جب تک کہ وہ اپنے قبل اور بعد کے فقروں سے ایک خاص اسلوب پر ــــ یعنی صرف و نحو، منطق، محاورہ، انشاء اور طرز ادا کے اصولوں کے مطابق ــــ مربوط

ہو اُس میں جان نہیں پڑتی۔ یہی اصول ہر لفظ کے لئے اور یہی ہر فقرے کے لئے ہر وقت اور ہر لمحہ مدنظر رہنا ضروری ہیں، ورنہ تحریر "تحریر" نہ ہوگی، محض بکواس ہو کے رہ جائیگی، بلکہ شاید اسے کوئی بکواس کہنا بھی پسند نہ کرے۔ "خیال" اور "تصور" کے اظہار کے لئے صحیح حرف، صحیح آواز، بجا لفظ، درست مفہوم، مناسب ترتیب، معقول نظم، ربط اور تسلسل کی ضرورت ہے۔ ہر حرف اور اس کی آواز میں مناظر کا جو ایک چھوٹا سا ہجوم ہے وہ لفظوں، فقروں، فصلوں اور بابوں کی صورت میں ترقی کرتا ہوا جب پوری کتاب کی صورت میں جلوہ نما ہوتا ہے، تو ایک نہیں لاکھوں قیامت کے ہنگامے اس کے اندر گم ہو جاتے ہیں، اور پڑھنے والا ــــ بشرطیکہ اس کے پاس صحیح قسم کے کان، آنکھ، دل اور دماغ ہوں ــــ محسوس کرنے لگتا ہے کہ مطالعہ کا ہر لمحہ ایسے مناظر، ایسے ایسے افکار اس کے سامنے پیش کر رہا ہے، جن میں سے ہر ایک کی وسعت اپنے لئے ایک ایک دنیا کی طلبگار ہے!

آپ نے بہت سے عالموں اور اپنے اپنے فن کے ماہروں کی تقریریں اور لیکچر سُنے ہونگے۔ اپنے حافظے پر ذرا سا زور دیجئے تو آپ کو یاد آجائیگا کہ ان میں سے اچھے اچھے اور زبردست ــــ چھوٹے لوگوں کا ذکر نہیں ہے ــــ تقریر کرنے والے اس کمال اور خوبی سے بولتے ہیں کہ ہر ہر قدم پر آپ یہ محسوس کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور دل ہی دل میں کہا کرتے ہیں کہ

"دیکھنا تقریر کی لذت!" ــــ اور اس "لذت" میں حُسن، خوبی، لُطف، پاکیزگی، باریکی، نزاکت، ہمہ گیری سب ہی کچھ شامل ہے

"دیکھنا تقریر کی لذت! کہ جو اُس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے!!"

اب ذرا دیر کے لئے اس خیال کو اپنے ذہن سے نکال دیجئے کہ آپ ایسا کہنے اور سمجھنے پر اس لئے مجبور ہو جاتے ہیں کہ وہ "بڑا آدمی" ہے، پھر غور کیجئے کہ آپ کے اس خیال اور اس رائے کا کیا سبب ہے؟ سبب صرف یہ ہے کہ پہلے تو ایسا لیکچرار اپنی تقریر یا لیکچر کے موضوع کو بہت سا وقت اور ہمت صرف کر کے پوری طرح سمجھ چکا ہے؛ اس کے ذہن میں اس کی پوری پوری تصویر اپنی تمام تفصیل کے ساتھ، نہایت صفائی سے منکشف ہو چکی ہے؛ وہ ہر چیز، ہر بات، ہر امر، ہر کیفیت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہے، پھر وہ ان امور اور کیفیات کو بیان اور ظاہر کرنے کے لئے نہ صرف یہ کہ صحیح، بجا اور موزون الفاظ استعمال کرتا ہے، ان کو اپنے فقروں میں صحیح جگہ دیتا ہے، اور فقروں کے آپس میں بجا اور ضروری ربط اور سلسلہ قائم کر کے بولتا ہے، بلکہ یہ بھی کہ وہ فقروں میں ہر ضروری اور اہم لفظ پر بجا طور پر اور ضرورت کے مطابق زور دیتا ہے، اپنی آواز کے اُتار چڑھاؤ کا ہر وقت خیال رکھتا ہے، اپنی آنکھوں سے پیشانی سے، ہونٹوں سے، ہاتھوں اور انگلیوں سے مدد لے کر اپنے لفظوں میں اور لفظوں کے اس زور میں ایک جان سی ڈال دیتا ہے؛ اور شروع سے آخر تک برابر اس امر کا خیال رکھتا اور اس پر عمل کرتا ہے کہ آپ کے ذہن میں اپنے خیال کو جاگزین اور راسخ کر دینے، آپ کو اپنے قول کا قائل بنا دینے، آپ کو اپنے ہی خیالات کی رَو میں اطمینان اور سلاستی کے ساتھ بہا دینے اور آپ کو اپنے رنگ میں رنگ دینے کے لئے چھوٹے اور بڑے، ہلکے اور بھاری، سادہ اور رنگین، عامیانہ اور عالمانہ ہر قسم کے الفاظ ــــ ان کے حقیقی اور مجازی معنوں میں ــــ استعمال کرتا ہے۔ بالکل اسی طرح ایک اچھا لکھنے والا بھی آپ پر "سحر" کر دیتا ہے۔ وہ اپنی تحریر میں ہر فقرے کا ہر لفظ ایسی خوبی سے انتخاب کرتا اور اُسے

ایسی موزون اور مناسب جگہ پر رکھتا ہے اور اس طرح بجا طور پر اوقاف کی علامتیں ـــــ (یعنی ' : ؛ . ! ؟ " " ( ) [ ] اور .....) ـــــ اُن کے درمیان درمیان میں لگاتا ہوا جاتا ہے کہ آپ نہ صرف اس پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ جس جس لفظ پر وہ زور دینا چاہتا ہے آپ بھی پڑھتے ہوئے اُسی پر زور دیں، بلکہ آپ محسوس کرنے لگتے ہیں کہ گویا وہ آپ کے سامنے بیٹھا ہوا بول رہا ہے اور آپ اس کی آواز کا اتار چڑھاو اور اس کے تمام اشارے بھی دیکھ رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آپ اس کے کمال کے معترف اور اس کی قول کی قائل ہو جاتے ہیں۔

غرض یہ کہ عبارت میں زور، اثر اور حسن پیدا کرنے میں مناسب اور موزون الفاظ کے استعمال کو بہت بڑا دخل ہے۔ یہ کچھ ضروری نہیں کہ زیادہ زور اور تاثیر کے لئے صرف دقیق، غیر مانوس، مغلق اور اجنبی زبان ہی کے لفظ استعمال کرنا چاہئیں اول تو یہ بات لکھنے والے کی قابلیت، اظہار کے کمال اور ادا کی قوت پر منحصر ہیں، اور یہ بات نہ صرف اس سے حاصل ہوتی ہے کہ اُسے اپنی زبان اور اس کے محاورے پر قوی دسترس ہو، اس سے کامل طور پر واقف اور اس میں پوری طرح ماہر ہو، بلکہ اس کا بھی اس میں بہت بڑا دخل ہے کہ اُسے اُس موسیقی میں کتنا حصہ ملا ہے جو کائنات کے ہر ہر ذرے میں جاری و ساری ہے۔ آپ کو ضرور یاد ہوگا کہ اکثر وہ کلام جسے آپ قابل تعریف سمجھتے ہیں اور جس کے زور اور بلندی کے آپ قائل ہیں عموماً چھوٹے چھوٹے اور سادہ سادہ لفظوں اور جملوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جتنے بڑے بڑے لکھنے والے ہیں، عام اس سے کہ وہ شاعر ہوں یا نثر نگار، سب کی تحریر میں آپ یہ ایک نمایاں خصوصیت پائینگے کہ جب کبھی انھیں اپنے کسی جذبہ کا قوی اظہار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے وہ سادہ الفاظ اور چھوٹے چھوٹے جملوں ہی سے کام لیتے ہیں۔ یہ حقیقت اس طرح نہایت آسانی سے واضح ہو سکتی ہے کہ آپ صرف اسی پر غور کریں کہ غصے اور محبت کے جوش میں آپ جو کچھ بولتے ہیں اس میں کبھی بڑے بڑے لفظ اور پیچیدہ لمبے چوڑے فقرے نہیں ہوتے۔ مثلاً، کسی کے آنکھ کے اشارے کا بیان ملاحظہ ہو کہ " ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں! " اور کس سادگی سے اس کی تقریب کی گئی ہے کہ " کیفیت چشم اُس کی مجھے یاد ہے، ساقی! " یا اسی طرح

دل میرا اک درد اٹھا آنکھوں میں آنسو بھر آئے:
بیٹھے بیٹھے ہمیں کیا جانیے کیا یاد آیا!

انصاف شرط ہے، غور تو کیجئے ان چار مصرعوں میں کہنے والا کیا کیا کچھ نہیں کہہ گیا ہے۔ آتش نے غلط تو نہیں کہا تھا کہ

لگا لیتے ہیں مطلب اپنے اپنے طور پر سامع:
مزہ رکھتی ہے آتش کی زباں مجذوب کی بڑ کا!

اپنی ذہنیت اور "ظرف" کے مطابق ہر شخص مستفید ہو سکتا ہے اور ہوتا ہے۔ کہنے یا لکھنے والا یقیناً بلند اور وسیع ہے، جب نثر کا یہ عالم ہے اور ہو سکتا ہے، تو نظم کا تو کیا کہنا ہے، جس کو قافیہ اور ردیف کی وساطت سے براہ راست موسیقی سے ایک مضبوط علاقہ اور ایک قوی ربط حاصل ہے! لیکن جیسا کہ ابھی کہا گیا ہے، صحیح اور بجا الفاظ اور ان کے لئے مناسب قافیے اور خصوصاً بحر کا انتخاب اور استعمال اس کیفیت، شان اور علو کے پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے: اور یہی ایک حقیقی شاعر کی بزرگی اور ہمہ گیری کی دلیل ہے۔

ایک اور ضروری چیز جس کے بغیر کوئی تحریر اپنی اصلی شان اور خالص ادا کے ساتھ جلوہ گر نہیں ہو سکتی، وہ صدق

بیان ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ جس چیز، جس امر، جس کیفیت کی حقیقت کا مطالعہ کریں اور اس کے واقعی تجربے کے بعد اس کے احساس تک پہنچیں، اُسے بالکل سچائی کے ساتھ اسی طرح بیان بھی کریں۔ یہ تو ایک بدیہی امر ہے کہ جس چیز کا احساس وجدان اور تجربہ آپ خود نہیں کر چکے ہیں، اُسے اس کی تمام باریکیوں اور نزاکتوں کے ساتھ آپ ہرگز نہیں بیان کر سکتے۔ اگر آپ کا تجربہ کمزور، نامکمل اور ناقص ہے یا آپ محض سُنی سنائی یا اَوروں کے تجربے کی بات کہہ رہے ہیں، تو اس کا اظہار جن الفاظ میں آپ کریں گے وہ بالکل ایسی صورت اختیار کر لینگے جیسے کوئی کسی کا مُنہ چڑاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جس شخص کو جس چیز یا کیفیت کا جتنا زیادہ گہرا اور وسیع تجربہ ہوگا اسی قدر خوبی، خوش اسلوبی اور صدق کے کمال کے ساتھ اسے بیان بھی کر سکیگا اور جب یہ امر مسلّم ہے، تو یہ امر بھی نہایت آسانی سے طے ہو جاتا ہے کہ جب تک آپ اپنے احساس اور وجدان کے ذریعے حاصل کئے ہوئے مناظر اور کیفیات کو صاف صاف الفاظ میں پڑھنے والے کے سامنے پیش نہ کرینگے، وہ تمام امور اور اُن کے حقائق بدستور دُور، بند اور ناقابلِ حصول رہینگے: اور کلام اور بیان کی صفائی اور اظہار کی درستی جس قدر چھوٹے اور سادہ الفاظ میں ہو اسی قدر وہ مقبول اور مفید بھی ہوگا۔ اس میں شک نہیں کہ آپ کو بعض وقت طویل اور سنگین اصطلاحوں سے کام لینے کی بھی ضرورت ہوگی؛ لیکن اصطلاح آپ کی زبان کی صفائی اور سادگی اور آپ کے طرزِ ادا کی سلاست اور دلآویزی کے لئے کسی طرح سدِّ راہ نہیں ہو سکتی۔ یوں غور کر کے دیکھئے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہم جتنے "اسم" استعمال کرتے ہیں وہ حقیقت میں سب کے سب اصطلاحی ہیں؛ اور ان کے روزانہ اور اس قدر کثرت کے ساتھ استعمال ہونے کی وجہ سے وہ ہمیں صاف اور سادہ معلوم ہوتے ہیں اور ان کی اصطلاحی کیفیت ہماری نظر سے اوجھل ہو گئی ہے۔ بہرحال یہ مُسلّم ہے کہ ہماری آنکھوں نے کسی چیز کو صاف طور پر دیکھا ہے، اور ہمارے وجدان نے اُس کا صریح طور پر احساس کیا ہے، تو کوئی سبب نہیں ہے کہ ہم اس منظر یا کیفیت کو سادگی اور صفائی کے ساتھ بیان نہ کر سکیں، اور بیان بھی ایسا کہ جس میں ہمارے احساس، ہمارے وجدان کا پورا پورا زور اپنی اصلی حالت میں باقی رہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ کسی تحریر کو موثر، پُرزور اور حقیقت نما بنانے کے لئے جن امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہے وہ یہ ہیں کہ لکھنے والے کو حروف اور اُن کی آواز پر، صحیح اور موزون لفظ کے انتخاب پر، سادگی اور صفائی پر پورا پورا عبور، کامل قدرت حاصل ہو؛ اُسے زبان کی صرف و نحو کے قواعد اور محاورے کے اسلوب سے پوری پوری واقفیت ہو؛ وہ نہ صرف ردیف اور قافیے کی، بلکہ ہر لفظ اور ہر حرف کی موسیقیت کا صحیح ذوق رکھتا ہو اور اس کے وجدان سے بہرہ ور ہو۔ مختصر یہ کہ وہ اپنی آنکھ، اپنے کان، اپنے دماغ کا مالک ہو اور ان پر پوری طرح قادر ہو۔ اگر یہ صفات موجود ہیں، تو کوئی وجہ، کوئی سبب نہیں کہ وہ ایک زبردست منشی اور اس کی تحریر صحیح جذبات کی قوی ترین محرک ثابت نہ ہو۔ یہی صفات اس کے طرزِ ادا میں وہ زور، اور اس کے الفاظ وہ اثر پیدا کر دیتی ہیں جو پڑھنے اور سننے والے کے دل و دماغ کی گہرائیوں میں اُتر کر اُسے سحر اور اس کی ہستی کے ایک قطرے کو اس کائنات اور اس کی حقیقت کے ناپیدا کنار سمندر میں گم، اس کی عظیم الشان وحدت سے متحد کر سکتا ہے!

(خاص)

آشوبِ روزگار

(جناب مولانا سید محمد ضامن علی صاحب ایم۔ اے صدر شعبۂ اُردو الٰہ آباد یونیورسٹی سابق رکن ادارۂ "ہندوستانی اکیڈیمی جرنل")

رنگ لایا ہے نیا یہ فلکِ دُوں پرور
ہمسری کرتے جواہر سے ہیں کنکر پتھر

بے ثمر جو ہیں وہی پھولتے پھلتے ہیں خوب
بیدِ مجنوں ہی کی شاخوں میں اب آتا ہے ثمر

بند ہو گئی ظلم شعاروں کی یہ عالم میں ہوا
دمِ عیسیٰ کو دبانے لگی بادِ صرصر

لبِ جاں بخش مسیحا سے نکلتا ہے دَم
تیغ کے آگئے آئینۂ رُخ میں جوہر

صاف دل جو ہیں وہ سب خونِ جگر پیتے ہیں
تیرہ باطن کو میسّر ہے شرابِ احمر

فتنۂ حشر کو سوتے سے جگا دیتے ہیں
دادخواہوں کی فغاں میں بھی اب اُلٹا ہے اثر

کہتے ہیں شق ہو زمیں اور سما جائیں ہم
بے زری کا جو خزانہ لیے بیٹھے ہیں بشر

بادہ آلود کباب اُس کو ہے مَن و سلویٰ
زاہد اب فاقہ سے کچھ ایسا ہوا ہے مضطر

حکم مفتی کا ہر اک سے ہے کہ واجب ہے سوال
یادِ حافظ کو ہے قرآں میں فقط لا تنہر

ہاتھ خالی جو اُسے سب کا نظر آتا ہے
فلسفی ہو کے خجل پیٹتا ہے اپنا سر

ننگ اب ناموری اہلِ خرد جانتے ہیں
چند ناداں جو زمانے میں ہوئے نام آور

اب جو تحریر میں تانیثؔ کو تذکیر لکھے
ہو عطارد رقم اور منشیوں کا سر دفتر

ربعِ مسکوں میں بس اب فرد منجم ہے وہی
جو کہ تربیع کو بھی جانتا ہو نیک نظر

فتحمند اور جواں مرد سپاہی ہے وہی
عمر بھر جس نے نہ دیکھی ہو کبھی تیغ و سپر

ملک میں پائے وہی رستمِ دوراں کا خطاب
قتل جو کر دے کوئی اپنا جواں مرد پسر

سرخرو ملک میں ہو حشمتِ شیر و یہ ملے
ہاتھ اپنا جو بھرے خونِ پدر میں دختر

دارِ دنیا میں وہ ہو جائے سکندر قسمت
مالِ دنیا کے لئے بھائی کا جو کاٹے سر

رہبرِ ایماں کا اندھوں کی نگاہوں میں ہو وہ
باپ کا نورِ بصر کہوے اگر نورِ نظر

حاملِ بارِ نبوّت خرِ عیسیٰ کہلائے
دانۂ بر اہلِ خرد حیف بریں اہلِ نظر

فضائے آشوبِ زمانہ ہے یہ حالت پہنچی
مثلِ تصویر ہیں خاموش جو ہیں اہلِ ہنر

(خاص)

ہونہار

خوش نصیب

[جناب فیاض حسین صاحب نسیم، مدیر "ہونہار" دہلی]

شیخ عبدالرحیم صاحب دہلی کے ایک نہایت دولتمند تاجر تھے انکا معمول تھا کہ شام کو دوکان سے آکر اپنے خلہ میں گشت لگاتے غریب لوگوں کے حالات دریافت کرتے اور حتی الامکان ان کی مدد کرتے۔ کوئی سائل ان کے مکان سے خالی نہ جاتا اور اگر جاتا تو مراد پوری ہوکر دعائیں دیتا ہوا جاتا۔

سودا گر صاحب کے مکان سے کچھ فاصلے پر ایک غریب آدمی منشی ظہیرالدین کا مکان تھا۔ یہ صاحب کسی دفتر میں منشی تھے بہت کم تنخواہ ملتی تھی اور بڑی مشکل سے گذر ہوتی تھی۔ ان کا بیٹا بشیر انگریزی مدرسے کی ساتویں جماعت میں تعلیم پاتا تھا۔ منشی جی صاحب کی سب سے بڑی خواہش یہ تھی کہ میرا بیٹا اچھی طرح تعلیم پائے تاکہ آیندہ ہماری حالت درست ہوسکے لیکن افسوس کہ ان کے سامنے ان کی یہ آرزو پوری نہ ہوئی اور وہ کچھ عرصہ کے بعد انتقال کر گئے۔

ایک تو منشی ظہیرالدین کے گھر والے پہلے سے غریب تھے اور اب انکے مرنے کے بعد تو بہت بری طرح زندگی بسر ہونے لگی۔ گھر میں جو کچھ سامان تھا وہ بھی فروخت ہوگیا۔ بشیر کی تعلیم بھی رک گئی۔ اور اس نے مدرسہ جانا چھوڑ دیا۔ ماں بیچاری پسائی کرکے اپنی اور بشیر کی گذر کرتی تھی۔

لیکن بشیر ہمیشہ رنجیدہ رہتا تھا۔ اسکو مدرسہ چھوڑنے کا بہت رنج تھا۔ اور اسی رنج میں وہ سوکھ سوکھ کر کانٹا ہوگیا تھا ایکدن شیخ عبدالرحیم صاحب کی بشیر پر نظر پڑ گئی۔

شیخ صاحب:۔ "میں کیا تم بیمار ہو؟"

بشیر:۔ "نہیں تو"

شیخ صاحب:۔ "تو پھر اتنے دبلے کیوں ہو؟"

بشیر:۔ "کچھ طبیعت خراب رہتی ہے"

شیخ صاحب:۔ "مدرسے تو روزانہ جارہے ہو گے ہو؟"

بشیر:۔ "(آنکھوں میں آنسو بھر کر) مدرسہ جانا تو میں نے والد صاحب کے مرنے کے بعد ہی چھوڑ دیا"

شیخ صاحب:۔ "کیوں چھوڑ دیا؟"

بشیر:۔ "والد صاحب کے مرنے کے بعد گھر کی حالت بہت خراب ہوگئی روٹی بھی ہم لوگوں کو بہت مشکل سے ملتی ہے ایسی حالت میں لکھنا پڑھنا کیسے ہوسکتا ہے"

شیخ صاحب:۔ "بشیر یہ سن کر مجھے نہایت رنج ہوا۔ اگر تم خرچ کیوجہ سے پڑھنے نہیں جاتے تو میں تمہاری تعلیم کے اخراجات اٹھانے کو تیار ہوں۔ لیکن تم پڑھنا مت چھوڑو۔

بشیر:۔ "شیخ صاحب! میں آپ کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ میری حالت پر رحم کھاتے ہیں۔ لیکن اگر میں پڑھنا شروع کردوں تو مجھے اپنی ماں کی تکلیف نہیں دیکھی جاتی میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اگر آپ میری مدد ہی کرنا چاہتے ہیں تو مجھے اپنے یہاں ملازم رکھ لیجئے۔ اور میرے اور میری ماں کے گذارے کیلئے کچھ دیدیا کیجئے"

شیخ صاحب اچھا مجھے منظور ہے اور آج ہی سے میں تمہیں اپنے یہاں ملازم رکھے لیتا ہوں۔"

بشیر پھر اسکول میں داخل ہوگیا۔ وہ ایک نہایت ہوشیار اور محنتی لڑکا تھا۔ ہمیشہ سچ بات زبان سے نکالتا۔ تمام اساتذہ اس کی عزت کرتے اور اسکی دیانت داری اور سچائی سے خوش تھے مدرسہ سے آکر سب سے پہلے وہ اپنے آقا کے گھر کا کام کاج کرتا بازار سے سودا وغیرہ لاتا۔ اور رات کو اپنا سبق یاد کرتا۔

ایک مرتبہ بشیر کے استاد سے شیخ صاحب کی ملاقات ہوئی ماسٹر صاحب نے بشیر کی بہت تعریف کی اور کہا کہ ایک مرتبہ میری جیب میں سے دس روپے کا نوٹ نکل کر گر گیا اور ایک لڑکے نے اٹھالیا۔ لیکن نوٹ اٹھاتے ہوئے بشیر نے دیکھ لیا۔ لڑکے نے کہا بشیر ایک روپیہ ہم تمہیں مٹھائی کھانے کیلئے دیں گے۔ دیکھو تم ماسٹر صاحب سے مت کہنا۔ لیکن اس نے جواب دیا کہ یہ تو مجھے نہیں ہوسکتا کہ جھوٹ بولوں۔ جب ماسٹر صاحب مجھسے دریافت کرینگے تو میں سچ سچ کہدونگا۔ ورنہ یہ نوٹ تم ماسٹر صاحب کو واپس کردو۔

لڑکا "یار تم بھی عجیب ہو۔ ایک روپیہ نہ سہی دو روپیہ لے لینا غریب آدمی ہو دو روپے سے کوئی نہ کوئی کام چل جائیگا"

بشیر "نہیں بھائی مجھے تمہارے روپے نہیں چاہئیں۔"

لڑکا "اچھا اچھا میں سمجھ گیا تم آدھے روپے لینا چاہتے ہو اچھا آؤ ہم تمہیں پانچ ہی روپے دیتے ہیں۔"

بشیر "بھائی کیوں مجھے لالچ میں ڈال کر گنہگار کرتے ہو میں کچھ بھی نہیں لینا چاہتا۔ بس تم خدا کیلئے یہ نوٹ ماسٹر صاحب کو واپس کردو۔ اور گنہگار نہ بنو۔"

لڑکا "اچھا یار تم نے میری بات نہیں مانی۔ ابھی اسکا مزہ چکھاتا ہوں۔ لڑکا نوٹ لئے ہوئے میرے پاس آیا اور کہا کہ ماسٹر صاحب یہ نوٹ میں نے بشیر کی کتاب سے نکالا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے آپ کا نوٹ چرایا تھا۔

مجھے یہ سنکر بہت غصہ آیا اور میں نے بشیر کو بلایا۔ بشیر میرے ناراض ہونے پر خوفزدہ نہیں ہوا بلکہ اس نے سارا قصہ شروع سے آخر تک سچ سچ سنادیا۔ وہ پہلے ہی سے کلاس میں ایماندار مشہور ہے اس کے بھولے اور معصوم چہرے نے گواہی دی کہ وہ بالکل بے قصور ہے۔ چنانچہ میں نے بشیر کو شاباش دی اور لڑکے کو اس کے جھوٹ بولنے پر خوب پیٹا۔

بشیر کے چال چلن اور اسکی محنت اور اس کی سچائی کا شیخ عبدالرحیم صاحب پر بہت اچھا اثر پڑا۔ وہ بھی بشیر کی بڑی عزت کرتے تھے۔ لیکن چاہتے تھے کہ بشیر کی دیانت اور ایمانداری کا امتحان لیا جائے۔ چنانچہ وہ بیسوں دفعہ اپنے روپیوں کا بکس کھلا ہوا چھوڑ گئے۔ کبھی بند کر گئے اس کی چابی بشیر کو دے گئے لیکن جب کبھی آکر روپیوں کا شمار کیا تو ایک پائی کا بھی فرق نہ نکلا۔

ایک مرتبہ آزمائش کے طور پر شیخ صاحب نے بشیر کی تنخواہ میں کچھ کمی کردی۔ اور بشیر کی وہی پہلی سی حالت پھر ہوگئی کہ ماں بیٹوں کی مشکل سے گذر ہونے لگی۔ بشیر کے بدن پر ثابت کپڑے بھی نظر نہ آتے۔ لیکن وہ خدا کا بندہ روزانہ پڑھنے جاتا اور اپنے آقا کا کام اسی مستعدی اور ہوشیاری سے کرتا۔

ایک دن جبکہ سوداگر صاحب مکان میں نہیں تھے۔ خلاکا ایک لڑکا کھیلتا ہوا گھر میں گھس آیا اور چارپائی پر روپے دیکھ کر بولا۔

لڑکا "یار بشیر! کیا یہ روپے تمہارے ہیں؟"

بشیر "نہیں تو میرے نہیں ہیں بلکہ شیخ صاحب کے ہیں شاید وہ رکھے ہوئے بھول گئے ہیں۔"

لڑکا: سنا ہے کہ مرزا صاحب نے تمھاری تنخواہ میں کمی کردی ہے اور تمھاری شکل سوکھ کر ہوا ہے۔

بشیر: ہاں تم نے صحیح سنا ہے۔ لیکن مجھے مرزا صاحب سے کوئی شکایت نہیں ہے جیسا میں کام کرتا ہوں۔ اسی کے مطابق تنخواہ دیتے ہیں۔ انھوں نے مجھے آرام بھی تو دیا ہے مجھے پڑھایا ہے لکھایا ہے۔ میری ضرورتوں کو پورا کیا ہے۔ اگر وہ کچھ بھی نہ دیں تب بھی میں اُن کی اسی طرح خدمت کرونگا۔"

لڑکا: صرف ایک تمھیں ہو جو شیخ صاحب کی تعریف کرتے ہو ورنہ وہ تو بہت ہی بُرے اور دغاباز آدمی ہیں۔ دیکھو بے تصور تمھاری تنخواہ کم کردی۔ اگر تمھاری جگہ میں ہوتا تو انکو اس کا ایسا بدلہ دیتا کہ میاں یاد ہی تو کرتے۔"

بشیر: خدا کیلئے انھیں بُرا بھلا مت کہو۔ وہ بہت ہی شریف آدمی ہیں۔"

لڑکا: ہونگے بیکار آدمی کو تمھیں شریف کہہ سکتے ہو۔ میری رائے میں تو آؤ ان روپیوں کو لے کر بھئی بھاگ چلیں اور وہاں چل کر اس سے کوئی کاروبار کریں۔"

بشیر: بھائی ستتے ہو! میں تمھاری اس نصیحت کو نہیں سننا چاہتا۔ اور نہیں اپنے مالک کی نمکحرامی کرنا چاہتا ہوں تم ابھی مکان سے چلے جاؤ ورنہ اچھا نہ ہوگا۔"

لڑکا: اچھا مت جاؤ لیکن اکڑتے کیوں ہو؟"

بشیر: بس تمھاری بھلائی اسی میں ہے کہ چلے جاؤ۔"

لڑکا: جاتا ہوں لیکن دیکھو تمھاری اس بُرائی کا نتیجہ تمھیں ضرور بھگتنا پڑیگا۔"

شیخ صاحب جو قریب کے کمرے سے تمام گفتگو سن رہے تھے وہاں سے ہٹ کر اپنے کام میں مشغول ہوگئے۔ ٭ ٭ ٭

آج شیخ صاحب کی لڑکی کی شادی ہے۔ چاروں طرف سے ہزاروں مہمان آآکر جمع ہو رہے ہیں۔ باجے بج رہے ہیں ہر طرف سے مبارک سلامت کا شور و غل مچا ہوا ہے۔ میاں بشیر آج اپنے چھوٹے سے کمرے میں چارپائی پر بہت رنجیدہ لیٹے ہوئے ہیں۔ ان کے ہمجولی اور محلے کے لڑکے اچھے اچھے کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے ہوئے جدھر نکل جاتے ہیں وہ جگہ مہک جاتی ہے۔ شام ہوگئی لیکن بشیر میاں اپنے کمرے میں پڑے ہوئے اپنی غریبی اور مفلسی پر آنسو بہا رہے ہیں۔ اتنے میں اُن کے آقا شیخ عبد الرحیم صاحب تشریف لائے۔

شیخ صاحب: کیوں بشیر! آج میری لڑکی کی شادی ہے۔ ہر جگہ خوشیاں منائی جارہی ہیں۔ لیکن تم یہاں رنجیدہ پڑے ہوئے ہو۔"

بشیر: (روتے ہوئے) حضور کیا کروں۔ کپڑے ہی نہیں ہیں۔ شرم کی وجہ سے باہر نہیں جاتا۔ لوگ کہیں گے اتنے بڑے آدمی کا نوکر ہے اور کپڑے بھی پاس نہیں ہیں۔"

شیخ صاحب: اچھا زنانہ باہر والے کمرے میں ہو آؤ۔ وہاں میز پر تمھارے لئے ایک خط رکھا ہے۔ اس کو پڑھ لو اور ایک گھنٹہ کے بعد مجھ سے ملو۔"

بشیر آنکھیں پونچھتا ہوا باہر کے کمرے میں پہنچا۔ لفافہ چاک کر کے خط کو پڑھا لکھا تھا

عزیزم بشیر! کمرے میں جتنے کپڑے ٹنگے ہوئے ہیں۔ وہ سب تمھارے لئے تیار کرائے گئے ہیں۔ برابر والے کمرہ میں غسل کر کے اچھے سے اچھا جوڑا جو تمھیں پسند ہو پہن کر میرے پاس آجاؤ۔ کیونکہ تمھیں بھی میری لڑکی کی شادی میں شریک ہونا ہے۔ میری خوشی یہ ہے کہ تم آئینے والی میز کے دیبا جو ریشمی کپڑے گھنے ہوئے ہیں اُن کو پہن کر آؤ۔" عبدُ الرحیم

بشیر نے جو یہ خط پڑھا تو خوشی سے اُچھل پڑا۔ دل ہی دل میں شیخ صاحب کی شرافت کی تعریف کرنے لگا۔ جلدی جلدی غسل کر کے کپڑے پہنے۔ سر سے صافہ باندھا اور اور تیار ہو کر شیخ صاحب کے سامنے جا کر اُن کو سلام کیا۔

شیخ صاحب نے بشیر کو دعائیں دیں اور مسکرائے۔

مکان کے باہر شہر کے بڑے بڑے معزز لوگوں کا مجمع تھا کیونکہ مرزا صاحب نے سب کو مدعو کیا تھا۔ تمام لوگ دولھا کا انتظام کر رہے تھے۔

شیخ صاحب آئے اور مجمع کو مخاطب کر کے یہ تقریر کی:۔

"میرے بھائیو اور بزرگو! دنیا میں ایمانداری اور دیانتداری بڑی چیز ہے۔ شریف آدمی کی صرف یہی نشانی ہے۔ میاں بشیر جو آج آپ کے سامنے کھڑے ہیں۔ ایمانداری اور دیانتداری کی مجسم تصویر ہیں۔ یہ ایک غریب کے لڑکے ہیں اور یتیم ہیں لیکن اپنی سچائی اور ایمانداری سے انھوں نے مجھے نہایت خوش رکھا ہے۔ میں نے کئی مرتبہ ان کا امتحان لیا لیکن ہمیشہ اُس میں پورے اترے۔ میں ان سے بہت خوش ہوں میں انھیں کچھ انعام دینا چاہتا تھا لیکن بعد کو میں نے کیا کہ یہ تو یتیم نہیں بلکہ اس دُرِ یتیم کے ساتھ اپنی لڑکی کی شادی کردوں۔ لڑکی کے سوا میرے کوئی اولاد نہیں ہے۔ اس لئے آئندہ بشیر میاں ہی میری جائداد کے مالک ہونگے۔" اس تقریر سے مجمع پر ایک سناٹا طاری ہوگیا۔ لوگوں نے اس عجیب و غریب شادی پر بہت تعجب کیا۔ بشیر شیخ صاحب کے قدموں پر گر پڑا اور کہا "حضور میں اس عزت افزائی کے لائق نہیں ہوں۔ میں تو آپ کا ادنیٰ غلام ہوں۔" شیخ صاحب نے بشیر کا سر اٹھا کر اپنے سینے سے لگا لیا۔ تھوڑی دیر میں نکاح پڑھا گیا۔ اور دلہن میں اس عجیب و غریب شادی کی شہرت ہوگئی ٭ شیخ صاحب کے انتقال کے بعد میاں بشیر تمام جائداد کے مالک ہوگئے۔ اور آج چاندنی چوک میں اُن کی بہت بڑی دکان ہے۔ (خاص)

زمانہ

رامائن

[جناب منشی دیا نرائن نگم۔ بی اے ایڈیٹر "زمانہ" کانپور]

ہندوؤں کی تمام مقدس کتابوں میں جو عالمگیر شہرت اور حیرت انگیز ہمہ گیریت رامائن کے حصہ میں آئی ہے۔ وہ شاید کسی دوسری کتاب (یا تصنیف) کو نصیب نہیں ہوئی اسکی نسبت تحریر کیا جا سکتا ہے (اور ایک مشہور عالم کی بھی رائے ہے) کہ ہندوستان میں رامائن کے معتقدین کا حلقہ انگلستان میں بائبل پڑھنے اور اسپر ایمان رکھنے والوں سے کہیں زیادہ وسیع ہے۔ اس عام ہر دلعزیزی کی کیا وجہ ہے؟ خاص عام اعلیٰ ادنیٰ نئے پرانے سبھی لوگوں کے دلوں میں اس مقدس قصے کی عظمت کیوں نقش ہے؟ ایک حد تک اس کی دلکشی اس کے مختلف مضمونوں کی غیر معمولی قابلیت کی وجہ سے بھی ہے جس کی بدولت رامائن ہندو علم ادب کا بہترین مجموعہ ہو گئی ہے۔ مگر محض طبیعت کا زور اور شاعری کی پلندپروازی دلوں کو تسخیر نہیں کر سکتی خصوصاً ہندوؤں میں جہاں فتوحات حاصل نہیں کر سکتی ہندوؤں ہی پر کیا فرق ہے بہترین انشاپردازی دنیا کی کسی قوم کے دینی ایمان کا جزو نہیں بن سکتی ہے۔ یہاں "دھرم" دیکھنے میں آتا ہے کہ رامائن ہی ہزاروں بلکہ لاکھوں ہندوؤں کا مذہب ہے۔ اسی کو پڑھتے پڑھتے اور اسی کو غور کرتے کرتے ہزاروں زندگیاں بسر ہو جاتی ہیں۔ اس کا اصلی سبب یہ ہے کہ رامائن میں انسانی تقدس اور دلی پاکیزگی ظاہری تہی اور باطنی نیکی کی انتہائی حدیں کھینچ دی گئی ہیں۔ اصل قصہ ایک نظیر قصہ ہے جس میں ادائے فرائض کا اعلیٰ ترین معیار پیش کیا گیا ہے جس کو مکمل قبول کرنے میں ذرا سے غور و مطالعہ کو بعد کسی شک شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی ہی سوا رامائن کا سیاسر شت انسانی کی تکمیل اور ترقی کی انتہائی منزل ہے۔ اس سے زیادہ دور جاتے ہوئے قیاس کے بھی پر جلتے ہیں۔ اور لطف یہ کہ سادہ قصہ میں کہیں بھی انسانی حیطۂ امکان و اقتدار نظر انداز نہیں ہوا ہے ہر جگہ معیار عمل ہے نہ کہ خیالی۔ ایسا کہ ہر شخص بطور خود اس پر عمل درآمد کر سکتا ہے۔ رامائن پڑھنے والوں کی حیثیت محض نکتہ چیں کی نہیں رہتی بلکہ سخت سے سخت طبیعت رکھنے والے اشخاص بھی بہت جلد اس کے معمور نکتہ متقید ہو جاتے ہیں۔ اسی آسیہ یہ ہے کہ اور عقلی کو اس معقلی قصہ کی پرزور بے سے بڑی تقویت پہونچی ہے۔ ناظرین کے دلوں میں اس کے معمودوں کی طرف ایک عجیب شریفانہ عقیدت پیدا ہو جاتی ہے جو رفتہ رفتہ عشق کی حد تک حاصل کر لیتا ہے اور بعد اور مرض دنیا کی شفا کے بہترین ہی سوا جب کبھی ہندو مذہب کا تاریخ لکھنے کا وقت آئیگا اس وقت رامائن کی اخلاقی و روحانی ضیاء کا بیان اور اعتراف بھی اس کا قابل ہو جائیگا اور عام ہندوؤں کی اخلاقی ترقی میں جو کچھ رامائن کی بدولت تسلیم کیا جائیگی ہندوؤں کے علمی خزانوں میں اور کوئی تصنیف ایسی نہ ملیگی جسنے عوام کی زندگی میں ایسا معتبر اور مستند حصہ لیا ہو۔ ہندوؤں کے بہترین مصنفوں اور شاعروں نے جنھیں تلامیذ الرحمٰن سمجھنا چاہیئے اگر کسی چیز کی یکساں خلوص و عقیدت کے ساتھ پرستش کی اور اس پر طبع آزمائی اپنی اور بنی نوع انسان کی نجات کا ذریعہ سمجھا ہے تو وہ رامائن ہی ہے تصنیف تالیف کے دور اولین سے لیکر زمانۂ آخر تک اگر کسی ایک سیدھا سب پر یکساں موثر نمائش ہوا ہی تو وہ رامائن کے پاک کارنامو کا ہے۔ اسی پر زندگیاں وقف کر دی گئی ہیں۔ اسی پر قابلیتیں قربان کر دی گئی ہیں سنسکرت اور بھاشا کے عظیم القدر اساتذہ اور قوم کے بہترین دماغوں نے اسی کے ذکر خیر کو اپنا معراج زندگی سمجھا ہے۔ اور کیوں نہ سمجھے۔ ایسے پاک کارنامے رامائن چھوڑ کر اور کہاں میسر ہو سکتے ہیں۔ زندگی کے جانے جس پہلو پر غور کیجیے رامائن آپ کو اپنے رنگ میں بینظیر و بے مثال نظر آئیگی۔ اسکے کارنامے جن خوبیوں کا مجموعہ ہیں ان کا ایسا متوازن شکوار میل جول اور کہاں مل سکتا ہے۔ ذرا سی بات لیجیے دیکھیے کتنی لطف کی بات ہے کہ سارے قصہ میں جوانی نیز دنگی اور جبلیت میں ذرا سے بھی کسی دوسرے فساد سے کم نہیں ہے۔ گناہ کا نام و نشان تک نہیں پایا جاتا۔ پوری داستان پڑھ جائیے خواب میں بھی کسی پر گناہ کا گمان نہیں ہو سکتا۔ افراد قصہ میں سے چاہے جس کے قول و فعل کو جانچیے کہیں کسی مقام پر گناہ کا شائبہ تک نظر نہ آئیگا۔ شروع سے لیکر اخیر تک پڑھ جائیے آپ کو ہر جگہ صرف بہترین انسان کا سا برتاؤ ملیگا مختلف طبقے کے آدمی ملینگے مگر سب اپنے اپنے دائرہ حیثیت میں گناہ سے پاک اور معصیت سے بری۔ حزاب سا شخص بھی اپنے اصول اور دھرم پر ثابت قدم اور ایک مسلمہ ضابطۂ اخلاق کا پابند ہے۔ حرف کی کہیں کوئی مثال نہیں ملتی۔ یہی بات رامائن کی اخلاقی اور روحانی اثر کا راز ہے صداقت کی فتح ظاہر و قائم رہتی ہے۔ اس کا نقش دلوں پر نقش کالحجر ہوتا ہے صداقت ہی سچے آگے خطرات انسانی گردن تسلیم خم کرکے اس کی حکومت قبول کر لیتی ہے۔ سچائی ابدی اور لبدی ہے۔ اخلاقی انحطاط و ذاتی زوال کے زمانے میں اسکی قدر و مقناطیسی قوت باقی رہتی ہے۔ اور لوگ سر بعمل نہ کرکے بھی بظاہر اسکی عظمت کے قائل اور معتقد رہتے ہیں۔ کمزور سے کمزور اخلاق اور برے سے برے وجدان کے آدمی بھی بظاہر اس کی خوبیوں سے منکر نہیں ہو سکتے۔ اور ظاہر داری ہی میں تین ہی میں بھی اس سے منحرف نہیں ہو سکتے اور اگر بفرض محال ایسا بھی ہو تو کیا نیکی کا بہترین خراج یہ نہیں ہے جو دنیا ہمیشہ سے بدی کو دیتی آئی ہے یہی سبب ہے کہ مذہب کے مضمحل و آثار نیوالے بھی رامائن پر حملہ کرنے کی جرأت نہیں کر سکتے۔ بہترین رہ گئے ہیں رامائن کے عہد میں ہندو کا اخلاقی قانون اپنی تکمیل کو پہنچ گیا تھا۔ راجندر جی کے زمانہ میں ہم کو ہر ساری ہم کو ہر جگہ اعلیٰ اخلاق ہی اخلاق دیکھ پڑتے ہیں۔ ہر شخص اپنی اپنی جگہ ایک مقررہ معیار کا پیرو ہے جو وہ کبھی کہیں نظر انداز نہیں ہونے دیتا۔ عورت کی اخلاقی حیثیت میں مردوں کی طرح ہی ہندو عورتوں کے لئے مخصوص فاشعاری تھی۔ آپ رامائن کے کسی شخص کو لیجئے دیکھیے کہ وہ اپنے اپنے دائرہ میں کتنا بلند ہے۔ کمزوری کے کونے میں بھی ہمیشہ اعلیٰ کی فوقیت و ترجیح دیکھی جائیگی۔ اور یہی باتیں ہیں جن کی بدولت رامائن کو دنیا کی دینی کتابوں میں ایک ممتاز جگہ ملی ہے۔

(باقی)